سو موضوع
پانچ سو داستان
جلد اوّل
مولانا سید علی اکبر صداقت
مترجم
مولانا سید مجیب الحسن نقوی
ناشر:
مصباح القرآن ٹرسٹ
لاہور۔ پاکستان

نام کتاب	:	سو موضوع، پانچ سو داستان
جلد	:	اوّل
مؤلف	:	مولانا سید علی اکبر صداقت
مترجم	:	مولانا سید مجیب الحسن نقوی
فنی معاونت	:	قلب علی سیال
کمپوزنگ	:	فضل عباس سیال (الحمد گرافکس لاہور)
سال اشاعت	:	ستمبر 2013ء
ناشر	:	مصباح القرآن ٹرسٹ لاہور
ہدیہ مکمل سیٹ جلد اوّل تا سوم	:	

اس کتاب کی اشاعت کے لیے سید تسلیم حیدر زیدی نے تعاون فرمایا ہے ہماری دعا ہے کہ خداوند عالم ان کی توفیقاتِ خیر میں اضافہ فرمائے اور ان کے مرحومین کی مغفرت فرمائے۔ آمین۔ ادارہ

ملنے کا پتہ

محمد علی بک ایجنسی، اسلام آباد 051-2557471

معراج کمپنی، اُردو بازار، لاہور۔ 042-37361214

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرضِ ناشر

قارئین کرام!۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

الحمدللہ! مصباح القرآن ٹرسٹ۔۔۔۔۔عرصہ دراز سے دورِ حاضر کی بعض عظیم ترین تفاسیر وتالیفات کی نشرواشاعت کے سلسلہ میں ایک عظیم اور پُروقار مرکز کی حیثیت سے اُمت مسلمہ کیلئے اپنی عاجزانہ خدمات انجام دے رہا ہے۔

زیرِنظر کتاب ''سوموضوع، پانچ سوداستان'' مولانا سید علی اکبر صداقت کی تصنیف ہے۔تاریخ کو عالم انسانیت میں خاص اہمیت حاصل ہے۔ انسان واقعات گذشتہ سے آشنا ہوکر اپنے مستقبل کو روشن بنا سکتا ہے۔موجودہ زندگی گزرے ہوؤں کی زندگی سے درس حاصل کرتی ہے۔

زیرنظر کتاب ''سوموضوع، پانچ سوداستان'' کی پبلشنگ کا مشورہ مولانا محمد افضل حیدری نے ادارہ ھذا کو دیا۔ادارہ نے کتاب ھذا کا ترجمہ کروانے کیلئے دو مترجمین ''مولانا محمد حسن جعفری اور مولانا مجیب الحسن نقوی'' کا انتخاب کیا۔مولانا محمد حسن جعفری نے ''سوموضوع، پانچ سوداستان جلد اوّل'' کا اُردو میں ترجمہ کیا جبکہ مولانا مجیب الحسن نقوی نے ''سوموضوع، پانچ سوداستان جلد دوم اور جلد سوم'' کا اُردو میں ترجمہ کیا۔ادارہ دونوں صاحبان کا تہہ دل سے مشکور ہے۔

زیرِنظر کتاب سے نہ صرف علمائے کرام بلکہ عام آدمی بھی استفادہ کرسکتا ہے۔بلاشبہ اہل سٹیج کیلئے لاجواب تحفہ ہے۔مزید برآں مصباح القرآن ٹرسٹ کی ویب سائٹ ''اَپ لوڈنگ'' کے مراحل میں ہے۔بہت جلد آپ ہماری تمام کتب ہماری ویب سائٹ www.misbahulqurantrust.com کے ذریعے گھر بیٹھے پڑھ سکیں گے۔

ہمیں اُمید ہے کہ صاحبانِ علم وتحقیق حسبِ سابق ''مصباح القرآن ٹرسٹ'' کی اس کوشش کو بھی پسندیدگی کی نظر سے دیکھیں گے اور اس گوہرِ نایاب سے بھرپور علمی وعملی استفادہ فرمائیں گے۔اور ادارہ کو اپنی قیمتی تجاویز وآراء سے ضرور مستفید فرمائیں گے۔۔والسلام

اراکین،

مصباح القرآن ٹرسٹ لاہور پاکستان

فہرست مضامین

سوموضوع، پانچ سوداستان جلدنمبر1

عنوان	صفحہ نمبر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سوموضوع، پانچ سوداستان جلدنمبر 1

اسلام کے اخلاقی، عملی، اجتماعی اور تربیتی خوبصورت بیانات کا مجموعہ جوکہ آیات واحادیث اور آئمہ معصومین علیہم السلام کے معجزات سے مرصع ہے۔اس میں پانچ سوداستانیں رقم کی گئی ہیں۔

مصنف: سیدعلی اکبرصداقت

ترجمہ: علامہ محمدحسن جعفری

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

مقدمہ

ہدایت اور روشنی تک پہنچنے کے لئے بہت سے راستے موجود ہیں اللہ تعالی نے انسان کی سعادت اور تکمیل اخلاق کے لئے اتنے دلائل و براہین اور [1] آثار و آیات پیدا کی ہیں جن کا شمار ناممکن ہے۔

خداوند عالم نے انسانوں کی ہدایت کے لئے انبیاء کو بینات [2] اور کتب و معجزات دے کر روانہ کیا تا کہ نسل آدم صحیح راستے پر چلے اور سعادت و کامیابی حاصل کرے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے کردار و گفتار کے لحاظ سے اسوہ کامل ہیں اور آپؐ نے یہ فرمایا کہ "میں مکارم اخلاق کی تکمیل کے لئے مبعوث ہوا ہوں" [3] انسان کی یہ بدبختی رہی ہے کہ وہ انبیاء کی بجائے شیطان کی اطاعت کرتا ہے جس کی وجہ سے وہ فضائل سے متصف ہونے کی بجائے رذائل سے وابستگی اختیار کر لیتا ہے۔ اور کچھ لوگ تو شیطان کی اس قدر پیروی کرتے ہیں کہ وہ درجہ انسانیت سے نکل جاتے ہیں اور حیوانات سے بھی بدتر بن جاتے ہیں۔

اخلاق بشر کے سنوارنے کے لیے رسول خدا نے پوری زندگی جدوجہد کی۔ دنیاوی اور اُخروی سعادت کے حصول کے لئے انسان کو کسی نہ کسی معلم کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور کوئی شخص اپنے طور پر تن تنہا افراط و تفریط کی راہوں سے بچ کر اعتدال کی راہ پر نہیں چل سکتا۔

اللہ تعالی سب سے بڑا حکیم ہے اس نے تمام انبیاء کا تعارف انسانیت کے مربی اور معلم اخلاق کی حیثیت سے کرایا ہے۔ تا کہ اس کی مخلوق انبیاء کی پیروی کرے اور انحرافی راستوں سے دور رہے اور رذائل اخلاق سے علیحدہ رہ کر دونوں جہانوں کی سربلندی حاصل کر سکے۔

قرآن کریم میں ایک سورہ مبارکہ موجود ہے جس کا نام ہی "قصص" ہے۔ یہ اس بات کی واضح دلیل ہے کہ انسان کو داستان وحکایت کی ضرورت ہے۔ پورے قرآن کریم میں بہت سے مقامات پر انبیاء، بادشاہوں اور اقوام وملل کے واقعات بیان کیے گئے ہیں اس لئے ایک سورہ کا نام ہی قصص رکھا گیا ہے۔ قرآن کریم نے جنگ، صلح، خاندانی اور اجتماعی وعقیدتی مسائل کو بھی قصوں اور داستانوں کے انداز میں بیان کیا ہے۔ تا کہ ان قصوں سے لوگ ترقی اور تنزلی کے علل واسباب سے واقفیت حاصل کر سکیں۔

---

[1] لقد ارسلنا موسیٰ بایاتنا ان اخرج وانزلنا قومك من الظلمات الی النور "ابراہیم/5

[2] لقد ارسلنا رسلنا بالبینات وانزل لنا معهم الكتاب والميزان ليقوم الناس بالقسط "حدید/25

[3] بعثت لاتمم مكارم الاخلاق۔ سفینۃ البحار جلد اول۔ ص 411

قرآن کریم میں حضرت یوسف علیہ السلام کی مکمل داستان حیات موجود ہے جس میں یوسف پر ہونے والے مظالم اور یعقوب کی بے قراری اور زلیخا کے حسن وعشق کی داستانیں پوری تفصیل سے موجود ہیں۔ اس سورہ مبارکہ کے آغاز میں اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا کہ "ہم وحی کے ذریعہ سے آپ کو حسین ترین قصہ سناتے ہیں"۔[1]

حکایت یوسف قرآن کریم کی شاہکار داستان ہے خدا نے اسے "احسن القصص" کے نام سے تعبیر کیا ہے۔

اس سورہ کے آخر میں فرمایا کہ یہ حکایات ان لوگوں کے لئے درس عبرت ہیں جو عقل مند ہیں[2]

نہج البلاغہ میں حضرت علیؑ کا ایک تفصیلی وصیت نامہ مرقوم ہے جو آپ نے امام حسن مجتبیٰؑ کے لئے لکھا تھا۔ اس وصیت نامہ میں آپ نے یہ کلمات تحریر فرمائے۔ اگرچہ میں نے دنیا میں زیادہ عمر نہیں پائی لیکن میں نے گزشتہ افراد کے کارناموں کو غور سے دیکھا اور ان کے حالات وواقعات پر غور وفکر کیا اور ان کے آثار کی سیر کی ہے جس کی وجہ سے میں خود ان کا ایک فرد بن چکا ہوں گویا ان کی جو تاریخ مجھ تک پہنچی تو اس کی وجہ سے میں ان کی ابتدا سے ان کی انتہا تک ان کے ساتھ رہا ہوں۔ میں ان کی زندگی کے گہرے مطالعہ سے میں جس نتیجہ پر پہنچا ہوں اس کا خلاصہ تیرے سامنے بیان کر رہا ہوں اور ان کی زندگی کے جو تاریک پہلو ہیں میں نے انہیں تجھ سے دور رکھا ہے۔"

اس حقیر (مؤلف) نے چند سال قبل صفات رذیلہ کے علاج کے لئے ایک کتاب لکھی تھی جس کا نام "احیاء القلوب" رکھا۔ پھر میں نے کوشش کی کہ اخلاقی حکایات کو جمع کروں۔ آخر کار اللہ تعالیٰ نے میری مدد کی۔

اس سلسلہ میں میرے لئے سب سے بڑی مشکل یہ تھی کہ میرے پاس کتابیں کم تھیں لیکن اللہ کی مدد پر بھروسہ کرتے ہوئے میں نے اخلاقی حکایات کو اپنی کتابوں سے اخذ کیا۔ اور میں نے ایک سو موضوعات پر قلم اٹھایا اور ہر موضوع کے لئے پانچ پانچ حکایات جمع کیں۔

اس انداز سے پہلے سے کوئی کتابیں موجود نہیں تھیں البتہ "معارف اسلام" اور چند تاریخ جیسی کتابیں ضرور موجود تھیں۔ مذکورہ دونوں کتابوں میں آیات، روایات، اشعار اور امثلہ پائی جاتی ہیں جب کہ ہم صرف اپنے آپ کو قصہ تک ہی محدود رکھنا چاہتے تھے۔ ہم نے پوری کوشش کی کہ کتاب کے حجم کو زیادہ پھیلنے نہ دیا جائے۔ اس لئے ہم نے زیادہ آیات وروایات اور امثلہ واشعار سے دانستہ گریز کیا ہے۔

ہم نے یہ کتاب عوام الناس کے لئے تحریر کی ہے اور ہماری خواہش ہے کہ ہر پڑھا لکھا شخص اس سے استفادہ کر سکے اور اس لئے ہم نے گہرے فلسفی ومنطقی موضوعات سے صرف نظر کیا ہے۔

اس کتاب میں آپ کو کچھ ایسی حکایات بھی دکھائی دیں گی جن کا حقیقی اور عینی وجود نہیں ہے۔ ہمارا مقصود صحیح ترین روایات کا

---

[1] نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ أَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ هَٰذَا الْقُرْآنَ ﴿یوسف۔ ۳﴾

[2] لَقَدْ كَانَ فِي قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِأُولِي الْأَلْبَابِ ﴿یوسف۔ ۱۱۱﴾

جمع کرنا نہیں ہے ہمارے پیش نظر قارئین کی تعلیم وعبرت ہے۔

بعض اوقات آپ کو ایسی حکایات بھی دکھائی دیں گی جو صرف ایک موضوع سے مربوط نہیں ہوں گی وہ کئی موضوعات سے مربوط ہوسکتی ہیں۔

ہم نے نقل عبارت میں تحت اللفظی ترجمہ کی بجائے اس کے مفہوم کو بیان کیا ہے ہم نے طوالت سے بچنے کے لئے ایک دوسرے سے مشابہت رکھنے والے موضوعات کو علیحدہ علیحدہ بیان نہیں کیا ہے۔ مثلاً ہم نے ''ایثار'' پر بحث کی تو اس کے بعد ہم نے ''انفاق'' کے موضوع پر بحث مناسب نہیں سمجھی۔

ہم نے قارئین کی دلچسپی کو بحال رکھنے کے لئے متنوع قسم کی نادر حکایات بیان کی ہیں تاکہ قارئین کی دلچسپی قائم رہے۔

ہم نے جن کتابوں سے حکایات وروایات کو نقل کیا ہے ان کا حوالہ بھی پیش کیا ہے امید ہے کہ قارئین اس کتاب کو پڑھنے کے بعد کچھ غور وخوض ضرور کریں گے اور پند ونصیحت حاصل کریں گے اور مکارم اخلاق سے وابستگی کی بھرپور کوشش کریں گے اور ان حکایات کے ذریعہ سے دوسروں کو بھی راہ راست پر چلانے کی جدوجہد کریں گے۔

والسلام

سید علی اکبر صداقت

واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

باب نمبر 1

اخلاق

وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيۡمٍ ﴿۴﴾ (القرآن)

بے شک آپ خلقِ عظیم سے آراستہ و پیراستہ ہیں۔ [1]

"بعثت لاتمم مکارم الاخلاق"

مجھے مکارم اخلاق کی تکمیل کے لئے بھیجا گیا ہے۔ [2]

مختصر تشریح

عمدہ اخلاق دنیا میں جہاں انسان کے جمال و عظمت کا مظہر ہے وہاں آخرت میں بھی کامیابی و کامرانی کا اہم ذریعہ ہے۔

اخلاق کے ذریعہ سے انسان کا دین کامل ہوتا ہے اور خدا کی قربت حاصل ہوتی ہے دنیا میں جتنے بھی انبیاء و اوصیاء اور خاصانِ خدا آئے وہ نیک اخلاق کا مجسمہ تھے۔

ہر مومن کو چاہیے کہ میزان اعمال کو وزنی بنانے کے لئے حسنِ اخلاق سے مزین ہو۔

رسول کریم اکرم کا فرمان ہے کہ ہمارے زمانہ کا حاتم وہ ہے جو خوش اخلاق ہو بداخلاقی انسان کو فشار قبر اور دوزخ میں لے جاتی ہے اور بداخلاق کا دنیا میں کوئی دوست نہیں ہوتا۔

انسانوں کی پہچان کا میزان صرف علم یا دولت و حکومت نہیں ہے۔ اس کی بجائے اعلیٰ صفات ہی انسان کی شخصیت کا میزان ہیں۔ عمدہ اخلاق رکھنے والا انسان بارگاہِ خداوندی میں مقبول ہوتا ہے اور بندوں کی نظر میں ممدوح اور محبوب ہوتا ہے۔

1 پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور نعیمان

حضرت نعیمان بن عمرو انصاری نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جلیل القدر صحابی تھے، وہ شوخ اور پُر مزاح طبیعت کے مالک تھے

---

[1] (قلم۔۴)

[2] جامع السعادت جلد اول۔ ۲۳

،بیان کیا جاتا ہے ایک صحرائی عرب اپنے اونٹ پر سوار ہو کر رسول اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے اپنا اونٹ مسجد کے پیچھے باندھ دیا۔

چند اصحاب کو ایک مزاح سوجھی انہوں نے حضرت نعیمان سے کہا کہ اگر آپ یہ اونٹ نحر کریں تو اس کا گوشت آپس میں بانٹ لیں گے اور اس صحرائی کو رسول اللہ اونٹ کی قیمت خود ادا کر دیں گے۔

حضرت نعیمان نے اونٹ نحر کیا اور اس کا گوشت بنا رہے تھے تو وہاں وہ صحرائی بدو آ گیا۔ اس نے اس واقعہ کی خبر رسول اللہؐ کو دی۔ رسول اللہ مسجد سے سے باہر آئے اور صحرائی کے نحر شدہ اونٹ کو دیکھا، حضرت نعیمانؓ وہاں سے بھاگ گئے۔ رسول اللہؐ نے لوگوں سے پوچھا کہ یہ کس نے کیا؟ آپ کو بتایا گیا کہ نعیمان نے یہ کام کیا ہے رسول اللہؐ نے کسی شخص کو بھیجا کہ جائے اور نعیمان کو بلا لائے وہ شخص نعیمان کے تعاقب میں مسجد کے قریب ''ضباعہ بنت زبیر''[1] کے گھر آیا اور نعیمان کے متعلق پوچھا تو اس شخص کو ایک غار نما جگہ جو گھاس پھوس سے ڈھکی ہوئی تھی کی نشان دہی کی گئی۔

وہ شخص رسول اللہؐ کے پاس آیا اور نشاندھی کی، رسول اللہؐ چند صحابہ کے ساتھ ''ضباعہ'' کے گھر اس جگہ پہنچے جہاں پر نعیمان چھپے ہوئے تھے۔

رسول اللہؐ نے اوپر سے گھاس ہٹائی جس سے اس نے اپنے آپ ڈھانپا ہوا تھا نعیمان وہاں سے باہر آئے۔

حضرت نعیمان کی پیشانی اور رخساروں پر تازہ گھاس کا رنگ لگا ہوا تھا۔ آپؐ نے پوچھا کہ نعیمان آپ نے یہ کام کیوں کیا؟ نعیمانؓ نے عرض کیا! یا رسول اللہ خدا کی قسم جو لوگ آپ کو یہاں لائے ہیں انہوں نے ہی مجھے یہ کام کرنے پر اکسایا تھا۔ رسول اللہؐ مسکرائے اور نعیمان کے چہرے سے گھاس کا رنگ اتارا اور اس صحرائی بدو کو اونٹ کی قیمت خود ادا کی۔[2]

خزیمہ اور بادشاہِ روم

''خزیمہ ابرش '' عرب دنیا کا ایک بادشاہ گزرا ہے وہ بادشاہِ روم کا گہرا دوست تھا اور وہ کوئی بھی کام بادشاہِ روم کے مشورہ کے بغیر نہیں کرتا تھا۔ ایک دفعہ اس نے بادشاہ روم کے پاس اپنا ایک قاصد بھیجا اور اس سے اپنی اولاد کے لئے مشورہ طلب کیا۔

''خزیمہ'' نے اپنے خط میں لکھا کہ میں نے اپنے تمام بیٹوں اور بیٹیوں کے لئے بہت سی دولت جمع کر رکھی ہے تا کہ میرے بعد وہ پریشان نہ ہوں۔ آپ اس سلسلے میں کیا رائے دیتے ہیں؟

اس نے جواب دیا کہ دولت ایک بے وفا معشوق ہوتی ہے جو ہمیشہ ساتھ نہیں رہتی ہے۔ اولاد کی بہتر خیر خواہی یہ ہے کہ

---

[1] رسول خدا کی چچازاد اور مقداد بن الاسود کی زوجہ تھیں۔

[2] لطائف الطوائف ص 24 الاستعاب

انہیں اعلیٰ اخلاق اور اچھے صفات کا مالک بناؤ تا کہ دنیا میں ان کی یہ دولت ہمیشہ قائم رہے اور آخرت میں ان کی بخشش ہو سکے [1]

3 سیرتِ امام سجاد علیہ السلام

ایک شخص امام سجاد علیہ السلام کے سامنے آیا اور اس نے آپؑ کے خلاف ناسزا باتیں کیں۔ امام علیہ السلام نے اس کے جواب میں کچھ بھی نہ ارشاد فرمایا۔ جب وہ شخص مجلس سے چلا گیا تو آپؑ نے لوگوں سے کہا کہ تم نے سنا اس شخص نے کیا کہا؟ میں چاہتا ہوں کہ تم سب میرے ساتھ چلو تا کہ اس نے مجھے جو گالیاں دی ہیں ان کا جواب جا کر سنو۔ انہوں نے کہا مولاؑ ہم سب آپ کے ساتھ چلتے ہیں ہماری خواہش ہے کہ آپؑ اسے بھرپور جواب دیں۔

امام علیہ السلام چلے اور راستے میں یہ آیت مجیدہ پڑھ رہے تھے۔

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ

جو غصے کو پی جاتے ہیں اور دوسروں کے قصور معاف کر دیتے ہیں۔ ایسے نیک لوگ اللہ کو بہت پسند ہیں۔ [2]

اس روایت کا راوی بیان کرتا ہے کہ جب امام علیہ السلام نے یہ آیت پڑھی تو ہمیں بخوبی اندازہ ہو گیا کہ امام علیہ السلام اس سے بھلائی ہی کریں گے۔

ہم حضرتؑ کے ساتھ چل کر اس شخص کے گھر تک پہنچے اور اسے بتایا گیا کہ وہ باہر آئے کہ حضرت علی زین العابدین بن حسینؑ دروازے پر آئے ہیں۔

جیسے ہی اس شخص نے امام علیہ السلام کا نام سنا تو اسے گمان ہوا۔

کہ امام علیہ السلام اس کی دشنام طرازی کا جواب دینے آئے ہیں حضرت نے اسے دیکھا تو فرمایا۔ اے میرے بھائی تو میرے پاس آیا تھا اور تو نے کچھ ناگوار باتیں کہی تھیں جو کہ تو نے کہا ہے اگر وہ برائیاں مجھ میں موجود ہیں تو اللہ تعالیٰ سے میں درخواست کرتا ہوں کہ میری وہ خطائیں معاف کرے۔ اگر وہ برائیاں میرے اندر موجود نہیں جو تو نے بیان کیں ہیں تو میں یہ دعا کرنے کے لئے آیا ہوں کہ خدا تیرے گناہ معاف فرمائے۔

جب اس شخص نے حضرت کی یہ گفتگو سنی تو حضرتؑ کی پیشانی کا بوسہ دیا اور کہا میں نے جو کچھ بھی کہا تھا وہ آپؑ میں نہیں ہیں وہ تمام برائیاں خود میرے اندر موجود ہیں۔ [3]

---

[1] نمونہ المعارف 74 جوامع الحکایات ص 280۔

[2] سورۃ آل عمران آیت 134

[3] منتھی الامال 4/2

4. حضرت علی علیہ السلام اور بے ادب دوکاندار

یہ اُن دنوں کی بات ہے جب علی علیہ السلام مملکت اسلامی کے تاجدار تھے۔ آپ بازاروں کی کڑی نگرانی کرتے اسی لئے آپ بازاروں میں جاتے تھے۔ اور لوگوں کو نصیحت کرتے تھے۔

ایک دن آپؑ خرما فروشوں کے بازار میں گئے آپؑ نے وہاں ایک بچی کو روتے ہوئے دیکھا، بچی سے رونے کا سبب دریافت کیا؟ بچی نے عرض کیا کہ میرے مالک نے مجھے ایک درہم دیا کہ جاؤ بازار سے خرما لے آؤ۔ میں نے اس دوکاندار سے کھجوریں خریدیں اور گھر لے گئی۔ جو میرے مالک کو پسند نہیں آئیں میں واپس اس دوکاندار کے پاس آئی کہ کھجوریں واپس لے لے اور میری رقم میرے حوالے کردے۔

امام علیہ السلام نے دوکاندار سے فرمایا کہ یہ چھوٹی بچی ہے یہ کسی کی کنیز ہے یہ خودمختار نہیں ہے تم یہ کھجوریں لے لو اور اس کی رقم واپس دے دو۔ دوکاندار اپنی جگہ سے اُٹھا اس نے اپنا ہاتھ مولا علیؑ کے سینہ پر رکھا آپ کو دوکان سے نیچے اتارنا چاہتا تھا۔

جو لوگ یہ منظر دیکھ رہے تھے تو انہوں نے دوکاندار سے کہا کیا کررہے ہو؟ یہ علی ابن ابی طالبؑ ہیں دوکاندار کا رنگ زرد ہوگیا۔

اس نے فوراً اس بچی سے کھجوریں لے لیں اور پیسے بھی واپس کردیئے پھر اس نے حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ اے امیرالمومنین آپ مجھ سے راضی ہوجائیں اور میری غلطی سے درگزر کردیں۔

آپؑ نے فرمایا کہ جو چیز مجھے راضی کرسکتی ہے وہ یہ ہے اپنی روش کی اصلاح کرو اس کے ساتھ اخلاق اور ادب کو اپناؤ۔[1]

5 مالک اشتر

ایک دفعہ مالک اشتر بازار کوفہ میں سے گزر رہے تھے انہوں نے ٹاٹ کا لباس پہنا ہوا تھا اور عمامہ بھی ٹاٹ کا ہی تھا۔ الغرض وہ غریب اور فقیر شخص کی طرح سے بازار سے گزر رہے تھے۔ بازار میں ایک دوکاندار جو اپنی دوکان پر بیٹھا ہوا تھا جب اس نے مالک کو دیکھا اور اس نے ان کی تحقیر کرتے ہوئے ایک ڈھیلا ان کی طرف پھینکا۔

مالک اس طرف متوجہ نہ ہوئے۔ جیسے چل رہے تھے ویسے ہی چلتے رہے بازاریوں میں ایک شخص جو مالک کو جانتا تھا اور وہ یہ واقعہ بھی دیکھ رہا تھا۔ اس دوکاندار کے پاس آیا اور کہا کہ جس شخص کی تو نے تحقیر کی ہے جانتا ہے کہ وہ کون ہے؟

دوکاندار نے کہا کہ میں نہیں جانتا تو اس شخص نے کہا کہ وہ "مالک اشتر" علی کا دوست اور ان کی فوج کا سپہ سالار ہے۔

تو وہ دوکاندار کانپنے اور لرزنے لگا وہ مالک کے پیچھے روانہ ہوا تاکہ اس کے پاس جا کر معافی طلب کرے۔ دیکھا کہ مالک

---

[1] داستانھا و نبدھا ، 47 / 1۔ بحار الانوار 519 / 9

مسجد میں آئے ہوئے ہیں اور نماز میں مصروف ہیں۔ اُس نے صبر کیا یہاں تک کہ حضرت مالک نے نماز ختم کی وہ شخص حضرت کے پاؤں میں آکے گر گیا آپ نے اس کا سر بلند کیا اور اس سے فرمایا کیا کر رہے ہو اس نے کہا مجھ سے ایک گناہ سرزد ہوا ہے میں اس کی معافی چاہتا ہوں میں آپ کو نہیں پہچانتا تھا۔

مالک نے کہا کوئی بات نہیں خدا کی قسم میں مسجد میں صرف تمہاری مغفرت طلب کرنے آیا ہوں۔ [1]

---

[1] تنبیہ الخواطر، ج1، ص212۔ مجموعہ ورام بن ابی فراس

باب نمبر 2

احسان

إِنَّ اللَّهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوا وَّالَّذِينَ هُم مُّحْسِنُونَ

''بے شک اللہ ان لوگوں کے ساتھ ہے جو متقی اور نیکی کرنے والے ہیں۔''[1]

حضرت علی علیہ السلام کا فرمان ہے۔

"عاتب اخاك بالاحسان اليه"

''اپنے دینی بھائی پر احسان کر کے اسے سرزنش کرو۔''[2]

مختصر تشریح

بھلائی اور نیکی کا تعلق ان صفات سے جنہیں خدا پسند کرتا ہے۔

جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ہم پہ احسان کیا ہے ہم پر بھی لازم ہے کہ ہم بھی لوگوں پر زیادہ سے زیادہ احسان کریں۔ اگر کوئی شخص برائی کرے اسے ادب سکھانے کے لئے ہمیں چاہئے کہ اس پر احسان کریں۔ اگر برائی کا بدلہ برائی سے دیا جائے تو اس سے کینہ میں اور اضافہ ہوگا۔ اور دشمنیاں پروان چڑھیں گی۔

مردانِ الٰہی کا ہر دور میں یہ شیوہ رہا ہے رہا کہ اگر کسی نے انہیں سلام کیا تو وہ سلام کا جواب اس سے بہتر اور کامل انداز میں دیتے تھے۔ اگر کسی شخص نے ان کے ساتھ حسن سلوک کے لئے ایک ہاتھ اُٹھایا تو انہوں نے اس سے بہتر اس کا بدلہ دیا۔

انسانوں کے دل ہمیشہ ان سے محبت کرتے ہیں جو ان سے بھلائی کرتے ہیں جب کوئی ایک انسان دوسرے انسان سے بھلائی کرتا ہے تو اس عمل سے شیطان کا چہرہ مجروح ہو جاتا ہے اور اس کا دل زخمی ہو جاتا ہے۔ اور اس کی خواہش ہوتی ہے کہ احسان کرنے والے کے دل میں اس کے احسان کو اجاگر کرے۔ اس کے احسان کو تباہ و برباد کردے۔

---

[1] سورہ نحل/128

[2] نہج البلاغہ فیض، ص1175

1. یہودی اور مجوسی

ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ ایک غریب یہودی ایک مالدار مجوسی کا ہم سفر ہوا۔ مجوسی کے پاس اونٹ اور اسباب سفر کافی مقدار میں تھا۔ مجوسی نے یہودی سے پوچھا کہ تیرا عقیدہ اور مذہب کیا ہے؟

یہودی نے جواب دیا کہ میرا عقیدہ یہ ہے جہان کا ایک مالک ہے میں اس کی عبادت کرتا ہوں اور اسی سے پناہ چاہتا ہوں۔ جو میرے عقیدہ سے موافق ہو میں اس پر احسان کرتا ہوں اور جو میرے عقیدہ کے مخالف ہو میں اس کا خون بہانا جائز سمجھتا ہوں۔

یہودی نے مجوسی سے پوچھا کہ تمہارا عقیدہ کیا؟ جواب میں مجوسی نے کہا، کہ میں اپنے آپ سے اور کائنات میں تمام موجودات سے محبت کرتا ہوں۔

میں کسی کے ساتھ برائی نہیں کرتا ہوں میں دوست اور دشمن دونوں کے ساتھ احسان اور بھلائی کرتا ہوں۔ اگر کوئی مجھ سے برائی کرے تو بھی میں اس پر احسان کرتا ہوں۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ تمام کائنات کا خالق وہی ہے جو سب کا خالق ہے یہودی نے کہا تو بالکل جھوٹ کہہ رہا ہے میں بھی تیرے جیسا ہی انسان ہوں جب کہ تیرے پاس اونٹ اور اسباب سفر موجود ہے اور میں پیادہ پا ہوں تو نے نہ تو اپنی خوراک میں سے مجھے کچھ دیا نہ اپنے اونٹ پر مجھے سوار کیا۔

مجوسی اونٹ سے نیچے اترا اور اپنا دستر خوان بچھایا اور یہودی کے ساتھ ملکر کھانا کھایا۔ اور یہودی کی خواہش کے مطابق اسے اپنے اونٹ پر سوار کیا تا کہ اس کی تھکان اتر سکے۔ کچھ راستے تک ایک دوسرے کے ساتھ سفر کرتے رہے اچانک یہودی نے زور سے اونٹ کو تازیانے مارے اور اونٹ بھگا کر لے گیا۔ مجوسی نے اسے آواز دے کر کہا کہ اے شخص میں نے تیرے ساتھ بھلائی کی اور تو نے مجھے بیابان میں اکیلا چھوڑ کر جا رہا ہے کیا میرے احسان کا بدلہ یہی ہے؟ لیکن مجوسی کی ان باتوں سے کوئی فائدہ نہ ہوا۔ یہودی نے زور سے اسے جواب دیا کہ میں تجھے پہلے ہی بتا چکا ہوں کہ جو بھی میرے عقیدہ کا مخالف ہو میں اسے ہلاک کرنا جائز سمجھتا ہوں۔

مجوسی نے آسمان کی طرف رُخ کرتے ہوئے کہا" پروردگار میں نے اس شخص کے ساتھ نیکی کی ہے اس نے میرے ساتھ برائی کی ہے تو ہی اسے برائی کا بدلہ دے یہ کہہ کر وہ راستہ پر چل پڑا ابھی اس نے تھوڑا سفر کیا تھا کہ اچانک اس نے دیکھا کہ اس کا اونٹ ایک جگہ پر کھڑا ہوا ہے اور یہودی زمین پر گرا ہوا ہے۔ یہودی کا بدن زخمی ہے وہ درد سے کراہ رہا ہے۔ مجوسی خوش ہوا اس نے اپنے اونٹ کو پکڑا اور سوار ہو کر جانے لگا۔ یہودی کی چیخ کی بیخ بلند ہوئی اور اس نے رو رو کر کہا اے نیکی کرنے والا شخص تجھے احسان کا اجر مل چکا ہے اور مجھے میری برائی کا بدلہ مل گیا۔ اب تو اپنے عقیدہ سے انحراف نہ کر مجھ سے نیکی کر اور اس بیابان میں مجھے تنہا نہ چھوڑ۔ مجوسی کو اس پر رحم آ گیا۔ اس نے یہودی کو اپنے ساتھ اونٹ پر سوار کیا اور اس کو اس کی منزل مقصود پر لا کر چھوڑ دیا۔ [1]

---

[1] جوامع الحکایات ص 24۔ نمونہ معارف 29/1

2. امام حسین علیہ السلام اور ساربان

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ ایک دفعہ ایک عورت بیت اللہ کا طواف کر رہی تھی ایک شخص اس عورت کے پیچھے پیچھے چل رہا تھا۔ اس عورت نے اپنے ہاتھ کو بلند کیا وہ شخص جو اس کے پیچھے چل رہا تھا اس نے اپنا ہاتھ اس عورت کے بازو پہ رکھ دیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس مرد کے ہاتھ کو اس عورت کے ہاتھ پہ چسپاں کر دیا۔ لوگ جمع ہو گئے۔ لوگوں کی آمد و رفت قطع ہو گئی۔ ایک شخص امیر مکہ کے پاس گیا اور جا کر اسے یہ واقعہ سنایا۔ امیر مکہ نے علماء کو اپنے دربار میں بلا لیا۔ لوگ بھی وہاں پہ جمع ہو گئے کہ دیکھیں علماء اس پر کیا حد جاری کرتے ہیں۔ امیر مکہ نے لوگوں سے پوچھا کہ کیا یہاں خاندان پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سے کوئی آیا ہوا ہے؟ لوگوں نے جواب دیا کہ جی ہاں یہاں حسین ابن علی علیہ السلام تشریف فرما ہیں۔ امیر مکہ نے حضرت امام حسین کو اپنے پاس مدعو کیا۔ امام علیہ السلام ان کے پاس تشریف لے گئے۔ پہلے تو حضرتؑ نے بیت اللہ کا سامنے کھڑے ہو کر دعا مانگی۔ کچھ دیر رکے رہے اور اس کے بعد اس مرد کے بازو کو قدرت امامت سے عورت کے ہاتھ سے جدا کر دیا۔

امیر مکہ نے کہا کہ مولا کیا ہم اس پر حد جاری کریں؟ امام نے فرمایا کوئی حد جاری نہیں ہوگی۔

صاحب کتاب لکھتے ہیں کہ حضرت نے جس ساربان پر یہ احسان کیا اس نے اس احسان کا بدلہ یہ دیا کہ گیارہ محرم کی رات کو اندھیرے میں مولا کا کمر بند حاصل کرنے کے لئے آپ کا ہاتھ کاٹا تھا۔ [1]

3. ابوایوب انصاریؓ:۔

ابوایوب انصاری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جلیل القدر صحابہ میں سے تھے جب رسول اکرم حکم خداوندی کے تحت مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ آئے مدینہ کے تمام قبائل نے آپ سے گزارش کی کہ آپ ہمارے ہاں قیام فرمائیں۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جہاں پر میری اونٹنی بیٹھ جائے گی میں وہ جگہ اپنے لئے منتخب کروں گا۔

جب رسول خداؐ کی اونٹنی محلہ "بنی مالک بن النجار" کے گھروں کے قریب پہنچی (بعد میں وہ گھر مسجد نبوی کا حصہ بن گئے) تو وہ وہاں آ کر بیٹھ گئی پھر اونٹنی اٹھی چلتے چلتے پھر اسی جگہ پر آ کر دوبارہ بیٹھ گئی۔ لوگ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے "محلہ بنی مالک بن النجار" کے ہر فرد کی خواہش تھی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے ہاں قیام فرمائیں۔ حضرت ابوایوب انصاری نے آگے بڑھ کر اونٹنی سے سامان کی خورجین اٹھائی اور اپنے گھر لے گئے۔ رسول اللہ نے لوگوں سے دریافت کیا کہ میرے سامان کی خورجیں کہاں ہے؟ جواب دیا گیا کہ ابوایوب انصاریؓ اسے اپنے ساتھ گھر لے گئے ہیں تو آپؐ نے فرمایا کہ انسان کو اپنے سامان کے ساتھ رہنا چاہئے۔ یہ کہہ کر آپؐ ابوایوبؓ انصاری کے گھر تشریف لے گئے۔ جب تک مسجد نبوی میں گھروں کی تعمیر مکمل نہ ہوئی۔ اس وقت تک آپؐ

[1] رہنمائی سعادت 37 / 1۔ شجرہ طوبیٰ ص 422 /

ابوایوب انصاری کے گھر پر ہی رہے۔ ابوایوب انصاری کے گھر کی دو منزلیں تھیں نچلی منزل میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رہتے تھے۔ بعد میں ابوایوب آئے اور رسول خداؐ کی خدمت میں عرض کیا کہ یا رسول اللہؐ یہ اچھا نہیں لگتا۔ آپ اوپر والی منزل میں قیام فرمائیں اور نچلی منزل میں میں قیام کرونگا۔ آپؐ نے اس کی پیش کش کو منظور کیا اور اوپر والی منزل میں قیام پزیر ہوئے۔

بعد میں حضرت ابوایوب انصاری بدر اور احد اور کئی دوسرے غزوات میں رسول اللہؐ کے ہمرکاب رہے اور خوب بہادری کے جوہر دکھائے۔ جنگ خیبر میں جب لشکر اسلام فاتح ہوا تو حضرت ابوایوب نے رسول خدا کے خیمے کی پشت پر محافظ کے فرائض ادا کئے جب صبح ہوئی تو رسول خداؐ نے فرمایا کہ خیمے کے باہر کون ہے؟ عرض کیا مولاؐ ابوایوب۔ رسول خداؐ نے دوبارہ ارشاد فرمایا کہ خدا اس پر رحمت کرے۔ جی ہاں یہ ابوایوب کے احسان اور بھلائی کا ہی نتیجہ تھا کہ ان کو رسول اللہؐ کی یہ دعا نصیب ہوئی۔ [1]

4. اشعار کا بدلہ:۔

منصور دوانیقی بنی عباس کا دوسرا خلیفہ تھا عید نوروز کے دن اس نے حضرت موسیٰ کاظمؑ سے عرض کی آپ دربار میں تشریف لائیں۔ لوگ دربار میں ہمیں مبارکباد اور ہدیے دیں گے۔

امام علیہ السلام نے فرمایا جہاں تک عید نوروز کا تعلق ہے تو یہ خالصتاً اہل ایران کا تہوار ہے اسلام میں اس کا کوئی تصور نہیں ہے۔ منصور نے کہا کہ آپ صحیح کہتے ہیں مگر یہ سب کچھ میں اپنے لشکر اور سپاہ کی سیاست کے لئے کر رہا ہوں۔ کیونکہ منصور کے لشکر اور سپاہ کا تعلق ایران سے تھا منصور نے کہا کہ میں آپؑ کو خدا کی قسم دیتا ہوں کہ آپ مجلس میں آئیں۔ اس کے اصرار پر مولا مجلس میں تشریف لائے۔

لشکر کے سالار، امراء، اور دوسرے لوگ بادشاہ کے دربار میں آتے رہے وہ وہاں ہدیے اور مبارک باد دیتے رہے۔ منصور نے اپنے ایک غلام کو حکم دیا کہ وہ امام کے پاس رکا رہے اور تمام ہدیے اکٹھے کرتا رہے۔ آخر میں ایک بوڑھا شخص امام علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے کہا کہ اے فرزند پیغمبر! میں ایک غریب انسان ہوں میرے پاس دولت نہیں ہے کہ میں کوئی ہدیہ آپ کے حضور پیش کروں البتہ اس کے عوض میں تین اشعار آپ کی نذر کرنا چاہتا ہوں جو میرے دادا نے آپ کے دادا حضرت امام حسینؑ کے متعلق تحریر فرمائے تھے۔ [2]

بہر نوع اس نے وہ اشعار آپ کو سنائے۔ امام علیہ السلام نے فرمایا کہ میں نے تیرا ہدیہ قبول کیا۔ اور پھر آپ نے منصور کے خادم کو منصور کے پاس بھیجا کہ جاؤ منصور سے پوچھ کر لاؤ کہ جو ہدیے جمع ہوئے ہیں ان کا کیا کرنا ہے؟ خادم منصور کے پاس گیا اور واپس آکر بتایا کہ منصور نے کہا ہے کہ تمام ہدیے، تحفے آپ کو ہدیہ کرتا ہوں آپ جہاں چاہیں ان کو خرچ کر سکتے ہیں۔ امام علیہ السلام

---

[1] پیغمبر و یاران 27/1۔ بحار الانوار 554/7

[2] عجبت القول نلاک فرندہ　　　یوم الحسیاج وقد علاک غبار

نے اس بوڑھے شخص سے کہا کہ جاؤ یہ سارے ہدیے اور اموال میں تم کو بخشتا ہوں۔ [1]

5. یوسف علیہ السلام اور اُن کے بھائی:۔

یوسفؑ کے بھائی حیلے بہانے بنا کر ان کو شہر سے باہر لے گئے اُن پر ظلم وتشدد کیا اُن کو کنویں میں ڈالا اور اپنے باپ حضرت یعقوبؑ کو دائمی غم میں مبتلا کر دیا۔ چند برس گزرنے کے بعد ان کو پتہ چلا کہ ان کا بھائی یوسفؑ بادشاہ مصر ہے پھر وہ اپنے باپؑ کو لے کر اُن کے پاس آئے۔ یوسف علیہ السلام نے پہلا جملہ یہ کہا تھا کہ میرے رب نے مجھ پر احسان کیا اور مجھے زندان سے رہائی عطا فرمائی۔

آپؑ نے اپنی غلامی اور کنویں میں ڈالے جانے والے واقعات بیان نہ کئے۔ کیونکہ آپ جانتے تھے کہ یہ بات جوان مردی کے خلاف ہے۔ کیونکہ آپ اپنی آزمائش اور خطاء بیان کر کے اپنے بھائیوں کو مزید تکلیف دینا نہیں چاہتے تھے۔ اور بعد میں فرمایا کہ وہ شیطان ہی تھا کہ جس نے میرے بھائیوں کو برائی پر اکسایا اور انہوں نے مجھے کنوئیں میں ڈالا اور میرے والد کو ابدی غم میں مبتلا کر دیا۔ لیکن خداوند سبحانہ نے احسان کیا کہ ان کے غلط سلوک میرے لئے عزت اور ہمارے خاندان کے لئے بزرگی کا سبب بنے۔

یہ حضرت یوسف علیہ السلام کی بزرگی تھی کہ انہوں نے اپنے بھائیوں کے غلط سلوک کو شیطان کی طرف منسوب کیا تا کہ ان کے بھائی شرمندہ نہ ہوں۔

آپ نے فرمایا کہ تم پر کوئی ملامت نہیں، میری طرف سے آسودہ خاطر رہو، میں نے تجھے معاف کر دیا اور تمام پچھلی باتیں نظر انداز کی ہیں اور اللہ تعالیٰ سے میں درخواست کرتا ہوں کہ وہ تمہارے گناہ معاف فرمائے۔ ''وہ تمام مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے۔''

مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ۝

''اگر کوئی تقویٰ اور صبر سے کام لے تو اللہ کے ہاں ایسے لوگوں کا اجر مارا نہیں جاتا۔'' [2]

خلاصہ یہ کہ حضرت یوسفؑ نے اپنے بھائیوں کی برائیوں کے بدلے میں جو سبق دیا وہ یہ تھا کہ برائی کے بدلے میں بھی احسان کیا جائے۔ ہمیں بھی چاہیے کہ ہم بھی اپنے دینی بھائیوں کی برائیوں سے چشم پوشی کریں اور ان پر احسان کریں۔ [3]

---

[1] منتھی الامال 189/2

[2] سورہ یوسف آیت (90)

[3] تاریخ انبیاء ص 334__346

باب نمبر 3

''اخلاص''

فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ۝

''لہٰذا تم اللہ کی بندگی کرو دین کو اُسی کے لئے خالص کرتے ہوئے'' [1]

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا!

"اخلص العمل ليجزك منه القليل"

اپنے عمل میں اخلاص پیدا کرو، اخلاص کے ساتھ کیا جانے والا کم عمل بھی تمہارے لئے بہتر ہوگا۔

مختصر تشریح

تمام اعمال کی قبولیت کا دارومدار اخلاص پر ہے اگر چہ کسی کا عمل کم ہو مگر اخلاص کے ساتھ ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے عمل کو قبول کرتا ہے۔ اگر عمل زیادہ ہو اور اس میں اخلاص نہ ہو تو اللہ تعالیٰ اسکے عمل کو رد کرتا ہے۔

مخلص انسان اپنے روح کے مجاہدات کر کے اپنے آپ کو رزائل سے پاک کرتا ہے۔ وہ اپنے آپ کو نیت اور اعمال میں لے آتا ہے تا کہ اللہ تعالیٰ اس کی عبادات کو قبول فرمائے۔ نیت علم و عمل کے مراحل کا تعلق تزکیہ اور تصفیہ سے ہے۔

مخلص شخص اگر اپنے باطن کی نگہبانی کرے تو وہ مقام توحید کو پہچان سکے گا کم از کم حد اخلاص یہ ہے کہ جو کچھ انسان کے پاس ہو وہ خدا کی راہ میں خرچ کرے اور اس کے اجر اور معاوضے کا طلب گار نہ بنے۔

1. غار میں تین افراد

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ بنی اسرائیل کے تین افراد ایک دفعہ اکٹھے سفر پر جا رہے تھے کہ راستے میں بادل چھا گئے اور بارش برسنے لگی۔ بارش سے بچنے کے لئے وہ ساتھ ہی قریبی غار میں چلے گئے۔ اچانک پہاڑ سے ایک بڑا پتھر گرا اور غار کے دہانے پر آ گیا جس سے غار کا دروازہ بند ہو گیا۔ جن کا دن رات کی طرح سے تاریک ہو گیا۔ اب خدا کے علاوہ ان کا کوئی مددگار نہ رہا۔ ان میں ایک نے کہا کہ اس مصیبت سے بچنے کے لئے صرف ہم اپنے خالص اعمال کو وسیلہ بنا کر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں تا کہ

---

[1] (زمر۔۲)

ہمیں نجات مل جائے۔ تینوں اشخاص نے اس بات پر اتفاق کیا۔

اُن میں سے ایک شخص نے کہا کہ پروردگار! تو بہتر جانتا ہے میرے چچا کی ایک بیٹی ہے جو بہت ہی خوبصورت تھی میں اس پر دل و جان سے عاشق تھا۔ یہاں تک ایک موقع پر میں نے اس کو پکڑ لیا تا کہ دل کی حسرت پوری کروں۔ اس وقت میرے چچا کی بیٹی نے کہا کہ خدا سے ڈرو اور میرے پردہ عفت کو تار تار نہ کرو۔ اس کے یہ الفاظ میرے اوپر اتنا اثر انداز ہوئے کہ میں نے برائی سے ہاتھ کھینچ لیا۔ اگر میں نے یہ کام اخلاص اور تیری رضا کے لئے کیا ہو تو ہمیں اس ہلاکت سے نجات عطا کر۔ اچانک انہوں نے دیکھا کہ غار سے تھوڑا سا پتھر ہٹ گیا اور غار میں روشنی آنے لگی۔

ان میں سے دوسرے شخص نے کہا: پروردگار تو جانتا ہے کہ میرے بوڑھے والدین ہیں۔ جن کے قد خمیدہ ہو چکے تھے۔ ایک رات میں ان کے پاس کھانا لے کے گیا تو دیکھا میرے والدین نیند کر رہے ہیں۔ تمام رات میں کھانا لے کر ان کے سرہانے کھڑا رہا لیکن میں نے انہیں نیند سے بیدار نہ کیا۔ تا کہ انہیں کوئی تکلیف نہ ہو۔ پروردگار اگر یہ کام میں نے خالص تیری رضا کے لئے کیا ہے تو ہم پر احسان فرما۔ اس بند دروازے کو کھول دے۔ جیسے ہی اس کی یہ گفتگو ختم ہوئی تو پتھر تھوڑا سا مزید سرک گیا۔ اب زیادہ روشنی آنے لگی۔ تیسرے شخص نے عرض کیا اے ہر پوشیدہ و ظاہر بات کو جاننے والے! تو خود جانتا ہے کہ ایک شخص میرے پاس مزدوری کیا کرتا تھا۔ جب اس کا وقت پورا ہو جاتا تو میں اسے مزدوری دیتا تھا۔ لیکن ایک دن میں نے اس کو مزدوری دی تو اس نے مزدوری کی رقم نہ لی وہ اس سے زیادہ کا طلب گار تھا۔ وہ مجھ سے اٹھ کر چلا گیا۔ میں نے اس کی مزدوری کی رقم سے ایک بھیڑ خریدی اور اس کی علیحدہ حفاظت کرتا تھا۔ اس بھیڑ سے بچے پیدا ہوتے رہے۔ کچھ عرصے بعد وہ ریوڑ بن گیا۔

ایک عرصے کے بعد وہ مزدور میرے پاس آیا اور دوبارہ اپنی اجرت طلب کی تو میں نے اسے بھیڑوں کے ریوڑ کی طرف اشارہ کیا۔ وہ سمجھا کہ میں اس سے مذاق کر رہا ہوں۔ میں سے اسے سمجھایا کہ یہ تیری اجرت تھی جو بڑھتے بڑھتے ریوڑ کی شکل اختیار کر گئی۔ وہ ریوڑ لے کر چلا گیا۔

پروردگار! اگر یہ کام میں نے اخلاص اور تیری رضا کے لئے سرانجام دیا ہے تو ہمیں اس مصیبت سے نجات دے تو اس وقت وہ پتھر ہٹ گیا اور وہ تینوں افراد خوشی خوشی غار سے باہر آ گئے۔ [1]

2. حضرت علی، عمرو بن عبدود کے سینہ پر

عمرو ابن عبدود عرب کا جری اور مشہور پہلوان تھا۔ وہ اکیلا ایک ہزار کے لشکر سے جنگ کرتا تھا۔ جنگ خندق میں یہ پہلوان بھی مشرکین کے لشکر میں شامل تھا۔ وہ خندق کے پار آ گیا اور اس خیمے کے سامنے آ گیا جہاں محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے صحابہ کے ساتھ تشریف فرما تھے۔ اس نے آتے ہی مبارز طلبی کی لیکن اس کے رعب کی وجہ سے کوئی بھی اس کے سامنے

---

[1] نمونہ معارف 23/1۔ محاسن برقی 253/2

جانے کے لئے آمادہ نہ ہوا۔

آخر کار حضرت علیؑ نے کھڑے ہو کر کہا: ''یا رسول اللہ! اس کے مقابلے میں میں جاؤں گا۔'' رسول خدا نے فرمایا: ''یہ عمرو بن عبدود ہے۔''

حضرت علیؑ نے کہا: ''مولا! اگر یہ عمرو بن عبدود ہے تو میں بھی علی ابن ابی طالب ہوں۔ بہر نوع حضرت علیؑ رسول خداؐ کی دعائیں لیکر عمرو بن عبدود کے مقابلے میں چلے۔

حساس جنگ کے بعد حضرت علیؑ نے عمرو بن عبدود کو نیچے گرا دیا اور اس کے سینے پر سوار ہو گئے۔ تمام صحابہ یہ منظر دیکھ رہے تھے، پھر اچانک لوگوں نے یہ منظر بھی دیکھا کہ علیؑ اس کے سینے سے اتر گئے اور ٹہلنے لگے۔

صحابہ اکرامؓ نے عرض کی یا رسول اللہ! علیؑ سے کہیں کہ اسے جلدی قتل کرے۔

حضور اکرمؐ نے فرمایا: ''اسے کچھ کہنے کی ضرورت نہیں ہے علیؑ اپنے کام کو بخوبی جانتا ہے، کچھ دیر بعد حضرت علی نے اسے دوبارہ پچھاڑا اور قتل کر دیا۔ رسول خدا نے ارشاد فرمایا: ''ضربته علی یوم الخندق افضل من عبادة الثقلین ''خندق کے روز علی کا وار جن وانس کی عبادت سے افضل ہے۔'' جب حضرت علیؑ عمر بن عبدود کا سر لے کر رسول خداؐ کی خدمت میں آئے تو آپؐ نے علی سے پوچھا: یا علیؑ تم نے دشمن کو زیر کر کے پھر کیوں چھوڑا؟ حضرت علیؑ نے عرض کی: ''مولا! جب میں نے اسے زیر کیا تو اس نے میری بے ادبی کی۔ اور میں نے سوچا کہ اگر اس حالت میں میں نے اسے قتل کیا تو رضائے الٰہی میں میرا غصہ شامل ہو جائے گا اس لئے میں نے اسے چھوڑ دیا۔'' اور جب میرا غصہ ٹھنڈا ہو گیا تو میں نے اسے پھر زیر کیا اور قتل کر دیا۔ [1]

عارف رومی نے اس واقعہ کو مثنوی مولوی میں بھی قلم بند کیا ہے۔

از علی آموز اخلاص عمل

شیر حق را دان منزہ از دغل

در غزا بر پہلوان دست یافت

زود شمشیری برآورد و شتافت

او خیو انداخت بر روی علیؑ

افتخار ہر نبی و ہر ولی

در زمان انداخت شمشیر آن علیؑ

کرد او اندر غزایش کاہلی

---

[1] چند تاریخ 199/5۔ انوار النعمانیہ، عین الحیاۃ۔

3. شیطان اور عابد

ایک عابد نے دیکھا کہ بنی اسرائیل کے کچھ لوگ ایک درخت کی پوجا کرتے ہیں۔ اسے یہ دیکھ کر بے حد افسوس ہوا۔ وہ گھر گیا اور اس نے کلہاڑا اٹھایا اور درخت کاٹنے کے لئے چل پڑا۔ ابھی وہ راستے میں ہی تھا کہ شیطان انسانی صورت میں اس کے سامنے آیا اور کہنے لگا: بندہ خدا! تم یہ فضول کام کیوں کرنا چاہتے ہو؟ اس درخت کو کاٹنے سے تمہیں کیا فائدہ ملے گا؟

عابد کو اس کی بات پر سخت غصہ آیا آخر کار دونوں گتھم گتھا ہو گئے چند لمحوں میں شیطان گر گیا اور عابد اس کے سینے پر چڑھ بیٹھا۔ شیطان نے جب اپنی شکست دیکھی تو کہنے لگا: ہم دونوں آپس میں سمجھوتہ بھی کر سکتے ہیں۔ تم اس درخت کو نہ کاٹو، میں وعدہ کرتا ہوں کہ روزانہ دو دینار تمہیں دیا کروں گا اور وہ دینار روزانہ تمہارے سرہانے کے نیچے مل جائیں گے ان سے تم اپنی ضروریات پوری کرنا اور غریبوں کی مدد بھی کرنا۔

اس بات پر عابد راضی ہو گیا اور درخت کاٹے بغیر واپس آ گیا۔ دو دن تک تو عابد کے سرہانے دو دینار ملتے رہے لیکن تیسرے دن سے یہ سلسلہ بند ہو گیا۔ عابد نے کچھ دیر انتظار کیا پھر غصے سے بھرا کلہاڑا لے کر درخت کاٹنے کے لئے چل پڑا۔ راستے میں پھر شیطان کھڑا نظر آیا۔ شیطان نے پوچھا کہاں جا رہے ہو؟ عابد نے کہا درخت کاٹنے جا رہا ہوں۔

شیطان نے کہا: میں تمہیں ہرگز درخت کاٹنے نہیں دونگا۔

وہ دونوں ایک بار پھر گتھم گتھا ہو گئے لیکن آج شیطان نے عابد کو چت کر دیا اور اس کے سینے پر چڑھ گیا اور کہا: اگر تو نے درخت کاٹنے کا سوچا بھی تو میں تجھے جان سے مار دوں گا۔ عابد نے ڈر کے مارے کہا: میں تم سے وعدہ کرتا ہوں کہ اب درخت کو ہاتھ بھی نہیں لگاؤں گا۔ بس اس تم مجھ کو چھوڑ دو اور یہ بھی بتاؤ کہ پہلی بار تم زیر ہو گئے تھے مگر آج تم نے مجھے چت کیسے کر دیا؟

شیطان نے کہا: پہلی بار تم خدا کے لئے درخت کاٹنے جا رہے تھے اس لئے میں زیر ہو گیا تھا کیونکہ میرا بس ان لوگوں پر نہیں چلتا جو خلوص سے اللہ کے لئے عمل کرتے ہیں۔ اور اس مرتبہ تم اللہ کے لئے نہیں آئے بلکہ تمہارا سارا غصہ اس لئے تھا کہ تمہیں دینار ملنا بند ہو گئے تھے۔ اس لیے تم ہار پا گئے اور میں جیت گیا۔ [1]

4. مخلص کی دعا مستجاب ہوتی ہے

سعید ابن مسیب راوی ہیں وہ کہتے ہیں کہ ایک سال شدید قحط پڑا۔ لوگ اکٹھے ہو کر شہر کے باہر آئے اور باران رحمت کے لئے دعا کی۔ مگر میں نے ایک سیاہ فام غلام کو دیکھا۔ جو لوگوں سے علیحدہ ہو کر ایک ٹیلے کے دوسری طرف چلا گیا۔ میں بھی اسے کے پیچھے چلا گیا۔ میں نے دیکھا کہ دعا کے لئے اس کے لب ہل رہے ہیں۔ ابھی اس کی دعا ختم نہیں ہوئی تھی کہ آسمان پر شدید سیاہ بادل

---

[1] نمونہ معارف 54/1۔ ریاض الحکایات ص 140/

نمودار ہوئے اور اتنی بارش ہوئی ہمیں گمان ہونے لگا کہ سیلاب نہ آجائے۔

جیسے ہی بارش شروع ہوئی تو وہ غلام بھی وہاں سے چلا گیا اور میں اس غلام کے پیچھے چلا گیا تا کہ معلوم ہو سکے کہ وہ کس کا غلام ہے۔ وہ غلام امام سجادؑ کے گھر کی طرف گیا تھا۔ میں بھی امام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ مولاؑ آپ کے گھر میں ایک سیاہ فام غلام رہتا ہے آپؑ وہ غلام مجھے بخش دیں یا میرے ہاتھوں فروخت کر دیں۔ آپؑ نے فرمایا کہ فروخت کرنے کی ضرورت نہیں اگر کہتے ہو تو وہ غلام میں تجھے بخش دیتا ہوں۔ آپؑ نے حکم دیا کہ گھر میں موجود تمام غلاموں کو میرے سامنے لایا جائے۔ آپؑ کے سب غلام جمع ہوئے لیکن وہ غلام وہاں موجود نہیں تھا۔ میں نے عرض کیا: مولا! میں نے جس غلام کی بات کی ہے وہ ان میں نہیں ہے۔

مولاؑ نے فرمایا کہ اور تو کوئی باقی نہیں رہا فلاں غلام ان میں موجود نہیں ہے۔ آپ نے حکم دیا کہ اسے حاضر کیا جائے۔ جیسے ہی وہ آیا تو میں نے امامؑ سے کہا کہ مولاؑ ہاں یہ غلام ہے جسے میں چاہتا ہوں اور یہی میرا مطلوب ہے۔

امام علیہ السلام نے غلام سے کہا کہ آج کے بعد تو میرا غلام نہیں رہے گا۔ آج سے سعید تیرا مالک ہے تو اس کے ساتھ چلے گا۔ سعید کہتا ہے کہ غلام نے میری طرف منہ کیا اور مجھ سے کہا کہ تجھے کیا ضرورت پڑی تو نے مجھے میرے مولاؑ سے کیوں جدا کیا ہے؟

میں نے کہا کہ میں نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ تیری دعاؤں کو قبول کرتا ہے۔ غلام نے یہ سنا تو بارگاہ خداوندی میں دعا کے لئے ہاتھ بلند کئے اور آسمان کی طرف منہ کر کے کہا خدایا! تیرے اور میرے درمیان ایک راز تھا اب تو نے وہ راز فاش کر دیا۔ اب مجھے موت دے اور اپنے پاس بلالے۔

امام علیہ السلام اور دوسرے غلام جو وہاں موجود تھے اس غلام کی حالت دیکھ کر روتے ہو باہر آگئے میں بھی ان کے ساتھ باہر آ گیا۔ اور جب میں اپنے گھر گیا تو امام علیہ السلام کا میرے پاس قاصد آیا اور کہا کہ امام فرماتے ہیں: اگر چاہو تو اپنے ساتھی کے جنازہ میں آجاؤ۔ میں قاصد کے ساتھ گیا تو دیکھا تو وہ غلام وفات پا چکا تھا۔ [1]

5. حضرت موسیٰ علیہ السلام کی درخواست

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی کہ اے خدا میں ایسی مخلوق کو دیکھنا چاہتا ہوں جو پورے اخلاص کے ساتھ تیری اطاعت کرتی ہو۔ آواز قدرت آئی موسیٰؑ! فلاں دریا کے کنارے چلے جاؤ تجھے وہاں پر تیری مطلوبہ چیز دکھائی دے گی۔ آپ علیہ السلام اس دریا کے کنارے پر گئے۔ وہاں پر ایک درخت دیکھا جس کی ایک ٹہنی دریا پر جھکی ہوئی تھی اور اس کی شاخ پر ایک پرندہ ذکرِ خداوندی میں مصروف تھا۔ موسیٰؑ نے اس پرندے سے سوال کیا کہ تو کب سے خدا کی عبادت کر رہا ہے؟ اس نے جواب دیا جب سے خدا نے مجھے پیدا کیا ہے میں اسی وقت سے اس شاخ پر بیٹھ کر محو عبادت ہوں۔ میں ہزاروں بار ذکر خداوندی کرتا ہوں۔ میری غذا لذت ذکر الٰہی ہے۔

---

[1] منتھی الامال 38/2۔ اثبات الوصیہ مسعودی

موسیٰؑ نے اس سے پوچھا کہ اس دنیا میں تیری کوئی آرزو بھی ہے؟

اس پرندے نے جواب دیا کہ میری سب سے بڑی آرزو یہ ہے کہ میں اس دریا سے پانی کا ایک قطرہ پی سکوں۔

موسیٰ علیہ السلام نے تعجب سے کہا کہ تیری چونچ اور اس دریا کے پانی میں کچھ زیادہ فاصلہ بھی تو نہیں ہے تو پھر تو پانی کیوں نہیں پیتا۔

پرندے نے عرض کی کہ میں ڈرتا ہوں اگر میں نے پانی پی لیا تو اس کی لذت کی وجہ سے میں ذکر خداوندی کی لذت کو بھول نہ جاؤں۔ موسیٰ علیہ السلام کو سخت تعجب ہوا آپؑ نے افسوس کرتے ہوئے اپنے دونوں ہاتھ اپنے سر پر مارے۔ [1]

---

[1] زینۃ الجواہر۔ ص318 /

باب نمبر 4

استقامت

فرمان خداوندی ہے۔

فَاسْتَقِمْ كَمَآ أُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ

''راہ راست پر ثابت قدم رہو جیسا کہ تمہیں حکم دیا گیا ہے''۔ [1]

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا۔

من ابتلى من المومنين ببلاء فصبر عليه كان له مثلُ أجر الف شهيدٍ

''جو مومن کسی مصیبت میں مبتلا ہو جائے وہ اس پر صبر کرے تو اللہ تعالیٰ اسے ایک ہزار شہیدوں کے برابر اجر دیتا ہے۔'' [2]

مختصر تشریح

تکالیف اور مصائب، استقامت اور پائیداری کے ذریعے آسان ہو جاتے ہیں۔ ہر صاحب درد مومن اپنی مصیبت کو امتحان سمجھتا ہے لہذا وہ بے صبری نہیں کرتا۔ تو اس کے ایمان میں خلش نہیں آتی۔

معصومین کا ارشاد ہے کہ مومن اپنی استقامت کی وجہ سے پہاڑ سے بھی زیادہ سخت ہوتا ہے اور دشمنوں کے مقابلوں میں مشکلات، اولاد اور مال کے ہاتھ سے چلے جانے پر بھی مومن کامل کے دل میں کوئی حزن و ملال نہیں ہوتا۔ دنیا جہاں کی ناسازگاریاں اس کے عزم کو متزلزل کر سکتیں ہیں اور نہ ہی اس کی استقامت کو ہلا سکتی ہیں۔ اور اس وجہ سے اس کے ایمان میں کوئی مشکلات حائل نہیں ہوتیں۔ لیکن جن لوگوں میں یہ صفت نہ ہو وہ تھوڑی سی مشکل آنے پر متزلزل ہو جاتے ہیں۔

اگر دین خدا آج ہمیں ملا ہے تو وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی استقامت اور حضرت علیؑ کے صبر کا نتیجہ ہے۔

---

[1] سورۃ ھود 112

[2] جامع السعادات 204/3

1. آل یاسر

آغاز اسلام میں ایک چھوٹا سا خاندان جو صرف چار افراد پر ہی مشتمل تھا مشرف بہ اسلام ہوا۔ انہیں مشرکین مکہ نے سخت اذیتیں دیں لیکن انہوں نے صبر اور استقامت کا دامن تھامے رکھا۔ یہ چار افراد جناب یاسر، سمیہ اور ان کے دو بیٹے عبداللہ اور عمار تھے۔

یاسر کو مشرکین کوڑے مارتے کہ وہ بے ہوش ہو کر گر جاتے جب ہوش آتا تو مشرکین دوبارہ کوڑے مارتے اس کے باوجود آپ نے اسلام نہیں چھوڑا حتیٰ کہ مشرکین نے اتنا مارا کہ آپ شہید ہو گئے۔ اس کی بیوی سمیہ تھیں جو کہ سن رسیدہ تھیں۔ دشمنوں نے اس پر بھی اذیتوں کے پہاڑ گرائے اس کے باوجود اس کی استقامت میں کوئی کمی واقع نہ ہوئی۔

ابوجہل نے ان کے شکم پر ضرب ماری جس کی وجہ سے وہ بھی شہید ہو گئیں۔

ابوجہل لعین اس کو نہ صرف جسمانی اذیت دیتا تھا بلکہ اس کو روحانی اذیت سے بھی دو چار کرتا تھا۔ وہ بے چاری سن رسیدہ تھیں اور کمر خمیدہ ہو چکی تھی۔ ابوجہل لعین اسے کہتا تھا کہ تو خدا کے لئے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان نہیں لائی بلکہ تو اس کے حُسن جمال پر عاشق ہے۔

یاسر کے فرزند عبداللہ کو بھی سخت اذیتیں دی گئیں لیکن وہ بھی ثابت قدم رہے۔ اس کے جسم کو برھنہ کر کے گرم ریت پر لٹا دیا گیا اور لوہے کی زرہ ان کے جسم پر ڈال دی گئی اور وہ تڑپتے رہے۔ شدید گرمی میں اتنی اذیت دی جاتی ایسا لگتا تھا جیسے ان کو انگاروں پر لٹایا گیا ہو۔ زرہ کے حلقے ان کے بدن میں گھس جاتے تھے۔ اور کفار مکہ ان سے کہتے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انکار کرو اور لات وعزیٰ کی عبادت کرو۔ لیکن ان مظالم کے باوجود انہوں نے ان کی یہ بات نہ مانی۔

عمار کے جسم پر آگ سے جلنے کی وجہ سے اتنے نشانات پڑے تھے اور یوں لگتا تھا جیسے وہ برص کی بیماری میں مبتلا رہے ہوں گے۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس خاندان سے فرمایا: اے آل یاسر! صبر کرو، استقامت سے کام لو تمہارا مقام یقینا جنت ہے۔[1]

2. تُو چیونٹی سے تو کمتر نہیں

''امیر تیمور گورگان'' کے متعلق مشہور ہے کہ وہ ہر مشکل میں ہمیشہ ثابت قدم رہتے تھے۔ کوئی مشکل اس کو اسکے راستے سے ہٹا نہیں سکتی تھی۔ ان سے اس کی وجہ پوچھی گئی تو انہوں نے بتایا کہ ایک دفعہ میں نے دشمنوں سے فرار حاصل کر کے ایک ویرانے میں پناہ حاصل کی تھی۔ اور میں اپنے متعلق سوچ رہا تھا کہ اب مجھے کیا کرنا چاہئے۔ اچانک میری نگاہ ایک چیونٹی پر پڑی جس کے منہ میں اس

---

[1] حکایتہای شنیدنی 25/5 تفسیر المنار 367/2

چیونٹی سے بڑا غلہ کا دانہ تھا۔ چیونٹی اسے اٹھا کر دیوار کے اوپر چڑھ رہی تھی۔ جب میں نے پوری توجہ کی وہ چیونٹی دیوار پر بار بار چڑھتی اور گر جاتی تھی۔ وہ چیونٹی سڑسٹھ مرتبہ گری لیکن اس کے باوجود اس چیونٹی نے ہمت نہیں ہاری۔ آخر کار وہ دانہ لے کر چھت پر پہنچنے میں کامیاب ہوئی۔ جب میں نے ایک چیونٹی کا حوصلہ دیکھا تو میرے اندر بھی غیرت جاگی پھر میں نے اپنے آپ سے کہا کہ اے تیمور! تو ایک چیونٹی سے کم تو نہیں ہے اٹھ اور اپنے کام میں لگ جا اس کے بعد میں اٹھا اور پوری ہمت کی یہاں تک کہ میں سلطنت حاصل کرنے میں کامیاب ہوگیا۔ [1]

3. حضرت نوح علیہ السلام

حضرت نوحؑ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے ایک طویل عمر دی تھی۔ حضرت نوح علیہ السلام جس قوم میں رہتے تھے وہ بت پرست تھے اور حضرت نوح کو سخت اذیتیں دیتے تھے۔ اُن کی اذیتوں کے مقابلے میں آپؑ نے صبر اور استقامت سے کام لیا۔

لوگ آپ کو اتنا مارتے کہ آپ کے کانوں سے خون برآمد ہوتا حتیٰ کہ آپ تین تین دن تک بے ہوش رہتے وہ لوگ آپ کو آپ کے گھر پھینک جاتے۔ اور جب آپ کو ہوش آتا تو فرماتے۔ ''اے خدا میری قوم کو ہدایت فرما یہ نہیں جانتے۔''

آپ نے نوسو پچاس برس تک لوگوں کو خدا کی دعوت دی لیکن لوگوں کی سرکشی میں اور اضافہ ہوتا گیا۔ لوگ اپنے چھوٹے بچوں کا ہاتھ پکڑ کر حضرت نوح کے سامنے لے آتے اور اپنے بچوں سے کہتے کہ خبردار! ہمارے بعد اگر تم زندہ رہے تو اس دیوانے کی پیروی ہرگز نہ کرنا۔ اور کہتے تھے کہ نوح اگر تو نے اپنی تبلیغات ختم نہ کیں تو ہم تجھے سنگسار کردیں گے۔ جن لوگوں نے تیری دعوت کو بغیر سوچے سمجھے قبول کیا وہ انتہائی گھٹیا لوگ ہیں۔ جب حضرت نوحؑ گفتگو کرتے تو کفار اپنے سروں پر کپڑا اور کانوں میں انگلیاں دے دیتے تاکہ وہ آپؑ کی بات ہی نہ سن سکیں اور نہ ہی آپ کی شکل دیکھیں آخر کار نوحؑ کا معاملہ یہاں تک پہنچا کہ آپؑ نے بارگاہ خداوندی میں استغاثہ کیا کہ خداوندا میں مغلوب ہوں میرے اور ان کے درمیان فیصلہ کر۔ [2]

4. سکاکی

سراج الدین سکاکی ایک بلند پایہ عالم تھے۔ وہ کئی علوم کے ماہر سمجھے جاتے تھے مفتاح العلوم اُن کی مشہور کتاب ہے۔ وہ اپنی جوانی میں لوہار تھے اور لوہے کے اوزار بنایا کرتے تھے۔ انہوں نے اس دور میں ایک ایسا تالا بنایا جس کا وزن صرف ایک قیراط تھا۔ اور اس تالے کو بادشاہ کی خدمت میں بطور ہدیہ پیش کرنے لے گئے۔

بادشاہ اور اس کے درباریوں نے اس تالے کو دیکھا ضرور لیکن اس کی کوئی خاص تعریف نہیں کی۔ اسی اثنا میں ایک عالم دربار

---

[1] نمونہ معارف 164/1۔ اخلاق اجتماعی ص 41/

[2] تاریخ انبیاء ص 52-28

میں داخل ہوا تو بادشاہ نے اُٹھ کر اس کا استقبال کیا اور اُس کو اپنے پہلو میں بٹھایا۔

سکا کی نے پوچھا: یہ کون ہے؟ اسے بتایا گیا کہ یہ ایک عالم ہے۔ یہ سن کر سکا کی سوچنے لگا اگر میں عالم ہوتا تو بادشاہ میرا بھی اتنا احترام کرتا جتنا کہ اس عالم کا احترام ہو رہا ہے۔ اس وقت سکا کی کی عمر تیس برس تھی۔ وہ تحصیل علم کے لئے مدرسہ گئے۔ اسے دیکھ کر استاد نے کہا کہ مجھے پڑھانے میں تو کوئی اعتراض نہیں مگر اس عمر میں کچھ یاد نہیں کر سکو گے۔

سکا کی نے کہا کہ میں ہر قیمت پر علم حاصل کروں گا۔ استاد نے کہا: میں تمہارے حافظے کا امتحان لونگا پھر تمہیں پڑھانا شروع کروں گا۔

استاد نے امام شافعی کے اجتہادات میں سے ایک مسئلہ اسے سکھایا اور کہا کہ تم اس عبارت کو یاد کرو عبارت یہ تھی:

قَالَ الشَّيْخُ يُطْهَرُ جِلْدُ الْكَلْبِ بِالدِّبَاغِ

شیخ کا قول ہے کہ دباغت سے کتے کی جلد پاک ہو جاتی ہے۔

استاد نے کافی دیر تک سکا کی کو یہ عبارت یاد کرائی۔ دوسرے دن سکا کی نے اس عبارت کو یوں سنایا: قَالَ الْكَلْبُ يُطْهَرُ جِلْدُ الشَّيْخِ بِالدِّبَاغِ۔ کتے کا قول ہے کہ شیخ کی جلد دباغت سے پاک ہو جاتی ہے۔

مدرسے کے سارے طلباء یہ عبارت سن کر ہنسی سے لوٹ پوٹ ہو گئے۔ سکا کی اپنے مستقبل سے مایوس ہو گئے اور دل میں کہنے لگے کہ اس عمر میں کچھ پڑھنا بے کار ہے۔ بالخصوص جب قوتِ حافظہ کمزور ہو۔ انہوں نے مدرسہ چھوڑنے کا فیصلہ کر لیا۔

اسی دوران اس کا گزر ایک پہاڑی سے ہوا تو انہوں نے دیکھا کہ پہاڑ سے پانی قطرہ قطرہ نیچے گر رہا ہے اور جہاں پانی کے قطرے گر رہے ہیں وہاں سخت پتھر ہونے کے باوجود پانی کی مسلسل بوندیں گرنے کی وجہ سے اس پتھر پہ نشان پڑ چکا ہے۔

سکا کی اس منظر کو کافی دیر دیکھتے رہے پھر اپنے آپ سے کہنے لگے کہ پتھر سے زیادہ سخت کوئی چیز نہیں اور پانی سے زیادہ نرم کوئی چیز نہیں۔ جب نرم پانی کی ایک ایک بوند گرنے سے سخت پتھر پر نشان بن سکتا ہے تو میرا دل و دماغ پتھر سے تو زیادہ سخت نہیں۔ یہ سوچ کر ایک نئے عزم و ارادہ سے انہوں نے پڑھنا شروع کیا۔ آخر کار چند سالوں کے بعد وہ اپنے زمانے کے مشہور عالم بن گئے۔ [1]

5. وفاتِ فرزند

اُم سلیم ابوطلحہ کی بیوی بنی ہاشم کی ایک جلیل القدر خاتون تھی۔ جب ابوطلحہ نے اس کی خواستگاری کی تھی تو اُس نے کہا تھا بے شک تو میرا کفو ہے اور تیرے جیسے انسان کی درخواست کو رد کرنا مناسب نہیں۔ لیکن تو کافر ہے اور میں مسلمان ہوں۔ اس لئے ہمارا نکاح نہیں ہو سکتا۔ اگر تو اسلام قبول کر لے تو میں تیرے اسلام کو اپنے لئے حق مہر قرار دوں گی۔ ابوطلحہ مسلمان ہو گئے اور اُن کی شادی اُم سلیم سے ہو گئی۔

---

[1] داستانھای ما 45/3

ابو طلحہ انصاری، رسول خداؐ کے جلیل القدر صحابی تھے۔ جنگ احد میں وہ رسولِ خداؐ کی سپر بن آپ کے آگے کھڑے کفار کی طرف تیر اندازی کرتے رہے۔ رسولِ خدا کھڑے ہو کر ان کے ہدف کو دیکھتے تو ابو طلحہؓ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہتے: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میرا سینہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے سپر ہے اور جو تیر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جانب آئے گا میں اسے اپنے سینے پر لوں گا۔

ابو طلحہؓ انصاری کا ایک بیٹا تھا جو انہیں بہت عزیز تھا۔ وہ بچہ بیمار ہوا تو اس کی والدہ اُم سلیم نے جو اسلام کی جلیل القدر خاتون تھیں، ابو طلحہؓ کو رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں بھیجا۔

اس دوران بچہ فوت ہو گیا۔ اُم سلیم نے اس کی لاش چادر میں لپیٹ کر مکان کے ایک کونے میں رکھ دی اور ابو طلحہ کے لئے کھانا تیار کیا اور پھر خود تیار ہوئیں اور خوشبو لگائی۔ ابو طلحہؓ دربار نبوت سے واپس آئے تو بچے کی خیریت دریافت کی۔ بیوی نے بتایا کہ بچہ اس وقت سو رہا ہے۔

ابو طلحہ نے کہا کہ کھانا ہو تو لے آؤ۔ بیوی نے شوہر کو کھانا کھلایا۔ پھر دونوں نے خلوت کی۔ تب اس نے اپنے شوہر سے کہا کہ چند دن قبل کسی نے میرے پاس ایک امانت رکھی تھی۔ اور آج وہ اپنی امانت لے گیا ہے تمہیں اس کا کوئی افسوس تو نہیں ہوا؟ ابو طلحہؓ نے کہا کہ اس میں افسوس کرنے کی کیا بات ہے۔ وہ مال مالک ہے۔ جب چاہے اپنی امانت واپس لے لے۔

اُم سلیم نے کہا کہ اللہ نے آپ کو ایک بیٹا امانت کے طور پر دیا تھا۔ اور آج اس نے اپنی یہ امانت واپس لے لی ہے۔ ابو طلحہؓ نے کہا! جب تو ماں ہو کر اتنا صبر کر رہی ہے تو میں بھی صبر کروں گا۔ اور اللہ کی رضا پر راضی رہوں گا۔ پھر ابو طلحہؓ نے اٹھ کر غسل کیا اور دو رکعت نماز پڑھی اور رسول خدا کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی بیوی کی بات بیان کی۔ رسولِ خدا یہ سن کر بہت خوش ہوئے اور فرمایا: خدا تمہاری آج کی اس ملاقات میں برکت دے۔

پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں خدا کا شکر ادا کرتا ہوں کہ میری امت میں بھی اللہ نے بنی اسرائیل کی صابرہ خاتون جیسی خاتون پیدا کی ہے۔ [1]

---

[1] پند تاریخ 2/184 — وقائع الایام 3/190

باب نمبر 5

اصلاح

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وَإِنْ طَآئِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا ۚ

''اور جب اہل ایمان کے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو اُن کی صلح کرادیا کرو''۔ [1]

امام جعفر صادقؑ کا فرمان ہے کہ

''لان اصلح بين اثنين أحبُّ اليَّ مَنْ أنْ اتصدق بدينارين''

''دو افراد کے درمیان صلح کرانے کا عمل دو دینار صدقہ دینے سے بہتر ہے۔'' [2]

مختصر تشریح

اصلاح اور اپنے نفس کو پاک کرنے کا عمل فرض ہے۔ جب تک کوئی شخص اپنی اصلاح نہیں کرے گا وہ دوسروں کی بھی اصلاح نہیں کر سکے گا۔ اپنے دینی بھائیوں، خاندان اور ہمسایوں کی صلح کرانے کے عمل سے خداوند پاک خوش ہوتا ہے۔ وحدت، ہم آہنگی، ارتباط، عدم جدائی اور تفرقہ سے بچنے کے لئے جو بھی عمل ضروری ہو وہ کر گزرنا چاہئے اگر اس کے لئے کوئی مصلحت آمیز جھوٹ بھی بولا جائے تو کوئی گناہ نہیں ہے۔ تاکہ فتنہ و فساد کی آگ بجھ سکے۔

1. اصلاح کا حکم

مفضل ابن عمر کوفی جو کہ امام جعفر صادقؑ کے اصحاب خاص میں شمار ہوتے ہیں۔ روایت کرتے ہیں کہ امام جعفر صادقؑ کے دور میں ابو حنیفہ جو کہ مدیر حجاج تھے ان کے اور ان کے داماد کے درمیان کسی میراث کے مسئلے پر جھگڑا ہو گیا میں وہ دیکھ رہا تھا اور میں وہاں سے اٹھا اور ان کے پاس گیا۔

اور ان کو وہاں سے اپنے گھر لے گیا اور میں نے گھر سے انہوں کو چار سو دینار دیئے اور ان کے درمیان صلح کرادی اور ان

---

[1] سورہ حجرات آیت 9

[2] اصول کافی 167/2

سے کہا کہ یہ رقم میری نہیں ہے بلکہ یہ امام جعفر صادق نے مجھے اس لیے دی اور فرمایا کہ اگر تم دیکھو کہ ہمارے دو شیعوں میں جھگڑا ہو رہا ہو تو تم صلح کے لئے یہ رقم خرچ کر سکتے ہو۔ [1]

2. اصلاح کرنے والے کے لئے ضروری ہے کہ نزاع سے بھی واقف ہو

زرارہ عبدالملک سے روایت کرتا ہے کہ امام باقر علیہ السلام اور فرزندان امام حسنؑ میں کچھ تلخی ہوئی۔ میں نے سوچا کہ میں اصلاح کے لئے کچھ بولوں تو امام محمد باقرؑ نے فرمایا تم ہمارے درمیان کچھ نہ کہو تمہاری مثال بنی اسرائیل کے اس شخص کی سی ہے جس کی دو بیٹیاں تھیں۔ ایک بیٹی ایک کسان سے بیاہی گئی اور دوسری بیٹی کی شادی کوزہ گر سے ہوئی۔ ایک دفعہ وہ بیٹیوں سے ملنے گیا تو کسان کی بیوی نے کہا میرے شوہر کے ذرعی کھیت ہیں اگر ان ایام میں بارش ہو جائے تو ہم خوشحال ہو جائیں گے۔ پھر وہ دوسری بیٹی کے ہاں گیا۔

اس نے کہا۔ میرے شوہر نے مٹی کے بہت سے برتن بنا کر سوکھنے کے لئے رکھے ہیں۔ خدا کرے یہ چند روز تک بارش نہ آئے ورنہ ہم تباہ ہو جائیں گے۔ یہ حال دیکھ کر باپ نے کہا خدایا تو ہی اپنی مصلحت کو بہتر جانتا ہے میں کسی کے لئے درخواست نہیں کروں گا۔

اس طرح سے تم بھی ہمارے درمیان مداخلت سے باز رہو۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ کسی کی بے ادبی کر بیٹھو۔ تمہارا کام صرف یہی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وجہ سے ہمارا احترام کرو۔ [2]

3. اصلاح کا وضعی واخروی اثر

فضیل ابن عیاض بیان کرتے ہیں کہ میں نے ایک انتہائی غریب شخص کو دیکھا جو بازار میں ایک رسی فروخت کرنے کے لئے لایا جو اس کے گھر والوں نے بٹی تھی۔ اس نے وہ رسی ایک درہم میں فروخت کی۔ اس نے دیکھا کہ دو افراد صرف ایک درہم کے لئے آپس میں لڑ رہے ہیں۔ وہ وہاں آیا اور اُن سے کہا کہ تم فقط ایک درہم کے لئے لڑ رہے ہو۔ اس نے اپنا ایک درہم انہیں دے کر ان دونوں کے درمیان صلح کرا دی۔

وہ شخص اپنے گھر گیا اور اس نے اپنی بیوی سے کہا کہ وہ رسی ایک درہم میں فروخت ہوئی لیکن راستے میں دو افراد صرف ایک درہم کے لئے لڑ رہے تھے میں نے وہ درہم ان کو دے کر ان دونوں کے بیچ صلح کرا دی۔

اس کی بیوی اس کے اس عمل سے خوش ہوئی۔

[1] منتھی الامال 249/2

[2] داستانہا و پندہا 134/1، روضہ کافی ص 85/

پھر اس کی بیوی نے گھر میں نگاہ کی اسے اور تو کچھ نظر نہ آیا سوائے ایک پرانے کپڑے کے۔ اس نے وہ کپڑا اُسے دیا اور کہا کہ بازار میں یہ بیچ کر کچھ کھانے کے لئے لے آئے۔

اس شخص نے وہ پرانا کپڑا اٹھایا اور بازار میں آیا لیکن کسی نے بھی نہیں خریدا۔ اس نے دیکھا کہ ایک مچھلی فروش جس کے پاس ایک باسی مچھلی پڑی تھی اس نے اسے بلایا اور کہا آؤ ہم آپس میں معاملہ طے کر لیتے ہیں تم یہ مچھلی اس کپڑے کے بدلے لے لو۔ وہ باسی مچھلی لے کر گھر آیا۔ اس کی بیوی اس مچھلی کو بنانے لگی جیسے ہی اس نے مچھلی کا پیٹ چاک کیا تو اس میں سے دو قیمتی موتی برآمد ہوئے۔ اس نے وہ موتی اپنے شوہر کے سپرد کئے۔

اور وہ موتی لے کر بازار آیا۔ اس نے وہ موتی دولت سے بھری ہوئی بارہ تھیلیوں کے عوض فروخت کیے اور واپس گھر آ گیا۔ جیسے ہی اپنے گھر میں آیا تو ایک فقیر نے اسے صدا دی کہ جو کچھ تمہیں خدا نے دیا ہے اس میں کچھ مجھے بھی دو۔ اس شخص نے تمام رقم اٹھائی اور فقیر کے پاس چلا آیا۔ اور کہا اس میں سے لے لو۔ فقیر نے کچھ رقم اٹھائی اور چند قدم آگے گیا پھر واپس آیا اور کہنے لگا کہ میں فقیر نہیں ہوں۔ میں خدا کا نمائندہ ہوں اور تجھے بتانے آیا ہوں کہ تم نے دو افراد کے درمیان جو صلح کرائی ہے یہ اس کا بدلہ ہے۔ [1]

4. میرزا جواد آقا ملکی

میرزا جواد آقا ملکی ایک مشہور عارف باللہ شخص تھے جن کی وفات 1343ھ میں ہوئی ان کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ انہوں نے ابتدائی طور پر معرفت اور سیر و سلوک کی تعلیم اس وقت کے عارف کامل ملا حسین قلی همدانی "متوفی (1311ھ) سے حاصل کی۔ وہ دو سال ان کے پاس رہے اور دو سالوں کے بعد اپنے استاد سے پوچھا کہ وہ سیر و سلوک کے کس درجہ پر ہے؟

استاد نے فرمایا: کہ تمہارا نام کیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ آپ مجھے نہیں جانتے میں جواد تبریزی ملکی ہوں۔ استاد نے پوچھا کہ فلاں ملکی سے تمہاری کوئی رشتہ داری ہے؟ عرض کیا: جی ہاں پھر جواد ملکی نے اُن پر تنقید شروع کی۔ استاد نے فرمایا جب تم ان کے جوتے سیدھے کرو گے تو پھر تمہیں کچھ حاصل ہوگا۔ پھر تمہیں میرے پیچھے آنے کی ضرورت نہیں ہوگی پھر میں خود تمہارے پیچھے آؤں گا۔

میرزا جواد دوسرے دن جب درس میں آئے تو طلباء آتے رہے وہ ان کے جوتے سیدھے کرتے رہے۔ اُن طلباء میں ملکی خاندان کے بھی کچھ طلباء تھے۔ وہ اسے اچھا نہیں سمجھتے تھے۔ لیکن جب یہ مسلسل ان کی جوتیاں سیدھیاں کرتا رہا تو انہیں اس سے محبت ہوگئی۔ پھر انہوں نے اپنے خاندان والوں سے کہا کہ جواد ملکی بہت اچھے انسان ہیں وہ ہمارا احترام کرتے ہیں جس کی وجہ سے خاندان کے درمیان کدورت ختم ہوگئی۔ بعد میں میرزا جواد نے استاد سے ملاقات کی تو استاد نے فرمایا تمہارے لئے کوئی اور نیا حکم نہیں ہے تم اپنی حالت کی اصلاح کرو احکامات شرعی پر عمل کرو اور شیخ بہائی کی کتاب "مفتاح الفلاح" تمہارے عمل کرنے کے لئے کافی ہے۔ اس کے بعد میرزا جواد آہستہ آہستہ سیر و سلوک میں ترقی کرتے گئے اور بعد میں وہ حوزہ علمیہ قم میں آئے اور اپنا تزکیہ نفس کیا اور ان سے بہت

---

[1] نمونہ معارف 219/1

سے عوام اور خواص نے فوائد حاصل کئے۔ [1]

5. اصلاح کرنے والا وزیر

عباسی خلیفہ مامون کے دور میں اس کے درباری شاعر کا نام ''علی بن جہم سامی'' تھا کسی وجہ سے مامون اپنے درباری شاعر پر ناراض ہوگیا۔ اور حکم دیا کہ اسے قتل کر دیا جائے اس کی ساری دولت بحق سرکار ضبط کر لی جائے۔

مامون کے وزراء میں سے ایک وزیر ''احمد بن ابی دواد'' تھا وہ اصلاح پسند انسان تھا وہ مامون کے پاس آیا اور کہا کہ اے خلیفۃ المسلمین اگر آپ اسے قتل کر دیں گے تو مال کس سے وصول کریں گے؟

مامون نے کہا: اس کے وارثوں سے۔ احمد نے کہا جناب اگر یہ مر جائے گا تو اس کا مال و دولت ورثاء کی ملکیت بن جائے گی کیونکہ مرنے کے بعد کوئی بھی شخص کسی چیز کا مالک نہیں رہتا، یہ ظلم منصب خلافت کے لائق ہے کہ آپ کسی کا مواخذہ دوسروں کے مال سے کریں۔

مامون نے کہا: تو پھر اس کا حل یہ ہے کہ اسے قید کر کے اس سے تمام مال چھین لیا جائے۔ احمد وہاں سے اٹھا اور اُس نے شاعر کو جیل میں ڈال دیا اور اس کی نگہبانی کرتا رہا۔ اس کے بعد مامون کا غصہ ٹھنڈا ہوا۔

اُس طرح سے جب اُس کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا تو اُس نے شاعر کو معاف کر دیا۔ اور احمد کو اس نیکی پر خوب شاباش دی اور اُس کی قدر و منزلت میں اضافہ کیا۔ [2]

---

[1] تاریخ حکماء عرف ص 123

[2] طائف الطوائف ص 98.

باب نمبر 6

دنیاوی آرزوئیں

فرمان باری تعالیٰ ہے کہ

ذَرْهُمْ يَأْكُلُوا وَيَتَمَتَّعُوا وَيُلْهِهِمُ الْأَمَلُ

چھوڑ دو انہیں کھائیں پیں، مزے کریں اور جھوٹی امید نے اِن بھلاوے میں ڈالے رکھا۔ [1]

امیر المومنینؑ نے فرمایا:

الامال لاتنھی

آرزوؤں کی کوئی انتہا نہیں ہوتی۔ [2]

مختصر تشریح

جو لوگ اپنے ہاتھ میں موجود نعمات پر قناعت اور شکر نہیں کرتے اور دنیا سے دل لگا لیتے ہیں وہ ہمیشہ طویل ترین آرزوؤں میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ وہ ہمیشہ جوان رہیں گے وہ موت سے غافل رہتے ہیں اور اپنے باقی رہنے کے متعلق سوچتے رہتے ہیں۔

کچھ افراد ایسے بھی ہوتے ہیں جن کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ فلاں حکمران مرجائے اور اس کے بعد عنانِ حکومت اس کے پاس آجائے۔ کچھ ایسے ہیں جن کو ہر وقت یہ فکر ستائے رکھتی ہے کہ میں کوئی ملز یا کارخانہ لگا سکوں، کچھ ایسے ہوتے ہیں جن کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ میں شادی کروں گا میرے بچے ہوں گے، پوتے اور نواسے ہوں گے۔ اس طرح کی ہزاروں خواہشات ہوتی ہیں جو انسان کی آرزوؤں میں طوالت دیتی ہیں۔

اہل جہنم کی اکثریت اسی طرح کے لوگوں پر مشتمل ہوگی جو ہمیشہ نیکی میں تاخیر کرتے ہوں گے وہ لوگ موجود دنیا پر اکتفا نہیں کرتے ہوں گے۔ اور اصلاح نفس کے لئے ہمیشہ تاخیر کرتے ہوں گے۔ اپنے اموال کو صاف کرتے اور نہ ہی عبادت کو وقت

---

[1] سورۃ الحجر آیت 3

[2] غرر الحکم ص/629

پر ادا کرتے ہوں گے بلکہ یہ کہتے ہیں کہ بوڑھاپے میں عبادت کریں گے۔

جی ہاں ہمیں چاہئے کہ اپنی خواہشات کو مختصر رکھیں اور تمام عبادات وقت پر کریں کل کا کوئی اعتماد نہیں ہے کہ خدا جانے کل ہماری زندگی ہوگی بھی سہی یا نہیں ہوگی۔

1. حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور کاشت کاری کی آرزو

ایک دفعہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایک جگہ پر بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے دیکھا کہ ایک بوڑھا شخص بیلچہ اٹھائے اپنی زمین سے جڑی بوٹیاں صاف کر رہا ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اللہ سے درخواست کی کہ وہ اُس کے دل سے دنیا کی محبت نکال دے دعا کے فوراً بعد بوڑھے نے بیلچہ زمین پر رکھا اور آرام کرنے لگا۔

کچھ دیر بعد جناب عیسیٰ علیہ السلام نے خدا سے درخواست کی کہ وہ اس کے دل میں دنیا کی محبت پیدا کر دے۔ آپؑ نے جیسے ہی یہ دعا مانگی تو بوڑھا اپنے مقام سے اُٹھا اور بیلچہ اُٹھا کر دوبارہ محنت کرنے لگا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس بوڑھے کے پاس گئے اور پوچھا: تم نے بیلچہ ایک دفعہ زمین پر کیوں رکھا اور پھر تم نے دوبارہ کیوں اُٹھایا؟

بوڑھے نے کہا: ”میں کام کر رہا تھا کہ میرے دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ میں ایک سن رسیدہ شخص ہوں، کہاں تک محنت کی زحمت برداشت کرتا رہوں گا۔ ممکن ہے کہ میں ابھی مرجاؤں تو یہ محنت میرے کس کام آئے گی؟ یہ سوچ کر میں نے بیلچہ زمین پر رکھ دیا تھا۔ اس کے چند لمحے بعد میرے دل میں یہ خیال آیا کہ تو اس وقت زندہ ہے اور ہر زندہ شخص کے لئے وسائل زندگی کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر تو کام نہیں کرے گا پھر وسائل زندگی سے محروم ہو جائے گا اور روٹی کہاں سے کھائے گا؟ چنانچہ میں یہ سوچ کر اٹھ کھڑا ہوا اور بیلچہ ہاتھ میں لیکر دوبارہ محنت کرنے لگا۔“ [1]

2. حجاج اور دودھ فروش کی آرزو

ایک دن حجاج ابن یوسف بازار سے گزر رہا تھا اس نے ایک دودھ فروش دیکھا کہ اس نے اپنے سامنے دودھ کی بالٹی رکھی ہوئی ہے اور اپنے آپ سے آہستہ کہہ رہا تھا:

اس بالٹی کا اتنا منافع ہوگا، پھر میں اور دودھ لے کر فروخت کروں گا، اس سے مجھے مزید منافع ہوگا، آخر کار میں ایک بھیڑ خریدلوں گا پھر اس کا دودھ بیچ کر ایک بکری، پھر ایک گائے خریدلوں گا۔

---

[1] نمونہ معارف 298/1۔ مجموعہ ورام

یوں میرا کاروبار ایک دن عروج تک پہنچ جائے گا اور میرا شمار کوفہ کے دولت مندوں میں ہونے لگے گا۔ اس کے بعد میں حجاج بن یوسف کی بیٹی سے شادی کرواں گا اور اعیان مملکت مجھ سے خوف زدہ ہوں گے۔ اگر کسی دن حجاج کی بیٹی نے میری اطاعت میں کمی کی تو میں اسے ایسی لات ماروں گا کہ اُس کی ہڈیاں ٹوٹ جائیں گی۔" یہ کہہ کر اس نے لات ماری اور لات دودھ کی بالٹی کو لگی تو سارا دودھ زمین پر بہہ گیا۔

حجاج جو یہ منظر دیکھ رہا تھا تو اس نے دو سپاہیوں کو حکم دیا کہ اس احمق کو پکڑ کر سر بازار ایک سو کوڑے لگائیں۔

دوکاندار بے چارہ جس کا پہلے ہی دودھ زمین پر گر چکا تھا اس تازہ مصیبت سے بڑا ہی پریشان ہوا اور کہا: "مجھے کس جرم کی سزا مل رہی ہے؟"

حجاج نے کہا: "تمہیں یہ سزا حجاج کی بیٹی کی پسلیاں توڑنے پر مل رہی ہے۔ [1]

3. شہادت کی آرزو

حضرت "عمرو بن جموح" کا تعلق مدینے کے قبیلہ بنی خزرج سے تھا جو کہ انصاری تھے۔ وہ انتہائی سخی فرد تھے۔ جب پہلی دفعہ اُن کے قبیلے کے کچھ افراد آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپؐ نے انہوں سے پوچھا کہ تمہارا سردار کون ہے؟

انہوں نے جواب میں کہا کہ ہمارے قبیلے کا سردار "جد بن قیس" ہے۔ جو کہ بہت کنجوس انسان تھا۔ تو اس کے جواب میں حضرت رسول خدا نے فرمایا کہ تمہارے قبیلہ کا سردار "عمرو بن جموح" کو ہونا چاہئے جو کہ سفید اندام شخص ہے جس کے بال گھنگھرالے ہیں۔

"عمرو بن جموح" ایک پاؤں سے لنگڑاتا تھا۔ اسلامی قوانین کے تحت جہاد اُن پر موقوف تھا۔ جب غزوہ احد کا واقعہ پیش آیا تو اس وقت اس کے چار جوان بیٹے تھے جو کہ اسلامی مجاہدین میں شامل تھے۔ اس نے کہا کہ میں بھی آپ کے ساتھ غزوہ احد میں شریک ہوں گا۔ بیٹوں نے کہا کہ آپؐ پر جنگ موقوف ہے کیونکہ آپ معذور ہیں اور آپ گھر پر رہیں۔

لیکن اس بوڑھے انسان نے بیٹوں کی ایک نہ سنی۔ بیٹوں نے قبیلے کے لوگوں سے کہا کہ آپ ہمارے ابا جان کو سمجھائیں کہ وہ جنگ میں شریک نہ ہوں کیونکہ وہ معذور ہیں اور اُن پر جنگ موقوف ہے۔ لوگوں نے بھی اس کو منع کیا لیکن وہ جنگ میں جانے کے لئے بضد تھے۔

آخر کار وہ رسول خدا کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا یا رسول اللہ! میرے دل میں مدت سے شہادت کی آرزو ہے۔ میرے بچے مجھے اجازت نہیں دیتے کہ میں جہاد میں شریک ہوں اور اللہ کی راہ میں شہید ہو جاؤں۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے

---

[1] پند تاریخ 150/3

بیٹوں سے فرمایا: کہ یہ شخص شہادت کی آرزو رکھتا ہے۔ اگر چہ جہاد اس کے لئے لازم نہیں ہے لیکن حرام بھی نہیں ہے۔ عمرو بن جموح یہ سن کر بہت خوش ہوا۔ اور ہتھیار لگا کر جہاد کے لئے روانہ ہوا۔

جنگ کے دوران اس کے بیٹے ان پر نظر رکھے ہوئے تھے لیکن وہ اس سے بے پرواہ ہو کر قلب لشکر میں چلا گیا۔ حتیٰ کہ راہ خدا میں لڑتے لڑتے شہید ہو گیا۔

جب وہ اپنے گھر سے نکلا تھا تو اس نے یہ دعا کی تھی کہ یا خدا! مجھے میرے گھر میں زندہ واپس نہ لانا اور مجھے شہادت نصیب ہو۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے شہداء احد کے قبرستان میں دفن کر دیا۔[1]

4. جعدہ کی آرزو پوری نہ ہو سکی

حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام انتہائی خوبصورت، حلیم اور سخی انسان تھے آپؑ اپنے خاندان پر انتہائی مہربان تھے۔ معاویہ نے کئی بار امام حسن علیہ السلام کو زہر دلانے کی کوشش کی لیکن وہ ناکام ہوا۔ آخر کار اُس نے امام حسن علیہ السلام کی بیوی ''جعدہ بنت اشعث'' سے جھوٹے وعدے کیے اور کہا کہ تم اپنے شوہر کو زہر دو۔ اگر تمہارا شوہر تیری زہر کی وجہ سے مر گیا تو میں تجھے ایک لاکھ درہم دونگا۔ اس کے بعد میں تیری شادی، اپنے بیٹے یزید بن معاویہ سے کروں گا جو کہ مستقبل کا حکمران ہے۔ اُس عورت کے دل میں دولت اور یزید سے شادی کرنے کی تمنا تھی۔ معاویہ نے شاہ روم سے زہر حاصل کیا اور وہ جعدہ کے پاس بھیج دیا تا کہ وہ یہ زہر حضرت امام حسنؑ کی غذا میں مخلوط کر دے۔

ایک دفعہ جب آپ روزے سے تھے دن بہت گرم تھے اور افطار کے وقت آپ جعدہ کے پاس آئے تھے۔ افطار کے وقت جعدہ نے آپ کو دودھ دیا اور اُس دودھ میں جعدہ پہلے سے زہر ملا چکی تھی۔ جب حضرت نے دودھ پیا تو آپ کو زہر کا احساس ہوا۔ اور آپ نے ''انا للہ وانا الیہ راجعون'' پڑھا۔ اور اس کے بعد آپؑ نے حمد باری تعالیٰ کی۔ اور فرمایا کہ خدا تیرا لاکھ شکر ہے کہ مجھے عارضی جہان سے جہانِ جاودانی کی طرف بُلا رہا ہے۔ اور اس کے بعد جعدہ کی طرف منہ کر کے کہا کہ اے دشمن خدا تو نے مجھے قتل کر دیا۔ خدا تجھے ہلاک کرے۔ خدا کی قسم! میرے بعد تجھے تیرے مقاصد میں کامیابی نہیں ہوگی۔ اُس شخص نے تجھے فریب دیا ہے خدا تجھے اور اُس شخص کو اپنے عذاب میں مبتلا کرے۔ امام حسن علیہ السلام اتنے حلیم اور بردبار تھے کہ جب امام حسین علیہ السلام نے آپؑ سے پوچھا کہ قاتل کون ہے؟ آپ نے اپنی بیوی ''جعدہ بنت اشعث'' کا نام پھر بھی ظاہر نہ کیا۔ ایک راویت میں ہے کہ کئی دن تک زہر آپؑ کے جسم میں اثر کرتی رہی ایک اور روایت کے مطابق چالیس دن تک زہر آپ کے وجود پر اثر کرتی رہی۔ آخر کار 28 صفر 50ھ میں آپؑ کی شہادت واقع ہوئی۔ اُس وقت آپ کی عمر اڑتالیس برس تھی۔

جعدہ جس کو دولت کی لالچ اور یزید سے شادی کی آرزو تھی معاویہ نے اس کی کوئی فرمائش پوری نہ کی اور کہا کہ جب تو نے

---

[1] داستانہائی استاد 48/1

حسن ابن علی علیہ السلام سے وفا نہ کی تو میرے بیٹے یزید سے وفا کیسے کرے گی؟ معاویہ نے جو اس سے وعدے کئے تھے اُن پر عمل نہ کیا۔ آخرکار وہ عورت ذلت وخواری کے ساتھ واصلِ جہنم ہوئی۔ [1]

5. مغیرہ نے اپنا مقصد حاصل کرلیا

''مغیرہ بن شعبہ'' کا تعلق اہل طائف سے تھا جس نے 5ھ کو اسلام قبول کیا۔ وہ مکار، شیطان صفت اور اقتدار پسند شخص تھا۔ جب اُسے معلوم ہوا کہ معاویہ نے زیاد ابن ابیہ کو اپنا بھائی بنالیا ہے اور اسے کوفہ کی گورنری دے کر اُسے کوفہ روانہ کردیا ہے تو مغیرہ کو معلوم ہوگیا کہ اس سے کوفہ کی گورنری چھین لے جائے گی۔ اس نے ایک شخص کو اپنا قائم مقام بنایا اور خود معاویہ کے پاس شام جا پہنچا۔

اور وہاں جا کر کہا کہ میں اس وقت بوڑھا ہو چکا ہوں اور میں چاہتا ہوں کہ آپ قرقیسیا کی چند دیہات میرے اختیار میں دے دیں تاکہ باقی زندگی وہاں بسر کرسکوں۔

معاویہ نے سوچا کہ ''قیس'' اس کا مخالف ہے اور وہ بھی ''قرقیسیا'' میں رہتا ہے۔ عین ممکن ہے کہ میں نے اگر مغیرہ کو دو چار دیہات بخش بھی دیئے تو یہ اس سے ساز باز نہ کرلے اور دونوں میرے خلاف متحد نہ ہو جائیں۔

معاویہ نے کہا کہ ہمیں تمہاری ضرورت ہے اور تمہیں کوفہ جانا چاہئے۔ مغیرہ نے ظاہری طور پر تو انکار کیا لیکن دل ہی دل میں خوش ہوا۔ معاویہ کے اصرار پر اس نے بات قبول کرلی۔ وہ آدھی رات کے وقت کوفہ میں وارد ہوا اور اپنے ساتھیوں کو حکم دیا کہ وہ زیاد ابن ابیہ کو فوراً شام واپس بھیج دیا جائے۔

ایک عرصے کے بعد معاویہ نے اس کی جگہ سعید ابن عاص کو کوفہ کا حکمران مقرر کیا۔

مغیرہ یزید کے پاس گیا اور کہا کہ معاویہ کو تیری فکر کیوں نہیں ہے۔ حالانکہ ضروری ہے کہ وہ تجھے اپنا ولی عہد بنائے اور تجھے اپنا جانشین مقرر کرے۔

یزید کو اس کی باتیں پسند آئیں اس نے منصوبے پر اپنے باپ سے گفتگو کی اور مغیرہ کے اصرار پر یزید کی جانشینی کا اعلان کیا گیا۔ معاویہ نے مصر کا حکمران عمرو عاص کو بنایا اور کوفہ کی حکمرانی عمرو عاص کے بیٹے عبداللہ کے سپرد کی۔ مغیرہ معاویہ کے پاس گیا اور کہنے لگا تو نے بڑی غلطی کی ہے تو نے اپنے آپ کو دو شیروں کے منہ میں کھڑا کردیا ہے۔ معاویہ نے سوچا کہ بات تو صحیح کر رہا ہے اس نے عبداللہ بن عمرو عاص کو معزول کر کے مغیرہ کو دوبارہ کوفہ کا گورنر بنا دیا۔ اس طرح سے کوفہ کی حکومت حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ وہ سات سال اور کئی مہینوں تک گورنری کرتا رہا اور 49ھ میں طاعون کے مرض سے اس کی موت واقع ہوئی۔ [2]

---

[1] منتھی الامال 231/1

[2] پیغمبرو یاران 272-275 /5

باب نمبر 7

امانت

فرمانِ خداوندی ہے کہ۔

اِنَّ اللّٰہَ یَاۡمُرُکُمۡ اَنۡ تُؤَدُّوا الۡاَمٰنٰتِ اِلٰۤی اَہۡلِہَا ۙ

''مسلمانو! بے شک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں اہلِ امانت کے سپرد کرو''۔ [1]

امام محمد باقر علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں کہ۔

فلو ان قاتل علی ابن ابی طالب ائتمنی علی امانۃ لادیتھا الیہ۔

اگر علی ابن ابی طالب کا قاتل بھی میرے پاس امانت رکھے میں پھر بھی اس کی امانت میں خیانت نہیں کروں گا۔ [2]

مختصر تشریح

جو چیز کسی ایک شخص کے پاس بطور امانت رکھی جائے تو اُس کی حفاظت واجب ہوتی ہے اور اُس میں خیانت حرام ہوتی ہے۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ امانت رکھنے والا کافر ہے یا کوئی مسلمان۔

امانت میں خیانت کرنے والا آدمی لوگوں کی نگاہوں میں گر جاتا اور لوگ اُسے چور سمجھتے ہیں۔

مومن کامل کی ایک نشانی یہ ہے کہ وہ امانت میں خیانت نہ کرے اور جو شخص خیانت کرتا ہے اللہ اس پر فقر کا پردہ ڈال دیتا ہے۔ امانت کا تعلق دولت سے بھی ہو سکتا ہے، لوگوں کے رازوں سے بھی ہو سکتا ہے اور لوگوں کی ناموس سے بھی ہو سکتا ہے۔

شیطان کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ امین شخص کو گمراہ کرے اور اسے خیانت کی طرف راغب کرے۔

1. حضرت اُمِ سلمہ کی امانت داری

جب حضرت علی علیہ السلام نے عراق جانے کا ارادہ کیا تو آپ نے کچھ خطوط اور وصیتیں لکھیں اور وہ حضرت ام سلمہ کے سپرد

---

[1] سورۃ النساء، 58/

[2] فروع کافی، 133/5

کیے۔اور جب حضرت امام حسنؑ مدینہ تشریف لائے تو بی بی ام سلمہ نے وہ خطوط اور وصیت نامہ ان کے سپرد کیا۔

جب امام حسن علیہ السلام عازم عراق ہوئے تو آپ نے چند خطوط اور وصیت نامہ لکھ کر بی بی ام سلمہ کو بطور امانت دیئے اور فرمایا! کہ اگر میرا بیٹا آئے اور آپ سے اِن کا مطالبہ کرے تو اس کو یہ امانت واپس کر دینا۔ امام حسین علیہ السلام کی شھادت کے بعد جب امام سجاد علیہ السلام واپس مدینہ آئے تو حضرت ام سلمہ نے وہ امانت اُن کے سپرد کی۔ [1]

بی بی ام سلمہ کا ایک بیٹا جس کا نام عمر ہے روایت کرتا ہے کہ میری ماں نے مجھ سے کہا کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم حضرت علی علیہ السلام کو ساتھ لئے میرے گھر تشریف لائے۔ آپؐ نے گوسفند کی کھال طلب کی۔ آپ نے اس پر کچھ مطالب لکھے اور میرے سپرد کی۔ فرمایا میرے بعد جو نشانی دے کر تجھ سے کھال مانگے تو اُسے دے دینا۔

دن گزرتے رہے رسول اللہؐ کی وفات ہوگئی۔ خلافتیں بنتی رہیں یہاں تک کہ امیر المومنین علیؑ کی خلافت آگئی اُس وقت تک یہ امانت کسی نے طلب نہ کی۔

جب خلیفہ سوم کی وفات ہوئی تو لوگ ہجوم بنا کر حضرت علی کی بیعت کرنے لگے۔ اُن بیعت کرنے والوں کے ہجوم میں میں (عمر) بھی موجود تھا۔ حضرت علی علیہ السلام منبر سے نیچے تشریف لائے مجھے دیکھا اور فرمایا کہ آپ اپنی والدہ کے پاس جائیں اور اُن سے کہیں کہ علیؑ اُن سے ملنا چاہتے ہیں۔ مَیں اپنی والدہ ماجدہ کی خدمت میں آیا اور میں نے اسے حضرت علی علیہ السلام کا پیغام دیا۔ میری والدہ نے جواب میں کہا کہ مجھے خود بھی اسی دن کا انتظار تھا۔ چنانچہ امام علیہ السلام آئے اور فرمایا کہ بی بی اُم سلمہ آپ کے پاس فلاں فلاں نشانی کے ساتھ ایک امانت محفوظ ہے آپ وہ میرے سپرد کریں۔

میری والدہ اُٹھیں ایک صندوق نکالا اور اُس صندوق میں ایک اور چھوٹا صندوق رکھا ہوا تھا وہ کھولا اُس میں وہ امانت موجود تھی جو انہوں نے حضرت علیؑ کے سپرد کی۔

میری والدہ نے مجھ سے کہا کہ علیؑ کی کبھی بھی مخالفت نہ کرنا بلکہ ہمیشہ علی علیہ السلام کی مدد کرتے رہنا کیونکہ رسول خدا کے بعد میں اِن کے علاوہ اور کسی کو امام نہیں مانتی۔ [2]

2. خائن عطار

عضد الدولہ دیلمی کے زمانہ حکومت میں ایک مسافر بغداد آیا اور اُس کے پاس سونے کا ایک قیمتی گلو بند تھا۔ وہ گلو بند فروخت کرنے کے لئے بازار گیا۔ مگر اسے مناسب قیمت کہیں سے بھی نہ مل سکی تو اُس نے سوچا کہ اس وقت اسے بیچنا مناسب نہیں ہے۔ وہ شخص حج کے لئے مکہ جانا چاہتا تھا اس نے لوگوں سے پوچھا کہ مَیں نے ایک امانت رکھنی ہے مجھے کسی امین کا پتہ بتائیں۔

---

[1] سفینۃ البحار مادہ (سلم)

[2] پیغمبر و یاران 275/1۔ بحار الانوار 942/4

لوگوں نے کہا کہ فلاں بازار میں ایک عطار ہے جو کہ نہایت امین ہے اگر کچھ امانت رکھنی ہے تو اسی کے پاس رکھو۔ لوگوں کی باتیں سن کر مسافر اُس عطار کے پاس گیا اور اس سے کہا کہ میں سونے کا یہ گلوبند آپ کے پاس بطور امانت رکھنا چاہتا ہوں اور حج بیت اللہ سے فارغ ہونے کے بعد اپنی امانت واپس لے لوں گا۔ عطار نے وہ گلوبند اپنے پاس رکھ لیا۔

مسافر حج پر چلا گیا اور واپسی پر اُس نے کچھ تحائف خریدے اور بغداد آ کر اس نے وہ تحائف عطار کو دیئے اور اپنی امانت کا مطالبہ کیا۔ عطار کی نیت خراب ہو گئی اور کہا کہ کیسی امانت اور کہاں کی امانت؟ میں تو تجھے پہچانتا تک نہیں اور نہ ہی کبھی تو نے میرے پاس امانت رکھی۔

اس بے چارے نے بڑی نشانیاں دیں اور منتیں کیں لیکن عطار بدستور انکار کرتا رہا۔ وہ شہر کے چند معززین سے ملا اور عطار کی خیانت کی شکایت کی تو سب لوگوں نے اسے جھوٹا قرار دیا اور عطار کو سچا کہا۔ غرض یہ کہ پورے بغداد میں کسی نے بھی اس کی حمایت نہ کی۔

مجبور ہو کر اُس نے عضد الدولہ کے نام درخواست لکھی۔ جس میں اُس نے عطار کی خیانت کی شکایت کی اور اُس نے اپنے لئے دادرسی کی درخواست کی۔

عضد الدولہ دیلمی نے اُسے لکھا کہ تم تین دن تک روزانہ اس کی دوکان پر جاؤ اور چوتھے روز میں وہاں سے لشکر لے کر گزروں گا اور تم سے اس دوکان پر ملاقات کروں گا۔

لُٹا ہوا مسافر تین دن تک عطار کی دوکان پر جاتا رہا۔ لیکن ہر دفعہ عطار اُسے پہچاننے سے انکار کر دیتا تھا۔ چوتھے دن وہ عطار کی دوکان پر بیٹھا تھا کہ عضد الدولہ اپنے لاؤ لشکر سمیت وہاں سے گزرا اور اسے دیکھ کر رک گیا اور شکوہ کرنے لگا کہ مجھے افسوس ہے کہ آپ بغداد آئے ہوئے ہیں۔ لیکن آپ نے مجھ سے ملاقات تک نہیں کی۔ جب کہ میں آپ کو دل میں ہمیشہ یاد کرتا ہوں۔ آپ ہم پر ایسا ظلم تو نہ کریں۔

مسافر نے کہا کہ میں ذرا مصروف تھا لہٰذا ملاقات نہ کر سکا۔ چند دنوں کے اندر فارغ ہو کر آپ سے ملنے آؤں گا اور آپ کے تمام گلے شکوے دور کر دوں گا۔

عطار یہ سب کچھ سنتا رہا اور حیران ہوا کہ یہ شخص عضد الدولہ کا قریبی دوست ہے۔ جب کہ میں اسے کئی مرتبہ اپنی دوکان سے دھتکار چکا ہوں۔ عضد الدولہ جیسے ہی وہاں سے روانہ ہوا تو عطار نے کہا کہ بھائی آپ اپنی امانت کی کوئی نشانی بتائیں تاکہ میں دوبارہ ڈھونڈ سکوں۔

مسافر نے گلوبند کی نشانی بتائی تو تھوڑی دیر کے بعد وہ گلوبند لے کر آیا اور کہا کہ آپ یقین کریں کہ میں خائن نہیں ہوں۔ مگر آپ کی امانت میرے ذہن سے اتر چکی تھی۔

مسافر نے گلوبند لیا اور سیدھا عضد الدولہ کے پاس چلا گیا۔ اسے تمام ماجرا سنایا۔ عضد الدولہ نے خائن عطار کی گرفتاری کا

حکم دیا۔ جب وہ گرفتار ہوکر آیا تو عضد الدولہ نے وہ گلوبند اس کی گردن میں ڈالا اور حکم دیا کہ اسے سرِعام پھانسی دی جائے۔ چنانچہ اس خائن کو بغداد کے مرکزی چوراہے پر پھانسی دی گئی اور تین دن تک طلائی گلوبند بھی اس کی گردن میں آویزاں رہا۔

چوتھے دن وہ گلوبند اس کی گردن سے اتار کر مسافر کے حوالے کیا اور کہا کہ امین خائن نہیں ہوتا۔ لیکن بعض اوقات لوگ اپنی نادانی کی وجہ سے خائن کو امین تصور کر لیتے ہیں۔ [1]

3. کسی کی امانت میں خیانت نہ کریں

عبداللہ بن سنان کہتے ہیں کہ میں مسجدِ نبوی میں امام جعفر صادق ؑ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اُس وقت آپ ؑ نمازِ عصر سے فارغ ہو کر تعقیبات میں مصروف تھے۔ میں نے اُن کی خدمت میں عرض کی۔

فرزندِ رسول! بعض امراء و سلاطین ہمارے پاس اپنا مال بطورِ امانت رکھتے ہیں اور ہمیں معلوم ہے کہ وہ لوگ آپ کا خمس ادا نہیں کرتے اگر ہم ان کی امانت میں خیانت کریں تو کیا ایسا کرنا جائز ہے۔

امام جعفر صادق ؑ نے یہ سُن کر تین مرتبہ فرمایا۔ خدا کی قسم اگر میرے باپ علی علیہ السلام کا قاتل ابن ملجم بھی میرے پاس امانت رکھے تو میں اُس کی امانت میں خیانت نہیں کروں گا۔ اُس کی امانت اسے واپس کر دوں گا۔ [2]

4. گڈریا (بھیڑیں چرانے والا) اور یہودیوں کی بھیڑیں

ہجرت کے ساتویں برس حضورِ اکرم ﷺ خیبر فتح کرنے کے لئے سولہ سو مجاہدین کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ قلعہ خیبر مدینہ سے تقریباً 32 فرسخ کے فاصلہ پر واقع تھا۔ مسلمانوں کا لشکر خیبر کے اطراف میں ٹھہرا رہا اور کافی دن تک قلعہ فتح نہ ہو سکا۔

مسلمانوں کے پاس غذائی اشیاء کی قلت ہو گئی حتیٰ کہ مسلمانوں کے لشکر نے کئی مکروہ جانور تک بھی کھائے جیسے گدھے اور گھوڑے وغیرہ۔ اِن حالات میں ایک سیاہ فام غلام جو کہ یہودیوں کی بھیڑیں چرایا کرتا تھا وہ حضورِ اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اُس نے اسلام قبول کیا۔ اور اس کے بعد اُس نے کہا کہ یہ بھیڑیں یہودیوں کا مال ہیں یہ میں آپ ﷺ کے اختیار میں دیتا ہوں۔

پیغمبرِ اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اُسے فرمایا کہ یہ بھیڑیں تیرے پاس اُن کی امانت ہیں اور تیرے لئے اس میں خیانت جائز نہیں ہے اور تیرے لئے ضروری ہے کہ تُو قلعہ میں جا اور یہ تمام بھیڑیں اُن کے مالکوں تک پہنچا دے۔

وہ شخص اُٹھا اور حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے اُس نے تمام بھیڑیں اُن کے مالکوں کے سپرد کر،

---

[1] پندِ تاریخ 202/1۔ مستطرف 118/1

[2] نمونہ معارف 354/1۔ بحار الانوار 149/15

کے پھر واپس آکر مسلمانوں کی صفوں میں شامل ہوا۔ [1]

5. قریش کی رسول اللہ صلی علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس امانتیں اور قریش کی مکاریاں

جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مکہ سے مدینہ ہجرت فرمائی تو امیر المومنین علی علیہ السلام کو مکہ میں اس ہدایت کے ساتھ ٹھہرایا کہ وہ تمام امانتیں اُن کے مالکوں کو واپس دے کر بعد میں مدینہ کی طرف روانہ ہوں۔

حنظلہ ابن ابوسفیان نے عمیر ابن وائل سے کہا کہ تم علیؑ کے پاس جاؤ اور اُن سے کہو کہ میں نے ایک سو مثقال سرخ سونا (خالص سونا) آپ کے پیغمبر کے پاس امانت رکھا وہ تو مدینہ فرار ہو گئے اُن کے بعد تم امین ہو تو میری امانت مجھے واپس کرو۔ اور دیکھو اگر علی تم سے گواہ طلب کریں تو میں قریش کی جماعت لے کر اُن سے تمہاری صداقت کی گواہی دوں گا۔

عمیر ذاتی طور پر یہ کام نہیں کرنا چاہتا تھا لیکن حنظلہ نے اُسے تھوڑا سا سونا اور اپنی ماں "ہند" کا گلوبند دیا۔ اور اُس سے کہا کہ تم علیؑ کے پاس جاؤ اور علیؑ سے ایک سو مثقال سونے کا مطالبہ کرو۔

عمیر حضرت علیؑ کے پاس آیا اور اپنی امانت کا دعویٰ کیا۔ حضرت علیؑ نے اُس سے پوچھا کہ کوئی تیرا گواہ ہے؟ اس نے جواب میں کہا کہ جی ہاں! ابوجہل، عکرمہ، عقبہ، ابوسفیان اور حنظلہ میرے گواہ ہیں۔

امامؑ نے اُس سے کہا کہ تم مکر کر رہے ہو اور تجھے ان مکاریوں سے ناکامی ہو گی۔ جاؤ اپنے گواہوں کو لے کر صحن کعبہ میں آجاؤ۔ وہ گیا اور اُس نے اپنے گواہوں کو امامؑ کے پاس حاضر کیا۔

امام علیہ السلام نے علیحدہ علیحدہ گواہوں سے اس امانت کی نشانیاں پوچھی۔ آپ نے عمیر کو الگ کر کے پوچھا کہ یہ بتا کہ کس وقت تو نے یہ امانت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس جمع کرائی تھی۔ ایک نے کہا کہ صبح کے وقت اس نے امانت جمع کرائی تھی۔

آپ نے ابوجہل سے پوچھا کہ بتا عمیر نے کس وقت یہ امانت محمد مصطفیٰؐ کے سپرد کی۔ اس نے جواب دیا کہ مجھے معلوم نہیں ہے۔

پھر آپ نے ابوسفیان سے یہ سوال کیا تو اُس نے جواب دیا کہ وہ غروب آفتاب کا وقت تھا جب محمدؐ نے وہ امانت اٹھا کر اپنی آستین میں رکھی۔

پھر آپ نے یہی سوال حنظلہ سے دہرایا تو اس نے جواب میں کہا کہ وہ ظہر کا وقت تھا جب اس نے اپنی امانت محمدؐ کے پاس جمع کرائی۔

اس کے بعد آپ نے یہی سوال عقبہ سے پوچھا تو اس نے جواب دیا کہ وہ عصر کا وقت تھا اور حضرت محمدؐ وہ امانت اٹھا کر اپنے گھر گئے تھے۔ آپؑ نے یہی سوال عکرمہ سے پوچھا تو اس نے جواب دیا اس وقت دن چڑھا ہوا تھا اُس وقت محمدؐ نے وہ امانت اپنے ہاتھ میں لیکر فاطمہؑ کے گھر کی طرف روانہ ہوئے۔

---

[1] داستانہائی وپندھا 114/8۔ سیرت ابن ہشام 344/3

امام علیہ السلام نے گواہوں کے اختلافات کو واضح کیا۔ جس سے قریش کا مکروفریب ظاہر ہو گیا۔ اور بعد میں حضرت علی علیہ السلام نے عمیر کی طرف دیکھا اور اُس سے کہا کہ تو نے جھوٹ کیوں باندھا اور تیرے چہرے کی رنگت زرد کیوں ہو رہی ہے؟

عمیر نے عرض کی ہم مکروفریب سے کام لے رہے تھے مجھے خدائے کعبہ کی قسم میں نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کوئی امانت نہیں رکھی تھی۔ اور اِس جھوٹے دعوئی کے لئے حنظلہ نے مجھے تھوڑا سا سونا اور "ہند" کا گلوبند بطور رشوت دیا تھا۔ اس لئے میں اِن کے بہکاوے میں آ گیا تھا۔ [1]

---

[1] رہنمائی سعادت 435/2۔ ناسخ التواریخ، امیر المومنین ص 676

باب نمبر 8

امتحان

فرمانِ خداوندی ہے:۔

الَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیٰوةَ لِیَبْلُوَكُمْ اَیُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ

"جس نے موت اور زندگی کو خلق کیا تاکہ تم لوگوں کو آزما کر دیکھے تم میں سے بہتر عمل کرنے والا کون ہے؟" [1]

امام سجاد علیہ السلام کا فرمان ہے۔

"اِنَّمَا خَلَقَ الدُّنْیَا وَاَهْلَهَا لِیَبْلُوَهُمْ."

اللہ تعالیٰ نے دنیا اور اہل دنیا کو اس لیے پیدا کیا کہ ان کی آزمائش کی جاسکے۔ [2]

مختصر تشریح

دنیا امتحان کا گھر ہے یہاں پر امتحان بیماری، جوان بیٹے کی موت، مالی تنگ دستی، غلط الزامات، بُرے ہمسائے وغیرہ کی شکل میں ہوتے ہیں۔ یہ دنیا کاشتکاری کی جگہ ہے اور اس کے ساتھ امتحان ہے وہ شخص کامیاب ہے جو خوشی اور غمی کے حالت میں تمام مراحل عبور کرتا ہے۔ کبھی انسان کے پاس دولت ہوتی ہے کبھی اُس پر مفلسی طاری ہوتی ہے۔ اگر امتحان دولت سے ہو رہا ہو تو اسے شکر کرنا چاہئے اور اگر غربت کے ذریعے ہو رہا ہو تو انسان کو صبر کرنا چاہئے۔ ہر مقام پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے آزمائش ہوتی ہے۔ فقط کیت اور کیفیت میں فرق ہوتا ہے۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ بعض لوگ بڑے دین دار ہوتے ہیں جب ان پر آزمائش کی گھڑی آتی ہے تو ان کے ہاتھ سے صبر کا دامن چھوٹ جاتا ہے اور ان کی ایمانی حالت خطرے میں مبتلا ہو جاتی ہے۔

1. ہارون مکی کا امتحان

مامون رقی کہتے ہیں ایک دن میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں بیٹھا تھا کہ سہل بن حسن خراسانی امام کی

[1] سورہ ملک آیت۔ ۲

[2] فروع کافی 75/8، چاپ جدید

خدمت میں حاضر ہوا اور سلام کر کے بیٹھ گیا اور امام علیہ السلام کی خدمت میں عرض کرنے لگا: ''مولا! آپ رحیم وکریم خاندان کے فرد ہیں، امامت آپ کا حق ہے پھر کیا وجہ ہے کہ آپ اپنے حق کے لئے جنگ نہیں کرتے جبکہ اس وقت آپ کے لاکھوں عقیدت مند موجود ہیں اور ہزاروں شمشیر بار تلواریں آپ کی نصرت کے لئے حاضر ہیں۔''

امام علیہ السلام نے فرمایا: ''ابھی بیٹھو تھوڑی دیر بعد تمہیں جواب دونگا۔''

پھر آپ نے کنیز کو حکم دیا کہ تنور روشن کرلے اور جب تنور روشن ہو گیا اور آگ سے بھر گیا تو آپ نے سہل سے فرمایا: ''اس تنور میں جا کر بیٹھ جاؤ۔'' سہل خراسانی یہ حکم سن کر پریشان ہوا اور معذرت طلب کی۔ اس دوران ہارون مکی امام علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: ''ہارون! جوتی باہر رکھ دے اور تنور میں جا کر بیٹھ۔''

ہارون نے فوراً آپ کے حکم کی تعمیل کی جیسے ہی ہارون تنور میں جا کر بیٹھا تو آپ نے اوپر سے تنور کا ڈھکنا بند کر دیا اور سہل سے خراسان کے متعلق کافی دیر تک گفتگو کرتے رہے پھر آپ نے خراسانی سے فرمایا: ذرا تنور کے پاس جاؤ اور ہارون کا حال ملاحظہ کرو۔

سہل تیزی سے تنور پر آیا اور ڈھکنا اٹھا کر دیکھا تو ہارون ایک سرسبز باغیچہ میں بیٹھا ہوا تھا۔ ڈھکن اُٹھتے ہی ہارون باہر آ گیا۔

امام علیہ السلام نے سہل خراسانی سے پوچھا: ''خراسان میں ایسے افراد کی کتنی تعداد ہے؟''

سہل نے کہا! کہ خدا کی قسم ایک بھی نہیں۔

آپ نے فرمایا! کہ جب اس طرح کے ہمیں پانچ افراد مل گئے تو ہم اپنے حق کے لئے اُٹھ کھڑے ہوں گے ہم بہتر جانتے ہیں کہ ہمیں کب خروج کرنا ہے۔ [1]

2: بہلول نے عہدہ قبول نہ کیا

ہارون الرشید چاہتا تھا کہ کسی کو بغداد کا قاضی مقرر کرے۔ اس نے اپنے مشیروں سے مشورہ کیا تو سب نے بہلول کا نام پیش کیا۔ ہارون نے بہلول کو دربار میں طلب کیا اور اسے بغداد کی قضاوت کی پیش کش کی اور کہا کہ اس کام میں آپ میری مدد کریں۔

بہلول نے کہا۔ میں اپنے اندر اس کام کی صلاحیت نہیں پاتا۔ ہارون نے کہا کہ بغداد کے تمام لوگ کہتے ہیں کہ تم اس کے حقدار ہو مگر تم انکار کر رہے ہو۔

بہلول نے کہا کہ بادشاہ! میں اپنے متعلق لوگوں سے زیادہ بہتر جانتا ہوں۔ اور میری یہ بات دو حال سے خالی نہیں ہے۔

1. یا تو میں سچا ہوں کہ میرے اندر قاضی بننے کی صلاحیت نہیں ہے تو آپ ایک نا اہل شخص کو ایسا اہم عہدہ کیوں

[1] دلائل الامامۃ ... 65/4 ۔ سفینۃ البحار 714/2

دینا چاہتے ہیں۔

2۔ یا پھر میں اپنے اس قول میں جھوٹا ہوں تو آپ ایک جھوٹے شخص کو قاضی بنانے پر کیوں تلے ہوئے ہیں؟

ہارون نے کہا۔ مگر تجھے ہر قیمت پر یہ عہدہ قبول کرنا ہوگا۔

بہلول نے اس سے ایک رات کی مہلت طلب کی۔

اور جیسے ہی صبح ہوئی بہلول نے اپنے آپ کو دیوانہ بنالیا اور لکڑی کے گھوڑے پر سوار ہو کر بازار بغداد میں کہتے لگے لوگو! ہٹو کہیں میرے گھوڑے کے سموں تلے نہ آجانا۔

لوگوں نے کہا ہائے افسوس بہلول تو دیوانہ ہو گیا۔ یہ خبر ہارون کو سنائی گئی کہ بہلول دیوانہ ہو گیا تو ہارون الرشید نے کہا میں بخوبی جانتا ہوں وہ دیوانہ نہیں ہے لیکن اس نے اس بہانے سے اپنے دین کی حفاظت کی ہے۔ [1]

جی ہاں ہر امتحان کی اپنی کیفیت ہوتی ہے۔ ایک دفعہ ہارون الرشید نے اپنا مخصوص کھانا غلام کے ہاتھ بہلول کے پاس روانہ کیا۔ بہلول نے خلیفہ کا کھانا کھانے سے انکار کر دیا۔ اور غلام سے کہا سامنے حمام ہے حمام کے پچھواڑے چلے جاؤ اور وہاں کتے ہوں گے یہ کھانا جا کر کتوں کو ڈال دو۔ غلام ناراض ہوا اور کہنے لگا۔ احمق! یہ خلیفہ کا کھانا ہے۔

اگر میں یہ کھانا وزراء اور اعیان سلطنت کے پاس لے جاتا تو وہ مجھے انعام دیتے۔ بہلول نے کہا کہ آہستہ بات کرو۔ اگر کتوں نے سن لیا تو وہ بھی نہیں کھائیں گے۔

3. ابوھریرہ ناکام رہا

ابوھریرہ نے 8ھ کو اسلام قبول کیا۔ اُسے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ صرف اور صرف دو سال تک رہنا نصیب ہوا۔ ابوھریرہ 59ھ میں 78 سال کی عمر میں فوت ہوئے تھے۔

اس کو پیغمبر اکرم کا دیدار نصیب ہوا تھا اس وجہ سے لوگ اسے صحابی بھی سمجھتے تھے۔ اس نے اس مقام سے ناجائز استفادہ کیا اس نے اپنی اس منزلت کو دنیا کے بدلے فروخت کیا۔ اس نے پیٹ بھرنے کے لئے جھوٹی احادیث بنائی تھیں اور ان کی نسبت پیغمبر خدا کی طرف دی تھی۔

خلیفہ دوئم نے پہلی دفعہ اُسے احادیث بیان کرنے سے منع کیا تھا۔ دوسری مرتبہ اُسے تازیانوں سے سزا دی اور تیسری مرتبہ اُسے مدینہ سے نکال دیا تھا۔

21ھ میں جب بحرین کے گورنر اعلیٰ کی وفات ہوئی تھی تو خلیفہ دوئم حضرت عمر نے اسے وہاں کا حاکم بھی مقرر کیا تھا کچھ عرصے کے بعد ابوھریرہ نے وہاں پر چار لاکھ دینار جمع کر لئے۔ جب خلیفہ کو اس کا علم ہوا تو انہوں نے اسے معزول کر دیا۔ معاویہ نے کچھ صحابہ

---

[1] چند تاریخ 181/1۔ روضات الجنات ص 36

رتابعین کے ذمہ یہ کام لگایا کہ وہ حضرت علیؑ کی مخالفت میں جھوٹی احادیث بیان کریں۔ اُن میں سرفہرست ابوھریرہ تھا۔

''اصبغ بن نباتہ'' نے ایک دفعہ اُسے کہا تھا تجھے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان کا خیال نہیں تو علیؑ کے دشمنوں سے دوستی رکھتا ہے اور علیؑ کے دوستوں سے دشمنی رکھتا ہے۔

ابوھریرہ نے اس کے جواب میں سرد آہ بھری اور کہا: ''انا للہ وانا الیہ راجعون۔''

ابوھریرہ کی ناکامی دیکھئے کہ یہ معاویہ سے دولت حاصل کرنے کے لئے کئی دفعہ مسجد کوفہ میں آکر اپنی پیشانی کو اپنے ہاتھوں سے زور سے پیٹا۔ لوگ جمع ہو گئے اور کہنے لگا کہ اہل عراق یہ سمجھتے ہیں کہ میں رسولِ خدا پر جھوٹ باندھتا ہوں اور اپنے آپ کو دوزخ کا ایندھن بنا رہا ہوں۔ خدا کی قسم، میں نے رسولِ خدا کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ ہر پیغمبر کا کوئی نہ کوئی حرم ہوتا ہے اور مدینہ میں ''کوہ عیر'' سے لیکر ''کوہ ثور'' تک میرا حرم ہے اور جو بھی میرے حرم میں نئی بات احداث کرے گا اور بدعت پیدا کرے گا۔ اس پر خدا، ملائکہ اور تمام انسانوں کی لعنت ہوگی۔ لوگو! میں خدا کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ (نعوذ باللہ) حضرت علی علیہ السلام نے حرم پیغمبر میں بدعت پیدا کی ہے۔

معاویہ نے یہ گفتگو سنی تو بہت خوش ہوا اور اس کے بدلے میں ابوھریرہ کو مدینہ کا حکم بنا دیا۔[1]

4. حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسماعیلؑ کی قربانی

اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کو حکم دیا کہ وہ حضرت اسماعیل کو اپنے ہاتھ سے راہِ خدا میں قربان کریں۔ اللہ کی طرف سے یہ بہت بڑا امتحان تھا۔ اللہ تعالیٰ اس ذریعے سے دیکھنا چاہتا تھا کہ وہ میرے فرمان کی فرمان برداری کرتے ہیں۔ پہلے تو کافی عرصہ تک حضرت ابراہیمؑ کے ہاں کوئی اولاد نہیں تھی۔ جب بڑھاپے میں اللہ تعالیٰ نے اولاد کی نعمت سے نوازا، جب بیٹا تھوڑا سا بڑا ہو گیا تو اس وقت اللہ تعالیٰ حضرت ابراہیم کا امتحان لیا اور حکم دیا گیا کہ اپنے ہاتھ سے نے حضرت اسماعیلؑ کو راہِ خدا میں ذبح کریں۔

حضرت ابراہیمؑ حضرت اسماعیلؑ سے کہا کہ پیارے فرزند میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں۔ حضرت اسماعیلؑ نے کہا بابا جان خدا نے آپ کو جو حکم دیا ہے آپ اس پر عمل کریں ''انشاء اللہ'' آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے۔''

حضرت اسماعیلؑ نے حضرت ابراہیمؑ کو ترغیب دیتے ہوئے کہا کہ بابا جان اگر آپ نے مجھے ذبح کرنے کا فیصلہ کر ہی لیا ہے تو کچھ اور کام بھی کریں آپ میرے ہاتھ پاؤں رسی سے باندھ لیں تاکہ جس وقت میرے حلق پر چھری چلے تو میں تڑپ نہ پاؤں تاکہ میرے اجر اور ثواب میں کمی واقع نہ ہو۔ کیونکہ موت کافی سخت ہوتی ہے اور مجھے خوف ہے کہ موت کے وقت میں کہیں مضطرب نہ ہوں اور دوسری گذارش یہ کہ آپ چھری کو بہت تیز کر لیں تاکہ جب آپ تیزی سے چھری میرے گلے پر پھیریں تو میں بھی جلدی سے زندگی

---

[1] پیغمبر و یاران 166/1-154

سے چھٹکارا حاصل کر سکوں۔ اور تیسری گذارش یہ ہے کہ جب آپ مجھے زمین پر لٹائیں تو میرا چہرہ زمین کی طرف کر دینا، میرا چہرہ آپ کی طرف نہیں ہونا چاہئے مجھے خوف ہے اگر آپ کی نگاہ میرے چہرے پر پڑی تو ہوسکتا ہے آپ کو مجھ پر ترس آ جائے اور آپ فرمان الٰہی پر پوری طرح سے عمل نہ کر سکیں۔ ذبح کرتے وقت آپ اپنے کپڑوں کو علیحدہ رکھیں، آپؑ کے کپڑوں پر میرا خون نہیں آنا چاہئے تاکہ میری ماں آپؑ کے کپڑوں پر میرا خون نہ دیکھے۔ اگر آپ مناسب سمجھیں تو میرا لباس دیکھ کر اسے کچھ تسلی ملے۔ ابراہیم علیہ السلام نے بیٹے کی باتیں سن کر کہا: "اے فرزند تو فرمان الٰہی کی تکمیل کے سلسلے میں میرا اچھا معاون و مددگار ہے۔

ابراہیم اپنے فرزند کو لیکر منیٰ آ گئے۔ چھری کو تیز کیا، جناب اسماعیل علیہ السلام کے رسی سے ہاتھ پاؤں بندھے اور اُن کا چہرہ زمین کی طرف کیا اور حضرت اسماعیل کی طرف دیکھنے کے بجائے آپؑ نے آسمان کی طرف سر بلند کیا۔ اور چھری حضرت اسماعیلؑ کی گردن پر چلائی لیکن آپؑ نے محسوس کیا کہ چھری انتہائی کند ہو چکی ہے اور معصوم کے گلے کو نہیں کاٹ رہی۔ آپؑ نے یہ عمل کئی مرتبہ دوہرایا اُس وقت آسمان سے ندا آئی "بے شک تو نے اپنے خواب کو سچا کر دکھایا اور تو نے فرمان الٰہی پر عمل کیا۔" جبرئیل فدیہ کے عنوان سے جنت سے گوسفند لائے اور ابراہیمؑ نے اُس کی قربانی دی۔

یہ سنت ہمیشہ کے لئے حاجیوں میں رکھ دی گئی وہ ہر سال منیٰ میں جا کر قربانیاں کرتے ہیں۔ [1]

5. سعدؓ کا امتحان

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک صحابی تھا جس کا نام سعد تھا وہ انتہائی قلاش اور مفلس تھا اور وہ اصحاب صُفہ کا ایک فرد تھا۔ وہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اقتداء میں تمام نمازیں ادا کرتا تھا۔ آپؑ سعد کی غربت سے بہت متاثر تھے اور ایک دن آپؐ نے اس سے فرمایا: جب میرے ہاتھ کچھ رقم آئی تو میں تجھے بے نیاز کر دوں گا۔

ایک عرصے تک رسول پاکؐ کے پاس کوئی رقم نہ آئی۔ آپ ﷺ سعد کی غربت سے بہت پریشان ہوئے۔ ایک دن جبرئیل امین آئے اور عرض کی: اللہ تعالیٰ آپ کو درود و سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے کہ آپؐ سعد کی غربت دیکھ کر پریشان ہیں اور آپؐ نے اس سے وعدہ بھی کر چکے ہیں کہ اسے کچھ دیں گے۔ آپؐ یہ دو درہم لیں اور سعد کو دے کر کہیں کہ وہ ان سے تجارت کرے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ دو درہم لے لئے۔ نماز ظہر کا وقت ہوا تو سعد نے آپ کی امامت میں نماز ادا کی۔ آپؐ نے نماز سے فارغ ہو کر فرمایا: سعد! تجارت کر سکتے ہو؟ اس نے عرض کی خدا کی قسم میرے پاس کچھ بھی نہیں ہے۔

میں بھلا تجارت کیسے کر سکتا ہوں؟ آپؐ نے اسے دو درہم دیئے اور فرمایا: جاؤ اس سے تجارت شروع کرو اللہ برکت دے گا۔ سعد نے دو درہم لئے اور اس سے خرید و فروخت شروع کی اور اللہ تعالیٰ نے اس کی تجارت میں برکت دی وہ مٹی میں ہاتھ ڈالتا تو بھی اسے نفع حاصل ہوتا۔

---

[1] تاریخ انبیاء 164/1

آہستہ آہستہ اُس کی مالی حالت بہتر ہونے لگی۔ اس نے مسجد کے دروازے پر ایک دکان حاصل کر لی۔ اس میں اپنا سامان رکھنے لگا۔ پھر نوبت یہاں تک آپہنچی کہ حضرت بلال اذان کہتے اور رسولِ خدا اپنے گھر سے تیار ہو کر مسجد پہنچ جاتے لیکن سعد خرید و فروخت میں مصروف رہتا تھا گو کہ تجارت شروع کرنے سے پہلے وہ اذان سے بھی پہلے وضو کر کے مسجد میں پہنچ جایا کرتا تھا۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سعد! دنیا نے تجھے مصروف کر دیا ہے اور دولت نے تجھے نماز سے غافل کر دیا ہے۔

سعد نے کہا: تو کیا میں اپنے مال کو ضائع کر دوں؟ اس شخص کے ہاتھ میں جنس بیچی ہے ابھی اس سے قیمت لینی ہے اور اس شخص سے قیمت لے چکا ہوں لیکن اسے جنس دینی ہے۔

پیغمبر اکرم سعد کی اس دنیا طلبی کو دیکھ کر پریشان ہوئے۔ ایک مرتبہ جبرئیل امین نازل ہوئے اور عرض کی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ آپ سعد کی یہ حالت دیکھ کر پریشان ہوتے ہیں۔ اگر آپ اس کی دولت مندی کو پسند کرتے ہیں تو ہم اسے دولت مند ہی رہنے دیتے ہیں۔ اگر آپ اس کی غربت و ناداری پسند کرتے ہیں تو ہم اسے سابقہ حالت پر لوٹا دیتے ہیں۔ رسولِ اکرمؐ نے فرمایا: پروردگارا سعد مجھے پیارا ہے لیکن یہ روز بروز دنیا کی دلدل میں پھنسا جا رہا ہے یوں اس کی آخرت تباہ ہو رہی ہے اور میں اس کی آخرت یوں تباہ ہوتے ہوئے برداشت نہیں کر سکتا۔

جبرئیل امین نے کہا: پھر آپؐ اس سے دو درہم جو آپ نے دیے تھے طلب فرمائیں۔ رسولِ خدا سعد کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا: سعد! کیا تم ہمیں ہمارے دو درہم واپس نہیں کرو گے؟ سعد نے کہا: میں دو سو درہم دینے کو تیار ہوں آپؐ نے فرمایا: نہیں مجھے صرف دو درہم ہی چاہئیں۔ سعد نے آپ کو دو درہم دیدیئے اس کے بعد اسے کاروبار میں خسارہ اُٹھانا پڑا۔ چند دنوں کے بعد وہ اپنی پہلی حالت پر لوٹ آیا۔ [1]

---

[1] داستانہا و پندہا 78/2۔ حیات القلوب 578/1

باب نمبر 9

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر

فرمانِ خداوند کریم ہے۔

"كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ"

"دنیا میں تم بہترین گروہ ہو جسے انسان کی ہدایت واصلاح کے لئے میدان میں لایا گیا تم نیکی کا حکم دیتے ہو اور بدی سے روکتے ہو۔" [1]

حضرت علی علیہ السلام کا ارشاد ہے۔

مَنْ تَرَكَ إِنْكَارَ الْمُنْكَرِ بِقَلْبِهِ وَيَدِهِ وَلِسَانِهِ فَهُوَ مَيِّتٌ بَيْنَ الْأَحْيَاءِ۔

"جو شخص اپنے دل، ہاتھ اور زبان سے برائی کو برائی سمجھنا چھوڑ دے تو وہ زندوں میں مردہ ہے۔" [2]

مختصر تشریح

امر بالمعروف اسلام کا اہم فریضہ ہے۔ اور جو شخص یہ فریضہ سرانجام دینا چاہے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ خود بھی حلال وحرام کو اچھی طرح سے جانتا ہو اور جو کچھ کہے عملی طور پر اس کی مخالفت نہ کرے۔ اور اس کے قول وفعل میں تضاد نہیں ہونا چاہئے۔

ایسے شخص کو نفسیات شناس بھی ہونا چاہئے اور لوگوں کے فہم وادراک اور ان کی قبولیت اور عدم قبولیت کے پیمانوں سے بخوبی واقف ہونا چاہئے اور امر بالمعروف کرنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ نفس کی چالاکیوں اور ابلیسی حیلوں سے آگاہ ہو اور اس کی تبلیغ کا مقصد صرف رضائے الٰہی ہونا چاہئے۔ اگر لوگ اس کی مخالفت کریں تو صبر کرے اور اگر اس کی موافقت کریں تو خدا کا شکر بجالائے۔

1. بشر حافی

ایک مرتبہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام بغداد شہر سے گزر رہے تھے کہ ان کا گزر بشر کے گھر سے ہوا، بشر کے گھر سے گانے

[1] سورہ آل عمران آیت 110

[2] جامع السعادات 2/238

بجانے کی آوازیں آرہی تھیں، معلوم ہوتا تھا کہ گھر میں موسیقی زور و شور سے جاری ہے۔

اسی اثناء میں بشر کی ایک کنیز کوڑا کرکٹ ڈالنے کے لئے گھر سے باہر آئی۔

امام موسیٰ کاظمؑ نے اس کنیز سے دریافت کیا: ''یہ کس کا گھر ہے؟ کنیز نے کہا: ''گھر کے مالک کا نام بشر ہے۔''

امام موسیٰ کاظمؑ نے فرمایا کہ اچھا یہ بتاؤ کہ یہ آزاد ہے یا غلام ہے؟ کنیز نے کہا کہ یہ آزاد ہے۔

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا: ''واقعی تو نے درست کہا ہے۔ اگر وہ کسی کا غلام ہوتا تو اسے اپنے آقا کا خوف ہوتا۔''

کنیز واپس آئی، بشر شراب کی محفل سجائے بیٹھا تھا، اس نے کنیز سے پوچھا: ''تم نے اتنی دیر کیوں لگائی؟''

کنیز نے جواب دیا: ''میں باہر گئی تو ایک نورانی چہرے والا بزرگ یہاں سے گزر رہا تھا۔ اس نے مجھ سے پوچھا کہ اس گھر کا مالک بندہ ہے۔ یا آزاد ہے؟

میں نے بتایا کہ آزاد ہے۔

انہوں نے کہا: ''واقعی اگر وہ کسی کا بندہ ہوتا تو آداب زندگی بجالاتا اور اسے اپنے آقا کا خوف ہوتا''

یہ الفاظ سن کر بستر سرتا پا کانپ اُٹھا اور پابرہنہ گھر سے نکلا اور اس بزرگوار کی تلاش شروع کی، جلدی ہی اس کی ملاقات امام موسیٰ کاظمؑ سے ہوگئی اور عرض کی۔ ''آقا! واقعی میں اب تک آزاد تھا لیکن اب غلام بننا چاہتا ہوں۔''

پھر اس نے امام موسیٰ کاظم کے ہاتھ پر توبہ کی اور پوری زندگی زہد و تقویٰ میں بسر کردی۔

بشر نے برہنہ پا امام عالی مقام کے ہاتھ پر توبہ کی تھی۔ اس لئے اس نے پوری زندگی کبھی جوتا نہیں پہنا تھا اور پوری زندگی برہنہ پا رہ کر بسر کردی، اسی وجہ سے اس کا لقب ''حافی'' مشہور ہوگیا۔ لوگ جب بھی اس کا نام لیتے تو اسے بشر حافی کہہ کر پکارا کرتے۔

عربی زبان میں ''حافی'' پابرہنہ شخص کو کہا جاتا ہے۔[1]

2. نہی عن المنکر کرنے والا مجاہد

یہ اس زمانے کی بات ہے جب ایران پر فتح علی شاہ قاچار حکومت کرتا تھا۔ اس نے ایران کے شہر ''یزد'' کے لئے ایک شخص کو حاکم مقرر کیا۔ اس کا مقرر کردہ حاکم انتہائی ظالم شخص تھا۔ اس نے یزد کی حکومت سنبھالتے ہی لوگوں پر ظلم و ستم کرنا شروع کردیا۔ اس وقت یزد میں ملا حسن یزدی رہائش پذیر تھے اور تمام لوگ ان کا بے حد احترام کرتے تھے۔

یزد کے عوام نے ملا حسن یزدی سے حاکم کے مظالم کا شکوہ کیا۔ انہوں نے حاکم شہر سے ملاقات کی اور اس کو ظلم و ستم بند کرنے کی تلقین کی لیکن ... نے اپنا رویہ قائم رکھا۔

ملا حسن یزدی نے حاکم کے مظالم لکھ کر فتح علی شاہ قاچار کے پاس بھیجے لیکن شاہ نے بھی اصلاح حال کے لئے

---

[1] روضات الجنات ص 232

کوئی قدم نہ اٹھایا۔

الغرض جب حاکم یزدکی من مانیاں حد سے بڑھ گئیں تو اہل شہر کے صبر کا پیمانہ بھی لبریز ہو گیا۔ ملا حسن یزدی نے اہل شہر کی قیادت کی اور حکم دیا کہ اس نااہل حاکم کو شہر بدر کر دیا جائے۔

ملا حسن کے پاس عوامی طاقت اتنی زیادہ تھی کہ حاکم کو وہاں سے بوریا بستر سمیٹنا پڑا۔ اور وہ شاہ ایران کے پاس گیا اور کہا کہ اہل یزد نے بغاوت کر دی ہے۔ اور مجھے وہاں سے نکال دیا ہے۔

شاہ کو سخت غصہ آیا اور اس نے ملا حسن یزدی کی گرفتاری کا حکمنامہ جاری کیا۔ الغرض ملا حسن گرفتار ہوئے اور انہیں تہران میں شاہ کے پاس پیش کیا گیا۔

شاہ نے کہا کہ یزد کا حادثہ کیا تھا؟

ملا حسن نے جواب دیا کہ تیرا حاکم ظالم تھا۔ اس لئے ہم نے اسے یزد سے نکال کر اہل شہر کو اس کے شر سے بچایا۔

بادشاہ کو سخت غصہ آیا اور اس نے حکم دیا کہ ملا حسن کے پاؤں باندھا کر انہیں ٹکٹکی کے ساتھ باندھ دیا جائے اور انہیں تازیانے مارے جائیں۔

ابھی تازیانے نہیں لگے تھے کہ شاہ کی نیت بدل گئی اور اس نے چاہا کہ ملا حسن کو تازیانے نہ لگیں اس نے اپنے وزیر امین الدولہ سے کہا کہ میرا خیال ہے کہ ہمارے حاکم کو ملا حسن نے نہیں نکالا تھا دوسرے لوگوں نے نکالا تھا ملا حسن کے پاؤں بندھے ہوئے تھے انہوں کہا کہ ایسا ہرگز نہیں ہے۔ تمہارے عامل کو میں نے ہی وہاں سے نکالا تھا۔

آخر کار امین الدولہ کی سفارش سے ملا حسن کے پاؤں کھول دیئے گئے۔ رات ہوئی فتح علی شاہ قاچار نے خواب میں دیکھا کہ رسول خدا کے پائے اطہر کی دو انگلیاں بندھی ہوئی ہیں۔ شاہ ایران نے عرض کی۔ یارسول اللہ! کس نے یہ گستاخی کی ہے؟

آنحضرت نے فرمایا کہ تم نے ہی تو میری انگلیاں باندھی ہیں۔

شاہ نے عرض کیا۔ یارسول اللہ! میں تو آپ کا ادنیٰ سا امتی ہوں میں تو اس گستاخی کا تصور تک نہیں کر سکتا۔

رسول خدا نے فرمایا کہ تو نے ملا حسن یزدی کے پاؤں نہیں بندھوائے۔ میری انگلیاں بندھوائی ہیں۔

بادشاہ وحشت زدہ ہو کر اٹھا اور حکم دیا کہ ملا حسن کو آبرومندانہ طریقہ سے رہا کیا جائے اور انہیں شاہی لباس پہنایا جائے۔

ملا نے شاہی لباس لینے سے انکار کر دیا اور وہاں سے واپس یزد آ گئے پھر چند دنوں بعد انہوں نے اپنا وطن چھوڑ دیا اور کربلا معلیٰ میں جا کر رہائش پذیر ہو گئے۔ اور زندگی کے آخری ایام وہیں بسر کئے اور ان کی موت بھی کربلا میں واقع ہوئی۔ [1]

---

[1] دیکھئے ہای مشید جلد 146/3۔ قصص العلماء ص 101

3. خدا کیا چاہتا ہے؟

اللہ تعالیٰ نے ایک شہر کو تباہ و برباد کرنے کے لئے دو فرشتوں کو بھیجا۔ جب فرشتے اس شہر میں اترے تو انہوں نے دیکھا کہ ایک شخص آدمی رات کے وقت اللہ تعالیٰ کی عبادت کر رہا ہے اور رو رو کر اپنے گناہوں کی معافی مانگ رہا ہے۔

ان میں سے ایک فرشتے نے کہا: ''اس شہر کو تباہ کرنے سے قبل اللہ تعالیٰ سے پوچھ لینا چاہئے۔ کیا اسے بھی دوسروں کے ساتھ تباہ کر دیا جائے یا اسے نجات دی جائے۔''

دوسرے فرشتے نے کہا کہ ہمیں اس کی ضرورت نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جو ہمیں حکم دیا ہے ہمارا کام ہے صرف اس کی تعمیل کرنا۔ اللہ تعالیٰ نے اس فرشتے کو وحی کی جس نے سوال کرنے سے منع کیا تھا کہ اس شخص کو بھی اور لوگوں کے ساتھ ہلاک کر دو۔ میں دوسرے بدکاروں کی طرح اس سے بھی ناراض ہوں۔ کیونکہ یہ عابد اپنی آنکھوں سے میری نافرمانی کو دیکھتا رہا لیکن آج تک اسکے چہرے پر ناراضگی کے آثار طاری نہیں ہوئے۔ جس فرشتے نے اللہ تعالیٰ سے اس کے متعلق دریافت کرنا چاہا تھا اس پر اللہ کا غضب نازل ہوا اور اللہ نے اسے ایک جزیرے میں ڈال دیا۔ وہ ابھی تک زندہ ہے اور اللہ تعالیٰ کے زیر عتاب ہے۔ [1]

4. یونس بن عبدالرحمان کا فریضہ

جب امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کو زہر ستم سے شہید کیا گیا تو اس وقت امامؑ کے چند وکلاء کے پاس خمس کی ایک بڑی رقم موجود تھی۔ چنانچہ زیاد قندی کے پاس ستر ہزار اشرفی تھی اور علی بن ابی حمزہ کے پاس تیس ہزار اشرفیاں تھیں۔

امام عالی مقامؑ کی شہادت کے بعد ان کی نیت میں فتور آ گیا اور امام علی رضا علیہ السلام کو امام زمانہ تسلیم کرنے کی بجائے انہوں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی شہادت کا ہی سرے سے انکار کر دیا۔ انہوں نے دن رات لوگوں میں اس نظریے کا پرچار کیا۔ کچھ لوگوں نے ان کی باتوں کو تسلیم کیا اور یوں مذہب وقفیہ کی داغ بیل ڈالی گئی۔

امام موسیٰ کاظمؑ کے اجلہ تلامذہ میں سے یونس بن عبدالرحمان لوگوں کو امام علی رضا علیہ السلام کی امامت کی دعوت دیتے تھے۔ (جنکے متعلق امام علی رضا علیہ السلام کہتے تھے کہ یہ اپنے زمانے کا سلمان فارسی ہے)۔

اُن کے اس طرز عمل کی وجہ سے زیاد قندی اور علی ابن ابی حمزہ ان کے مخالف ہو گئے اور اپنے ساتھ ملانے کے لئے انہیں دس ہزار اشرفی کا لالچ دیا۔

یونس بن عبدالرحمن صاحب بصیرت تھے۔ انہوں نے ان کی پیشکش کو ٹھکرا دیا اور کہا ''امام محمد باقر علیہ السلام اور امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے کہ جب لوگوں میں بدعتیں ظاہر ہو جائیں تو عالم کا فرض ہے کہ وہ اپنے علم کا اظہار کرے (لوگوں کو برائی

---

[1] جامع السعادت 231/ج2

سے روکے) اگر عالم نے ایسا نہ کیا اس سے نور ایمان سلب کر لیا جائے گا۔ میں کسی بھی حالت میں اس دینی جہاد اور امر بالمعروف اور نہی من المنکر کو ترک نہیں کروں گا۔ [1]

5. تبلیغ کے لئے معروف اور منکر کا علم ہونا چاہئے

حضرت عمر بن خطاب رات کے وقت مدینہ کے گلی کوچوں میں بھیس بدل کر چکر لگایا کرتے تھے۔

ایک مرتبہ وہ ایک مکان سے گزرے تو انہوں نے اندر سے مشکوک آوازیں سُنی۔ وہ فوراً دیوار پھلانگ کر مکان کے صحن میں پہنچ گئے۔ وہاں انہوں نے ایک شخص کو نامحرم عورت کے ساتھ تنہائی میں بیٹھا ہوا دیکھا۔ جس کے سامنے شراب کا ایک جام بھی رکھا ہوا تھا۔

حضرت عمرؓ نے اسے سرزنش کی: "کیا تو یہ سمجھتا تھا کہ اللہ تعالیٰ تیرے راز فاش نہیں کرے گا اور یہ کہ تجھے چھپ کر خدا کی نافرمانی کرتے ہوئے ذرا بھی حیا نہیں آئی۔"

اس شخص نے بڑے حوصلے سے کہا: "عمرؓ! صبر کرو جلد بازی سے کام نہ لو، اگر میں نے ایک غلطی کی ہے تو تم تین غلطیاں کر چکے ہو۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں حکم دیا ہے: "ولا تجسسوا" [2] (تجسس مت کرو) مگر تم نے ہماری جاسوسی کر کے قرآن کی اس آیت پر عمل نہیں کیا۔

اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

وَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ أَبْوَابِهَا [3]

(دروازوں سے گھروں میں داخل ہوں) مگر تم دیوار پھلانگ کر اندر آئے ہو، یہ تمہاری دوسری غلطی ہے۔ اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ کا یہ بھی فرمان ہے کہ: "واذا دخلتم بیوتاً فسلموا علیٰ اھلھا" [4]۔ (اور جب تم گھروں میں داخل ہو تو گھر والوں کو سلام کریں) مگر تم نے ہمیں سلام نہیں کیا۔ اس طرح تم بیک وقت تین غلطیاں کر چکے ہو۔

حضرت عمرؓ نے کہا: "میں اس شرط پر تیری غلطی معاف کر سکتا ہوں کہ آئندہ تو اس قسم کی کوئی حرکت نہیں کرے گا۔"

اس نے کہا: "خدا کی قسم میں آئندہ کوئی غلط حرکت نہیں کروں گا۔"

حضرت عمرؓ نے کہا: "مطمئن ہو جاؤ میں نے بھی معاف کر دیا ہے۔" [5]

---

[1] منتھی الامال 2/253

[2] سورہ حجرات۔ 49

[3] سورہ بقرہ۔ 189

[4] سورہ نور۔ 41

[5] چند تاریخ 29/5۔ الغدیر 6/121

باب نمبر10

انصاف

فرمانِ خداوندی ہے:

"كُونُوا قَوَّامِينَ لِلَّهِ شُهَدَاءَ بِالْقِسْطِ"

"(اے ایمان والو)، اللہ کی خاطر راستی پر قائم رہنے والے اور انصاف کی گواہی دینے والے بنو۔"[1]

مولا علی امیر المومنین علیہ السلام کا ارشاد ہے:

"مَنْ يُنصِفُ مِنْ نَفْسِهِ لَمْ يَزِدْهُ اللهُ إِلَّا عِزّاً"

جو اپنی ذات سے لوگوں کو انصاف دے تو اللہ تعالیٰ اس کی عزت میں اضافہ کرتا ہے۔[2]

مختصر تشریح

کوئی بھی بندہ اس وقت تک مومنِ کامل نہیں بن سکتا جب تک وہ انصاف نہ کرے۔ اپنے بارے میں بھی انصاف کرے اور دوسروں کے متعلق بھی انصاف کو مدنظر رکھے۔ جو شخص انصاف سے کام لے گا اللہ تعالیٰ اس کی عزت میں اضافہ کریگا۔

انسان فطری طور پر اپنے آپ سے محبت کرتا ہے۔ اور کچھ خواہشات رکھتا ہے۔ اور جو چیز اس کے متعلق ہو اسے وہ پسند کرتا ہے اور چاہتا ہے کہ اسے کوئی تکلیف نہ دے۔

اب اگر کسی کو اس کے مال کی ضرورت ہو اور اس کی مدد اپنے مال سے کر دے تو وہ شخص قابلِ تعریف بن جاتا ہے اگر کوئی انسان چاہتا ہے کہ اسے کوئی تکلیف نہ دے تو اس کا بھی حق بنتا ہے کہ وہ کسی دوسرے کو اذیت نہ دے۔

اسی طرح دوسروں کے حقوق کے متعلق انسان کو ہمیشہ انصاف سے کام لینا چاہئے اگرچہ انصاف کی وجہ سے اسے خود بھی کوئی پریشانی اُٹھانی پڑے تو اسے دریغ نہیں کرنا چاہئے۔

---

[1] سورہ مائدہ آیت نمبر 8

[2] جامع السعادت 368/1

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور عرب

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک دفعہ کسی جنگ کے لئے اونٹ پر سوار ہو کر اپنے گھر سے باہر نکلے۔ اتنے میں ایک صحرائی عرب آیا، اس نے آپ کی رکاب کو پکڑا اور عرض کیا: ''یا رسول اللہ! آپ مجھے کوئی ایسا عمل سکھائیں جو میرے لئے جنت میں داخلے کا سبب بنے۔''

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''جاؤ! لوگوں کے لئے وہی سلوک کرو جو تم اپنے لئے پسند کرتے ہو۔ اور جو سلوک تمہیں اپنی ذات کے لئے ناپسند ہے تو وہ سلوک لوگوں سے بھی نہ کرو۔'' اس کے بعد آپؐ نے فرمایا کہ میری رکاب چھوڑ دو کیونکہ میں نے جہاد پر جانا ہے۔ [1]

2. حضرت علی علیہ السلام کا انصاف

شعبی کہتے ہیں کہ میں ابھی بچہ تھا، دوسرے بچوں کی طرح میں بھی کوفہ کے بڑے میدان میں گیا۔

وہاں پر میں نے امیر المومنین علیؑ کو دیکھا کہ آپ کے پاس دو بڑے بڑے برتن ہیں سونا اور چاندی سے بھرے ہوئے ہیں۔ آپؑ کے ہاتھ میں ایک چھوٹا سا تازیانہ بھی تھا جس سے آپ لوگوں کو پیچھے ہٹا رہے تھے۔ تاکہ لوگوں کے اژدحام کی وجہ سے تقسیم میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو جائے۔

اس کے بعد امام علیہ السلام نے اس دولت کو تقسیم کیا۔ ساری دولت تقسیم ہو گئی حتیٰ کہ امام کا اپنا حصہ بھی باقی نہ رہا امام خالی ہاتھ گھر واپس آئے۔

میں اپنے گھر آیا اور میں نے اپنے والد سے یہ واقعہ بیان کیا اور کہا کہ آج میں نے ایک عجیب واقعہ دیکھا۔ مجھے معلوم نہیں کہ اس شخص کا عمل صحیح تھا یا غلط تھا۔

میرے باپ نے کہا کہ وہ کون تھا؟ میں نے بتایا کہ وہ امیر المومنین علیہ السلام تھے پھر میں نے آپ کی تقسیم کا بتایا میرے باپ نے جب حضرت علیؑ کی منصفانہ تقسیم کے بارے میں سنا تو گریہ کرتے ہوئے مجھے فرمایا: بیٹا! تو نے آج دنیا کے بہترین انسان کی زیارت کی ہے۔ [2]

---

[1] اصول کافی ج 2، باب الانصاف حدیث نمبر 2

[2] الغارات 55 / 1۔ داستانھائی از زندگی علی ص 7

3. عدی بن حاتم کا انصاف

عدی بن حاتم طائی حضرت علی علیہ السلام کے مخلص صحابی تھے۔ جو10ھ میں مشرف بہ اسلام ہوئے۔ وہ ہمیشہ حضرت علیؑ کے ساتھ رہتے تھے۔ جنگ جمل صفین اور جنگ نہروان میں حضرتؑ کے ہمرکاب رہے۔ جنگ جمل میں اُن کی ایک آنکھ ضائع ہوگئی۔

کسی کام کے سلسلے میں حضرت عدی بن حاتم طائی معاویہ کے پاس گئے۔ معاویہ نے اسے مولائے کائنات کی نصرت کے لئے سرزنش کرنے کی نیت سے پوچھا: طرفات کا کیا بنا؟

اس لفظ سے معاویہ کا اشارہ عدی کے تینوں بیٹوں طریف، طارف اور طرفہ کی طرف تھا۔ یہ تینوں نوجوان ''طرفات'' کے نام سے مشہور تھے جو صفین میں شہید ہوئے تھے۔

حضرت عدی نے کہا: ''وہ تینوں اللہ کی راہ میں شہید ہوگئے۔'' معاویہ نے کہا: ''علیؑ نے تمہارے ساتھ اچھا نہیں کیا، علیؑ نے اپنے بیٹے بچالئے لیکن تمہارے بیٹے میدان میں لاکر قتل کرادیئے آج علیؑ کے بیٹے زندہ ہیں مگر تمہارے بیٹے زندہ نہیں ہیں۔''

یہ سن کر حضرت عدی نے کہا: ''نہیں یہ خیال درست نہیں ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ میں نے علیؑ کے ساتھ انصاف نہیں کیا۔ کیونکہ علیؑ شہید ہوکر خدا کے حضور پہنچ گئے ہیں جبکہ میں ابھی تک زندہ ہوں۔''

معاویہ! متوجہ رہو اگر ہماری گردن کٹ جائے اور سکرات موت ہم پر سایہ فگن ہوجائے تو ہمیں یہ قبول ہے لیکن علی علیہ السلام کی تنقیص میں ایک لفظ بھی سننا قبول نہیں ہے [1]

4. متوکل اور امام علی نقی علیہ السلام

ایک مرتبہ امام علی نقی علیہ السلام متوکل کے دربار میں تشریف لے گئے اور اس کے پہلو میں ایک کرسی پر بیٹھ گئے۔

متوکل آپ کے عمامہ کو بڑے غور سے دیکھنے لگا۔ عمامہ قیمتی تھا،

متوکل نے کہا: ''آپ نے یہ عمامہ کتنے میں خریدا؟''

امام علی نقی علیہ السلام نے فرمایا: ''مین نے یہ دستار پانچ سو درہم نقرہ میں خریدی ہے۔''

متوکل نے کہا: ''پانچ سو درہم کی دستار خریدنا فضول خرچی ہے۔''

امام علی نقی علیہ السلام نے فرمایا: ''میں نے سنا ہے کہ تو نے چند دن قبل ایک کنیز ہزار دینار زر سرخ کے بدلے میں خریدی ہے؟''

متوکل نے کہا: ''جی ہاں یہ درست ہے۔''

---

[1] الغارات 35/1۔ داستانھائی از زندگی علی ص نمبر 7

امام علیہ السلام نے فرمایا: ''میں نے پانچ سو درہم کا کپڑا اپنے بدن کے اعلیٰ ترین حصے کے لئے خریدا اور تو نے ایک ہزار دینار زر سرخ کی کنیز اپنے بدن کے اسفل ترین حصہ کے لئے خریدی اب بتاؤ ہم میں سے فضول خرچ کون ہے؟''

متوکل بہت شرمندا ہوا اور کہا کہ مجھے یہ حق نہیں پہنچتا تھا۔ [1]

5. انصاف ابوذرؓ

جنگ تبوک کے موقع پر حضرت ابوذر بھی رسول اللہ صلی علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے۔ لیکن ان کی سواری بہت ہی کمزور اور سست تھی۔ جس کی وجہ سے حضرت ابوذر پیچھے رہ گئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بتایا گیا کہ ابوذر لشکر سے کافی پیچھے رہ گئے ہیں۔ اس کے جواب میں رسول اللہؐ نے فرمایا اگر خدا کو اس میں اچھائی دکھائی دے گی تو یقیناوہ تمہارے ساتھ شامل ہو جائے گا۔

جب ابوذرؓ نے دیکھا کہ میرا اونٹ اب چلنے کے قابل نہیں رہا تو انہوں نے اسے راستے میں چھوڑ دیا اور پیدل چلنا شروع کر دیا۔ ایک منزل پر رسول خدا نے قیام کیا ہوا تھا دور سے آتا ہوا ایک شخص دکھائی دیا۔ لوگوں نے بتایا کہ یا رسول اللہ ایک شخص دور سے سامان اُٹھائے ہوئے آرہا ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ خدا کرے کہ وہ ابوذر ہو۔ جب وہ قریب آیا تو واقعی وہ ابوذر ہی تھا۔ پھر آپؐ نے فرمایا کہ خدا ابوذر پر رحم کرے وہ تنہا چل رہا ہے۔ تنہا ہی مرے گا اور قیامت کے دن تنہا ہی مبعوث کیا جائے گا۔ آپؐ نے ابوذر کو دیکھا تو فرمایا: کہ یہ پیاسا ہے اسے پانی پلایا جائے۔ جب ابوذر کو پانی پلایا گیا تو لوگوں نے دیکھا کہ ابوذر کے پاس پانی کا ایک بھرا ہوا برتن موجود ہے۔ رسول خدا نے فرمایا: ''ابوذر! عجیب بات ہے تمہارے پاس پانی سے بھرا ہوا برتن موجود ہے لیکن اسکے باوجود تم پیاسے ہو۔'' عرض کیا! میرے باپ آپ پر قربان ہوں، جی ہاں! یا رسول اللہ جیسے میں چل رہا تھا وہاں ایک جگہ پر میں نے ٹھنڈا اور میٹھا پانی پایا۔ میں نے اپنے آپ سے کہا کہ یہ بات شرط انصاف کے خلاف ہے کہ میں تو میٹھا اور ٹھنڈا پانی پیوں اور رسول اللہ نہ پئیں۔ لہٰذا میں نے وہ پانی بھر لیا، خود نہیں پیا اور چاہتا تھا وہ ٹھنڈا اور میٹھا پانی آپؐ پئیں۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب ابوذر کے انصاف کو دیکھا تو فرمایا: ''خدا ابوذر کو معاف کرے، یہ تنہائی میں زندگی بسر کرے گے اور تنہائی میں مرے گا اور قیامت کے دن تنہا ہی جنت میں جائے گا۔ [2]

---

[1] منتھی 270 /1

[2] پیغمبر و یاران 49 /1۔ الاصابہ 65 /4

باب نمبر11

ایثار

فرمانِ خداوندِ قدوس ہے:

وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ

''اور وہ اپنی ذات پر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں خواہ وہ اپنی جگہ خود محتاج ہوں۔''[1]

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے:

''ایما امرء اشتھیٰ شھوۃً فرد شھوتہ واثر علیٰ نفسہ غفر لہٗ''

''جو شخص کسی چیز کو شدت سے چاہے اور شدت سے چاہی جانے والی چیز کے متعلق ایثار کرتے ہوئے کسی اور کو دے دے تو اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرمائے گا۔''[2]

مختصر تشریح

ایثار، بخشش اور سخاوت کا بلند ترین معیار ہے۔ ہمیں چاہئے کہ اپنے مال و جان سے لوگوں کی بنیادی ضروریات کو مدنظر رکھ کر ایثار سے کام لیں۔

انفاق کا مقام ایثار کے مقابلے میں کم ہے۔ ایثار کے اندر خداوند تعالیٰ کی خوشنودی مضمر ہوتی ہے۔ جو شخص اپنی جان کسی دوسرے شخص پر قربان کر دے اس کا بہت بڑا مقام ہوتا ہے۔ مثلاً ایک شخص دریا یا سمندر میں ڈوب رہا ہو دوسرا شخص اس کے بچانے کے دریا یا سمندر میں چھلانگ لگا کر اس کو بچانے کی کوشش کرتے ہوئے خود جان کی بازی ہار جائے تو اس کا بہت بڑا مقام ہوتا ہے۔ اور انفاق کرنے والوں سے ایسے شخص کا مرتبہ کئی ہزار گنا زیادہ ہوتا ہے۔

---

[1] سورہ حشر آیت۔ 9

[2] جامع السعادت 119/2

1. ایثار پیشہ غلام

حضرت عبداللہ بن جعفر طیار جو کہ حضرت زینب سلام اللہ علیہا کے شوہر نامدار تھے، ان کی سخاوت بہت مشہور تھی۔ وہ اپنے دور کے بے مثال سخی تھے۔

ایک دن اُن کا گزر ایک نخلستان سے ہوا۔ نخلستان میں انہوں نے ایک غلام کو کام کرتے ہوئے دیکھا۔ تھوڑی دیر کے بعد اس غلام کا کھانا آیا، تو اُس نے روٹی کھانی شروع کی، ابھی اس نے ایک دو لقمے ہی کھائے تھے وہاں ایک بھوکا کتا پہنچ گیا۔ وہ کتا بھوک کی وجہ سے اپنی دم بار بار زمین پر مار رہا تھا۔

غلام نے اپنی غذا میں سے کچھ ٹکڑے کتے کے آگے ڈالے، کتے نے وہ ٹکڑے کھالئے، غلام نے کچھ اور ٹکڑے ڈالے کتے نے وہ بھی کھالئے۔ یہاں تک کہ غلام نے اپنی ساری غذا کتے کو کھلا دی اور وہ کتا کھاتا رہا۔

حضرت عبداللہ ابن جعفر طیار نے اس غلام سے پوچھا۔ تم کو روزانہ کتنا کھانا ملتا ہے؟

اس نے جواب دیا کہ جناب! وہی ملتا ہے جو آپ نے ابھی دیکھا۔ آپ نے غلام سے پوچھا تو پھر تم نے اپنی ذات پر زیادہ کتے کو ترجیح کیوں دی؟

اس نے کہا کہ جناب وہ بہت بھوکا تھا اور مجھے یہ بات پسند نہ تھی کہ وہ میرے پاس آئے اور بھوکا واپس چلا جائے۔

آپ نے غلام سے پوچھا: "آج تم اپنے لئے کیا کرو گے؟"

غلام نے جواب دیا کہ بھوکا ہی رہوں گا۔

جب حضرت عبداللہ ابن جعفر طیار نے اس غلام کی جوانمردی اور ایثار کو دیکھا تو کہنے لگے یہ غلام تو مجھ سے بھی زیادہ سخی ہے۔

اس کے بعد حضرت عبداللہ نخلستان کے مالک کے پاس گئے اور اس سے کہا کہ یہ نخلستان غلام سمیت میرے ہاتھوں فروخت کرو اس نے وہ پورا نخلستان غلام سمیت حضرت عبداللہ کے ہاتھوں فروخت کر دیا۔

حضرت عبداللہ نے اس غلام کو آزاد کر دیا۔ اور وہ نخلستان بھی اس غلام کو بخش دیا۔ [1]

2. مسجد مرو کا واقعہ

ابو محمد ازدی بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ مسجد مرو میں آتشزدگی کا واقعہ رونما ہوا۔ مسلمانوں کو شک ہوا کہ یہ عیسائیوں کی حرکت ہے۔ لہٰذا چند مسلمانوں نے اس کے بدلے میں عیسائیوں کے گھروں کو آگ لگا دی۔

جب اس واقعہ کا حکمران کو معلوم ہوا تو اس نے حکم دیا کہ اس واقعہ میں ملوث افراد کو گرفتار کر لیا جائے۔ جب تمام افراد کو

---

[1] کشکول شیخ بہائی 114 / 5۔ المحجة البیضاء 80 / 4

گرفتار کر لیا گیا تو وہ حکمران نے سزا کا انوکھا فیصلہ سنایا۔

یہ سزا قرعہ اندازی کے ذریعے دی جاتی تھی۔ کسی کی سزا کی پرچی پر نکلتا سزائے موت، کسی کی پرچی پر نکلتا اس کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے جائیں اور کسی کی پرچی میں آتا کہ اسے تازیانے مارے جائیں۔

اُن میں سے ایک ملزم کی سزا قرعہ کے ذریعے نکلی کہ اسے قتل کر دیا جائے۔ تو اس نے رونا شروع کر دیا۔ اور اس کے ساتھ بیٹھے ہوئے فرد کی جو سزا نکلی وہ تھے کہ اسے تازیانے مارے جائیں وہ شکل سے خوشحال دکھائی دے رہا تھا۔ اس نے سزائے موت والے مجرم سے پوچھا کہ آپ کیوں رو رہے ہیں؟ جب کہ یہ مشکل تو دینِ حق کے لئے ہے۔ تو اس نے کہا: ''یہ تو دین کی خدمت ہے لیکن میں موت سے نہیں گھبرا رہا۔ بلکہ میں اس لئے رو رہا ہوں کہ مَیں اپنی ماں کا اکیلا ہی بیٹا ہوں اور میرے علاوہ اس کی نگہداشت کرنے والا کوئی نہیں ہے۔ جیسے ہی میری ماں میری موت کی خبر سنے گی تو وہ بھی مر جائے گی۔

جیسے ہی اس جوان نے یہ واقعہ سنا تو تھوڑی دیر کی خاموشی کے بعد کہا: ''میری ماں نہیں ہے۔ اور نہ ہی میری کسی سے ایسی وابستگی ہے۔ ایسا کرتے ہیں کہ یہ پرچیاں آپس میں تبدیل کر دیتے ہیں۔ میری تازیانے والی پرچی تم رکھ لو اور اپنی سزائے موت والی پرچی مجھے دے دو۔ اس سے آپ کو کچھ تازیانے لگیں گے لیکن تم زندہ و سلامت اپنی ماں کو مل جاؤ گے۔

بہر نوع پرچیوں کو تبدیل کر دیا جس کی وجہ سے وہ جوان مارا گیا اور وہ شخص صحیح و سلامت اپنی والدہ کے پاس پہنچ گیا۔[1]

3. جنگ یرموک (تبوک)

جنگ یرموک میں مسلمانوں کے چند سپاہی جنگ کے لئے جاتے اور کچھ گھنٹوں بعد واپس آتے تو اِن میں سے کچھ تو صحیح وسالم آتے، کچھ زخمی ہوتے اور کچھ شہید ہو جاتے تھے۔ اور کچھ افراد زیادہ زخمی ہونے کی وجہ سے میدان کارزار میں رہ جاتے تھے۔

''حذیفہ عدوی'' بیان کرتے ہیں کہ ایک دن میرا چچازاد میدان کی طرف گیا اور واپس نہ آیا۔ اور میں نے ایک پانی کا مشکیزہ اٹھایا اور میدان کی طرف چلا گیا اس امید سے کہ اگر وہ زیادہ زخمی ہوا تو اس کو پانی پلاؤں گا۔

میں نے تھوڑی جستجو کے بعد اُسے بہت ہی زخمی حالت میں پا لیا تھا۔ البتہ ابھی اس کے جسم میں تھوڑی سی جان باقی تھی۔ میں اس کے پاس جا کر بیٹھ گیا اور مَیں نے اس سے پوچھا: پانی پیو گے؟''

اس نے اشارہ سے جواب دیا: ''جی ہاں''۔

ابھی اس نے پانی پیا نہیں تھا ایک اور زخمی مجاہد جو اس کے ساتھ پڑا ہوا تھا۔ اس کی صدا بلند ہوئی کہ پانی چاہیے تو میرے ابن عم نے مجھے اشارہ سے کہا کہ پہلے جا کر اس کو پانی دو۔

جب میں اس کے پاس گیا تو وہ ہشام بن عاص تھا۔ میں نے اس سے پوچھا: ''پانی پیو گے؟''

---

[1] نمونہ معارف 435/2۔ مستطرف 157/1

اس نے اشارہ سے جواب دیا: "جی ہاں"۔ ابھی ھشام نے پانی پیا نہ تھا کہ کسی اور زخمی کی آواز سنائی دی جو کہ پانی مانگ رہا تھا۔ ھشام نے مجھے اشارہ سے کہا کہ پہلے جا کر اس کو پانی دو۔ اور جب میں تیسرے زخمی مجاہد کے پاس پانی لے کر گیا تو اس وقت وہ شہید ہو چکا تھا۔ دوبارہ میں ہشام کے پاس آیا تو وہ بھی جاں بحق ہو گیا تھا اور آخر میں جب میں اپنے چچازاد کے پاس آیا تو وہ بھی وفات پا چکا تھا۔ [1]

4. حضرت علیؑ کا ہجرت مدینہ کے وقت ایثار

قریش مکہ کو جب معلوم ہوا کہ اہل مدینہ نے رسول اللہ کو مدینہ آنے کی دعوت دی ہے۔ جہاں اوس اور خزرج قبائل آپ کی حفاظت کے لئے عہد و پیمان کر چکے تھے۔ اس مسئلہ کے لئے ان لوگوں نے آپس میں مشاورت کی۔ اور مشاورت کے بعد یہ فیصلہ ہوا کہ ہر قبیلے سے ایک ایک طاقتور جوان لے کر ہر ایک کو تیز تلوار دی جائے تا کہ سب مل کر آنحضرتؐ پر حملہ کریں اور ایک ایک ضرب لگائیں۔ ان کے اس طرح کے کرنے سے آنحضرت کا خون تمام قبائل میں بٹ جائے گا۔ سب لوگوں نے اس رائے کو قبول کیا۔

سب نے ملکر جوانوں کا اور اس رات (یکم ربیع الاول) کا انتخاب کر لیا تھا۔

اور اللہ نے اُن کی اس تدبیر کو بیکار کر دیا اور آنحضرتؐ کو اس سے آگاہ کر کے حکم دیا کہ آپؐ رات میں نکل جائیں اور علیؑ کو حکم دیں کہ حضرمی چادر اوڑھ کر آپؐ کے بستر پر سو جائیں۔

جب آنحضرت نے حضرت علی کو حکم دیا کہ آج رات وہ آپؐ کے بستر پر سو جائیں اور آپؐ نے مدینہ ہجرت کرنی ہے۔ تو اس کے جواب میں حضرت علی نے فرمایا: یارسول اللہ! کیا میرے سونے سے آپ کی جان بچ سکتی ہے؟ تو پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا: "جی ہاں"۔

تو اس پر حضرت علیؑ نے سجدہ شکر بجالایا۔

چنانچہ اس کے بعد رسول اللہ حضرت علیؑ کو گلے ملے اور خدا کے سپرد کر کے گھر سے روانہ ہو گئے۔

حضرت جبرئیل علیہ السلام رسول خدا کو حفاظت سے گھر سے نکال کر غار ثور تک لائے۔ اور حضرت علیؑ پورے اطمینان سے رسول اکرم کے بستر کی طرف گئے اور آنحضرت کی حضرمی چادر جس کو آنحضرت اوڑھا کرتے تھے اوڑھ کر لیٹے رہے۔ جب وقت آ پہنچا تو ان سب نے حملہ کر دیا۔ اس وقت امام علیؑ ان کے سامنے اٹھ کھڑے ہوئے اور انہوں نے حضرت علیؑ سے پوچھا: "محمد کہاں ہیں؟"

حضرت علیؑ نے جواب میں فرمایا کیا تم محمدؐ میرے حوالے کر گئے تھے۔

اس کے بعد قریش مکہ وہاں سے نکل کر آپؐ کو ڈھونڈنے لگے۔

پس امام علی نے موت اختیار کر کے اپنی زندگی کے ذریعے محمدؐ کے لئے ایثار کیا اور ان کے بستر پر سو گئے۔

اللہ تعالیٰ نے اس موقع پر حضرت علی کی شان میں یہ آیت نازل فرمائی۔

---

[1] داستانہا و پندھا 173/1۔ مستطرف 156/1

وَمِنَ النَّاسِ مَنۡ يَّشۡرِىۡ نَفۡسَهُ ابۡتِغَآءَ مَرۡضَاتِ اللّٰهِ‌ؕ وَاللّٰهُ رَءُوۡفٌ ۢ بِالۡعِبَادِ۝ سورہ بقرہ آیت نمبر 207)

''اور انسانوں میں ایک وہ ہے جو اپنے نفس کو اللہ کی خوشنودیاں حاصل کرنے کے لئے فروخت کر دیتا ہے اور اللہ اپنے بندوں پر مہربان ہے۔''

5. حاتم طائی کا ایثار

ایک سال سخت قحط ہوا۔ جو کچھ لوگوں کے پاس تھا وہ سب ختم ہو گیا۔ اور ان لوگوں کے پاس کھانے کو کچھ بھی نہ تھا۔

حاتم کی بیوی بیان کرتی ہیں کہ ایک رات ہمارے گھر میں کھانے پینے کے لئے کچھ نہیں تھا۔ یہاں تک کہ ہمیں اور میرے دو بچوں (عدی اور سفانہ) کو بھوک کی وجہ سے نیند نہیں آتی تھی۔

حاتم نے عدی کو بہلانا پھسلانا اور میں نے سفانہ کو بہلانا شروع کر دیا جس کی وجہ سے ان کو نیند آ گئی تھی۔

عدی اور سفانہ کے سو جانے کے بعد حاتم نے کوشش کی کہ مجھے بھی نیند آ جائے تو بھوک کی وجہ سے مجھے نیند نہیں آ رہی تھی۔ لیکن میں نے جان بوجھ کر آنکھیں بند کر دیں تا کہ حاتم یہ سمجھے کہ میں نیند میں ہوں حاتم نے کئی مرتبہ مجھے آواز دی میں نے کوئی جواب نہ دیا۔

حاتم نے سوراخ خیمہ سے بیابان کی طرف نگاہ کی تو اسے کسی انسان کی شباہت سی معلوم ہوئی جب وہ نزدیک ہوا تو حاتم نے دیکھا کہ وہ ایک عورت تھی جو خیمہ کی طرف بڑھی آ رہی تھی۔ حاتم نے اس سے پوچھا: ''کون ہو؟''

عورت نے جواب میں کہا: ''حاتم! میرے بچے بھوک سے بے حال ہیں اور فریاد کر رہے ہیں۔''

حاتم نے اُس عورت سے کہا: ''کہاں ہیں تمہارے بچے جاؤ ان کو لے آؤ خدا کی قسم آج میں انہیں سیر کرونگا۔

حاتم کی بیوی کہتی ہیں جیسے ہی حاتم کے یہ الفاظ میں نے سنے تو میں اُٹھ بیٹھی اور اس سے کہا کہ تو کس چیز سے اُس عورت کے بچوں کو سیر کرائے گا؟

کہنے لگا میں سب کو سیر کرونگا۔ اس کے پا فقط ایک ہی گھوڑا بچا ہوا تھا۔ اس نے وہ گھوڑا ذبح کیا۔ اور آگ روشن کی۔ اس کے بعد تھوڑا سا گوشت اس عورت کو دیا اور کہا کہ جاؤ اس کے کباب بنا کر اپنے بچوں کو کھلاؤ۔ بعد میں مجھے کہا کہ تم بھی اپنے بچوں کو بیدار کرو۔ تا کہ وہ بھی پکڑ کر کھا سکیں۔ اور بعد میں مجھ سے کہا یہ بات انتہائی پستی کی بات ہے کہ تم لوگ کھاؤ اور باقی لوگ بھوکے سوئے ہوئے ہوں۔

اس کے بعد حاتم اُٹھے اور لوگوں کو جگا کر کہتے کہ اُٹھو آگ روشن کرو اور گوشت بھون بھون کر کھاؤ۔ سب نے وہ گوشت بھون بھون کر کھایا لیکن حاتم طائی نے کچھ بھی نہ کھایا حاتم لوگوں کو کھاتا ہوا دیکھتا رہا اور خوش ہوتا رہا۔ [1]

---

[1] رہنمائی سعادت 350/2۔ سفینۃ البحار 208/1

باب نمبر 12

ایذا رسانی

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

"اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ لَعَنَہُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ"۔

"جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو اذیت دیتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی ہے۔" [1]

حبیب خدا کا فرمان ہے:

"لایحل للمسلم أن یُشیرَ إلیٰ اخیہ بنظرۃٍ تُؤذیہ"۔

"کسی مسلمان کے لئے یہ جائز نہیں ہے کہ کسی مسلمان کو ایسی نظر سے دیکھے جو اس کے لئے باعث اذیت ہو۔" [2]

مختصر تشریح

تمام مخلوق خدا کا کنبہ ہے اور اس کنبہ میں اہل ایمان کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ وہ شخص خدا کو بہت زیادہ پیارا ہے جو لوگوں کے لئے زیادہ فائدہ مند ہو۔

خلق خدا اور بالخصوص کسی مومن کو اذیت دینا چاہے وہ گالی گلوچ، تہمت اور ظلم و ستم کی صورت میں ہو یہ سب کچھ خدا کے ساتھ اعلان جنگ کرنے کے مترادف ہے۔ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ فرمائے گا وہ لوگ کہاں ہیں جنھوں نے میرے دوستوں کو اذیت دی۔

تو اس کے بعد بہت سے لوگ کھڑے ہو جائیں گے جن کے چہرے پر گوشت نہیں ہو گا۔ اللہ تعالیٰ حکم دے گا کہ انہیں دوزخ میں ڈال دیا جائے۔

---

[1] سورہ احزاب، آیت 57

[2] جامع السعادات 215/2

لہٰذا ہر مسلمان کو چاہئے کہ وہ دوسروں کو اذیت دینے سے پرہیز کرے۔ بالخصوص والدین، ہمسایوں اور دوستوں کو اذیت نہیں دینی چاہئے اگر بالفرض ایسا ہو بھی جائے تو پھر اس کی معافی مانگ لی جائے۔

1. جب امامِ سجادؑ کو اذیت دی گئی

مدینہ میں ایک مسخرہ رہتا تھا۔ وہ لوگوں کو ہنسا کر اپنا رزق روزی حاصل کرتا تھا۔

کچھ افراد نے اس سے کہا کہ ہم امام سجادؑ کو دعوت دیتے ہیں اور تم انہیں ہنسا دو۔ شاید کچھ لمحات کے لئے ان کا گریہ کم ہو جائے۔

لوگ جمع ہوئے اور امامؑ کی خدمت میں پہنچے۔ راستے میں انہوں نے امام سجادؑ کو دیکھا آپ کے ساتھ آپ کے دو غلام تھے اور اس مسخرہ نے امام سجادؑ کی عبا آپؑ کے شانے سے اتار لی اور اس عبا کو اپنے کاندھے پر رکھ کر اپنے ساتھیوں کے ساتھ چلنے لگا۔

امام علیہ السلام نے پوچھا کہ یہ شخص کون ہے؟ بتایا گیا کہ ایک ایسا شخص ہے جو لوگوں کو ہنسایا کرتا ہے۔ اور اس سے اس کا رزق وابستہ ہے۔

آپؑ نے فرمایا: ''اس سے کہہ دو کہ قیامت کے دن اس شخص کو بہت نقصان ہوگا جو اپنی زندگی کو فضولیات میں ضائع کرتے ہیں۔''

امام کے کلام کا اُس شخص پر اتنا اثر ہوا تھا کہ پھر اس نے اپنی زندگی میں کبھی کوئی ناشائستہ حرکت نہیں کی تھی جس سے لوگوں کو اذیت ہو۔ اس طرح سے وہ ہدایت پا گیا۔ [1]

2. قارون و موسیٰؑ

قارون کے متعلق مروی ہے کہ وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا قریبی رشتہ دار تھا۔ بعض مورخین اسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا چچازاد بھائی اور بعض نے خالہ زاد بھائی بیان کیا ہے۔ وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہن حضرت کلثوم کا منگیتر بھی بیان کیا جاتا ہے۔

یہ پہلے بے حد غریب تھا، حضرت موسیٰ علیہ السلام سے اس نے درخواست کی کہ اسے کوئی عمل یا ورد تعلیم دیں تا کہ اللہ تعالیٰ اسے وسیع رزق عطا فرمائے۔

آپ نے اسے وظیفہ تعلیم فرما دیا۔ جس کا اثر یہ ہوا کہ اس کے پاس دولت کے ڈھیر جمع ہو گئے اور اس کے خزانوں کی چابیاں بہت سے اونٹوں پر لادی جاتیں تھیں۔

جب وہ اپنے نوکروں اور خادموں کے ساتھ محل سے برآمد ہوتا تو لوگوں کے منہ سے بے ساختہ یہ دعا نکلا کرتی کہ اللہ ہمیں بھی قارون کی طرح دولت مند بنائے۔

---

[1]۔ درس اخلاق ص120۔ امالی شیخ مفید ص128

جب زکوٰۃ کا حکم آیا اور جناب موسیٰ علیہ السلام نے قارون سے زکوٰۃ کی ادائیگی کا مطالبہ کیا تو اس نے اپنے بخل کی وجہ سے زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اسے رعایت دیتے ہوئے فرمایا: ''تو ایک ہزار گوسفند میں سے ایک گوسفند اور ایک ہزار دینار سے صرف ایک دینار بطور زکوٰۃ دے دے تو بھی قابل قبول ہے۔''

قارون نے مجبور ہو کر یہ مقدار تسلیم کر لی۔ لیکن جب گھر آیا اور اس نے اپنی جائیداد کا حساب لگایا تو اسے اپنی جائیداد کا ہزارواں حصہ بھی بہت زیادہ لگا۔ اسے اس کے فطری بخل نے ہزارواں حصہ ادا کرنے سے روک دیا۔

پھر اس نے اپنے دوستوں کو بلا کر کہا: ''اب تک جو کچھ موسیٰ نے کہا ہم ان کا کہنا مانتے آئے۔ لیکن اب پانی سر سے اوپر ہو چکا ہے موسیٰ علیہ السلام اب ہماری جائیداد کا بھی ہم سے ایک حصہ لینا چاہتا ہے اور یہ چیز ہمارے لیے ناقابل برداشت ہے۔ اس کے لئے تم لوگ کوئی طریقہ سوچو۔''

قارون کے دوستوں نے اس سے کہا کہ ہم کچھ نہیں کہتے آپ ہمارے بزرگ ہیں جیسا مناسب ہو کریں۔

قارون نے کہا کہ فلاں بدکار عورت کو بلاؤ میں اسے کچھ رقم دے کر موسیٰ علیہ السلام پر تہمت لگانا چاہتا ہوں۔ تاکہ موسیٰ علیہ السلام ہمیشہ کے لئے بدنام ہو جائیں اور ہمیں کسی طرح کا حکم دینے کے قابل نہ رہیں۔''

بدکار عورت آئی، قارون نے اسے ایک لاکھ دینار دینے کا وعدہ کیا اور اس کے ساتھ یہ وعدہ بھی کیا کہ اگر اس نے موسیٰ پر تہمت لگائی تو وہ اس سے شادی کر لے گا۔

دوسرے دن حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے گھر سے برآمد ہوئے اور میدان میں پہنچ کر انہوں نے وعظ و نصیحت شروع کی۔ اور آپ نے اپنے وعظ میں ارشاد فرمایا: ''میں چور کے ہاتھ قلم کر دوں گا، جو کسی پر افترا باندھے اسے اسی کوڑے سزا دونگا، جو کنوارہ زنا کا مرتکب ہوگا اسے اسی کوڑے اور جو شادی شدہ زنا کا مرتکب ہوگا اسے سنگسار کرونگا۔''

اس مجمع میں قارون موجود تھا۔ اس نے کھڑا ہو کر کہا: ''جناب! اگر یہ جرم آپ سے بھی صادر ہو تو بھی اس کی سزا یہی ہے؟''

حضرت موسیٰ نے فرمایا: بے شک! میرے لیے بھی یہی سزا ہے۔''

قارون نے کہا: ''لیکن بنی اسرائیل میں تو یہ مشہور ہے کہ آپ نے (نعوذ باللہ) زنا کیا ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: ''خوب سوچ کر بات کرو کیا میں نے زنا کیا ہے؟''

قارون نے کہا: ''جی ہاں! اور اپنے نوکروں کو حکم دیا کہ فلاں عورت کو میدان میں لیکر آؤ۔''

عورت میدان میں آئی، حضرت موسیٰ نے عورت سے کہا: ''کیا جو الزام قارون مجھ پر لگا رہا ہے یہ درست ہے؟''

اس وقت عورت نے دل میں سوچا کہ میرے لئے بہتر یہی ہے کہ سچ بات کہہ دوں اور نبی کو اذیت نہ دوں، یہ سوچ کر اس عورت نے کہا: ''قارون جھوٹا ہے اس نے مجھے ایک لاکھ دینار کا لالچ دیا ہے تاکہ میں آپ پر تہمت لگاؤں۔'' عورت کا بیان سن کر

قارون بے حد شرمندہ ہوا اور شرمندگی سے سر جھکا لیا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عزت نفس سلامت رہنے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا دو رکعت نماز شکرانہ ادا کی۔ اور نماز پڑھنے کے بعد انہوں نے رو رو کر بارگاہ قدس میں عرض کی۔ "خدایا! تیرا دشمن مجھے رسوا کرنا چاہتا ہے آج مجھے اس پر غلبہ عطا فرما۔"

اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی ہوئی کہ ہم نے زمین کو تمہارا مطیع بنایا ہے تم زمین کو جو بھی حکم دو گے زمین اس کی تعمیل کرے گی۔

پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل کی طرف رخ کیا اور فرمایا: "جس طرح سے اللہ نے مجھے فرعون اور آل فرعون پر غلبہ دیا تھا اس طرح سے اس نے مجھے قارون اور اس کے ساتھیوں پر بھی غلبہ عنایت کیا ہے۔"

پھر آپ نے فرمایا: جو قارون کے ساتھ رہنا چاہتا ہے وہ اس کے ساتھ کھڑا ہو جائے۔ باقی لوگ اس سے دور ہو جائیں۔" یہ سننے کے بعد صرف دو شخص قارون کے ساتھ ٹھہرے رہے باقی لوگ اس سے دور ہو گئے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے زمین کو حکم دیا کہ قارون اور اس کے ساتھیوں کو نگل لے۔ زمین نے پہلے پہل اسے پنڈلی تک نگلا۔ پھر زانوں تک نگلا، قارون نے چیخ کر کہا: "موسیٰ میں سمجھ گیا تو مجھے زمین میں داخل کر کے میرے خزانے پر قبضہ کرنا چاہتا ہے۔"

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دعا کی: "خدایا! اس کے سارے خزانے اس کے سر پر رکھ دے اور پھر اسے داخل زمین کر دے۔"

فرشتوں نے اس کے خزانے سے بھرے ہوئے گھر اس کے سر پر رکھ دیئے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے زمین کو حکم دیا کہ اسے نگل لے، اب کی بار زمین نے اسے کمر تک نگل لیا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے زمین کو پھر حکم دیا کہ اسے نگل لے، اب کی بار زمین نے اسے گردن تک نگل لیا۔

قارون حضرت موسیٰ علیہ السلام کو واسطے دیتا رہا کہ مجھ پر رحم کرو۔ لیکن حضرت موسیٰ علیہ السلام جلال میں تھے۔ پھر آپ نے زمین کو حکم دیا کہ اب اسے پوری طرح سے نگل لے۔ زمین نے قارون اور اس کے ساتھیوں کو نگل لیا۔

جب بنی اسرائیل نے قارون کا یہ حشر دیکھا تو کہا: "خدا کا شکر ہے کہ اس نے ہمیں قارون جیسی دولت نہیں دی ورنہ ہمارا حشر بھی قارون جیسا ہوتا۔" قارون کے اس واقعہ کے بعد حق سبحانہ نے موسیٰ ؑ کو وحی فرمائی کہ: "موسیٰ تم بہت بڑے سخت دل ثابت ہوئے، قارون نے آپ کو بڑے واسطے دیئے لیکن تم نے اس پر رحم نہ کیا، مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم اگر قارون مجھے ایک مرتبہ بھی پکار لیتا تو میں اسے نجات دے دیتا۔" [1]

3. مومن کو اذیت دینا حرام ہے

"حسن بن ابی العلاء" بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں بیس اشخاص کو لے کر مکہ کی طرف روانہ ہوا۔ جس مقام پر ہم رکتے تو میں اپنے ہم سفر اشخاص کیلئے ایک گوسفند ذبح کرتا۔ حتیٰ کہ ہم امام جعفر صادق علیہ السلام کے حضور حاضر ہوئے۔ امامؑ نے مجھ سے فرمایا:

---

[1] حکایات ہائی شنیدنی ج 5 ص 122۔ بحار الانوار ج 13 ص 253

"وائے ہو تم پر اے حسن تم مومنین کو ذلیل کرتے ہو اور ان کو اذیت دیتے ہو۔

میں نے عرض کی: "مولا! میں خدا کی پناہ چاہتا ہوں میں ایسا سوچ بھی نہیں سکتا۔"

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: "تم ہر منزل پر، اپنے ہم سفر لوگوں کے لئے ایک گوسفند ذبح کرتے رہے ہو۔"

میں نے عرض کی: "جی ہاں! خدا کی قسم یہ کام میں صرف اور صرف رضا الٰہی حاصل کرنے کیلئے کرتا رہا ہوں۔"

امامؑ نے فرمایا: "کیا تم نہیں جانتے کہ ان میں سے بعض ایسے افراد بھی ہیں جن کی یہ خواہش ہے کہ خدا ان کو بھی تیرے جیسا مالدار بنادے اور وہ بھی تیری طرح سے راہ خدا میں خرچ کریں؟ تم ان کی خدمت کرتے ہو اور وہ اس خدمت کو دیکھ کر شرمندگی محسوس کرتے ہیں۔

میں نے عرض کیا: "میں توبہ کرتا ہوں اور کبھی بھی ایسے کسی کو اذیت نہ دونگا۔ پھر امامؑ نے ارشاد فرمایا: "خدا کے نزدیک سات آسمان اور سات زمینوں، فرشتوں اور جو کچھ بھی اس دنیا میں ہے اُن سب سے زیادہ مومن کی حرمت ہے۔" [1]

4. امیر المومنین علیہ السلام کو اذیت دینا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اذیت دینے کے مترادف ہے

عمرو بن شاس اسلمی جن کا تعلق اصحاب حدیبیہ میں تھا بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میں اور حضرت علیؑ نے یمن کی طرف اکٹھے سفر کیا اور دوران سفر میرا حضرت علیؑ سے کسی بات پر اختلاف ہو گیا جس کی وجہ سے میرے دل میں علی کے خلاف کینہ جمع ہو گیا۔

جب سفر سے واپس آئے تو میں مسجد آیا اور میں نے علیؑ کے رویہ کی شکایت کی آہستہ آہستہ چلتے ہوئے میری باتیں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچیں۔

دوسرے دن جب میں مسجد میں داخل ہوا تو رسول خدا دوسرے صحابہ کے درمیان بیٹھے ہوئے تھے۔ وہ مجھے دیکھتے رہے حتیٰ کہ میں بیٹھ گیا۔ اور مجھے دیکھ کر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "خدا کی قسم، عمرو! تم نے مجھے اذیت دی۔"

میں نے عرض کی: "میں خدا کی پناہ چاہتا ہوں اگر آپ کو اذیت دی ہو۔

آپؐ نے فرمایا: "جی ہاں تو نے مجھے تکلیف دی ہے کیونکہ جو شخص علیؑ کو اذیت دے تو وہ مجھے بھی اذیت دیتا ہے۔" [2]

---

[1] سو نہ معارف 453 / 2۔ لئالی الاخبار ص 135

[2] داستانہای از زندگی علیؑ۔ ص 112۔ مستدرک الصحیحین 122/3

5۔ متوکل کے مظالم

''متوکل عباسی'' ایک بدترین عباسی حکمران تھا۔ اس نے امام علی نقی علیہ السلام سادات اور مومنین پر بہت سے مظالم ڈھائے تھے اس نے قبر امام حسینؑ اور زائرین پر بھی ظلم وستم ڈھائے۔

متوکل کی طرف سے مدینہ کا گورنر عبداللہ ابن محمد تھا۔ اُس لعین نے امام علی نقیؑ پر اتنے ظلم ڈھائے کہ مولا نے اس کے مظالم سے تنگ آکر متوکل کو خط لکھا۔

کچھ عرصے بعد متوکل نے جبراً امامؑ کو مدینہ سے سامراہ بلوالیا۔ وہاں اس نے امام کی توہین کرنی چاہی۔ ایک شب متوکل نے اپنے دربان سعید کو طلب کر کے کہا: ''تم سیڑھی لیکر امام کے گھر کے ساتھ رکھ کر اس سیڑھی کے ذریعے امام کے گھر داخل ہو کر وہاں سے سارا اسلحہ اور مال لے آؤ۔

متوکل نے کچھ ترکی افواج کے دستے امامؑ کے گھر کی طرف روانہ کیے جو امام کو گرفتار کرے متوکل کے دربار میں لے آئیں۔

جس وقت امامؑ کو متوکل کے دربار میں لایا گیا وہ اس وقت شراب نوشی میں مصروف تھا۔ اس نے امامؑ کو (نعوذ باللہ) شراب کی پیش کی بعد میں اس نے کہا کہ مجھے کچھ اشعار سنائیں۔۔۔۔۔۔

پھر اس کے بعد ایک اور مرتبہ متوکل نے امامؑ کو اپنے دربار میں بلوایا اور اس کے ساتھ ہی اپنے چار غلاموں کو حکم دیا کہ جیسے ہی امام دربار میں آئیں تو وہ ان پر تلواروں سے حملہ آور ہو جائیں۔

جیسے ہی امامؑ دربار میں آئے تو ان چار غلاموں نے مولاؑ پر تلواروں سے حملہ کر دیا آپؑ نے اعجاز امامت سے ان کا حملہ ناکام بنا دیا۔

237ھ میں متوکل نے روضہ امام حسینؑ اور نزدیکی مکانات مسمار کر کے وہاں کھیتی باڑی شروع کرادی اور حکم دیا کہ جو بھی شخص حضرت امام حسینؑ کے روضہ کی زیارت کے لیے آئے تو اس کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے جائیں۔ عمر بن فرج جو مکہ اور مدینہ کا متوکل کی طرف سے گورنر تھا۔ متوکل نے اس کو حکم دیا کہ لوگوں کو منع کر دو کہ کوئی بھی شخص سادات کی مدد اور اعانت نہ کرے۔ جس کے نتیجے میں سادات بہت پریشان ہوئے۔ ان پابندیوں کے باعث علوی خاندان بہت ہی مشکلات کا شکار ہو گیا۔

حالت یہاں تک جا پہنچی کہ خاندان کی خواتین کے پاس کوئی سالم لباس تک نہ تھا۔ جس کو پہن کر وہ نماز ادا کر سکتیں۔ پانچ پانچ بی بیوں کے پاس ایک لباس تھا۔ جنہیں وہ باری باری پہن کر نماز ادا کرتی تھیں۔ متوکل نے متواتر اہل بیت کرام کو اذیتیں دیں۔ آخر کار اس کے اپنے ہی بیٹے منتصر نے تلوار کا وار کر کے اس کو واصل جہنم کیا۔ [1]

---

[1] منتھی الامال 378-383/ 2

باب نمبر 13

ایمان

فرمانِ خداوندِ قدوس ہے:

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا آمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَالْكِتَابِ

اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول اور اس کتاب پر جو اللہ نے اپنے رسول پر نازل کی ہے اسی پر ایمان لے آؤ[1]

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:

"الایمان عقد بالقلب ونطق باللسان وعمل بالارکان۔"

''ایمان دل کے عقیدہ، زبان سے اظہار اور اعضاو جوارح سے عمل کا نام ہے۔''[2]

مختصر تشریح

مومنین کے ایمانی درجات میں بڑا فرق ہے۔ توکل، تفویض، رضا اور تسلیم ایمان کے چار رکن ہیں اگر کسی شخص میں ایمان کے چاروں رکن موجود ہوں تو ایسا مومن صاحب تسکین ہوتا ہے اور اس کا ایمان مستقر ہوتا ہے۔

وہ لوگ جن کا عقیدہ کمزور ہو صرف زبان کے ساتھ ایمان کا دعویٰ کریں جب ان پر امتحان الٰہی آتا ہے تو وہ ثابت قدم نہیں رہتے اور کفر آمیز جملے کہتے ہیں اور غیر شرعی کام سرانجام دیتے ہیں۔ اور ان کا ایمان غیر مستقر ہوتا ہے۔ اُن کے متعلق امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ اللہ دنیا دوست کو بھی دیتا ہے اور دشمن کو بھی دیتا ہے۔ اور ایمان صرف اپنے برگزیدہ بندوں کو ہی دیتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ ایسے اہل ایمان جن کا وزیر بردباری ہو اور جن کا امیر لشکر عقل ہو وہ دور تاریخ میں کم دکھائی دیتے ہیں۔

---

[1] سورۂ نساء آیت۔ 136

[2] بحار الانوار 69/69

1. حارثہ کا ایمان

ایک روز رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز صبح کے بعد ایک جوان کو دیکھا جس کی آنکھیں مسلسل شب بیداری کی وجہ سے سرخ تھیں اور اس کا سر کبھی دائیں کبھی بائیں حرکت کرتا اور اس کا چہرہ زرد تھا۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''حارثہ تو نے کیسے صبح کی؟''

اس نے کہا: ''یارسول اللہ! میں نے حالتِ یقین میں صبح کی۔''

رسول خداؐ نے حارثہ کا جواب سن کر تعجب کیا اور فرمایا: ''ہر یقین کی ایک حقیقت ہوتی ہے اور تمہارے یقین کی کیا حقیقت ہے؟''

اس نے عرض کی یقین نے مجھ سے رات کی نیند چھین لی ہے اور مجھے شب بیداری پر آمادہ کیا ہے اور یقین نے ہی سخت گرم دنوں میں مجھ سے روزے رکھائے اور یقین نے مجھے دنیا و مافیہا سے لاتعلق کردیا ہے اور یقین کی بدولت میں اس مقام پر پہنچ چکا ہوں کہ میری نظر میں قیامت کا دن مجسم ہو کر رہ گیا ہے۔ اور میں ہر وقت اپنی آنکھوں سے قیامت کو بپا دیکھتا ہوں کہ لوگ حساب کے لئے آمادہ ہیں اور میں ان کے درمیان اپنے آپ کو موجود پاتا ہوں۔ مجھے جنتی لوگ جنت کی نعمات سے لطف اندوز ہوئے نظر آتے ہیں اور جنت کی تکیہ گاہوں پر تکیہ لگائے نظر آتے ہیں۔ اور اہل جہنم کو جہنم کے شعلوں میں فریاد کرتے ہوئے دیکھتا ہوں۔ یارسول اللہ! دوزخ کے شعلوں کی مہیب آوازیں ہر وقت مجھے سنائی دیتی ہیں۔

حضرت رسول اللہؐ نے فرمایا: ''اللہ نے اس کے دل کو نور ایمان سے منور فرمایا ہے۔''

پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جوان کو مخاطب کر کے فرمایا: ''اس حال پر اپنے آپ کو ثابت قدم رکھو۔''

جوان نے عرض کی: ''یارسول اللہ! آپ میرے لئے شہادت کی دعا فرمائیں۔'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے لئے شہادت کی دعا فرمائی، آپ کی دعا قبول ہوئی۔ چند دنوں بعد ایک جنگ میں حارثہ نو افراد کے بعد شہید ہوا۔ [1]

جان دی، دی ہوئی اس کی تھی
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

2. جوانمردی اور ایمان

ایک روز امام جعفر صادقؑ اپنے اصحاب اور شاگردوں کے حلقے میں بیٹھے ہوئے تھے۔ امامؑ نے دوستوں سے پوچھا: ''تم لوگ فتیٰ یعنی جواں کسے کہتے ہو؟''

ایک شخص نے جواب دیا: ''ہم اسے فتیٰ یعنی جوان اسے کہتے ہیں جو جوان سن ہو۔''

---

[1] اصول کافی جلد 3 باب حقیقۃ الایمان

امام علیہ السلام نے فرمایا: "نہیں ایسی بات نہیں ہے اصحاب کہف بوڑھے تھے لیکن ایمان رکھتے تھے اللہ تعالیٰ نے سورۃ کہف میں انہیں لفظ (فتیۃ) سے یاد کیا ہے۔ان کا کارنامہ یہ تھا کہ انہوں نے ایمان بچانے کے لئے غار میں پناہ لی تھی۔"

پھر امام علیہ السلام نے فرمایا: "جو شخص خدا پر صحیح ایمان رکھتا ہو اور صاحب تقویٰ ہو وہی شخص جوانمرد ہے۔" [1]

3. ایمان کے درجات

امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: ایمان کے سات حصے ہیں، کسی کے پاس ایک حصہ ہے، کسی کے پاس دو اور کسی کے پاس تین علی ہذا القیاس کسی کے پاس سات حصے ہیں۔ اسی لیے ایک حصے والے شخص پر دو حصے والے کا بوجھ نہیں لادنا چاہئے اور جس کے پاس دو حصے ہیں اس پر تین حصوں والے کا بوجھ نہیں ڈالنا چاہئے۔

آپ نے اس مسئلے کی وضاحت کے لئے یہ مثال دی۔

"ایک شخص کا ایک ہمسایہ نصرانی تھا۔ اس نے نصرانی کو اسلام کی دعوت دی اور اسلام کی خصوصیات اس کے سامنے بیان کیں۔نصرانی بالآخر مسلمان ہو گیا۔

دوسرے دن مسلمان منہ اندھیرے نومسلم نصرانی کے در پر گیا اور دستک دی۔ نصرانی نے دروازہ کھولا اور پوچھا: کیا بات ہے؟

مسلمان نے کہا کہ: نماز کا وقت ہے وضو کرو اور مسجد چلو۔"

نومسلم نے وضو کیا اور پرانے مسلمان کے ساتھ مسجد آ گیا۔ اس مسلمان نے نماز شب پڑھی اس کی دیکھا دیکھی نومسلم نے بھی نماز شب پڑھی۔ پھر نماز فجر کا وقت ہوا۔ دونوں نے نماز فجر پڑھی اور سورج نکلنے تک اس نے نومسلم کو مسجد میں بٹھائے رکھا۔

سورج نکلتے ہی نومسلم اٹھنے لگا تو مسلمان نے کہا کہ بھائی دن چھوٹے ہیں گھر جا کر کیا کرو گے؟ بیٹھو کچھ دیر بعد ظہر کا وقت آ جائے گا اور اس اثنا میں تم نوافل پڑھتے رہو۔

نومسلم بے چارہ ظہر تک مسجد میں بیٹھا رہا اور ظہر پڑھ کر نکلنے لگا تو اس پرانے مسلمان نے کہا: "بھائی ظہر اور عصر کے درمیان فاصلہ ہی کتنا ہے وہ بے چارہ بیٹھ گیا اور عصر کی نماز بھی ادا کی۔ اسی طرح سے نماز عشاء تک پرانے مسلمان نے نومسلم کو مسجد میں بٹھائے رکھا۔ نماز عشاء کے بعد دونوں اپنے اپنے گھروں کو گئے۔

دوسری صبح مسلمان نے نومسلم کا دروازہ کھٹکھٹایا کہ بھائی آؤ نماز پڑھنے چلیں۔

تو نصرانی نے کہا: بھائی میں غریب آدمی ہوں، میرے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں۔ تم کسی نکمے شخص کو جا کر مسلمان بناؤ۔ ایسی مسلمانی سے میں نصرانی بہتر ہوں۔ [2]

---

[1] دیکھئے حکایات شنیدنی 58/5۔ تفسیر نور الثقلین 244/3

[2] نمونہ معارف 479/2۔ اصول کافی باب درجات الایمان حدیث 2

4. سعید ابن جُبیر کا ایمان

حضرت سعید بن جُبیر مشہور تابعی تھے۔ انہوں نے حضرت علیؑ اور ابن عباس سے کسب فیض حاصل کیا۔ اور ان کا شمار حضرت امام زین العابدین کے با اعتماد رفقاء میں ہوتا تھا۔ حجاج بن یوسف ملعون کا شمار دنیا کے بدترین ظالم حکمرانوں میں ہوتا ہے۔ اُس نے اپنے دور میں ہزاروں بار محبانِ علیؑ کو قتل کیا اور لاکھوں افراد کو ناجائز قید کیا۔

دور حجاج کی تاریخ بتاتی ہے کہ اس کے دورِ ستم میں سعید ابن جبیر جیسے سینکڑوں بے گناہ افراد، اس کے ظلم کا نشانہ بنے۔

ایک مرتبہ حجاج بن یوسف کے سامنے سعید ابن جبیر کا ذکر چھڑا تو حجاج نے کہا: میں چاہتا ہوں کہ اسے میرے سامنے پیش کیا جائے۔

ایک شامی کی قیادت میں چند افراد ان کو تلاش کر کے وہاں حجاج کے دربار میں لائے۔

حجاج نے سعید سے پوچھا: ''تیرا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق کیا خیال ہے؟''

حضرت سعید نے فرمایا: ''وہ پیغمبر رحمت ہیں''

حجاج نے کہا: ''تو ابو بکرؓ و عمرؓ کے متعلق کیا کہتا ہے، کیا وہ جنتی ہیں یا دوزخی ہیں؟''

حضرت سعید نے کہا کہ اگر میں بذات خود جنت یا دوزخ میں سے کسی ایک میں گیا ہوتا تو تجھے ان کی خبر دیتا۔ مجھے ان کے انجام کی کیا خبر؟''

حجاج نے کہا: ''اگر تو چاہے تو میں تجھے معاف کر سکتا ہوں۔''

حضرت سعید نے فرمایا: ''معافی کی درخواست میں اپنے خدا سے کرونگا۔ تجھ جیسے انسان سے میں کبھی معافی نہیں مانگتا۔

حجاج نے کہا: جاؤ اسے قتل کر دو۔

سعید موت کے لئے تیار ہو گئے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے کہا:

إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ.... سورۃ انعام 79

یعنی میں نے اپنا چہرہ اس ذات کی طرف متوجہ کیا ہے جس نے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کیا میں سارے علائق دنیا سے کٹ چکا ہوں اور اس کا فرمانبردار ہوں اور میں مشرکین میں سے نہیں ہوں۔

حجاج نے کہا: ''اس کا چہرہ قبلہ سے موڑ دو۔''

جلاد نے جیسے ہی ان کا چہرہ قبلہ سے موڑا تو انہوں نے یہ آیت پڑھی

فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ... سورۃ البقرہ 115

یعنی تم جدھر بھی رخ کرو گے ادھر خدا کا چہرہ موجود ہے۔''

یہ آیت سن کر حجاج کو اور زیادہ غصہ آیا اور حکم دیا کہ انہیں زمین پر لٹا دیا جائے۔

حضرت سعید جیسے ہی زمین پر لیٹے تو آپ نے یہ آیت پڑھی۔

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى [1]

ہم نے تمہیں زمین سے بنایا اور اسی میں تمہیں لوٹائیں گے اور پھر اسی سے دوبارہ نکالیں گے۔

حجاج کے غصے کی کوئی انتہا نہ رہی اور کہا: ''بس اب اسے جلدی سے قتل کردو۔''

حضرت سعید نے کلمہ شہادت پڑھا پھر بارگاہ اقدس میں عرض کی: ''خدایا میرے بعد اسے کسی اور پر مسلط نہ کرنا جلاد نے تلوار چلائی ان کا سر ان کے جسم سے جدا ہوا لیکن اس وقت حاضرین یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ ان کے کٹے ہوئے سر سے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی صدا بلند ہو رہی تھی۔ حضرت سعید کی بد دعا نے حجاج پر اپنا اثر دکھایا، حضرت سعید کی شہادت کے بعد حجاج زیادہ عرصہ زندہ نہ رہا۔ ملعون بیمار ہوا اور اس پر غشی کے دورے پڑتے تھے اور اس بے ہوشی کے عالم میں بڑبڑاتا تھا: ''مالی ولسعید'' یعنی میرا سعید کے ساتھ کیا واسطہ ہے؟'' [2]

5. ایمان سلمان فارسی

حضرت سلمان فارسیؓ ایمان کے دسویں درجے پر فائز تھے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے سلمانؓ کو علم المنایا والبلایا عطا کیا تھا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں جب بھی جبرئیل امینؑ نازل ہوتے ہیں تو کہتے ہیں خداوند تعالیٰ سلیمان کو سلام دیتے ہیں۔

ایک دن حضرت سلمان اور حضرت ابوذر اکٹھے بیٹھے باتیں کر رہے اور درمیان میں ایک دیگچی آگ پر چڑھی ہوئی تھی۔ اور جوش مار رہی تھی۔ اچانک وہ دیگچی پتھروں سے نیچے گری لیکن اس میں سے ایک دانہ بھی باہر نہ آیا۔ حضرت سلیمان نے خالی ہاتھوں سے اسے پکڑا کر دوبارہ پتھروں پر رکھ دیا۔ کچھ دیر بعد وہ دیگچی پھر دوبارہ الٹ گئی مگر اس دفعہ بھی اس میں سے کچھ باہر نہ نکلا۔ حضرت سلیمان نے خالی ہاتھوں سے اسے پکڑ کر دوبارہ پتھروں پر رکھ دیا۔ حضرت ابوذر یہ دیکھ کر سخت حیران ہوئے اور وہاں سے اُٹھ کر سیدھے سرکار امیر المومنین علیہ السلام کے پاس آئے۔ اور تمام ماجرا آپ کو سنایا امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: ''ابوذر! جو کچھ سلمان جانتا ہے اگر وہ اپنا تمام علم تمہارے سامنے بیان کردے تو تم کہو گے کہ اللہ سلمتن کے قاتل پر رحم فرمائے۔

یاد رکھو سلمان اللہ کا دروازہ ہے۔ جس نے اسے پہچانا وہ مومن ہے جس نے اس کا انکار کیا وہ کافر ہے۔ سلمان ہم اہل بیت علیہم السلام میں سے ہے۔'' [3]

---

[1] طہ 55/

[2] داستانہائی ما 2/ 45-39

[3] منتہی الامال 1/ 114

باب نمبر14

برادری

قرآن پاک میں ارشادِ خداوندی ہے:

"إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ"

تمام مومن ایک دوسرے کے بھائی ہیں۔ [1]

امام محمد باقر علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں:

"عليك بأخوانِ الصدق فانهم عُدَّة عند الرخاء وجُنَّة عند البلاء"

"سچے بھائی تلاش کرو ایسے لوگ پریشانی کے وقت تمہارے لئے ذخیرہ ثابت ہوں گے اور آزمائش کے وقت تمہارے لئے ڈھال ثابت ہوں گے۔" [2]

مختصر تشریح

تمام انسانوں کے لئے دوستی اور رفاقت بہت ضروری ہے۔ اگر کسی انسان کو سچے دینی دوست میسر آتے ہیں تو یہ بھی نعمت خداوندی ہے۔

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ تمام انبیاء کو بعثت کے وقت خدا نے مخلص دوست اور خیر خواہ عطا کئے تھے۔

یہ واضح دلیل ہے کہ اللہ اور رسولؐ کی اطاعت کے بعد اللہ تعالیٰ کی محبت سے بڑی نعمت صالح دوست ہیں جو خدا کے لئے آپ سے محبت کرتے ہیں۔

وہ لوگ جو صرف کھانے کی غرض سے آپ سے دوستی جتائیں جن کا مقصد دنیاداری کے علاوہ اور کچھ بھی نہ ہو ایسے دوستوں سے باز رہنا چاہئے۔

اور یاد رکھیں دینی اور بامعرفت بھائی اگرچہ تعداد میں کم ہی کیوں نہ ہوں بے معرفت دوستوں سے زیادہ فائدہ

---

[1] سورۂ حجرات آیت نمبر 10

[2] بحار الانوار 251/78

مند ہوتے ہیں۔

1. جن برادرانس

امام محمد باقرؑ ارشاد فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کی ایک جماعت سفر پر گئی۔ اتفاق سے راستہ بھٹک گئے۔ راستے میں انہیں سخت پیاس محسوس ہوئی۔

اُن کو یقین ہوگیا کہ پیاس کی وجہ سے ان کی موت واقع ہو جائے گی۔ انہوں نے اپنے اپنے کفن پہن لئے۔ اور ایک درخت کی جڑیں چوسنے لگے شاید کچھ نہ کچھ پیاس میں کمی آئے۔

اتنے میں سفید لباس پہنے ہوئے وہاں ایک بوڑھا شخص آیا اور کہا کہ بھائیو! اٹھو تمہارے لئے کوئی پریشانی نہیں ہے میں تمہارے لئے پانی لایا ہوں۔ سب اُٹھے اور سب نے پانی پیا۔ اور کہنے لگے بزرگ اللہ تعالیٰ آپ پر رحمت فرمائے آپ کون ہیں؟

اس بوڑھے شخص نے جواب دیا: ''میرا تعلق قوم جنات سے ہے۔ اور ہم نے رسول خدا ﷺ کی بیعت کی تھی۔ میں نے رسول اللہ سے سنا ہے کہ مومن مومن کا بھائی ہے۔ مومن مومن کے لئے آنکھ ہوتا ہے۔ مومن مومن کا رہنما ہوتا ہے۔ اسی لئے میرے ہوتے ہوئے آپ پیاس سے نہیں مر سکتے تھے۔''[1]

2. بھائیوں کی صفات

''محمد بن عجلان'' بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا وہاں پر ایک شخص آیا اس نے امام کو سلام کیا۔ امامؑ نے اس سے پوچھا: ''تمہارے دینی بھائیوں کا کیا حال ہے؟''

اس نے اپنے علاقے کے لوگوں کی خوب تعریف کی۔ امامؑ نے اس سے پوچھا: ''کیا وہاں کے دولت مند لوگ غرباء کی عیادت بھی کیا کرتے ہیں؟''

اس نے عرض کیا: ''بہت کم''

آپؑ نے پھر پوچھا: ''کیا وہاں کے دولت مند فقراء کی خبر گیری بھی کرتے ہیں؟''

اس نے عرض کیا: ''وہ بھی بہت کم۔''

آپ نے پھر اس سے پوچھا: ''کیا وہاں کے تونگر افراد وہاں کے مفلس افراد کی مدد کیا کرتے ہیں؟''

اس نے عرض کیا: 'آپ جن صفات واخلاق کا ذکر کر رہے ہیں۔ یہ صفات واخلاق ہمارے لوگوں میں بہت کم پائے جاتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: ''اس کے باوجود وہ اپنے آپ کو ہمارے شیعہ کیونکر سمجھتے ہیں جب کہ وہ غرباء اور مساکین کے ساتھ

---

[1] اصول کافی ج 2، باب اخوۃ المومنین 10

تعاون کرنے پر بھی آمادہ نہیں ہیں۔"[1]

3. بھائی کے دروازے پر کھڑا ہوا شخص

امام محمد باقر علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک شخص اپنے دینی بھائی کے دروازہ پر کھڑا تھا کہ وہاں سے ایک فرشتے کا گزر ہوا۔

فرشتے نے اس شخص سے پوچھا: "یہاں پر کیوں کھڑے ہوئے ہو؟"

اس شخص نے جواب دیا: "یہ میرے بھائی کا گھر ہے میں اسے سلام کرنے کی نیت سے آیا ہوں۔

فرشتہ نے پھر اس سے پوچھا: "کیا وہ شخص تمہارا کوئی رشتہ دار ہے یا تجھے اس سے کوئی مطلب ہے جو تو اسے سلام کرنے کے لئے آیا ہے؟"

اس شخص نے جواب میں کہا کہ ان میں سے کوئی بھی بات نہیں ہے صرف وجہ یہ ہے کہ وہ مسلمان ہے اور میں بھی مسلمان ہوں میں صرف خدا کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے اس پر سلام کرتا ہوں۔

فرشتے نے کہا: "میں خدا کی طرف سے بھیجا ہوا فرشتہ ہوں اللہ تعالیٰ تجھ پر سلامتی بھیج رہا ہے اور کہہ رہا ہے کہ "اے میرے بندے تو میرے دیدار کے لئے آیا اور تو نے اسلامی برادری کو تحفظ دیا ہے جس کی وجہ سے میں نے تجھ پر جنت واجب کر دی اور تجھ پر آتشِ دوزخ کو حرام قرار دے دیا۔[2]

4. والی کا مومن کو خوش کرنا

شہرِ رے کا ایک مومن بیان کرتا ہے کہ یحییٰ بن خالد برمکی کی طرف سے ایک شخص ہمارے شہر کا والی بن کر آیا۔ مجھے حکومت کا خراج اور واجبات اس قدر دینا تھا۔ اگر مجھ سے تمام واجبات وصول کئے جاتے تو میں مفلس ہو جاتا۔ مجھے ہر وقت یہی اندیشہ ستاتا تھا کہ اب میری باری آنے والی ہے۔ مجھے بعض دوستوں سے معلوم ہوا کہ والی شہر شیعہ ہے مگر میری ہمت نہ پڑتی تھی کہ اس سے ملاقات کروں۔ کیونکہ میں ڈرتا تھا ممکن ہے کہ وہ شیعہ نہ ہو اور مجھے قید کر کے جیل بھیج دے۔

میں نے دل میں سوچا مجھے اپنے خدا سے پناہ مانگنی چاہئے اور امام زمانہ سے توسل کرنا چاہئے۔

یہ سوچ کر میں حج بیت اللہ کے لئے مکہ مکرمہ چلا گیا اور حرم میں میری ملاقات امامِ صابر حضرت موسیٰ کاظم علیہ السلام سے ہوئی۔

---

[1] اصولِ کافی ج3، باب حق المومنین علی اخیہ ج 10

[2] نمونہ معارف 81/1۔ جامع الاخبار ص۔ 118

میں نے امام علیہ السلام کی خدمت میں اپنی بے نوائی اور سرکاری واجبات کا تذکرہ کیا اور آپؑ سے چارہ سازی کی درخواست کی۔

امام علیہ السلام نے والی کے نام ایک رقعہ تحریر کر کے مجھے دیا اور فرمایا کہ میرا یہ رقعہ والی تک پہنچانا۔ اس رقعہ میں آپ نے صرف یہ سطریں تحریر فرمائیں۔

''بسم اللہ الرحمن الرحیم

جان لو کہ عرش کے نیچے اللہ نے سایہ رحمت قائم کیا ہے اس میں صرف وہی رہ سکتا ہے جس نے اپنے بھائی سے نیکی کی ہو یا اس سے تکلیف ہٹائی ہو یا اس کے دل میں خوشی داخل کی ہو۔ یہ تمہارا بھائی ہے۔'' والسلام

میں حج سے فراغت پا کر اپنے گھر پہنچا اور ایک رات امام عالی مقام کا خط لے کر اس کے گھر گیا اور اس کے ملازمین سے کہا کہ والی سے کہو کہ کی طرف سے ایک قاصد تمہیں ملنے آیا ہے۔

ملازمین نے جیسے ہی جا کر میرے متعلق بتایا تو وہ پا برہنہ دوڑتا ہوا دروازے پر آیا اور مجھے گلے لگا کر میرا منہ چومنے لگا۔ اور بار بار میری پیشانی کو چومتا رہا۔

پھر مجھے اپنے گھر لے گیا۔ صدر مجلس میں مجھے بٹھایا اور خود نیچے بیٹھ گیا۔ اور مجھ سے امامؑ کی خیریت دریافت کرنے لگا۔ میں نے جیسے جیسے اس کو امام کی خیریت کی اطلاع دیتا گیا۔ اس کا چہرہ پھول کی طرح کھلتا گیا۔ پھر میں نے امام علیہ السلام کا خط اسے دیا۔ اس نے بار بار امام کے خط کو بوسے دیئے اور خط پڑھا۔ پھر نوکر کو صدا دی کہ تمام پوشاکیں لاؤ۔ نوکر اس کی تمام پوشاکیں لایا تو اس نے آدھی مجھے دیں اور آدھی پوشاکیں اپنے پاس رکھیں اور اس کے گھر میں جتنے درہم و دینار تھے اس نے سب میرے اور اپنے درمیان برابر تقسیم کیے۔ اور جو اشیاء قابل تقسیم تھیں۔ ان کی آدھی قیمت میرے حوالے کی اور واجباب سرکاری کا رجسٹر منگا کر میرے تمام واجبات معاف کر دیئے اور مجھے معافی کی تحریر لکھ دی۔ آخر میں مجھ سے پوچھا کہ کیا میں نے تمہیں خوش کیا ہے؟

میں نے کہا: جی ہاں! آپ نے مجھے بہت خوش کر دیا۔

میں اس کے پاس سے چلا آیا۔ اور دل میں سوچا کہ والی کی نیکی کا میں کوئی بدلہ نہیں دے سکتا۔ بہتر ہے کہ اس کے لئے حج کروں اور امام علیہ السلام سے اس کے حق میں دعا کراؤں۔

اگلے سال میں پھر حج کے لئے روانہ ہوا اور امام علیہ السلام سے ملاقات کی میں نے والی رے کی پوری داستان آپ کے گوش گزار کی۔ امام علیہ السلام اس کے حسن سلوک کو سن کر بے حد خوش ہوئے۔

میں نے امام علیہ السلام سے پوچھا: ''خدا کی قسم اس نے مجھے خوش کیا، تیرے جد نامدار امیر المومنین علی علیہ السلام کو خوش کیا، پروردگار کی قسم اس نے میرے نانا رسول مقبول کو خوش کیا، اس نے رب العزت کو بھی خوش کیا۔ [1]

---

[1] تتمہ تاریخ 47/2۔ بحار الانوار ج۔11۔ احوال موسیٰ بن جعفر علیہ السلام

5. حضرت علیؑ رسولِ خدا کے بھائی ہیں

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ آنے کے پانچ یا چھے ماہ بعد انصار مدینہ اور مہاجرین مکہ کو آپس میں بھائی بھائی قرار دے کر عقدِ مواخات کا اہم کام سرانجام دیا۔

عبداللہ ابن عباس روایت کرتے ہیں کہ جب قرآن مجید کی یہ آیت

"انما المومنون اخوة"

نازل ہوئی تو رسولِ خدا نے تمام مسلمانوں کو ایک دوسرے کا بھائی بنادیا۔

جتنی جتنی جس کی عادتیں ملتی تھیں ان دونوں کو آپس میں بھائی بنادیا۔ حضرت ابوبکرؓ کو حضرت عمرؓ کا بھائی اور حضرت عثمانؓ کو عبدالرحمانؓ کا بھائی قرار دیا۔

امیرالمومنین مٹی پر سوئے ہوئے تھے۔ پیغمبر خدا تشریف لائے اور کہا کہ ابوتراب کھڑے ہو جاؤ میں نے کسی کو تمہارا بھائی نہیں بنایا۔ میں نے تجھے اپنے لئے بچالیا ہے۔ خدا کی قسم دنیا اور آخرت میں تو میرا بھائی ہے اور میں تیرا بھائی ہوں۔ [1]

[1] نمونہ معارف 82/1۔ کشف الغمہ۔ تفسیر البرہان

باب نمبر15

بے نیازی

ارشاد خداوند کریم ہے:

لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ

(اے رسول) آپ اس سامان عیش کی طرف ہرگز نگاہ نہ اٹھائیں جو ہم نے ان (کافروں) کو عطا کیا ہے۔[1]

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں:

شرف المومن قیام اللیل وعزہ استغناؤہ عن الناس.

مومن کا شرف نماز میں ہے اور اس کی عزت اس میں مضمر ہے کہ لوگوں سے بے نیاز رہے۔[2]

مختصر تشریح

طمع ایک انتہائی بری صفت ہے اور اس کی ضد بے نیازی ہے۔ عرف عام میں کہا جائے کہ فلاں شخص بے نیاز ہے تو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اس کے پاس دولت ہے اس لئے بے نیاز ہے۔ حالانکہ حقیقی بے نیاز وہ ہے جو اپنے نفس کو لوگوں کی دولت سے مستغنی رکھے اور لوگوں کے مال و متاع پر اپنی نگاہیں نہ رکھے۔

مخلوق سے جو شخص بے نیازی اختیار کرتا ہے تو اس کی عزت میں اضافہ ہوتا ہے۔ اور ایسا شخص خدا پر بھروسہ رکھتا ہے اور یہی بھروسا اس کے لئے بہترین سرمایہ ہوتا ہے۔

دوسروں سے سوال اور گدائی کی سخت مذمت وارد ہوئی ہے۔ چونکہ سوال کرنے کی وجہ سے انسان کی عزت نفس میں کمی واقع ہوتی ہے اور انسان ہمیشہ فقر کا قیدی بن کر رہ جاتا ہے۔ اور خدا کی طرف بھی انسان کا اشتیاق کم ہو جاتا ہے۔

---

[1] سورۂ حجر آیت 88

[2] جامع السعادات 108/2

1. پیغمبر اکرم کا درس

رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک صحابی مالی پریشانی کا شکار ہوا اور اخراجات کے لئے وہ کوڑی کوڑی کا محتاج ہو گیا۔ اس کی بیوی نے کہا کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کریم اور سخی ہیں۔ تم ان کی خدمت میں جاؤ اور اپنی غربت کی داستان سناؤ مجھے یقین ہے آپ ہماری ضرور مدد کریں گے۔

بیوی کا مشورہ سن کر صحابی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آیا۔ اس وقت رسول خدا منبر پر تشریف فرما تھے اور آپ نے فرمایا: "سئلنا اعطیناہ ومن استغنیٰ اغناہ اللہ" جو ہم سے سوال کرے گا ہم اسے عطا کریں گے اور جو اپنی شرافت نفس کی وجہ سے سوال کرنے سے گریز کرے گا تو اللہ اسے غنی بنا دے گا۔

صحابی نے آپ کے یہ الفاظ سنے تو آپ کے یہ الفاظ اسے اپنے سینہ میں اترتے ہوئے محسوس ہوئے اور اس نے اپنے ذہن میں کہا کہ حضور کریم کے ان الفاظ کا روئے سخن میری طرف ہے صحابی اپنے گھر آیا بیوی نے پوچھا کہ تم نے حضورؐ سے سوال کیا تھا؟ صحابی نے بتایا: میرا ارادہ سوال کرنے کا تھا۔ لیکن میرے سوال کرنے سے پہلے رحمۃ للعالمینؐ نے فرمایا کہ جو ہم سے سوال کریگا ہم اسے عطا کریں گے اور جو سوال کرنے سے گریز کرے گا تو اللہ اسے غنی کر دے گا اور مجھے یقین ہے کہ حضورؐ نے یہ الفاظ میرے لئے ہی کہے تھے۔

بیوی نے کہا: "نہیں ایسی کوئی بات نہیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی انسان ہیں۔ انہوں نے عمومی انداز میں یہ الفاظ کہے ہوں گے تم اس کے مخاطب نہ تھے۔

تمہیں حضور اکرم کے پاس جا کر اپنی غربت کی داستان سنانی چاہئے۔ دوسرے دن صحابی پھر دربار نبوت میں حاضر ہوا اور رسول اللہؐ نے خطبہ کے دوران ارشاد فرمایا: "" جو ہم سے سوال کرے گا تو ہم اسے عطا کریں گے اور جو سوال سے گریز کرے تو اللہ اسے غنی کر دے گا۔

صحابی نے جیسے ہی یہ الفاظ سنے تو اسے یقین ہو گیا کہ آپؐ اسی سے ہی مخاطب ہیں صحابی کو آپؐ سے سوال کرتے ہوئے کچھ شرم محسوس ہوئی اور مسجد سے اُٹھ کر اپنے ایک دوست کے پاس گیا اور اس سے کلہاڑی مانگی۔ کلہاڑی لے کر جنگل میں چلا گیا۔ اور سارا دن لکڑیاں کاٹتا رہا۔ شام کے وقت لکڑیاں بازار میں فروخت کیں۔ تو اجرت کے طور پر اسے چند درہم ملے اس نے گھر کے لئے آٹا خریدا اور گھر چلا گیا۔

پھر دوسرے دن علی الصبح اُٹھ کر جنگل میں گیا اور پہلے سے زیادہ مقدار میں لکڑیاں کاٹیں اور بازار میں فروخت کیں۔ اسی طرح سے چند دن بعد اس نے اپنی کلہاڑی خریدی اور آہستہ آہستہ اس کی دولت میں بھی اضافہ ہونے لگا اور چند ماہ بعد اس نے ایک غلام اور دو اونٹ خرید لئے اور یوں زیادہ لکڑیاں بازار میں فروخت کرنے لگا۔ اور اس کی مالی حالت بھی پہلے سے بہتر

ہو گئی۔ پھر ایک دن رسول اللہ کے پاس جا کر اپنی پوری روئیداد سنائی۔ یہ سن کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''من سألنا اعطینا ومن استغنی اغناہ اللہ'' ہم سے جو سوال کرے گا تو ہم اسے عطا کریں گے اور جو سوال کرنے سے گریز کرے گا تو اللہ اسے غنی کر دے گا۔''[1]

2. سکندر اور دیوژن

جب سکندر کو یونان کا حکمران منتخب کیا گیا تو تمام طبقات کے لوگ اس کو مبارک باد دینے کے لئے گئے مگر یونان کا مشہور فلسفی دیوژن اس کے پاس نہ گیا۔

دیوژن ایک قناعت پسند، آزاد منش اور لوگوں سے طمع نہ رکھنے والا شخص تھا۔ سکندر اس سے ملنے خود اس کے پاس گیا۔

اس وقت وہ دھوپ میں لیٹا ہوا تھا۔ اس نے جب دیکھا کہ زیادہ لوگ اس کے پاس آئے ہیں تو وہ تھوڑا اٹھا اور آنکھیں اٹھا کر سکندر کو دیکھا جو اس وقت جلال بادشاہی میں آ رہا تھا۔ لیکن اس نے سکندر اور عام انسانوں میں کوئی فرق نہ کیا۔ پوری بے نیازی اور بے اعتنائی کا ثبوت دیتا رہا۔

سکندر نے اسے سلام کیا اور کہا کہ اگر کوئی خواہش ہو تو مجھ سے بیان کرو۔ دیوژن نے اسے جواب دیا: ''میں دھوپ سے استفادہ کرنا چاہتا ہوں اور آپ دھوپ میں میرے سامنے کھڑے ہو گئے۔ بس آپ ایک طرف ہو جائیں۔

سکندر کے ساتھیوں کو یہ جواب انتہائی بے وقوف سا لگا۔ انہوں نے یہ سوچا کہ یہ بے وقوف ہے جس نے اتنے خوبصورت موقع سے بھی فائدہ نہ اٹھایا۔

سکندر نے اپنے آپ کو دیوژن کے استغنائے نفس کے سامنے انتہائی حقیر تصور کیا۔ اور بہت زیادہ سوچ وبچار پر مجبور ہو گیا۔

واپسی پر سکندر نے دیکھا کہ اس کے ساتھی دیوژن پر ہنس رہے تھے۔

سکندر نے کہا: ''ایسی بات نہیں ہے اگر آج میں سکندر نہ ہوتا تو دیوژن ہوتا۔''[2]

3. محمد بن منکدر کا اعتراض

محمد ابن منکدر ایک صوفی گزرے ہیں بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میری ملاقات امام محمد باقر علیہ السلام سے ہوئی۔ میں نے سوچا کہ میں انہیں کوئی پند ونصیحت کروں تو انہوں نے مجھے ہی نصیحت کر دی۔

اس سے پوچھا گیا کہ امام نے تجھے کیا نصیحت کی؟

[1] پند تاریخ 139/2۔ وافی جلد 1398/2

[2] اردو حماد دکا۔ خاص 39۔ داستانہائی پراکندہ 66/2

محمد ابن منکدر نے جواب دیا: "شدید گرمی کے دن تھے۔ میں شہر کے باہر گیا، میں نے دیکھا کہ محمد باقر علیہ السلام دو غلاموں کا سہارا لے کر آ رہے تھے۔

ویسے بھی آپؑ بھاری وجود کے مالک تھے۔ میں نے اپنے آپ سے کہا کہ عجیب بات ہے قریش کے بزرگ ترین فرد اس گرمی کے اندر طلب دنیا میں مصروف ہیں۔ آج یہ اچھا موقع ہے میں انہیں پند و نصیحت کرونگا۔

میں نے انہیں سلام کیا۔ آپؑ نے مجھے سلام کا جواب دیا۔ اس وقت آپؑ پسنے میں شرابور تھے۔ میں نے نصیحت کرتے ہوئے کہا: اللہ تعالیٰ آپؑ کے معاملات کی اصلاح کرے آپؑ اس عالم میں بھی رزق روزی میں غلطان دکھائی دیتے ہیں۔ اگر خدا نخواستہ اس عالم میں آپؑ پر موت واقع ہوگئی تو آپ کا کیا حال ہوگیا؟

امام علیہ السلام نے غلاموں کے کندھوں سے ہاتھ اٹھا لئے اور فرمایا:

"اگر اس عالم میں مجھ پر موت آ گئی تو میں اطاعت خدا میں مصروف ہوں کیونکہ میں نے اپنی حاجات کو اپنے تک محدود رکھا ہے۔ تجھ جیسے لوگوں تک میں نے اپنی حاجات کو نہیں آنے دیا۔ مجھے موت کی پریشانی تب ہوتی اگر میں خدا کی معصیت میں مصروف ہوتا۔"

محمد ابن منکدر کہتا ہے اس کے جواب میں میں نے کہا: "اللہ آپؑ پر رحم کرے میں آپؑ کو نصیحت کرنے آیا تھا۔ اور آپؑ نے مجھے ہی نصیحت کر دی۔ [1]

ابو علی سینا

بیان کیا جاتا ہے کہ شیخ الرئیس ابو علی سینا ایک دن وزارت خانے کے آگے سے گزر رہے تھے انہوں نے ایک خاکروب کو دیکھا جو اپنے متعفن ماحول میں اپنا کام کر رہا تھا اور بلند آواز سے یہ شعر پڑھ رہا تھا۔

گرامی داشتم ای نفس از آنت
کہ آسان بگذرد بردل جہانت

اے نفس میں نے تجھے ہر ذلت سے دور رکھا ہے تا کہ دل کے اوپر جتنے بھی جہاں گزرتے ہیں آسانی سے گزر سکیں۔

ابو علی سینا کہتے ہیں میں نے یہ شعر سنا اور اس کی حالت کو دیکھا تو مسکرا اٹھا اور میں نے اس سے کہا واقعی تو نے اپنے نفس کو بڑی عزت دی ہے اور اس طرح کی پست ملازمت کر رہے ہو۔ تو خاکروب نے اپنا کام روک کر میری طرف دیکھا اور کہا: پست کام کر کے روٹی کھاتا ہوں تا کہ شیخ الرئیس (ابو علی سینا) کے احسان تلے نہ دب جاؤں۔ [2]

---

[1] منتھی الامال 91/2

[2] نمونہ معارف 162/1۔ نامہ دانشوران۔

5. عبداللہ ابن مسعود کی بے نیازی

حضرت عبداللہ ابن مسعود رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معتبر صحابی تھے آپ انتہائی باوقار اور غیور انسان تھے۔

حضرت عثمان کے دورِ خلافت میں وہ بیمار ہوئے اور اس بیماری کی وجہ سے اس جہانِ فانی سے رحلت فرمائی۔

خلیفہ سوئم اُن کی عیادت کے لئے گئے۔ دیکھا کہ وہ کافی پریشان حال ہیں۔ خلیفہ نے پوچھا: ''ابن مسعود کس وجہ سے پریشان ہو؟''

عبداللہ نے جواب دیا: ''اپنے گناہوں کی وجہ سے۔''

خلیفہ نے کہا: ''میرے لئے کوئی خدمت؟''

عبداللہ ابن مسعود نے فرمایا: ''میں اس وقت اللہ کی رحمت کا مشتاق ہوں۔''

خلیفہ نے کہا: ''اگر آپ کہتے ہیں تو میں کسی طبیب کو بلاؤں۔''

عبداللہ ابن مسعود نے جواب دیا: ''حقیقی طبیب نے تو مجھے بیمار کیا ہے۔''

خلیفہ نے کہا: ''اگر آپ چاہیں تو میں بیت المال سے آپ کے لئے وظیفہ مقرر کردیتا ہوں۔''

عبداللہ ابن مسعود نے جواب دیا: ''جب مجھے ضرورت تھی تب تم نے مجھے کچھ نہ دیا اب مجھے ضرورت نہیں ہے۔''

خلیفہ نے کہا: ''کوئی بات نہیں یہ عطا اور بخشش تمہاری بیٹیوں کے کام آئے گی۔''

ابن مسعود نے جواب دیا: ''میری بیٹیوں کو اس کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ میں نے انہیں ''سورۃ واقعہ'' کی تعلیم دے دی ہے اور میں نے رسولِ پاک سے سنا تھا کہ جو شخص ہر رات ''سورہ واقعہ'' پڑھے گا وہ کبھی بھی غریب نہیں ہوگا۔ [1]

---

[1] داستانھا و پندھا 112/7۔ مجمع البیان 211/9

باب نمبر 16

بُخل

ارشادِ خداوندی ہے۔

الَّذِينَ يَبْخَلُونَ وَيَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُونَ مَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ ۗ وَأَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ عَذَابًا مُّهِينًا

(وہ لوگ بھی اللہ کو پسند نہیں) جو خود بخل کرتے ہیں اور لوگوں کو بھی بخل کی تلقین کرتے ہیں اور اللہ نے اپنے فضل سے جو انہیں عطا کیا ہے اسے چھپاتے ہیں اور ہم نے کافروں کے لئے ذلت آمیز سزا مہیا کر رکھی ہے۔ [1]

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کا فرمان ہے۔

"جاهل سخی أحب الی الله من عابد بخيل"

''سخاوت کرنے والا جاہل خدا کو بخیل عابد سے زیادہ محبوب ہے'' [2]

مختصر تشریح

بخل دنیا پرستی کا مظہر ہے۔ بخل کی وجہ سے انسان دوسرے انسانوں کو مال و متاع دینے سے ڈرتا ہے۔

ابلیس کے مختلف جالوں میں سے ایک جال کا نام بخل ہے۔ یہ بخل انسان کو بہت سی خوبیوں سے روکتا ہے۔ بخیل آدمی انفاق فی سبیل اللہ سے بھی ڈرتا ہے۔ بخیل کسی کی مدد نہیں کرسکتا۔ اس لئے معصوم علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ بخیل آدمی کبھی بھی جنت میں داخل نہیں ہوسکتا۔ بخل کی صفت انتہائی قابلِ نفرت ہے۔ بخیل آدمی اگر کسی کو خرچ کرتے ہوئے دیکھتا ہے تو پریشان ہوجاتا ہے۔

بخیل ہمیشہ اپنے خاندان والوں پر سختی کرتا ہے اور اسے یہ بات کبھی بھی پسند نہیں ہوتی کہ کوئی اس کے پاس مہمان بن کر رہے۔ وہ کبھی دوسروں کا مہمان بننا بھی پسند نہیں کرتا ہے اس لئے کہ اگر وہ آج کسی کا مہمان ہوگا تو کل لوگ اس کے مہمان

[1] سورۃ النساء آیت 37

[2] جامع السعادات 110/2

ہوں گے۔ وہ شخص کبھی بھی سخت لوگوں سے دوستی نہیں کرتا اسی لئے حدیث میں وارد ہوا ہے کہ ''رسولِ خدا ہمیشہ بخل کی صفت سے خدا سے پناہ مانگتے تھے۔''[1]

1. بخیل کا گناہ

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ رحمت عالم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیت اللہ کے طواف میں مصروف تھے۔ آپؐ نے ملاحظہ فرمایا کہ ایک شخص نے غلاف کعبہ کو تھاما ہوا تھا اور کہہ رہا تھا۔ ''خدایا تجھے تیرے اس باعظمت گھر کی قسم دیتا ہوں کہ میر گناہ معاف فرمایا۔''

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس شخص سے فرمایا: ''تو نے کونسا گناہ کیا ہے؟''

اس نے جواب دیا: کہ حضور میرا گناہ بڑا ہے۔''

آپؐ نے فرمایا: ''آخر تو اللہ کی رحمت سے اتنا مایوس کیوں ہے؟''

کیا تیرا گناہ پہاڑوں سے بھی بڑا ہے؟''

اس کی عرض کی: ''جی ہاں! میرا گناہ پہاڑوں سے بھی بڑا ہے۔''

آپؐ نے فرمایا: ''تو کیا تیرا گناہ اس زمین کے وزن سے بھی زیادہ ہے؟''

اس نے کہا: ''جی ہاں یارسول اللہؐ۔''

پھر آپؐ نے فرمایا: ''تیرا گناہ بڑا ہے یا آسمان بڑا ہے؟''

اس نے کہا: ''میرا گناہ آسمانوں سے بھی بڑا ہے۔''

پھر آپ نے فرمایا: ''تیرا گناہ بڑا ہے یا عرش بڑا ہے؟''

اس نے کہا: ''جی ہاں! میرا گناہ عرش سے بھی بڑا ہے۔''

پھر آپؐ نے فرمایا: ''اچھا یہ بتا (ذنبک اعظم ام اللہ) تیرا گناہ بڑا ہے یا خدا بڑا ہے؟''

اس نے کہا: ''خدا بڑا ہے۔''

پھر آپؐ نے ارشاد فرمایا: ''اپنے گناہ کے متعلق بیان کرو۔''

اس نے کہا: ''یارسول اللہ! میں دولت مند انسان ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے بہت کچھ عطا کیا ہے۔ جب کوئی سائل مجھ سے سوال کرتا ہے تو میرے تن بدن میں آگ لگ جاتی ہے اور میرا دل کہتا ہے کہ میں سائل کو قتل کر ڈالوں۔''

یہ سن کر آپؐ نے فرمایا: ''مجھ سے دور ہو جا۔ اپنے ساتھ مجھے آگ میں مت جلا۔ مجھے اس ذات کی قسم جس نے مجھے حق کے

---

[1] احیاء القلوب ص96

ساتھ مبعوث کیا۔ اگر تو اس بخل کی وصف کے ساتھ رکن و مقام کے درمیان دو ہزار سال تک نماز پڑھے۔ اور خوف خدا میں تو اتنا روئے کہ تیری آنکھیں چشمہ کی صورت بن جائیں اور ان سے درخت سیراب ہو جائیں تو اس کے باوجود بھی اللہ تعالیٰ تجھے معاف نہیں کرے گا۔ تجھے سر کے بل دوزخ میں ڈالے گا۔"

کیا تجھے علم نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "وَمَنْ يَبْخَلْ فَإِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَفْسِهِ" (سورہ محمد آیت 38) "جو بخل کرتا ہے وہ اپنے لئے ہی بخل کرتا ہے۔"

اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: "شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ" (سورہ حشر آیت۔9)
جنہیں ان کے اپنے نفس کے بخل سے محفوظ کر دیا جائے تو وہی کامیاب ہونے والے ہیں۔ [1]

2. منصور دوانیقی کا بخل

منصور دوانیقی بنو عباس کا دوسرا خلیفہ گزرا ہے وہ کنجوس اور بخل میں اپنی مثال آپ تھا۔

جب کوئی شاعر یا ادیب منصور کے سامنے انعام کی لالچ میں کوئی قصیدہ یا کلام سنانے جاتا تو وہ پہلے شاعر سے کہتا تھا: "دیکھو تم جو اشعار مجھے سنانے آئے ہو اگر ثابت ہو گیا کہ یہ اشعار اگر کسی نے پہلے یاد کئے ہوئے ہیں یا کسی اور شاعر کا کلام ہوا تو تجھے میری طرف سے کوئی انعام نہیں ملے گا۔"

اگر شاعر کا قصیدہ یا کلام اپنا ہوتا تو وہ اس کے دیوان کے وزن کے مطابق اسے تحفے تحائف دیتا تھا۔ ذاتی طور پر منصور دوانیقی بہت اچھے حافظہ کا مالک تھا۔ جیسے ہی کوئی شاعر کوئی شعر سناتا تو اسی وقت ہی شاعر کو وہی شعر سنا دیتا تھا۔ اس کے پاس ایک غلام تھا اس کا بھی حافظہ بہت تیز تھا۔ شعر سننے کے بعد منصور دوانیقی اسی شاعر سے کہہ دیتا یہ تو نے کونسا شعر پڑھا ہے یہ شعر مجھے پہلے سے یاد تھے حد یہ ہے کہ شعر میرے غلام کو بھی یاد ہے۔ غلام اسی وقت وہ اشعار سنا دیتا تھا۔ منصور کے پاس ایک کنیز تھی جو کہ پردے کے پیچھے کھڑی رہتی وہ بھی اشعار یاد کر لیتی تھی۔ جب غلام شعر سنا دیتا تو منصور کہتا یہ تو میری کنیز کو بھی یاد ہے جو پردہ کے پیچھے ہے وہ اشارہ کرتا وہ کنیز باہر آجاتی وہ بھی وہ نظم سنا دیتی تھی۔ اور یوں شاعر کو تعجب ہوتا اور وہ خالی ہاتھ لوٹ جاتا تھا۔

اسی زمانے میں وہاں ایک شاعر تھا جس کا نام "اصمعی" تھا وہ بہت بڑا ادیب تھا اور اسے منصور کی چالاکیوں کا بھی علم تھا۔

اس نے کچھ ایسے اشعار لکھے جس میں اس نے سخت کلمات اور غامض جملے استعمال کیے اور انہی کو پتھر کے ایک ستون پر لکھا۔ لباس تبدیل کیا بدوؤں کی شکل بنا کر اپنے چہرے کو ڈھانپ دیا جس میں سے اس کی صرف آنکھیں نظر آ رہی تھیں بادشاہ کے دربار میں آیا۔

اور اس نے پردیسوں کے لب و لہجے میں کہا: "جناب عالی! میں نے چند اشعار لکھے ہیں اور آپ کی نذر کرنا چاہتا ہوں۔"

---

[1] جامع السعادت 110/2۔ علم اخلاق اسلامی 154/2

منصور نے اسے اپنی شرائط سے آگاہ کر دیا۔

اس نے وہ اشعار پڑھے۔ اُن اشعار کو منصور، اس کا غلام اور کنیز اپنے تمام تر حافظہ کے بار جود یاد نہ کر سکے۔

منصور اُس سے کہنے لگا: ''اے برادر عرب لگتا ہے یہ اشعار آپ کے اپنے ہیں لاؤ اپنا دیوان لاؤ۔ اس کا وزن کیا جائے گا اور وزن کے مطابق ہی کوئی تحفہ آپ کو دیا جائے گا۔

''اصمعی'' نے کہا: ''جناب میرے پاس کاغذ موجود نہیں تھے یہ اشعار میں نے پتھر کے ستوں پر تحریر کیے ہیں جو کہ اس وقت میرے اونٹ کی پشت پر رکھا ہوا ہے۔

منصور پریشان ہوا اور سوچنے لگا اگر اس کے وزن کے مطابق بھی مجھے دینا پڑ جائے تو میرا تو سارا خزانہ ختم ہو جائے گا اب مجھے کیا کرنا چاہیے۔ بہر حال منصور سمجھ گیا اور چیخ کر کہا: ''عرب کیا تو مجھے دھوکہ دے رہا ہے کیا تو ''اصمعی'' تو نہیں؟''

اس نے اپنے چہرے سے نقاب ہٹایا تو وہ واقعی اصمعی ہی تھا۔ [1]

3. عرب کے مشہور بخیل

بیان کیا جاتا ہے کہ عرب میں چار بخیل بہت مشہور گزرے ہیں پہلا بخیل ''حطیہ'' تھا جس کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ ایک دن وہ عصا لے کر گھر کے دروازے پر کھڑا ہوا تھا۔ وہاں سے ایک آدمی گزرا۔ اس نے کہا ''حطیہ'' آج میں تیرا مہمان ہوں۔ ''حطیہ'' نے عصا کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا: ''ہاں میں نے یہ مہمانوں کی خدمت کے لئے رکھا ہوا ہے۔

دوسرا بخیل ''حمید ارقط'' تھا اس کے متعلق بیان کیا جاتا ہے اس نے ایک دفعہ کچھ لوگوں کو مہمان بنایا اور اس نے ان کو کھجوریں پیش کیں۔ جب مہمان کھجوریں کھا چکے تو اس نے مہمانوں کی سرزنش کی کہ تمہیں حیا نہیں آتی تم نے میرے کھجوریں کھالی ہیں۔

تیسرے بخیل کا نام ''ابو اسود دؤلی'' ہے اس نے ایک فقیر کو ایک خرما کا دانہ دیا۔ فقیر نے اُسے دعا دیتے ہوئے کہا کہ خدا تجھے اس کے بدلے ایک جنت کا خرما عطا کرے گا۔ تو ''ابو اسود'' کہنے لگا کہ اگر اسی طرح میں غریبوں کو دیتا رہا تو میں خود غریب ہو جاؤں گا۔

چوتھے بخیل کا نام ''خالد بن صفوان'' تھا۔ بیاں کیا جاتا ہے کہ جب کبھی اس کے ہاتھ کوئی درہم آتا تو وہ بڑے پیار سے درہم سے بات کر کے کہتا: ''تو آج تک بہت گردش کرتا رہا۔ لوگوں نے تجھے آرام سے بیٹھنے نہ دیا پتہ نہیں کتنے ہاتھوں سے ہو کر تو مجھے ملا ہے اب تیرا سفر ختم ہو گیا میں تجھے صندوق میں رکھوں گا وہاں جا کر تو مکمل آرام کرے گا۔'' وہ اسے صندوق میں رکھ کر تالا لگا دیتا تھا۔ کسی نے اس سے کہا کہ تمہارے پاس کافی دولت ہے اس میں سے کچھ اللہ کے نام میں خرچ کرو اس کے جواب میں وہ کہتا

---

[1] داستانھای ما 102/2۔ اعلام الناس ص 52

دنیا میں اور بھی خرچ کرنے والے موجود ہیں۔ [1]

4. ثعلبہ بن حاطب کا بخل

ثعلبہ بن حاطب انصاری رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: ''یا رسول اللہ! آپ ﷺ میرے حق میں دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مجھے وسیع رزق عطا فرمائے۔''

آپ نے فرمایا: ''ثعلبہ انسان جتنے رزق کا شکر ادا کر سکے اس کے لئے رزق کی وہی مقدار ہی بہتر ہوتی ہے۔ انسان کو اس رزق کا سوال نہیں کرنا چاہئے جس کا شکر ادا نہ کر سکے اور جس کے حقوق ادا نہ کئے جا سکیں۔''

اس وقت ثعلبہ چلا گیا چند دنوں کے بعد دوبارہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنی درخواست آپ کے سامنے دہرائی۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے دوبارہ تلقین کی اور فرمایا کہ زیادہ مال و دولت بہتر ہوتی تو میرے پاس سونے اور چاندی کے پہاڑ ہوتے لیکن تم خود دیکھ رہے ہو کہ میرے گھر میں اکثر اوقات فاقہ رہتا ہے۔

ثعلبہ آپ ﷺ کی باتیں سن کر چلا گیا۔ چند دن گزار کر پھر آپ ﷺ کے کاشانہ نبوت پر حاضر ہوا اور وہی پرانی درخواست دہرائی اور کہا: ''میں وعدہ کرتا ہوں کہ اگر اللہ نے مجھے دولت دی تو میں ہر حقدار کو اس کا حق دونگا۔''

جناب رسول خدا ﷺ نے ثعلبہ کے حق میں دعا کرتے ہوئے فرمایا: ''خدایا! ثعلبہ کو مال و دولت عنایت فرما۔''

ثعلبہ کے پاس چند بھیڑیں تھیں، قدرتِ خداوندی سے ان میں اتنی افزائش ہوئی کہ چند دنوں میں ایک بڑا ریوڑ بن گیا۔ ثعلبہ ریوڑ کو لے کر جنگل میں چلا جاتا۔

اس سے پہلے ثعلبہ تمام نمازیں آپ ﷺ کی اقتداء میں ادا کرتا تھا۔ پھر صرف ظہر اور عصر کی نمازیں آپ ﷺ کے ساتھ آ کر ادا کرتا۔ ادھر اس کا ریوڑ روز بروز بڑھتا گیا وہ پھر صرف نماز جمعہ آپ ﷺ کے ساتھ آ کر ادا کرتا۔

پھر آہستہ آہستہ نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ نماز جمعہ میں بھی شریک نہ ہوتا۔ اس دن راستہ پر آ کر بیٹھ جاتا اور لوگوں سے مدینہ کی حالات دریافت کرتا تھا۔

ایک دن رسول خدا نے ثعلبہ کے متعلق دریافت فرمایا تو آپ ﷺ کو بتایا گیا کہ اس کے پاس اتنے جانور ہو گئے ہیں کہ اس کے لئے اب مدینہ آنا مشکل ہو گیا۔ یہ سن کر آپ ﷺ نے فرمایا: ''ثعلبہ پر افسوس، ثعلبہ پر افسوس، ثعلبہ پر افسوس۔''

آپ ﷺ پر زکوٰۃ کی آیت نازل ہوئی تو آپ ﷺ نے زکوٰۃ کی وصولی کے لئے دو افراد کو منتخب کیا، ایک کا تعلق بنی جہینہ اور دوسرے کا تعلق بن سلیم سے تھا۔ آپ ﷺ نے انہیں زکوٰۃ حاصل کرنے کے لئے ایک تحریری حکم بھی لکھ دیا۔

آپ ﷺ کے کارندے ثعلبہ کے پاس آئے اور حضور ﷺ کا نامہ مبارک اسے دکھا کر زکوٰۃ کا مطالبہ کیا۔

[1] نمونہ معارف 493/2۔ مستطرف 717/1

ثعلبہ نے آپ ﷺ کا نامہ مبارک پڑھا اور کہا: "یہ تو مجھے جرمانہ یا جزیہ کے مشابہ ٹیکس نظر آتا ہے۔ فی الحال تم جاؤ اور لوگوں سے زکوۃ حاصل کرو۔ میں اس کے متعلق غور وفکر کروں گا۔"

پھر آپ ﷺ کے دونوں کارندے بنی سلیم کے ایک شخص کے پاس گئے اور اسے زکوۃ کا حکم سنایا تو اس نے بہترین اونٹوں کا انتخاب کر کے ان سے کہا: "تم یہ اونٹ زکوۃ میں لے جاؤ۔"

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کارندے نے کہا: "حضورؐ نے ہمیں یہ حکم نہیں دیا تھا کہ ہم بہترین مویشی کا انتخاب کر کے زکوۃ حاصل کریں۔"

اس شخص نے کہا: "لیکن میں خود چاہتا ہوں کہ خدا کے نام پر اچھی چیز پیش کروں۔"

اس سے زکوۃ کی وصولی کرنے کے بعد دونوں نمائندے دوبارہ ثعلبہ کے پاس آئے اور اسے زکوۃ کی ادائیگی کا حکم دیا۔

ثعلبہ نے کہا: "تم فی الحال جاؤ اور حضور کا نامہ مبارک مجھے دیتے جاؤ تا کہ میں اچھی طرح سے سوچ کر فیصلہ کرسکوں کہ یہ جرمانہ یا جزیہ نما ہے یا کسی قسم کا ٹیکس ہے؟ میں بعد میں اس کا جواب دوں گا۔"

حضور کریمؐ کے نمائندے اس کے پاس سے چلے گئے اور رسول خدا کو تمام واقعہ سنایا۔

تمام واقعات سن کر آپ ﷺ نے فرمایا: "ثعلبہ پر افسوس۔ پھر آپ ﷺ نے بنی سلیم کے اس شخص کے لئے دعائے خیر فرمائی۔

اللہ تعالیٰ نے ثعلبہ کی مذمت میں یہ آیات نازل فرمائیں۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝ فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَآ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝ (سورہ توبہ 75-77)

منافقین میں کچھ ایسے افراد بھی ہیں جنہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ اگر اللہ انہیں اپنے فضل وکرم سے رزق عطا کرے تو ہم صدقہ دیں گے اور ہم نیک لوگوں میں سے ہو جائیں گے، جب اللہ نے اپنا فضل کرتے ہوئے انہیں رزق عطا کر دیا تو انہوں نے اس کے متعلق بخل کیا اور اعراض کرتے ہوئے انہوں نے پشت پھیر لی اسی لئے اس وعدہ خلافی اور جھوٹ بولنے کی وجہ سے اللہ نے اِن کے دلوں میں روز قیامت تک نفاق رکھ دیا۔

جب رحمت عالم نے یہ آیات پڑھ کر سنائیں تو اس وقت مسجد میں ثعلبہ کا ایک رشتہ دار بھی بیٹھا ہوا تھا۔ وہ آیات سن کر ثعلبہ

کے پاس گیا اور اسے نزول آیات سے باخبر کیا۔ اس کے بعد ثعلبہ حضور اکرم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: ''میں زکوٰۃ دینے پر آمادہ ہوں آپ میری زکوٰۃ قبول فرمائیں۔''

رسول اللہؐ نے فرمایا: ''اللہ نے مجھے تیری زکوٰۃ وصول کرنے سے روک دیا ہے اس لئے میں تجھ سے زکوٰۃ نہیں لوں گا۔''

ثعلبہ نے اپنے سر اور داڑھی پر خاک ڈالی، رسول خداؐ نے فرمایا: ''یہ عمل کا بدلہ ہے۔''

پھر ثعلبہ اپنے ریوڑ کے پاس چلا گیا۔ اور جناب رسول خداؐ نے اس کی زکوٰۃ قبول نہ کی۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد ثعلبہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے پاس گیا اور زکوٰۃ ادا کرنے کی خواہش کا اظہار کیا لیکن حضرت ابوبکر نے اس کی زکوٰۃ لینے سے انکار کر دیا۔

پھر ثعلبہ حضرت عمرؓ کے پاس بھی زکوٰۃ دینے کے لئے گیا لیکن انہوں نے بھی اس کی زکوٰۃ لینے سے انکار کر دیا۔ پھر ثعلبہ حضرت عثمانؓ کے دور خلافت میں بھی زکوٰۃ لے کر گیا۔ لیکن حضرت عثمانؓ نے بھی زکوٰۃ قبول نہ کی۔ حضرت عثمان کے دور میں ہی ثعلبہ کی موت واقع ہوئی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ثعلبہ جنگ بدر میں بھی شریک ہوا تھا۔ [1]

5. سعید ابن ہارون کی کنجوسی

''دعبل خزاعی'' ایک مشہور شاعر تھے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ شعراء اور ادباء سعید ابن ہارون کے ہاں اس کی دعوت پر جمع ہوئے۔

صبح سے ظہر تک ہم وہاں بیٹھے رہے۔ اس بندہ خدا نے ہمیں ایک لقمہ تک کھانے کو نہ دیا۔ بھوک کی وجہ سے ہماری آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھانے لگا۔

اسی اثنا میں اس نے اپنے بوڑھے غلام کو آواز دے کر کہا: ''اگر کچھ کھانے کا انتظام ہوا ہے تو لاؤ۔''

غلام یہ سن کر گھر کے اندر داخل ہوا۔ ظہر ڈھل گئی مگر غلام واپس نہ آیا۔ اس وقت ہمارے نگاہوں کے سامنے دنیا تاریک ہو گئی۔ پھر کافی دیر بعد وہ غلام ایک دسترخوان لایا جو کہ بے حد میلا کچیلا تھا۔ اس نے وہ بچھایا اور اس پر دو خشک روٹیاں لا کر رکھ دیں۔ جن کو چبانا پتھر کو چبانے کے مترادف تھا۔ پھر وہ ایک لب شکستہ سا پیالہ لے آیا جس میں گرم گرم شوربہ تھا۔ اور درمیان میں ایک مرغ پکایا گیا تھا۔

جب صاحب خانہ نے مرغ دیکھا تو چیخ کر کہا: ''نمک حرام مرغ لائے ہو مگر اس کا سر کہاں ہے؟''

غلام نے کہا: ''میں نے ذبح کر کے اسے پھینک دیا تھا۔''

آقا نے کہا: ''مگر بدتمیز تجھے یہ معلوم نہیں ہے کہ مجھے ان لوگوں پر سخت غصہ آتا ہے جو مرغ کے سر کو پھینک دیں۔ مجھے تو ان

---

[1] بجد تاریخ 73/4۔ اسد الغابہ 237/1

لوگوں پر بھی غصہ آتا ہے جو مرغ کی ٹانگیں پھینکیں تو بھلا میں مرغ کے سر پھینکنے والوں کو کیسے معاف کر سکتا ہوں؟" کیا تو نہیں جانتا کہ سر کی چند خصوصیات ہیں۔

اول: اس میں مرغ کا منہ ہوتا ہے جس سے آواز نکلتی ہے اور مرغ کی آذان سن کر بندگانِ خدا نماز کی تیاری کرتے ہیں۔ سوئے ہوئے افراد بیدار ہوتے ہیں اور اسی کی وجہ سے شب زندہ دار افراد نمازِ شب کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔

دوئم: اس کے سر پر تاج ہوتا ہے اور یہ تاج بادشاہوں کے تاج سے مشابہت رکھتا ہے اور یہ تاج اسے دوسروں پرندوں میں ممتاز رکھتا ہے۔

سوم: اس کے سر پر دو آنکھیں ہوتی ہیں اور ان سے وہ خدا کے فرشتوں کا دیدار کرتا ہے اور یار لوگ سرخ رنگ کی شراب کی تشبیہ اسکی آنکھوں سے دیا کرتے ہیں۔

چہارم: اس کے سر میں مغز ہوتا ہے اور مرغ کا مغز سبحان اللہ بڑے کام کی چیز ہے۔ مرگ کا مغز تو گردوں کے لئے حکم اکسیر رکھتا ہے۔

علاوہ ازیں اس کے سر کی ہڈی کی تو مثال ہی نہیں ملتی۔ اگر تو نے یہ سمجھ کر اس کے سر کو پھینکا کہ میں سر کھانا پسند نہیں کرتا تو پھر تو نے شدید غلطی کی ہے۔ مجھے مرغ کا کھانا اچھا معلوم ہوتا ہے اور اس کے مغز کا تو میں مداح اور معتقد ہوں۔ فرض کرو اگر میں نہ بھی کھاتا تو میرے اہل وعیال کے کام آجاتا۔ اگر بالفرض میرے اہل وعیال بھی سر نہ کھاتے تو تجھے نظر نہیں آتا کہ صبح سے ہمارے ہاں معزز شعراء اور ادباء تشریف فرما ہیں، یہ کھالیتے اور ہمارا شکریہ ادا کرتے۔ اب تم جاؤ اور سر کو ڈھونڈ کر لاؤ اگر تم نے کوتاہی کی تو میں تمہیں سخت اذیت دونگا۔

غلام نے چیخ کر کہا: "خدا کی قسم مجھے بالکل علم نہیں ہے کہ میں نے سر کہاں پھینکا تھا۔"

آقا نے کہا: "ہاں تو تجھے علم نہیں ہے لیکن مجھے علم ہے کہ تو نے مرغ کا سر کہاں پھینکا ہے؟ میں جانتا ہوں کہ تو نے مرغ کا سر اپنے شکم میں پھینک دیا ہے۔"

غلام نے قسم کھا کہا: "میں نے نہیں کھایا۔"

آقا نے کہا: تو جھوٹی قسمیں کھاتا ہے۔ پھر سعید کو غصہ آیا تو اٹھ کر غلام سے لپٹ گیا۔

غلام نے بھی آقا کا حیا نہ کیا، جواب میں وہ بھی گتھم گتھا ہو گیا۔

سعید کا پاؤں لگا تو تمام شوربا اس میلے دسترخوان پر پھیل گیا اور مرغ دور مٹی پر جا گرا۔

بلی گھات لگائے بیٹھی تھی۔ اس نے مرغ جھپٹ لیا اور بھاگ نکلی۔

جب ہم نے یہ منظر دیکھا تو وہاں سے چل دیے۔ [1]

---

[1] لطائف الطوائف ص 34

باب نمبر 17

بُرائی

ارشادِ خداوندی ہے۔

عَسٰى أَنْ تُحِبُّوا شَيْئًا وَهُوَ شَرٌّ لَكُمْ ۔

عین ممکن ہے کہ تم کسی چیز سے محبت کرو اور وہ تمہارے لئے بُری ہو۔[1]

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔

"إِنَّ الْعَمَلَ السَّيِّئَ أَسْرَعُ فِي صَاحِبِهِ مِنَ السِّكِّينِ فِي اللَّحْمِ"

تیز چھری اتنا جلدی سے گوشت کو نہیں کاٹتی جتنا کہ بُرا عمل انسان کو تباہ و برباد کرتا ہے۔[2]

مختصر تشریح

بدترین وہ شخص ہے جو اپنی آخرت کو دنیا کے بدلے میں فروخت کرتا ہے اور اس سے بھی زیادہ بدبخت وہ ہے جو دوسروں کی دنیا کے لئے اپنی آخرت کو تباہ کرتا ہے۔ کچھ لوگ بُرائی کے بہت زیادہ مشتاق ہوتے ہیں اگر سب کو جمع کیا جائے تو اسے "حق نافرمانی" کہا جاسکتا ہے۔

بُری سوچ کی وجہ سے بُرا عمل سرزد ہوتا ہے اور عمل نیت کے تابع ہوتا ہے جس شخص کے پاس توکل نہ ہو اس کے پاس کے پاس ظاہری قوت ہو تو وہ مختلف برائیاں سرانجام دیتا ہے۔ اس کو دوزخ کا کوئی ڈر نہیں ہوتا۔

اس کے تمام اعضاء و جوارح بُرے کاموں میں مصروف ہوتے ہیں۔ اس کے کان غیبت سننے میں اور آنکھ محرمات دیکھنے میں اور زبان جھوٹ بولنے میں مصروف ہو جاتی ہے۔ حتیٰ کہ اس کے ہاتھ یتیم کو اذیت دینے میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا ضروری ہے کہ تمام اعضاء کو انسان بُرے کاموں سے بچائے۔

---

[1] سورہ البقرہ آیت 216

[2] جامع السعادت 487/3

جلودی کا انجام

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی شہادت کے بعد ہارون الرشید نے اپنے ایک سالار جس کا نام جلودی تھا اسے یہ کہہ کر مدینہ بھیجا کہ جاؤ آل ابوطالب کے گھرانوں پر حملہ کر کے ان کا تمام مال واسباب لوٹ لو۔ ان کو اتنا لوٹنا کہ خواتین سادات کے کپڑوں تک لوٹ لینا فقط ان کے پاس ایک ایک لباس ہی رہنے دینا۔

''جلودی'' ہارون کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے مدینہ آیا۔ جب وہ امام علی رضا کے دروازے پر آیا تو دروازے پر امام علی رضا کھڑے ہوئے تھے اور آپؑ نے جلودی سے کہا کہ یہیں دروازے پر رک جاؤ۔ خدا کی قسم میں گھر جا کر تمام زیورات اور کپڑے وغیرہ خواتین سے لے کر تجھے دیتا ہوں۔ پہلے تو جلودی نے انکار کیا لیکن پھر مان گیا۔

امام علی رضا علیہ السلام اپنے گھر میں داخل ہوئے اور تمام مستورات کو ایک کمرے میں بلایا اور ان کے سب زیورات اور کپڑے تک لے کر امامؑ نے جلودی کو دیئے۔ اور جلودی انہیں لیکر ہارون کے پاس لے گیا۔

پھر چند دنوں بعد ہارون کی موت کے بعد اس کا بیٹا مامون الرشید مسند خلافت پر بیٹھا۔ اور مامون الرشید نے حضرت علی رضاؑ کو اپنا ولی عہد مقرر کر دیا تھا۔

مامون ایک دن جلودی پر سخت غصہ ہوا اور اسے سزا دینا چاہی تو حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے مامون سے کہا کہ وہ اسے معاف کر دے۔

لیکن ''جلودی'' سمجھا کہ اس کے سابقہ کردار کی امامؑ مامون کو تفصیلات بتا رہے ہیں۔

اور جلودی نے مامون سے کہا: ''اے خلیفہ تم علی رضاؑ کی سفارشات پر ہرگز عمل نہ کرنا۔''

مامون نے کہا: ''خدا کی قسم میں آج امام علی رضاؑ کی بات بھی نہیں مانوں گا۔''

اس کے بعد مامون نے حکم دیا کہ اسے قتل کر دیا جائے۔ [1]

2. عمرو عاص

تحکیم کے واقعہ میں عمرو عاص نے ابوموسیٰ اشعری کو دھوکہ دیا اور ابوموسیٰ اشعری نے اس کے دھوکہ میں آ کر حضرت امیر المومنین علیؑ کو خلافت سے معزول کیا۔ حضرت علیؑ نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد معاویہ، عمرو عاص اور ابوموسیٰ اشعری کو بددعا کیا کرتے تھے۔

یہ عمرو عاص وہی ہے جس نے شب عقبہ مخالفین کے ساتھ مل کر پیغمبر اکرمؐ کی اونٹنی کو ڈرایا تھا۔ جس کے نتیجے میں رسول پاک بھی

---

[1] راہنمائی سعادت 177/1۔ اعیان الشیعہ 60/1

اسے بددعادیا کرتے تھے۔

جب حضرت امیرالمومنین اور معاویہ کے درمیان جنگِ صفین ہوئی تو معاویہ کے لشکر نے قرآن مجید نیزوں پر اٹھائے تاکہ قرآن مجید کے مطابق فیصلہ کیا جاسکے۔

اہل عراق نے اپنی طرف سے ابوموسیٰ اشعری کو حکم مقرر کیا جبکہ حضرت علیؑ اس کے حکم بننے پر راضی نہیں تھے۔
اور معاویہ نے اپنی طرف سے ''عمروعاص'' کو حکم منتخب کیا۔

ابوموسیٰ اشعری۔ قاضی شریح اور ابن عباس اور چار سو افراد کو لیکر مقام ''دومۃ الجندل'' پہنچے اور وہاں سے عمرو ابن عاص بھی چار سو افراد کو لیکر پہنچ گیا۔

حضرت علی علیہ السلام نے ابوموسیٰ اشعری کو بہت سی ہدایات کیں تھیں لیکن اس نے کسی بھی ہدایت پر عمل نہیں کیا تھا۔
عمروعاص کی نیت بہت خراب تھی وہ انتہائی مکار شخص تھا۔

عمروعاص نے ابوموسیٰ اشعری کو بہت زیادہ عزت دی اور اس کا زیادہ سے زیادہ احترام کیا۔ اور اس کو صدر مجلس میں جگہ دی۔ اس کے پیچھے نماز پڑھتا تھا۔ اور اسے یا صاحب رسول اللہ کہہ کر اسے مخاطب کرتا تھا۔ اور عمروعاص اسے کہتا تھا کہ آپ نے میری نسبت رسول خداؐ کی زیارت زیادہ کی ہے۔ آپ مجھ سے بڑے ہیں اس لئے میں آپ سے پہلے گفتگو نہیں کرسکتا۔ الغرض اس نے ابوموسیٰ اشعری کا اتنا احترام کیا کہ ابوموسیٰ اس کے دھوکہ میں آگیا۔ اور اسے اپنا مخلص تصور کرنے لگا۔ جب ان دونوں کا اجتماع ہوا تو عمروعاص نے ابوموسیٰ اشعری سے کہا کہ تمہارا علیؑ اور معاویہ کے متعلق کیا خیال ہے؟

ابوموسیٰ جو کہ پہلے ہی حضرت علی علیہ السلام کا دشمن تھا کہنے لگا: ''علیؑ اور معاویہ دونوں کو خلافت سے معزول کردینا چاہیے اور خلافت سازی کا عمل شوریٰ کے ذریعے کیا جانا چاہئے۔''

عمروعاص نے کہا: ''میرا بھی یہی خیال ہے۔'' ''ہمیں یہی کچھ کرنا ہے۔

عمروعاص بڑا مکار شخص تھا پھر وہ اسے خلوت میں لے گیا تاکہ دوسرے لوگ ان کی باتیں نہ سن سکیں۔ پھر وہ دونوں منظر عام پر آئے۔

ابوموسیٰ اشعری اٹھا تاکہ وہ گفتگو کرے، ابن عباس نے آواز دی خبردار! عمروعاص تجھے دھوکہ دے گا۔ اس کے بعد تم گفتگو کرنا۔ ابوموسیٰ نے حضرت ابن عباس کی بات نہ مانی اور کہنے لگا: ''لوگو! میں نے اور عمروعاص نے علیؑ اور معاویہ کو معزول کردیا ہے اور خلیفہ کا انتخاب بذریعہ شوریٰ ہوگا۔ میں نے اپنی طرف سے علیؑ کو معزول کردیا ہے۔'' جیسے ہی اس کی بات ختم ہوئی۔ اس کے بعد عمروعاص کھڑا ہوگیا اور کہنے لگا ''میں نے علیؑ کو خلافت سے معزول کردیا ہے اور معاویہ کو مقام خلافت پر قائم رکھتا ہوں کیونکہ معاویہ خون عثمان کا طلبگار اسی لئے وہ اس مقام کے لئے زیادہ موزوں ہے۔

ابوموسیٰ نے صدا دے کر کہا کہ تو ایک کتا ہے جس پر حملہ کیا جائے تو حملہ کرتا ہے اور اگر چھوڑ دیا جائے تو بھی حملہ کرتا ہے۔''

عمرو عاص نے ابوموسیٰ اشعری کو کہا کہ تو ایک ایسا گدھا ہے جس پر کتابوں کا بوجھ لدا گیا ہو۔ عمرو عاص نے اپنی بری نیت کے ساتھ تحکیم کو تباہ و برباد کر دیا۔ ابن عباس ہمیشہ کہا کرتے تھے۔ "خدا ابوموسیٰ اشعری کے چہرے کو سیاہ کرے جو عمرو عاص کی مکاریوں کو نہ سمجھ سکا تھا۔ اور میں نے اسے بہت سمجھایا تھا مگر وہ سمجھ نہ سکا۔"[1]

3. حجاج ملعون کے ستم

فقط برے کام ہی انسان کو دوزخ میں نہیں لے جاتے بلکہ برے کاموں کی نیت بھی انسان کو دوزخ میں ڈال سکتی ہے۔

ایک دن حجاج اپنے گھر سے جامع مسجد کی طرف گیا تو اس نے بہت بڑی جماعت کے رونے پیٹنے کی صدا سنی، پوچھا کہ یہ کیسی آواز ہے؟ اسے بتایا گیا کہ یہ قیدیوں کی صدا ہے جو دھوپ کی شدت کی وجہ سے تڑپ رہے ہیں۔

اس ملعون نے کہا: "اخسأوا فیها و لا تکلمون" "دور ہو جاؤ مجھ سے کلام نہ کرو۔"

حجاج نے جو الفاظ کہے تھے یہ دراصل سورۃ مومنون کی ایک آیت ہے اور اس کا پس منظر یہ ہے کہ جب دوزخی جہنم سے نکلنے کی خواہش کریں گے تو رب العزت کا فرمان ہوگا کہ دور ہو جاؤ اور مجھ سے کلام نہ کرو۔

لفظ "اخسأ" عربی لغت میں کتے کو دھتکارنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔"

حجاج کی موت کے بعد جب قیدیوں کو شمار کیا گیا تو ان میں ایک لاکھ بیس ہزار مرد اور بیس ہزار عورتیں تھیں اور ان میں چار ہزار ایسی عورتیں تھیں جن کے تن پر لباس نہیں تھا۔ اور یہ قیدی ایک ہی چار دیواری میں مقید تھے۔ قید خانے کی چھت نہیں تھی۔ جب کوئی قیدی گرمی سے بچنے کے لئے اپنے ہاتھ سے اپنے چہرہ پر سایا بناتا تو زندان کے سپاہی اسے پتھر مارتے تھے انہیں جو کی روٹی میں ریت ملا کر کھانا دیا جاتا تھا۔ اور پینے کے لئے انہیں کڑوا پانی دیا جاتا تھا۔

حجاج لعین بے گناہ افراد اور بالخصوص سادات کے خون بہانے کو اپنے لئے اعزاز سمجھتا تھا۔

ایک مرتبہ اس ملعون نے روزہ رکھنا چاہا تو نوکروں کو حکم دیا کہ اس کے لئے من پسند سحری اور افطاری کا انتظام کیا جائے۔ چنانچہ اشارہ فہم نوکروں نے اس کے لئے ایسی روٹیاں تیار کیں جنہیں سادات کے خون سے گوندھا گیا تھا اور اس ملعون نے انہی روٹیوں سے سحری و افطاری کی۔ اس ملعون کو ہمیشہ اس بات کا قلق رہتا تھا کہ وہ واقعہ کربلا میں ہوتا تو شمر لعین سے بھی بڑھ کر ظلم کرتا۔[2]

4. عذر گناہ بدتر از گناہ

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: "میں نے اہل سنت افراد سے ایک شخص کی بڑی تعریفیں سنیں اور اس کے اہل اللہ اور

---

[1] پیغمبران و یاران 139-152 /1۔ بحارالانوار 544 /8

[2] پند تاریخ 163/3۔ روضات الجنات ص 133

صاحب کرامت ہونے کی کئی داستانیں سنیں تو مجھے اسے دیکھنے کا شوق پیدا ہوا۔

اتفاق سے ایک دن میں نے اسے ایک مقام پر دیکھا۔ لوگ اس کے اردگرد جمع تھے اور وہ لوگوں کو اپنے آپ سے دور کر رہا تھا۔ اس نے کپڑے سے اپنا چہرہ چھپایا ہوا تھا اور اس کی آنکھیں اور پیشانی ظاہر تھیں۔ وہ اپنے ارادت مندوں کو اپنے آپ سے دور کرتا گیا۔ آخر کار وہ اکیلا ایک راستے پر چلنے لگا۔ میں بھی خاموشی سے اس کے تعاقب میں چلتا گیا۔

راستے میں نانبائی کی ایک دوکان تھی۔ جہاں لوگوں کا کافی اژدہام تھا یہ شخص بھی اس جگہ گیا، میں نے دیکھا کہ اس نے وہاں سے دو روٹیاں چرائیں اور چل دیا۔ پھر آگے ایک شخص انار بیچ رہا تھا۔ اس نے اس کی غفلت سے فائدہ اٹھا کر وہاں سے دو انار چوری کر لئے۔ میں یہ واقعہ دیکھ کر سخت تعجب ہوا کہ یہ شخص چوری کرتا ہے۔

چند قدم چلنے کے بعد راہ میں اس نے ایک مریض کو دیکھا تو وہ دو روٹیاں اور دو انار اسے دے دیئے۔

میں نے اسے صدا دے کر روک لیا۔ میں نے اس سے کہا: ''اے بندہ خدا! میں نے تو تیری تعریفیں سنی تھیں اور تجھے دیکھنے کی خواہش تھی لیکن آج میں نے تجھے دیکھا تو مجھے تمہاری حالت پر بہت دکھ ہوا۔

اس نے کہا: ''آپ نے کیا دیکھا اور میری کس بات نے آپ کو دکھ پہنچایا۔

میں نے کہا: ''میں نے تجھے نانبائی کی دوکان سے دو روٹیاں اور انار فروش سے دو انار چوری کرتے ہوئے دیکھا ہے۔''

جب میں نے یہ الفاظ کہے تو اس نے مجھے مزید مہلت نہ دی اور فوراً بول اٹھا: ''تو کون ہے؟''

مَیں نے کہا: ''میرا تعلق اہلبیت نبوت سے ہے۔''

اس نے مجھ سے پوچھا تو میں نے کہا: ''میرا گھر مدینے میں ہے۔''

اس نے کہا: ''تو پھر آپ شاید جعفر بن محمد بن علی بن حسین ہیں۔''

میں نے کہا: ''جی ہاں! میں بالکل وہی ہوں۔''

اس نے کہا: ''رسول کریم سے تمہاری یہ نسبت تمہیں کیا فائدہ دے گی جبکہ تم اپنے نانا کے علم سے ناواقف ہو۔''

میں نے کہا: ''بیان کرو میں کیسے ناواقف ہوں۔''

اس نے کہا: ''شاید تم نے قرآن کی یہ آیت نہیں پڑھی جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ''**من جاء بالحسنة فله عشر امثالها ومن جاء بالسيئة فلا يجزى الا مثلها**۔'' یعنی جو شخص ایک نیکی کرے گا تو اسے دس گنا اجر ملے گا اور جو ایک برائی کرے گا تو اس کے نامہ اعمال میں ایک برائی درج ہوگی۔ اور اسے بدلہ دیا جائے گا۔''

تو سنو! میں نے دو روٹیاں اور دو انار چوری کیے ہیں میرے نامہ اعمال میں چار گناہ درج ہوئے اور میں نے پھر راہِ خدا میں ایک مریض کو دیئے ہیں تو میرے نامہ اعمال میں چالیس نیکیاں درج ہوئیں۔ اب چالیس میں سے چار کو نفی کر دو تو بھی میرے حصے میں چھتیس نیکیاں بچ جائیں گی۔''

میں نے اس کا استدلال سن کر کہا: "ثکلتك امك" "تیری ماں تیرے غم میں روئے۔ تجھے تو کتاب خدا کا ذرہ برابر بھی علم نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا: "انما یتقبل اللہ من المتقین۔" اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں کے عمل کو قبول کرتا ہے اور بدیہی سی بات ہے کہ چور پرہیزگار نہیں ہوسکتا اور تجھے اجر تب ملتا ہے جب اصل تیری ہوتی۔ اب تو نے دو روٹیاں اور دو انار چوری کئے تیرے نامہ اعمال میں چار برائیاں درج ہوئیں اور پھر تو نے ان چیزوں کے مالک کی اجازت کے بغیر ان میں تصرف کیا تو چار گناہ تیرے نامہ اعمال میں اور درج ہو گئے۔ اور تیرے نامہ اعمال میں اس طرح سے آٹھ گناہ درج ہوئے اور نیکی ایک بھی درج نہیں ہوئی۔"

میرا استدلال سن کر وہ عجیب وغریب نظروں سے مجھے دیکھنے لگا۔ پھر میں وہاں سے چلا گیا۔[1]

5. بُرے کردار کا برزخ میں اثر

ایک اہل علم اور متقی شخص کی روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ ان کے ایک رشتہ دار نے زندگی کے آخری ایام میں کچھ زمین خریدی تھی اور اس سے جو آمدنی ہوتی تھی۔ اس پر وہ گزر بسر کرتا تھا۔

کچھ عرصے بعد اس شخص کی وفات ہوگئی۔ ایک شخص نے کچھ عرصے بعد اسے خواب میں دیکھا کہ وہ نابینا ہو چکا ہے۔ خواب دیکھنے والے شخص نے اس سے پوچھا؟ "دنیا میں تو تیری آنکھیں سلامت تھیں، مگر اب تم نابینا کیسے ہوگئے؟"

اس شخص نے جواب دیا کہ جب میں نے زمین خریدی تھی اس کے درمیان میں چشمہ تھا۔ اور نزدیک کے لوگ وہاں سے پانی بھرتے تھے اور اپنے مویشیوں کو بھی پانی پلانے کے لئے چشمہ پر لے آتے تھے۔ جس کی وجہ سے میری فصل تھوڑی بہت خراب ہوجاتی تھی۔ پھر میں نے کچھ پتھروں اور مٹی کے ساتھ اس چشمہ کو بند کر دیا تھا۔ جس کی وجہ سے لوگوں کو بہت دور سے پانی لانا پڑتا تھا۔ یہ اندھاپن میرا اس چشمہ کو بند کرنے کی وجہ سے ہے۔

خواب دیکھنے والے شخص نے اس سے پوچھا: "اب اس کا کوئی حل بھی ہے؟" اس نے جواب دیا: "اگر میرے ورثاء اب چشمہ کو دوبارہ جاری کردیں تو میری بینائی واپس آسکتی ہے۔"

خواب دیکھنے والے شخص نے اس کے ورثا کو اس خواب سے آگاہ کیا تو انہوں نے اس چشمے کو دوبارہ جاری کر دیا اور لوگ پھر سے اس سے استفادہ حاصل کرنے لگے۔

اس خواب دیکھنے والے شخص نے دوبارہ اس کو عالم خواب میں دیکھا تو وہ نابینا نہیں تھا۔[2]

---

[1] نمونہ معارف 275/4۔ وسائل الشیعہ 57/2

[2] داستانھای شگفت ص 292

باب نمبر 18

ابتلاء

قرآن مجید میں فرمانِ خداوندی ہے۔

فَاَمَّا الْاِنْسَانُ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ وَ نَعَّمَهٗ ۙ۬ فَيَقُوْلُ رَبِّيْۤ اَكْرَمَنِ ؕ۝۱۵

مگر جب انسان کو اس کا رب آزمالیتا ہے پھر اسے عزت دیتا ہے۔ اور اسے نعمتیں عطا فرماتا ہے تو کہتا ہے میرے رب نے مجھے عزت بخشی ہے۔ [1]

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"اِنَّ البَلَاءَ للظالم ادبٌ وللمومنین امتحان."

"ظالم پر آزمائش آئے تو اس کے گناہوں کی سزا ہوتی ہے اور اگر مومن پر آئے تو وہ اس کے لئے امتحان ہوتی ہے۔" [2]

مختصر تشریح

ہر صاحب عقل کے لئے آزمائش زینت کرامت کا سبب بنتی ہے۔ آزمائش پر صبر کرنا اور اس پر ثابت قدم رہنا ایمان کی مضبوطی کا سبب بنتا ہے۔ جو شخص آزمائش کی شیرینی کو چکھ لے تو وہ لطفِ خدا کا حقدار ٹھہرتا ہے اور اسے دنیا و آخرت کی کامیابی نصیب ہوتی ہے۔

آتشِ آزمائش ہی سے انوار باطنی کا اظہار ہوتا ہے۔ اور جو آزمائش کے مراحل سے نہ گزرا ہو تو اس سے کوئی بھلائی نہیں ہوتی۔

اگر کوئی شخص آزمائش میں مبتلاء ہو جائے اور اس پر بے صبری کا اظہار کرے تو بے صبری خود علیحدہ سے ایک درد بن جاتی ہے۔

---

[1] سورہ الفجر آیت 15

[2] جامع الاخبار ص 113

1. عمران بن حصین

عمران بن حصین مصیبتوں پر صبر کرنے والے ایک شخص تھے۔ انہیں "استقاء" کی بیماری لاحق ہوئی۔ "استقاء" ایک ایسی مرض ہوتی ہے جس میں انسان کا پیٹ پھول جاتا ہے اور وہ جتنا بھی پانی پی لے تو اس کی پیاس ختم نہیں ہوتی۔

بہر نوع عمران ابن حصین اس بیماری میں مبتلاء ہوئے تو ان کا علاج کرایا گیا لیکن وہ ٹھیک نہ ہو سکے۔ وہ تین سال تک اس بیماری میں مبتلا رہے۔ نہ وہ کھڑے ہو سکتے تھے۔ نہ چل پھر سکتے تھے۔ بس وہ ایک چارپائی پر لیٹے رہتے تھے۔ ان کے پیشاب و پاخانہ کے لئے ایک گڑھا ان کی چارپائی کے ساتھ کھود دیا گیا تھا۔

ایک دن ان کے بھائی "علاء" ان کے عیادت کے لئے آئے اور ان کی حالت دیکھ کر رونے لگے۔

عمران نے اپنے بھائی سے کہا: "تم روتے کیوں ہو؟" اس نے کہا: "آپ کی یہ حالت دیکھ کر روؤں نہیں تو اور کیا کروں؟"

عمران نے کہا: "رونے کی ضرورت نہیں ہے۔ جو خداوند تعالیٰ کی خواہش میرے لئے ہے مجھے منظور ہے اور میں چاہتا ہوں کہ جب تک زندہ رہوں تو ایسی صورت میں رہوں۔ جب خدا میری آزمائش کرنا چاہتا ہے تو میں آزمائش سے انکار کیوں کروں۔ اور سنو۔ جس دن سے میں اس آزمائش میں مبتلا ہوا ہوں فرشتے آکر مجھے سلام کرتے ہیں اور میں ان کے سلام کا جواب دیتا ہوں اور فرشتے میرے ساتھ گفتگو کرتے ہیں۔"[1]

2. سید علی عابد زندان میں

منصور دوانقی نے اپنے عہد حکومت میں بہت سے حسنی سادات کو قید کر کے تنگ و تاریک زندانوں میں ڈالا تھا۔ ان قیدیوں میں امام حسن علیہ السلام کے فرزند علی بن حسن المثلث بھی شامل تھے۔ ان کے زہد و تقویٰ کی وجہ سے انہیں علی خیر اور علی عابد بھی کہا جاتا تھا۔

آپ اپنے دور میں عبادت اور ذکر الٰہی میں اپنی مثال آپ تھے حسنی سادات کا قید خانہ اتنا تاریک تھا کہ دن رات کا پتہ نہ چلتا تھا اور اوقات نماز کا علم نہ ہوتا تھا۔

سید علی عابد نے قرآن مجید پڑھنے کے اوقات اس طرح متعین کیے ہوئے تھے کہ باقی قیدیوں کو اوقات نماز کا ان سے علم ہوتا تھا۔

ایک مرتبہ ان کے بھتیجے سید عبداللہ بن حسن مثنیٰ نے ان سے اپنی قید و بند کی شکایت کرتے ہوئے کہا: "چچا جان اس تنگ و تاریک قید خانہ کو آپ دیکھ رہے ہیں اور اس پر طوق و زنجیر کا وزن بھی ہے۔ آپ اللہ سے دعا کریں کہ وہ ہمیں اس

---

[1] داستانہای دوپند حا ج 148/7۔ لئالی الاخبار 346/1

مصیبت سے نجات دلائے۔''

سید علی عابد نے کہا: ''چچا کی جان! اللہ نے جنت میں ہمارے لئے ایک درجہ مقرر کیا ہے۔ اور ہم ان مصیبتوں پر صبر کیے بغیر اس درجہ کو حاصل نہیں کر سکتے۔ اور منصور کے لئے بھی اللہ تعالیٰ نے دوزخ میں ایک سخت ترین مقام بنایا ہے اور وہ دوزخ کے اس مقام پر تبھی پہنچ سکتا ہے جب وہ ہمیں اس طرح کی تکالیف دے۔ اگر آپ ان مصائب وآلام پر صبر کریں تو آپ کے آرام کا وقت آنے والا ہے کیونکہ ہماری موت قریب آ چکی ہے۔ اور اگر اس قید خانہ سے نجات چاہتے ہو تو میں دعا مانگتا ہوں کہ جس کے بعد تم رہا ہو جاؤ گے اور منصور دوزخ کے اس عذاب سے بچ جائے گا۔''

یہ سن کر سید عبداللہ نے کہا: چچا جان! پھر ہم صبر کریں گے۔

تین دن بعد سید علی بن حسن مثلث کی زندان میں حالتِ سجدہ میں وفات ہو گئی۔ سید علی عابد کو جب سجدہ میں سر رکھے کافی دیر ہو گئی تو عبداللہ نے سوچا کہ شاید انہیں نیند آ گئی ہے۔ بیدار کرنا چاہا تو معلوم ہوا کہ ان کی روح قفسِ عنصری سے پرواز کر چکی ہے۔ [1]

3. حضرت ھود علیہ السلام کی بیوی

حضرت ہود علیہ السلام کاشتکاری کیا کرتے تھے۔ کچھ لوگ آپؑ سے ملنے کے لئے ان کے گھر آئے۔ دستک دی۔ وہاں سے ایک عورت نکلی اور پوچھا کہ تم کون ہو؟

انہوں نے جواب دیا: ''ہم فلاں شہر سے آئے ہیں ہمارے شہر میں کچھ عرصے سے بارانِ رحمت کا نزول نہیں ہوا۔ جس کی وجہ سے وہاں قحط سالی ہو گئی ہے۔ اسی لئے ہم حضرت ہود سے ملنے آئے ہیں کہ وہ دعا کریں تاکہ وہاں باران رحمت کا نزول ہو۔

ہود کی بیوی نے کہا تم بھی بہت سادہ لوح انسان ہو اگر ہودؑ کی دعا قبول ہوتی تو وہ اپنے لئے دعا کیوں نہ کرتا خود اس کے کھیت پانی کی کمی کی وجہ سے جلنے کے قریب پہنچ چکے ہیں۔

انہوں نے اس سے کہا کہ ہودؑ کہاں ملیں گے؟ اس نے جواب دیا کہ فلاں جگہ پر۔ وہ لوگ حضرت ہود علیہ السلام کے پاس آئے اور اپنی حاجت بیان کی۔ حضرت ہود علیہ السلام نے نماز پڑھی اور نماز کے بعد دعا کی۔ تھوڑی دیر کے بعد ان لوگوں سے کہا کہ تم واپس اپنے شہر چلے جاؤ۔ اب وہاں باران رحمت کا نزول ہو چکا ہے۔

انہوں نے عرض کیا: ''حضور جب ہم آپ کے دروازے پر آئے تو ایک عورت ملی اور کہہ رہی تھی کہ اگر ہودؑ کی دعا قبول ہوتی تو اپنے لئے دعا کیوں نہ کرتا۔''

حضرت ہود علیہ السلام نے فرمایا: ''تم نے میرے دروازے پر جس عورت کو دیکھا وہ میری بیوی تھی۔ میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ خدا اُسے عمر طولانی دے۔'' انہوں نے کہا: ''وہ کس لئے؟'' حضرت ہود علیہ السلام نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے جب بھی کسی

---

[1] چند تاریخ 172/2۔ مقتل خوارزمی ج2۔ ص108

مومن کو خلق کیا تو اس کے ساتھ ساتھ اس کے کسی دشمن کو بھی پیدا کیا ہے۔ وہ دشمن ہمیشہ اس مومن کو اذیت دیتا ہے۔ یہ عورت میری دشمن ہے اور میں مالک ہوں اس لیے یہ اس دشمن سے کہیں بہتر ہے جو میرا مالک بن جائے۔ [1]

4. ابنِ ابی عمیر

''محمد ابن ابی عمیر'' وہ خوش نصیب انسان تھے جسے امام موسیٰ علیہ السلام، امام علی رضا علیہ السلام اور امام جواد علیہ السلام کی زیارت نصیب ہوئی تھی۔ انہوں نے بہت سی احادیث روایت کی ہیں اور خاصہ اور عامہ نے ان کی وثاقت کی تصدیق کی ہے۔

وہ کپڑے کے تاجر تھے اور ان کی مالی حالت بہت بہتر تھی۔ انہوں نے احادیث اور فقہ کی چورانوے کتابیں تالیف کیں تھیں۔ ہارون الرشید اور مامون الرشید کے دور خلافت میں ان کو کئی اذیتیں دی گئیں۔ بعض دفعہ ان کا مال بھی لوٹ لیا جاتا۔ وہ چاہتے تھے کہ ابن ابی عمیر کو منصب قضاوت سونپا جائے تو ابن ابی عمیر نے صاف انکار کیا تو کہنے لگے پھر ہمیں عراقی شیعوں کے نام بتائیں تو اس نے اس سے بھی صاف انکار کردیا۔

انہیں زندان میں ڈالا گیا۔ اور کئی بار انہیں تازیانے مارے گئے۔ ایک دفعہ ہارون الرشید کے کہنے پر سندی بن شاھک نے انہیں ایک جگہ پر ایک سو بیس تازیانے مارے۔ آخرکار ہزار درہم دے کر زندان سے رہا ہوئے۔ وہ تقریباً چار برس تک زندان میں قید و بند کی مصیبتیں برداشت کرتے رہے۔ اس دوران انکو ایک لاکھ درہم کا مالی نقصان ہوا۔

ان کی بہن ''سعیدہ'' نے ان کی کتابوں کو جمع کر کے چھپا دیا تھا۔ اتفاق سے بارش ہوئی تو وہ کتابیں گیلی ہوئیں اور ان سے الفاظ مٹ چکے تھے۔

اس کے بعد وہ جو بھی حدیث روایت کرتے تو اپنے حافظہ کے زور پر کرتے یا ان نسخوں سے بیان کرتے جو ان سے پہلے لوگوں نے ان سے سن کر اپنے پاس لکھ لیے تھے۔ [2]

5. جتنی عمر لمبی ہوگی اتنا آزمائش بھی زیادہ ہوگی

بیان کیا جاتا ہے کہ ایک دفعہ حضرت جبرائیل امینؑ حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس آب حیات کا پیالہ لیکر آئے۔ اور کہا کہ آپ کے پروردگار نے آپ کو یہ اختیار دیا ہے کہ اگر آپ چاہئیں تو اس جام کو پی لیں۔ اس جام کو پینے کے بعد آپ قیامت تک زندہ رہیں گے۔ اور چاہئیں تو نہ پییں۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس بات کے لئے انسان، جنات اور کئی دوسرے حیوانات سے مشورہ کیا۔

---

[1] نمونہ معارف 612 / 2

[2] منتھی الامال 385/2

سب نے مشورہ دیا کہ آپ یہ آب حیات کا پیالہ پی لیں تا کہ آپ قیامت تک زندہ رہیں۔

حضرت سلیمان علیہ السلام سوچنے لگے کہ سب سے تو میں نے مشورہ کر لیا ہے لیکن خار پشت (ساہی) سے میں نے مشورہ نہیں کیا۔ انہوں نے گھوڑے کو بھیجا کہ جاؤ اور خار پشت سے کہو کہ میرے پاس آئے۔ لیکن خار پشت (ساہی) نہ آیا۔ اس کے بعد آپ نے کتے کو بھیجا کہ جاؤ خار پشت (ساہی) کو بلا کر آؤ۔ خار پشت (ساہی) آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔

... سلیمان علیہ السلام نے اس سے کہا: "میں نے تم سے ایک مشورہ کرنا ہے لیکن اس مشورہ سے پہلے یہ بتاؤ کہ انسان کے بعد حیوانات کی دنیا میں گھوڑے کو انتہائی محترم جانور سمجھا جاتا ہے اور کتے کو انتہائی خسیس ترین جانور سمجھا جاتا ہے میں نے معتبر ترین جانور کو تیرے پاس بھیجا لیکن تو نہ آیا جب میں نے خسیس ترین جانور کو بھیجا تو تو آ گیا اس کی کیا وجہ ہے؟

چھچھوندر کہنے لگا یہ سچ ہے کہ گھوڑا انتہائی باوقار جانور ہے مگر اس میں وفا نہیں ہے۔ اگرچہ کتا خسیس ترین جانور ہے لیکن وہ وفادار ہے اگر وہ ایک دفعہ کسی کے گھر سے روٹی کھا لے تو ساری زندگی اس سے وفاداری کیا کرتا ہے۔

حضرت سلیمان نے کہا: "اچھا یہ بتا آب حیات کا ایک جام بھیجا گیا ہے اور مجھے اختیار دیا گیا ہے کہ چاہوں تو اسے پی لوں اور قیامت تک زندہ رہوں اور چاہوں تو واپس کر دوں۔ اس سلسلے میں تیرا کیا مشورہ ہے؟"

پشت خار (ساہی) نے کہا: "اچھا یہ بتائیں یہ جام صرف آپ کے لئے ہے یا یہ بھی کہا گیا ہے کہ آپ اس میں سے اپنی اولاد اور دوستوں کو بھی پلا سکتے ہیں؟

حضرت سلیمان نے فرمایا: نہیں صرف میرے لئے ہی بھجا گیا ہے۔ خار پشت (ساہی) نے کہا: "جناب میرا مشورہ یہ ہے کہ آپ اسے قبول نہ کریں کیونکہ آپؑ نے اگر اسے پی لیا تو قیامت تک آپ زندہ رہیں گے آپؑ اس کے پینے کے بعد مر نہیں سکیں گے اس زندگی میں نہ آپ کے بیٹے ہوں گے نہ آپ کے دوست ہوں گے اور نہ ہی آپ سے پیار کرنے والے لوگ ہوں گے اور ہر دن آپ کا غم میں گزرے گا۔ جتنا آپ کی عمر طویل ہوتی جائے گی تو اتنی ہی سختیاں روز بروز بڑھتی جائیں گی۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کو اس کی یہ رائے بہت پسند آئی اور آپؑ نے آب حیات کا جام نوش کرنا گوارا نہ کیا۔ [1]

[1] جامع الحکایات ص 95

باب نمبر19

بیماری

قرآن مجید میں ارشادِ خداوندی ہے۔

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ

اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہ مجھے شفا دیتا ہے۔ [1]

امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کا فرمان ہے۔

اَشَدُّ مِنَ الْفَاقَةِ مَرَضُ الْبَدَنِ

''بدن کی بیماری فاقہ سے بھی زیادہ سخت ہوتی ہے۔'' [2]

مختصر تشریح

دنیا میں مومن کے لئے بیماری بھی بہشت کا ایک تحفہ ہے۔ چونکہ کبھی مومن عمداً یا سہواً گناہ کرتا ہے اور خدا نہیں چاہتا کہ وہ مومن گناہوں سمیت اس کے حضور حاضر ہو۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ اسے بیماری دیتا ہے اور بیماری کی وجہ سے اس کے گناہ معاف کر دیتا ہے۔

جب بیماری کی حالت میں مریض کے منہ سے ''آہ'' کا لفظ نکلتا ہے اور وہ خدا سے شفا کا تقاضا کرتا ہے تو مریض کی حالت خدا کو بہت پیاری لگتی ہے۔ جس کی وجہ سے وہ خدا سے راز و نیاز کرتا ہے۔ کبھی کسی شخص کو خدا اس لئے بیماری دیتا ہے کہ اس کے معنوی مقامات اور درجات بلند ہو سکیں۔

بہترین بیمار وہ ہے جو بیماری کی وجہ سے صبر کا دامن نہیں چھوڑتا، اور جہاں تک ممکن ہو اپنی بیماری اور درد کو پوشیدہ رکھے اور لوگوں کے سامنے خدا کا شکوہ نہ کرے یہاں تک کہ خداوند اسے صحت کاملہ عطا کرے اور اسے ثواب کامل نصیب ہو۔

---

[1] سورۃ شعراء آیت 80

[2] نہج البلاغہ فیض ص 1280

1. مریض اور اُس کی عبادت

ایک روز رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا سر آسمان کی طرف اُٹھایا اور مسکرانے لگے۔

پاس بیٹھے ہوئے شخص نے پوچھا: ''یا رسول اللہ! کیا بات ہے آپ نے اپنا سر مبارک آسمان کی طرف کیا اور مسکرانے لگے؟''

آپ نے فرمایا: ''میں اس لئے مسکرایا تھا کہ مجھے تعجب ہوا دو فرشتے آسمان سے زمین پر آئے وہ ایک نیک مومن کی جستجو میں آئے تھے وہ اس کا اعمال نامہ لے کر آسمان پر پرواز کر جاتے تھے۔ اس دفعہ بھی وہ آئے اور مایوس ہو کر واپس آسمان پر گئے اور کہا کہ اللہ تعالیٰ تیرا فلاں بندہ اپنی عبادت کی جگہ پر موجود نہ تھا۔ اس لئے ہم نے اس کے نامہ اعمال میں عبادت کا ثواب نہیں لکھا تو اس پر اللہ تعالیٰ نے ان سے فرمایا: جب تک میرا وہ بندہ بیمار ہے اس کے نامہ اعمال میں تمام وہ اعمال لکھتے رہو جو وہ تندرستی کے زمانے میں سرانجام دیتا تھا۔'' [1]

2. میری بیٹی کبھی بیمار نہیں ہوئی

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک عورت کی خواستگاری کی۔ لڑکی کے باپ نے اپنی بیٹی کی خصوصیات گنوانی شروع کر دیں۔ ان میں سے ایک خاصیت اس نے یہ بتائی کہ جب سے یہ پیدا ہوئی ہے کبھی بیمار نہیں ہوئی۔

رسول خدا یہ سن کر فوراً اٹھ کھڑے ہوئے اور فرمایا: ''ایسے جسم میں کوئی برکت نہیں ہوتی جو گورخر کی طرح بیمار نہ ہوتا ہو۔ بیماری درحقیقت خدا کی طرف سے بندہ کے لئے تحفہ ہے تاکہ اگر وہ یاد خدا سے غافل ہو تو متنبہ ہو کر خدا کو یاد کر سکے۔ [2]

3. مرض پر صبر

''ابو محمد رقی'' کا بیان ہے کہ میں ایک مرتبہ امام علی رضا علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور امام کو سلام کیا اور کافی دیر تک امام علیہ السلام کی محفل میں بیٹھا رہا۔ اور امام نے مجھ سے میرا حال احوال بھی دریافت فرمایا اور میں جب وہاں سے رخصت ہونے لگا تو امام نے فرمایا: ''سنو!

''اے ابو محمد! میرے شیعوں میں سے کوئی شخص اگر کسی آزمائش یا کسی تکلیف میں مبتلا ہو جائے اور وہ اس پر صبر کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو ایک شہید کے برابر ثواب عطا فرمائے گا۔''

یہ سن کر میں نے اپنے دل میں کہا'' بخدا اس کا تو کوئی ذکر ہی نہ تھا تو امام نے یہ بات کیوں کہی؟ پھر میں نے امام کو خدا حافظ

---

[1] داستانہائی و پندہا 130/6۔ تفسیر نور الثقلین 47/5

[2] پند تاریخ 180/2

کر کے وہاں سے چل کر اپنے ہم سفر لوگوں سے جا ملا۔ اچانک مجھے میرے پاؤں میں درد محسوس ہوا اور رات کو وہ درد شدید ہو چکا تھا پھر صبح جب میں نے دیکھا تو میرے پاؤں پر شدید ورم آچکا تھا۔ تو مجھے یاد آیا کہ امامؑ نے مجھے کسی آزمائش پر صبر کرنے کی سفارش کی تھی۔ اسی لئے میں نے کوئی دوا وغیرہ بھی نہ کی۔ زخم بہت گہرا ہو گیا۔ اس حالت میں مدینہ پہنچا۔ میرے لیے چلنا بھی دشوار ہو گیا۔ چنانچہ دس مہینے تک یہ ہر مرض چلتا رہا۔ روایت کرنے والا کہتا ہے کہ وہ بعد میں تندرست ہوا۔ اس کے بعد کسی اور وجہ سے اس نے وفات پائی۔ [1]

4. جذامی

ایک دفعہ امام سجاد علیہ السلام کا کسی راستے سے گزر ہوا تو وہاں راستے پر چند ایسے افراد بیٹھے تھے جذام کی بیماری میں مبتلا تھے اور وہ کچھ غذا کھا رہے تھے۔ امام علیہ السلام نے ان کو سلام کیا۔ انہوں نے آپؑ کو سلام کا جواب اور انہوں کو آپ کو غذا میں شامل ہونے کا کہا۔ امام تھوڑا سا آگے جا چکے تھے۔ پھر امام علیہ السلام نے اپنے آپ سے فرمایا کہ خدا متکبرین کو پسند نہیں کرتا اور امام علیہ السلام واپس ان کے پاس آئے۔ اور ان سے کہا کہ میں تم لوگوں کے ساتھ خوراک میں شامل نہیں ہو سکتا کیونکہ میں روزہ سے ہوں۔ ہاں البتہ میں تمہیں اپنے دسترخواں پر آنے کی دعوت دیتا ہوں۔ پھر کچھ دنوں بعد وہ افراد امامؑ کے پاس آئے امامؑ نے انہیں عمدہ کھانا کھلایا اور ان کی کچھ مالی معاونت بھی فرمائی۔ [2]

5. مریض کا قرض

''اسامہ بن زید'' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی تھے۔ ایک دفعہ وہ بیمار ہوئے تو حضرت امام حسین علیہ السلام اس کی عیادت کو گئے۔ اسامہ بستر مرض پر مسلسل آہ آہ کر رہا اور اس کے ساتھ غم و غصہ کا بھی اظہار کر رہا تھا۔

امام علیہ السلام نے اس سے فرمایا کہ بھائی تجھے کس چیز کی پریشانی ہے۔ کہنے لگا: سرکار! میں ساٹھ ہزار دینار کا مقروض ہوں۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: تیرا قرض میرے ذمہ ہے۔

اس نے عرض کیا: مولا! مجھے ڈر ہے کہ میں قرض کی ادائیگی سے پہلے اس دنیا سے رخصت نہ ہو جاؤں۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: ''نہیں ایسا نہیں ہے تو قرض کی ادائیگی کے بعد ہی وفات پائے گا۔

پھر امام علیہ السلام نے حکم دیا کہ اس کا قرض ادا کیا جائے۔ چنانچہ امام علیہ السلام کی رقم ہی سے اس نے قرض کی ادائیگی کی گئی۔ [3]

---

[1] حکایتہای شنیدنی 144 / 1۔ بحار الانوار 51 / 49

[2] با مردم اینگو برخورد کنیم۔ ص 38

[3] پیغمبر و یاران 193 / 1۔ بحار الانوار 43 / 10

باب نمبر20

اطاعت والدین

قرآن مجید میں ارشادِ خداوندی ہے:

"فلا تقل لهما أف ولا تنهرهما"

(اپنے والدین کو) اف تک نہ کہنا اور نہ ہی انہیں جھڑکنا۔ [1]

رسول اللہ صلی علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد پاک ہے۔

"بر الوالدين افضل من الصلاة والصوم والحج والعمرة والجهاد في سبيل الله"

''والدین کے ساتھ بھلائی، نماز، روزہ، حج، عمرہ اور جہاد فی سبیل اللہ سے افضل ہے۔'' [2]

مختصر تشریح

قرآن مجید میں توحیدِ خداوندی کے بعد اطاعت والدین کے موضوع پر بہت زیادہ زور دیا گیا ہے۔ اس کی اہمیت اتنی ہے کہ ان کے متعلق کہا گیا ہے کہ انہیں ''اف'' تک نہ کہا جائے۔

درج بالا نکات سے ثابت ہوتا ہے کہ والدین کو اذیت دینا حرام ہے اور اُن کے ساتھ نیکی و بھلائی سے پیش آنا واجب ہے۔ بعض اوقات کچھ حساس قسم کے نوجوان اپنے والدین کو اذیت دیتے ہیں ایسے نوجوانوں کو چاہئے کہ والدین کو اذیت نہ دیں بلکہ اُن کی رضاؤں کو تلاش کریں۔

والدین کی نافرمانی سے بہت برے انجام کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اور جو والدین کا نافرمان ہوتا ہے بعد میں اس کی اولاد والدین کی نافرمان ہوجاتی ہے۔ اور آخرت کے حوالے سے والدین کو ناراض کرنے والا شخص جہنم مین جائے گا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ جو شخص والدین کے لئے اذیت کا باعث بنے تو اس شخص کے لئے جہنم کا دروازہ کھول دیا جاتا ہے۔ [3]

---

[1] سورۃ بنی اسرائیل آیت 23

[2] جامع السعادات 264/2

[3] حیاۃ القلوب ص129

1. ماں کی ناراضگی موت کو دشوار بنا دیتی ہے

ایک شخص پر وقت نزع طاری تھا۔ اور احتضار کی گھڑی تھی۔ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے سرہانے پہنچے۔ اس شخص کو سکرات الموت لگی ہوئی تھی۔ مگر اس کی جان نہیں نکل رہی تھی۔

رسول کریم ﷺ نے اسے آواز دی۔ اس نے جواب دیا۔ آپ نے فرمایا: اس وقت تمہیں کیا دکھائی دے رہا ہے؟

اس نے کہا: ''یارسول اللہ! اس وقت میرے سامنے دو ڈراونے شخص کھڑے ہیں۔

آپ ﷺ نے فرمایا: ''کیا اس جوان کی ماں زندہ ہے؟''

لوگوں نے بتایا کہ جی ہاں اس کی ماں زندہ ہے۔ فرمایا: اسے یہاں لے آؤ۔ جب وہ آئی تو آپ ﷺ نے فرمایا ضعیفہ! کیا تم اپنے بیٹے سے ناراض ہو؟ اگر ناراض ہو تو اسے معاف کر دو۔

ضعیفہ نے کہا: یارسول اللہ! واقعی میں اس سے ناراض تھی اور اب آپ ﷺ کے کہنے پر اسے معاف کر رہی ہوں۔

اس وقت جوان بے ہوش ہو گیا اور جب ہوش میں آیا تو آپ نے پھر اسے صدا دی اور پوچھا اس وقت تمہیں کیا دکھائی دیتا ہے؟

جوان نے کہا: یارسول اللہ! وہ سیاہ چہرے چلے گئے ہیں۔ اب شفیق اور مہربان چہرے والے دو شخص میرے پاس آئے ہیں۔ انہیں دیکھ کر میں بہت خوش ہوں پھر اس کی روح پرواز کر گئی۔ [1]

2. حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ہم نشین

ایک مرتبہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے درخواست کی کہ مجھے میرے جنت کے ہم نشین کی زیارت کرائی جائے۔ تاکہ میں اسے دیکھ سکوں کہ وہ کیسا انسان ہے۔

جناب جبرائیل علیہ السلام نازل ہوئے اور کہا کہ موسیٰ! فلاں قصاب جو فلاں محلے میں رہتا ہے وہ جنت میں آپ کا ساتھی ہوگا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام اس سے ملنے کے لئے اس کی دکان پر گئے اور دیکھا وہ دوسرے قصابوں کی طرح گوشت فروخت کرنے میں مصروف ہے۔ عصر کے وقت وہ جوان فارغ ہوا۔ اور اپنے حصے کا گوشت اٹھا کر اپنے گھر کی طرف چل پڑا اور حضرت موسیٰ اس کے پیچھے پیچھے اس کے دروازے پر آئے اور اسے کہا کہ میں آج تمہارا مہمان ہوں۔ جوان نے خوش آمدید کہا۔ وہ آپ کو ساتھ لے کر اندر داخل ہوا۔ اس نے پہلے کھانا تیار کیا۔

---

[1] درسھائی از زندگی پیامبر ص 116۔ امالی شیخ طوسی 63/1

بعد ازاں گھر کی دوسری منزل پر گیا۔ جہاں سے وہ ایک بڑی زنبیل اٹھا کر نیچے لایا۔

جناب موسیٰ علیہ السلام نے دیکھا کہ اس زنبیل میں ایک بوڑھی عورت تھی۔ جوان نے اس عورت کو زنبیل سے نکالا۔ اسے اپنے ہاتھوں سے نہلایا بعد ازاں اپنے ہاتھوں سے اس بڑھیا کو کھانا کھلایا پھر اس بڑھیا کو زنبیل میں لٹایا اور اسے اپنے مقام پر رکھنے کے لئے اُٹھا تو عورت نے کچھ کلمات ادا کیے جو کہ پیرانہ سالی کی وجہ سے نا قابل فہم تھے۔

بعد ازاں جوان حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے طعام لایا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس جوان سے پوچھا کہ اس عورت سے تمہارا کیا تعلق ہے؟

جوان نے بتایا کہ یہ میری بوڑھی ماں ہے اور میں مالی طور پر کمزور ہوں اس لئے اس کی خدمت کے لئے نوکرانی کا بندوبست نہیں کرسکتا۔ اسی لیے اس کی خدمت کرتا ہوں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پوچھا کہ تمہاری ماں کھانے کے بعد کیا کہہ رہی تھی؟

جوان نے جواب دیا کہ میری ماں کا اصول ہے کہ جب بھی میں نہلاتا اور کھلاتا ہوں تو وہ ہمیشہ دعا دے کر کہتی ہے: ''خدا تیری مغفرت فرمائے اور روز قیامت تجھے موسیٰ علیہ السلام کا ہم نشین بنائے، تجھے اسی جنت اور اسی درجہ میں جگہ دے جہاں موسیٰ علیہ السلام ہوں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: جوان تجھے خوشخبری دیتا ہوں اللہ تعالیٰ نے تیری ماں کی دعا کو قبول کرلیا ہے۔ مجھے جبرئیل نے یہ خبر سنائی ہے کہ تو جنت میں میرا ہم نشین ہوگا۔ [1]

3. جریح

بنی اسرائیل میں ایک عابد تھا جس کا نام جریح تھا۔ وہ اپنے صومعہ میں عبادت کیا کرتا تھا۔

ایک دفعہ اس کی ماں اس کے پاس آئی تو وہ نماز میں مشغول تھا۔ ماں نے آواز دی لیکن وہ نماز میں مصروف رہا اس نے اس کا کوئی جواب نہ دیا۔ دوسری مرتبہ اس کی ماں نے پکارا تو اس وقت بھی اس نے نماز نہ توڑی۔ تیسری مرتبہ بھی اس کی ماں نے اس کو پکارا تو اس نے کوئی جواب نہ دیا۔ تب اس کی ماں ناراض ہوئی اور بددعا دیتے ہوئے کہا کہ میری اللہ سے درخواست ہے کہ وہ تجھے بے یارومددگار کردے۔ بس ایک دن گزرا دوسرے دن ایک بدکار عورت ایک ولد الزنا بچہ لیے صومعہ میں آئی اور کہنے لگی کہ یہ بچہ ''جریح'' کا ہے۔ اور جریح نے مجھ سے زنا کیا تھا۔

لوگ جمع ہو گئے اور تعجب سے کہنے لگے کہ کل تک تو یہ زنا سے لوگوں کو منع کیا کرتا تھا اور آج یہ خود بدکار ثابت ہوا ہے۔ اور لوگ اسے بادشاہ کے پاس لے گئے اور بادشاہ نے حکم دیا کہ ''جریح'' کو سولی پر لٹکا دیا جائے۔

جب جریح کو سولی پر لٹکایا جانے لگا تو اس موقع پر اس کی ماں بھی وہاں پہنچ گئی۔ جب اس نے بیٹے کو ایسی حالت میں دیکھا

---

[1] چند تاریخ 68/1

تو اپنے دونوں ہاتھوں سے چہرے کو پیٹنے اور زور سے رونے لگی۔ تو جریح نے اپنی ماں سے کہا کہ امی خاموش ہو جائیں آپ کی بددعا کی وجہ سے تو میں اس مقام پر پہنچا ہوں۔

لوگوں نے کہا کہ جریح ہمیں کیسے یقین ہوگا کہ یہ سب تیری ماں کی بددعا کا نتیجہ ہے؟

جریح نے لوگوں سے کہا کہ تم اس بچہ کو لے آؤ۔ جب بچہ لایا گیا تو جریح نے دعا کی اور اللہ تعالیٰ نے اس بچے کو قوت گویائی عطا کردی۔ اور بچے سے پوچھا کہ تمہارا باپ کون ہے؟ قدرت خداوندی سے بچہ بولنے لگا اور کہا کہ میرے باپ کا تعلق فلاں قبیلے سے ہے اور میرا باپ چرواہا ہے۔

اس کے بعد جریح کی سزائے موت ختم ہوگئی اور اس نے قسم اُٹھائی کہ اب وہ پوری زندگی اپنی ماں سے جدا نہیں ہوگا اور اس کی خدمت کرتا رہے گا۔[1]

4. امام صاحب الزمان (عج) کی والد کے لئے سفارش

آقائے سید محمد موسوی نجفی المعروف ہندی ایک انتہائی مجتہدین عالم تھے اور وہ حرمِ امیر المومنین میں امامت کے فرائض سرانجام دیتے تھے۔ انہوں نے یہ روایت شیخ باقر فرزند شیخ حادی کاظمینی سے کی۔ انہوں نے ایک ثقہ شخص سے روایت کی۔ وہ شخص حمام میں لوگوں کی مالش کیا کرتا تھا، اس شخص کا بوڑھا باپ تھا۔ اور وہ اس کی خدمت گزاری میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرتا تھا۔ حتیٰ کہ وہ اپنے بوڑھے باپ کے لئے بیت الخلا میں پانی تک بھی خود رکھتا تھا۔

پورا ہفتہ وہ اسی طرح سے باپ کی خدمت بجالاتا تھا مگر بدھ کی شب وہ باپ کی خدمت بجا نہیں لاتا تھا کیونکہ اس شب وہ مسجدِ سہلہ جاتا تھا اور ساری رات وہاں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا تھا۔ لیکن ایک مدت کے بعد اس نے مسجد سہلہ جانا ترک کردیا۔

میں نے اس سے اس کا سبب پوچھا تو اس نے بتایا کہ وہ مسلسل چالیس شب تک بدھ کی رات مسجد سہلہ جایا کرتا تھا۔ اور چالیسویں شب مجھے وہاں پہنچنے میں تاخیر ہوگئی اور دن غروب ہونے والا تھا۔ مجھے وہاں پہنچنے میں اچھی خاصی دیر ہوئی اور چاند نکل آیا۔ جس کی وجہ سے کچھ نہ کچھ رات کی تاریکی میں کمی ہوگئی اور میں اپنی دھن میں مگن ہو کر مسجد سہلہ کی طرف چلتا رہا۔ اسی اثناء میں میں نے دیکھا کہ ایک اعرابی شخص گھوڑے پر سوار ہو کر میری جانب آرہا ہے۔ میں نے دل میں کہا کہ ہو نہ ہو یہ راہزن ہے اب یہ مجھے میرے لباس سے محروم کردے گا۔

وہ شخص جیسے ہی میرے قریب آیا اس نے بدوی زبان میں مجھ سے پوچھا کہ کہاں جارہے ہو؟

میں نے کہا کہ میں مسجد سہلہ جارہا ہوں۔ اس نے پوچھا کہ تمہارے پاس کھانے کی کوئی چیز ہے؟

میں نے جواب دیا نہیں میرے پاس کوئی چیز نہیں ہے۔ اس نے کہا کہ جیب میں ہاتھ ڈالو۔ میں نے کہا کہ کچھ بھی میری

---

[1] نمونہ معارف 348/2۔ حیوۃ القلوب 484/1

جیب میں نہیں ہے۔اس نے تھوڑے سخت لہجے میں کہا کہ اپنا ہاتھ جیب میں ڈالو۔ میں نے اپنا ہاتھ جیب میں ڈالا تو اس میں کچھ کشمش موجود تھی۔ دراصل میں نے اس دن کشمش اپنے بچوں کے لئے خریدی تھی۔ اور اس وقت میں اسے بھول چکا تھا۔

اس وقت سوار نے مجھے تین مرتبہ کہا (اوصیک بالعود) بدوی زبان میں عود بوڑھے باپ کو کہا جاتا ہے۔ تو ان کی گفتگو کا ترجمہ یہ بنتا تھا کہ میں تجھے تیرے بوڑھے باپ کی وصیت کرتا ہوں۔ اس کے بعد اچانک سوار میری نگاہوں سے اوجھل ہو گیا۔

مجھے یقین ہو گیا کہ وہ امام صاحب الزمان (عج) تھے۔ اور میں سمجھ گیا کہ وہ ہر بدھ کی شب میرے یہاں آنے پر راضی نہیں ہیں اس کی بجائے مجھے والد کی خدمت کا انہوں نے حکم دیا۔ اسی لئے میں نے مسجد سہلہ جانا ترک کر دیا ہے۔ [1]

5. باپ پر تازیانے

حضرت ابو بکر صدیقؓ کے والد کا نام "ابوقحافہ" تھا وہ اسلام اور پیغمبر اکرم کا دشمن تھا۔ ایک دن اس نے رسول خداؐ کو برے الفاظ سے یاد کیا۔ اس پر حضرت ابو بکرؓ کو اپنے باپ پر غصہ آیا تو انہوں نے اس کو پکڑ کر دیوار سے دے مارا۔

جیسے ہی یہ خبر رسول خداؐ تک پہنچی تو آپؐ نے ابو بکرؓ کو اپنے پاس طلب کیا اور فرمایا کیا تو نے اپنے باپ کے ساتھ برا سلوک کیا ہے؟

ابو بکرؓ نے کہا: جی ہاں

اس پر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "جاؤ آئندہ اپنے باپ کے ساتھ ایسا سلوک کبھی بھی نہ کرنا۔ [2]

---

[1] منتھی الامال 476/2۔ نجم الثاقب

[2] داستانھای دپندھا 128 / 10۔ وسائل الشیعہ طباعت قدیم 115/ 1

باب نمبر 21

تقویٰ

قرآن مجید میں ارشاد خداوند کریم ہے۔

فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى ۚ وَاتَّقُوْنِ يٰٓأُولِي الْأَلْبَابِ ﴿١٩٧﴾

بہترین زادراہ تقویٰ ہے اور اے عقل والو! (میری نافرمانی) سے پرہیز کرو۔ [1]

مولائے کائنات امیر المومنین علیہ السلام کا ارشاد ہے۔

"لَا يَقِلُّ عَمَلٌ مع تقوىٰ"

تقویٰ کے ساتھ کیا جانے والا عمل کبھی بھی قلیل نہیں ہوتا۔ [2]

مختصر تشریح

تقویٰ کی دو اقسام ہوتی ہیں ایک ہوتا ہے خاص تقویٰ اور دوسرا ہوتا ہے عام تقویٰ۔ خاص تقویٰ یہ ہے کہ انسان حرام اور شبہ حرام سے بھی اجتناب کرے۔ عام تقویٰ یہ ہے کہ انسان عذاب دوزخ کے خوف کی وجہ سے حرام خدا سے پرہیز کرے۔

تقویٰ کی مثال ایسی ہے کہ جیسے ایک نہر کے کنارے کچھ درخت کاشت کئے گئے ہوں۔ تمام درخت اپنے جوہر، طباعت اور لطافت کے حساب سے اس سے رزق حاصل کریں۔ اسی طریقے سے لوگوں کے تقویٰ کا تعلق بھی تقویٰ کی نہر کے ساتھ ہے۔ لیکن ہر شخص اپنے علم، ادراک اور صفات کے مطابق اس میں سے درجات ایمانی کا استفادہ کرتا ہے۔ جتنا عمل اور اخلاص میں فرق ہوگا اتنا ہی تقویٰ کے مدارج میں فرق ہوگا۔ سچ یہ کہ تقویٰ ایسی خالص اطاعت ہے جس میں معصیت شامل نہ ہو۔ تقویٰ ایک ایسا علم ہے جس میں جہالت شامل نہیں ہوتی۔ اور متقی کے ہر عمل کو خدا منظور کیا کرتا ہے۔ [3]

---

[1] سورۃ البقرہ آیت 197

[2] اصول کافی 61/2

[3] تذکرۃ الحقائق ص 79

1. غلط تقویٰ

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں تین خواتین اپنے شوہروں کی شکایت لے کر آنحضورؐ کی خدمت میں ان کے گھر حاضر ہوئیں۔

پہلی خاتون نے عرض کیا کہ یارسولؐ اللہ! میرے شوہر نے گوشت کھانا چھوڑ دیا ہے۔ دوسری خاتون نے عرض کیا کہ یار سول اللہؐ! میرے شوہر نے خوشبو لگانا چھوڑ دیا ہے اور تیسری خاتون نے عرض کیا کہ یارسول اللہ! میرے خاوند نے مجھ سے حقوق زوجیت ادا کرنا ترک کر دیا ہے۔ اور وہ تمام افراد یہ سمجھتے ہیں کہ ہم زہد و تقویٰ کی وجہ سے ایسا کر رہے ہیں۔

جیسے ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان خواتین کی یہ باتیں سنیں تو آپ سخت ناراض ہوئے اور ناراضگی کے عالم میں گھر سے مسجد کی طرف اس طرح روانہ ہوئے کہ آپ کی عبا مبارک زمین پر گھسٹ رہی تھی۔

پیغمبرؐ اکرم منبر پر تشریف لے گئے اور لوگوں کے اجتماع سے خطاب فرمایا: ''حمد و ثناء کے بعد آپ نے ارشاد فرمایا کہ میرے چند اصحاب کو کیا ہو گیا؟ جو گوشت نہیں کھاتے، خوشبو استعمال نہیں کرتے اور اپنی بیویوں کے حقوق زوجیت بھی ادا کرتے۔

مسلمانو! یاد رکھو میں گوشت بھی کھاتا ہوں، خوشبو بھی لگاتا ہوں اور اپنی بیویوں سے حقوق زوجیت بھی ادا کرتا ہوں۔ یہ میری سنت ہے اور جو میری سنت سے منہ موڑتا ہے اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

اس طرح رسول پاکؐ نے غلط زہد کی بدعت کو ہمیشہ کیلئے تباہ کر دیا۔ اور آپؐ نے غلط زہد کی بدعت کی جڑوں کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے خشک کر دیا۔[1]

2. حضرت ابوذر کا تقویٰ

حضرت ابوذر نے فرمایا کہ میں حضور پاک کی زندگی میں روزانہ صرف ایک خرما کھایا کرتا تھا اور جب تک میں زندہ رہوں گا اس مقدار سے تجاوز نہیں کروں گا۔

عطا بیان کرتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ ابوذر ایک بوسیدہ لباس پہن کر نماز ادا کر رہے تھے۔ میں نے کہا کہ ابوذر! کیا تمہارے پاس اس کے علاوہ اور کوئی لباس نہیں ہے۔ ابوذر نے کہا کہ اگر میرے پاس کوئی اور لباس ہوتا تو میں ضرور پہن لیتا۔ میں نے عرض کیا کہ ابوذر میں نے ایک عرصہ سے تجھے دو کپڑوں کے جوڑوں میں دیکھا اور کہنے لگا کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ میرا ایک بھتیجا ہے جو مجھ سے بھی زیادہ حقدار ہے۔ میں اس کی ضروریات پوری کیا کرتا ہوں۔

تو میں نے کہا کہ خدا کی قسم آپ بہت محتاج ہیں۔ ابوذر نے آسمان کی طرف سر بلند کیا اور کہا: ''پروردگار میں محتاج ضرور

---

[1] دکاتھای شیدئی 77/2۔ فروع کافی 496/5

ہوں لیکن ان دنیا والوں کا نہیں بلکہ صرف تیری مغفرت کا محتاج ہوں۔"

ابوذر کہنے لگا: "اے شخص تو دنیا کو بہت زیادہ اہمیت دے رہا ہے اس لباس کے علاوہ میرے پاس ایک اور لباس بھی ہے جو میں نماز کے لئے پہنتا ہوں۔ دیکھ میں اتنا بھی غریب نہیں ہوں کھانے کے لئے میرے پاس غلہ بھی موجود ہے اور میرے پاس جانور بھی موجود ہے جس پر میں سواری کیا کرتا ہوں خدا نے مجھے نیک سیرت بیوی بھی دی ہے جو میرے لئے کھانا بھی تیار کرتی ہے۔ بھلا بتاؤ اس سے بڑھ کر مجھے اور کس نعمت کی ضرورت ہے۔"

ابوذر سے کسی نے کہا: "آپ نے جائیدادیں نہیں خریدیں بھلا فلاں۔۔۔۔۔۔۔فلاں کو تو دیکھیں انہوں نے اپنے لئے کس قدر جائیدادیں بنائی ہیں آپ" نے فرمایا اگر میں چاہوں تو میں بھی آقا وارباب بن سکتا ہوں لیکن اس کی مجھے کیا ضرورت ہے۔ جب کہ روزانہ مجھے پینے کے لئے ایک گلاس پانی اور ایک گلاس دودھ بھی مل جاتا ہے اور ہفتہ میں کچھ گندم کی روٹی بھی مل جاتی ہے۔ اسی لئے مجھے جائیدادیں بنانے کا کوئی شوق نہیں۔ [1]

3. غیر متقی شخص پر اعتماد نہیں کرنا چاہئے

ایک دفعہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے بڑے بیٹے "اسماعیل" کے پاس کچھ دولت جمع ہوئی۔ اس کو یہ اطلاع ملی کہ فلاں قریشی شخص یمن جارہا ہے۔ اسے یہ رقم دے کر وہاں کچھ مال تجارت منگوالیا جائے۔

وہ مشورہ کے لئے اپنے پدر بزرگوار حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔

تو انہوں نے فرمایا: "کیا تم نہیں جانتے کہ وہ شراب پیتا ہے؟"

اسماعیل نے عرض کی: "بعض مومن یہ بات بھی کہتے ہیں۔"

حضرتؑ نے فرمایا: "میرا مشورہ یہ ہے تم اس کو اپنی دولت نہ دو؟"

لیکن اسماعیل نے اپنے والد بزرگوار کی بات سنی ان سنی کردی اور تمام جمع شدہ رقم اس قریشی مرد کے حوالے کردی۔ تاکہ وہ یمن سے کوئی مال تجارت ان کے لئے لے آئے۔

وہ قریشی مرد سفر یمن پر روانہ ہوا اور اس نے اسماعیل کی تمام رقم ضائع کردی۔

کچھ ایام کے بعد اسماعیل اپنے والد محترم کے ساتھ حج پر گئے۔ وہاں صحن کعبہ میں اسماعیل یہ دعا کر رہا تھا کہ خدا اس کی ضائع شدہ دولت کے بدلے اس کا نعم البدل عطا کرے" جیسے ہی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے اسماعیل کو دعا کرتے ہوئے دیکھا تو اس کے پاس آئے اور بڑی شفقت سے اس کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا: "میرا بیٹا! اللہ سے کوئی چیز بلا سبب طلب نہ کرو تمہارا خدا پر کوئی حق نہیں ہے۔ تم نے اس شخص پر اعتماد کیا جو اعتماد کرنے کے قابل نہیں تھا اور جو کوئی انسان اپنے ہاتھ سے خود برباد کرے اس

[1] پیغمبر و یاران 74/1۔ اعیان الشیعہ (جندب) 347-329

کی کوئی تدبیر نہیں ہوتی۔"

اسماعیل نے کہا: "ابو جان میں کیا کرتا لوگ تو کہتے تھے کہ وہ شراب پیتا ہے لیکن میں نے خود تو اسے شراب پیتے ہوئے نہیں دیکھا تھا۔

امام نے فرمایا: "حق تو یہ ہے کہ مومنین کی باتوں کی تصدیق کرنی چاہئے۔ شرابی پر اعتماد نہیں کرنا چاہئے۔ کیونکہ اللہ تعالٰی کا فرمان ہے۔

وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَاءَ أَمْوَالَكُمُ الَّتِي جَعَلَ اللَّهُ لَكُمْ قِيَامًا (نساء آیت نمبر ۵)

"نادانوں کو اپنا مال نہ دو اللہ نے اس مال کو تیرے لئے مایہ حیات بنایا ہے اور شرابی سے بڑھ کر نادان اور کون ہو سکتا ہے؟"

پھر آپ نے فرمایا: سنو! اگر شرابی رشتہ مانگے تو اسے رشتہ نہیں دینا چاہئے۔ اور شرابی کے پاس کسی طرح کی امانت نہیں رکھنی چاہئے اگر کوئی شخص شرابی کے پاس امانت رکھے اور شرابی اس کی امانت کو تلف کر دے تو اللہ تعالٰی صاحب امانت کو اس کا کوئی اجر نہیں دے گا اور نہ ہی اس کی امانت کی تلافی کرے گا۔"[1]

4. شیخ مرتضیٰ انصاری کا تقویٰ

شیخ مرتضیٰ انصاری ملت جعفریہ کے عظیم القدر فقیہ گزرے ہیں۔ ایک دفعہ وہ کاشان سے مشہد مقدس جانا چاہتے تھے پہلے وہ تہران آئے وہاں انہوں نے "مادر شاہ" کے مدرسے میں ایک طالب علم کے کمرے میں رہائش اختیار کی۔

ایک دن شیخ انصاری نے اسی طالب علم کو کچھ رقم دی کہ وہ اس رقم سے روٹیاں خرید لاؤ۔ جب وہ طالب علم آیا تو شیخ نے دیکھا کہ اس نے روٹیوں کے اوپر حلوہ بھی رکھا ہوا ہے۔

شیخ نے اس سے پوچھا: "تو نے حلوہ کے لئے رقم کہاں سے لی؟"

اس نے جواب دیا کہ میں نے ایک دوست سے قرض لیا ہے۔

شیخ مرتضیٰ انصاری نے نہ تو حلوہ کھایا اور نہ ہی روٹی جس پر وہ حلوہ رکھا تھا۔ اور فرمایا کہ میں نے اس لئے حلوہ نہیں کھایا، کیا خبر میں قرض کی ادائیگی تک زندہ رہ بھی جاتا ہوں یا نہیں۔

اللہ نے شیخ کو بڑی عزت دی حتیٰ کہ وہ ملت جعفریہ کے مرجع اعظم بن گئے وہی طالب علم ایک دفعہ شیخ سے ملنے حوزہ علمیہ نجف اشرف آیا۔ اور شیخ مرتضیٰ انصاری سے پوچھا کہ آپ نے کونسا ایسا عمل کیا ہے کہ آپ پوری دنیائے تشیع کے مرجع اعظم بن گئے؟

شیخ نے کہا کہ سیدھی سی بات ہے میرے اندر اس حلوہ والی روٹی کھانے کی جرات تک نہ تھی اور آپ نے وہ روٹی

---

[1] بحار الانوار 267/4

بھی کھائی اور وہ حلوہ بھی کھایا۔[1]

5. عقیل کا اعتراض

جب امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کو ظاہری خلافت ملی تو آپ منبر پر تشریف لائے۔ خداوند قدس کی حمد وثناء کے بعد آپؑ نے فرمایا: خدا کی قسم! جب تک مدینہ میں میرے پاس ایک بھی کھجور کا درخت باقی رہے گا۔ میں تمہارے مال غنیمت سے ایک بھی درہم نہ لوں گا۔ لوگو! یادرکھو میں نے اپنے آپ کو اس مال سے محروم کیا ہے۔

میں نے یہ تمام مال تمہارے سپرد کیا ہے۔

اس وقت آپؑ کے بھائی عقیل کھڑے ہوئے اور کہا: ''خدا کی قسم! آپ نے بیت المال سے مجھے جتنے حقوق دیئے آپؑ نے مدینہ کے سیاہ فام غلاموں کو بھی وہی حقوق دیئے ہیں۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: ''بیٹھ جاؤ: '' تیرے علاوہ یہاں کوئی اور نہیں تھا۔ جو یہ اعتراض کرتا۔ تو نے اعتراض کیا ہے کہ میں نے ایک سیاہ فام غلام کو بیت المال سے تیرے برابر حصہ کیوں دیا؟ دیکھو اگر تم نے اسلام میں سبقت لی ہے اور تقویٰ اختیار کیا ہے۔ اس کا اجر تمہیں آخرت میں دیا جائے گا۔ دنیاوی لحاظ سے تم اور وہ سیاہ فام غلام میرے لئے برابر ہیں۔[2]

---

[1] داستانھاو پندھا ج 151/4۔ زندگی وشخصیت شیخ انصاری ص 70

[2] نمونہ معارف 171/3۔ وافی ج 60/3

باب نمبر 22

توکل

ارشاد خداوندی ہے:

فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۚ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِينَ

پھر جب آپ عزم کرلیں تو اللہ پر بھروسہ کریں۔ بے شک اللہ بھروسہ کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ [1]

حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام کا فرمان ہے:

"التوکل علی اللہ نجاۃ من کل سوء۔"

"ہر برائی سے بچنے کا ذریعہ خدا پر توکل ہے۔" [2]

مختصر تشریح

"توکل" ایک ایسا جام ہے جس پر خدا کی مہر لگی ہوئی ہے۔ جو اس مہر کو اس دنیا میں توڑ دیتا ہے تو وہ اس جام سے کبھی بھی استفادہ نہیں کر سکے گا۔ توکل کی کم از کم حد یہ ہے کہ انسان خدا کی تقسیم پر راضی رہے اور وقت سے پہلے کسی چیز کا مطالبہ نہ کرے۔

توکل کی حقیقت یہ ہے کہ انسان ایثار سے کام لے اور اپنے تمام امور خدا کے سپرد کردے۔ اگر متوکل کی توجہ اللہ تعالیٰ کی طرف رہے گی تو وہ ہمیشہ حقیقت توکل پر قائم رہے گا۔

"توکل" صرف الفاظ اور زبانی دعوؤں کا نام نہیں ہے بلکہ یہ ایک باطنی عمل ہے یہ ایمان کی چابی ہے۔ تمام آرزوؤں کو ختم کردینے سے انسان میں توکل آجاتا ہے۔ اور جس شخص میں توکل آجائے تو شخص متوکل کہلاتا ہے۔

1. خدا پر توکل کرنے والا تاجر

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے کی بات ہے کہ ایک تاجر جو ہمیشہ خدا پر توکل رکھتا تھا۔ وہ تجارت کے لئے شام سے مدینہ کی طرف آرہا تھا۔ راستے میں اسے ایک شامی ڈاکو گھوڑے پر سوار ہو کر اس کی طرف تلوار لے کر آیا اور

[1] سورۃ آل عمران آیت/159

[2] بحار الانوار 79/78

وہ اسے قتل کرنا چاہتا تھا۔

تاجر نے اس ڈاکو سے کہا: تمہارا مقصد میرا مال لوٹنا ہے تو مجھے قتل کیوں کرتا ہے؟

ڈاکو نے کہا: ''تجھے میں ضرور قتل کروں گا اگر میں نے تجھے قتل نہ کیا تو تو حکومت کو میری رپورٹ کرے گا۔ جس کی وجہ سے مجھے سزا ہو سکتی ہے۔ تاجر نے کہا کہ اگر تو نے مجھے ہر صورت قتل کرنا ہے تو مجھے اتنی مہلت دے کہ میں دو رکعت نماز ادا کرلوں۔ ڈاکو نے تاجر کی یہ بات مان لی۔

تاجر نے نماز پڑھ کر دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے اور کہا: بارالہا! میں نے تیرے حبیب سے یہ بات سنی تھی کہ جو تجھ پر توکل کرے گا اور تیرا ذکر کرے گا وہ ہمیشہ امان میں رہے گا۔ پروردگار یہ بیابان ہے یہاں میرا کوئی مددگار نہیں ہے اور مجھ پر رحم فرما۔''

جیسے ہی اس تاجر کی زبان سے یہ الفاظ جاری ہوئے تو اس نے دیکھا کہ سفید گھوڑے پر ایک نوجوان وہاں آیا۔ اس نے ڈاکو کے ساتھ لڑائی کی اور اس نو وارد شخص نے ڈاکو کو قتل کر دیا۔ پھر وہ تاجر کے پاس آیا اور کہا: ''اے خدا پر توکل کرنے والے انسان میں نے دشمن خدا کو قتل کر دیا ہے اور تجھے اس کے شر سے آزاد کر دیا ہے۔ تاجر نے اس سے کہا کہ خدا آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آپ تعارف تو کروائیں آپ کون ہیں؟ اور مجھ غریب کی مدد کو کیسے آئے؟

اس نے کہا: ''سنو! میں تمہارا توکل ہوں اور اللہ نے مجھے نورانی شکل عطا کر کے آسمانوں پر بٹھایا ہے اچانک مجھے جبرائیل علیہ السلام نے ندا دی کہ جاؤ زمین پر دشمن تمہارے ساتھی کو ہلاک کرنا چاہتا ہے۔ زمین پر جا کر اس کی مدد کرو۔ جیسے ہی جبرائیل نے مجھے حکم دیا تو میں فوراً زمین پر آیا اور تیرے دشمن کو ہلاک کر دیا۔ یہ کہہ کر وہ گھڑ سوار نوجوان واپس چلا گیا۔

اس تاجر نے اس کے بعد خدا کی حمد و ثناء کی اور پیغمبر اکرمؐ کے فرمان پر اس کے عقیدہ میں اور اضافہ ہوا۔

پھر وہی تاجر مدینہ آیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور اپنے ساتھ پیش آنے والا واقعہ بھی آپ کو سنایا کہ توکل انسان کو اوج سعادت پر پہنچا دیتا ہے اور توکل کرنے والا شخص، انبیا، اولیا صالحین اور شہداء کے ساتھ آخرت میں محشور کیا جائے گا۔ [1]

2. پیغمبرؐ اور توکل

''ابوسفیان'' مشرکین مکہ کا سردار تھا۔ اس نے دیکھا کہ رسول خداؐ دس ہزار کا لشکر لے کر مکہ فتح کرنے آ گئے ہیں۔ جب کہ اس سے پہلے وہ رسول اکرمؐ سے کئی خونی جنگیں لڑ چکا تھا۔ فتح مکہ کے موقع پر اس نے اپنی جان بچانے کے لئے اس نے اسلام قبول کیا۔ اور اپنے آپ سے کہنے لگا کاش مجھے معلوم ہو جائے کہ آخر محمدؐ کو ایسی کامیابی کیسے ملی جب کہ مکہ میں محمدؐ اکیلا تھا اور آج اس نے اتنا بڑا لشکر کیسے بنا لیا۔

---

[1] خزینۃ الجواہر ص 679۔ مجالس المتقین شہید ثالث

اس کی وہی باتیں رسول خداؐ نے سن لیں۔ آپؐ نے اپنا دست مبارک اس کے کاندھے پر رکھا اور فرمایا: ''ہم خدا کی مدد سے تم پر کامیاب ہوئے ہیں۔

اگر پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا توکل دیکھنا ہو تو جنگ احد میں دیکھا جا سکتا ہے۔ جنگ حنین میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہت سا لشکر لے کر گئے۔ دشمنوں نے اچانک گھات لگا کر حملہ کر دیا۔

صحابہ بھاگ کھڑے ہوئے۔ وہاں پر مدد کرنے والے آدمی نہ رہے۔ نہ ہی آپؐ کی کوئی جرأت میں فرق آیا اور نہ ہی آپؐ کے توکل میں کوئی فرق آیا۔ اس وقت آپؐ نے خداوند تعالیٰ کے حضور دعا کی: ''پروردگار تمام حمد اور ثناء تیرے لئے مخصوص ہے میں یہ شکایت تیری بارگاہ میں عرض کرتا ہوں تو اس موقعہ پر میری مدد فرما۔ تو اسی وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے جبرائیل امین نازل ہوئے اور عرض کی۔ ''یا رسول اللہ! ایسی ہی دعا موسیٰ علیہ السلام نے بھی کی تھی اور میں نے موسیٰ کے لئے دریا میں راستے بنا دیئے اور اس دعا کے نتیجے میں ہم نے موسیٰ کو فرعون کے شر سے آزاد کیا۔'' [1]

3. حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بیماری

ایک مرتبہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بیمار ہوئے تو بنی اسرائیل ان کی عیادت کے لئے آئے اور ان سے کہا: ''آپؑ فلاں جڑی بوٹی کو بطور دوا استعمال کریں تو آپ تندرست ہو جائیں گے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: ''میں دوا نہیں کروں گا اللہ تعالیٰ مجھے بغیر دوا کے تندرستی عطا فرمائیں گے۔

آپ کافی عرصہ بیمار رہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے آپؑ کو وحی فرمائی: ''مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم جب تک آپ اس جڑی بوٹی سے اپنا علاج نہیں کرو گے جس کے متعلق بنی اسرائیل نے تمہیں کہا ہے۔ اس وقت تک میں تمہیں تندرستی نہیں دونگا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے انہیں بلا کر کہا: کہ جو دوائی تم نے تجویز کی تھی وہ میرے پاس لاؤ۔ دوائی لائی گئی۔ انہوں نے استعمال فرمائی اور چند دنوں میں صحت یاب ہو گئے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دل میں یہ بات کئی دنوں تک کھٹکتی رہی کہ اللہ اگر بغیر وسیلے کے شفا عطا کر دیتا تو اس میں کیا عیب تھا۔

جب آپؑ کوہ سینا پر گئے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اردت ان تبطل حکمتی بتوکلك علی ضمن اودع العقاقیر منافع الاشیاء۔''

اے موسیٰ! تم مجھ پر توکل کر کے میری حکمت کو باطل کرنا چاہتے تھے۔ ان بوٹیوں میں یہ فوائد کس نے رکھے ہیں؟ [2]

---

[1] رہنمائی از زندگی پیغمبر اسلام 216۔ بحار الانوار 150 /21

[2] جامع السعادات 228۔ علم اخلاق اسلامی 290 /2

4. حماد ابن حبیب

حماد بن حبیب کوفی کا بیان ہے کہ ایک سال میں ایک قافلہ کے ساتھ حج بیت اللہ کے لیے روانہ ہوا۔ جب ہم نے منزل زبالہ سے کوچ کیا تو سخت سیاہ آندھی چلی اور آندھی اتنی تیز تھی کہ ہاتھ کو ہاتھ سجھائی نہ دیتا تھا اس دوران میں قافلے سے بچھڑ گیا۔

جب تاریکی کا زور کچھ کم ہوا تو میں نے اپنے آپ کو ایک بے آب و گیاہ میدان میں تنہا پایا۔ دور سے مجھے ایک درخت نظر آیا۔ میں اس درخت کے پاس گیا۔ میں نے دیکھا کہ ایک جوان جس نے سفید لباس پہنا ہوا تھا اور اس کے جسم سے مشک و عنبر کی خوشبو آ رہی تھی۔ وہ بھی اس درخت کی طرف آ رہا تھا۔

میں نے دل میں کہا کہ یہ اللہ کا ولی ہوگا، میں نے اپنے آپ کو پوشیدہ کر لیا تا کہ وہ جوان مجھے یہاں دیکھ کر کسی اور طرف نہ چلا جائے۔

کچھ دیر بعد وہ جوان آیا اور نماز کی تیاری کرنے لگا اور اس نے یہ دعا پڑھی

"یامن حاذ کل شیئٍ ملکوتا وقهر کل شیئٍ جبروتا صلی علی محمد وآل محمد واولج قلبی فرح الاقبال علیك فالحقنی لمیران المطیعین لك۔"

"اے وہ ذات جس کی قدرت اور جبروت ہر چیز پر حاوی ہے۔ محمد اور آل محمدؐ پر درود بھیج اور میرے دل میں اپنے حضور حاضر ہونے کی خوشی داخل فرما اور اپنے اطاعت گزاروں کے میدان میں مجھے ملحق فرما۔"

پھر جوان نے نماز شروع کی۔ میں نے دیکھا کہ جوان کی آنکھوں سے آنسوؤں کا چشمہ بہہ رہا تھا۔

میں نے بھی نماز شروع کی اور جوان کی اقتداء میں کھڑا ہو گیا اور اس وقت مجھے یوں محسوس ہوا کہ میرے لئے ایک محراب سا بن گیا ہے۔ جوان جب کسی ایسی آیت کی تلاوت کرتا جس میں وعدہ و وعید ہوتی تو اس کی آہ و نالہ کی صدائیں بلند ہوتیں۔

نماز کی تکمیل کے بعد جوان نے رو رو کر یہ دعا مانگی:

"یامن قصده الضالون فاصابوه مرشدا وامه الخائفون فوجدوه متهلا ولجا الیه العابدون فوجدوه موئلای راحة من نصب لغیرك بدنه ومتی فرح من قصد سواك بهمته، الهی قد تقشع الظلام ولم اقض من خدمتك وطرا ولا من حیاض مناجاتك صدرا صلی علیه محمد وآل محمد وافعل مجا اولی الامرین بك یاارحم الراحمین۔"

"اے وہ ذات جس کا قصد راہ گم کرنے والوں نے کیا تو انہوں نے اسے راہ نما پایا اور خوف زدہ لوگوں

نے اس کی بارگاہ کا ارادہ کیا تو اسے پناہ گاہ پایا اور جس کی طرف عابدوں نے رجوع کیا تو انہوں نے اسے ملجا و ماویٰ پایا۔ اسے راحت نصیب نہ ہوگی جو تیرے غیر کی خدمت میں اپنے بدن کو پیش کرے گا اور اسے کبھی خوشی نہیں ملے گی جو تیرے علاوہ کسی اور کا قصد کرے گا۔"

پروردگار! اب جب کہ تاریکی چھٹ چکی ہے لیکن ابھی تک میں تیری کما حقہ خدمت نہ کر سکا اور تیری مناجات کے سرچشمے سے ابھی تک میرا سینہ نہیں بھرا۔ محمد و آل محمد پر درود بھیج اور مجھ سے وہ سلوک کر جو تیری شان کریمی کے مطابق ہو۔ اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے۔"

حماد کہتا ہے کہ مجھے خوف ہوا کہ یہ جوان کہیں اب میری آنکھوں سے اوجھل نہ ہو جائے اور پھر مجھے مل نہ سکے تو میں جلدی سے اٹھا اور اس کے دامن کو پکڑ کر کہا: "تجھے اس ذات کا واسطہ جس نے تجھے رنج و ملال سے دور رکھا ہے۔ اور جس نے تجھے لذت عبادت عطا کی ہے۔ مجھ پر رحم کریں راستے سے بھٹکا ہوا مسافر ہوں مجھے منزل مقصود پر پہنچا۔"

جوان نے میری درخواست سنی تو کہا: "اگر تو سچائی اور دل کی پاکیزگی سے اللہ پر بھروسہ کرے گا تو کبھی بھی نہیں بھٹکے گا۔ اب میرے پیچھے چلا آ اور میری قمیض کے دامن کو پکڑ لے۔"

میں نے ایسا ہی کیا مجھے اس وقت ایسا محسوس ہوا کہ گویا میرے پیروں سے زمین نکل رہی ہے۔ تھوڑی دیر بعد جوان نے کہا: "لو تمہیں مبارک ہو۔ یہ مکہ معظمہ ہے اور امید ہے کہ تمہارے کانوں میں حاجیوں کی آوازیں آرہی ہوں گی۔"

حماد کہتے ہیں کہ میں نے جوان کو قسم دے کر کہا: "تجھے اس ذات کی قسم جس سے روز قیامت آپ کی امید وابستہ ہے، اپنا تعارف کراؤ۔"

جوان نے کہا: "تو نے قسم دی ہے تو پھر سن لے میں علی ابن حسین علی بن ابی طالب ہوں۔"[1]

5. ساقی پر اعتماد

ایک دن جبرئیل امین اللہ تعالیٰ کی وحی لیکر زندان کے دروازے پر حضرت یوسف علیہ السلام کے پاس آئے اور کہا تیرا اللہ تجھ سے پوچھتا ہے کہ اے یوسف علیہ السلام تجھے یہ حُسن کس نے دیا ہے؟

یوسف علیہ السلام نے عرض کی: "اے خدا تو نے۔"

پھر ارشاد ہوا: "یعقوب کے دل میں تیری محبت کس نے ڈالی تھی؟"

یوسف علیہ السلام نے عرض کیا: "اے پروردگار! تو نے ڈالی تھی۔"

پھر ارشاد ہوا: "جب بھائیوں نے تجھے کنوئیں میں ڈالا تھا تو نجات کے لئے تجھے دعا کس نے تعلیم دی تھی؟"

[1] چند تاریخ 182/5۔ بحار الانوار ج 11 ص 24

یوسف علیہ السلام نے عرض کی: ''خدایا! تو نے ہی مجھے وہ دعا تلقین فرمائی تھی۔''

پھر ارشاد ہوا: ''قافلہ کو اس ویران کنویں پر کون لایا تھا۔''

یوسف علیہ السلام نے عرض کی: ''خدایا! تو ہی قافلہ کو وہاں لایا تھا۔''

آواز قدرت آئی: ''تجھے شاہ مصر کے گھر پناہ دینے والا کون تھا؟''

یوسف علیہ السلام نے عرض کی: ''تو نے مجھے شاہ مصر کے گھر میں پناہ دی۔''

پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''عزیز مصر کی بیوی اور زنان مصر کے شر سے تجھے کس نے بچایا اور چھوٹے بچے سے تیری پاکدامنی کی گواہی کس نے دلائی۔''

یوسف علیہ السلام نے عرض کیا: ''خدایا تو نے ہی سب کچھ کیا۔''

پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اے یوسف! تجھے زندان میں میں نے تو نہیں بھیجا تھا تو نے ہی ''رب السجن احب الی'' کہہ کر مجھ سے زندان جانے کی خواہش کا اظہار کیا تھا اور اگر تو زندان سے تنگ آ گیا تھا اور رہائی چاہتا تھا تو کیا تو اپنی اس خواہش کا اظہار مجھ سے نہیں کر سکتا تھا۔

"فکیف استغثت بغیری ولم تستغث بی وتسألنی ان اخرجك من السجن۔"

''آخر تجھے کیا ضرورت پڑی کہ مجھے چھوڑ کر دوسروں سے کیوں مدد طلب کی اور کیا میں تجھے زندان سے رہائی نہ دلا سکتا تھا؟''

اب اس کی سزا یہ ہے کہ تو مزید سات سال تک اس زندان میں بسر کرے گا۔''[1]

---

[1] نمونہ معارف 280/3۔ لئالی الاخبار ص 92

باب نمبر 23

تسلیم

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہے۔

"وَأُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ۔"

اور ہمیں حکم ملا ہے کہ ہم رب العالمین کے آگے سر تسلیم خم کریں۔ [1]

امام محمد باقر علیہ السلام کا ارشاد ہے۔

"احق خلق الله ان يسلم لما قضى الله۔"

''خداوند تعالیٰ کی مخلوقات میں سے بہتر وہ ہے جو قضائے الٰہی کے سامنے سر تسلیم جھکا دے۔'' [2]

مختصر تشریح

صاحب تسلیم انسان کی صفت رضا اور توکل سے بھی بہتر صفت ہے۔ کیونکہ صاحب تسلیم شخص پر جو مشکلات وارد ہوتی ہیں ان کا کوئی علاج نہیں کرتا اور اپنے دل کو تمام مشکلات سے قطع تعلق کر لیتا ہے۔

صفت رضا بنیادی طور پر انسان کے موافق ہے اور توکل کی صفت میں انسان اپنے سارے معاملات خدا کے سپرد کر دیتا ہے۔ یہ دونوں صفات انسان کی طبع اور نفس میں داخل رکھتی ہیں۔ جبکہ تسلیم میں معاملہ ایسا نہیں ہوتا۔ خدا کے چنے ہوئے بندے بہت سی مشکلات کا شکار ہوتے ہیں مثلاً خاندان کی بداخلاقی، بیماری تکالیف وغیرہ میں دوچار ہوتے ہیں۔ کیونکہ وہ صاحب تسلیم افراد ہوتے ہیں اور کبھی بھی زبان اعتراض نہیں کھولتے اور اپنے اندرونی عدم رضا کا اظہار بھی کسی سے نہیں کرتے۔

عرض مترجم تسلیم کی مختصر تشریح میر تقی میرؔ کے اس شعر سے کی جا سکتی ہے

زیرِ شمشیر ستم میرؔ تڑپنا کیسا
سر بھی تسلیم محبت سے ہلایا نہ گیا۔

---

[1] سورۃ انعام آیت 71

[2] جامع السعادات 204/3

1.امام کا جواب

بیان کیا جاتا ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام کے پاس مہمانوں کا کافی آنا جانا لگا رہتا تھا۔آپ مہمانوں کی کبھی مرغن غذاؤں اور حلوہ سے ان کی مہمان نوازی کرتے ،اور کبھی خشک روٹی اور زیتون سے مہمانوں کی مہمان نوازی کرتے تھے۔

ایک شخص نے امام علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ حضرت اگر آپ صاحب تدبیر ہو کر عمل کریں تو آپ تمام مہمانوں کی یکساں مہمان نوازی کر سکتے ہیں۔

حضرت نے جواب دیا کہ تدبیر امور ہمارے پاس تو نہیں ہے وہ تو صرف اللہ تعالیٰ کے پاس ہے ہم تو صرف اس کے حکم پر گردن جھکا دیتے ہیں جب اللہ تعالیٰ ہمیں زیادہ رزق عطا کر دیتا ہے تو ہم بھی مہمانوں کی اعلیٰ غذاؤں سے پذیرائی کرتے ہیں اور جب اللہ تعالیٰ ہمیں رزق کم دیتا ہے تو ہم بھی اپنی مہمان نوازی میں کمی کر دیتے ہیں۔[1]

2.معاذ ابن جبل

معاذ ابن جبل اٹھارہ برس کی عمر میں مشرف بہ اسلام ہوئے انہوں نے جنگِ بدر، جنگ احد، جنگ خندق اور کئی دوسرے غزوات میں شرکت کی۔

رسول خدا نے معاذ اور عبداللہ بن مسعود کو آپس میں بھائی قرار دیا تھا۔

معاذ انتہائی خوب صورت اور سخی انسان تھے۔رسول خداؐ نے اسے یمن کا حاکم بنا کر بھیجا تھا۔اور رسول خداؐ نے اسے روانہ کرتے وقت بہت سی نصیحتیں کی تھیں ان نصیحتوں میں سے ایک نصیحت یہ بھی تھی۔لوگوں پر سختی نہ کرنا اور لوگوں سے ایسے پیش آنا کہ وہ تیرے دین کی طرف رغبت کریں۔

خلیفہ دوم کے زمانے میں جب مسلمانوں اور رومیوں کی جنگ ہوئی تو اس جنگ میں بھی معاذ بن جبل نے شرکت کی۔

18ھ کو شام کے علاقے ''امواس'' میں طاعون کی وبا پھیلی۔ابو عبیدہ مسلمانوں کا حکمران تھا۔وہ بھی اس مرض میں مبتلا ہوا۔ جب اسے یقین ہو گیا کہ اس کی حالت خطرے میں ہے تو اس نے اپنے بعد معاذ بن جبل کو حکمران قرار دیا۔

جب سپاہیوں نے اس سے عرض کی کہ آپؓ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس وبا کو دور کرے انہوں نے کہا کہ یہ پریشانی نہیں ہے بلکہ یہ پیغمبر اکرم کی دعا ہے کہ وبا میں نیک و صالحین افراد کی موت شہادت ہوتی ہے۔بعد میں انہوں نے بارگاہِ اقدس میں عرض کی کہ پروردگار! یہ طاعون کی رحمت میرے اہل خانہ پر بھی نازل کر۔

کچھ عرصہ کے بعد اس کے اہل خانہ بیمار ہو گئے اور ان میں سے اکثر کی وفات بھی اسی طاعون سے ہوئی۔

---

[1] شہید۔ نمائی تاریخ ص 32۔ محجۃ البیضاء 43/3

طاعون کے مرض نے ان کی ایک انگلی پر بھی اثر کیا تھا۔ وہ اس انگلی کو دانتوں میں چباتے تھے اور کہتے تھے پروردگار یہ تو بہت کم ہے اس میں اور برکت ڈال۔

آخرکار 39 برس کی عمر میں ان کی وفات ہوئی اور وہ اردن کی سرزمین میں مدفون ہوئے۔ [1]

3. تسلیم کا سبق کبوتروں سے سیکھنا چاہئے

بیان کیا جاتا ہے کہ ایک خاتون کا ایک ہی بیٹا تھا جو کہ اپنی ماں کو بے حد پیارا تھا۔ قضائے الٰہی سے اس ماں کا جوان بیٹا وفات پا گیا۔ جس کی موت کی وجہ سے وہ ماں شدید صدمہ سے دوچار ہوئی۔ صبر وسکون اس کے ہاتھوں سے جاتا رہا۔ اس قبیلے کے کچھ افراد پیغمبر اکرمؐ کے پاس گئے اور پیغمبر اکرم سے درخواست کی کہ وہ اس ماں کے صبر کے لئے دعا کریں۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس ماں کے پاس گئے اور دیکھا کہ وہ صبر سے آزاد ہو چکی تھی۔ آپ نے اس کے گھر میں اچھی طرح سے نگاہ کی اور آپؐ نے دیکھا کہ اس کے گھر میں موجود درخت پر کبوتروں کا گھونسلہ تھا۔ آپؐ نے اس عورت سے فرمایا: ''اے مادر! یہ کبوتروں کا گھونسلہ ہے کیا اس میں کبوتر موجود ہوتے ہیں؟

اس عورت نے عرض کیا: ''جی ہاں!''

پھر کہا کہ کیا کبوتر یہاں بچے بھی دیتے ہیں؟

اس عورت نے کہا: ''جی ہاں''

آپؐ نے اس سے پوچھا: ''کیا جو بچے پیدا ہوتے ہیں سب کے سب پرواز کر جاتے ہیں؟

اس عورت نے جواب دیا: ''نہیں اُن میں سے کچھ بچے تو اڑ جاتے ہیں اور کچھ کو ہم پکڑ کر ذبح کرتے ہیں اور ان کا گوشت کھاتے ہیں۔''

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''جب تم ان کے بچے ذبح کرتے ہو تو کیا وہ یہ آشیانہ چھوڑ کر کہیں اور چلے جاتے ہیں؟

عورت نے جواب دیا: ''نہیں، یا رسول اللہؐ!''

تو پھر آپ نے فرمایا: ''اے خاتون اس اللہ سے ڈر کہیں تیرا مقام ان کبوتروں سے پست تر نہ ہو جائے۔ یہ کبوتر جن کے تم بچے ذبح کرتے ہو۔ انہوں نے تو تیرا گھر نہیں چھوڑا اگر اللہ تعالیٰ نے تیرا ایک بیٹا لے لیا ہے تو تو اس پر ناراض ہو گئی ہے۔ اور صبر کا دامن ہاتھ سے چھوڑ دیا ہے۔ اور ناشائستہ باتیں کرنے لگ گئی۔''

---

[1] پیغمبر و یاران 264-295۔ طبقات ابن سعد 122/3

جیسے ہی عورت نے یہ باتیں سنیں تو اسے اپنی حالت پر ترس آیا اور پھر اس نے صبر سے کام لیا۔ [1]

4. سر بھی تسلیم محبت سے ہلایا نہ گیا

احنف بن قیس کہتے ہیں کہ میں نے ایک دن اپنے چچا حضرت صعصعہ بن صوحان کے پاس اپنے حالات کی شکایت کی تو انہوں نے مجھے سرزنش کی اور کہا: "بھتیجے! جب تم کسی تکلیف کی کسی کے پاس شکایت کرو گے تو وہ دو حال سے خالی نہ ہوگی۔"

1. جس سے شکایت کرو گے وہ تمہارا دوست ہوگا تو وہ تمہاری تکلیف سن کر افسردہ اور پریشان ہو جائے گا۔
2. یا جس سے شکایت کرو گے وہ تمہارا دشمن ہوگا اور وہ تمہاری تکلیف سن کر الٹا خوش ہوگا۔

مخلوق کے سامنے اپنی تکلیف کی شکایت مت کرو۔ کیونکہ وہ تمہاری تکلیف دور کرنے کی طاقت نہیں رکھتے، اپنی مصیبت اور درد کی شکایت کرنی ہے تو اس کے سامنے کرو جس نے تمہیں اس میں مبتلا کیا ہے اور جو تمہاری تکلیف دور کرنے کی قدرت بھی رکھتا ہے پیارے بھتیجے! میری ایک آنکھ چالیس سال سے ناکارہ ہے مجھے اس سے کچھ دکھائی نہیں دیتا لیکن میں نے اس کے متعلق کسی کو آج تک خبر نہیں دی۔ حتیٰ کہ میری بیوی کو بھی اس کا علم نہیں ہے۔ [2]

5. رسول اکرم کے فیصلے کے آگے سرِ تسلیم خم کر دینا چاہیے

"زبیر ابن عوام" کا نخلستان ایک انصاری کے نخلستان سے منسلک تھا۔ "زبیر ابن عوام" رسولِ خدا کے پھوپھی زاد تھے۔ نخلستان کی آبپاشی کے مسئلہ پر دونوں میں جھگڑا ہو گیا۔ یہ دونوں اپنے جھگڑے کا فیصلہ کرانے کے لئے رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

زبیر کا نخلستان تھوڑا بلند حصے پر تھا اور انصاری کا نخلستان تھوڑا پست حصے پر تھا۔ اور پانی لگانے کا اصول یہ ہوتا ہے کہ پہلے بلند حصے کو سیراب کیا جاتا ہے اور بعد میں پست حصے کو سیراب کیا جاتا۔

اسی اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ فیصلہ دیا کہ پہلے زبیر بن عوام کے نخلستان کو سیراب ہونا چاہئے اور بعد میں انصاری کے نخلستان کو سیراب ہونا چاہئے۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فیصلہ اگرچہ عدل وانصاف کے عین مطابق تھا لیکن انصاری کو یہ فیصلہ پسند نہیں آیا۔ اور اس نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا کہ آپ نے یہ فیصلہ زبیر کے حق میں اس لئے کیا کہ زبیر آپ کا رشتہ دار ہے۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس کی اس تنقید سے سخت اذیت ہوئی اور آپ کا چہرہ متغیر ہو گیا۔ اس دوران اللہ تعالیٰ نے

---

[1] نمونہ معارف 2-761

[2] چند تاریخ 188/5۔ الکنی والالقاب۔ ج 2 ص 13

یہ آیت نازل فرمائی۔ ”تیرے پروردگار کی قسم! اس وقت تک کوئی بھی شخص مومن نہیں ہوسکتا جب تک اپنے معاملات کا فیصلہ آپؐ سے نہ کرائے۔ اور اگر آپؐ کوئی فیصلہ کر بھی دیں تو اپنے دلوں میں ناراضگی اور تنگی محسوس نہ کرے۔ اور مکمل طور پر آپکے فیصلے پر سر تسلیم خم کردیں۔“ (سورۃ النساء آیت 65) یہ آیت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ رہبر اسلامی کے آگے سر جھکا دینا چاہئے اور اس کے تمام فیصلوں کو دل وجان سے قبول کرنا چاہئے۔ [1]

[1] داستانہا و پندھا 102/ 9۔ مجمع البیان 69/ 3

باب نمبر 24

تفکر

ارشاد خداوند کریم ہے:۔

اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۗ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۔

"کیا انہوں نے اپنے (دل کے) اندر یہ غور و فکر نہیں کیا کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے کہ بر حق اور معینہ مدت کے لیے خلق کیا ہے؟" [1]

امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کا فرمان ہے۔

"التفکر یدعوا الی البر والعمل بہ۔

"تفکر انسان کو نیکی اور اس پر عمل کرنے کی دعوت دیتا ہے۔" [2]

مختصر تشریح

اپنے اور اہل عالم کے احوال پر فکر کرنا ایک ایسا آئینہ ہے جس سے انسان تمام خوبیوں کو دیکھ سکتا ہے اسی ہی سے اپنے گناہوں کو دیکھ کر ان گناہوں کا کفارہ کر سکتا ہے۔ فکر کرنے سے دل منور ہوتا ہے اور اس کے ذریعے سے معاد کی اصلاح ہوتی ہے۔ اور انسان اپنے امور کے انجام کی طرف متوجہ ہوتا ہے جس کی وجہ سے اس کے اعمال میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

تفکر ایک ایسی خصلت ہے اس جیسی عبادت کوئی اور نہیں ہے رسول اکرم کا فرمان ہے کہ ایک گھنٹے کے لئے تفکر کرنا ایک سال کی عبادت سے افضل ہے۔

تفکر کے مقام پر صرف وہی شخص پہنچ سکتا ہے جس کے قلب پر خدا نے نگاہ کی ہو اور جس کے دل کو حق معرفت سے منور کیا

---

[1] سورۂ روم آیت 8

[2] جامع السعادت 166/1

ہو۔ اور چشمِ عبرت سے دنیا کو دیکھتا ہو اور حق سے غافل نہ ہوتا ہو۔ [1]

1. ربیعہ

"ربیعہ بن کعب" فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: "ربیعہ تم نے مسلسل سات سال تک میری خدمت کی ہے کوئی حاجت مجھ سے طلب نہیں کرو گے تا کہ میں تمہاری وہ حاجت پوری کروں؟"

میں نے عرض کیا: "یارسول اللہ! آپ مجھے مہلت دیں تا کہ میں اس مسئلہ پر کچھ غور وفکر کرسکوں۔

دوسرے دن میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا: "ربیعہ اپنی حاجت بیان کرو۔"

میں نے عرض کیا: "مولا! بس میری یہی حاجت ہے کہ آپ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مجھے آپ کے ساتھ داخلِ بہشت کرے۔"

جب پیغمبر اکرمؐ نے میری یہ خواہش سنی تو کہنے لگے کہ تجھے یہ سوال کس نے تعلیم دیا ہے؟

میں نے عرض کیا: "کسی نے مجھے یہ سوال تعلیم نہیں کیا لیکن میں نے خود اپنے دل میں غور وفکر کیا اگر میں نے رسول پاک سے دولت مانگی تو وہ مجھے عنایت کردیں گے لیکن دولت زوال پذیر ہوتی ہے۔ اگر میں نے رسول پاک سے طویل عمر اور زیادہ اولاد کی درخواست کی تو وہ بھی مجھے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے لبی عمر اور اولاد بھی دلا دیں گے لیکن نتیجہ کیا ہوگا آخر کار مجھ پر بھی موت آجائے گی اور میری اولاد بھی اس فانی جہان میں نہیں رہے گی میں نے ساری رات سوچا کہ مجھے آپ سے کیا مانگنا چاہئے۔ اس کے بعد پیغمبر اکرم نے ایک گھڑی کے لئے اپنے سر کو نیچے جھکایا اور سوچتے رہے۔ اس کے بعد سر اٹھا کر فرمایا: "میں خداوند تعالیٰ سے تیرے لئے یہی دعا کیا کروں گا لیکن تو زیادہ سجدہ کر کے میری اعانت کرنا۔" [2]

2. عمل سے پہلے سوچ بچار

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ میں ایک صحابی آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا: "یارسول اللہ! میں نے کوئی بھی لین دین کیا یا کوئی چیز کسی سے فروخت کی ہے یا کوئی چیز خریدی ہے تو مجھے اس میں گھاٹا ہی آیا ہے۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "آخر تجھے نقصان کیوں آتا ہے۔ تم غور وفکر نہیں کرتے۔ آئندہ ایسا کرنا جس سے خرید وفروخت کرنا۔ تین دن تک کے لئے حق فسخ کا اختیار اپنے پاس محفوظ رکھنا۔ اور کہنا کہ اگر یہ معاملہ درست ہوا تو بحال رکھوں گا اور اگر معاملہ درست نہ رہا تو معاملہ فسخ کردوں گا۔

پھر آپ نے فرمایا کہ غور وفکر کرنے کی عادت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے اور جلد بازی شیطان کی طرف سے

---

[1] تذکرۃ الحقائق ص 29

[2] خزینۃ الجواہر ص 345۔ دعوات راوندی

ہوتی ہے۔ دیکھو اگر تم نے غور و فکر کرنے کے عمل کو سیکھنا ہو تو کتے سے سیکھو۔ جب تم کتے کے سامنے کوئی غذا رکھتے ہو تو وہ یکدم اسے کھانا شروع نہیں کرتا۔ وہ اسے پہلے چکھتا ہے یعنی خوب اور ناخوب میں فرق کرتا ہے۔ اگر وہ غذا اس کے موافق ہو تو کھا لیتا ہے۔ اگر موافق نہ ہو تو نہیں کھاتا۔ اور فرمایا تو تو صاحب عقل و خرد ہے تو کتے سے تو کمتر نہیں ہے۔ لہٰذا کوئی بھی کام شروع کرنے سے پہلے غور و فکر کرنا چاہیے۔ [1]

3. تفکر کی اقسام

حضرت مقداد حضرت علی علیہ السلام کے باوفا صحابی تھے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میں ابو ہریرہ کے پاس گیا وہ کہہ رہے تھے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ ایک گھڑی کے لئے غور و فکر کرنا ایک سال کی عبادت سے افضل ہے۔

اس کے بعد میں ابن عباس کے پاس آیا اور وہ کہہ رہے تھے کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "ایک گھڑی کے لیے غور و فکر کرنا سات سال کی عبادت کرنے سے افضل ہے۔" جب کہ میں نے ایک صحابی سے سنا وہ کہہ رہے تھے کہ رسول اکرمؐ نے فرمایا: "ایک گھڑی کے لئے غور و فکر کرنا ستر سال کی عبادت کرنے سے افضل ہے۔"

مجھے تعجب ہوا کہ یہ کیا ماجرا ہے ایک سال کہتا ہے، دوسرا سات سال کہتا ہے اور تیسرا ستر سال کہتا ہے۔ میں حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں پیش ہوا آپؐ نے کہا کہ ان تینوں نے سچ کہا ہے۔ پھر آپ نے معاملہ کو واضح کرنے کے لئے ان تینوں اشخاص کو بلایا میں بھی موجود تھا۔

پیغمبر اکرم ﷺ نے ابوہریرہ سے پوچھا: "تو کس طرح سے غور و فکر کرتا ہے؟" اس نے جواب دیا کہ میں اس طرح سے غور و فکر کرتا ہوں جیسا کہ قرآن نے کہا ہے" کہ صاحبان عقل تخلیق کائنات آسمانوں اور زمینوں کی تخلیقات پر غور و فکر کرتے ہیں۔" آل عمران 191 میں بھی زمین و آسمان کی تخلیق پر غور و فکر کرتا ہوں۔

تو پیغمبر اکرم ﷺ نے فرمایا: "ٹھیک ہے یہ ایک گھڑی کی سوچ و فکر ایک سال کی عبادت سے بہتر ہے۔"

پھر آپؐ نے ابن عباس سے پوچھا کہ تم کس طرح سے غور و فکر کرتے ہو؟

تو انہوں نے اس کے جواب میں کہا کہ موت اور روز محشر کی وحشت پر غور و فکر کیا کرتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا ٹھیک ہے۔ یہ ایک گھڑی کی سوچ و فکر سات سال کی عبادت سے بہتر ہے۔

پھر آپؐ نے تیسرے صحابی سے پوچھا کہ تم کس چیز پر غور و فکر کرتے ہو۔ تو اس نے جواب دیا کہ میں آتش دوزخ اور وحشت دوزخ اور اس کی سختیوں پر غور و فکر کرتا ہوں۔ تو پیغمبر اکرم ﷺ نے فرمایا: تو ٹھیک ہے یہ ایک گھڑی کا غور و فکر ستر سال کی عبادت سے بہتر ہے۔

---

[1] روضہ الکافی ص195

اس ترتیب سے رسول خدا نے تفکر کے مختلف انواع اور تفکر کی جزا مقرر کی ہے۔[1]

4. فکر ریاست

شیخ سعدیؒ بیان کرتے ہیں کہ میرا ایک دوست جو مالی طور پر پریشان تھا میرے پاس آیا اور اپنے حالات کی شکایت کرنے لگا اور کہنے لگا کہ میں انتہائی تنگ دست ہوں اور چاہتا ہوں کہ اپنی آبرو کی حفاظت کے لئے کسی دوسرے شہر میں ہجرت کر جاؤں۔ تاکہ وہاں مجھے کوئی پہچان نہ سکے۔ اور بعد میں وہ دوست کہنے لگا کہ آپ کے کافی لوگوں سے رابطے ہیں اور میں علم حساب کا اچھا خاصا ماہر ہوں اور میں آپ کے پاس آیا ہوں آپ میرے لئے حکومتی اداروں میں سفارش کریں تاکہ وہ مجھے ملازمت پر رکھ لیں اور میں زندگی آرام سے گزار سکوں۔

اور آپ کا انتہائی شکر گزار رہوں گا۔

میں نے اس سے کہا کہ بھائی حساب کا ماہر ہونا بہت اچھی بات ہے۔ لیکن بادشاہ کے پاس جو بھی صاحب حساب ہوگا اس کا انجام ان دو میں سے ایک ہوگا۔

1. اس کے دل میں یہ لالچ ہوگی کہ بادشاہ اس کو زیادہ سے زیادہ مال عطا کرے۔
2. اس کے سر پر ہمیشہ خوف کی تلوار لٹکتی رہے گی۔

لہٰذا امید سے وابستگی کے لئے اپنے آپ کو خطرات کے سامنے نہ لاؤ۔ میرے دوست نے کہا کہ آپ نے جو گفتگو کی ہے وہ میرے حالات سے مناسبت نہیں رکھتی۔ اور آپ نے مجھے کوئی صحیح مشورہ بھی نہ دیا۔ تو میں نے اس سے کہا کہ میں سمجھا کہ تو دانشور ہے تقویٰ اور امانت تمہارا امتیاز ہے۔ جب کہ اگر تو حکومت کی ملازمت میں چلا گیا تو وہاں پر حاسد امیر ہوں گے اور ان کی یہ پوری کوشش ہوگی کہ تمہیں کوئی نہ کوئی نقصان ضرور پہنچائیں۔ لہٰذا میری مانو تو اپنی زندگی قناعت کے ساتھ بسر کرو اور اپنے دل سے حکومتی عہدے کا خیال نکال دو۔

لیکن میرا دوست میری ان باتوں سے ناراض ہوگیا اور کہنے لگا کہ یہ کیا تو نے عقل و تدبیر کی باتیں کہی ہیں۔ دوست پریشانی میں مبتلا ہیں تم ان کی مدد نہیں کرتے جبکہ دشمن نعمتوں کے دسترخوان پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ میں نے دیکھا کہ میرا دوست آزردہ خاطر ہوا۔ میں نے مجبور ہو کر اسے ایک وزیر کے پاس بھیجا۔ وہ وزیر میرا واقف کار تھا۔ اس نے میرا احترام کیا۔ اور میرے اس دوست کو ایک اس نے چھوٹی سی ملازمت دی۔

کچھ عرصے بعد میرے اس دوست نے خوش اخلاقی اور تدبیر کا مظاہرہ کیا جس کی وجہ سے اس کا منصب بلند ہوتا گیا۔

ایک مدت کے بعد ایام حج میں نے حج کے لئے مکہ سفر کیا۔ واپسی پر میں ابھی دو منزلیں دور تھا میں نے دیکھا کہ وہی

---

[1] داستانہا و پندہا 5/87۔ تفسیر روح البیان 80/440

شخص میرے پیچھے آ رہا تھا۔ جو انتہائی پریشان تھا اور غریبوں کی سی شکل بنائی ہوئی تھی۔ میں نے اس سے کہا کہ کیا وجہ ہے تمہاری یہ حالت کیوں ہو گئی؟

تو کہنے لگا کہ آپ نے سچ کہا تھا بادشاہ کے کچھ مصاحبین نے میرے ساتھ حسد کیا ہے۔ بادشاہ نے مجھ سے عہدہ چھین کر میری تمام دولت بھی چھین لی ہے اور حد یہ ہے کہ بادشاہ نے مجھے میراث میں ملنے والی دولت تک بھی بحق سرکار ضبط کر لی۔ سعدی کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ میں نے تو تجھے نصیحت کی تھی لیکن تم نہیں مانے کیونکہ بادشاہ کے لئے کام کرنا سمندر میں سفر کرنے کے مترادف ہوتا ہے جو کہ خطرناک بھی ہوتا ہے۔ اور فائدہ مند بھی ہوتا ہے۔ اس میں آپ کو ہیرے و جواہرات مل سکتے ہیں اور آپ کی زندگی بھی جا سکتی ہے۔ [1]

5۔ ملک ''رے'' کی جاگیریں یا امامؑ کا قتل

یزید ملعون نے اپنے گورنر عبید اللہ ابن زیاد ملعون کو حکم دیا کہ اگر حسین ابن علی علیہ السلام بیعت نہ کریں تو اسے قتل کر دیا جائے۔ واقعہ کربلا سے پہلے عبید اللہ ابن زیاد نے عمر ابن سعد کو ریاستِ رے کی جاگیروں کا پروانہ دیا تھا۔ لیکن وہ ابھی گیا نہیں تھا۔

عبید اللہ ابن زیاد نے عمر ابن سعد کو خط لکھا کہ حضرت امام حسینؑ مدینہ سے عراق آ رہے ہیں۔ تمہیں ان کے ساتھ جنگ کرنی چاہئے۔ جب تم ان سے جنگ کر کے فارغ ہو جاؤ گے تو ''رے'' چلے جانا۔

عمر ابن سعد نے کہا کہ تم مجھے اس کام سے معاف کر دو۔ لیکن عبید اللہ ابن زیاد نے کہا کہ ٹھیک ہے تم انہیں قتل نہیں کر سکتے تو نہ کرو۔ لیکن ہم نے جو تجھے ملک ''رے'' کی جاگیریں دی ہیں تو وہ تم واپس کر دو۔

عمر ابن سعد پریشان ہو گیا۔ ایک طرف امام کا قتل ہے تو دوسری طرف سے سلطنتِ ''رے'' ہے۔ اس نے عبید اللہ ابن سعد کو کہا کہ آپ مجھے ایک رات کی مہلت دیں تا کہ میں سوچ کر آپ کو بتا سکوں۔

عبید اللہ ابن زیاد نے اسے مہلت دے دی۔ وہ ساری رات ملعون سوچتا رہا اور آخر یہ فیصلہ کیا کہ سلطنت ''رے'' نقد انعام ہے جب کہ جنت اور جہنم ادھار کا سودا ہے۔ جب صبح ہوئی تو وہ عبید اللہ ابن زیاد کے پاس گیا اور کہا کہ میں نے امامؑ سے جنگ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ عبید اللہ ابن زیاد نے اسے بہت بڑا لشکر دیا۔

امام علیہ السلام 2 محرم الحرام کو کربلا آئے اور 3 محرم کو عمر ابن سعد وہاں پہنچا جس کے پاس چار ہزار کا لشکر تھا۔

اور دس محرم الحرام کو عمر ابن سعد نے ملک ''رے'' کی جاگیر حاصل کرنے کے لئے امام حسینؑ کو ان کے بہتر (72) ساتھیوں سمیت پیاسا شہید کیا۔ [2]

---

[1] حکایاتِ گلستان ص 65

[2] منتھی الامال 333/1

باب نمبر 25

تحقیر

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّن قَوْمٍ [1]

کوئی گروہ دوسرے گروہ کا مذاق نہ اڑائے

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے۔

من حقر مومناً مسكيناً او غير مسكين لم يزل الله عزوجل حاقراً له ماقتاً۔

"جو شخص کسی مسکین یا غیر مسکین کی تحقیر کرے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کو ذلیل وخوار کرتا ہے اور اللہ اس سے دشمنی رکھتا ہے۔" [2]

مختصر تشریح

خود پسندی، کینہ اور حسد جیسے افعال تکبر کا سبب بنتے ہیں۔ کبھی کوئی سوچتا ہے کہ فلاں شخص مجھ جتنا پڑھا لکھا نہیں ہے اور کبھی کوئی شخص اس لئے تکبر کرتا ہے کہ فلاں شخص کے پاس مجھ جتنی دولت نہیں ہے اور کبھی کوئی شخص اس لئے کسی کی تحقیر کرتا ہے کہ دوسرا شخص اس سے حقیر پیشے سے وابستہ ہے۔

اللہ تعالیٰ کی مخلوقات کی مدد کرنی چاہئے اور سب کا احترام کرنا چاہئے۔ اور اپنی زبان سے کسی بھی شخص کو اذیت نہیں دینی چاہیے اور کسی کو بھی اپنے سے پست تصور نہیں کرنا چاہئے۔ تحقیر کی کوئی بھی صورت ہو وہ حرام ہے۔

اگر اس نے کسی شخص کی دل آزاری کی ہو تو اس کا ضرر تحقیر کرنے والے پر بھی ہوگا۔ بہتر یہی ہے کہ اللہ کی کمزور ترین مخلوقات پر بھی شفقت کی جائے۔

---

[1] سورۂ حجرات آیت 11

[2] جامع السعادات 215/2

1. مفضل ابن عمر

مفضل ابن عمر کوفہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی طرف سے کوفہ میں ان کی طرف سے وکیل مالیات تھے۔ ان کی دوستی چند کبوتر بازوں سے تھی جنہیں بظاہر دیندار نہیں سمجھا جاتا تھا۔

کچھ بزرگوں کو ان کا یہ رویہ پسند نہ آیا تو انہوں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں ایک خط بھیجا جس میں اس کے اس رویہ کا ذکر کیا اور سب نے اپنے دستخط بھی اس خط میں کئے۔

وہ خط امام علیہ السلام کے پاس پہنچا تو اس خط کے جواب میں امام علی السلام نے مفضل ابن عمر کے نام ایک اور خط بھیجا اتفاق سے جس وقت وہ خط مفضل ابن عمر کو ملا تو اس وقت وہ تمام شیعہ بزرگ بھی موجود تھے جنہوں نے امام کو اس کی شکایت کی تھی۔ مفضل نے خط پڑھ کران لوگوں کے حوالے کردیا۔ اس خط میں مفضل اور کبوتر بازوں کے متعلق تو کچھ تحریر نہ تھا۔ امامؑ نے ایک بڑی رقم کے لئے لکھا تھا کہ مجھے اتنی رقم کی ضرورت ہے بعض روایات میں ہے کہ وہ رقم ایک ہزار درہم سے لیکر دس ہزار درہم تھی۔

اب بات پیسوں کی تھی تو سب نے سر جھکادیے پھر سب نے کہا کہ پہلے ہمیں اتنی رقم اکٹھی کرنی ہے بعد میں سب نے معذرت کرلی کہ ہم اتنی بڑی رقم کا بندوبست نہیں کرسکتے۔

مفضل بڑا دانا تھا اس نے سب کو وہاں کھانے کی دعوت دی اور کھانا کھانے کے بغیر اس نے کسی کو جانے نہ دیا۔

اس نے اسی اثنا میں جب کھانا تیار ہو رہا تھا تو کسی کو بھیج کران کبوتر بازوں کو وہاں پر بلوالیا۔

تو مفضل نے ان کے سامنے امام جعفر صادق علیہ السلام کا خط پڑھا کہ امام علیہ السلام کو اتنی رقم کی ضرورت ہے تو کبوتر بازوں نے کوئی عذر نہیں تراشا۔ ابھی مہمان کھانا کھانے میں مصروف تھے تو وہ بہت بڑی رقم لے کر آئے۔ انہوں نے وہ رقم مفضل کے حوالے کی اور وہاں سے چلے گئے۔

اس وقت مفضل ابن عمر نے ان دستخط کرنے والوں کی طرف منہ کر کے کہا کہ آپ مجھ سے یہی چاہتے ہیں کہ میں ان جوانوں سے راہ ورسم ترک کردوں جبکہ ان کی اصلاح کے مواقع بہت زیادہ ہیں۔ جب دین پر کوئی وقت آتا ہے تو یہ دین کے لئے مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

آپ حضرات یہ سمجھتے ہیں کہ خدا نماز اور روزے کا محتاج ہے اور آپ مغرور ہو چکے ہیں۔ جب مالیات کی بات آئی تو آپ عذر تراشی میں لگ گئے اور امام کو جواب دینا تک گوارہ نہ سمجھا۔

جو مفضل کے اس رویہ سے نالاں تھے وہ لاجواب ہو گئے اور بعد میں کسی نے بھی مفضل کے اس رویہ کی شکایت نہ کی۔ [1]

---

[1] بامردم اینگونہ برخورد کنیم ص 78۔ منہج المقال استر آبادی ص 343

2. سیرتِ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ایک شخص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس کے جسم پر آبلے پڑے ہوئے تھے اور ان آبلوں سے پیپ جاری تھی۔ اس وقت آپ کھانے میں مصروف تھے۔ اس شخص نے بہت سے لوگوں کے پاس بیٹھنے کی کوشش کی لیکن سب نے اسے حقیر سمجھا جس شخص کے پاس بھی بیٹھتا تو وہ اٹھ کر چلا جاتا تھا۔ جب پیغمبر اکرمؐ نے اسے دیکھا تو آپ نے اسے اپنے قریب بٹھایا اور اس پر شفقت کی۔

ایک دن کا واقعہ ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے صحابہ کے پاس بیٹھ کر کھانا کھا رہے تھے کہ اتنا میں ایک شخص وارد ہوا۔ جو جذام کی بیماری میں مبتلا تھا۔ لوگ اس سے نفرت کرنے لگے۔ لیکن آپؐ نے اس شخص کو اپنے پہلو میں بٹھایا اور اسے کھانا کھانے کی دعوت دی۔

قریش میں سے ایک شخص جس نے اس کو انتہائی نفرت سے دیکھا تھا بعد میں وہ خود اس بیماری میں مبتلا ہوا اور دنیا سے رحلت کر گیا۔[1]

3. خوار سمجھنے کا نتیجہ

بنی اسرائیل میں ایک گناہگار شخص رہتا تھا اور لوگوں کو اس سے سخت نفرت تھی اور انہوں نے اسے اپنے شہر سے نکال دیا۔

ایک دن اس شخص نے راستے پر دیکھا کہ بنی اسرائیل کا ایک عابد گزر رہا ہے جس کے سر پر ایک کبوتر نے اپنے پروں سے سایہ کیا ہوا تھا۔

اس شخص نے اپنے آپ سے کہا کہ میں تو گناہگار ہوں اور وہ عبادت گزار ہے اگر کچھ لمحے میں اس عابد کے ساتھ بیٹھ جاؤں تو ممکن ہے اللہ تعالیٰ اس کی برکت کی وجہ سے مجھ پر بھی رحم کرے۔ دل میں سوچنے کے بعد وہ اس عابد کے پاس گیا۔

جب عابد نے اس شخص کو اپنے پاس بیٹھا ہوا دیکھا تو کہنے لگا یہ کیا ماجرا ہے میں اس قوم کا سب سے بڑا عابد ہوں یہ انتہائی فاسد ہے۔ اس کی یہ جرات کہ میرے پاس آ کر بیٹھ جائے۔ عابد نے اس شخص سے منہ موڑ لیا اور اس سے کہا کہ جناب آپ یہاں سے اٹھ کر چلے جائیں۔

اللہ تعالیٰ نے اس زمانے کے نبی کو وحی کی کہ دونوں افراد کے پاس جاؤ اور ان سے کہو کہ اپنے اعمال کا حساب بھی سن لو۔ اللہ فرما رہا ہے کہ میں نے اس گناہگار کے تمام گناہ معاف کر دیے ہیں۔ اور میں نے اس عابد کی تمام نیکیاں تکبر کی

[1] علم اخلاق اسلامی 435/1۔ جامع السعادات 357/1

وجہ سے ختم کردیں ہیں۔ [1]

4۔ چھوٹے قد والا اور بدصورت بیٹا

شیخ سعدی فرماتے ہیں کہ ایک بادشاہ کے کچھ بیٹے تھے جن میں سے ایک بیٹا پست قد بدصورت اور کمزور تھا جبکہ اس کے باقی بیٹے خوبصورت دراز قد اور تندرست وتوانا تھے۔ ایک دن بادشاہ نے اپنے اس بیٹے کو حقارت کی نظر سے دیکھا بیٹا بہت دانا تھا وہ سمجھ گیا کہ اس کا باپ اس کو حقارت آمیز نگاہوں سے دیکھ رہا ہے۔ اس نے اپنے باپ کی طرف منہ کر کے کہا: ''پست قد دانا دراز قد نادان سے بہتر ہوتا ہے۔ یہ ضروری نہیں ہے جس کا قد لمبا ہو اس کی قدر ومنزلت بھی زیادہ ہو۔ آپ خود دیکھ سکتے ہیں کہ بکری پاکیزہ ہے اور ہاتھی مردار ہوتا ہے۔

بادشاہ کو اپنے اس بیٹے کی حکمت آمیز باتیں پسند آئیں اور وہ مسکرانے لگا۔ وہاں پر جتنے بھی اعیان مملکت بیٹھے ہوئے تھے۔ وہ بھی خوش ہو کر مسکرانے لگے۔ لیکن اس کے دوسرے بھائیوں کو یہ بات پسند نہ آئی۔ اتفاق سے انہی دنوں ایک دشمن بادشاہ نے اس بادشاہ پر حملہ کیا۔ بادشاہ کے لشکر کی طرف سے جس نے سب سے پہلے مخالف لشکر کے قلب پر حملہ کیا وہ یہی پست قد اور بدصورت لڑکا تھا۔ اس نے اپنی شجاعت کا اظہار کیا اور مخالف لشکر کے کئی سالاروں کو خاک وخون مین غلطاں کر دیا اور پھر واپس اپنے باپ کے پاس آیا اور بڑے احترام سے کہا: ''ابا جان! کمزور گھوڑے میدان جنگ میں کام آتے ہیں۔'' پھر وہ دوبارہ میدان جنگ میں گیا۔ اور اسی اثنا میں اس کے باپ کے چند فوجی بھاگنے لگے تو اس نے کھڑے ہو کر نعرہ بلند کیا۔ مردوں کی طرح سے جنگ کرو اگر نہیں کر سکتے تو مردوں کے لباس اتار کر عورتوں کے لباس پہن لو۔

جیسے ہی بھاگتے ہوئے فوجیوں نے یہ نعرہ سنا تو ان کو اس سے قوت ملی اور وہ دشمن فوج پر غالب آ گئے۔

اس فتح کے بعد بادشاہ نے بیٹے کے چہرے کو چوما اور اس کے بعد اسے اپنا ولی عہد مقرر کر دیا۔ اس کے بھائی اس سے حسد کرنے لگے۔ اور ایک دن اس کے بھائیوں نے اس کے کھانے میں زہر ملا دی تا کہ وہ کھا کر مرجائے لیکن وہ جب زہر ملا رہے تھے تو اس کی ایک بہن دریچے کے ساتھ کھڑی دیکھ رہی تھی۔ جب اس پست قد اور بدصورت لڑکے کے سامنے کھانا رکھا گیا تو اس کی بہن نے زور زور سے اس دریچہ کو ہلا رہی تھی۔ وہ سمجھ گیا اور اس نے وہ زہر آلود کھانا نہ کھایا۔ جب اس واقعہ کی اطلاع بادشاہ کو ملی تو اس نے اپنے دوسرے بیٹوں کو اپنے ملک کے دور دراز حصوں میں بھیج دیا۔ [2]

---

[1] شنیدانی تاریخ۔ص 373۔ حجۃ البیضاء، 6/ 239

[2] حکایات ہای گلستان ص 43

5. جو تجھ سے زیادہ خراب ہو اسے میرے پاس لے آؤ

خداوند تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وحی فرمائی کہ اب کی بار جو مجھ سے مناجات کرنے کے لئے آؤ تو اپنے سے کسی کم تر کو اپنے ساتھ میرے پاس لے آنا۔

موسیٰ علیہ السلام نے ادھر ادھر دیکھا لیکن ان میں یہ جرات پیدا نہ ہوئی کہ میں کس سے کہوں کہ تم مجھ سے کم تر ہو اور میں تجھ سے بہتر ہوں۔ پھر موسیٰ علیہ السلام نے حیوانات پر نگاہ ڈالی اور چاہا کہ اس ایک بیمار کتے کو اپنے ساتھ لے جاؤں۔ اس کی گردن میں رسی ڈالی اور کچھ دیر کے بعد پشیمان ہوئے اور اس کتے کو بھی رہا کر دیا۔

بارگاہ خداوندی میں اکیلے آئے۔ آواز قدرت آئی میں نے تجھے حکم دیا تھا کہ تم اپنے ساتھ اپنے سے کم تر کو میرے پاس کیوں نہیں لائے؟

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: پروردگارا میں نے کسی کو اپنے سے کم تر نہیں پایا۔

آواز قدرت آئی: ''مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم، اگر تم کسی کو لاتے تو میں اس پست کو بلندی دیتا اور تیرا نام انبیاء کی فہرست سے خارج کر دیتا۔ [1]

[1] نمونہ معارف 676/2۔ لئالی الاخبار ص197۔

باب نمبر 26

تکبر

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہے:

فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝

لیکن جو آخرت پر ایمان نہیں لاتے ان کے دل (قبول حق کے لئے) منکر ہیں اور وہ تکبر کر رہے ہیں۔ [1]

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے۔

"لایدخل الجنہ من کان فی قلبہ مثقال حبۃ خردل من کبر۔"

وہ شخص جنت میں کبھی بھی داخل نہیں ہوگا جس کے دل میں رائی برابر تکبر ہوگا۔ [2]

مختصر تشریح

متکبر شخص اپنے آپ کو دوسروں سے بلند وبالا تصور کرتا ہے۔ اور وہ تخیلاتی دلائل کی وجہ سے اپنے آپ کو دوسروں سے اعلی وارفع سمجھتا ہے۔ یہی کام تو ابلیس نے کیا تھا۔ جب اسے سجدہ آدم کا حکم ملا تھا تو اس نے سجدہ کرنے سے انکار کر دیا اور کہا کہ آدم مٹی سے بنا ہوا ہے اور میں آگ سے بنا ہوا ہوں۔ کائنات میں جو سب سے پہلا گناہ صادر ہوا وہ تکبر کا تھا اور تکبر کرنے والا پہلا شخص ابلیس تھا۔

اس سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ تکبر ایک انتہائی بری صفت ہے۔ متکبر شخص دوسرے انسانوں کو حقیر سمجھتا ہے۔ اور وہ یہ توقع رکھتا ہے۔ کہ دوسرے آکر اسے سلام کریں۔ دوسرے اس کی عزت واحترام کریں اور ہمیشہ اپنے آپ کو بزرگ و برتر سمجھتا ہے۔

خود پسندی اور تکبر میں فرق ہے۔ خود پسندی کرنے والا شخص خود پسندی کو اپنی ذات تک محدود رکھتا ہے جبکہ متکبر انسان اپنے تکبر کو دوسروں تک لے جاتا ہے۔ اپنے آپ سے دوسروں کو حقیر سمجھتا ہے۔ اور اپنے آپ کو دوسروں سے بزرگ و برتر سمجھتا ہے۔ تکبر کی بیماری خود پسندی کی بیماری سے زیادہ سخت ہے۔ [3]

---

[1] سورہ نحل آیت/22

[2] جامع السعادات 346/1

[3] احیاء القلوب ص۔ ۷۲

1. ابوجہل کا تکبر

جنگ بدر میں ایک مجاہد عمرو بن جموع نے ابوجہل پر حملہ کیا۔ عمرو بن جموع نے ابوجہل کی ران پر تلوار سے وار کیا اور ابوجہل نے اس کے بازوں پر تلوار سے وار کیا جس سے صحابی کا بازو کٹ گیا۔ مگر تھوڑی سی کھال جڑی ہونے کی وجہ سے ان کا بازو لٹکنے لگا۔

عبداللہ بن مسعود دوڑ کر آئے اس وقت ابوجہل خون میں لت پت تھا۔

عبداللہ نے ابوجہل کو گرا کر اس کے سینہ پر قدم رکھا اور کہا کہ: ''اللہ کا شکر ہے جس نے تجھے رسوا کیا۔''

ابوجہل نے کہا: ''تو غلط کہتا ہے خدا نے مجھے رسوا کیا ہے، بتاؤ آج حکومت کس کی ہے؟''

عبداللہ ابن مسعود نے کہا: ''آج اللہ اور اس کے رسول کی حکومت ہے۔''

ابوجہل نے کہا: ''ہائے میری بد نصیبی کہ ایک چرواہا میرا قاتل بن رہا ہے کاش آج ابوطالب کا بیٹا مجھے قتل کرتا تو میرے لئے اعزاز ہوتا۔''

پھر اس نے عبداللہ بن مسعود سے کہا: ''میرے سینہ سے اتر جا کیونکہ تو نے ایک بلند و بالا مقام پر قدم رکھا ہے۔''

عبداللہ ابن مسعود نے کہا: ''لعین! تیار ہو جا میں تجھے قتل کرتا ہوں۔''

یہ سن کر ابوجہل نے کہا: ''اچھا اگر یہی مقدر ہے تو پھر میری گردن کندھوں سے جدا کرنا تاکہ جب محمدؐ کے سامنے ہماری برادری کے باقی سر جائیں اور میرا بھی سر جائے تو چونکہ بالآخر میں سردار ہوں، لہٰذا میری گردن لمبی ہونا چاہئے۔ اور میں مقتولین میں بھی ممتاز نظر آؤں۔''

حضرت عبداللہ ابن مسعود نے کہا: ''ملعون! اس وقت بھی تیرے ذہن سے تکبر ختم نہیں ہوا۔ میں تیری گردن کو تیرے منہ کے پاس سے کاٹوں گا تاکہ تمام مقتولین کے سروں کی بہ نسبت تیرا سر چھوٹا نظر آئے۔''

پھر عبداللہ ابن مسعود نے اسے قتل کر دیا اور اس کا سر کاٹ کر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا۔

نبی کریمؐ نے اس بدترین دشمن اسلام کے سر کو دیکھ کر سجدہ شکر ادا کیا۔ [1]

2. ولید بن مغیرہ

جب رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم مبعوث بہ رسالت ہوئے تو آپ تین سال تک ایک خفیہ جگہ بیٹھ کر تبلیغ دین کیا کرتے تھے۔ اس عرصہ میں تھوڑے سے آدمی مشرف بہ اسلام ہوئے تھے۔ اور بعد میں وحی نازل ہوئی کہ آپ کھل کر دین کی تبلیغ کریں۔ وہ لوگ جو آپ کو اذیت دیتے ہیں ہم اذیت دینے والوں کو آپ سے دور کریں گے۔

---

[1] پیغمبر و یاران 206/4۔ طبقات ابن سعد 106/3

ان اذیت دینے والے اشخاص میں ایک شخص کا نام ولید بن مغیرہ تھا۔ایک دن جبرائیل امین آنحضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اسی اثنا میں ولید بن مغیرہ وہاں سے گزرا۔ جبرائیل نے کہا: "یارسول اللہ! یہ ولید آپ کو اذیت دینے والوں میں سے ہے۔"

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جواب دیا: "جی ہاں۔"

جبرائیل امین نے اس کے پاؤں کی طرف اشارہ کیا۔

ولید بھی تھوڑی دور گیا راستے میں بنی خزاعہ کا ایک شخص تیر تراشنے میں مصروف تھا۔اس کا پاؤں تیر کے ایک حصے سے جا کر لگا اور اس کی ایڑھی میں کچھ ریزے پیوست ہو گئے اور پاؤں سے خون جاری ہونے لگا۔

لیکن وہ تکبر میں اتنا محو تھا کہ اس نے خم ہو کر ان ریزوں کو نکالنا گوارا نہ کیا۔ وہ گھر گیا اور وہاں جا کر بستر پر لیٹ گیا۔ اور اس کے بستر کے نیچے اس کی بیٹی بستر پر سوئی ہوئی تھی۔ اس کے پاؤں سے اتنا خون بہا کر اس کی بیٹی کا بستر اس کے خون سے تر ہو گیا بیٹی بیدار ہو گئی اور اس نے کنیز کو کہا کہ تو نے پانی کی مشک کو اچھی طرح سے کیوں نہیں باندھا۔ سارا بستر گیلا ہو گیا ہے۔ تو اس وقت ولید نے اپنی بیٹی سے کہا کہ بیٹی یہ پانی نہیں ہے بلکہ یہ تیرے باپ کا خون ہے۔ بعد میں اس نے کچھ وصیتیں کی اور تھوڑی دیر بعد واصلِ جہنم ہو گیا۔ [1]

3. تنگ دستی بہتر ہے یا مغرور کن دولت؟

ایک دولت مند شخص صاف ستھرے کپڑے پہن کر رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اتنے میں ایک غریب صحابی پھٹے پرانے کپڑے پہن کر حضور کی خدمت میں آیا اور اس دولت مند شخص کے قریب بیٹھ گیا۔ دولت مند شخص نے اپنے کپڑے سمیٹ لئے یہ دیکھ کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دولت مند سے فرمایا: "اسے دیکھ کر تم نے جو اپنے کپڑے سمیٹے ہیں تو کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ اس غریب کی غربت تم کو چمٹ جائے گی؟" اس نے کہا نہیں

تو آپ نے فرمایا: "تو کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ تمہاری دولت اس کے پاس چلی جائے گی؟"

اس نے کہا: "نہیں"

پھر آپ نے فرمایا: "جب ان دونوں میں سے ایک بھی بات نہیں تو پھر تم نے اسے دیکھ کر اپنے کپڑے کیوں سمیٹے؟"

اس نے کہا: یارسول اللہ! دراصل میرا نفس امارہ برائی کو میرے لئے زینت بنا کر پیش کرتا ہے اور نیکی کو معیوب بنا کر اس سے نفرت دلاتا ہے۔"

پھر اس دولت مند شخص نے کہا: "یارسول اللہ! مجھ سے غلطی سرزد ہو گئی ہے میں اس کی تلافی کے لئے اس غریب کو اپنی آدھی دولت دیتا ہوں غریب نے کہا: "مجھے منظور نہیں ہے۔"

---

[1] منتہی الآمال 36/1

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''کیا وجہ تم اس کی دولت قبول نہیں کرتے؟''

غریب نے کہا: ''یا رسول اللہ! اگر میں نے اس کی دولت قبول کرلی تو میں بھی اس کی طرح مغرور بن جاؤں گا۔''[1]

4. سلیمان بن عبدالمالک

سلیمان بن عبدالمالک بنی اُمیہ کا بڑا صاحب جبروت بادشاہ گزرا ہے۔ ایک دفعہ اس نے جمعہ کے دن نیا لباس پہنا۔ اپنے آپ کو معطر کیا اور اپنے عماموں کا صندوق منگوایا۔ ایک عمامہ کو دیکھتا پھر ناپسند کر کے اسے رکھ دیتا ہے۔ پھر دوسرا عمامہ دیکھتا اور اسے بھی شایانِ شان نہ سمجھتے ہوئے رکھ دیتا، آخر سینکڑوں عماموں میں سے اس نے ایک دستار پسند کی اور اسے سر پر باندھا۔

غرض یہ کہ پوری طرح سج دھج کر بڑے کروفر سے منبر پر آیا اور دورانِ خطبہ اس نے کہا: ''میں نوجوان بادشاہ ہوں اور ہیبت والا سردار ہوں اور میں سخی اور بے حد بخشنے والا ہوں۔''

اس کے بعد اس نے خطبہ ختم کیا اور اپنے محل میں واپس آ گیا۔ محل میں اسے ایک کنیز نظر آئی تو اس نے کہا کہ: بتاؤ ہم کیسے لگ رہے ہیں؟''

کنیز نے کہا: ''اگر شاعر کا شعر نہ ہوتا تو آپ لاجواب تھے۔''

سلیمان بن عبدالمالک نے پوچھا: ''کونسا شعر؟''

کنیز نے یہ شعر پڑھا:

انت نعم المتاع لو کنت تبقی
غیران لابقاء للانسان

''اگر تو باقی رہنے والا ہوتا تو تو اچھی جنس اور اچھا سرمایا ہوتا۔ مگر افسوس کہ انسان کو بقا میسر نہیں ہے۔''

کنیز کی زبانی یہ شعر سن کر سلیمان رونے لگا اور دن بھر روتا رہا۔ شام کے وقت سلیمان نے کہا کہ فلاں کنیز کو ہمارے سامنے لایا جائے۔ وہ کنیز حاضر ہوئی تو سلیمان نے کہا: ''تو نے یہ شعر کیوں پڑھا؟''

کنیز نے بتایا کہ آج پورا دن میں نے آپ کو دیکھا تک نہیں، میں یہ شعر کیسے پڑھ سکتی ہوں؟ دوسری کنیزوں نے بھی اس کے بیان کی تصدیق کی۔''

سلیمان نے گھر میں موجود تمام کنیزوں کو بلایا سب نے شعر سنانے سے انکار کر دیا۔

سلیمان سمجھ گیا یہ دراصل ایک غیبی اشارہ تھا۔

---

[1] راہنمائی سعادت 161/1۔ اصول کافی ج 2۔ باب فضل فقراء المسلمین

اس واقعہ کے چند روز بعد سلیمان مر گیا۔ اس کی بادشاہت اسے موت سے نہ بچا سکی۔ [1]

5. خسرو پرویز کی تکبر کی وجہ سے ہلاکت

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جن سلاطین وامراء کو دعوت اسلام کے خطوط بھیجے تھے۔ ان میں خسرو پرویز بھی شامل تھا۔ خسرو پرویز ان دنوں ایران کا بادشاہ تھا۔ عبداللہ بن حذافہ رحمۃ اللعالمین کا خط لیکر اس کے پاس گئے۔

خسرو پرویز نے مترجم کو بلا کر خط کا ترجمہ کرایا تو خط کا سرنامہ کچھ یوں تھا: ''**من محمد رسول اللہ الی کسری عظیم فارس**'' محمد رسول اللہ کی طرف سے فارس کے بادشاہ کسریٰ کی طرف۔ سرنامہ دیکھ کر اسے سخت غصہ آیا کہ رسول خدا نے اپنا نام میرے نام سے پہلے کیوں تحریر کیا۔ چنانچہ اس نے رسول خدا کا خط پھاڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور قاصد کو کوئی جواب نہ دیا۔

جب قاصد نے واپس آ کر حضور اکرمؐ کو اس کے نازیبا طرز عمل کی خبر دی تو آپؐ نے فرمایا: ''اللھم فرق ملکہ'' خدایا جس طرح سے اس نے میرے خط کے ٹکڑے کئے اسی طرح تو اس کے ملک کے ٹکڑے کر دے۔''

خسرو پرویز نے یمن کے گورنر باذان کو خط لکھا کہ عرب میں محمد نامی ایک شخص نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے۔ دو طاقت ور آدمی بھیج کر اسے گرفتار کر کے ہمارے پاس روانہ کرو۔

باذان نے بابویہ اور فرخسر نامی دو آدمیوں کو گرفتاری کے لئے مدینہ بھیجا۔ دونوں افراد مدینہ آئے تو انہوں نے اپنے بازؤں پر سونے کے کنگن پہنے ہوئے تھے اور زرین کمر بند کے ساتھ اپنے آپ کو مزین کیا ہوا تھا۔ اور داڑھی مونڈی ہوئی تھی اور مونچھیں رکھی ہوئی تھیں۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی شکلیں دیکھ کر نفرت کا اظہار کیا۔ آپؐ نے فرمایا: ''اچھا آج رات تم ہمارے ہاں آرام کرو۔ ہم تمہیں اس کا جواب دیں گے۔''

جب وہ دوسری صبح کو آپؐ کے پاس آئے تو آپؐ نے فرمایا: ''تم باذان سے جا کر کہنا کہ کل رات (10 جمادی الاول منگل کی رات 7ھ) سات بجے میرے پروردگار نے کسریٰ کو اس کے بیٹے شیرویہ کے ذریعہ قتل کرا دیا ہے۔ اور ہم عنقریب ان کے ملک کو فتح کریں گے اور اگر تو اپنے عہدے پر قائم رہنا چاہتا ہے تو ایمان لے آ۔'' [2]

---

[1] چند تاریخ 37/3

[2] داستانہا دپندھا 126/2 ۔ روضۃ الصفاء

باب نمبر 27

تواضع

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہے۔

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا

اور رحمن کے بندے وہ ہیں جو زمین پر (فروتنی) سے دبے پاؤں چلتے ہیں۔ [1]

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"ما تواضع احد لله الا رفعه الله"

''جو شخص بھی خدا کے لئے تواضع کرے گا تو خدا اس کا رتبہ بلند کرے گا۔'' [2]

مختصر تشریح

ہر شرافت کی بنیاد تواضع ہے۔ خدا کی عظمت، جلال کے سامنے تواضع کرنے والا شخص متواضع کہلاتا ہے اور وہ خدا کی عبادت کو اچھے طریقے سے سرانجام دیتا ہے۔ تواضع کی حیثیت کو مقربین بہتر جانتے ہیں وہ اپنی اس صفت سے وحدانیت حق کے ساتھ متصل ہو جاتے ہیں۔ خشوع، خضوع اور خوف تواضع ہی کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔

اہل تواضع کو خدا نے ایسے چہرے عطا کئے ہیں کہ آسمان اور زمین کے فرشتے انہیں اچھی طرح سے پہچانتے ہیں۔

وہ لوگ اپنے چلنے سے، اپنے اجتماعی معاملات اور خاندانی معاملات کو بخوبی جانتے ہیں اور ایسے لوگ ہر قسم کے تکبر سے آزاد ہوتے ہیں۔ [3]

1. حضرت سلمان فارسی کی تواضع

حضرت سلمان فارسی کچھ عرصے تک شام کے ایک شہر کے حکمران رہے تھے۔ حکمرانی سے پہلے اور حکمرانی کے بعد کسی

---

[1] سورہ الفرقان آیت 63

[2] جامع السعادات 359/1

[3] تذکرۃ الحقائق ص 55

نے آپ کے رویہ میں فرق محسوس نہ کیا۔ آپ ہمیشہ موٹے کپڑے پہنتے تھے، پیدل سفر کرتے تھے اور اپنے گھر کے سامان کو خود ہی اٹھایا کرتے تھے۔

ایک دن آپ بازار سے گزر رہے تھے آپ نے بازار میں دیکھا کہ ایک شخص کچھ سامان لے کر اس انتظار میں کھڑا تھا کہ کوئی شخص آئے اور اس کے سامان کو اٹھا کر اس کے گھر پر لے جائے۔ وہ شخص حضرت سلمان کو نہیں جانتا تھا۔ جب آپ وہاں پہنچے تو آپ نے اس شخص کا سامان بغیر کسی اجرت کے اس کے گھر پہنچانے کا وعدہ کیا تھا۔

اس شخص نے اپنا سامان سلمانؓ کی پشت پر لادا اور حضرت سلمانؓ اس کا سامان اٹھا کر چلے۔

راستے میں ایک شخص ملا جو حضرت سلمانؓ کو جانتا تھا اس نے جیسے ہی حضرت سلمان کو دیکھا تو کہا: ''امیر میرا آپ پر سلام ہو اور آپ یہ سامان لے کر کہا جا رہے ہو؟'' حضرت سلمان نے اس شخص کو سلام کا جواب دیا۔ تو وہ سامان والا شخص جان گیا کہ میں نے جس شخص پر اپنا سامان لادا ہوا ہے وہ امیر شہر حضرت سلمان فارسی ہیں۔

پھر وہ شخص آپ کے پاؤں میں گر گیا اور آپ کے ہاتھوں کے بوسے لینے لگا اور کہنے لگا کہ خدا کے لئے مجھے میرا گناہ معاف فرمادیں کیونکہ میں آپ کو نہیں جانتا تھا۔

حضرت سلمان نے کہا کہ اس دفعہ تو میں سامان ضرور آپ کے گھر چھوڑ آؤں گا کیونکہ میں نے تم سے اس کا وعدہ کیا ہے۔ چنانچہ آپ وہاں پر سامان لے گئے اور اس سے فرمایا کہ اب تم مجھ سے وعدہ کرو کہ کبھی بھی کسی سے بیگار نہ لینا۔ اور جو وزن تم اٹھا سکتے ہو تو اس کو خود اٹھا لینا اس سے تمہاری مردانگی میں کوئی کمی واقع نہیں ہوگی۔ [1]

2. بلال حبشی

حضرت بلال حبشی کا تعلق ان مسلمانوں سے ہے جنہوں نے معنوی طور پر بڑی ترقی کی تھی۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں اپنا موذن قرار دیا تھا۔ اور نماز کے وقت آنحضرت فرمایا کرتے تھے کہ بلال اذان دے کر ہماری روح کو خوش کرو۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں اپنے دور میں بیت المال کا امین بھی مقرر کیا تھا۔ اور آپ ان سے ایسے سلوک کرتے تھے جیسا کہ اپنے بھائیوں سے کیا جاتا ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ بلال میں جب بھی جنت میں گیا ہوں تو میں نے تیرے پیروں کی آہٹ اپنے آگے آگے سنی اور میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ تو اس وقت جنت کی راہوں پر چل رہا ہوتا ہے۔

جب مسلمانوں کو اس بات کا علم ہوا تو وہ حضرت بلال کے پاس آئے اور اس کو یہ فخر ملنے پر مبارک باد دی۔

لیکن حضرت بلال باتیں سن کر مغرور نہ ہوئے اور نہ ہی اپنی تعریفات سن کر متاثر ہوئے بلکہ وہ ان کے جواب میں کہتے تھے

[1] جوامع الحکایات ص 17

کہ میں حبشہ کا رہنے والا ایک حبشی ہوں اور کل تک میں ایک عبد اور غلام تھا۔ [1]

3. رسول خدا کی تواضع

حضرت ابوذرؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے دیکھا کہ حضرت سلمانؓ اور حضرت بلالؓ اکٹھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت سلمانؓ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے احترام کے لئے آپؐ کے پاؤں میں گرے اور ان کو بوسہ دیا۔ رسول خدا نے حضرت سلمانؓ سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا: ''دیکھو! عجمی لوگ جو اپنے بادشاہوں کے سامنے آداب بجالاتے ہیں میرے سامنے وہ آداب نہ بجاؤ۔ میں بھی خدا کے بندوں میں سے ایک بندہ ہوں جو کچھ باقی لوگ کھاتے ہیں میں بھی وہی کچھ کھاتا ہوں۔ اور جہاں پر دوسرے لوگ بیٹھا کرتے ہیں میں بھی اسی جگہ بیٹھا رہتا ہوں۔'' [2]

4. محمد بن مسلم کو حکمِ تواضع

محمد بن مسلم کوفہ میں رہتے تھے اور بہت بڑے دولت مند شخص تھے۔ وہ مدینہ آئے اور امام محمد باقر علیہ السلام اور امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس کی ملاقات ہوئی۔ امام محمد باقر علیہ السلام نے اسے فرمایا: ''تم عاجزی اور تواضع اختیار کرو۔'' جب محمد بن مسلم کوفہ واپس آئے تو انہوں نے مسجد کے دروازے پر چٹائی بچھا کر کھجوریں بیچنا شروع کردیں اور کھجور کے لئے آواز لگانے لگے۔

ان کے خاندان والوں نے ان کا یہ کاروبار دیکھا تو جمع ہو کر ان کے پاس آئے اور کہا: ''آپ نے یہ کیا کیا ہے؟ آپ نے تو ہمارے خاندان کی ناک کٹوادی ہے۔'' انہوں نے تواضع اختیار کرنے کا حکم دیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ایسا کرنے سے میری جھوٹی انا کو ضرب لگتی ہے اور غرور و تکبر کو ختم کرنے میں مدد ملتی ہے۔''

ان کے خاندان والوں نے کہا: ''اگر آپ کو کاروبار کرنا ہی تھا تو پھر آپ لاکھوں کا کاروبار کرتے اور پوری مارکیٹ پر چھا جاتے۔''

انہوں نے کہا: ''میرا مقصد زیادہ منافع کمانا نہیں ہے اور دولت جمع کرنا بھی نہیں۔ میں چھوٹا موٹا کاروبار کر کے اپنے نفس امارہ کو شکست دینا چاہتا ہوں۔''

آخر میں انہوں نے آٹے کی ایک چکی خریدی اور سارا دن چکی پر دانے پیسا کرتے تھے۔ [3]

---

[1] حکایتھای شنیدنی 173/4۔ طبقات ابن سعد 238/3

[2] درسھائی از زندگی پیغمبر ص162۔ بحار 43/77

[3] روضھا و حکایتھای ص103۔ داستانھای پراکندہ 18/3

5. حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حواریین

ایک دفعہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے حواریوں سے کہا: "تم سے مجھے ایک حاجت ہے۔"

حواریوں نے کہا کہ ہم آپ کی حاجت پوری کریں گے۔

آپ اٹھے اور ان سب کے پاؤں دھوئے۔

حواریوں نے کہا: "ہمارا حق بنتا تھا کہ ہم آپ کے پاؤں دھوتے، آپ نے کیا زحمت فرمائی؟"

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: "میں نے اس لئے تمہارے پاؤں دھوئے ہیں تا کہ تم بھی میرے بعد لوگوں کے پاؤں دھوؤ۔ عالم کو چاہئے کہ وہ تواضع کی ابتدا کرے۔ میرے بعد تم بھی میری طرح تواضع کرنا۔"

پھر فرمایا: "تواضع ہی سے حکمت ودانش کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے تکبر سے نہیں۔ کیونکہ پیداوار زم زمین میں ہوتی ہے پہاڑ پر نہیں ہوتی۔"[1]

اس مقام پر اردو کا یہ شعر لکھنا مناسب نظر آتا ہے۔

مٹادے اپنی ہستی کو اگر کچھ مرتبہ چاہئے
کہ دانہ خاک میں مل کر گل گلزار ہوتا ہے

---

[1] نمونہ معارف 223/3۔ وافی 4/1

باب نمبر 28

توبہ

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہے:

"وَاَنِ اسغفروا ربکم ثم توبوا الیہ۔"

اور یہ کہ اپنے رب سے مغفرت طلب کرو پھر اس کے آگے توبہ کرو۔[1]

امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے:

"اذا تاب العبد توبۃ نصوحاً احبہ اللہ فستر علیہ۔"

"جب کوئی مومن خلوصِ نیت سے توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس سے محبت کرتا ہے اور اس کے گناہوں پر پردہ ڈال دیتا ہے۔"[2]

مختصر تشریح

توبہ خدا کی رسی ہے اور توبہ کرنے والے شخص پر یہ لازم ہے کہ وہ اس رسی سے منسلک رہے۔ اور اپنے باطن کے گناہوں کو آب حیات کے ذریعے دھوئے۔ اور اپنے خلاف اپنے خدا کے سامنے اپنے گناہوں کا اعتراف کرے۔ سابقہ گناہوں پر اپنے دل میں پشیمانی محسوس کرے اور اور باقی عمر خدا سے ڈرتا رہے۔

اولیاء کی توبہ یہ ہے کہ وہ اپنے دل ودماغ میں پیدا ہونے والے خیالات پر توبہ کرتے ہیں۔ خواص اگر غیر اللہ کے ساتھ مشغول ہو گئے تو وہ اس سے توبہ کرتے ہیں۔ اور عام انسان اپنے گناہوں سے توبہ کرتے ہیں۔ سابقہ کوتاہیوں کی تلافی کے لئے گناہوں کی طرف دوبارہ رجوع نہ کرنے کے لئے ایک تائب شخص کو چاہئے کہ وہ کسی بھی گناہ کو چھوٹا نہ سمجھے اور اپنے سابقہ گناہوں پر ہمیشہ فکر مند رہے اور اپنے نفس کو شھوات سے دور رکھے، وہ ہمیشہ خدا کی عبادت کرے اور استغفار کرے۔[3]

---

[1] سورۂ ھود 3

[2] جامع السعادت 65/3

[3] تذکرۃ الحقائق ص 75

1. ہر گناہ کی علیحدہ توبہ ہے

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: "پچھلے زمانے میں ایک شخص رہتا تھا۔ اس نے حلال طریقے سے دنیا تلاش کی مگر ناکام رہا اس کے ہاتھ دنیا نہ آئی۔ اس نے حرام طریقوں سے دنیا طلب کی پھر بھی ناکام رہا۔ اس کے ہاتھ دنیا نہ لگی۔

ایک مرتبہ ابلیس مجسم ہو کر اس کے سامنے آ گیا اور کہا: "تم نے حلال و حرام طریقوں سے دنیا حاصل کرنے کی کوشش کی مگر ناکام رہے۔ اگر تم میرے کہنے پر عمل کرو تو تمہارے پاس دنیا کی کوئی کمی نہیں رہے گی۔ اور بہت سے افراد تمہاری پیروی کرنا اپنے لئے باعثِ سعادت سمجھیں گے۔"

اس شخص نے کہا: "میں تیری بات پر ضرور عمل کروں گا۔"

ابلیس نے اسے مشورہ دیا: "تو ایک نیا دین و مذہب ایجاد کر لے اور لوگوں کو اس کی دعوت دے۔" اس نے ابلیس کے کہنے پر عمل کیا آہستہ آہستہ لوگ اس کے پیروکار بنتے گئے۔ اور اس کے پاس دولت کے ڈھیر جمع ہو گئے۔ پھر اس نے کچھ عرصے کے بعد سوچا کہ میں نے بہت غلط کام کیا ہے۔ میں نے لوگوں کو گمراہ کیا، اب میرے لیے توبہ صرف اسی صورت میں ممکن ہے اپنے پیروکاروں کے سامنے جھوٹ کا اقرار کر لوں تا کہ وہ غلط نظریات سے بچ سکیں۔ اور اللہ مجھے معاف فرما دے۔ چنانچہ اس نے اپنے پیروکاروں کا اجتماع بلا کر اعلان کیا کہ میں نے اب تک تمہیں گمراہ کیا تھا اور جو کچھ بیان کرتا تھا وہ سب باطل اور جھوٹ پر مبنی تھا۔

انہوں نے کہا: "تو اب جھوٹ بول رہا ہے اور تو اپنے دین میں شک کر کے گمراہ ہو گیا ہے۔" یہ کہہ کر اس کے پیروکار وہاں سے چلے گئے۔ اس شخص نے اپنے آپ کو طوق و زنجیر میں قید کر لیا اور ارادہ کیا کہ جب تک اللہ تعالیٰ میری توبہ قبول نہ کرے گا میں یہ طوق و زنجیر جدا نہیں کرونگا۔

اللہ تعالیٰ نے اس وقت کے نبی کو وحی فرمائی کہ تم اس شخص سے کہہ دو کہ خدا فرماتا ہے: "مجھے اپنی عزت کی قسم اگر تو اتنی گریہ وزاری کرے کہ تیرے وجود کا بند بند جدا ہو جائے تو بھی میں تیری توبہ قبول نہیں کرونگا اور نہ ہی تیری کوئی دعا قبول کرونگا۔ جب تک تو ان لوگوں کو زندہ نہ کرے جنہیں تو نے گمراہ کیا تھا اور وہ اسی گمراہی میں مر گئے۔" [1]

2. بنی اُمیہ کے کاتب کی توبہ

علی ابن ابی حمزہ روایت کرتے ہیں کہ سلاطین بنی اُمیہ کا ایک کاتب میرا دوست تھا اور اس نے مجھ سے اصرار کیا کہ میں اس کے لئے امام جعفر صادقؑ سے ملاقات کی اجازت طلب کروں۔

میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ سلاطین بنی اُمیہ کا ایک کاتب آپ سے ملنے کا خواہش مند ہے۔ اگر

---

[1] چند تاریخ۔ 251/4۔ بحار الانوار۔ 277/2

آپ اجازت دیں تو میں اسے آپ کی خدمت میں پیش کروں؟

آپ نے اجازت دی تو میں اسے امام عالی مقامؑ کی خدمت میں لے گیا۔ اس نے امام عالی مقام کو سلام کیا اور بیٹھ گیا۔ پھر اس نے عرض کی: ''فرزند رسولؐ! میں ایک عرصہ تک سلاطین بنی امیہ کا کاتب رہا اور ان کے دفتروں میں کام کرتا رہا اور دوران ملازمت میں نے بہت سی دولت جمع کر لی اور دولت کی جمع آوری کے لئے میں نے کبھی حلال وحرام کی تمیز نہ کی تھی، حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ''اگر بنی امیہ کو ایسے افراد نہ ملتے جو ان کے کاتب بنتے اور جو ان کے لیے خراج کی رقم وصول کرتے اور ان کی طاغوتی حکومت کے لئے جنگ کرتے اور ان کے درباروں کی زینت بنتے تو وہ کبھی بھی ہمارا حق چھین نہیں سکتے تھے۔ اگر لوگ ان سے عدم تعاون کا مظاہرہ کرتے تو انہیں یہ جرات نہ ہوتی کہ لوگوں کے حقوق غضب کرتے اور ان کے ہاتھ میں بھی کچھ نہ رہتا۔''

اس شخص نے عرض کی کہ تیرے لئے اب نجات کی کیا صورت ہے؟

آپؑ نے فرمایا: ''میں تیری راہنمائی کرتا ہوں اور کیا تو میرے فرمان پر عمل کرے گا۔''

اس نے کہا: ''جی ہاں''۔

آپ نے فرمایا: ''تو پھر تم نے ان کی نوکری سے جو کچھ بھی حاصل کیا ہے اس سے ہاتھ اٹھالو۔ جو صاحبان حق تمہیں یاد ہوں ان تک ان کا حق پہنچادو اور جو تمہیں بھول چکے ہیں تو باقی رقم ان کی طرف سے صدقہ کردو اور اگر تم نے میرے فرمان پر عمل کیا تو میں خدا کی طرف سے تمہیں جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔''

آپ کا فرمان سن کر اس شخص نے کچھ دیر تک سر جھکائے رکھا پھر ایک نئے عزم وولولہ سے کہا: ''میں وعدہ کرتا ہوں کہ آپؑ کے حکم کی تعمیل کروں گا۔''

راوی کہتا ہے کہ ہم دونوں واپس اپنے گھر کوفہ آئے۔ اس شخص کے گھر میں جو کچھ تھا اس نے سب کا سب صاحبان حقوق کو واپس کر دیا اور جس کے مالک کا علم نہ تھا ان کی طرف سے صدقہ کیا۔ اس شخص نے اپنے جسم کے کپڑے بھی اتار دیئے۔

میں نے اس کے لئے اپنے ایمانی بھائیوں سے تعاون کی درخواست کی اور ہم نے اسے کپڑے لا کر دیئے اور اس کے اخراجات کے لئے ہم نے کچھ رقم بھی اس کے حوالے کی۔

اس کے بعد وہ شخص محنت مزدوری کرنے لگا اور اس سے اپنی ضروریات زندگی فراہم کرنے لگا۔

چند ماہ بعد وہ بیمار ہوا۔ میں اس کی عیادت کے لئے اس کے گھر گیا تو دیکھا کہ اس پر نزع کا عالم طاری تھا اور جیسے ہی اس نے آنکھ کھولی اور مجھے دیکھا تو کہا: ''آپ کے مولا وآقا نے اپنا وعدہ پورا کر دیا۔''

یہ الفاظ کہہ کر وہ دنیا سے رخصت ہو گیا۔ اور ہم نے اس کی تجہیز وتکفین کے فرائض سرانجام دیئے۔

کچھ عرصے بعد میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے مجھے دیکھ کر فرمایا: ''ہم نے تمہارے دوست سے کیا ہوا وعدہ پورا کر دیا۔''

میں نے عرض کی: "بے شک آپ صحیح کہتے ہیں، میرے دوست نے بھی عالم نزع میں مجھے یہی کہا تھا۔ [1]

3. توبہ زندگی کے آخری لمحے بھی کی جا سکتی ہے

معاویہ بن وہب کہتے ہیں کہ میں مکہ کی طرف سفر کر رہا تھا اس سفر میں ایک بوڑھا عابد ہمارے ساتھ تھا۔ لیکن وہ ہمارے مذہب کا پیروکار نہیں تھا۔ وہ سفر میں بھی قصر کرنے کی بجائے نماز پوری پڑھتا تھا۔ اس کے ساتھ اس کا ایک بھتیجا بھی تھا جو ہمارا ہم مذہب تھا۔

راستے میں بوڑھا شخص بیمار ہوا اور ہمیں یقین ہو گیا یہ بوڑھا اب نہیں بچے گا۔ میں نے اس کے بھتیجے سے کہا کہ اپنے چچا کو ولایت علیؑ کی طرف مائل کرو۔ تا کہ اس کا خاتمہ بالخیر ہو جائے۔ نوجوان چچا کے پاس بیٹھا اور کہا: "چچا جان! یہ ایک حقیقت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد اکثر افراد صحیح نظریات پر قائم نہیں رہے تھے اور انہوں نے حضرت علی علیہ السلام کی پیروی سے روگردانی کی جبکہ علیؑ کی اتباع (دراصل رسول خدا کی اتباع ہے۔"

بوڑھے شخص نے آہ کی آواز سینے سے نکالی اور کہا: "میں اس وقت اسی عقیدہ کو قبول کرتا ہوں اور اسی مذہب کو قبول کرتا ہوں۔"

یہ الفاظ کہنے کے بعد اس کی روح پرواز کر گئی۔

ہم مکہ آئے اور امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے، علی بن سری نے بوڑھے شخص کی روئیداد امام جعفر صادق علیہ السلام کو سنائی۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: "وہ جنتی ہے۔"

علی بن سری نے کہا: "مولا! اس نے تو مرتے وقت ولایت علیؑ کا عقیدہ اختیار کیا۔ بھلا اسے اس کا ایمان کیا فائدہ دے گا؟"

آپؑ نے فرمایا: "تم اس سے اور کیا چاہتے ہو؟ خدا کی قسم وہ جنت میں داخل ہو چکا ہے۔" [2]

4. ابولبابہ کا اندازِ توبہ

جنگ خندق ختم ہوئی۔ جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ تشریف لائے۔ ظہر کے وقت جبرائیل امین نازل ہوئے اور آپ کو بنی قریظہ سے جنگ کرنے کا حکم پہنچایا۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فوراً جسم پر ہتھیار سجائے اور حکم دیا کہ عصر کی نماز بنی قریظہ پڑھیں گے۔ مسلمانوں نے ہتھیار

---

[1] شنیدنهای تاریخ ص۔ 55۔ محجۃ البیضاء 254/3

[2] خزینۃ الجواہر ص 312۔ روضۃ الانوار سبزواری

اٹھائے اور بنی قریظہ کے قلعوں کا محاصرہ کر لیا۔

واضح رہے کہ بنی قریظہ یہودی تھے۔ اور مدینہ سے چار کلومیٹر کے فاصلے پر آباد تھے۔ انہوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے معاہدہ کیا تھا کہ وہ ان کے دشمن کی مدد نہیں کریں گے لیکن انہوں نے جنگ خندق کے موقع پر کھل کر مسلمانوں کی مخالفت کی اور کفار مکہ کا ساتھ دیا تھا۔ جنگ خندق کے خاتمہ پر آپؐ نے انہیں عہد شکنی کی سزا دی تھی۔ عرض مترجم)

محاصرہ نے طول کھینچا اور یہودی تنگ آ گئے تو انہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پیغام بھیجا کہ آپ اپنے صحابی ابولبابہ کو ہمارے پاس بھیجیں ہم اس سے صلاح ومشورہ کریں گے۔ ابولبابہ بنی قریظہ کے حلیف رہ چکے تھے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابولبابہ سے فرمایا: تم اپنے حلیفوں کے پاس جاؤ اور دیکھو کہ وہ کیا کہنا چاہتے ہیں؟

ابولبابہ بنی قریظہ کے قلعہ میں آئے۔ بنی قریظہ کی عورتوں اور بچوں کی جیسے ہی نظر اپنے ایک حلیف پر پڑی تو وہ شدت غم سے رونے لگے۔ ابولبابہ اس رقت انگیز منظر سے دل ہی دل میں متاثر ہوئے۔

بنی قریظہ کے افراد نے کہا: ''ابولبابہ تم بتاؤ ہمیں کیا کرنا چاہیے؟ کیا ہم غیر مشروط طور پر اپنے آپ کو محمدؐ کے رحم وکرم پر چھوڑ دیں اور وہ ہمارے لئے جو فیصلہ چاہیں کریں یا ہمیں کوئی اور طریقہ سوچنا چاہیے؟''

ابولبابہ نے کہا: ''میرا مشورہ یہی ہے کہ تم مزاحمت ختم کر کے اپنے آپ کو غیر مشروط طور پر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سپرد کر دو۔''

یہ الفاظ کہتے وقت ابولبابہ نے اپنی گردن کی طرف اشارہ کیا۔ اشارے سے انہیں یہ سمجھانا چاہتے تھے کہ اگر تم نے ایسا نہ کیا تو تم قتل کر دیئے جاؤ گے۔

ابولبابہ اشارہ تو کر بیٹھے لیکن وہ اپنے اس طرز عمل پر سخت پشیمان ہوئے اور انہوں نے اپنے آپ سے کہا کہ میں نے رسول خدا سے خیانت کی ہے۔ پھر ابولبابہ قلعہ سے باہر آئے اور ضمیر کی ملامت کی وجہ سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے جاتے ہوئے حیا آئی۔ وہ قلعے سے نکل کر سیدھے مسجد میں چلے گئے اور انہوں نے اپنی گردن میں رسی باندھ کر مسجد کے ایک ستون کے ساتھ رسی کا دوسرا سرا باندھ دیا وہ ستون ''اسطوانہ توبہ'' کہلاتا ہے۔

ابولبابہ نے دل میں یہ عہد کر لیا تھا کہ میں اپنے آپ کو اس قید سے اس وقت تک نہیں نکالوں گا۔ جب تک اللہ میری توبہ قبول نہیں کرے گا۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ابولبابہ کا شدت سے انتظار تھا۔ آخرکار رسول مقبولؐ نے فرمایا: ''ابولبابہ ابھی تک کیوں واپس نہیں آیا؟''

ایک صحابی نے عرض کی: ''اس نے اپنے آپ کو ستون توبہ کے ساتھ باندھا ہوا ہے۔''

آپؐ نے فرمایا: ''اگر ابولبابہ ہمارے پاس چلا آتا تو اور توبہ کی درخواست کرتا تو ہم اللہ تعالیٰ سے اس کا گناہ معاف

کرادے" لیکن اب اس نے براہ راست اللہ تعالیٰ سے رابطہ کیا ہے اب اللہ تعالیٰ جو مناسب ہوگا اس کے لئے فیصلہ فرمائے گا۔"

ابولبابہ نے کئی روز تک اپنے آپ کو رسی سے باندھے رکھا اور وہ دن کو روزہ رکھتے تھے اور افطار کے وقت انتہائی قلیل غذا کھاتے تھے۔ قضائے حاجات کے علاوہ مسجد سے باہر نہ نکلتے تھے۔

ایک شب جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ام سلمہ کے گھر تشریف فرما تھے تو اللہ تعالیٰ نے ابولبابہ کی توبہ قبول کرنے کی آیت نازل فرمائی اور جبرائیل امین یہ آیت لے آئے۔

وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝" (سورہ توبہ آیت 102)

اور کچھ لوگ ایسے ہیں جنہوں نے اپنے گناہوں کا اعتراف کیا، انہوں نے نیک اور بد عمل مخلوط کر دیئے تو اللہ ان کی توبہ قبول فرمائے گا۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔"

رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی زوجہ بی بی ام سلمہ سے فرمایا: "اللہ نے ابولبابہ کی توبہ قبول کر لی ہے۔"

ام سلمہ نے عرض کی: "اگر آپ اجازت دیں تو میں اسے خوش خبری سناؤں؟" (مورخ طبری لکھتے ہیں کہ یہ واقعہ نزول حجاب سے قبل کا ہے)

آپ نے اجازت دی، حضرت بی بی ام سلمہ نے حجرے سے سر نکال کر ابولبابہ کو خوش خبری سنائی۔

ابولبابہ نے اللہ کی حمد وثنا کی۔ چند مسلمان آگے بڑھے تا کہ ابولبابہ کو رسی سے آزاد کریں۔ لیکن ابولبابہ نے سختی سے سب کو منع کر دیا اور کہا: "جب تک رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے اپنے ہاتھوں سے آزاد نہیں کریں گے اس وقت تک میں اس قید میں رہوں گا۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے اور اسے اپنے ہاتھوں سے آزاد کیا اور فرمایا: "اللہ نے تیری توبہ قبول کی اور آج گناہوں سے اسی طرح پاک ہے جیسا کہ پیدائش کے دن گناہوں سے پاک تھا۔ [1]

5. توبہ کا یہ انداز ہوتا ہے

بیان کیا جاتا ہے کہ ایک دفعہ حضرت معاذ ابن جبل گریہ کرتے ہوئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ پر سلام کیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سلام کا جواب دیا اور پوچھا: "کیوں گریہ کر رہے ہو؟"

معاذ نے عرض کی: "مولا! مسجد کے دروازے پر ایک خوبصورت نوجوان آیا ہوا ہے اور زاروقطار گریہ کر رہا ہے وہ ایسے رو رہا ہے جیسے ایک ماں اپنے جوان بیٹے پر روتی ہے۔ اور آپ سے ملاقات کا خواہش مند ہے۔"

[1] پیغمبر و یاران 129/1

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''کوئی بات نہیں اسے اجازت ہے۔'' پس وہ جوان آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپؐ پر سلام کیا۔ اور آپؐ نے سلام کا جواب کے بعد اس سے پوچھا کہ کیوں رورہا ہے۔

اس نے عرض کیا: ''میں نے ایسا گناہ کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے معاف نہیں کرے گا اور مجھے دوزخ میں ڈال دے گا۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''کیا تو خدا کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہراتا ہے؟''

اس نے عرض کی: ''نہیں۔''

تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''کیا تو نے کسی محترم ہستی کا قتل کیا ہے؟''

اس نے جواب دیا: ''نہیں''

تو پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ''کیا تیرا گناہ پہاڑوں سے بھی بڑا ہے؟''

اس نے جواب دیا: ''جی ہاں میرا گناہ پہاڑوں سے بھی بلند وبالا ہے۔ پھر آپ نے فرمایا: ''کیا تیرا گناہ سات زمینوں ،دریاؤں ،ریت کے ذروں ،درختوں اور جو کچھ خدا نے بنایا ہے مثلاً آسمان، ستاروں عرش اور کرسی سے بھی بڑا ہے؟''

اس نے عرض کیا: ''جی ہاں میرا گناہ ان سب چیزوں سے بڑا ہے''

پھر آپ ﷺ نے فرمایا کہ اب تو اپنا گناہ بیان کر۔ پھر اس نے اپنی داستان یوں بیان کی کہ میں سات سال سے قبریں کھود کر مردوں کے کفن اتار کر بازار میں فروخت کرتا رہا ہوں۔ ایک رات میں نے انصار کی ایک لڑکی کی قبر کھودی اور اس کے کفن کو اس سے جدا کیا تو شیطان نے میرے ذہن میں وسوسہ ڈالا اور میں نے اس لاش سے مقاربت کی۔ جب میں واپس آرہا تھا تو لاش سے آواز آئی، جوان! تجھے خدا کی حکومت سے کوئی خوف نہیں آتا، آتش دوزخ کے لئے تجھ پر افسوس ہو۔ جوان کہنے لگا: ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اب بتائیں کہ میں کیا کروں؟''

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''دور جاؤ مجھ سے، تو اپنے ساتھ مجھے بھی عذاب آتش میں جلانا چاہتا ہے۔''

وہ اُٹھ کر ایک پہاڑ کی طرف چلا گیا۔ اس نے اپنے دونوں ہاتھ گردن کے ساتھ باندھ لیے وہ توبہ، مناجات اور عبادات میں مشغول ہو گیا۔ چالیس روز تک وہ شب وروز گریہ کرتا رہا۔ اس نے اتنا گریہ کیا پرندے اور وحشی حیوانات بھی اس سے متاثر ہو گئے۔

چالیس روز کے بعد اس نے خداوند تعالیٰ سے درخواست کی کہ خداوندا یا تو مجھ پر آگ نازل کر یا میرے گناہ معاف فرما مگر قیامت کے روز مجھے رسوا نہ کرنا۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر یہ آیت نازل فرمائی:

وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ (سورہ آلِ عمران 135)

''وہ لوگ جب کوئی گناہ کرلیں یا اپنے نفس پر ظلم کرلیں تو وہ اپنے خدا کا ذکر کریں اور اپنے گناہوں کے لئے استغفار کریں، اللہ کے علاوہ اور کون ہے جو گناہ معاف کرے۔''

اس آیت میں بہلول کی مغفرت کی طرف بھی اشارہ تھا۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسکرا کر تلاوت کی۔ اور آپؐ نے فرمایا: ''کون ہے جو مجھے اس جوان تک لے جائے؟''

معاذ بن جبل نے عرض کی: ''جی ہاں! یا رسول اللہ میں جانتا ہوں کہ وہ اس وقت کہاں ہے۔''

پیغمبر اکرمؐ معاذ کو اپنے ساتھ لیکر اس کے پاس گئے اور دیکھا کہ اس نے دو پتھروں کے درمیان اپنے ہاتھوں کو گردن میں باندھا ہوا ہے، شدت گرما کی وجہ سے اس کا رنگ سیاہ ہو چکا تھا۔ شدت گریہ کی وجہ سے اس کی آنکھوں کے گرد بال گر چکے تھے اور وہ شخص محو مناجات تھا۔ وہ اپنے سر پر خاک ڈال رہا تھا۔ صحرا کے درندے اس کے گرد کھڑے ہوئے تھے اور پرندے اس کے سر کے اوپر سایہ فگن تھے۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے پاس گئے اور اپنے دست مبارک سے اس کے ہاتھ آزاد کئے اس کے چہرے سے خاک کو صاف کیا اور کہا: ''بہلول! تجھے بشارت ہو خدا نے تجھے آتش دوزخ سے نجات دی۔''

آپؐ نے اصحاب سے کہا کہ دیکھو! اپنے گناہوں کی تلافی اس طرح کیا کرو۔ [1]

---

[1] رسالہ لقاء اللہ ص 62۔ مجالس الصدوق

باب نمبر 29

جہالت

قرآن مجید میں ارشادِ خداوندی ہے:

خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ﴿١٩٩﴾

(اے رسول) درگزر سے کام لیں، نیک کاموں کا حکم دیں اور جاہلوں سے کنارہ کش ہو جائیں۔ [1]

حضرت علی علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"الجهل اصل کل شرٍ۔"

"نادانی اور جہالت تمام برائیوں کی جڑ ہوتی ہے۔" [2]

مختصر تشریح

جہالت ایک ایسی چیز ہے جو انسان کو ہمیشہ تاریکی میں لے جاتی ہے اور جو انسان اپنے آپ کو جہالت سے دور رکھے تو مقام بصیرت اور نورانیت تک پہنچ جاتا ہے اگر کوئی شخص غلط راستہ اختیار کرے اور جہالت کے تحت اپنے اعمال سرانجام دے تو وہ شخص گناہگار اور جہنمی بن جائے گا۔ اور اگر ایسے شخص کو صحیح راستے کی توفیق مل جائے اور وہ علم ومعرفت سے مستفید ہو جائے تو ایسے شخص کو دوزخ سے نجات مل جائے گی۔

جہالت کی جو بڑی چابی ہے وہ یہ ہے کہ انسان اپنے عمل پر خوش رہتا ہے۔ اور جاہل کی سب سے بڑی پہچان یہ ہے کہ وہ جہالت کے باوجود اپنے آپ کو اہل علم تصور کرتا ہے۔

جاہل جب اپنے عیوب کو دیکھتا ہے تو وہ پشیمان نہیں ہوتا۔ اور جب اسے کوئی نصیحت کی جائے تو اسے بھی قبول نہیں کرتا۔ اگرچہ وہ اپنی جہالت سے مکمل طور پر واقف ہوتا لیکن اس کے باوجود بھی غلطی کرتا ہے اور مسلسل لغزشوں کا شکار رہتا ہے۔ [3]

---

[1] سورۃ الاعراف آیت 199

[2] غرر الحکم ج 819

[3] تذکرۃ الحقائق ص 73

1. نادان حکمران

یعقوب لیث صفار (متوفی 265) نے ایک شخص کو حکمران مقرر کیا جس کا نام ابراہیم تھا۔ ابراہیم ذاتی طور پر دلیر اور شجاع انسان تھا لیکن وہ انتہائی نادان تھا اور اپنی نادانی کی وجہ سے اس نے اپنی جان گنوائی تھی۔

سرما کا موسم تھا کہ وہی ابراہیم یعقوب لیث کے پاس گیا۔ یعقوب نے حکم دیا کہ میرے سرمائی لباس میں سے کچھ لباس ابراہیم کو دیئے جائیں گے۔

ابراہیم کا ایک نوکر تھا جس کا نام احمد بن عبداللہ تھا۔ بظاہر احمد اس کا نوکر تھا لیکن وہ حقیقت میں اس کا دشمن تھا۔ ابراہیم جب گھر آیا تو اس نوکر نے اسے کہا کیا تجھے یہ معلوم ہے کہ یعقوب لیث جسے بھی اپنی پوشاک دیتا ہے اسے ہفتہ کے بعد قتل کروا دیتا ہے؟

ابراہیم نے کہا کہ مجھے اس کا کوئی پتا نہیں ہے۔ اب بتاؤ! ہمیں کیا کرنا چاہئے؟ احمد نے کہا کہ ہمیں بھاگ جانا چاہئے۔

ابراہیم نے کوئی تحقیق نہ کی اور فرار کے منصوبے بنانے لگا۔ احمد نے کہا: ''جناب اگر یہ بات ہے تو میں بھی یعقوب لیث کے پاس نہیں رہنا چاہتا اور تمہارے ساتھ یہاں سے بھاگ جاؤں گا۔

احمد وہاں سے اٹھ کر خلوت میں یعقوب لیث کے پاس چلا گیا۔ اور اسے کہا کہ ابراہیم کا ارادہ ہے کہ وہ یہاں سے فرار ہو کر سیستان چلا جائے اور وہاں جا کر آپ کے خلاف شورش بپا کردے۔

یعقوب لیث نے کہا کہ پھر ہم اس کے لئے ایک لشکر تیار کرتے ہیں جو اسے وہاں تک جانے ہی نہ دے گا۔ احمد نے کہا کہ آپ مجھے حکم دیں میں اکیلا ہی اس کا سر قلم کر سکتا ہوں۔ یعقوب لیث نے اسے اجازت دے دی۔ ابراہیم اپنے سپاہ کے ساتھ شہر سے جانے کے لئے تیار تھا کہ احمد پیچھے سے آیا اور اس نے تلوار کا وار کر کے اس کا سر تن سے جدا کر دیا۔ اور وہ اس کا سر لے کر یعقوب کے پاس چلا گیا۔

یعقوب نے ابراہیم کی حکمرانی احمد کے حوالے کی اور اس کی بڑی قدردانی کی۔ [1]

2. خلیفہ کا جاہل بیٹا

مہدی عباسی بنی عباس کا تیسرا خلیفہ تھا اور اس کے ایک بیٹے کا نام ابراہیم تھا جو کہ انتہائی منحرف تھا اور خصوصاً امیر المومنین علیہ السلام سے کینہ اور عداوت رکھتا تھا۔

ایک دن وہ ساتویں عباسی خلیفہ مامون کے پاس آیا اور کہا: ''میں نے رات اپنے خواب میں علیؑ کو دیکھا ہم ایک ساتھ چل رہے تھے تو راستے میں ایک تنگ پل آئی تو علیؑ نے مجھے پل عبور کرنے کو کہا۔ میں نے علی سے کہا کہ آپ تو دعویٰ کرتے ہیں کہ آپ

---

[1] نمونہ معارف 93/4

امیر المومنین ہیں لیکن آپ کی بہ نسبت ہم امارت کے زیادہ لائق ہیں تو انہوں نے میرے اس سوال کا کوئی جواب نہ دیا اور خاموشی اختیار کر لی۔"

مامون نے کہا: "تو انہوں نے تیرے سوال کے جواب میں کیا کہا؟"

اس نے کہا: "علیؑ نے اور تو کچھ نہیں کہا تھا لیکن اس نے کئی مرتبہ سلاماً سلاماً کہا۔"

مامون نے کہا: "خدا کی قسم علیؑ نے تو تجھے اچھا جواب دیا۔"

ابراہیم نے کہا: "وہ کیسے؟"

مامون نے کہا: "علی نے تجھے جاہل اور نادان سمجھا اور انہوں نے تو تجھے جواب دینا مناسب نہ سمجھا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں جو اپنے خاص بندوں کے اوصاف بیان کئے ہیں ان میں سے ایک حقیقت یہ بھی ہے۔" **واذا خاطبھم الجاھلون قالوا سلاماً۔**" (سورہ فرقان 61) اور جب جاہل ان سے خطاب کرتے ہیں تو وہ صرف انہیں سلام کہہ دیتے ہیں" علی نے تجھے جاہل سمجھا اور قرآن کی پیروی کرتے ہوئے تجھ جیسے جاہل سے بات کرنا مناسب ہی نہ سمجھا اور سلام کر کے اپنی جان چھڑا لی۔"[1]

3. خوبصورت جاہل

قاضی ابو یوسف (متوفی 182) ہارون الرشید کی طرف سے سرکاری قاضی تھے۔ ایک دفعہ ایک خوبصورت شخص ان کی مجلس میں آیا۔ قاضی نے اس شخص کا بڑا احترام کیا۔ وہ کافی دیر تک مجلس میں خاموش بیٹھا رہا۔ قاضی نے اس کی خاموشی کی وجہ سے سمجھا کہ یہ شخص باوقار اور صاحب عقل انسان ہے۔

قاضی نے اس سے کہا: "جی فرمایئے؟"

اس نے جواب دیا: "مجھے ایک مسئلہ درپیش ہے اس لئے میں آپ کی خدمت میں آیا ہوں۔

قاضی نے کہا: "جو کچھ مجھے معلوم ہوگا آپ کو ضرور جواب دوں گا۔"

اس شخص نے پوچھا: "یہ بتائیں کہ روزہ دار کو روزہ کس وقت افطار کرنا چاہئے؟" اس کے جواب میں قاضی نے کہا: "جب سورج غروب ہو جائے۔"

اس شخص نے کہا: "اچھا یہ بتائیں کہ اگر سورج آدھی رات تک غروب نہ ہو تو؟"

قاضی مسکرانے لگا اور کہہ کہ شاعر "جریر ابن عطیہ" (متوفی 110) نے کیا ہی خوبصورت بات کہی تھی "وفی الصمت زین للغبی" خاموشی کمزور اور نادان انسان کے لئے باعث زینت ہوا کرتی ہے۔ ہر شخص جب بات کرتا ہے تو اس کے صیغہ عقل اور بے عقلی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

---

[1] دکاھای شنیدانی 20/2۔ سفینۃ البحار 79/1

اس کی اس گفتگو سے قاضی کو معلوم ہو گیا کہ یہ شخص انتہائی جاہل ہے۔ [1]

4. قیس ابن عاصم

''قیس ابن عاصم'' زمانہ جاہلیت میں ایک قبیلے کا سردار تھا۔ ظہور اسلام کے بعد وہ مشرف بہ اسلام ہوا۔ کئی سالوں کے بعد اپنی گزشتہ خطاؤں کی معافی کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں شرف یاب ہوا۔ اور کہا کہ یارسول اللہ! میں نے زمانہ جاہلیت میں اپنی بارہ بیٹیوں کو زندہ درگور کیا تھا۔ اور جب مجھے تیرھویں بیٹی ہوئی تو اس وقت میں گھر پر موجود نہ تھا۔ میری بیوی نے اسے مجھ سے چھپا کر اپنے بھائیوں کے گھر بھیج دیا تھا اور مجھے بتایا کہ ایک مردہ بیٹا پیدا ہوا تھا۔

کچھ سالوں کے بعد جب میں سفر سے گھر آیا تو میں نے دیکھا کہ میرے گھر میں ایک معصوم بچی میرے بچوں کے ساتھ کھیل رہی تھی جس کی شکل میرے بچوں سے ملتی تھی۔ اور مجھے شک ہوا کہ میری بیٹی ہے۔ میں اسے لیکر گھر کے باہر گیا تا کہ اسے بھی زندہ درگور کردوں۔ لیکن راستے میں میرے ارادہ کا میری بیٹی کو معلوم ہوا تو وہ رونے لگی اور مجھ سے کہہ رہی تھی ابا جان مجھ پر رحم کریں میں اپنے ماموں کے گھر چلی جاتی ہوں۔ لیکن مجھے اس بچی پر رحم نہ آیا اور آخر میں نے اسے زندہ درگور کردیا۔

قیس جیسے یہ واقعہ بیان کررہے تھے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو ٹپک رہے تھے اور آپ فرما رہے تھے ''من لا یرحم لا یرحم'' جو خدا کے بندوں پر رحم نہیں کرتا خدا بھی اس پر رحم نہیں کرتا۔ اور اس کے بعد آپ نے قیس سے مخاطب ہو کر کہا: ''تیرے سامنے انتہائی بدترین دن موجود ہے۔''

قیس نے کہا کہ یارسول اللہ! ان گناہوں کی تخفیف کے لئے مجھے کیا کرنا چاہئے آپؐ نے فرمایا: ''جتنی بیٹیاں تو نے زندہ درگور کی ہیں اتنی ہی تعداد میں کنیزوں کو راہ خدا میں آزاد کرو۔'' [2]

5. لمبی داڑھی والا

جاحظ بصری (متوفی 249) جس نے تمام علوم پر کتابیں لکھی تھیں۔ ''بیان کرتے ہیں کہ ایک دن ہم مامون عباسی کے ساتھ کسی جگہ بیٹھے ہوئے تھے کہ مختلف موضوعات پر گفتگو ہوئی۔ اس دوران ایک شخص نے کہا کہ جس کی داڑھی لمبی ہو وہ شخص احمق ہوتا ہے۔ چند افراد نے اس کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ نہیں ہمارا یہ مشاہدہ نہیں ہے ہم نے کئی لمبی داڑھی والے دیکھے ہیں جو بڑے دانا ہیں۔

جب مامون نے یہ بات سنی تو کہا کہ یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ جس شخص کی لمبی داڑھی ہو اور وہ عقل مند ہو۔ اتنے میں ایک شخص جس نے لمبی داڑھی رکھی ہوئی تھی وہ اونٹ پر سوار ہمارے ہاں پہنچا۔ اس مطلب کو ظاہر کرنے کے لئے مامون نے اسے اپنے پاس

---

[1] لطائف الطوائف ص 412

[2] داستانہا و پندہا 154 / 1 - جاہلیت و اسلام ص 632

طلب کیا۔ مامون نے اس سے پوچھا: ''تیری کنیت کیا ہے؟ اس نے کہا: ''علویہ''۔ مامون نے حاضرین کی طرف دیکھ کر کہا کہ جس کا نام اور کنیت ایسی ہو باقی افعال میں بھی جہالت ہوگی۔

پھر مامون نے اس سے پوچھا: ''کیا کام کرتے ہو؟''

کہنے لگا: ''میں علم فقہ کا ماہر ہوں امیر اگر تم مجھ سے کوئی مسئلہ پوچھنا چاہتے ہوں تو میں حاضر ہوں۔''

مامون نے کہا: ''اچھا یہ بتا کہ ایک شخص نے دوسرے شخص سے ایک دنبہ فروخت کیا لیکن خریدار نے ابھی اسے پیسے نہیں دیے لیکن ابھی اسی خریدار کے ہاتھ میں ہے اچانک اس دنبے نے مینگنی ماری جو پیچھے کھڑے ہوئے شخص کی آنکھ میں جا کر لگی اور اس کی آنکھ ضائع ہوگئی۔ اب بتا کہ اس کی دیت فروخت کرنے والے پر ہوگی یا خریدار پر؟''

لمبی داڑھی والے نے کچھ دیر سوچنے کے بعد کہا: ''اس کی دیت بیچنے والے پر آتی ہے۔''

حاضرین نے کہا: ''اس کی وجہ کیا ہے؟''

اس نے کہا: ''صاف سی بات ہے بیچنے والے نے خریدار کو یہ تو نہیں بتایا کہ وہ جو دنبہ فروخت کر رہا ہے اس کے پیٹ میں ایک منجنیق لگی ہوئی جو پتھروں کی طرح مینگنیاں باہر پھینکتی ہے۔

جو یہ سنا تو مامون سمیت تمام حاضرین ہنسنے لگے۔

مامون نے اسے کچھ انعام دے کر روانہ کر دیا۔ اور بعد میں کہنے لگا کہ بزرگوں نے سچ ہی کہا ہے کہ لمبی داڑھی والا ہمیشہ احمق ہی ہوتا ہے۔ [1]

---

[1] جامع الحکایات ص300

باب نمبر 30

حرص

قرآن مجید میں ارشاد ربانی ہے۔

اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا

انسان یقیناً کم حوصلہ خلق ہوا ہے۔ [1]

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"یشیب ابن آدم وتشب فیہ خصلتانِ الحرصِ وطول الامل."

"جب ابن آدم بوڑھا ہوتا ہے تو اس میں دو خصلتیں جوان ہو جاتی ہیں پہلی خصلت حرص اور دوسری خصلت امیدوں کا پھیلاؤ ہے۔" [2]

مختصر تشریح

اگر انسان حریص بن جائے تو خدا کی رحمت سے دور ہو جاتا ہے کیونکہ حریص شخص توکل کا دامن ہاتھ سے چھوڑ دیتا ہے اور تقسیم خدا پر راضی نہیں ہوتا۔ اور وہ جلد بازی کو قبول کر لیتا ہے جو کہ شیطان کی صفت ہے اللہ تعالیٰ نے دنیا کو سایہ کی مانند بنایا جتنا بھی کوئی شخص سایہ کے پیچھے بھاگے گا تو اسے تھکان محسوس ہوگی۔

جو ضرورت سے زیادہ دنیا کے پیچھے بھاگے گا وہ درد و الم میں گرفتار ہوگا۔ اور وہ آدمی اپنی امید بھی حاصل نہیں کر سکے گا۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ حریص شخص محروم ہوتا ہے اور حریص شخص اللہ کو بے حد ناپسند ہوتا ہے اور قابل مذمت ہوتا ہے۔

اس کی سوچ ہمیشہ باعث تشویش ہوتی ہے۔ اس کی تکالیف بہت ہوتی ہیں اور ہمیشہ مال حاصل کرنے کے لئے اسے دنیا

---

[1] سورہ معارج، آیت 19

[2] جامع السعادات 1000/2

میں نہ ہی فراغت نصیب ہوتی ہے اور نہ ہی وہ آخرت کی طرف مائل ہوتا ہے۔ [1]

1. قبر کی مٹی ہی حریص کا دوا ہوتی ہے

شیخ سعدیؒ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ایک شخص کے متعلق سنا ہوا تھا کہ جس کے پاس ایک سو پچاس اونٹ ہوتے تھے اور چالیس غلام اس کی خدمت میں ہوتے تھے۔ اور مختلف شہروں میں اس کے تجاراتی کارواں جاتے تھے۔

اتفاق سے ایک رات ''جزیرہ کش'' میں اس نے مجھے اپنے کمرے میں آنے کی دعوت دی اور میں اس کے کمرے میں گیا۔

آغاز شب سے لیکر صبح تک اس شخص کو آرام نہ آیا۔ وہ پریشان تھا اور کہہ رہا تھا کہ میرا فلاں سامان ترکمانستان میں پڑا ہوا ہے۔ اور فلاں مال میرا ہندوستان میں ہے۔ یہ فلاں زمین کا قبالہ ہے۔ فلاں شخص نے فلاں چیز گروی رکھی ہوئی اور فلاں شخص فلاں شخص کا ضامن ہے۔ اور میں اب چاہتا ہوں کہ میں سکندریہ جاؤں کیونکہ میں نے سنا ہے کہ وہاں کی آب و ہوا بہت خوشگوار ہے۔ لیکن اس وقت دریائے متوسط میں طوفان آیا ہوا ہے۔

سعدی! اس وقت میرے سامنے ایک اور بھی سفر ہے اور سوچتا ہوں کہ اس سفر کے بعد میں گوشہ نشین ہو جاؤں۔

میں نے پوچھا: ''اب آپ کون سا سفر درپیش ہے جس سفر کے بعد سفر چھوڑ کر گوشہ نشین ہو گے؟''

وہ کہنے لگا کہ میں چاہتا ہوں کہ ایران کے اخروٹ چین لے جاؤں میں نے سنا ہے کہ وہاں اس کی اچھی قیمت ہوتی ہے اور چین سے پیالے لیکر روم میں جا کر فروخت کروں اور ہندوستان سے فولاد لیکر شام کے شہر حلب جا کر فروخت کروں اور وہاں سے شیشے اور آئینے لیکر یمن چلا جاؤں اور انہیں فروخت کر کے یمن سے یمنی لباس خرید کر ایران میں جا کر فروخت کروں اور وہاں انہیں فروخت کر کے ایک چھوٹی سی دوکان لگا کر باقی کی زندگی اس گوشہ نشینی میں گزار دوں۔ اس طرح سے وہ شخص ساری رات دیوانہ وار گفتگو کرتا رہا حتیٰ کہ اس کی زبان تھک گئی۔ اب اس کے پاس بولنے کی بھی قوت نہ رہی پھر اس نے مجھ سے کہا کہ تم بھی جہاں گشت ہوں اور دنیا پھرتے رہے۔ تم نے بھی بہت کچھ دیکھا اور سنا ہے تم بھی مجھے نصیحت کرو۔

میں نے کہا کہ دنیا پرست اور حریص شخص کو صرف دو ہی چیزیں پر کر سکتی ہیں پہلی چیز قیامت ہے اور دوسری چیز قبر کی خاک ہے۔ [2]

2. حریص کی عیش اور اُس کا انجام

عمر بن عبدالعزیز ایک مشہور اموی خلیفہ گزرا ہے جو کہ بہت ہی بڑا عادل تھا۔ اس کی موت کے بعد یزید بن عبدالملک خلیفہ

---

[1] تذکرۃ الحقائق ص 33

[2] حکایتہای گلستان ص 166

بنا۔ اس نے عمر بن عبدالعزیز کے طور طریقوں کو چھوڑ دیا اور ان پر عمل نہ کیا۔ دن رات عیش وعشرت اور شراب نوشی میں مشغول رہتا تھا۔

اس کے پاس دو خوبصورت گانے والی کنیزیں تھیں جن کے نام "سلامہ اور حبابہ" تھے۔ اور وہ ہر وقت ان کی محفلوں میں مشغول رہتا تھا۔

حبابہ نے سلامہ سے خلیفہ کو بدزن کر دیا تھا اور اس نے خلیفہ کی باگ ڈور اپنے ہاتھوں میں لے لی تھی۔

خلیفہ کے بھائی مسلمہ بن عبدالمالک اس کے پاس آیا اور کہا: "دیکھو کہ عمر بن عبدالعزیز بہت بڑا عادل تھا اب تم خلیفہ بنے ہو تو تم نے پورا ملک حبابہ کے حوالے کر دیا ہے جب کہ لوگ تمہارے دیدار کے خواہش مند ہیں اور تم ہو کہ حبابہ کے دامن میں گھسے ہوئے ہو۔ اسے چھوڑ اور خلافت کے کام سرانجام دو۔"

اس نے ارادہ کر لیا کہ اپنے بھائی کی باتوں پر پوری توجہ دے گا اور اس نے فیصلہ کیا کہ جمعہ کے دن مسلمانوں کو جمعہ پڑھانے کے لئے جائے گا۔

حبابہ نے کنیزوں سے کہا کہ جب خلیفہ تیاری کر کے جانے لگے تو مجھے ضرور بتانا۔

جب خلیفہ تیار ہو کر جانے لگا تو کنیزوں نے اسے خبر کر دی وہ اپنے ہاتھ میں بربط لے کر سامنے آئی اور اس نے دلکش آواز میں اشعار پڑھے جن کا معنی یہ تھا اگر کسی سے عقل چلی جائے تو اس شخص کو ملامت نہ کرنا اس لئے کہ غم کی وجہ سے وہ شخص صابر ہو چکا ہے۔

جب خلیفہ نے یہ خوبصورت گانا سنا تو پھر دوبارہ اس کے عشق میں گرفتار ہو گیا اور کہنے لگا بس اب مزید کچھ نہ کہنا۔ اس کے بعد خلیفہ صاحب نے چند اشعار پڑھے جن کا مفہوم یہ ہے کہ زندگی خوش گزرانی کا نام ہے، زندگی اپنے مقصد حاصل کرنے کا نام ہے۔

پھر اس نے آواز دے کر کہا کہ جاناں! خدا ان لوگوں کو برباد کرے جو تیرے پیار کی وجہ سے مجھے سرزنش کرتے ہیں۔ غلام سے کہا کہ جاؤ میرے بھائی مسلمہ سے کہو کہ میں آج مسجد نہیں آسکتا آج وہ مسلمانوں کو نماز جمعہ پڑھا دیں۔ اور بعد میں اپنی عیش گاہ بیت الراس جو دمشق کے قریب ہے چلا گیا اور خلیفہ صاحب نے اپنے غلاموں سے کہا کہ دیکھو کہ لوگ ہمیں کہتے ہیں کہ ہر عیش ونوش میں تکلیف ہوتی ہے اور میں چاہتا ہوں کہ لوگوں کی اس بات کو جھوٹا ثابت کروں۔ وہ اپنی محبوبہ کو لے کر اس خلوت کے مقام پر چلا گیا اور بادہ نوشی میں مشغول ہو گیا اتفاق سے حبابہ انار کھا رہی تھی اور ایک انار کا دانہ اس کی سانس کی نالی میں چلا گیا وہ کافی دیر تک کھانستی رہی مگر وہ دانہ نہ نکل سکا جس کی وجہ سے حبابہ کی موت واقع ہو گئی۔ اور خلیفہ نے حبابہ کو دفن نہیں کرنے دیا اور دن رات اس کے مردہ جسم کے پاس بیٹھا اسے تکتا رہتا تھا۔ حتیٰ کہ تعفن پھیلانے لگا اور محل میں بدبو پھیلنے لگی۔

خلیفہ کے مصاحبین نے اسے سمجھایا تو اس نے حبابہ کو دفن کرنے دیا۔ اور خلیفہ صاحب کو حبابہ کی موت کا المیہ کا اتنا بڑا شاک جس کی وجہ سے وہ بھی پندرہ روز بعد رحلت کر گیا اور خلیفہ کو حبابہ کے پہلو میں دفن کر دیا گیا۔ [1]

---

[1] راہنمائی سعادت 657/3، تاریخ تمدن اسلام 86/1

3. عیسیٰ اور مرد حریص

حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایک شاگرد کو ساتھ لے کر سفر پر نکلے۔ راستے میں ایک جگہ پر آئے اور قیام کیا اور شاگرد سے پوچھا کہ تمہاری جیب میں کچھ ہے؟

اس نے کہا: جی ہاں میرے پاس دو درہم ہیں۔

آپؑ نے اپنی جیب سے ایک درہم نکال کر اسے دیا اور فرمایا: ''یہ تین درہم ہو جائیں گے۔ قریب ہی آبادی ہے تم وہاں سے تین درہموں کی روٹیاں لے آؤ۔

شاگرد گیا اور تین روٹیاں لیں۔ راستے میں سوچنے لگا کہ مسیح نے تو ایک درہم دیا تھا اور دو درہم میرے تھے۔ جبکہ روٹیاں تین ہیں ان میں سے آدھی روٹیاں نصیب ہونگی۔ لہٰذا بہتر ہے کہ میں ایک روٹی پہلے ہی کھالوں۔ چنانچہ اس نے راستے میں ایک روٹی کھائی دو روٹیاں لے کر عیسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپؑ نے روٹی کھائی اور شاگرد سے پوچھا: ''تین درہم کی کتنی روٹیاں ملی تھیں؟''

شاگرد نے جواب دیا: دو روٹیاں ملی تھیں ایک آپ نے کھائی اور ایک میں نے کھائی۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام وہاں سے روانہ ہوئے اور راستے میں ایک دریا آیا۔

شاگرد نے حیران ہو کر کہا: ''ہم دریا کیسے عبور کریں گے جبکہ یہاں تو کوئی کشتی نظر نہیں آتی؟''

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: مت گھبراؤ میں آگے چلوں گا تم میری عبا کا دامن تھام کر میرے پیچھے چلتے آؤ اور خدا نے چاہا تو ہم دریا پار کرلیں گے۔

چنانچہ جناب عیسیٰ علیہ السلام نے دریا میں قدم رکھا اور شاگرد نے بھی ان کا دامن تھام لیا۔ باذن خدا آپؑ نے دریا کو عبور کیا۔ ان کے پاؤں تک بھی گیلے نہ ہوئے۔

شاگرد نے یہ معجزہ دیکھ کر کہا: میری ہزاروں جانیں آپؑ پر قربان آپؑ جیسا صاحب اعجاز نبی آپ سے پہلے کوئی مبعوث ہی نہیں ہوا۔ آپ نے فرمایا: ''یہ معجزہ دیکھ کر تمہارے ایمان میں کچھ اضافہ ہوا؟''

شاگرد نے کہا: جی ہاں میرا قلب نور سے بھر گیا ہے۔ پھر آپؑ نے فرمایا: اگر تمہارا دل نورانی ہو گیا تو بتاؤ روٹیاں کتنی تھیں؟

شاگرد نے کہا: حضرت روٹیاں بس دو ہی تھیں۔

پھر آپ وہاں سے چلے۔ راستے میں ہرنوں کا ایک ٹولہ گزر رہا تھا۔ آپ نے ایک ہرن کو اشارہ کیا۔ وہ آپ کے پاس چلا آیا۔ آپؑ نے ذبح کر کے اس کا گوشت کھایا اور شاگرد کو بھی کھلایا۔

جب دونوں گوشت سے سیر ہو گئے تو حضرت عیسیٰ علیہ السّلام نے اس کی کھال پر پاؤں کی ٹھوکر ماری اور کہا ''قم باذن

اللہ" اللہ کے حکم سے زندہ ہوجا۔

ہرن زندہ ہوگیا اور دوڑتا ہوا اپنے گروہ سے جا ملا۔ شاگرد یہ معجزہ دیکھ کر حیران ہوگیا اور کہنے لگا: اللہ کا شکر ہے جس نے آپ جیسا نبی اور معلم عنایت کیا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: یہ معجزہ دیکھ کر تمہارے ایمان میں کچھ اضافہ ہوا ہے؟

شاگرد نے عرض کی: سبحان اللہ میرا ایمان پہلے سے دوگنا ہو چکا ہے۔

آپؑ نے فرمایا: پھر یہ بتاؤ کہ روٹیاں کتنی تھیں؟

شاگرد نے کہا: حضرت روٹیاں دو ہی تھیں۔

دونوں راستہ چلتے گئے اور ایک پہاڑ کے قریب سونے کی تین اینٹیں پڑی ہوئی تھیں۔ آپ نے فرمایا: ایک اینٹ تیری اور ایک اینٹ میری اور تیسری اینٹ اس کی ہے جس نے تیسری روٹی کھائی۔ یہ سن کر شاگرد نے شرمندگی سے جواب دیا: حضرت تیسری روٹی میں نے کھائی تھی۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے شاگرد کو چھوڑ دیا اور فرمایا: تینوں اینٹیں تم لے جاؤ۔ یہ کہہ کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام روانہ ہوگئے۔ اور حریص شخص اینٹوں کے قریب بیٹھا سوچ رہا تھا کہ اب ان کو گھر کیسے لے جائے۔

اسی اثناء میں تین ڈاکو وہاں سے گزرے انہوں نے دیکھا ایک شخص کے پاس سونے کی تین اینٹیں رکھی ہوئی ہیں۔ انہوں نے اسے قتل کر دیا۔ اور آپس میں کہنے لگے کہ ہم بھی تین ہیں اور اینٹیں بھی تین ہیں لہٰذا ایک ایک شخص کو ایک ایک اینٹ حصہ میں آتی ہے۔ اتفاق سے وہ بھوکے تھے انہوں نے ایک ساتھی کو پیسے دیئے اور کہا کہ شہر قریب ہے تم وہاں سے روٹیاں لاؤ اس کے بعد ہم اپنا حصہ جدا کریں گے وہ شخص روٹیاں لینے گیا اور دل میں سوچنے لگا اگر میں روٹیوں میں زہر ملا دوں تو وہ دونوں مر جائیں گے۔ اور تینوں اینٹیں میری ملکیت بن جائیں گی۔ ادھر اس کے دونوں ساتھیوں نے آپس میں مشورہ کیا کہ اگر ہم اس ساتھی کو قتل کر دیں تو ہمارے حصہ میں سونے کی ڈیڑھ اینٹ آئے گی۔

جب ان کا تیسرا ساتھی زہر آلود روٹیاں لیکر آیا تو انہوں نے منصوبہ کے تحت اس پر حملہ کر دیا اور اسے قتل کر دیا۔ پھر جب انہوں نے روٹی کھائی تو وہ دونوں بھی زہر کی وجہ سے ہلاک ہوگئے۔

جناب عیسیٰ علیہ السلام کا اس مقام سے گزر ہوا تو دیکھا کہ اینٹیں ویسی کی ویسی ہی رکھی ہوئی ہیں۔ مگر ان کے پہلو میں چار افراد کی لاشیں پڑی ہوئی تھیں۔ آپ نے یہ دیکھ کر ٹھنڈی سانس بھری اور فرمایا: "ھکذا تفعل الدنیا باھلھا" دنیا اپنے چاہنے والوں سے یہی سلوک کرتی ہے۔[1]

---

[1] پند تاریخ 124/2۔ انوار نعمانیہ ص353

4. ذوالقرنین

''ذوالقرنین'' سفر کرتے ہوئے بحر ظلمات تک پہنچا اور وہاں سے اس نے ایک محل دیکھا اور اس محل کے دروازے پر ایک جوان سفید لباس پہنے ہوئے کھڑا ہوا ہے۔ اور اس کی نگاہ آسمان کی طرف ہے اور اس کے دونوں ہاتھ اس کے لبوں پر ہیں۔

جوان نے اس سے پوچھا: ''اے شخص تو کون ہے؟''

اس نے جواب دیا: ''میں ذوالقرنین ہوں۔''

وہ جوان حضرت اسرافیل تھا اور اس نے اسے بتایا کہ میں اسرافیل ہوں اور قیامت کے دن میں صور پھونکوں گا اور اسی لئے میری نگاہ آسمان پر ہے کہ کب مجھے حکم ملے اور میں صور پھونکوں۔

پھر اس نے ایک پتھر اٹھا کر ذوالقرنین کو دیا اور بولا کہ اگر یہ پتھر سیر ہو گیا تو تو بھی سیر ہو جائے گا۔ اگر یہ پتھر بھوکا رہا تو تو بھی بھوکا رہے گا۔ حضرت ذوالقرنین وہ پتھر لے کر اپنے دوستوں کے پاس گئے۔ انہوں نے اس پتھر کو ترازو کے ایک پلڑے میں رکھا اور دوسری طرف اس نے اس جیسے ہزار پتھر رکھے اور ترازو میں وہی پتھر وزنی تھا۔ باقی تمام پتھر اس سے وزن میں کافی ہلکے تھے۔

حضرت خضر علیہ السلام وہاں گئے انہوں نے اس پتھر کو دیکھا۔ انہوں نے ایک اور پتھر اٹھا کر اس پر خاک ڈالی اور جب وزن کیا گیا تو دونوں پتھروں کا وزن برابر ہوا۔

حضرت ذوالقرنین نے جب حضرت خضر علیہ السلام سے اس کی وجہ پوچھی۔

حضرت خضر علیہ السلام نے بتایا کہ دراصل خداتعالیٰ تمہیں یہ بتانا چاہتا ہے کہ تو نے اتنے ممالک فتح کئے ہیں لیکن تو ابھی تک سیر نہیں ہوا۔ اور ابن آدم کبھی بھی سیر نہیں ہوتا جب تک مشت خاک اس کے چہرے پر نہ جائے اور اس کے شکم کو مٹی کے علاوہ اور کوئی چیز پر ہی نہیں کر سکتی۔

اس کے بعد ذوالقرنین رونے لگے اور واپس آ گئے۔

ایک اور دن وہ ایک قبرستان سے گزرے اور دیکھا کہ ایک شخص کھڑا ہوا ہے اور اس نے اپنے سامنے مختلف ہڈیاں اور کھوپڑیاں رکھی ہوئی ہیں اور ان کو اوپر نیچے کر رہا ہے۔

ذوالقرنین نے اس سے پوچھا کہ بھائی تم یہ کیا کر رہے ہو؟

اس شخص نے جواب دیا کہ میں غریبوں کی ہڈیاں کو بادشاہ کی ہڈیوں سے جدا کر رہا ہوں۔ لیکن مجھ سے جدا نہیں ہو رہی ہیں اور مجھے معلوم نہیں ہو رہا کہ ان میں سے بادشاہ کی ہڈیاں کون سی ہیں اور غریبوں کی ہڈیاں کون سی ہیں۔

اور حضرت ذوالقرنین کہتے ہیں کہ میں سمجھ گیا اس کا اشارہ میری طرف تھا۔ پھر انہوں نے فتوحات کا سلسلہ ترک کر دیا اور

دومۃ الجندل کے مقام پر انہوں نے قیام کیا اور اپنی باقی زندگی اطاعتِ خداوندی میں گزار دی۔ [1]

5. اشعب بن جبیر مدنی: (متوفی 152)

حرص اور طمع کی دنیا کا بے تاج بادشاہ اشعب بن جبیر مدنی گزرا ہے یہ اعلیٰ درجہ کا حریص اور طمع کار تھا۔ جیسے کھانے پینے کی ہر وقت فکر رہتی تھی۔ اس سے پوچھا گیا کہ تمہاری طمع اور لالچ کس درجہ پر پہنچی ہے۔ اس نے جواب دیا کہ اگر مجھے کسی گھر سے دھواں اٹھتا ہوا دکھائی دیتا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس گھر میں میرے لئے کھانا پک رہا ہے۔ پھر میں اس گھر کے باہر انتظار کرتا ہوں اور انتظار کرتے کرتے تھک جاتا ہوں لیکن میرے لئے اس گھر سے کھانا نہیں آتا۔ پھر میں خشک روٹی کو پانی میں بھگو کر کھا جاتا ہوں۔ جب کسی شخص کے مرنے کی مجھے اطلاع ملتی ہے تو میں اس جگہ پہنچ جاتا ہوں اور اس کے ورثاء سے ملکر اس کی تجہیز و تکفین کرتا ہوں۔ اور میرے دل میں یہ خیال ہوتا ہے کہ مرنے والے نے ایک تہائی اپنے مال کی مجھے دینے کی وصیت ضرور کی ہوگی۔ لیکن بعد میں اس شخص کی وصیت ظاہر نہیں ہوتی میں ناامید ہو کر اپنے گھر لوٹ جاتا ہوں۔ اور جب میں گلی کوچوں میں سے گزرتا ہوں تو اپنے دامن کو پھیلا لیتا ہوں اور میرے دل میں یہ خیال ہوتا ہے کہ اگر ایک شخص کوئی چیز اپنے دوسرے ہمسائے کو پھینکے اور اس کا نشانہ خطا ہو جائے اور عین ممکن ہے کہ وہ چیز میرے دامن میں گر جائے۔

ایک دن وہ ایک کوچے سے گزر رہا تھا۔ اس نے دیکھا کہ میدان میں بچے کھیل رہے تھے۔ اور وہ بچوں سے مخاطب ہو کر بولا: "بچو! تم ادھر کھیل رہے ہو جب کہ پچھلے چوک میں ایک شخص نے سرخ اور سفید سیبوں کا ڈھیر لگایا ہوا ہے اور خدا کی راہ میں تقسیم کر رہا ہے۔ بچے اس کی یہ بات سن کر اس چوک کی طرف بھاگ کھڑے ہوئے

جب اشعب نے بچوں کو دوڑتا ہوا دیکھا تو اس پر بھی حرص و طمع غالب آ گیا وہ بھی ان کے پیچھے دوڑنے لگا۔

کسی نے اس سے پوچھا کہ جھوٹی خبر تو دی ہے لیکن تو کیوں ان کے پیچھے دوڑا؟

اس نے جواب دیا: "بچے تو سچ سمجھ کر دوڑے اور میرے دل میں خیال آیا کہ واقعی اگر اس چوک پر سیب بانٹے جا رہے ہوں میں محروم نہ رہ جاؤں۔" [2]

---

[1] نمونہ معارف 234/4 بہ لطائف الاخبار ص 26

[2] لطائف الطوائف۔ 261

باب نمبر 31

حسد

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

"اَمْ یَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰی مَآ اٰتٰھُمُ اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ۔"

کیا یہ (دوسرے) لوگوں سے اس لیے حسد کرتے ہیں کہ اللہ نے انہیں اپنے فضل سے نوازا ہے؟[1]

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا:

"اِنَّ المومن یغبطُ ولا یَحْسِدُ۔"

''مومن رشک کرتا ہے لیکن حسد نہیں کرتا۔''[2]

مختصر تشریح

کفر کے دوستون ہیں ایک دل کا سیاہ ہونا اور دوسرا فضل الٰہی سے انکار کرنا اور انہی سے حسد جنم لیتا ہے۔ اس سے قبل کہ حاسد اگر کسی معصوم شخص کو اپنے حسد کی وجہ سے نقصان پہنچائے اسے خود ہی اپنے حسد کا نقصان ہوتا ہے۔ ابلیس لعین اس کی واضح مثال ہے وہ ابدی لعنت میں گرفتار ہو گیا اور جس سے اس نے حسد کیا تھا یعنی حضرت آدم علیہ السلام مقامِ نبوت پر فائز ہو گئے۔

حاسد کا میزان عمل ہمیشہ ہلکا ہوتا ہے اور باعثِ دوزخ ہوتا ہے۔ محسود کا میزان عمل ہمیشہ وزنی ہوتا ہے اور باعث جنت ہوتا ہے۔ قابیل نے اسی حسد کی وجہ سے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کیا۔ اور اسی حسد کی وجہ سے وہ جہنم کا ایندھن بنا اور ہابیل کا شمار شہیدوں میں ہوا۔ اور جنت میں پہنچا۔

اگر حسد کی صفت کسی شخص میں اچھی طرح سے راسخ ہو جائے تو کبھی بھی وہ توبہ نہیں کرے گا اور ہمیشہ دوسروں کے مال کے نقصان کی کوشش کرتا رہے گا۔[3]

---

[1] سورۂ نساء آیت 54

[2] جامع السعادات 195/2

[3] تذکرۃ الحقائق 49

1. حضرت عیسیٰ اور حاسد

داؤد رقی کہتے ہیں کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے سنا تھا آپ نے فرمایا تھا کہ حسد سے بچو ایک دوسرے سے حسد نہ کرو۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شریعت میں سیر و سیاحت کا حکم تھا۔ ایک مرتبہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنے ایک کوتاہ قد شاگرد کو ساتھ لے کر کہیں جا رہے تھے کہ راستے میں دریا آ گیا۔

حضرت عیسیٰ نے ''بسم الله بصحة يقين منه'' (اللہ کے نام کے سہارے اور اس پر یقین کی صحت کے سہارے) کہہ کر دریا میں قدم رکھا اور لہروں پر چلنا شروع کر دیا۔

شاگرد نے بھی استاد کی تقلید میں بسم اللہ بصحۃ یقین منہ'' کہہ کر دریا میں قدم رکھا اور لہروں پر چلتے ہوئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے قریب پہنچ گیا۔ پھر وہ دل میں سوچنے لگا کہ عیسیٰ بھی لہروں پر چلتے ہیں اور آج میں بھی متلاطم خیز موجوں پر چل رہا ہوں۔ مجھ میں اور عیسیٰ علیہ السلام میں کیا فرق ہے؟

یہ سوچنے کی دیر تھی کہ غوطے لگانے لگا اور عیسیٰ علیہ السلام کو مدد کے لئے پکارنے لگا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اس کے بازو کو پکڑا اور کہا: کہ تم نے کیا سوچا جس کی وجہ سے تم ڈوبنے لگے؟

شاگرد نے کہا: ''میں نے اپنے دل میں سوچا کہ مجھ میں اور عیسیٰ علیہ السلام میں کیا فرق ہے؟ جب کہ ہم دونوں ہی لہروں پر چل رہے ہیں۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: بندہ خدا تو نے بلند پرواز جاری کر دی اور اپنے نفس کی تعریف کی اس لئے تجھ پر اللہ کا غضب نازل ہوا ہے۔ اللہ کے حضور توبہ کر تا کہ تجھے سابقہ مقام دوبارہ مل سکے۔ پھر امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ''خدا سے ڈرو اور حسد سے پرہیز کرو اور یاد رکھو کہ حسد کی بنیاد خود پسندی پر ہے۔''[1]

2. عبداللہ ابن ابی کا انجام

جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ تشریف لے آئے تو یہاں ایک شخص عبداللہ ابن ابی جو کہ اہل مدینہ کا سردار تھا مدینہ میں آباد تھا۔ اور یہ شخص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بہت زیادہ حسد رکھتا تھا اور آپ کو قتل کرنے کے مختلف منصوبے بناتا رہتا تھا۔

ایک دفعہ اس نے اپنی بیٹی کے ولیمے میں حضرت رسول خداؐ اور حضرت علی اور چند دوسرے اصحاب کو منافقانہ چال چلتے ہوئے مدعو کیا۔

---

[1] شہید نمائی تاریخ 314۔ محجۃ البیضاء 328/5

اس نے اپنے گھر میں گڑھا کھدوا کر اس میں زہر آلود نیزے، تلواریں وغیرہ رکھ دیں اور اس کے اوپر قالین رکھ دیا۔
اس کے علاوہ اس نے زہر آلود کھانا تیار کروایا اور کچھ یہودیوں کو نیزے اور تلواریں دے کر اپنے گھر میں چھپا کر کھڑا کر لیا۔
اس کا منصوبہ یہ تھا کہ جیسے ہی رسول اکرم اس قالین پر قدم رکھیں گے تو اس گڑھے میں گر جائیں گے اور نیچے رکھی ہوئے نیزے اور تلواریں ان کے جسم میں پیوست ہو جائیں گی وہ ان سے نہیں بچ سکیں گے اور اگر جیسے ہی اس گڑھے میں سے کوئی باہر آنے کی کوشش کرے گا تو وہ تلوار بردار یہودی ان پر حملہ کر دیں اور اگر یہ منصوبہ ناکام ہو گیا تو زہر آلود غذا کے ذریعے سے ان کا کام تمام کر دیا جائے گا۔
اللہ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کے ذریعے اس کے حسد اور تدبیروں سے آگاہ کیا۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا کہ آپ کا خدا آپ کو حکم دیتا ہے کہ جہاں وہ آپ کو بیٹھنے کے لئے کہے تو وہاں پر آپ بیٹھ جائیں۔ جو غذا آپ کے سامنے پیش کرے آپ اسے قبول فرمائیں۔ میں آپ کو اس کے شر اور مکر سے پاک رکھوں گا۔
حضرت رسول کریمؐ، حضرت علیؑ اور چند دوسرے اصحاب عبداللہ ابن ابی کے گھر گئے۔ اس نے آپ کو قالین پر بیٹھنے کا اشارہ کیا۔ رسول کریمؐ اس قالین پر بیٹھ گئے لیکن وہ قالین ادھر ادھر نہ ہوا۔ عبداللہ تعجب کرنے لگا۔
پھر اس نے زہریلی غذا منگوائی۔ پھر آپؐ کے سامنے وہ زہریلی غذا رکھی گئی پھر رسول خدا نے حضرت علیؑ اور دوسرے اصحاب سے کہا کہ اس غذا پر یہ دعا پڑھی جائے۔

"بسم الله الشافی، بسم الله الكافی، بسم الله المعافی بسم الله الذی لا یضر مع اسمه شئی ولا داء فی الارض ولا فی السماء وهو السمیع العلیم۔"

اس کے بعد رسول خداؐ، امیر المومنینؑ اور باقی صحابہ نے کھانا تناول فرمایا۔ اور وہاں سے باہر آ گئے۔
اس کے بعد عبداللہ نے تعجب کیا اور یہ خیال کرنے لگا کہ غذا میں شاید زہر ملایا ہی نہیں گیا تھا۔ جو اس نے شمشیر بدست یہودی کھڑے کئے ہوئے تھے ان کو بھی وہی کھانا کھلایا لیکن وہ اس کے کھانے کے بعد فوراً مر گئے۔
اور اس کی وہ بیٹی جس کی شادی تھی جیسے ہی اس نے قالین پر قدم رکھا تو وہ نیچے گری اور اس کے رونے کی آوازیں بلند ہوتی اور وہ وہی تڑپ تڑپ ہلاک ہو گئی۔
عبداللہ نے لوگوں سے کہا کہ میری بیٹی کے مرنے کی وجہ کسی سے بیان نہ کرنا۔ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے پوچھا: ''سنا ہے کہ تمہاری بیٹی مر گئی اس کی کیا وجہ ہوئی؟''
عبداللہ نے جواب دیا: جی ہاں وہ چھت سے گری جس کی وجہ سے اس کی گردن ٹوٹی اور وہ مر گئی۔
رسول اکرمؐ نے کہا: ''کچھ اور لوگ بھی مر گئے۔''

اس نے جواب دیا: ''جی ہاں سب کے سب اسہال کی مرض میں مبتلا ہوئے اور مر گئے۔ [1]

3. حسد میں کتنی قوت موجود ہے؟

موسیٰ ہادی عباسی کے عہد حکومت میں بغداد میں ایک دولت مند شخص رہتا تھا۔ جس کا ہمسایہ اس سے حسد کیا کرتا تھا لیکن اس کے حسد کا دولت مند کی ذات پر کوئی اثر نہ ہوتا تھا۔

حاسد نے اپنے جذبہ حسد کو تسکین دینے کے لئے ایک لڑکا بازار سے خریدا اس کی خوب تربیت کی کہ یہاں تک کہ وہ جوان ہو گیا۔

ایک دن اس نے غلام کو بلا کر کہا: بیٹا میں نے تم سے ایک کام کرانا ہے بتاؤ سر انجام دو گے۔

غلام نے کہا: یہ بھی پوچھنے کی بات ہے آپ حکم کریں گے میں اس کی تعمیل کروں گا اگر آپ مجھے دریا یا آگ میں بھی چھلانگ لگانے کا حکم دیں گے تو بھی میں آپ کے حکم کی تعمیل کروں گا۔

غلام کی وفاداری دیکھ کر اسے سینے سے لگایا اور اس کا ماتھا چوم کر کہا: ''مجھے تم سے یہی امید ہے کہ تم میرے کہنے پر عمل کرو گے۔''

غلام نے کہا: آپ حکم تو کریں میں آپ کے ہر حکم کی تعمیل کروں گا۔

مالک نے کہا: ابھی اس کا وقت نہیں آیا۔ ایک سال بعد میں تمہیں اپنا کام بتاؤں گا۔

ایک سال گزر گیا تو اس نے غلام کو بلایا اور کہا: ''بیٹا! میری تمنا ہے کہ میرا دولت مند ہمسایہ قتل ہونا چاہئے۔

غلام نے کہا: ''تو کوئی بات نہیں میں اسے قتل کروں گا۔''

مالک نے کہا: نہیں میں اسے تمہارے ہاتھوں سے قتل نہیں کرانا چاہتا۔ ممکن ہے کہ تم اسے قتل نہ کر سکو اور مجھ پر اس کا الزام آجائے گا۔ میں نے اسے قتل کرانے کا ایک اور منصوبہ سوچ رکھا ہے اور تم سے میری درخواست یہی ہے کہ تم میرے بتائے ہوئے طریقے پر عمل کرنا۔

میں نے سوچا ہے کہ تم مجھے ہمسائے کی چھت پر لے جاؤ اور وہاں مجھے قتل کر دو اور جب میری لاش ہمسایہ کی چھت سے برآمد ہوگی تو میرے ورثاء عدالت کے ذریعے سے قصاص کا مطالبہ کریں گے اس طرح سے وہ شخص قتل ہونے سے نہیں بچ سکے۔

غلام نے جب یہ عجیب و غریب ترکیب سنی تو اس کو سخت تعجب ہوا۔ اس نے اپنے مالک سے کہا کہ وہ اس تجویز سے باز آجائے جس میں اس کی اپنی ہلاکت تو لازمی ہے اور دوسرے کی ہلاکت غیر یقینی ہے۔

مگر وہ شخص اپنی اس تجویز پر جما رہا اور غلام کو مجبور کیا کہ وہ اس کے حکم پر عمل کرے۔ یہاں تک کہ اس نے غلام کو راضی

---

[1] خزینۃ الجواہر 344۔ بحار الانوار ج 6

کرلیا۔ رات کے پچھلے پہر اس نے غلام کو بیدار کیا اور تیز چھری اس کے ہاتھ میں تھمائی اور اسے لیکر ہمسایہ کی چھت پر گیا۔ وہ چھت پر لیٹ گیا اور غلام نے اس کا کام تمام کردیا۔ اور چھت سے اتر کر گھر آ کر سو گیا۔ صبح ہوئی تو گھر والوں نے اس کو موجود نہ پا کر تلاش شروع کی۔ آخر کار ظہر کے وقت اس کی لاش دولت مند ہمسائے کے گھر سے برآمد ہوئی۔ اس کے گھر والوں نے قاضی کے پاس قتل کا مقدمہ دائر کیا۔ قاضی نے مالک مکان کو اپنی عدالت میں طلب کیا۔

مالک مکان نے صحت جرم سے انکار کردیا۔ لیکن قاضی نے اسے جیل بھیج دیا۔ چند دنوں بعد غلام چھوڑ کر اصفہان چلا گیا۔ وہاں اسے اس کا ایک دوست ملا۔ اس نے چند گواہوں کے سامنے اس واقعہ کا ذکر کیا تو انہوں نے والی اصفہان کو اطلاع دی۔

اصفہان کے والی نے غلام کو گرفتار کر کے بغداد بھیج دیا۔ جہاں اسے اس قاضی کی عدالت میں پیش کیا گیا جس کے پاس مقتول کا مقدمہ چل رہا تھا۔ قاضی نے غلام کے بیان کو سنا تو اس نے قیدی کو رہا کردیا اور غلام کو بھی آزاد کردیا۔ یوں ایک حاسد اپنے انجام کو پہنچا۔[1]

4. عورتوں میں حسد

ابن ابی لیلیٰ اہل سنت کے مشہور قاضی گزرے ہیں۔ ایک دن وہ منصور دوانقی کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ منصور نے کہا: ”بعض اوقات قاضیوں کے پاس بڑے دلچسپ مقدمات آتے ہیں۔ اگر تمہارے پاس بھی کوئی دلچسپ مقدمہ دائر ہوا ہو تو مجھے سناؤ۔“

ابن ابی لیلیٰ نے کہا: جی ہاں بعض اوقات ہمارے پاس دلچسپ مقدمات آتے ہیں۔ میں آپ کو ایک عجیب وغریب مقدمہ کا حال سناتا ہوں۔ ایک دن ایک بوڑھی اور بدصورت عورت میرے پاس آئی اور رو رو کر کہا کہ قاضی صاحب آپ مجھے انصاف دلائیں۔

میں نے پوچھا کہ تم پر کس نے ظلم کیا ہے؟

بڑھیا نے کہا: ”مجھ پر میری بھتیجی نے ظلم کیا ہے۔ آپ اس کے ظلم کا ازالہ کر کے مجھے انصاف فراہم کریں۔

میں نے عدالت میں اس کی بھتیجی کو بلایا اور وہ انتہائی خوبصورت عورت تھی، میرا خیال ہے کہ جنت کی حوریں اس سے زیادہ حسین نہیں ہوں گی۔

میں نے اس خاتون کو دفاع کا حق دیتے ہوئے پوچھا کہ اصل واقعات کیا ہیں؟

اس نے بتایا کہ میں اس بڑھیا کی بھتیجی ہوں اور یہ میری پھوپھی ہے۔ میں بچپن میں ہی یتیم ہوگئی تھی اور مجھے میری پھوپھی نے پالا پوسا جب میں جوان ہوئی تو میری پھوپھی نے میرا نکاح ایک زرگر سے کردیا۔ وہاں میں ہر طرح سے راضی خوشی زندگی بسر کرنے لگی۔ مگر میری یہ خوشی میری پھوپھی کو ایک آنکھ نہ بھائی۔ کیونکہ اس کی اپنی ایک کنواری بیٹی گھر میں بیٹھی تھی۔ اور میری پھوپھی یہ چاہنے لگی کسی طرح سے اس کی بیٹی کی شادی میرے شوہر سے ہوجائے۔

---

[1] داستانہای 138/2۔ مستدرک الوسائل ج 3 ذیل شرح حال فضل اللہ راوندی۔

اس نے اپنی بیٹی کو بناؤ سنگھار کر کے زرگر کو پھانسنے کا حکم دیا اور وہ آخر کار اس کی زلف کا اسیر ہو گیا۔ پھر میرے شوہر نے اس کی بیٹی کا رشتہ طلب کیا تو اس نے کہا: میں اس شرط پر تجھے اپنی بیٹی کا نکاح میں دوں گی کہ اگر تم اپنی پہلی بیوی کی طلاق کا حق مجھے تفویض کرو۔

اس کی بیٹی کی شادی کو ابھی چند ہی دن گزرے تھے میری پھوپھی نے مجھے طلاق دے دی۔ اور میں روتی دھوتی شوہر کے گھر سے پھوپھی کے گھر آ گئی۔ پھر میں نے اپنی پھوپھی سے انتقام لینے کا ارادہ کر لیا۔ جب اس کا شوہر گھر آتا تو میں خوب بن سنوار کر اس کے سامنے جاتی آہستہ آہستہ وہ میرا عاشق زار بن گیا۔ اور اس نے مجھے نکاح کی درخواست کی۔ میں نے نکاح کے لئے ایک شرط عائد کر دی کہ اگر وہ اپنی پہلی بیوی یعنی میری پھوپھی کا حق طلاق مجھے تفویض کر دے تو میں اس سے نکاح کر لوں گی۔

پس میری پھوپھی کے شوہر نے بے چون و چرا مجھے اپنی بیوی کا حق طلاق تفویض کر دیا۔

پھر میں نے اس سے نکاح کر لیا اور دوسرے دن اپنے حق کو استعمال کرتے ہوئے میں نے اپنی پھوپھی کو طلاق دے دی۔ اور یوں میری پھوپھی بڑھاپے میں بے آسرا ہو گئی۔ پھر قضائے قدرت سے چند ماہ بعد میرا یہ شوہر وفات پا گیا۔ اور میں بیوہ ہو گئی۔

عدت کے ایام گزرنے کے بعد میرے پہلے شوہر یعنی زرگر نے مجھ سے پھر رابطہ کیا اور نکاح کی دعوت دی۔ میں نے اس سے بھی شرط لگائی کہ اگر وہ اپنی موجودہ بیوی کی طلاق کا حق مجھے تفویض کر دے تو میں اس سے نکاح کر لوں گی۔

میرے سابق شوہر نے مجھے اپنا حق شرعی استعمال کرنے کی اجازت دے دی پھر میں نے اس سے نکاح کر لیا اور چند دنوں کے بعد میں نے اپنی سوکن کو طلاق جاری کر دی۔

یہ تمام واقعات سنا کر اس عورت نے مجھے کہا کہ قاضی صاحب! اب آپ خود فیصلہ کریں کہ میں نے کونسا جرم کیا ہے۔ میں اپنی پھوپھی کے بے جا حسد کا شکار ہوئی تھی۔ اور میں نے اس کی تلافی کی ہے۔ [1]

5. حاسد کا انجام

معتصم باللہ مشہور عباسی خلیفہ گزرا ہے۔ ایک بادیہ نشین سے اس کی دوستی ہو گئی اور دوستی اس قدر مستحکم ہوئی کہ وہ دیہاتی اجازت کے بغیر اسے ہر وقت مل سکتا تھا۔ اس دیہاتی کی عادت تھی وہ ہمیشہ یہ الفاظ کہا کرتا تھا: خدایا نیک کو جزا دے اور برے کو سزا دے۔

معتصم کا ایک وزیر نہایت تنگ نظر تھا۔ معتصم سے دیہاتی کی یہ دوستی اسے ایک آنکھ نہ بھاتی تھی اور وہ دل میں سوچا کرتا کہ اگر اس دیہاتی کا اثر رسوخ مزید بڑھ گیا تو ممکن ہے کہ خلیفہ مجھے معزول کر کے میری جگہ اس دیہاتی کو ہی کہیں اپنا وزیر نہ بنا لے۔

چنانچہ وہ اپنے ذہن میں ہمیشہ اس کو رسوا کرنے کے بہانے تراشا کرتا تھا۔ آخر کار اس نے دیہاتی سے دوستی کر لی۔ اور

---

[1] پند تاریخ 156 / 2۔ اعلام الناس۔ اقلیدی ص 44

اسے اپنے گھر دعوت طعام دے ڈالی۔ جب دیہاتی کھانے سے فارغ ہوا تو وزیر نے اس سے پوچھا کہ اب وہ کہاں جائے گا؟

دیہاتی نے کہا: میں خلیفہ کے دربار جاؤں گا۔

وزیر نے اس سے کہا: ہم نے جو سالن کھایا ہے اس میں لہسن بہت زیادہ تھا اور بادشاہ کو لہسن کی بو سے سخت نفرت ہے لہٰذا جب تم دربار میں بیٹھو تو اپنے منہ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھنا۔

اس کے بعد وہ وزیر اس دیہاتی کے جانے سے پہلے خلیفہ کے پاس پہنچا اور کہا کہ آپ نے اس جاہل دیہاتی کو خواہ مخواہ سر پر چڑھایا ہوا ہے جبکہ اس کی حالت یہ ہے کہ وہ لوگوں میں کہتا ہے کہ خلیفہ کے منہ سے ہر وقت بدبو آتی ہے اور میں اس بدبو سے بہت تنگ ہوں۔ کچھ دیر بعد وہ دیہاتی معتصم کے دربار میں آیا اور خلیفہ کے پاس ایک کرسی پر بیٹھ گیا۔ مگر آج خلاف معمول منہ پر ہاتھ رکھا ہوا تھا۔ خلیفہ کو یہ دیکھ کر وزیر کی بات کا یقین آ گیا۔ خلیفہ نے ایک رقعہ لکھ کر اسے لفافہ میں بند کیا اور اس پر اپنی مہر لگائی پھر وہ رقعہ اپنے دیہاتی دوست کو دے کر کہا، تم یہ رقعہ لے کر فلاں کے پاس جاؤ۔

دیہاتی وہ رقعہ لے کر جا رہا تھا کہ راستے میں وزیر سے ملاقات ہوئی۔ وزیر نے پوچھا کہ کہاں جا رہے ہو؟

اس نے بتایا کہ خلیفہ کا رقعہ لے کر فلاں حکومت کے کارندے کے پاس جا رہا ہوں۔

وزیر سمجھا کہ ہو نہ ہو اس رقعہ میں خلیفہ نے اس کے لئے انعام کی سفارش کی ہے۔ لہٰذا وزیر نے اس سے کہا: تم یہ رقعہ خود لے کر نہ جاؤ یہ رقعہ مجھے دے دو میں تمہاری جگہ چلا جاتا ہوں۔

دیہاتی نے جتنا انکار کیا وزیر کا اصرار اتنا ہی بڑھتا گیا۔

آخر کار وزیر نے دو ہزار دینار کے عوض اس سے رقعہ حاصل کر لیا۔

دیہاتی رقم لے کر اپنے گھر چلا گیا۔ اور وزیر نے وہ رقعہ متعلقہ شخص کو پہنچا دیا۔ رقعہ میں تحریر تھا کہ اس بے ادب کا سر قلم کر دیا جائے۔

چنانچہ حکم کی فوری تعمیل ہوئی اور خلیفہ کے غلام نے بے دریغ وزیر کا سر قلم کر دیا۔

جب چند روز تک خلیفہ کو وزیر نظر نہ آیا تو اس نے وزیر کے متعلق پوچھا کہ ہمارا وزیر کہاں ہے؟

درباریوں نے بتایا: آپ نے خود رقعہ لکھ کر اسے دیا اور وہ قتل ہو گیا ہے۔

خلیفہ نے کہا: اس دیہاتی کا تمہیں کوئی پتہ ہے؟ تو انہوں نے کہا: جی ہاں وہ شہر آیا ہوا ہے۔ خلیفہ نے کہا: اسے میرے سامنے پیش کیا جائے۔

تھوڑی دیر بعد دیہاتی خلیفہ کے سامنے کھڑا تھا۔ خلیفہ نے اس سے واقعات کی تفصیل دریافت کی تو اس نے سارا قصہ سنایا۔ پورا واقعہ سن کر معتصم باللہ نے کہا: قتل اللہ الحسد بدء بصاحبہ "خدا حسد کو برباد کرے اس نے حاسد ہی سے ابتداء کی۔ [1]

---

[1] رنگارنگ 358/1

باب نمبر 32

حق و باطل

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے۔

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۚ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا ﴿٨١﴾

اور کہہ دیجیے: حق آ گیا اور باطل مٹ گیا، باطل کو تو یقیناً مٹنا ہی تھا۔ [1]

حضرت علی علیہ السلام کا فرمان ہے۔

ظلم الحق من نُصَرَ الباطل

''جو شخص باطل کی مدد کرتا ہے وہ حق پر ظلم کرتا ہے۔'' [2]

مختصر تشریح

حق و باطل کی شناخت کے بھی بہت سے مراتب ہیں مختلف لوگوں کی اس میں مختلف کیفیات ہیں۔ حق کے متعلق قاعدہ یہ ہے کہ قلب خدا کی طرف مائل رہے اور اس کے حقائق کو تسلیم کرے اور اس کے حکم کی طرف جھک جائے۔

دوسری طرف باطل جو کہ نواہی اور غیر خدائی احکامات پر مشتمل ہے قلب اس سے نفرت کرے اور ان سے دوری کا اختیار کرے۔

صاحب تقویٰ شخص سمجھ لیتا ہے کہ جو چیز غیر خدا کی طرف سے ہو وہ باطل ہوتی ہے اور ختم ہو جاتی ہے۔ اور باطل چیز انسان کو حقائق سے بھی دور رکھتی ہے۔ جو چیز ہمیشہ سلامت رہتی ہے وہ حق ہے لہٰذا انسان کو چاہئے کہ حق کے ساتھ متصل رہے اور باطل سے دوری اختیار کرے۔

1. مرنے والے مسلمان کا حق

''زرارہ'' بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میں امام محمد باقر علیہ السلام کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا تو اس وقت قبیلہ قریش کا کوئی

---

[1] سورۂ بنی اسرائیل آیت 81

[2] غرر الحکم ح 4041

شخص فوت ہو گیا۔ امام علیہ السلام جنازے کی مشایعت کے لئے چلے مشایعت کرنے والوں میں مکہ کا ''مفتی عطا'' بھی شامل تھا۔

جنازے کے ساتھ ایک عورت زور زور سے چیخ و پکار کر رہی تھی۔ ''عطا'' نے اس عورت سے کہا کہ بی بی خاموش ہو جاؤ اگر آپ خاموش نہ ہوئی تو میں واپس چلا جاؤں گا۔ لیکن وہ عورت خاموش نہ ہوئی تو عطا واپس چلا گیا۔

میں نے امام عالی مقام کی خدمت میں عرض کیا کہ عطا تو واپس چلا گیا۔

امام علیہ السلام نے پوچھا کہ وہ کیوں؟

میں نے عرض کیا: ''مولا! یہ عورت چیخ و پکار کر رہی تھی اور ''عطا'' نے اس سے کہا کہ بی بی خاموش ہو جاؤ۔ لیکن یہ خاموش نہ ہوئی تو اس وجہ سے عطا واپس چلا گیا۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: ''کوئی بات نہیں تم میرے ساتھ رہو ہم جنازے کے ساتھ جائیں گے اگر حق کے ساتھ کچھ باطل مل بھی جائے تو تھوڑے سے باطل کی وجہ سے حق کو چھوڑا نہیں جاتا۔ مسلمان کے حق کی ادائیگی کرنا انتہائی ضروری ہے''۔ مقصد یہ تھا کہ ایک مسلمان کے جنازے کی مشایعت کرنا حق ہے۔ اور ایک عورت کے رونے دھونے کی وجہ سے اسے چھوڑا تو نہیں جا سکتا۔

جب نماز جنازہ ہو گئی تو اس متوفی کے وارث نے امام علیہ السلام سے عرض کی: مولا! خدا آپ پر رحم کرے آپ پیدل چلنے کے عادی نہیں ہیں اگر آپ جانا چاہتے ہیں تو بے شک جا سکتے ہیں۔''

امام نے فرمایا: نہیں میں جنازے کے ساتھ چلوں گا۔''

میں نے عرض کیا: مولا! جب متوفی کا وارث آپ کو جانے کی اجازت دے رہا ہے اور آپ کو گھر چلے جانا چاہیے۔''

حضرت نے فرمایا: اگر تمہیں کوئی کام ہے تو تم چلے جاؤ اور اپنا کام کاج کرو، میں اس شخص سے اجازت لیکر یہاں نہیں آیا تھا جو اس کی اجازت کے ساتھ واپس چلا جاؤں۔ میں تو اس اجر و ثواب کی تلاش میں آیا ہوں جو کسی مسلمان شخص کے جنازے کی مشایعت کرنے کی وجہ سے ملتا ہے۔''[1]

2. معاویہ ابن یزید: (معاویہ ثانی)

یزید لعین نے تین سال تک حکمرانی کی تھی اور اس اثناء میں اس نے فرزند رسول حضرت امام حسینؑ کو کربلا میں شہید کیا۔ مکہ و مدینہ کو اس نے تباہ و برباد کر دیا اور خانہ کعبہ پر اس نے پتھروں کی بارش کرائی۔

اس کی موت کے بعد اس کا بیٹا معاویہ (ثانی) تخت نشین ہوا۔

جب وہ رات کو سوتا تو ایک کنیز اس کے سرہانے کھڑی ہوتی اور دوسری اس کے پاؤں کی طرف کھڑے ہو کر اس کی حفاظت کا کام سرانجام دیتی تھیں۔

---

[1] با مردم اینگونہ برخورد کنیم ص 55۔ کافی 171/3

ایک دفعہ خلیفہ بستر پر سویا تھا لیکن وہ حالت نیند میں نہ تھا ان کنیزوں کو لگا کہ وہ نیند میں ہے۔ اور دونوں کنیزوں نے آپس میں بات شروع کی۔

جو کنیز سرہانے کھڑی تھی اس نے دوسری سے کہا: "تجھے شاید معلوم ہے کہ نہیں کہ خلیفہ تیری نسبت مجھے زیادہ پیار کرتا ہے اگر ایک دن میں وہ مجھے تین مرتبہ دیکھ نہ لے تو اس وقت تک اس کو آرام نہیں آتا۔"

دوسری نے کہا: "تم دونوں جہنم میں جاؤ گے۔"

معاویہ ابھی بیدار تھا اور اس نے اس بات کو سنا تو ارادہ کیا کہ ابھی تلوار اٹھا کر اس کا سر قلم کر دے لیکن اس نے اٹھنے سے گریز کیا اور جاننا چاہتا تھا کہ یہ بحث و تکرار کہاں تک جاتی ہے۔

پہلی کنیز نے اس کی وجہ پوچھی تو دوسری نے جواب دیا: "معاویہ اور یزید جو اس معاویہ کے باپ دادا تھے وہ خلافت کے غاصب تھے اور یہ مقام خاندان نبوت کو زیب دیتا ہے۔

معاویہ ثانی جو بظاہر سویا ہوا تھا جب اس نے یہ باتیں سنی تو اس نے اچھی طرح سے غور و فکر کیا اس نے اپنے ذہن میں یہ فیصلہ کیا کہ وہ خلافت چھوڑ کر اس کے حقدار کے حوالے کریگا۔

جب صبح ہوئی تو اس نے اعلان کیا کہ لوگوں کو مسجد میں اکٹھا کیا جائے جب مسجد لوگوں سے بھر گئی تو اس نے اعلان کیا کہ خلافت سے دستبردار ہوتا ہوں اور خلافت امام سجاد علیہ السلام کے حوالے کرتا ہوں۔ اس کے بعد وہ اپنے گھر کی طرف گیا اور اس نے اپنے آپ کو کمرہ میں بند کر لیا۔ اور اس کی ماں کمرہ کے دروازے پر چیخ چیخ کر یہ کہہ رہی تھی کہ کاش تو حالت حیض میں ضائع ہو جاتا اور آج مجھے یہ دن نہ دیکھنا پڑتا۔ اس کے جواب میں معاویہ ثانی نے کہا: کاش ایسا ہی ہوتا اور میں یزید کا بیٹا نہ ہوتا۔ اس کے بعد معاویہ کی ماں نے مروان ابن الحکم سے شادی کر لی اور مروان تخت نشین ہو گیا۔

معاویہ چالیس دن تک گھر سے باہر نہ آیا۔ اور کچھ دنوں بعد حق شناس معاویہ کو زہر دے کر قتل کر دیا گیا۔ [1]

3. حق کو تسلیم کرنا

ایک مرتبہ حضرت "سعید ابن حسیب" "مسجد نبوی میں بیٹھے ہوئے تھے کہ انہوں نے دیکھا کہ ایک شخص بلند آواز میں نماز پڑھنے میں مشغول ہے۔ اس کی آواز بہت ہی خوبصورت تھی اور با آواز بلند نماز پڑھ رہا تھا۔

سعید نے اپنے غلام سے کہا کہ تم اس نمازی کے پاس جاؤ اور اس سے کہو کہ آہستہ نماز پڑھے۔

غلام نے کہا: جناب! یہ مسجد نہ تو میری ملکیت ہے اور نہ ہی آپ کی۔ اس مسجد میں سب مسلمانوں کا حصہ ہے اور اس شخص کا بھی اس مسجد میں حصہ ہے۔

---

[1] داستانھا و پندھا 154/1 - جامع النورین ص 316

سعید نے بلند آواز سے کہا: "اے نماز پڑھنے والے اگر تو نماز خدا کے لئے پڑھ رہا ہے تو اپنی آواز مدہم کرلے اور اگر تو یہ نماز دنیا کے دکھاوے کے لئے پڑھ رہا ہے تو یہ نماز تجھے کوئی فائدہ نہیں دے گی۔"

نمازی نے حق کی یہ بات نماز میں سنی تو اس نے باقی نماز مدہم آواز میں پڑھی جیسے ہی سلام ختم کیا تو اپنے جوتے اٹھا کر مسجد سے باہر چلا گیا۔ جیسے ہی لوگوں نے دیکھا تو وہ امیر مدینہ عمر عبدالعزیز تھے۔ [1]

4. مست حق شناس

ذوالنون مصری بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ میرے دل نے چاہا کہ میں کچھ دیر کے لئے صحرا کی طرف جاؤں میں شہر سے باہر آیا اور دریائے نیل کے کنارے چل رہا تھا۔

اچانک میں نے دیکھا کہ ایک سیاہ بچھو بڑی تیزی سے دوڑتا ہوا جارہا تھا اور میں نے سوچا کہ وہ اتنی تیزی سے کہاں جارہا ہوگا۔ جیسے ہی وہ بچھو پانی کے نزدیک پہنچا تو میں نے دیکھا کہ بہت بڑا مینڈک پانی کے کنارہ آیا ہوا تھا اور بچھو اس کی پشت پر سوار ہوا اور مینڈک بچھو کو لے کر دوسرے کنارے کی طرف تیزی سے تیرنے لگا۔ اور میں نے اپنے دل ہی دل میں سوچا کہ ہو نہ ہو اس بات میں کوئی راز مضمر ہے۔ اور وہ راز جاننے کے لئے میں بھی دریا میں تیرنے لگا پھر میں بھی دریا کے دوسرے کنارے پر پہنچ گیا۔

میں نے دیکھا کہ مینڈک خشکی پر آیا اور اس نے بچھو کو خشکی پر اتارا۔ اس کے بعد بچھو بڑی تیزی سے ایک طرف دوڑنے لگا۔ میں بھی اس کے پیچھے دوڑنے لگا۔

میں نے دیکھا کہ ایک درخت کے نیچے ایک جوان سویا ہوا ہے اور ایک سیاہ رنگ کا سانپ اسے ڈسنے کے لئے آگے بڑھ رہا تھا۔ وہاں پر بچھو پہنچا اس نے ڈنک مار کر اس سانپ کو ہلاک کیا۔ پھر وہی بچھو دوبارہ دریا کی طرف آیا اور اسی طریقے سے یعنی مینڈک کی پشت پر سوار ہو کر دریا کی دوسری جانب چلا گیا۔

میں حیران رہ گیا اور اپنے آپ سے کہا کہ یہ شخص یقیناً خدا کے اولیاء میں سے ہے۔ اور چاہتا تھا کہ اس شخص کے پاؤں کو بوسہ دوں لیکن میں نے اسے دیکھ کر پہچان لیا کہ یہ تو ایک مدہوش انسان تھا اور میرے تعجب کی کوئی انتہا نہ رہی۔ میں نے صبر کیا یہاں تک کہ جب تک وہ بیدار نہ ہوا۔ جب وہ بیدار ہوا تو مجھے اپنے سرہانے پا کر پریشانی سے مجھ سے کہا کہ اے اہل زمانہ کے مقتداء، آپ مجھ جیسے گناہگار کے پاس آئے ہیں اور میرا اتنا احترام کررہے ہیں۔ میں نے اس جوان سے کہا کہ آپ یہ باتیں نہ کریں آپ سب سے پہلے اس سانپ کو دیکھیں۔ جب اس نے سانپ کو دیکھا تو تعجب سے اپنے سر پر ہاتھ رکھا اور کہا کہ کیا ماجرا ہے؟

میں نے اسے بچھو، مینڈک اور اس سانپ کا سارا واقعہ سنایا تو اس نے آسمان کی طرف منہ کر کے کہا: "خداوندا! اگر تو اپنے مست بندوں پر اتنا مہربان ہے تو نہ جانے تو اپنے دوستوں پر کتنا مہربان ہوگا؟"

[1] شنیدانی تاریخ ص 18۔ محجۃ البیضاء 230/2

یہ کہا دریائے نیل میں غسل کیا، توبہ کی اور دن ورات عبادات میں مصروف ہو گیا۔

پھر خدا نے اسے اتنا مرتبہ دیا کہ جب بھی وہ کسی مریض کے پاس جا کر اس کی صحت یابی کی دعا کرتا تو وہ مریض تندرست ہو جاتا تھا۔[1]

5. حضرت ابوذر کی حق شناسی

جب حضرت ابوذر نے سنا کہ مکہ میں ایک پیغمبر مبعوث ہوا ہے تو اس نے اپنے بھائی انیس سے کہا کہ مکہ جاؤ اور وہاں کے حالات سن کر آؤ۔ ان کا بھائی مکہ آیا اور رسول خدا کی باتیں سنیں اور جا کر ابوذر کو بتایا۔ ابوذر نے اپنے بھائی سے کہا کہ تیری باتیں سن کر میرے دل کی آتش خاموش نہیں ہوئی۔ لہٰذا انہوں نے سفر کی تیاری کی اور مکہ میں وارد ہوئے اور مسجد الحرام کے ایک کونے میں بیٹھ گئے۔

تیسرے دن حضرت علی علیہ السلام کے ساتھ خفیہ طریقے سے رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ سے آپ کا نام پوچھا حضرت ابوذر نے اپنا نام بتایا اور وہ قرآن مجید کی چند آیات سن کر مشرف بہ اسلام ہو گئے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپؓ سے فرمایا: "اب تم اپنے گھر واپس چلے جاؤ۔ مکہ میں مت ٹھہرو کیونکہ مجھے خوف ہے کہ کہیں کفار مکہ تم پر ظلم نہ کریں۔"

ابوذر نے کہا: "مجھے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے میں مکہ والوں کے سامنے جا کر اپنے اسلام کا اظہار کروں گا۔"

حضرت ابوذر اٹھے اور مسجد الحرام میں آئے اور وہاں انہوں باآواز بلند کلمہ طیبہ پڑھا۔ اور اس کے مقابلے میں کفار نے ان کو خوب مارا یہاں تک کہ وہ بے ہوش ہو کر زمین پر گر گئے۔ اس موقع پر رسول اللہ کے چچا عباس آئے اور کفار سے کہا کہ اہل مکہ تم پر افسوس ہو تم نے جس شخص کو مارا ہے اس کا تعلق قبیلہ غفار سے ہے اور جب تم شام کا سفر کرتے ہو تو بنی غفار کے راستے سے تم کو جانا پڑتا ہے۔ اور اگر تم نے اسے مزید مارا تو بنی غفار تمہارا تجارتی راستہ بند کر دیں گے۔ یہ سن کر لوگوں نے اسے چھوڑ دیا۔

دوسرے دن بھی حضرت ابوذر آئے اور مسجد الحرام میں باآواز بلند کلمہ طیبہ پڑھا تو مردوں نے انہیں دوبارہ سزائیں دیں اور دوسری مرتبہ بھی حضرت عباس نے ان کو لوگوں سے نجات دلائی اور اس کے بعد وہ اپنے گھر واپس آ گئے۔[2]

---

[1] جوامع الحکایات ص ۴۰۳۔ ریاض السالکین

[2] پیغمبر و یاران 45 / 1۔ اعیان الشیعہ ص 3 / 6

باب نمبر 33

حلال وحرام

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالی ہوتا ہے۔

یَاأَیُّهَا النَّاسُ كُلُوا مِمَّا فِي الْأَرْضِ حَلَالًا طَيِّبًا

لوگو! زمین میں جو حلال اور پاکیزہ چیزیں ہیں انہیں کھاؤ۔ [1]

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کا فرمان ہے۔

إِنَّ الْحَرَامَ لَا يَنْمِي وَإِنْ نَمِيَ لَمْ يُبَارَكْ فِيهِ.

''بے شک حرام میں نشوونما نہیں ہوتی اور اگر ہو بھی جائے تو اس میں برکت نہیں رہتی۔'' [2]

مختصر تشریح

حلال کھانے والے کا انجام اچھا ہوتا ہے۔ انبیاء اولیاء اور بزرگان دین ہمیشہ حرام سے اجتناب کرتے تھے۔ وہ اپنی امتوں کو حلال کھانے کی ترغیب دیتے تھے اور حرام کھانے سے منع کرتے تھے۔

حرام خوری سے دل سخت ہو جاتا ہے دل کی سختی بہت بڑی بیماری ہے جس کا اثر آنے والی نسلوں پر بھی ہوتا ہے حرام کھانے والا شخص دراصل خدا کے ساتھ جنگ کر رہا ہوتا ہے۔ وہ شخص جس کا انجام صرف چند میٹر کفن اور قبر کے لئے دو گز زمین ہو اسے کیا ضرورت ہے کہ مال حرام اکٹھا کرے۔ اور وہ مال اس کے بعد آنے والے اپنے تصرف میں لائیں وہی مال اس کے لئے وبال جان بن جائے گا۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک حدیث میں فرمایا کہ عبادت کے ستر حصے ہیں اور ان میں افضل ترین حصہ طلب رزق حلال ہے۔ [3]

---

[1] سورۂ بقرہ 168

[2] جامع السعادت 167/2

[3] سفینۃ البحار 298/1

طلب رزق حلال کی وجہ سے دل کو نورانیت نصیب ہوتی ہے اور عبادات کو قبولیت کا درجہ ملتا ہے۔ حلال کھانے والے شخص کی خدا ہمیشہ حفاظت کرتا ہے۔

1. یہود اور حرام غذا

یہ ان دنوں کی بات ہے جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر سات برس کی تھی۔ اور آپ اپنے چچا حضرت ابوطالبؑ کے ساتھ سفر شام پر جا رہے تھے تو راستے میں یہودیوں نے آپ کی وہ نشانیاں دیکھیں جو ان کی کتابوں میں آخری نبی کی نشانیاں تھیں اور آپس میں کہنے لگے کہ ہماری کتابوں میں جو پیغمبر اسلام کی ایک نشانی لکھی ہوئی ہے وہ حرام غذا اور شبہ حرام غذا کھانے سے پرہیز کریں گے آئیں آج اِن کا امتحان لیتے ہیں۔

انہوں نے ایک چوری کیا ہوا مرغ بھیجا اور حضرت ابوطالب سے کہا کہ یہ مرغ ہماری طرف سے ہدیہ ہے آپ اسے پکا کر کھائیں۔ جب مرغ پک کر تیار ہوا تو سب نے کھایا لیکن رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ کھایا۔ جب آپ سے وجہ پوچھی گئی تو آپؐ نے فرمایا کیونکہ یہ حرام غذا تھی اور اللہ تعالیٰ مجھے حرام کھانے منع کیا ہے۔ اس واقعہ کے بعد یہودیوں نے ایک اور مرغ حضرت ابوطالبؑ کے پاس بھیجا اور کہا کہ ہم کچھ عرصے تک اس مرغ کی قیمت مالک کو ادا کر دیں گے۔

پھر وہ مرغ پکایا گیا لیکن اس دفعہ بھی آپؐ نے وہ مرغ نہ کھایا۔ جب آپؐ سے اس کی وجہ پوچھی گئی تو اس کے جواب میں رسول خدا نے فرمایا ایسی غذا بھی میرے لئے حرام ہے جس میں حرام کا شبہ ہو۔

جب یہود کو اس واقع کی اطلاع ملی تو کہنے لگے کہ خدا کی قسم یہی وہ بچہ ہے جسے کائنات میں بہت بڑی عزت اور بڑا مقام ملے گا۔[1]

2. حرام کا طبق

جس وقت امام محمد باقر علیہ السلام منصور دوانیقی کی قید میں تھے تو آپؑ بہت کم غذا کھاتے تھے۔ ایک دن ایک نیک خاتون نے جو کہ اہل بیت نبوت سے مودت رکھتی تھی حلال کی دو روٹیاں اپنے ہاتھوں سے تیار کر کے آپؑ کی طرف بھیجیں۔

زندان کے داروغہ نے امام علیہ السلام سے کہا فلاں عورت جو آپ سے عقیدت رکھتی ہے اس نے یہ دو روٹیاں اپنے رزق حلال سے تیار کر کے آپؑ کی خدمت میں بھیجیں ہیں اور وہ قسم کھا کر کہتی تھی کہ یہ بالکل رزق حلال سے تیار کیں ہیں تا کہ امام علیہ السلام تناول فرما سکیں۔

لیکن امام علیہ السلام نے وہ روٹیاں نہ کھائیں اور واپس کر دیں اور کہا کہ اس خاتون سے کہنا کہ میں جانتا ہوں تمہارا طعام

---

[1] درسھایی از زندگی پیامبر ص 39۔ بحار الانوار 336/15

بالکل حلال ہے مگر جس طبق پر تم نے رکھی ہیں وہ طبق حرام کا تھا۔ اس لئے یہ کھانا ہمارے لیے صحیح نہیں ہے۔ [1]

3. دامِ شیطان

آیت اللہ شیخ مرتضیٰ انصاری کا ایک طالب علم بیان کرتا ہے کہ جب میں نجف اشرف میں شیخ صاحب کے پاس زیر تعلیم تھا تو ایک رات میں نے عالم خواب میں شیطان کو دیکھا جس کے پاس بہت بڑی رسیاں اور طنابیں تھیں۔

میں نے شیطان سے پوچھا کہ ان رسیوں سے تم کیا کرو گے؟

اس نے جواب دیا کہ میں رسیاں انسان کی گردن میں ڈالتا ہوں پھر اس کے بعد انہیں اپنی طرف کھینچ لیتا ہوں۔

گذشتہ دنوں میں نے ایک محکم رسی تمہارے شیخ کی گردن میں بھی ڈالی تھی اسے اس کے کمرے سے نکال کر اس کو چوتک لے آیا تھا۔ لیکن افسوس یہ ہے کہ وہ میرے ہاتھ سے نکل گیا اور واپس چلا گیا۔

دوسرے روز جب صبح ہوئی تو میں شیخ صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان کو اپنا خواب سنایا تو انہوں نے کہا: ہاں شیطان نے بالکل سچ کہا ہے اس لعین نے مجھے فریب دینا چاہا تھا۔ اللہ کا لطف و کرم میرے شامل حال ہوا اور میں اس کی گرفت سے بچ گیا۔ کل میرے پاس کچھ بھی رقم موجود نہ تھی۔ اتفاقاً مجھے ضرورت محسوس ہوئی تو میں نے اپنے آپ سے کہا کہ ابھی میرے پاس امام زمانہ کا ایک ریال موجود ہے لیکن لینے والا آیا کوئی نہیں لہٰذا میں کیوں نہ اس ریال کو بعنوان قرض لے لوں اور جب خدا مجھے دے دے گا تو میں یہ ریال واپس کر دوں گا۔ میں نے وہ ریال اُٹھایا اور اپنے گھر سے باہر آیا، چاہتا تھا کہ میں اس سے اپنی ضرورت کی چیز خرید کروں پھر میں نے اپنے آپ سے کہا: ''میں یہ قرض کیسے ادا کروں گا اور یہ بھی تو ممکن ہے کہ قرض کی ادائیگی سے پہلے مجھ پر موت آجائے۔'' میں یہ سوچ کر اپنے گھر واپس آیا اور وہ ریال جو میں نے جہاں سے اٹھایا تھا وہاں پر رکھ دیا۔ [2]

4. خلیفہ کا کھانا

ایک دفعہ ہارون الرشید کے دربار میں مختلف قبائل کے اشراف حاضر ہوئے اور اسے بتا رہے تھے کہ بہلول دیوانہ ہو چکا ہے۔ اسی اثناء میں وہاں کھانا پیش کیا گیا۔ اور ہارون الرشید کے لئے علیحدہ سے مخصوص کھانا تھا۔

ہارون الرشید نے اپنا مخصوص کھانا غلام کے ہاتھ بہلول کے پاس روانہ کیا۔ بہلول نے خلیفہ کا کھانا کھانے سے انکار کر دیا اور غلام سے کہا۔ سامنے حمام ہے حمام کے پچھوڑے چلے جاؤ وہاں کتے ہوں گے یہ کھانا جا کر کتوں کو ڈال دو۔ غلام ناراض ہوا اور کہنے لگا احمق یہ خلیفہ کا کھانا ہے اگر میں یہ کھانا وزراء اور اعیان سلطنت کے پاس لے کر جاتا تو مجھے انعام دیتے۔

---

[1] لطائف الطوائف ص44

[2] سیمای فرزانگان ص430۔ زندگانی و شخصیت شیخ انصاری ص88۔

بہلول نے کہا آہستہ بات کرو۔ اگر کتوں نے سن لیا تو وہ بھی نہیں کھائیں گے۔ [1]

5. عقیل کی درخواست

ایک دفعہ عقیل حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں آئے۔ اور ان سے عرض کی میں تنگ دست ہوں مجھے بیت المال سے کچھ عنایت فرمائیں۔

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: بھائی صبر کریں میں مسلمانوں میں جیسے ہی ان کے وظائف تقسیم کرونگا تمھیں بھی تمہارا حصہ مل جائے گا۔

عقیل نے جب زیادہ اصرار کیا تو آپ نے فرمایا بازار چلے جاؤ اور کسی دوکان کا تالا توڑ کر اس سے سامان اٹھالو۔

عقیل نے کہا تو کیا آپ مجھے چور بنا کر اپنی عدالت میں لانا چاہتے ہو؟

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا۔ عقیل! تم ایک مسلمان کے چور نہیں بننا چاہتا ہو۔ اور مجھے تمام مسلمانوں کے مال کا چور بنانا چاہتے ہو۔

عقیل نے کہا: اگر یہ بات ہے تو میں معاویہ کے پاس چلا جاتا ہوں۔

آپؑ نے فرمایا: تم جانو اور معاویہ جانے۔

چنانچہ عقیل معاویہ کے پاس گئے۔ اور اس سے امداد کا تقاضا کیا معاویہ نے انہیں ایک لاکھ درہم دیئے اور ان سے مطالبہ کیا کہ وہ منبر پر جا کر لوگوں کو بتائیں کہ ان سے علیؑ نے کیا سلوک کیا اور معاویہ نے کیا سلوک کیا؟

عقیل منبر پر گئے اور کہا لوگو! میں نے علیؑ سے اس کا دین چھیننا چاہا مگر علیؑ نے مجھے اپنا دین چھیننے نہ دیا تو میں معاویہ کے پاس چلا آیا۔ اس نے مجھے اپنے دین پر فوقیت دی۔ [2]

---

[1] حکایات شنیدنی 120/1

[2] چند تاریخ 180 /1۔ صواعق المحرقہ

باب نمبر 34

حلم

قرآن مجید میں ارشادِ خداوندی ہے۔

إِنَّ إِبْرَٰهِيمَ لَحَلِيمٌ أَوَّٰهٌ مُّنِيبٌ

بے شک ابراہیم بردبار، نرم دل اور اللہ کی طرف رجوع کرنے والے تھے۔ [1]

امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے۔

إذا لم تكن حليماً فتحلّم.

"اگر تم فطری طور پر حلیم نہیں ہو تو تکلفاً حلیم بنو۔"

مختصر تشریح

حلم چراغ حق ہے اس کے نور کی وجہ سے انسان خدا کا قرب حاصل کرتا ہے حلیم شخص مخلوقات، اپنے خاندان اور دوستوں کی تکالیف پر صبر کر کے خدا کی رضا حاصل کرتا ہے۔

حلم کی حقیقت یہ ہے کہ اگر انسان کو کسی شخص سے تکلیف پہنچے اور وہ درگزر کر دے وہ بھی اسی صورت میں کہ وہ انتقام کی قدرت بھی رکھتا ہو۔ حلم خدا کی ایک صفت ہے اور انسان کو خدا کی اس صفت سے متصل ہونا چاہئے۔ اور دعا میں یہ الفاظ وارد ہوئے ہیں۔ "اے پروردگار تیرا فضل بڑا وسیع ہے، تیرا حلم بڑا عظیم ہے اور تیرا حلم اس بات سے کہیں بلند و برتر ہے کہ تو میرے اعمال کا مواخذہ کرے اور میرے گناہوں کی وجہ سے تو مجھے ذلیل کرے۔"

مومن زمین پر رہ کر تمام لوگوں کے لئے فائدہ مند ثابت ہوتا ہے اسی لئے اسے چاہئے کہ نادانوں کی اذیت اور گفتگو کو حلم کے ساتھ دور کرے اگر وہ بھی احمقوں کا جواب اذیت سے دینا شروع کر دے تو پھر ایسے ہی ہوگا جیسے آگ پر ایندھن ڈالا جائے۔ [2]

---

[1] سورہ ھود/75

[2] تذکرۃ الحقائق ص 54

1. ایک کبوتر باز کی اذیت

"شیخ ابوعلی ثقفی" کا ایک ہمسایہ کبوتر باز تھا۔ اور اس کے کبوتر شیخ صاحب کے گھر پر بھی آبیٹھتے تھے، وہ اپنے کبوتروں کو وہاں سے اڑانے کے لئے پتھر وغیرہ مارتا جو شیخ صاحب کے گھر میں آتے تھے جس سے آپ کو بہت ہی اذیت ہوتی تھی۔

ایک دفعہ اس نے اپنے کبوتروں کو اڑانے کے لئے جو شیخ صاحب کے گھر پر بیٹھے ہوئے تھے ان کو پتھر مارا اور پتھر سیدھا شیخ صاحب کو جا کر لگا۔ جس سے ان کی پیشانی زخمی ہوئی اور بہت سا خون ضائع ہوا۔ شیخ کے دوست خوش ہوئے اور کہا: "چلو اچھا ہوا جیسے ہی کل صبح ہوگی، شیخ امیر شہر کے پاس جا کر کبوتر باز کی شکایت کرے گا اور ہم سب کو اس کبوتر باز کے شر سے نجات ملے گی۔"

شیخ نے اپنے ایک خادم کو بلایا اور کہا کہ باغ میں جاؤ اور وہاں سے درخت کی ایک شاخ کاٹ کر لاؤ۔

خادم گیا اور درخت سے شاخ کاٹ کر لے آیا اور شیخ نے وہ شاخ اپنے خادم کو دی اور کہا کہ کبوتر باز کے پاس جاؤ اور اسے یہ شاخ دو اور اسے کہنا کہ آئندہ کبوتروں کو پتھر مار کر نہ اڑائے بلکہ اس شاخ کے ذریعے اپنے کبوتروں کو اڑائے۔ [1]

2. ایک ظالم کا ظلم اور امام کا حلم

عبدالملک بن ولید کا ماموں تھا جس کا نام ھشام بن اسماعیل تھا اور اسے یزید لعین نے اپنے دور خلافت میں اسے مدینہ کا گورنر بنایا ہوا تھا۔

اور وہ ہمیشہ حضرت امام سجاد علیہ السلام کو ایذائیں دیتا تھا۔

بہر نوع ایک دفعہ حکومت وقت نے اسے معزول کر کے ولید کو گورنر کا عہدہ دیا اور ساتھ ہی حکم دیا گیا کہ ھشام کو کھڑا کر دیا جائے اور اس نے جس پر بھی ظلم کیا ہو وہ آ کر اس کی شکایت کرے۔

ھشام بیان کرتا ہے کہ مجھے سب سے زیادہ ڈر حضرت علی بن حسینؑ سے تھا کیونکہ میں ان سے گستاخیاں کیا کرتا تھا۔

امام علیہ السلام کو جب معلوم ہوا کہ اس کی حکومت ختم ہو گئی ہے اور زیر عتاب آگیا تو امام عالی مقام نے اپنے دوستوں سے کہا کہ تم اس کی کوئی شکایت نہ کرنا اور نہ ہی اسے کوئی اذیت دینا امام علیہ السلام نے ھشام کی طرف پیغام بھیجا اور کہا: "اگر موجودہ حکومت تم پر کوئی جرمانہ عائد کرے تاوان ڈالے جو تم ادا کرنے کے قابل نہ ہو تو کوئی مسئلہ نہیں، پریشان نہ ہونا اور ہم تیرا وہ تاوان اپنی طرف سے ادا کریں گے۔ تجھے میری اور میرے ماننے والوں کی طرف سے کوئی تکلیف نہ ہوگی۔"

جیسے ہی ہشام نے امام سجاد علیہ السلام کے اس عظیم حلم کو دیکھا تو بے ساختہ پکار اٹھا کہ اللہ بہتر جانتا ہے کہ وہ اپنا مقام

---

[1] نمونہ معارف 368/2.

رسالت کہاں پر رکھے۔ [۱]

3. قیس منقری

ایک شخص کا بیان ہے کہ میں نے حلم قیس بن عاصم منقری سے سیکھا ہے، میں نے ایک دفعہ دیکھا کہ وہ اپنے گھر کے دروازے پر تلوار کا سہارا لئے لوگوں کو وعظ و نصیحت کر رہا تھا۔ اسی دوران کچھ لوگ ایک جوان کا لاشہ لائے اور اس کے ساتھ ایک اور جوان کو لایا گیا جس کے ہاتھ باندھے ہوئے تھے۔

انہوں نے قیس سے کہا: "یہ آپ کے بیٹے کا لاشہ ہے اور اس کا قاتل آپ کا بھتیجا ہے جسے ہم پکڑ کر لائے ہیں۔"

یہ سب کچھ سننے کے باوجود صبر کیا اور نہ ہی اپنی گفتگو کو قطع کیا اسی طرح تلوار کا سہارا لے کر کھڑے رہے اور اپنا خطاب جاری رکھا۔ جب خطاب ختم کیا تو اپنے جوان بھتیجے کی طرف رخ کر کے کہا: "اے میرے بھتیجے! تو نے بدکاری کا ارتکاب کیا ہے۔ تو نے اپنے پروردگار کی نافرمانی کی ہے، تو نے رشتہ داری کے حق کو تباہ کیا ہے، وہ تیر جو تو دشمن پر چلا سکتا تھا تو نے اس تیر کو اپنے ہاتھوں سے تباہ و برباد کر دیا ہے اور تیرے اس اقدام کی وجہ سے تیری قوم میں ایک فرد کی کمی ہوئی ہے۔"

پھر اس نے اپنے دوسرے بیٹے کی طرف دیکھا اور کہا کہ اپنے چچازاد کو رہا کر دو۔ اپنے بھائی کے لئے قبر کا انتظام کرو۔ اور میرے مال میں سے ایک سو اونٹ دیت بنا کر اپنی ماں کو دے کیونکہ قاتل کا تعلق تمہاری ماں کے خاندان سے نہیں ہے اور تمہاری ماں بغیر دیت کے اسے معاف نہیں کرے گی۔ [۲]

4. امام حسن علیہ السلام اور مردِ شامی

ایک دن امام حسن علیہ السلام گھوڑے پر سوار ہو کر جا رہے تھے کہ ایک شامی کی آپؑ پر نظر پڑی تو اس نے آپؑ اور آپؑ کے والد ماجد پر سب و شتم کرنا شروع کر دیا۔

امام علیہ السلام خاموشی سے سنتے رہے جب وہ سب و شتم سے تھک گیا تو آپؑ اس کے پاس گئے اور فرمایا: "بھائی! شاید تمہیں کوئی غلط فہمی ہوئی ہے، اگر تمہیں کسی چیز کی ضرورت ہو تو بیان کرو، میں تمہیں دوں اور اگر راستے سے بھٹک چکے ہو تو تمہیں سیدھا راستہ دکھاؤں، اگر تمہیں مال برداری کے لئے کسی جانور کی ضرورت ہو تو تم میرا جانور لے لو، اگر بھوکے ہو تو تمہیں کھانا کھلاؤں گا، اگر تمہیں لباس کی ضرورت ہے تو تمہیں لباس دوں، اگر غریب ہو تو تمہیں دولت مند بناؤں گا اور اگر فراری ہو تو تمہیں پناہ دوں گا۔ غرضیکہ تمہاری جو بھی حاجت ہو بیان کرو تمہاری حاجت پوری کروں گا۔ تمہارے لئے میرا مشورہ یہ ہے کہ تم نو وارد ہو ہمارے مہمان خانے

---

[۱] ماہ مردم انگوٹہ برخورد کینہ ص 22، تاریخ طبری 61/ 8

[۲] پیغمبر و یاران 180/ 5۔ اسد الغابہ 229/ 4

پر آجاؤ ہمارے پاس وسیع مہمان خانہ ہے۔"

امام علیہ السلام کا یہ حلم دیکھ کر شامی رونے لگا اور کہا:

"اشھد انک خلیفۃ اللہ فی الارض۔"

"میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ زمین پر اللہ کے جانشین ہیں۔"

میں اس سے پہلے آپ کا مخالف تھا اور روئے زمین پر آپؑ اور آپؑ کے والد ماجد سے زیادہ میری نظر میں کوئی ناپسندیدہ نہ تھا۔ اور اب آپؑ اور آپؑ کے والد سے زیادہ مجھے کوئی محبوب نہیں ہے۔

پھر وہ شامی آپؑ کے ہاں مہمان بنا اور وہ آپؑ کے خاندان کی ولایت اور امامت پر ایمان لایا۔ [1]

5. شیخ جعفر کاشف الغطاء

شیخ جعفر کاشف الغطاء انتہائی حلیم اور بردبار علماء میں سے تھے۔ ایک دفعہ ان کے پاس کچھ رقم آئی اور وہ رقم انہوں نے اصفہان کے فقراء میں تقسیم کردی۔ جب وہ تمام رقم تقسیم کر چکے تو نماز جماعت کے ساتھ نماز ظہر ادا کی اور تعقیبات نماز میں مشغول تھے۔

اسی دوران مسجد میں ایک غریب سید آیا اور اس نے بڑی ادبی سے کہا: "شیخ میرے نانے کا خمس میرے حوالے کر۔"

شیخ نے جواب دیا: "بزرگ! میرے پاس اب کچھ نہیں رہا آپ نے آنے میں تاخیر کردی۔"

سید نے بڑی جسارت کرکے شیخ کی داڑھی پر تھوکا۔

شیخ نے اس کے مدمقابل کوئی بھی اقدام نہ کیا۔

شیخ اپنی جگہ پر کھڑے ہوگئے اور اپنے دامن کو پھیلا کر نمازیوں کی صفوں میں آئے اور لوگوں سے کہا: "بھائیو! آپ میں سے جس کو میری داڑھی سے محبت ہے وہ اس سید کی مدد کریں۔"

لوگوں نے اچھی خاصی رقم شیخ کے دامن میں ڈالی۔ اور آپ نے وہ ساری رقم اس سید کے سپرد کردی اور اس کے بعد نماز عصر ادا کی۔ [2]

---

[1] منتھی الامال 222 / 1

[2] سیمای فرزانگان ص 338۔ فوائد الرضویہ ص 77

باب نمبر 35

حیا

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّ ذٰلِكُمۡ كَانَ يُؤۡذِى النَّبِىَّ فَيَسۡتَحۡىٖ مِنۡكُمۡ

یہ بات نبی کو تکلیف پہنچاتی ہے مگر وہ تمہارا لحاظ کرتے ہیں۔ [1]

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے۔

الحیاء خیر کلہ۔

"حیا ہر لحاظ سے مکمل نیکی ہے۔" [2]

مختصر تشریح

حیا ایک نور ہے جس کا جوہر ایمان ہے حیا ایمان سے پیدا ہوتا ہے اور شعاع ایمان کو محکم اور مقید کردیتی ہے۔

صاحب حیاء کے پاس ہر چیز ہوگی اور جو شخص حیا کو ترک کرے گا وہ تمام برائیوں کا ارتکاب کرے گا۔ اگر چہ وہ ظاہری طور پر عبادت گزار ہی کیوں نہ ہو۔

جو شخص صفت حیا سے خالی ہو تو خدا اسے آخرت میں عذاب دے گا۔ [3]

1. حضرت موسیٰ علیہ السلام اور شعیبؑ کی بیٹیاں

جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مصر میں رہ کر ایک قبطی کو قتل کیا تو فرعون اور اس کے رشتہ داروں کو معلوم ہو گیا کہ یہ قتل موسیٰ علیہ السلام نے کیا ہے۔ تو انہوں نے ارادہ کیا کہ موسیٰ علیہ السلام کو قتل کردیں۔ ایک خیر خواہ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اطلاع دی کہ طبقہ حکمران آپؑ کو قتل کرنے کا سوچ رہا ہے۔ آپؑ فی الفور مصر سے فرار ہو جائیں۔ حضرت موسیٰ نے فوراً مصر کو چھوڑ دیا آپ اٹھ یا کم از

---

[1] سورۂ احزاب آیت 53

[2] جامع السعادات 285/2

[3] تذکرۃ الحقائق ص 93

کم تین دن متواتر چلتے رہے یہاں تک کہ آپ شہر مدین کے دروازے پر وارد ہوئے۔ سارا راستہ آپ نے تکالیف برداشت کیں اور آپ تھکے ہوئے تھے ایک درخت کے قریب آ کر بیٹھ گئے جہاں ایک کنواں بھی تھا۔

آپ نے دیکھا کہ ریوڑ چرانے والے گڈریے اپنے ریوڑ لیکر آئے اور اپنے جانوروں کو پانی پلانے آئے ہوئے ہیں ان سب کے پیچھے دو لڑکیاں بھی آئی ہوئی ہیں اور اپنی باری کا انتظار کر رہی ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام ان کے پاس آئے اور پوچھا کہ آپ یہاں کیوں کھڑی ہوئیں ہو۔

انہوں نے بتایا کہ ہم اپنی بھیڑ بکریوں کو پانی پلائیں گی پہلے لوگ پلا لیں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: ''کیا تمہارے ساتھ تمہارے بزرگ نہیں آئے؟''

انہوں نے جواب دیا: ''ہمارے والد بہت بوڑھے ہیں اور اسی وجہ سے وہ ہمارے ساتھ نہیں آ سکے۔''

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: ''کوئی بات نہیں۔ میں آپ کے مویشیوں کو پانی پلا دیتا ہوں۔'' تو آپ نے ان کے مویشیوں کو جلدی سے پانی پلا دیا اور اسی وجہ سے لڑکیاں جلدی اپنے مویشی لیکر اپنے گھر پہنچ گئیں۔

ان لڑکیوں کے والد حضرت شعیب تھے۔ انہوں نے اپنی بیٹیوں سے پوچھا کہ آج تم جلدی گھر واپس آ گئیں کیا آج تم نے اپنے جانوروں کو پانی نہیں پلایا؟''

انہوں نے جواب دیا: ''ابا جان! ہم نے اپنے مویشیوں کو پانی پلایا ہے۔'' اور اس جوان کا قصہ بھی سنایا۔

حضرت شعیب علیہ السلام نے فرمایا کہ جاؤ اس جوان کو میرے پاس لے آؤ تا کہ میں اسے کچھ اجر [illegible]۔

اس وقت ان میں ایک لڑکی پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئی اور آپ سے کہا کہ [illegible] ہیں اور آپ کی اس نیکی کا اجر دینا چاہتا ہیں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام اس وقت تھکے ہوئے تھے مسافر تھے [illegible] کی دعوت کو قبول کیا اور آپ اس لڑکی کے پیچھے چل پڑے۔

کچھ دیر تک آپ چلتے رہے پھر آپ نے فرمایا: ''یہ نامناسب ہے کہ میرے پیچھے چلو۔''

اس لڑکی نے کہا: ''آپ نو وارد ہیں، مسافر ہیں اور آپ کو راستے کا کیسے معلوم ہو گا۔''

آپ نے کہا: ''جب میں غلط راستہ لینے لگوں تو پیچھے سے مجھے آواز دینا یا کوئی پتھر پھینک کر مجھے بتا دینا تا کہ میں صحیح راستے پر چل سکوں۔ مجھے حیا آتی ہے کسی بھی نامحرم عورت کی پشت پر نگاہ ڈالتے ہوئے کیونکہ ہم یعقوب کے خاندان ہیں اور ہم نامحرم عورتوں کی پشت پر نگاہ نہیں کرتے۔''

بہر نوع وہ لڑکی آپ کو حضرت شعیب علیہ السلام کے پاس لے آئی۔

آپ نے حضرت شعیب علیہ السلام کو اپنا پورا واقعہ [illegible] اور آپ کی حیاء اور دیانت کی

وجہ سے اپنی ایک بیٹی کا نکاح آپ سے کر دیا۔[1]

2. آنکھ کا حیاء

تفسیر روح البیان میں منقول ہے کہ کسی شہر میں تین بھائی رہتے تھے۔ ان میں بڑا بھائی پورے دس سال تک مسجد میں مؤذن کے فرائض سرانجام دیتا رہا مسجد میں جو مینارہ اذان تھا وہ روزانہ اس پر جاتا اور اذان دیتا تھا۔ دس سال اذان دی اور چند برس بعد وہ بھی رحلت کر گیا۔ اور شہر والے تیسرے بھائی کے پاس آئے اور اسے کہا کہ وہ اذان کا منصب سنبھالے اور ہم چاہتے ہیں کہ مینارہ مسجد سے اذان کی آواز بلند ہوتی رہے۔

اس نے کہا کہ نہیں میں عہدہ قبول نہیں کرتا۔

شہر والوں نے اس سے کہا: "آپ اپنی منہ مانگی تنخواہ مقرر کر لیں۔"

اس نے کہا: "جتنا تم میرے دوسرے بھائیوں کو دیتے تھے اگر اسکا سوگنا بھی مجھے دو تو بھی میں یہ منصب قبول نہیں کروں گا۔"

شہر والوں نے کہا: "کیا اذان دینا گناہ ہے؟"

کہنے لگا نہیں اذان دینا گناہ نہیں ہے لیکن میں مینارہ اذان پر چڑھ کر کبھی بھی اذان نہیں دوں گا۔

لوگوں نے اس کی وجہ پوچھی تو کہنے لگا مینارہ ایسی جگہ ہے جس کی وجہ سے میرے دو بھائی بڑے بد بخت اور بے دین ہو کر مرے ہیں۔ میں اپنے بڑے بھائی کی زندگی کے آخری لمحات میں اس کے سرہانے موجود تھا۔ میں نے چاہا کہ سورہ یٰسن کی تلاوت کروں تا کہ آسانی سے اس کی جان نکل سکے لیکن میرے بڑے بھائی نے مجھے منع کر دیا۔ کچھ عرصے بعد میرے دوسرے بھائی پر وقت نزع طاری ہوا تو میں نے اپنے اس بھائی کے سرہانے سورہ یٰسن پڑھنی چاہی لیکن اس نے بھی مجھے منع کر دیا۔

میں بڑا پریشان ہوا کہ آخر اس کی وجہ کیا ہے جب میرے دونوں بھائی بظاہر دین دار گزرے تھے لیکن آخری وقت بے دین ہو کر کیوں مرے۔

اللہ تعالیٰ نے مجھ پر فضل کیا اور مجھے خواب میں اپنے بڑے بھائی کا دیدار ہوا جس پر عذاب نازل ہو رہا تھا۔ میں نے اپنے بھائی سے کہا کہ تجھے اس وقت تک نہیں چھوڑوں گا جب تک تم مجھے اپنے بے دین ہو کر مرنے کی وجہ نہیں بتاؤ گے۔

میرے بھائی نے کہا کہ جب مینارہ اذان پر اذان دینے کے لئے چڑھتا تھا تو مجھے لوگوں کے گھروں میں عورتیں دکھائی دیتی تھیں اور میں بڑی بے حیائی سے ان مسلمانوں کی عورتوں کو دیکھا کرتا تھا اور میرے دل میں خوف خدا نام کی کوئی چیز نہیں ہوتی تھی۔

---

[1] تاریخ انبیاء 65-71/2

اس لئے میں بے دین ہو کر مرا اور اب عالم عذاب میں ہوں۔ اور تیرے دوسرے بھائی کے بے دین مرنے کی بھی یہی وجہ ہے۔ [1]

3. زلیخا

زلیخا نے حضرت یوسف علیہ السلام کو اپنے حُسن کا اسیر بنانا چاہا۔ اور انہیں گناہ کی پیشکش کی۔ اس کے بعد حضرت یوسف علیہ السلام نے دیکھا کہ زلیخا نے ایک چیز پر کپڑا ڈال کر کسی چیز کو چھپا دیا۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے پوچھا: ''یہ تم کیا کر رہی ہو؟''

اس نے کہا کہ یہ میرا بت ہے جس کی میں عبادت کرتی ہوں کیونکہ اب میں گناہ کر رہی ہوں۔ اسی لئے میں نے اس کے چہرے پر چادر ڈال دی تاکہ یہ ہمیں نہ دیکھ سکے۔

یوسف علیہ السلام نے فرمایا: ''تجھے حیا آنی چاہئے تو تو جمادات سے حیا کر رہی ہے۔ میرا خدا تو ہر ظاہر و باطن شے کو جانتا ہے میں آخر اس سے حیا کیوں نہ کروں۔ [2]

4. پیغمبر اور بنی قریظہ

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بنی قریظہ کے قلعہ کا محاصرہ کیا ہوا تھا تو کعب بن اسید نے آپؐ کے اصحاب کو برا بھلا کہا۔

جب پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے اصحاب قلعہ کے کافی نزدیک پہنچے تو فرمایا: ''اے بندر اور خنزیر کے خاندان سے تعلق رکھنے والو! طاغوت کی بندگی کرنے والو! جب کہ ہم قدرت رکھنے والی جماعت ہیں۔ ہم جس قوم پر وارد ہوتے ہیں تو ان پر شامت آجاتی ہے۔''

کعب بن اسید جو پاک پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بزرگی کو نہیں جانتا تھا کہنے لگا: ''اے ابولقاسم! آپ تو نہ نادان ہیں اور نہ ہی گالیں دینے والے یہ آج کیا ہوا کہ آپ نے اتنی بڑی گالی دے دی۔''

یہ سن کر پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو شرم محسوس ہوئی اور آپ کی عبا شانہ اطہر سے نیچے گر گئی۔ آپ کے ہاتھ لرز رہے تھے اور آپ کا عصا گر گیا۔ اور آپ وہاں سے پیچھے پلٹ آئے۔ [3]

---

[1] روضۃ الشہداء و حکایتہا ص 105۔ داستان پراکندہ 1/123

[2] نمونہ معارف 4/ 385۔ بحر المحبۃ غزالی ص 92

[3] سفینۃ البحار 1/ 362

5. امیر المومنین علیہ السلام کا حیا

حضرت علی امیر المومنین علیہ السلام اور خاتون جنت کا ہجرت کے دوسرے سال عقد ہوا۔ لیکن عقد اور زفاف میں ایک ماہ یا ایک سال کا وقفہ ہے۔ اس شرم کی وجہ سے اس مدت میں رسول پاک سے رخصتی کا مطالبہ بھی نہیں کرتے تھے اور جناب فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا شرم و حیا کی وجہ سے علی کا نام بھی نہیں لے سکتی تھیں۔

یہاں تک کہ کچھ عرصے کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات نے حضرت علی علیہ السلام سے کہا کہ آپؑ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فاطمہ کی رخصتی کا مطالبہ کیوں نہیں کرتے اگر آپ کو شرم و حیا محسوس ہوتی ہے تو ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بات کرتی ہیں۔ حضرت علی علیہ السلام نے ان کو اجازت دے دی۔

تمام بیبیاں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور ان میں سے حضرت بی بی ام سلمہؓ آگے بڑھیں اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا: ''اگر آج خدیجہ سلام اللہ علیہا زندہ ہوتیں تو فاطمہ سلام اللہ علیہا کی شادی دیکھ کر بہت خوش ہوتیں اور فاطمہ (س) بھی اپنے شوہر کو دیکھ کر خوش ہوتیں۔ علیؑ اپنی بیوی کی رخصتی کے خواہشمند ہیں اور ہم اس انتظار میں ہیں کہ ہم بھی اس تقریب سعید میں شرکت کریں۔''

جیسے ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خدیجہ کا نام سنا تو آپ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے اور ٹھنڈی سانس بھر کر کہا: ''علیؑ مجھ سے رخصتی کی درخواست کیوں نہیں کرتا۔''

بیبیوں نے کہا: ''رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُن کو حیا مانع ہے۔''

اس کے بعد آپؐ نے فرمایا کہ شادی کے انتظامات مکمل کیے جائیں۔[1]

---

[1] فاطمۃ الزہرا ص283

باب نمبر 36

خوف

قرآن مجید میں ارشادِ خداوندی ہے:

"وَادْعُوْهُ خَوْفاً وَّطَمَعاً"

اور اللہ کو خوف اور امید کے ساتھ پکارو۔ [1]

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:

"اَتَمُّكُمْ عَقْلاً اَشَدُّكُمْ خَوْفاً"

"عقل کے لحاظ سے تم میں سے کامل ترین وہ شخص ہے جو اللہ تعالیٰ کا زیادہ خوف رکھتا ہے۔" [2]

مختصر تشریح

اللہ تعالیٰ کا خوف دل کا نگہبان ہوتا ہے۔ خوف خدا رکھنے والا شخص ایمان کے اس پر کے ساتھ رضوان الٰہی کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور انہی کے وسیلہ سے پرواز کرتا ہے۔ خوف خدا رکھنے والا شخص اللہ کے وعید کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہوتا ہے۔ وہ اپنے اعمال میں خواہشات نفس سے پرہیز کرتا ہے۔ جو شخص اللہ کی بندگی کرے کبھی بھی گمراہ نہیں ہوتا اور اپنے مقاصد کو حاصل کر لیتا ہے۔ آخر انسان خوف کیوں نہ بجالائے۔ اسی لئے کہ وہ دیکھ رہا ہوتا ہے کہ وہ اس دنیا کا مالک نہیں ہے۔ وہ اپنے نامہ اعمال سے بھی واقف نہیں ہوتا وہ نہیں جانتا کہ اس کے اعمال کا وزن ہلکا ہے یا زیادہ ہے۔

خوف خداوندی نفسِ امارہ کو مار دیتا ہے۔ خائف ہمیشہ دو خوفوں میں مبتلا رہتا ہے۔

1. ماضی کے گناہوں کا خوف
2. آئندہ آنے والی سزا کا خوف

جب کسی خوش نصیب کا نفس ہوس سے آزاد ہو جائے تو تب اس کے دل میں زندگی پیدا ہوتی ہے اور دل میں زندگی کی وجہ

---

[1] سورۃ الاعراف آیت نمبر 56

[2] جامع السعادات 225/1

انسان کو استقامت ملتی ہے اور اس کی وجہ سے دل کے اندر امید کی کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ [1]

1. خوف خدا رکھنے والا جوان

ایک دن حضرت سلمان فارسی کوفہ میں لوہاروں کے بازار سے گزر رہے تھے۔ انہوں نے دیکھا کہ بہت سے لوگ ایک جوان کے گرد کھڑے ہوئے جو زمین پر عالم بے ہوشی میں گرا ہوا ہے۔

جب لوگوں نے حضرت سلمان فارسیؓ کو دیکھا تو انہوں نے آپ سے درخواست کی کہ وہ دعا کریں تا کہ یہ نوجوان ہوش میں آجائے۔

حضرت سلمان اس جوان کے قریب گئے اور دعا کی تو وہ جوان اٹھ بیٹھا۔ حضرت سلمان نے اس جوان سے پوچھا: ''جوان! تجھے کیا تکلیف ہوئی؟'' جوان نے کہا: ''جناب! مجھے کوئی تکلیف نہیں، جب میں اس بازار سے گزرا تو میں نے دیکھا کہ یہاں لوہار اپنے لوہے کو بڑے وزنی ہتھوڑے سے کوٹ رہے تھے تو میرے ذہن میں خداوند کا یہ فرمان آیا کہ کفار کے لئے گرز ہوں گے اور فولادی گرز ان کے جوان کے سروں پر مارے جائیں گے۔ میں نے جیسے ہی اس حالت کا تصور کیا تو میں بے ہوش ہو گیا۔''

حضرت سلمان کو اس سے محبت ہوگئی اور ایک دوسرے کو چاہنے لگے۔ یہاں تک وہ جوان بیمار ہوا۔ حضرت سلمان اس کے پاس پہنچے تو دیکھا کہ اس کی زندگی کے آخری لمحات ہیں۔ حضرت سلمان بیٹھ گئے۔

حضرت سلمان کی نگاہوں نے دیکھا کہ عزرائیل پہنچ چکے ہیں اور آپ نے عزرائیل سے کہا کہ میرے جوان بھائی پر رحم کرنا۔ اس کے ساتھ شفقت کا سلوک کرنا۔

عزرائیل علیہ السلام نے حضرت سلمانؓ سے کہا: ''اے بندہ خدا میں تمام مومن افراد کے لئے مہربان اور شفیق ثابت ہوتا ہوں۔'' [2]

2. ایک پتھر کی زبانِ حال

روایت میں ہے کہ ایک نبی کا کہیں سے گزر ہوا تو انہوں نے ایک پتھر دیکھا جس میں سے بہت سا پانی نکل رہا تھا۔ اور اس نبی کو بہت تعجب ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے پتھر کو قوت گویائی دی اور پتھر نے کہا: ''جس دن سے میں نے سنا ہے کہ انسان اور پتھر ہی دوزخ کا ایندھن ہوں گے مجھے یہ خوف محسوس ہوا کہ میں بھی دوزخ کا ایندھن نہ بن جاؤں اس لئے میں رو رہا ہوں۔''

پتھر نے نبی سے درخواست کی: ''وہ دعا کریں کہ مجھے خدا دوزخ کی آگ سے امان دے۔'' نبی نے دعا کی اور اللہ تعالیٰ

---

[1] تذکرۃ الحقائق

[2] داستان جوانان ص 94

نے بھی وعدہ کیا کہ یہ پتھر اب آگ میں نہیں جلایا جائے گا۔

پھر کچھ عرصے کے بعد اس نبی کا وہاں سے گزر ہوا تو اس نے دیکھا کہ اس طرح سے اس پتھر سے پانی جاری ہے۔ پھر پتھر سے پوچھا کہ تو اتنا گریہ کیوں کر رہا ہے۔

پتھر نے جواب دیا: ''پہلے میں دوزخ کے خوف سے گریہ کر رہا تھا اب مجھے اس سے نجات مل گئی ہے۔ اب میں خدا کے شکر کے جذبات کے خوف سے رو رہا ہوں۔ اب میرا رونا غمی کا رونا نہیں بلکہ خوشی کا رونا ہے۔ [1]

3. عذاب آخرت پر آتشِ دنیا کو ترجیح دینا

ایک دن امیر المومنین علیہ السلام اپنے اصحاب کے ساتھ تشریف فرما تھے کہ ایک شخص آیا اور اس نے آپ سے عرض کی: ''آقا! میں نے ایک لڑکے سے بدفعلی کی ہے آپؑ مجھے پاک کریں۔

آپؑ نے فرمایا: ''واپس چلا جا ممکن ہے تو یہ الفاظ اختلال مزاج اور بدحواسی کی وجہ سے کہہ رہا ہو۔''

وہ شخص واپس چلا گیا۔ دوسرے دن وہ پھر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: ''مولا! مجھے اس گناہ سے پاک کریں۔''

آپ نے اسے دوبارہ واپس کر دیا۔

وہ شخص تیسرے دن آیا اور وہی عرض کی، آپؑ نے اسے پھر واپس کیا۔

آخرکار وہ شخص چوتھے دن پھر آیا اور آپؑ سے پاک کرنے کی درخواست کی۔

امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: ''پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تجھ جیسے گناہگاروں کے لئے تین سزائیں بتلائی ہیں ان میں سے تو ایک کا اپنے لئے انتخاب کر۔''

اس شخص نے عرض کی: ''مولا! آپؑ وہ سزائیں بیان کریں پھر میں ان میں ایک سزا کا انتخاب کروں گا۔''

آپؑ نے فرمایا: ''وہ سزائیں یہ ہیں: 1. تیری گردن پر تلوار کا وار کیا جائے وہ جہاں تک چلی جائے ٹھیک ہے۔ 2. تیرے ہاتھ پاؤں باندھ کر پہاڑ کی چوٹی سے گرایا جائے۔ 3. آگ جلا کر تجھے اس میں جلایا جائے۔''

اس شخص نے عرض کی: ''امیر المومنین! ان تینوں سزاؤں میں سے کونسی سزا زیادہ سخت ہے؟''

آپؑ نے فرمایا: ''آگ میں جلنا سب سے زیادہ سخت ہے۔''

اس شخص نے کہا: ''پھر میں آگ میں جلنے کو اپنے لئے زیادہ پسند کرتا ہوں۔''

آپؑ نے فرمایا: ''پھر لکڑیاں جمع کرو۔''

---

[1] شنید نہای تاریخ ص 388۔ مجمۃ البیضاء 142

اس شخص نے فوراً لکڑیاں لا کر حاضر کر دیں۔

پھر جوان نے دو رکعت نماز پڑھی۔ نماز سے فارغ ہو کر جوان نے رو رو کر دعا مانگی اور کہا: ''پروردگار تو بہتر جانتا ہے کہ مجھ سے کیسا گناہ سرزد ہوا ہے۔ میں تیرے پیغمبر کے ابن عم کی خدمت میں آیا ہوں اور پاک کرنے کی درخواست کی۔ انہوں نے تین سزاؤں میں سے ایک کے انتخاب کا حکم دیا۔ پروردگار! میں نے اپنے لئے سخت ترین سزا کا انتخاب کیا ہے۔ خدایا! میں درخواست کرتا ہوں کہ تو اسے میرے گناہ کی مغفرت کا ذریعہ بنا اور قیامت کے دن مجھے آتش دوزخ میں نہ جلانا۔''

جوان اپنی جگہ سے اٹھا اور اس کی آنکھوں سے سیلاب اشک رواں تھے۔ پھر وہ اس گڑھے میں جا کر بیٹھ گیا جو اس کے لئے بنایا گیا تھا۔ اور اس کے چاروں اطراف میں آگ لگادی گئی۔ آگ کے شعلے لمبی لمبی زبانیں نکالے اس کی جانب رواں تھے۔ اور جوان رو رو کر خدا سے معافی کی طلب کر رہا تھا۔

منظر انتہائی جاں سوز تھا۔ ہر شخص اس کے گناہوں کی معافی مانگ رہا تھا۔ یہ رقت آمیز منظر دیکھ کر مولائے متقیان اور ان کے تمام اصحاب رونے لگے۔ مولائے کائنات ؑ نے فرمایا: بندہ خدا! اب اٹھ تو نے آسمان و زمین کے ملائکہ کو بھی رلا دیا، اللہ نے تیری توبہ قبول کرلی ہے۔ اب اس گڑھے سے اٹھ جا اور دوبارہ یہ غلطی کبھی نہ کرنا۔ [1]

4. خوف خدا کی انتہا

جب قرآن مجید کی اس آیت کو جبرائیل علیہ السلام لے کر نازل ہوئے کہ

"وَاِن جھنم لموعدھم اجمعین لھا سبعۃ ابواب لکل باب منھم جزءٌ مقسوم۔"

اور بے شک دوزخ ان سب کی وعدہ گاہ ہے جس کے سات دروازے ہیں۔ اور ہر دروازے کے لئے ایک تقسیم شدہ حصہ ہے۔''

جناب رسول خدا ﷺ یہ آیت سن کر رونے لگے اور آپ کو روتا دیکھ کر صحابہ نے بھی رونا شروع کر دیا کسی کو حضور اکرم ﷺ سے پوچھنے کی جرات نہ ہوئی۔ کچھ صحابہ نے سوچا کہ جناب زہرا سلام اللہ علیہا رسول خدا کو سب سے پیاری ہیں اور رسول خدا کی نظر جب بھی اپنی بیٹی پر پڑتی ہے تو آپ مسرور ہو جاتے ہیں۔ یہ سوچ کر ایک صحابی کو روانہ کیا گیا کہ سیدہ عالمیان کے ذریعے سے گریہ رسول کا سبب پوچھا جائے۔

صحابی حضرت سیدہ کے در اطہر پر آیا اور دیکھا کہ سیدہ چکی پیس رہی ہیں اور کہہ رہی ہیں: ''ما عند اللہ خیر و ابقیٰ'' یعنی جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ بہتر اور زیادہ باقی رہنے والا ہے۔''

صحابی نے سلام کیا اور نزول وحی اور گریہ پیغمبر کا حال سیدہ کو سنایا۔

---

[1] داستانہائے زندگی علی ص 51۔ قضاوتہائے محیر العقول

حضرت سیدہ اپنی جگہ سے اٹھیں اور آپ نے اپنی کہنہ چادر زیب سر فرمائی۔ سلمان فارسی نے سیدہ سلام اللہ علیہا کو اس عالم میں آتے دیکھا تو بے ساختہ رو دیئے اور اپنے آپ سے کہنے لگے۔ ''قیصر و کسریٰ کی بیٹیاں زربفت و دیبا کے لباس پہنیں اور بنت پیغمبرؐ کے لئے ایک بوسیدہ ردا ہو جس پر بارہ مقامات پر برگ خرما کے پیوند لگے ہوئے ہیں۔''

حضرت زہراؑ خدمت پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں آئیں اور عرض کیا: ''ابا جان! سلمان میرے لباس کو دیکھ کر تعجب کرتا ہے حالانکہ پانچ سال سے ہمارے سونے کے لئے ایک بھیڑ کی کھال کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے۔ دن کے وقت ہمارا اونٹ اس پر گھاس کھاتا ہے اور رات کے وقت ہم اسے بچھا لیتے ہیں اور ہمارا سرہانہ چمڑے کا ہے جس میں روئی کی جگہ لیف خرما بھری ہوئی ہے۔''

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''سلمان! میری بیٹی ان لوگوں میں سے ہے جو نیکی اور بندگی میں سبقت کرتے ہیں۔

حضرت سیدہ نے عرض کیا: ''بابا جان! آپ کو کس چیز نے غمگین کیا ہے۔ اور آپ کیوں رو رہے ہیں؟

پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا: ''پیاری بیٹی! ابھی جبرائیل امین یہ آیت لے کر آئے اور میں یہ آیت سن کر غمگین ہو گیا، پھر آپؐ نے وہ آیت حضرت سیدہ کو سنائی۔''

حضرت سیدہ سلام اللہ علیہا نے یہ آیت سنی تو اتنی مضطرب ہوئیں کہ کھڑی نہ رہ سکیں اور زمین پر گریں اور فرمایا: ''وہ کتنا بدنصیب ہے جو داخل دوزخ ہو۔''

سلمان نے کہا: ''کاش میں گوسفند ہوتا اور لوگ مجھے ذبح کر کے کھا جاتے اور میری کھال کو پھاڑ ڈالتے اور میں نے دوزخ کا نام اپنے کانوں سے نہ سنا ہوتا۔''

ابوذرؓ نے کہا کہ کاش میری ماں نے مجھے نہ جنا ہوتا اور جہنم کا نام نہ سنا ہوتا۔

مقدادؓ نے کہا: ''کاش میں پرندہ ہوتا اور بیابان میں زندگی میں بسر کرتا اور میرا حساب و کتاب نہ ہوتا اور میں نے دوزخ کا نام نہ سنا ہوتا۔''

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: ''کاش! میں پیدا نہ ہوتا اور دوزخ کا نام نہ سنا ہوتا۔''

پھر آپؑ نے رو کر کہا: ''وابعد سفراہ واقلہ تزاداہ فی سفر القیامتہ یذھبون فی النار ویغلفون مرضی لایعاد سقیمھم وجرحی لایداوی جریحھم واسری لایفک اسراھم من النار یاکلون ومنھا یشربون وبین اطباقھا یتقلبون۔۔۔۔۔'' الخ

ہائے سفر طویل ہے اور زاد راہ کم ہے۔ گناہگار جہنم میں جائیں گے اور وہاں بیمار ہوں گے۔ تو ان کی بیمار پرسی نہیں کی جائے گی اور وہ ایسے زخمی ہوں گے جن کا مداوا نہیں کیا جائے گا اور ایسے قیدی ہوں گے جن کی قید رہا نہیں کی جائے گی۔ ان کی غذا آگ ہوگی۔

14-B

اور آگ جیسا کھولتا ہوا پانی پئیں گے اور آگ کے طبقات میں الٹتے پلٹتے رہیں گے۔[1]

5. حضرت یحییٰ اور خوف خدا

ایک دفعہ حضرت یحییٰ علیہ السلام نے دیکھا کہ چند عبادت گزار افراد نے بیت المقدس میں بالوں کا لباس اور پشم کی ٹوپیاں پہنی ہوئی ہیں۔ تو انہوں نے اپنی والدہ سے تقاضہ کیا کہ وہ بھی ان کے لئے ایسا ہی لباس بنا دیں۔ والدہ نے ان کو لباس بنا دیا اور آپؑ وہ لباس زیب تن کر کے بیت المقدس میں علماء حق کے ساتھ عبادت میں مشغول ہو گئے۔ وہ عبادت کرتے کرتے اور خوف خدا میں گریہ کرتے کرتے بہت کمزور ہو گئے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت یحییٰ علیہ السلام کو وحی فرمائی کہ تو بہت کمزور ہے تو پھر اتنا گریہ کیوں کرتا ہے۔ مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم اگر تجھے آتش دوزخ کا علم ہوتا تو تو نے جو لباس زیب تن کیا ہوا ہے اس کی جگہ لوہے کا لباس پہنتا حضرت یحییٰ علیہ السلام یہ خطاب سن کر اتنا روئے کہ انتہائی کمزور ہو گئے۔

ایک دن حضرت زکریا علیہ السلام نے حضرت یحییٰ علیہ السلام سے فرمایا: ''پیارے فرزند! میں نے تو تجھے اللہ تعالیٰ سے مانگ کر لیا تھا کہ خدا مجھے ایسا فرزند عطا کرے جو میرا نور چشم ہو۔ آخر تم اتنا گریہ کیوں کرتے ہو۔''

یحییٰ علیہ السلام نے عرض کیا: ''بابا جان! ایک دن آپ نے خود ہی تو فرمایا تھا کہ جنت اور جہنم کے درمیان ایک وادی ہو گی اور اس وادی کو وہ عبور کرے گا جو خوف خدا میں زیادہ گریہ کرے گا۔ اس لئے میں رو رہا ہوں تا کہ میں اس وادی کو عبور کر سکوں۔

حضرت زکریا علیہ السلام جب بھی بنی اسرائیل کو وعظ ونصیحت کرتے تو اپنے ارد گرد دیکھ لیتے کہ کہیں ان میں یحییٰ علیہ السلام موجود تو نہیں ہیں اگر یحییٰ علیہ السلام موجود ہوتے تو آپ جنت اور جہنم کے حوالے سے کوئی گفتگو نہ کرتے۔

ایک دن حضرت زکریا علیہ السلام بنی اسرائیل کو وعظ ونصیحت کر رہے تھے۔

ان میں حضرت یحییٰ علیہ السلام نے اپنے آپ کو عمامہ میں چھپایا ہوا تھا۔

جس کی وجہ سے حضرت زکریا علیہ السلام انہیں پہچان نہ سکے۔ حضرت زکریاؑ نے اپنے خطاب میں کہا: ''دوزخ میں ایک پہاڑ ہے جس کا نام سکران ہے اس دامن پہاڑ میں ایک بیابان ہے جس کا نام غضبان ہے اور اس بیابان میں ایک کنواں ہے جس کی گہرائی ایک سو سال کی مسافت کے برابر ہے۔ اور اس کنوئیں میں آتش کے تابوت ہیں۔ جن کے اندر آگ بھری ہوئی ہے اور اس میں لباس بھی آتش کے ہوں گے۔''

جب حضرت یحییٰ نے لفظ سکران سنا تو روتے ہوئے وہاں سے اٹھ کر شہر کے باہر چلے گئے۔ ان کے جانے کے بعد حضرت یحییٰ کے والد ماجد، والدہ اور چند بنی اسرائیل کے جوان ان کو تلاش کرنے کے لئے شہر کے باہر گئے۔

شہر کے باہر ان کو ایک گڈریا ملا تو انہوں نے اس سے پوچھا کہ کیا تو نے اس صفات کا جوان کہیں دیکھا ہے۔ گڈریے نے

---

[1] چند تاریخ 221/4۔ بحار الانوار 26/10

جواب دیا کہ یقیناً آپ یحییٰ بن زکریاؑ کے متعلق پوچھ رہے ہیں۔

انہوں نے کہا: "ہاں۔"

تو گڈریے نے بتایا کہ آپ فلاں وادی میں چلے جائیں۔ اس کی حالت یہ ہوگی ہے اس نے اپنے قدم پانی میں رکھے ہوئے ہوں گے۔

آسمان کی طرف اس کی نگاہیں ہوں گی اور وہ اپنے خدا سے راز و نیاز میں مصروف ہوگا۔

وہاں گئے حضرت یحییٰ علیہ السلام وہاں پر موجود تھے۔ جب حضرت یحییٰ علیہ السلام کی والدہ نے جب اپنے بیٹے کی یہ حالت دیکھی تو رو پڑی اسے سینے سے لگا کر خدا کی قسم دی ور کہا کہ بیٹا تم میرے ساتھ واپس اپنے گھر چلو۔ پھر اس کے بعد حضرت یحییٰ علیہ السلام واپس اپنے گھر آ گئے۔ [1]

[1] رسالہ لقاء اللہ ص 157-164۔ امالی الصدوق

باب نمبر 37

خیانت

قرآن مجید میں ارشاد ربانی ہے۔

"اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ مَنْ کَانَ خَوَّانًا اَثِیْمًا"

بے شک اللہ خیانت کار اور گناہگار کو پسند نہیں کرتا۔ [1]

امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے۔

"لَیْسَ لَکَ اَنْ تَاْتَمِنَ الْخَائِنَ"

"تجھے حق نہیں ہے کہ تو خائن شخص کو امین سمجھے۔" [2]

مختصر تشریح

جو چیز بطور امانت ہو مثلاً رقم، دکان، مکان اور گاڑی وغیرہ کوئی شخص امانت کے طور پر دیتا ہے تو اس میں خیانت نہیں کرنی چاہئے۔ اور جو چیز بطور امانت ہو اس کی عیب دار کرنا اور اس میں تصرف کرنا جائز نہیں ہے۔ ایسا شخص جو امین ہو خدا بھی اس پر اعتبار کرتا ہے اور لوگ بھی اس پر اعتماد کرتے ہیں اور وہ شخص کبھی بھی ایمان کے درجے سے نہیں گرتا۔

سخت تاکید کی گئی ہے کہ کسی کا نماز وروزہ دیکھ کر اس کے فریب میں مت آؤ کیونکہ اکثر اوقات لوگ نماز وروزہ کے عادی ہو جاتے ہیں۔ جب کسی کو آزماؤ تو دیکھو کہ وہ شخص کتنا سچا ہے اور امانت کے متعلق کتنی احتیاط سے کام لیتا ہے۔

کسی خائن شخص کے پاس کوئی بھی چیز بطور امانت نہ رکھی جائے اس پر کسی طرح سے اعتماد نہ کیا جائے نہ ہی اسے رشتہ دیا جائے اور نہ ہی اسے قرض۔

خیانت کار انسان قابل مذمت ہوتا ہے۔ اگر کوئی شخص اپنی مال و دولت خائن کے ہاتھ دے دے پھر وہ خائن اس میں تجاوز کرے تو وہ شخص اپنے آپ کو ہی ملامت کرے۔

---

[1] سورۃ النساء آیت 107

[2] بحارالانوار 248/78

1. خائن وزیر

''گشتاسب'' ملک فارس کا ایک عظیم بادشاہ گزرا ہے اس کا ایک وزیر تھا جس کا نام ''راست روشن تھا۔ اس وزیر کے نام کی وجہ سے گستاشب اس پر بے حد اعتماد کرتا تھا اور اس پر ہمیشہ شفقت کرتا تھا۔ یہ وزیر صحیح انسان نہیں تھا اور گشتاسب کو ہمیشہ یہ ترغیب دیتا تھا کہ زیادہ سے زیادہ دولت جمع کرے اگر چہ اس کے لئے لوگوں پر ظلم بھی کرنا پڑے تو اس سے بھی دریغ نہیں کرنا چاہئے۔

وہ اکثر گشتاسب سے کہا کرتا تھا: ''امور مملکت کا سارا انتظام خزانہ سے چلتا ہے لہٰذا اگر عوام غریب ہو گی تو تمہارے تابع رہے گی۔'' اس وزیر کے کہنے پر خود گشتاسب نے بھی مال و دولت جمع کیا۔ کچھ عرصے کے بعد کسی وجہ سے اس وزیر اور گشتاسب کے درمیان ناچاقی ہوئی۔

گشتاسب نے جب حکومتی خزانہ پر نگاہ ڈالی تا کہ ملازمین کو تنخواہیں دے تو دیکھا کہ خزانہ خالی ہو چکا تھا۔ جب اس نے شہروں پر نگاہ کی تو شہر ویران ہو چکے تھے اور جب لوگوں کو دیکھا تو پریشان دکھائی دیے۔ یہ حالات دیکھ کر گشتاسب بڑا مایوس ہوا۔

مایوسی دور کرنے کے لئے وہ تن تنہا صحرا میں سیر کرنے چلا گیا۔

صحرا میں سیر و سفر کے دوران اس کی نگاہ گوسفندوں پر پڑی تو ان کے قریب گیا دیکھا کہ گوسفند بیٹھے ہوئے ہیں اور درخت پر ایک کتے کو سولی لٹکایا گیا ہے۔ وہ یہ منظر دیکھ کر تعجب کا شکار ہوا۔

اس نے گڈریا کو بلایا اور اس سے پوچھا کہ تو نے کتے کو سولی پر کیوں لٹکایا ہوا ہے؟

اس گڈریے نے جواب دیا: ''جناب! یہ کتا امین تھا۔ ایک عرصے تک میں اسے پالتا تھا وہ میری بھیڑوں کی حفاظت کرتا تھا۔ پھر کچھ عرصے سے اس نے ایک مادہ بھیڑیا سے دوستی کر لی ہے۔ جیسے ہی رات ہوتی تو وہ مادہ بھیڑیا میرے ریوڑ میں سے ایک گوسفند کو اٹھاتی آدھا وہ خود کھاتی اور آدھا یہ کتا کھاتا رہا ہے۔ جب میں نے مشاہدہ کیا کہ میری بھیڑیں کم ہوتی جارہی ہیں میں نے جستجو کی کہ بھیڑیں کہاں جارہی ہیں میرے سامنے اس کتے کی خیانت ظاہر ہوئی۔

لہٰذا اس لئے میں نے اسے پھانسی دی تا کہ معلوم ہو کہ خائن کا انجام برا ہوتا ہے۔''

جب گشتاسب نے یہ واقعہ سنا تو وہ ہوش و حواس میں واپس آیا اور اپنے آپ سے کہنے لگا کہ میری رعایا بھی میرے لئے میری بھیڑیں ہیں اور میں ان کا چرواہا ہوں۔ مجھے ان کی فلاح و بہبود کا خیال رکھنا چاہئے۔

وہ جیسے ہی واپس اپنی جگہ پر آیا تو اس نے قید میں پڑے ہوئے لوگوں کی فہرست طلب کی اور اسے معلوم ہوا کہ بہت سے لوگوں کو اس وزیر ا''راست روشن'' نے حبس بے جا میں رکھا ہوا تھا۔ اور بادشاہ کو در پیش آنے والی مشکلات بھی اس وزیر کی وجہ سے تھیں۔

اس نے مظلوم لوگوں پر رحم کیا اور ان پر ظلم و ستم سے باز آ گیا۔

بعد میں گشتاسب نے وزیر راست روشن کو گرفتار کرلیا۔ اور قیدیوں کے فلاح و بہبود کے بڑے کام کئے اس کے بعد وہ کسی بھی شخص پر اعتماد نہیں کرتا تھا۔[1]

2. زیارت میں خیانت

جناب حاج آقا حسن فرزند مرحوم آیت اللہ حاج آقا حسین طباطبائی قمی روایت کرتے ہیں کہ میں اپنی آنکھ کے علاج کے سلسلے میں مشہد سے تہران آیا اس دوران تہران کا ایک تاجر جو میرا واقف کار تھا وہ اس وقت مشہد مقدس میں زیارت امام ثامن کے لئے گیا ہوا تھا۔

ایک رات میں نے عالم خواب میں دیکھا کہ میں حرم امام رضا علیہ السلام میں موجود ہوں اور اس وقت امام علیہ السلام اپنی قبر اطہر پر بیٹھے ہوئے ہیں۔

میں نے دیکھا کہ اس تاجر نے امام علیہ السلام کی طرف ایک تیر پھینکا جو امام کو لگا جس سے امامؑ کے اذیت ہوئی۔ پھر اس تاجر نے دوسرا تیر امامؑ کو مارا جس سے امامؑ کو اذیت ہوئی جب اس نے تیسرا تیر امام علیہ السلام کی طرف پھینکا تو اس تیر لگنے کی وجہ سے امام علیہ السلام اپنی قبر اطہر پر گر گئے۔

خواب میں یہ منظر دیکھ کر مجھ پر وحشت طاری ہوگئی۔ میرا علاج مکمل ہوگیا۔ اور میں چاہتا تھا کہ اب واپس مشہد مقدس چلا جاؤں لیکن اس خیال سے رک گیا کہ وہ تاجر مشہد سے تہران واپس آجائے اور میں اس سے مل کر بعد میں مشہد روانہ ہوں۔

الغرض وہ تاجر واپس مشہد سے تہران پہنچ گیا اور میں اس سے ملنے گیا اور کئی سوال و جواب کیے لیکن مجھے کوئی شے سمجھ نہ آئی جس سے میرے خواب کی تعبیر مل جائے۔

آخر کار میں صبر نہ کرسکا اور اسے بتایا کہ میں نے تیرے متعلق یہ خواب دیکھا ہے۔ جیسے ہی میں نے اسے یہ خواب سنایا تو اس کی آنکھوں میں آنسو آگئے اور کہنے لگا کہ واقعی آپ نے سچ دیکھا ہے میں نے اس سے پوچھا کہ کیا واقعہ ہے؟

اس نے کہا کہ جب میں امام علیہ السلام کی ضریح اقدس پر بوسہ دینے کے لئے گیا تو میں نے دیکھا کہ ایک عورت نے ضریح مبارک پر ہاتھ رکھے ہوئے ہیں۔ جیسے ہی میرا ہاتھ اس کے ہاتھوں کو لگا تو مجھے لذت محسوس ہونے لگی۔ میں نے اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر چلنے لگا۔ جب وہ عورت ضریح کے دوسری طرف آئی تو میں بھی دوسری طرف گیا اور میں نے دوسری دفعہ بھی یہی حرکت کی اور تیسری مرتبہ بھی یہی حرکت کی۔

جب عورت زیارت کرکے ضریح کے باہر آئی تو میں بھی اس کے پیچھے ضریح سے باہر آیا۔

میں نے اس سے پوچھا کہ تو کہاں رہتی ہے؟ اس نے جواب دیا کہ میرا تہران میں گھر ہے اب میں اسی کے ساتھ تہران

[1] جوامع الحکایات ص 313۔ سیاست نامہ خواجہ نظام الملک

واپس آیا ہوں۔ [1]

3. ایک بیٹی کی باپ سے خیانت

دریائے فرات کے کنارے اساطرون نامی ایک بادشاہ حکومت کرتا تھا۔ اور اس کی حکومت اس قدر مضبوط تھی کہ شاپور ذوالاکتاف اس کا لحاظ کرتا تھا۔ لیکن جب رومیوں سے شاپور کی صلح ہوگئی تو اس نے اپنی بدفطرتی کی وجہ سے اساطرون کی حکومت کی تسخیر کا ارادہ کیا۔

شاپور نے اساطرون کی مملکت کے چھوٹے شہر فتح کر لئے اور آخر کار اس کے دارالحکومت کا محاصرہ کر لیا۔

اساطرون قلعہ بند ہوگیا جہاں کئی سالوں کی ضرورت کے مطابق غذا اور خشک چارہ اور ضروریات زندگی کی اشیاء کافی مقدار میں موجود تھیں۔

شاپور نے تمام حربے آزمائے لیکن وہ کسی طرح سے بھی قلعہ میں داخل نہ ہو سکا۔ ایک دن اساطرون کی بیٹی قلعہ کے حصار پر کھڑی دشمن کی فوج کا نظارہ کر رہی تھی کہ اس کی نظر شاپور پر پڑی۔ وہ اس کی مردانہ وجاہت سے بے حد متاثر ہوئی اور اسے پیغام بھیجا اگر تم مجھ سے شادی کرنے کا وعدہ کرو تو میں تمہارے لئے قلعہ کے دروازے کھلوا دوں گی۔

شاپور نے وعدہ کیا کہ شہر کے تسخیر کے فوراً بعد میں تم سے شادی کرلوں گا۔

لڑکی نے ایک رات قلعہ بانوں کو دروازہ کھولنے کا حکم دیا۔ جیسے ہی دروازہ کھلا تو شاپور کی فوج ٹڈی دل کی طرح قلعہ میں داخل ہوئی اور چند گھنٹوں میں قلعہ پر قبضہ کر لیا۔ مقابلہ میں اساطرون قتل ہوگیا۔

شاپور نے اساطرون کی بیٹی سے شادی کرلی۔ چند دن گزرے کہ شاپور نے اپنی بیوی کی پشت پر ایک نشان دیکھا۔ تو اس نے بیوی سے اس نشان کے متعلق پوچھا تو اس کی بیوی نے کہا: "رات جس بستر پر سوئی تھی اس پر درخت کا ایک پتہ تھا۔ اسی پتہ کا نشان میری پشت پر ثبت ہوگیا۔

یہ سن کر شاپور بڑا متعجب ہوا اور کہا: تم نے تو بڑی نرم و نازک جلد پائی ہے۔"

اس کی بیوی نے کہا: جی ہاں میرے باپ نے بڑے نعم و ناز سے مجھے پالا تھا۔ ہمیشہ کھانے میں مغز گوسفند، انڈے کی زردی اور شہد کھلایا کرتا تھا اسی لئے میری جلد اتنی نرم و نازک ہے۔

یہ سن کر شاپور نے اپنی گردن جھکالی اور کافی دیر تک کچھ سوچتا رہا۔ پھر اس نے سر اٹھا کر کہا: جب تو نے اتنے مہربان باپ سے وفا نہ کی تو پھر مجھ سے تو کیسے وفا کرے گی؟

پھر اس نے حکم دیا کہ اس کے بالوں کو گھوڑے کی دم سے باندھ کر خاردار مقام پر اس وقت تک دوڑایا جائے جب تک یہ

---

[1] راہنمائے سعادت 257۔ جامع الدرر 448/1

مرنہ جائے۔[1]

4. امام جعفر صادق علیہ السلام اور ہندوستانی

امام موسیٰ کاظمؑ روایت کرتے ہیں کہ ایک دن میں اپنے والد ماجد حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں بیٹھا تھا کہ ہمارے ایک دوست نے کہا کہ دروازے کے باہر کچھ لوگ جمع ہیں اور آپؑ سے ملنا چاہتے ہیں۔

میرے والد نے مجھے حکم دیا کہ باہر جا کر دیکھو کہ یہ کون لوگ ہیں۔ میں باہر آیا تو دیکھا کہ کچھ اونٹ ہیں جن پر کچھ سامان لدا ہوا ہے اور ایک شخص اونٹ پر سوار ہے میں نے سوار سے پوچھا کہ تو کون ہے؟

اس نے کہا میں ہندوستان سے آیا ہوں اور امام جعفر صادق علیہ السلام سے ملنا چاہتا ہوں۔

میں نے واپس آ کر والد ماجد کی خدمت میں ہندی کے آنے کا ذکر کیا تو میرے والد ماجد علیہ السلام نے فرمایا: اس ناپاک خائن کو اندر آنے کی اجازت نہ دو۔

وہ کافی دیر تک دروازے پر کھڑا رہا اور انتظار کرتا رہا۔ پھر یزید بن سلیمان اور محمد بن سلیمان کی سفارش سے اندر آنے کی اجازت ملی۔

ہندی نے دوزانو ہو کر امام علیہ السلام کو سلام کیا اور کہا کہ میں ہندوستانی شخص ہوں۔ میرے بادشاہ نے کچھ ہدایا اور تحائف دے کر مجھے آپ کی خدمت میں بھیجا ہے۔ لیکن آپ نے مجھے اپنے پاس آنے کی اجازت تک نہ دی۔ کیا اولاد انبیاء اپنے مہمانوں سے یہی سلوک کرتی ہے؟

میرے والد نے کچھ دیر تک سر جھکائے رکھا اور فرمایا۔ تمہیں ابھی اس کا علم ہو جائے گا۔ پھر میرے والد نے فرمایا۔ تم اس سے خط لے کر پڑھو۔ میں نے خط لے لیا تو اس میں بادشاہ ہند نے تحریر کیا تھا۔

میں نے آپؑ کی برکت سے ہدایت پائی۔ مجھے ایک کنیز بطور ہدیہ ملی ہے اور میں اسے بطور ہدیہ آپ کے پاس بھیج رہا ہوں اور اس کے ساتھ کچھ لباس اور زیورات اور عطر بھی روانہ کر رہا ہوں۔ میں نے ایک ہزار امین افراد کا انتخاب کیا۔ پھر ان میں سے ایک سو امین افراد کو چنا۔ سو میں نے دس امین چنے اور دس میں سے ایک امین کا انتخاب کیا جس کا نام میزاب بن خباب ہے۔ چنانچہ اس کنیز کے ہمراہ میں اسے روانہ کر رہا ہوں اس سے بڑھ کر لائق اعتماد شخص میری نظر میں کوئی نہ تھا لہذا میں اسے ہی آپ کی خدمت میں بھیج رہا ہوں۔

میرے والد ماجد امام صادقؑ نے اس کی طرف رخ کر کے فرمایا۔ اے خبیث اور خائن میں اس امانت کو کبھی بھی قبول نہیں کر سکتا جس میں تو نے خیانت کی ہے۔

---

[1] نمونہ معارف 122 / 5۔ مستطرف 210 / 1

ہندوستانی شخص نے کئی مرتبہ قسم کھائی کہ میں نے خیانت نہیں کی۔

میرے والد نے فرمایا۔ اگر تیرا یہ لباس تیری خیانت کی گواہی دے تو کیا تو مسلمان ہو جائے گا۔

اس نے کہا: "مجھے مسلمان بننے سے معاف رکھیں۔"

بعد ازاں میرے والد نے فرمایا: "پھر تو نے جو خیانت کی ہے وہ خیانت بادشاہ ہند کو لکھ کر بھیج دی جائے۔"

ہندی نے کہا: "اگر آپ کو اس کے متعلق علم ہے تو آپ بادشاہ کو لکھ بھیجیں۔

ہندی کے کاندھے پر اونی شال تھی۔ میرے والدؑ نے فرمایا یہ چادر زمین پر رکھو۔ پھر انہوں نے دو رکعت نماز ادا کی اور نماز سے فارغ ہو کر سر سجدے میں رکھا تو میں نے سنا وہ کہہ رہے تھے۔

"اللهم انی اسئلك بمعاقد العزمن عرشك ومنتهی الرحمة ان تصلی علی محمد وآل محمد عبدك ورسولك وامینك فی خلقك ان تأذن لعز وهذی ان یتطق بلسان عربی مبین یسمعه من فی من اولیائنا لیکون ذلك عندهم ایة من ایات اهل البیت فیزدادوا ایمانا مع ایمانهم۔"

"خدایا تجھے عرش کے ستون اور تیری رحمت کا واسطہ دیتا ہوں کہ تو اپنے بندے اور رسول اور اپنی مخلوق میں امین محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل پر درود بھیج۔ خدا اس ہندی کی چادر کو اجازت دے کہ وہ فصیح و بلیغ عربی میں گفتگو کرے۔ جسے اس مجلس میں بیٹھے ہوئے ہمارے دوست سن سکیں تاکہ یہ اہل بیت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی قرار پائے اور ان کے ایمان میں اضافہ کا سبب بنے۔"

پھر آپؑ نے اونی چادر کو حکم دیا کہ تجھے جو کچھ معلوم ہے بیان کر۔

امام علیہ السلام نے جونہی یہ فرمایا تو ایک دنبہ نمودار ہوا اور کہا فرزند رسول! بادشاہ نے اسے امین سمجھ کر کنیز اور تحائف کے متعلق بہت زیادہ نصیحت کی۔ جب ہم نے کچھ راہ طے کی تو بارش برسنے لگی۔

بارش سے تمام سامان بھیگ گیا۔ کچھ دیر بعد بادل ہٹ گئے اور سورج نکل آیا۔ کنیز کے پاس ہمارا ایک خادم تھا جسے اس نے آواز دے کر بلایا اور اسے کچھ سامان لانے کے بہانے قریبی شہر روانہ کیا۔ پھر اس نے کنیز کو صدا دی اور کہا کہ ہم نے یہ خیمہ دھوپ میں لگایا ہے۔ تم اس خیمے میں آکر اپنا جسم اور لباس خشک کرو۔ کنیز خیمہ میں آئی۔ اس کی نگاہ اس کے پاؤں پر پڑی تو اس کی نیت میں فتور آ گیا۔ اور کنیز کو خیانت پر راضی کر لیا۔

ہندی یہ دیکھ کر انتہائی پریشان ہوا اور اس نے اپنے گناہ کا اعتراف کر لیا اور معافی طلب کرنے لگا۔ چادر اپنی اصلی حالت پر آ گئی۔

امام نے فرمایا کہ چادر اٹھاؤ اور اپنے گلے میں ڈالو۔اس نے جیسے ہی چادر اٹھا کر گلے میں ڈالی تو چادر اس کے گلے میں اس طرح سے لپٹ گئی کہ اس کی روح نکلنے کے قریب آگئی اور اس کا چہرہ سیاہ ہوگیا۔

اس وقت امام علیہ السلام نے چادر کو حکم دیا کہ تم اسے چھوڑ دو تا کہ یہ اپنے بادشاہ کے پاس جائے اور وہی اسے سزا دے۔

چادر نے اس کے گلے کو چھوڑ دیا۔پھر ہندی نے کانپتے ہوئے ہدیہ قبول کرنے کی درخواست کی۔آپؑ نے فرمایا: اگر تو مسلمان ہوجائے تو میں کنیز تجھے دے دوں گا۔لیکن اس نے مسلمان ہونے سے معذرت کی۔پھر امام علیہ السلام نے کنیز کے علاوہ باقی تحائف قبول فرمائے۔اور وہ شخص سرزمین ہند کی طرف لوٹ گیا۔

ایک ماہ بعد بادشاہ ہند کا خط ملا۔جس میں اس نے تحریر کیا تھا کہ آپؑ نے معمولی ہدیہ وتحائف قبول کیے لیکن آپؑ نے کنیز کو قبول نہیں کیا۔میں اس کی وجہ سے کافی پریشان ہوا اور دل ہی دل میں سوچا کہ شاید ان دونوں سے خطا سرزد ہوئی ہے جس کی وجہ سے آپؑ نے اسے قبول نہیں کیا۔پھر میں نے اپنی طرف سے جھوٹا موٹا لکھ کر انہیں بلایا اور کہا کہ امام جعفر صادق نے مجھے یہ خط لکھا ہے کہ جس میں تمہاری خیانت کا ذکر کیا ہے۔لہٰذا اس مرحلے پر تمہیں سچ بولنا چاہئے اور میں سچ کے علاوہ کچھ سننا پسند نہیں کروں گا۔اس کے بعد ان دونوں نے مجھے تمام واقعات بلاکم وکاست سنائے اور اپنی خیانت کا اقرار کیا اور چادر کا واقعہ بھی سنایا جسے سن کر میرے یقین وایمان میں اضافہ ہوا اور میں اب اسلام کی صداقت سے متاثر ہو کر مسلمان ہوتا ہوں اور اقرار کرتا ہوں۔

اشھد ان لا الہ الا اللہ وان محمد اعبدہ ورسولہ۔میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی لائق عبادت نہیں ہے اور محمد اللہ کے عبد اور رسول ہیں۔اور اس خط کے بعد میں خود بھی آرہا ہوں۔[1]

5. حضرت علی علیہ السلام کا فیصلہ

ایک یتیم بچی کسی گھر میں پرورش پاتی تھی۔گھر کا مالک اکثر اوقات سفر پر رہتا تھا۔آخر کار بچی سن بلوغت پر پہنچی۔خدا نے اسے حُسن وادا سے مالا مال کیا تھا۔گھر میں خاتون خانہ نے سوچا کہ ممکن ہے اسے دیکھ کر میرے شوہر کی نیت بدل جائے۔لہٰذا اس کا پہلے سے سدباب کرنا چاہئے۔

اس نے چند محلہ دار عورتوں کو اپنے پاس بلایا اور لڑکی کو شراب پلا کر اس کی بکارت زائل کردی۔

کچھ عرصہ کے بعد اسکا شوہر گھر آیا اور بیوی سے یتیم بچی کا احوال دریافت کیا۔عورت نے کہا: آپ اس کے متعلق کچھ نہ پوچھیں اس نے اپنی عصمت تباہ کرلی ہے اور اپنی بکارت زائل کرچکی ہے۔

گھر کے مالک نے بچی کو بلا کر سوال کیا تو اس نے قسمیں کھا کر اپنی پاکدامنی کی گواہی دی۔

عورت چند ہمسائی عورتوں کو اپنے شوہر کے پاس لائی جنھوں نے اس لڑکی کے گناہ گار ہونے کی گواہی دی۔

---

[1] چند تاریخ 1/217 - بحار الانوار 11/136

آخر کار مقدمہ حضرت عمرؓ کی عدالت میں جا پہنچا۔ اور وہ بھی کوئی فیصلہ نہ کر سکے۔ مرد نے تقاضا کیا یہ مسئلہ مولا علی علیہ السلام کی خدمت میں پیش کیا جائے۔ جب مولا علیؑ کی خدمت میں یہ مسئلہ پیش ہوا تو آپ نے عورت سے فرمایا: تمہارے پاس اپنے دعویٰ کے گواہ موجود ہیں؟

عورت نے کہا: ''جی ہاں میرے پاس بہت سی ہمسائی عورتیں بطور گواہ موجود ہیں۔

حضرت علی علیہ السلام نے اپنے پاس تلوار رکھی اور فرمایا: ''ایک ایک گواہ کو علیحدہ علیحدہ پیش کیا جائے۔

پہلی گواہ عورت پیش ہوئی۔ آپؑ نے اس کا بیان سنا اور بیان سننے کے بعد اسے ایک علیحدہ کمرے میں بھیج دیا۔

پھر آپ نے دوسری گواہ عورت کو طلب کیا۔ جب عورت حاضر ہوئی تو آپ نے فرمایا: مجھے پہچان کر گواہی دینا اور یہ بھی دیکھ لو کہ میرے پاس تلوار رکھی ہوئی ہے۔ تمہاری ساتھی پہلی عورت نے مجھے ساری صورت حال بتادی ہے۔ اگر تم نے جھوٹ بولنے کی کوشش کی تو اس کا نتیجہ بہت ہی خطرناک ہوگا۔

عورت نے رو کر کہا: مولا! اصل حقیقت تو ہماری ساتھی گواہ آپ کو بتا چکی ہے۔ لڑکی بالکل بے گناہ ہے خاتون خانہ نے اسے اپنی انگلی سے داغدار کیا ہے تاکہ اس کا شوہر اس کی طرف مائل نہ ہونے پائے۔ اور جب خاتون خانہ اس کی بکارت زائل کر رہی تھی تو ہم نے لڑکی کو مضبوطی سے پکڑا ہوا تھا۔

حضرت علیؑ نے صدائے تکبیر بلند فرمائی اور کہا: ''دانیال کے بعد میں پہلا شخص ہوں جس نے گواہوں کے درمیان جدائی ڈالی۔ پھر آپ نے حکم دیا کہ خاتون خانہ کو حد قذف کے طور پر اسی کوڑے مارے جائیں اور آپ نے اس کے اور اس کے شوہر کے درمیان جدائی کرادی۔ شوہر نے اسے طلاق دے دی اور آپ نے ہر ایک عورت پر چار سو درہم جرمانہ عائد کیا۔ پھر آپ نے اس یتیم بچی کا نکاح اس مرد سے کر دیا۔ [1]

---

[1] جامع النورین ص 248

باب نمبر 38

دنیا

قرآن مجید میں ارشادِ خداوندی ہے:

وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ

اور دنیا کی زندگی ایک کھیل اور تماشے کے سوا کچھ نہیں۔ [1]

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے۔

من اصبح والدنیا أکبر همه فلیس من الله فی شیء۔

''جس شخص نے اس حالت میں صبح کی کہ اس کی فکر صرف دنیا تک محدود ہو اس کا خدا کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔'' [2]

مختصر تشریح

دنیا کو ایک جسم تصور کریں۔ اس کا سر تکبر ہے، اس کی آنکھ حرص ہے، اس کا کان طمع ہے، اس کی زبان ریا ہے، اس کا ہاتھ شہوت ہے، اس کا پاؤں خود پسندی ہے اور اس کا دل غفلت ہے۔

جو شخص دنیا سے پیار کرے تو دنیا اس شخص کو تکبر کے مقام پر پہنچاتی ہے جس شخص کو دنیا اچھی لگے تو اس شخص کو دنیا حریص بنا دیتی ہے۔ جو شخص دنیا کا طالب گار بن جائے تو دنیا اسے طمع میں مبتلا کر دیتی ہے۔ جو شخص دنیا کی تعریف کرے تو دنیا اس کے جسم پر ریاکاری کا لباس اوڑھا دیتی ہے۔ جو دنیا کا ارادہ کرے تو دنیا اس کے دل میں خود پسندی ڈال دیتی ہے اور جو دنیا پر بھروسہ کرے تو دنیا اس کو غفلت میں ڈال دیتی ہے اور اس شخص کا ٹھکانہ دوزخ بن جاتا ہے۔ [3]

---

[1] سورۃ الانعام آیت 32

[2] جامع السعادات 24/2

[3] تذکرۃ الحقائق ص 35

1. عزت وذلت

ہارون الرشید بنی عباس کا مشہور خلیفہ گزرا ہے اسے خاندان برامکہ سے بہت محبت تھی۔ اس نے انہیں وزیر مقرر کیا تھا اور وہ اس کے قریبی دوستوں میں شمار ہوتے ہیں۔ ہارون الرشید کو یحییٰ بن خالد برمکی سے بہت محبت تھی۔ آخر کار سترہ برس سات ماہ 189ء میں چند مسائل کی وجہ سے برامکہ پر ہارون الرشید غضب ناک ہوا۔ اس نے خاندان برامکہ کو تہہ تیغ کر دیا۔ وہ خاندان جو بظاہر بہت بڑے مرتبہ پر فائز تھا بدبختی میں چلا گیا۔

محمد بن عبدالرحمن ہاشمی کہتا ہے کہ عید کے دن میں اپنی ماں کے پاس گیا تو ایک بوڑھی عورت کو اپنی ماں کے پاس دیکھا جس نے بہت ہی پرانا اور میلا لباس پہنا ہوا تھا۔

میری ماں نے کہا: ''اس عورت کو جانتے ہو؟''

میں نے اپنی لاعلمی کا اظہار کیا تو میری ماں نے کہا: ''یہ عورت انقلاب زمانہ کی جیتی جاگتی تصویر ہے۔ یہ جعفر برمکی کی ماں عبادہ ہے۔''

میں نے کچھ دیر اس سے گفتگو کی اور پوچھا: ''آپ نے حوادث روزگار کو کیسے پایا؟''

جعفر برمکی کی ماں نے کہا: ''بیٹا آج عید کا دن ہے جب ہمارا اقتدار تھا اور ہمارا بخت بام عروج پر تھا تو عید کے دن میری خدمت کے لئے چار سو کنیزیں موجود ہوتی تھیں۔ لیکن میں پھر بھی اپنے بیٹے جعفر پر ناراض ہوتی تھی کہ اس نے میرے لئے اتنی اور کنیزیں کیوں نہیں بھیجیں؟

اور پھر ہمارا بخت ڈھل گیا۔ آج بھی عید کا دن ہے اور آج میری سب سے بڑی آرزو یہ ہے کہ مجھے کہیں سے دو کھالیں مل جائیں ایک کھال نیچے بچھاؤں اور ایک کھال کو لحاف کے طور پر استعمال کر سکوں۔''

محمد (راوی) کہتا ہے کہ میں نے اسے پانچ سو درہم دیئے تو وہ بے چاری اتنی خوش ہوئی کہ خوشی کی وجہ سے مجھے اس کی موت کا خوف محسوس ہونے لگا۔

کبھی کبھی وہ بڑھیا ہمارے گھر آیا کرتی تھی اور ہم اس کی مدد کیا کرتے تھے۔

ایک دن مجھے اطلاع ملی کہ بڑھیا دنیا کے غموں سے آزاد ہو گئی ہے ہزاروں من مٹی میں مدفون ہو چکی ہے۔ [1]

2. حضرت علیؑ اور بیت المال

شعبی روایت کرتے ہیں کہ میں ابھی بچہ تھا اور کوفہ کے دوسرے بچوں کی طرح میں بھی کوفہ کے بڑے میدان میں گیا ہوا تھا۔

---

[1] المستطرف ص 181

وہاں پر میں نے امیر المومنین حضرت علیؑ کو دیکھا کہ آپ کے ہاتھ میں دو بڑے بڑے برتن تھے جو سونے اور چاندی سے بھرے ہوئے تھے۔ اور آپ کے ہاتھ میں ایک چھوٹا سا تازیانہ تھا جس سے آپؑ لوگوں کو پیچھے ہٹا رہے تھے تاکہ لوگوں کے اژدہام کی وجہ سے تقسیم میں کوئی رکاوٹ حائل نہ ہو۔

اس کے بعد آپؑ نے وہ ساری دولت تقسیم کردی اور حتیٰ کہ آپؑ نے اپنا حصہ بھی باقی نہ لیا اور آپؑ خالی ہاتھ گھر چلے گئے۔

میں اپنے گھر آیا اور میں نے اپنے والد سے یہ واقعہ بیان کیا اور کہا کہ آج میں نے ایک عجیب واقعہ دیکھا اور مجھے معلوم نہیں کہ اس شخص کا عمل صحیح تھا یا غلط تھا میرے باپ نے مجھ سے پوچھا وہ کون تھے؟ میں نے انہیں بتایا کہ وہ امیر المومنینؑ تھے اور اس کے بعد میں نے آپ کی تقسیم کا واقعہ بھی بیان کیا۔ پھر میرے باپ نے وہ واقعہ سن کر فرمایا: ''بیٹا! آج تم نے دنیا کے بہترین شخص کی زیارت کی ہے۔'' [1]

زاذان بیان کرتے ہیں کہ میں قنبر کے ساتھ امیر المومنینؑ کی خدمت میں گیا۔

قنبر نے امام علیہ السلام سے عرض کی: ''امیر المومنین اٹھیں میں نے آپ کے لئے خزانہ چھپا کر رکھا ہوا ہے۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: ''کس چیز کا خزانہ؟'' قنبر نے کہا: مولا! آپؑ میرے ساتھ آئیں میں آپ کو خزانہ دکھاتا ہوں۔

امام علیہ السلام اٹھے اور اس کے گھر تشریف لے گئے۔ قنبر نے پٹ سن کا بنا ہوا ایک بہت بڑا تھیلا جس میں سونے اور چاندی سے بھری ہوئی چھوٹی چھوٹی تھلیاں موجود تھیں امام علیہ السلام کی خدمت میں پیش کیا۔ قنبر نے کہا: ''مولا! میں جانتا ہوں آپ کو جو بھی چیز ملتی ہے تو آپ اسے تقسیم کردیتے ہیں یہ خزانہ میں نے صرف اور صرف آپ کے لئے مخصوص کر رکھا ہے۔''

امام علی علیہ السلام نے فرمایا: ''میں چاہتا ہوں کہ اس گھر میں آگ کے شعلے اٹھیں اور یہ دنیا جل جائے اس کے بعد آپ نے اپنی تلوار نیام سے باہر نکالی اور اس بوری پر ماری جس سے تمام سونا اور چاندی باہر آ گیا۔ تو امام علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ ساری دولت لوگوں میں تقسیم کردی جائے اور وہ تمام دولت لوگوں میں تقسیم کردی اور بعد میں امام علیہ السلام نے فرمایا: ''لوگو! گواہ رہنا میں نے اپنے لئے کوئی بھی دولت نہیں رکھی میں نے مسلمانوں کے بیت المال میں کوئی کوتاہی نہیں کی۔'' پھر آپ نے فرمایا: ''اے سونا، اے چاندی علی کے دشمن کو جا کر فریب دینا، علی تیرے فریب میں کبھی نہیں آئے گا، علی تجھے تین طلاقیں دے چکا ہے۔'' [2]

3. حضرت سلیمان

ایک دن حضرت سلیمانؑ نے اپنے درباریوں سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے عظیم سلطنت عطا کی ہے جو میرے بعد کسی اور کو نصیب نہیں ہوگی۔ اللہ تعالیٰ نے میرے ہاتھوں میں ہواؤں، جنات انسانوں اور پرندوں کو مسخر کیا ہے اور مجھے پرندوں کی زبان تعلیم

---

[1] الغارات 55/1۔ داستانھای زندگی علی ص 114/

[2] داستانھای زندگی علی ص 128 /۔ نہج البلاغہ ابن ابی الحدید 181 /8

فرمائی ہیں، اس کے باوجود میں نے پورا ایک دن بھی سکون سے بسر نہیں کیا۔ اسی لئے میری خواہش ہے کہ کل کا پورا دن کوئی مجھے ملنے نہ آئے میں اپنے محل پر چڑھ کر اپنی سلطنت کا نظارہ کروں گا۔

صبح ہوئی حضرت سلیمان اپنے عصا کو ہاتھ میں لیکر محل پر آگئے۔ اور خوش ہو کر اپنی سلطنت کا نظارہ کرنے لگے۔ اتنے میں انہوں نے ایک خوش لباس اور خوبصورت جوان کو محل کے ایک گوشہ میں دیکھا تو اس سے پوچھا: ''تو کس کی اجازت سے اس محل میں داخل ہوا؟''

جوان نے کہا: ''میں محل کے مالک کی اجازت سے داخل ہوا ہوں۔''

حضرت سلیمان نے کہا: ''بے شک اس محل کا مالک (خدا) میری نسبت تجھے اجازت دینے کا زیادہ اہل ہے۔''

پھر حضرت سلیمانؑ نے پوچھا کیوں آئے ہو؟''

جوان نے کہا: ''میں تمہاری روح قبض کرنے آیا ہوں۔''

حضرت سلیمان نے کہا: ''تم اپنا فرض پورا کرو میں آج کا دن خوشی اور مسرت میں گزارنا چاہتا تھا۔ لیکن میرے خدا نے چاہا کہ میں ملاقات خدا سے لطف حاصل کروں۔''

حضرت سلیمانؑ نے عصا کا سہارا لیا اور ملک الموت نے ان کی روح قبض کر لی موت کے بعد بھی سلیمانؑ اسی عصا کا سہارا لئے اپنے محل پر کھڑے رہے۔

لوگ سمجھے کہ سلیمان زندہ ہیں۔

چند دنوں کے بعد اختلاف پیدا ہو گیا کچھ لوگوں نے کہا: ''سلیمانؑ کافی دنوں سے ایک ہی جگہ پر کھڑے ہوئے ہیں نہ وہ کچھ کھاتے ہیں اور نہ ہی کچھ پیتے ہیں ہو نہ ہو وہی ہمارے خدا ہیں۔''

ایک گروہ نے کہا: ''سلیمانؑ (نعوذ باللہ) جادوگر ہیں۔''

مومنین کی جماعت نے کہا: ''سلیمانؑ خدا کے بندے اور اس کے نبی ہیں اللہ تعالیٰ ان کے لئے جو مناسب سمجھے گا فیصلہ کرے گا۔''

پھر خداوند عالم نے ان کے عصا پر دیمک کو مسلط کر دیا۔ وہ عصا کو چاٹتی رہی جب عصا کا اندرونی حصہ خالی ہو گیا تو حضرت سلیمان محل کی چھت سے زمین پر آگرے۔ حضرت سلیمانؑ کے گرنے کے بعد لوگوں کو علم ہوا کہ حضرت سلیمان فوت ہو گئے ہیں۔''[1]

4. طلحہ وزبیر کی دنیا پرستی

طلحہ وزبیر صدر اسلام کے دو مشہور انسان تھے انہوں نے جہاد اسلام کے میدان میں شایان شان خدمات سرانجام دی تھیں۔

---

[1] حیوۃ القلوب 370/1

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد زبیر حضرت علی علیہ السلام کا طرف دار تھا اور وہ ہر جگہ پر حضرت علیؑ کی مدد کیا کرتا تھا۔ زمانہ بدلا کہ یہاں تک کہ حضرت عثمانؓ قتل ہو گئے۔ لوگوں نے حضرت علیؑ کو اپنا رہبر و خلیفہ منتخب کر لیا۔ یہ دونوں حضرت علی علیہ السلام کے پاس آئے اور تقاضا کیا کہ انہیں کچھ شہروں کا حکمران مقرر کیا جائے۔ حضرت علی نے نفی میں جواب دیا وہ چلے گئے۔

پھر انہوں نے محمد بن طلحہ کے ذریعے پیغام بھیجا کہ ہم نے آپ کی خلافت کے لئے بے پناہ قربانیاں دیں اب جب کہ حکومت وخلافت آپ کے ہاتھ آ گئی تو آپ نے استبداد کا راستہ اپنایا ہے آپ نے مالک اشتر جیسے لوگوں کو تمام اختیارات دے دیئے ہیں اور ہمیں پس پشت ڈال دیا ہے۔

امام علیؑ نے محمد بن طلحہ کے ذریعے پیغام بھیجا کہ میں ایسا کیا کروں تا کہ تم راضی ہو جاؤ۔ انہوں نے جواب دیا کہ ہم میں سے ایک کو بصرہ اور دوسرے کو کوفہ کا گورنر بنائیں۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: ''خدا کی قسم میں تو تم دونوں کو مدینہ میں امین نہیں سمجھتا مجھے کیا ضرورت ہے کہ میں تمہیں کوفہ اور بصرہ جیسے شہروں کا گورنر مقرر کروں۔''

پھر امام علیہ السلام نے محمد ابن طلحہ سے کہا ان کے پاس جاؤ اور ان سے کہو کہ بزرگو! خدا کا خوف کرو، مسلمانوں پر ظلم نہ کرو، کیا تم نے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان نہیں سنا۔

''ہم نے سرائے آخرت ان لوگوں کے لئے قرار دیا ہے جو زمین پر برتری کا ارادہ نہیں رکھتے اور جو زمین پر فساد نہیں کرنا چاہتے۔ نیک انجام نیکو کاروں کے لئے مخصوص ہے۔'' (سورۃ القصص آیت نمبر 83)

ان لوگوں کو جب حکومت میں کوئی حصہ نہ ملا تو وہ مکہ جانے کے خواہشمند ہوئے۔ امام علیہ السلام کے پاس آئے اور آپ کی خدمت میں آ کر کہا کہ مولا! ہم مکہ عمرہ کے لئے جانا چاہتے ہیں آپ ہمیں اجازت دیں۔ امام نے ارشاد فرمایا: ''تم مکہ جا کر عمرہ کا ارادہ نہیں رکھتے۔'' انہوں نے قسم کھا کر کہا: ''ہم آپ سے کوئی اختلاف نہیں کریں گے۔'' ''ہم آپؑ کی بیعت پر قائم رہیں گے۔''

امام علیہ السلام نے انہیں حکم دیا کہ وہ دوبارہ بیعت کریں۔ اور انہوں نے دوبارہ آپ کی بیعت کی چنانچہ امام علیہ السلام نے انہیں مکہ جانے کی اجازت دے دی۔

مکہ پہنچ کر انہوں نے آپؑ کی بیعت توڑ ڈالی اور وہاں اپنی سپاہ تشکیل دی اور بی بی عائشہؓ کو ساتھ لے کر بصرہ کے لئے چل پڑے۔ حضرت علیؑ کے گورنر ''یعلی بن منبہ'' چار لاکھ دینار امام علیہ السلام کی خدمت میں بھیجا تھا راستے میں طلحہ وزبیر نے وہ رقم لوٹ لی اور اس رقم کو امامؑ کے خلاف جنگ میں استعمال کیا۔

36 ہجری میں جنگ جمل واقع ہوئی جس میں طلحہ وزبیر کے لشکر کے تیرہ ہزار افراد قتل ہوئے اور حضرت علی کی فوج کے پانچ ہزار افراد شہید ہوئے۔ آخر کار دوران جنگ مروان نے طلحہ کو تیر مارا جو اس کی فوج میں ہی تھا۔ جس کی وجہ سے طلحہ مر گیا اور مروان نے کہا کہ میں نے خون عثمان کا بدلہ طلحہ سے لے لیا۔

زبیر جنگ سے فرار ہو کر جا رہا تھا کہ راستے میں ابن جرموز نے اسے قتل کر دیا۔ دنیائے اسلام کے دو مشہور انسان دنیا دوستی

15-A

کی وجہ سے رسوا کن موت کا شکار ہوئے۔[1]

5. کیا چاہا تھا کیا ہوا

23 محرم 169ھ کو مہدی عباسی نے ماسبزان کے مقام پر وفات پائی۔ خلافت اس کے بیٹے موسیٰ عباسی کو منتقل ہوئی جس کا لقب ہادی عباسی تھا۔ اس وقت ہادی عباسی "جودبان" میں تھا اور اہل طبرستان سے جنگ کے لئے جا رہا تھا۔

ہارون الرشید نے اہل ماسبزان اور بغداد والوں سے اپنے بھائی کی بیعت حاصل کی۔ اور اس نے ایک قاصد ہادی عباسی کے پاس بھیجا اور اسے یہ پیغام دیا کہ جلدی سے بغداد پہنچ جاؤ۔ ہادی عباسی بھی جلدی سے بغداد آ گیا۔

ہرثمہ بن اعین تمیمی کا بیان ہے کہ ہادی عباسی نے مجھے ایک رات خلوت میں طلب کیا اور مجھ سے کہا: "کیا تجھے معلوم ہے کہ اس ملحد کتے یعنی یحییٰ بن خالد نے ہم پر کتنا ظلم کیا ہے۔ اس نے مخلوقات کو مجھ سے متنفر کیا ہے۔ اور لوگوں کے دلوں میں ہارون الرشید کی محبت کو آباد کیا ہے۔ ضروری ہے کہ تم زندان میں جاؤ اور اس کا سر قلم کرلاؤ۔ اس کے بعد میرے بھائی ہارون الرشید کے گھر جا کر اسے قتل کر دینا اور اس کے بعد زندان چلے جانا وہاں جتنے بھی آل ابوطالب کے افراد قتل کرنے کے بعد تم فوج کا دستہ لے کر کوفہ چلے جانا وہاں تجھے جتنے بھی آل عباس کے گھر دکھائی دیں ان کو آگ لگا دینا۔ یہ شخص کہتا ہے کہ جب میں نے یہ احکامات سنے تو میں لرزنے لگا اور کہا کہ جناب یہ بہت بڑے کام ہیں اور میں یہ سخت کام کرنے کا عادی نہیں ہوں۔ خلیفہ نے کہا کہ اگر تو نے میرے حکم کی بجا آوری میں کوتاہی کی تو میں تجھے قتل کرا دوں گا۔ پھر خلیفہ مجھے وہاں بٹھا کر حرم سرا چلا گیا۔ میں نے گمان کیا کہ اگرچہ میں نے اس کے احکامات نہ مانے تو یہ کام کسی دوسرے شخص کے ذمہ لگا دے گا۔ اور مجھے قتل کرا دے گا۔ میں نے منت مانگی اگر مجھے سخت کام سرانجام دینے سے معافی مل گئی تو میں یہ علاقہ چھوڑ کر کسی ایسے علاقے چلا جاؤں گا جہاں مجھے کوئی پہچان نہ سکے گا۔

اچانک ایک خادم میرے پاس آیا اور کہا ہادی عباسی نے تجھے اندر طلب کیا ہے میں کلمہ شہادت پڑھا اور چل دیا۔ راستہ میں میں نے ایک عورت کی آواز سنی اور میں رک گیا وہ کہہ رہی تھی: "اے ہرثمہ! میں ہادی عباسی کی ماں خیزران ہوں۔ آؤ دیکھو ہمارے سر پر کیا مصیبت آ پڑی ہے، میں گھر کے اندر داخل ہوا تو مجھے خیزران نے کہا کہ میں نے ہادی کے پاؤں پر اپنی چادر ڈالی اور اس سے ہارون الرشید کے لئے عفو و درگزر کی درخواست کی لیکن اس نے میرا کہنا نہ مانا اسے کھانسی شروع ہوگئی اس نے پانی بھی پیا لیکن پانی پینا بھی موثر نہ ہوا۔ بالآخر کھانستے کھانستے (18 ربیع الاول 170ھ میں) وفات پا گیا۔

اب تم جاؤ اور یحییٰ بن خالد سے کہو کہ میرے بیٹے ہارون الرشید کی بیعت کرے اور لوگوں سے بھی ہارون کی بیعت حاصل کرے۔[2]

---

[1] کشکول حمای شیدائی 20/ 3۔ تاریخ یعقوبی 149/ 2

[2] ارژنگ 24/ 1

باب نمبر 39

جھوٹ

قرآن مجید میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ ؕ

یہ لوگ جھوٹ (کی نسبت آپ کی طرف دینے) کے لئے جاسوسی کرنے والے، حرام مال خوب کھانے والے ہیں۔ [1]

امام حسن عسکری علیہ السلام کا فرمان ہے:

"جعلت الخبائث کلھا فی بیتٍ وجعل مِفتَاحھا الکذبُ۔"

''تمام خباثتیں ایک گھر میں جمع ہیں اور اس گھر کے تالے کی چابی جھوٹ ہے۔'' [2]

مختصر تشریح

جھوٹ چھوٹا ہو یا بڑا، سنجیدہ ہو کر بولا جائے یا مذاق میں، جھوٹ جھوٹ ہی ہوتا ہے۔ لہٰذا جھوٹ سے ہمیں پرہیز کرنا چاہیے۔

جھوٹ خلاف ظاہر الکلام ہوتا ہے۔ جھوٹ بولنے والے کی دنیا میں کوئی قدر و قیمت نہیں ہوتی۔ البتہ دو روٹھے ہوئے افراد کے درمیان صلح کرانے کے لئے اگر جھوٹ کا سہارا لیا جائے تو جائز ہے۔ اگر کہیں یہ نزاع اور جھگڑا ہونے کا امکان ہو تو اسے بھی جھوٹ کے ذریعے ختم کرانا جائز ہے۔ جھوٹ بہت بری بلا ہے، جب کوئی شخص جھوٹ بولتا ہے تو ملائکہ اس کے پاس سے اٹھ کر چلے جاتے ہیں۔ جھوٹے کی روزی تنگ ہو جاتی ہے۔ جھوٹ بولنے والا انسان لوگوں میں رُسوا ہوتا ہے۔ خدا، رسول اور آئمہ اطہار پر بولا جائے تو اتنا بڑا گناہ ہے جس سے روزہ بھی باطل ہو جاتا ہے۔ [3]

---

[1] سورۃ المائدہ، آیت 42

[2] جامع السعادات 323/2

[3] احیاء القلوب ص15

1. ولید بن عقبہ

ولید بن عقبہ ابی معیط کا تعلق ان مسلمانوں سے تھا جن کی ابتداء میں ظاہری حالت بہتر تھی۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے عامل زکوۃ بنا کر قبیلہ بنی مصطلق کی طرف بھیجا اور اسے حکم دیا کہ ان سے زکوۃ وصول کر کے لائے۔

افراد قبیلہ نے جب سنا کہ ان کے پاس رسول اکرم کا نمائندہ آرہا ہے تو وہ اس کے استقبال کے لئے شہر سے باہر آگئے۔

زمانہ جاہلیت میں ولید اور قبیلہ بنی مصطلق کے درمیان کچھ جھگڑے ہوئے تھے۔ جب ولید نے لوگوں کو اپنی طرف آتے دیکھا تو اسے یقین ہو گیا کہ لوگ اس سے بدلہ لینے کے لئے آرہے ہیں۔

وہ ان تک پہنچے بغیر واپس مدینہ آگیا اور آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ یارسول اللہ! وہ لوگ مرتد ہو گئے اور انہوں نے زکوۃ دینے سے انکار کر دیا۔ جبکہ معاملہ اس سے سراسر مختلف تھا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارادہ کیا کہ ایک لشکر تشکیل دے کر اس قبیلہ کی سرکوبی کی جائے۔ اس اثناء میں اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیبؐ پر یہ آیت کریمہ نازل کی: "یاایھا الذین آمنوا ان جائکم فاسق....." (سورۃ الحجرات آیت نمبر6)

(اے ایمان والو! اگر کوئی فاسق شخص تمہارے لئے کوئی خبر لے کر آئے تو اس کی خوب اچھی طرح سے تحقیق کر لیا کرو)

اس آیت مجیدہ کے نازل ہونے کے بعد لوگ ولید کو فاسق کہہ کر بلاتے تھے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے متعلق کہا کہ وہ دوزخی ہے۔ پھر بعد میں ولید اور عمر العاص مل کر شراب پیا کرتے تھے۔ خلیفہ سوم کے دور خلافت میں اسے کوفہ کا گورنر بنا کر بھیجا گیا۔ ایک دفعہ نشہ میں دھت ہو کر نماز صبح پڑھانے کے لئے گیا تو اس نے دو رکعت کی بجائے چار رکعت نماز پڑھا دی۔ [1]

2. بھوک اور جھوٹ

اسماء بن عمیس بیان کرتی ہیں کہ میں اور رسول کریمؐ کچھ ازواج حضرت عائشہ کی شب عروسی بی بی عائشہ کی تیاری کرا رہی تھیں۔

جب ہم رسول خدا کے گھر پہنچے تو دیکھا وہاں پر صرف ایک برتن ہے جس میں تھوڑا سا دودھ تھا۔ اس کے علاوہ حضرت کے گھر میں کچھ اور شے موجود نہ تھی۔ اس میں سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ دودھ خود پیا اور کچھ دودھ حضرت عائشہ کے سپرد کیا۔

بی بی عائشہ شرمانے لگی اور شرم کی وجہ سے دودھ نہ پکڑا۔ میں نے کہا کہ کوئی بات نہیں کہ رسول اللہ کے ہاتھ پیچھے نہ کرو جو کچھ وہ دے رہے ہیں لے لو۔ بی بی عائشہ نے شرماتے لجاتے وہ دودھ کا برتن لے لیا اور دودھ پی لیا۔

---

[1] سفینۃ البحار ۶۸۸/۲

پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ یہ برتن آگے اپنی سہیلیوں کو دو۔ جو عورتیں ہمارے ساتھ تھیں انہوں نے کہا کہ ہمیں اب اس کی طلب نہیں ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا کہ دیکھو! بھوک اور جھوٹ کو اکٹھا نہ کرو۔ یعنی تم اگرچہ اس وقت بھوکی ہو لیکن پھر بھی جھوٹ سے کام لے رہی ہو۔

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ بتائیں کہ اگر کوئی چیز ہمیں کھانے کا شوق ہو اور ہم کہیں کہ ہمیں کھانے کا اشتیاق نہیں تو کیا یہ بات بھی جھوٹ تصور کی جائے گی۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دیکھو! جھوٹ چھوٹا ہو یا بڑا جھوٹ جھوٹ ہی ہوتا ہے۔ [1]

3. شاعر کا جھوٹ

خسروی ہروی معاصران عبدالرحمن جامی میں سے ہے اور یہ شعر بھی اس کا ہے۔

پستان حسن راگل روی تو آب داد
گوش بنفشہ راسرزلف تو تاب داد

بیان کیا جاتا ہے کہ اس نے کہا کہ جس دن میرا ختنہ ہو تو اس وقت میرے والد نے دعوت طعام کا بندوبست کیا تھا اور اس وقت کھانوں میں ایک سو من سودہ کسندی قسم کی زعفران ڈالی گئی۔ حاضرین نے کہا کہ اتنی زیادہ زعفران کہاں کہاں کام آئی؟

اس نے جواب دیا کہ چالیس من زعفران تو چاولوں میں ڈالی گئی، تین من چنوں کے سالن میں ڈالی گئی دس من ایک مخصوص قسم کی دال میں ڈالی گئی اور دس من زعفران حلوہ میں ڈالی گئی۔

حاضرین نے کہا: ''یہ تو نوے من بنتی ہے باقی کے دس من زعفران کہاں استعمال ہوا؟''

خسروی نے سر جھکایا اور کافی دیر چپ رہا اور کہا کہ باقی دس من سموسوں میں ڈالی گئی تھی۔ [2]

4. زینب کذابہ

متوکل عباسی کے دور حکومت میں ایک عورت اس کے دربار میں آئی اور دعویٰ کیا کہ میں زینب بنت فاطمہ علیہا السلام ہوں۔

متوکل نے اس عورت سے کہا کہ زینب علیہا السلام کے زمانہ کو کافی عرصہ بیت چکا ہے لیکن تم تو ابھی جوان ہو اس کی کیا وجہ ہے؟

اس عورت نے جواب میں کہا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے سر پر دست شفقت پھیر کر دعا دی کہ تو ہر چالیس

---

[1] شنیدنیہای تاریخ ص294۔ محجۃ البیضاء 249/5

[2] لطائف الطوائف ص4/ 4

سال بعد جوان ہو جائے گی۔"

متوکل نے آل ابو طالب، اولاد عباس اور دیگر قریش کے بزرگان کو بلایا اور ان سے اس عورت کے متعلق پوچھا تو سب نے جواب دیا کہ یہ عورت جھوٹ بول رہی ہے۔ اور کہا کہ بی بی زینب سلام اللہ علیہا 62ھ میں وفات پا چکی ہیں۔ اس جھوٹی زینب نے کہا: یہ جھوٹ بول رہے ہیں کیونکہ میں اب تک اپنے آپ کو سب سے چھپایا ہوا تھا۔

متوکل نے قسم کھا کر کہا کہ میں اس عورت کے دعویٰ کو کیسے جھوٹا ثابت کروں۔ کسی نے اسے کہا کہ وہ امام علی نقی علیہ السلام کو بلا کر ان سے اس عورت کے متعلق پوچھیں۔ متوکل نے امام عالی مقام کو دربار میں طلب کیا اور اس عورت کے دعویٰ کے متعلق بیان کیا۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: "یہ عورت جھوٹ بول رہی ہے جبکہ حضرت زینب بنت فاطمہ تو فلاں سن میں وفات پا چکی ہیں۔

متوکل نے کہا کہ آپ اس کا دعویٰ کس بیان پر غلط کر سکتے ہیں۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: "درندوں پر اولاد فاطمہ کے گوشت کو حرام قرار دیا گیا۔ آپ اسے شیروں کے پنجرے میں ڈال دیں اگر اس نے سچ کہا ہے تو شیر اس کو نہیں کھائیں گے۔

متوکل نے اس عورت سے پوچھا کہ تو کیا کہتی ہے۔ اس عورت نے کہا کہ یہ مجھے قتل کرانا چاہتے ہیں۔

امام علیہ السلام نے فرمایا کہ جتنے بھی اولاد فاطمہ اس مجمع میں موجود ہیں وہ جا کر دیکھ سکتے ہیں کہ شیر ان کو کچھ نہیں کہیں گے۔

راوی کا بیان ہے کہ جتنے بھی سادات وہاں پر موجود تھے سب کے چہروں کے رنگ اڑ گئے۔ بعض نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ امام شیروں کے پنجرے میں خود کیوں نہیں چلے جاتے۔

متوکل نے امام علیہ السلام سے کہا: "آپ خود کیوں نہیں پہلے شیروں کے پنجرے میں جاتے؟"

آپ نے فرمایا کہ پنجرے کے قریب سیڑھی لگاؤ، سیڑھی لگائی گئی امام اس کے ذریعے شیروں کے پنجرے میں چلے گیا۔

جیسے ہی حضرت شیروں کے پنجرے میں داخل ہوئے تو شیروں نے آکر آپؑ کے قدموں کا بوسہ دیا اور امام علیہ السلام نے ان کے سر پر شفقت کے کا ہاتھ پھیرا، پھر انہیں حکم دیا کہ مجھے اکیلا چھوڑ کر دور چلے جاؤ۔ شیروں نے امام کے حکم کی تعمیل کی۔

متوکل کے وزیر نے متوکل سے کہا کہ جلدی سے امام علیہ السلام سے کہیں کہ وہ باہر آجائیں اگر ان کا یہ معجزہ زیادہ لوگوں نے دیکھ لیا تو وہ تیرے خلاف ہو جائیں اور لوگوں کی ہمدردیاں علی نقیؑ کے ساتھ ہو جائیں گی۔ امام علیہ السلام پنجرے سے باہر نکلے اور کہا دیکھا کہ اولاد فاطمہؑ کا گوشت درندوں پر حرام ہوتا ہے۔

پھر اس عورت نے کہا: "امام نے میرا دعویٰ جھوٹا کر دیا ہے میں فلاں غریب آدمی کی بیٹی ہوں، غربت کی وجہ سے میں نے یہ حرکت کی ہے۔ متوکل نے حکم دیا کہ اسے درندوں کے پنجرے میں ڈال دیا جائے۔

لیکن متوکل کی ماں نے اس زینب کذابہ کی شفاعت کی کہ اسے معاف کر دیا جائے۔ [1]

---

[1] منتھی الامال 368/2

5. جھوٹا خوشامدی

جس زمانے میں سلطان حسین بائیقرا نے خراسان وزابل میں حکومت قائم کی۔اس وقت آذربائیجان کے علاقے پر یعقوب مرزا کی حکومت تھی۔ان دونوں بادشاہوں میں بڑی دوستی تھی۔دونوں ایک دوسرے کو قیمتی تحائف بھیجا کرتے تھے۔

ایک دفعہ سلطان حسین بائیقرا نے یعقوب مرزا کو خط لکھا کہ اور خط کے ساتھ کچھ قیمتی تحائف بھی شامل کئے اور اپنے ایک درباری کو بلایا جس کا نام امیر حسن ابیوردی تھا۔اس بلا کر خط اور تمام تحائف اس کے حوالے کیے اور کہا کہ تم اسے سلطان آذربائیجان کے پاس لے جاؤ اور جاتے وقت کہا تم ہمارے کتب خانہ جاؤ اور وہاں سے مولانا جامی کا مجموعہ کلام کلیات جامی بھی لے لو اور ہماری طرف سے امیر کو بطور ہدیہ پہنچاؤ۔امیر حسن ابیوردی کتب خانہ گیا اور کتب خانہ کے مدیر کو سلطان کا حکم سنایا تو اس نے غلطی سے کلیات جامی کی بجائے ابن عربی کی فتوحات مکیہ اٹھا کر قاصد کے سپرد کر دی۔دونوں کتابوں کا حجم ایک تھا۔قاصد نے بھی کتاب کھولنے کی زحمت گوارا نہ کی۔

الغرض ایک طویل اور اکتا دینے والا سفر طے کر کے وہ سلطان آذربیجان کے پاس پہنچا۔سلطان نے قاصد کی بڑی عزت وتکریم اور اس سے سلطان بائیقرا کی خیریت دریافت کی پھر اس کی اولاد اور اس کے تمام مصاحبین کی فرداً فرداً خیریت دریافت کرتا رہا اور آخر میں اس نے قاصد سے خود اس کی خیریت دریافت کی۔تو اس نے کہا الحمدللہ میں بالکل ہشاش بشاش ہوں۔سلطان آذربیجان نے کہا: سفر طویل ہے دو ماہ کا سفر ہے مجھے یقین ہے کہ تم ضرور تھکے ہوئے ہو گے۔

قاصد نے خوشامدی لہجے میں کہا جناب میں بالکل نہیں تھکا کیونکہ جس منزل پر بھی مجھے تھکن کا احساس ہوتا تھا تو میں کلیات جامی کو اٹھا کر پڑھنے لگ جاتا تھا اور اس سے میری تھکن دور ہو جاتی تھی۔سلطان بائیقرا نے آپ کے لئے کلیات جامی کا نسخہ روانہ کیا ہے اور میں بھی تمام راہ اسی سے لطف اندوز ہوتا رہا۔

یہ سن کر یعقوب مرزا بے حد خوش ہوا اور کہنے لگا میں بھی ایک مدت سے یہ کتاب تلاش کر رہا تھا۔لیکن یہ کتاب مجھے مل نہیں سکی تھی۔اور اب سلطان بائیقرا کا احسان ہے کہ انہوں نے یہ کتاب مجھے روانہ کی ہے۔آپ مجھے جلدی سے وہ کتاب لا دیں۔

قاصد نے نوکر کو حکم دیا کہ سامان کی فلاں بوری میں وہ کتاب موجود ہے لے آؤ۔

قاصد جب کتاب لے کر آیا تو سلطان یعقوب مرزا نے جیسے ہی کتاب کا سرورق الٹایا تو وہ کلیات جامی کی بجائے ابن عربی کی فتوحات مکیہ تھی۔سلطان نے قاصد سے کہا تمہیں جھوٹ بولتے ہوئے حیا آنی چاہئے تھی۔یہ کلیات جامی نہیں بلکہ فتوحات مکیہ ہے۔یہ دیکھ کر قاصد کے ہاتھوں کے طوطے اڑ گئے اور انتہائی شرمندہ ہوا اور اسی شرمندگی کی وجہ سے سلطان کے پاس سے اٹھ کر چلا آیا اور جواب کا انتظار کئے بغیر وہاں سے واپس چل دیا اور کہا کرتا تھا کہ کاش اس رسوائی سے پہلے میں مرگیا ہوتا تو بہتر تھا۔[1]

---

[1] خزاینۃ الجواہر ص 420۔تاریخ حبیب السیر

باب نمبر 40

چوری

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوٓا اَيْدِيَهُمَا

اور چوری کرنے والا مرد اور چوری کرنے والی عورت دونوں کے ہاتھ کاٹ دو۔ [1]

امام صادق علیہ السلام کا فرمان ہے۔

اذا سرق السارق قطعت يَدُهُ وغرم اُخذَ.

"جب کوئی چور چوری کرے تو حد شرعی کے تحت اس کا ہاتھ کاٹا جائے گا اور مسروقہ مال اس سے واپس لیا جائے گا۔" [2]

مختصر تشریح

چوری کی بھی مختلف قسمیں ہیں۔ جو شخص اپنی بیوی کا حق مہر ادا نہ کرے وہ بھی چور ہے، جو قرض لے کر ادا نہ کرے وہ بھی چور ہے اور جس پر خدا نے زکوٰۃ واجب کی ہے اور وہ ادا نہ کرے تو وہ بھی چور ہے۔ لیکن عمومی طور پر چوری کا اطلاق لوگوں کا مال و متاع مخفی طریقے سے اور مختلف حیلوں سے حاصل کرنے پر ہوتا ہے۔

اگر امن و امان نہ ہو تو لوگ راتوں کو آرام سے سو نہ سکیں گے اور چوروں کے ڈر کی وجہ سے تمام خاندان پریشان ہوں گے۔

اسلام چاہتا ہے کہ امن قائم ہو اور چوری کا خاتمہ ہو۔ اسلام کا حکم یہ ہے کہ چور کی انگلیاں کاٹ دینی چاہئیں۔ اگر چہ چوری کرنے والا چھوٹا بچہ ہی کیوں نہ ہو اسے اتنی سزا دینی چاہیے کہ آئندہ وہ اس طرح دوبارہ کا عمل نہ کر سکے۔

کیونکہ آج کل ہمارے معاشرے میں قرآن مجید کے حکم پر عمل نہیں ہو رہا اس لئے اسلامی معاشرے میں چوروں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔

---

[1] سورہ المائدہ۔ 38

[2] تفسیر معین ص 114

1. امام اور چور کا اقرار

ایک شخص حضرت امام علی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنی چوری کا اعتراف کیا آپ نے فرمایا: ''کیا تجھے قرآن بھی یاد ہے؟'' اس نے کہا: ''جی ہاں مجھے سورہ البقرہ یاد ہے۔'' آپؑ نے فرمایا: ''میں نے تجھے معاف کر دیا ہے۔'' اشعث ابن قیس وہاں موجود تھا اس نے آپؑ پر اعتراض کرتے ہوئے کہا کیا آپ نے خدا کی حد کو معطل کر دیا ہے۔ آپؑ نے اس کے جواب میں فرمایا: ''تو کیا جانتا ہے؟''

امام کے سامنے جب کوئی چور اپنی چوری کا اعتراف کرے تو امام کو حق ہے کہ چاہے تو اسے معاف کر دے اور چاہے تو اس پر حد شرعی جاری کر دے۔ لیکن اگر دو شخص کسی شخص کی چوری کے متعلق امام کے سامنے گواہی دیں تو وہاں پر حد شرعی کو ترک نہیں کرنا چاہئے۔ [1]

2. ایک اعرابی کا اونٹ

شیخ طاؤس الحرمین بیان کرتے ہیں کہ ایک دن میں مکہ معظمہ میں مسجد الحرام میں موجود تھا۔ میں نے ایک اعرابی کو دیکھا کہ وہ مسجد کے دروازے تک اپنے اونٹ پر آیا اور اونٹ کو مسجد کے دروازے کے سامنے لٹا دیا اور اس کے دونوں زانو باندھ دیئے۔ پھر آسمان کی طرف منہ کر کے کہا: ''پروردگار! یہ اونٹ اور اس کے اوپر لدا ہوا سامان میں تیری امانت میں دیتا ہوں۔''

یہ کہہ کر وہ مسجد الحرام میں آیا اور طواف کیا۔ نماز پڑھی اور اس کے بعد مسجد سے باہر آیا تو دیکھا کہ اس کا اونٹ وہاں پر موجود نہیں تھا۔

اس نے آسمان کی طرف منہ کیا اور کہا: ''پروردگار! شرع مقدس کا اصول یہی ہے کہ مال اسی سے طلب کیا جاتا ہے جس کی امانت میں رکھا گیا ہو۔ پروردگار میں نے اونٹ تیرے سپرد کیا تھا اور اب تو ہی میری امانت واپس کر دے۔''

اس نے یہ کہا کچھ دیر کے بعد ہم نے دیکھا کہ کوہ ابوقبیس کی طرف سے ایک جوان آ رہا تھا جس کے بائیں ہاتھ میں اونٹ کی مہار تھی اور اس کا دائیں ہاتھ کٹا ہوا تھا۔ وہ کٹا ہوا ہاتھ اس کی گردن میں لٹک رہا تھا۔ وہ شخص اس اعرابی کے پاس آیا اور کہا: ''بھائی اپنا اونٹ واپس لے لو۔'' اعرابی نے اس سے پوچھا کہ تو کون ہے اور تیری یہ حالت کیسے ہوئی؟

اس نے جواب دیا کہ میں ایک غریب شخص تھا اور اپنی غربت کی وجہ سے میں نے تیرا اونٹ چوری کیا تھا۔ جب میں کوہ ابوقبیس کی پشت تک پہنچا تو اچانک مجھے ایک سوار دکھائی دیا اور آواز دے کر کہا رک جاؤ۔ میں رک گیا اس نے کہا کہ اپنا ہاتھ آگے کرو جیسے ہی میں نے ہاتھ آگے کیا تو اس نے اپنی تلوار سے میرا ہاتھ کاٹ دیا اور میرا بچا ہوا بازو میری گردن کے گرد لپیٹ دیا اور مجھے کہا کہ

---

[1] قضاوتہای امیر المومنین ص119

اب اس کو اس کے مالک کو واپس کردے۔[1]

3. بہلول اور حریص چور

بہلول کی عادت تھی کہ اگر ان کے اخراجات سے کبھی کچھ رقم بڑھ جاتی تو وہ ایک گھڑے میں ڈال دیتے۔ انہوں نے اس گھڑے کو ایک جگہ ویرانے میں چھپایا ہوا تھا۔ گویا یہ بہلول کی گولک تھی۔

بہلول ایک عرصے تک اپنی بچت اس میں جمع کرتے رہے یہاں تک کہ ان کی بچت تین سو درہم ہو گئی۔

ایک دفعہ وہ دس درہم اس گولک میں ڈالنے گئے کہ ایک موچی کی اس پر نظر پڑ گئی۔ اور بہلول نے بھی اسے دیکھ لیا کہ وہ اسے گولک میں رقم ڈالتے ہوئے دیکھ چکا ہے۔

بہلول دس درہم جمع کر کے چلے گئے۔ کچھ دیر بعد موچی وہاں گیا اور بہلول کی تمام جمع پونجی وہاں سے نکال کر اپنے گھر چلا گیا۔

کئی دنوں کے بعد بہلول اس جگہ پر گئے تو دیکھا کہ گولک میں کچھ بھی نہیں تھا وہ فوراً سمجھ گیے کہ یہ کام اسی موچی کا ہے۔

بہلول اس کے پاس گئے اور کہا: بھائی مجھے کچھ حساب تو کردیں اس نے پوچھا کیسا حساب؟

بہلول نے کہا: میں نے بہت سی جگہوں پر اپنی گولکیں چھپائی ہوئی ہیں ان میں اچھی خاصی رقم ہے۔ آپ ذرا حساب کر کے بتائیں کہ کل جمع پونجی کتنی بنتی ہے۔ پھر بہلول نے حساب شروع کیا کہ اتنے درہم ایک گولک میں ہیں۔ اتنے دوسری گولک میں اور اتنے تیسری گولک میں ہیں۔ موچی حساب لگاتا رہا۔ کل رقم تین ہزار درہم جا کر بنی۔

پھر بہلول نے کہا: بھائی میں چاہتا ہوں کہ تمام گولکوں سے رقم نکال کر فلاں ویرانے والی گولک میں جمع کردوں کیونکہ یہ گولک محفوظ ہے۔ اور چوروں کی نگاہ سے دور ہے۔ موچی نے کہا: "تو ٹھیک ہے آپ ایسا ہی کریں۔" پھر موچی نے دل میں سوچا کہ میں نے تو جلد بازی سے کام لیا ہے اگر بہلول کو علم ہو گیا کہ اس کی اس گولک میں کچھ نہیں ہے تو باقی رقم وہاں منتقل نہیں کرے گا۔ عقل مندی اسی میں ہے کہ لے آئے اور یوں مجھے تین سو درہم کی بجائے تین ہزار درہم مل جائیں گے۔

پس موچی نے رقم اٹھائی اور اسی گولک میں جا کر ڈال دی۔

دوسرے دن بہلول نے جا کر چپکے سے اپنی رقم اس میں سے نکال کر اور اس گھڑے میں پاخانہ کر کے اسے دوبارہ بند کر کے وہاں چھپا دیا۔

موچی نے اس بار بھی بہلول کو اس سمت جاتے ہوئے دیکھ لیا تھا۔ وہ سمجھا کہ بہلول اپنی باقی رقم بھی یہاں ڈال کر جا رہا ہے۔

---

[1] رہنمای سعادت 276/2۔ خلاصہ الاخبار ص 526

بہلول کے روانہ ہونے کے بعد موچی بھی چپکے سے وہاں گیا اور گھڑے سے مٹی ہٹا کر اس میں ہاتھ ڈالا تو اس کا ہاتھ پاخانے سے جا ٹکرایا۔

موچی سمجھ گیا کہ بہلول نے اس کے ساتھ چال چلی ہے۔ چند دن بعد بہلول پھر اسی موچی کے پاس آئے اور فرمایا: ''بھائی ذرا حساب تو کر دیں۔ موچی نے کہا: بتاؤ۔ بہلول نے کہا: اگر اتنے درہم ہوں پھر اتنے درہم ہوں۔ انہیں جمع کیا جائے اور اس کے ساتھ تمہارے ہاتھ کی اس بدبو کو جمع کیا جائے تو کل رقم کتنی بنے گی۔ یہ سن کر موچی ان کے پیچھے دوڑا مگر بہلول پہلے ہی دوڑ پڑے۔ [1]

4. ایک قاریِ قرآن نابینا چور

علام ابن الشمان کا بیان ہے کہ بصرہ میں میں ایک تاجر کے پاس خدمت گزار تھا۔ ایک دفعہ اس نے مجھے پانچ سو دینار کی تھیلی دی اور مجھے کہا کہ یہ تھیلی بصرہ سے ابلہ لے جاؤ۔ میں دریائے دجلہ کے کنارے آیا اور وہاں سے میں نے کشتی کرائے پر حاصل کی۔ جب میں مقام مسمار کے قریب پہنچا تو میں نے دریا کے کنارے پر اندھے کو دیکھا جو زور زور سے قرآن مجید کی تلاوت کر رہا اور بڑی دردناک آواز میں کہہ رہا تھا کہ مجھے ساتھ لے چلو، ورنہ رات کے وقت مجھے درندے کھا جائیں گے۔

میں نے ملاح سے کہا کہ اسے کشتی پر سوار کرلیا جائے۔ ملاح نے اس کی بات پر کوئی توجہ نہ دی۔ میں نے ملاح کی خوب سرزنش کی اور کہا کہ اسے اٹھالو۔ ملاح نے میری سفارش پر اسے کشتی پر سوار کرلیا۔

نابینا شخص راستے میں زور زور سے قرآن مجید کی تلاوت کرتا رہا یہاں تک کہ ہم مقامِ ابلہ کے قریب جا پہنچے۔ اس نے قرآن مجید کی تلاوت روک دی اور کشتی سے اترنا چاہا۔ اور اچانک میں نے اس تھیلی پر توجہ دی تو وہ تھیلی غائب تھی۔ کشتی میں ہم صرف تین ہی آدمی سوار تھے۔ ایک میں تھا، دوسرا ملاح اور تیسرا وہ نابینا شخص تھا۔

میں نے ملاح اور نابینا دونوں سے کہا کہ تم نے میرا مال چرا لیا ہے۔ انہوں نے اپنے لباس اتار کر مجھے تلاشی دی اور قسمیں کھا کر کہنے لگے کہ ہم نے تو کچھ نہیں چرایا۔ میں نے پوری کشتی کی تلاشی لی وہاں بھی مجھے وہ تھیلی نہ مل سکی میں بہت ہی پریشان ہوا اور دل ہی دل میں کہنے لگا خدایا اب مجھے کون وہ رقم واپس کرا سکتا ہے۔ ہزاروں فکریں میرے ذہن میں آئیں۔ پھر میں روتا ہوا باہر آگیا۔

راستے میں ایک شخص سے ملاقات ہوئی اس نے مجھ سے رونے کا سبب دریافت کیا تو میں نے اسے بتایا کہ میرے پاس تاجروں کی کچھ رقم امانت تھی اور وہ یہاں کچھ لوگوں کو دینی تھی مگر اب وہ رقم کشتی میں ضائع ہوگئی ہے۔

اب میں کیا کرسکتا ہوں۔

اس نے مجھ سے کہا کہ میں تجھے ایک طریقہ بتاتا ہوں اس پر عمل کرو ہوسکتا ہے کہ تمہارا مال تجھے واپس مل جائے۔ اس نے مجھ سے کہا کہ اچھا سا کھانا تیار کروا کر قید خانے میں چلے جاؤ۔ وہاں جا کر وہ کھانا ابوبکر نقاش جو وہاں پر قیدی ہے اسے کھلانا وہ تجھ سے

---

[1] داستانھاو پندھا 2/71

تیرا مسئلہ دریافت کرے گا تم اس کے سامنے اپنا مسئلہ بیان کرنا۔

میں نے اس شخص کے کہنے پر عمل کیا اور اچھا سا کھانا تیار کروا کر زندان میں ابوبکر نقاش کے پاس لے گیا۔ جب اس نے کھانا کھالیا تو مجھ سے پوچھا تمہارا مسئلہ کیا ہے۔ میں نے کہا کہ میرے پاس کچھ رقم امانت تھی اور میں کشتی کے ذریعے بصرہ سے ابلہ آرہا تھا اور کشتی ہی سے میری رقم گم ہوگئی۔

اس نے کہا کہ کوئی مسئلہ نہیں قبیلہ بنی ہلال میں چلے جاؤ وہاں پر تمہیں ایک گھر کا دروازہ بند دکھائی دے گا تم اس دروازے کو کھول کر اندر چلے جانا۔

وہاں پر تمہیں کچھ رومال لٹکتے ہوئے نظر آئیں گے۔ ان میں سے ایک رومال اپنی کمر کے ساتھ باندھ لینا اور وہاں پر بیٹھ جانا۔ کچھ دیر کے بعد کچھ افراد آئیں گے۔ وہ وہاں پر شراب پئیں گے۔ تم بھی ان سے ایک جام لے لینا اور کہنا کہ ایک جام اپنے ماموں ابوبکر نقاش کے نام یہ کہہ کر ایک پیالہ تم بھی پی لینا۔ جب وہ تیری زبان سے میرا نام سنیں گے تو تم ان سے کہنا کہ میں ابوبکر نقاش کا بھانجا ہوں اور میری رقم کشتی سے کسی نے چرالی ہے اور میں اپنی رقم لینے آیا ہوں۔

چنانچہ میں نے ابوبکر نقاش کے کہنے پر عمل کیا۔ تو ان افراد نے فوراً رقم کی ایک تھیلی میرے حوالے کی اور میں نے دیکھا کہ وہ وہی تھیلی تھی جو چوری ہوئی تھی۔

میں نے ان سے پوچھا کہ یہ چوری کیسے کی گئی۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ جو شخص قرآن مجید پڑھتا ہے وہ اور ملاح دونوں دوست ہیں اور ان کا ایک تیسرا ساتھی بھی ہے جو ساحل پر کھڑا رہتا ہے اور اچھا غوطہ خور اور تیراک ہے۔ جب کوئی مسافر ان کی کشتی میں سوار ہوتا ہے۔ تو وہ نابینا جب قرآن پڑھتا ہے تو مسافر اس کی آواز پر فریفتہ ہو جاتا ہے اور اپنے مال و متاع کا خیال نہیں رکھتا۔ جیسے ہی کشتی ساحل کے قریب پہنچتی ہے تو ملاح مال چوری کر کے پانی میں ڈال دیتا ہے۔ جب کشتی ساحل پر لنگر انداز ہوتی ہے تو کشتی اور ان دونوں کی جتنی بھی تلاشی لی جائے تو کچھ بھی فائدہ نہیں ہوتا۔ مسافر کے جانے کے بعد وہ تیسرا ساتھی غوطہ لگا کر وہ سارا مال و متاع نکال لیتا ہے۔ آج ہم نے سارا مال و متاع تقسیم کرنا تھا لیکن تمہاری قسمت اچھی تھی اور تو اپنے ماموں کا فرمان لے کر آگیا۔ ہم بھی ان کا احترام کرتے ہیں۔ لہٰذا ان کے احترام کی وجہ سے تجھے یہ مال واپس کیا جارہا ہے۔ [1]

5. معتضد اور چور

معتضد عباسی بنی عباس کا دسواں عباسی خلیفہ تھا اس نے دس سونے کی تھیلیاں جس میں دس دس ہزار دینار تھے لشکر کے خرچ کے لئے لشکر کے سربراہ کے سپرد کیں۔ وہ رقم لے کر گھر آیا۔ اور رات کے وقت اس کے گھر میں چوری ہوئی اور وہ تمام تھیلیاں چوری ہوگئیں۔

---

[1] جوامع الحکایات ص 357

وہ اس وقت کے سربراہ پولیس "مونس عجلی" کے پاس آیا اور اسے اپنے گھر کی چوری کی شکایت کی اور کہا کہ جلد از جلد چور میرے حوالے نہ کیا تو میں تیری شکایت خلیفہ سے کروں گا۔

اس پولیس آفسر نے سب پرانے چوروں کو جمع کیا ان کے سامنے یہ مسئلہ رکھا اور ان سب کو ڈرایا دھمکایا تو ان سب نے کہا کہ ہم اس چور کو تلاش کر کے آپ کے حوالے کر دیں گے۔ آخر کار وہ ایک کمزور اور دبلے پتلے شخص کو پکڑ کر لشکر کے سربراہ کے پاس لے آئے اور کہنے لگے کہ یہی تیرا چور ہے۔

لشکر کے سربراہ نے اس سے چوری کے متعلق پوچھا تو اس نے صاف انکار کر دیا۔ اس نے جتنا بھی نرم رویے سے اس سے پوچھا تو وہ مسلسل انکار کرتا رہا۔ پھر اس نے انعام کی لالچ دی تو اس نے پھر بھی انکار کیا۔ پھر اس نے اسے اتنی سخت سزا دی حتیٰ کہ اس کے جسم پر کوئی بھی جگہ ایسی نہیں بچی جس پر تشدد نہ کیا گیا وہ لیکن اس نے اس دفعہ بھی اقرار نہ کیا۔

معتضد کو معاملے کا علم ہوا تو اس نے کہا کہ چور کو میرے سامنے پیش کیا جائے۔

جب چور کو اس کے پاس حاضر کیا گیا تو خلیفہ نے اس سے چوری کے متعلق پوچھا لیکن اس نے پھر بھی انکار کر دیا۔

خلیفہ نے حکم دیا کہ یہ اس وقت زخمی ہے اس کا علاج کروایا جائے تا کہ یہ زخموں کی وجہ سے مر نہ جائے۔

معالج آئے علاج کرتے رہے بالآخر وہ ٹھیک ہو گیا۔

خلیفہ نے اسے دوسری مرتبہ بلایا اور اس سے چوری کا پوچھا تو اس دفعہ بھی اس نے انکار کر دیا۔

تیسری دفعہ بھی اس نے انکار کر دیا۔

تیسری دفعہ خلیفہ نے اسے لالچ دی کہ میں تیرے لئے تنخواہ مقرر کر دوں گا۔ لیکن یہ چوری کی گئی دولت واپس کر دو۔

اس نے کہا کہ میں نے یہ چوری نہیں کی اور نہ ہی میں چور ہوں۔ خلیفہ نے اس سے کہا کہ جو رقم تو نے چوری کی ہے اس میں سے ایک حصہ میں تجھے دے دوں گا لیکن وہ پھر بھی نہ مانا۔

چوتھی مرتبہ اس نے قرآن کی قسم کھا کر کہا کہ میں بے گناہ ہوں۔

پانچویں مرتبہ اسے خلیفہ نے کہا: "میرے سر پر ہاتھ رکھ کر کہو کہ مجھے خلیفہ کی جان کی قسم میں نے چوری نہیں کی۔"

اس شخص نے خلیفہ کے سر پر ہاتھ رکھا اور کہا: "مجھے خلیفہ کی جان کی قسم میں نے چوری نہیں کی۔"

چھٹی بار، خلیفہ نے تیس قوی ہیکل جوانوں کے ذمے یہ کام لگایا کہ تم باری باری سوتے رہنا لیکن اسے نہ سونے دینا اگر اس پر نیند غالب آنے لگے تو اسے جگا دینا۔

چند روز تک وہ جوان مسلسل اسے جگاتے رہے پھر اسے خلیفہ کے سامنے لایا گیا۔ خلیفہ نے پھر اس سے چوری کے متعلق پوچھا تو اس نے پھر بھی انکار کر دیا۔

ساتویں مرتبہ خلیفہ نے کہا کہ یہ شخص بے گناہ ہے اب اس سے معافی مانگو۔ پھر خلیفہ نے کہا کہ اسے اچھا کھانا اور ٹھنڈا

پانی مہیا کرو۔ جب اسے اچھی روٹی اور ٹھنڈا پانی پلایا گیا تو اس کے اوپر نیند طاری ہونے لگی کیونکہ کئی راتوں کی مسلسل بے خوابی کی وجہ سے وہ جلدی سے گہری نیند میں چلا گیا۔ پھر خلیفہ نے کہا کہ اسے اسی حالت میں میرے سامنے لایا جائے۔ اسی حالت میں اسے خلیفہ کے پاس لایا گیا۔ جب اسے بیدار کیا گیا تو وہ نیم بیدار ہوا خلیفہ نے کہا کہ اب بتاؤ کہ تم نے جو چوری کی تھی تم نے وہ چوری کہاں پر چھپائی ہوتی ہے؟

نیم بے ہوشی کے عالم میں اس نے کہا کہ لشکر کے سربراہ کے گھر کے پاس جو حمام ہے اس کے ساتھ میں نے زمین میں گڑھا کھود کر وہ رقم چھپادی ہے۔ اور اس کے اوپر میں نے مٹی ڈال دی ہے۔

خلیفہ نے حکم دیا کہ اب اسے سونے دو اور سپاہیوں کو حکم دیا کہ اس جگہ پر جا کر رقم کو تلاش کر کے لے آؤ۔ سپاہی وہ رقم لے آئے۔

خلیفہ نے پھر حکم دیا کہ اسے بیدار کر کے دربار میں حاضر کیا جائے۔ جب وہ آیا تو خلیفہ نے اس سے چوری کے متعلق پوچھا تو اس دفعہ بھی اس نے انکار کر دیا۔

خلیفہ نے مسروقہ مال اس کے سامنے رکھ دیا اور کہا کہ تو نے کچھ دیر پہلے اقرار کیا تھا اور تیسرے اقرار پر تیری بتائی ہوئی جگہ سے ہم نے یہ مسروقہ مال برآمد کیا ہے۔

اب خلیفہ نے حکم دیا کہ پمپ کے ساتھ اس کے جسم میں ہوا داخل کی جائے اس کے ناک، منہ کانوں آنکھوں کو اچھی طرح بند کر دو۔ تا کہ ہوا خارج نہ ہو سکے۔ اس کے بدن میں جب ورم آئے گا تو یہ تب اقرار کرے گا۔

بہرنوع سپاہیوں نے اس کے اندر اتنی ہوا بھر دی کہ جس کی وجہ اس کی شہ رگ پھٹ گئی اور وہ مر گیا۔[1]

---

[1] آداب ستمانی، 155/2۔ تاریخ مروج الذھب 228/2

باب نمبر41

دعا

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ ۔

مجھے پکارو، میں تمہاری دعائیں قبول کروں گا۔ [1]

امام حضرت علی علیہ السلام کا فرمان ہے:

"اِدْفَعُوْا اَمْوَاجَ الْبَلَاءِ عنکم بالدعا قبل ورود الْبَلَاءِ"

''مصائب کی موجوں کو مصیبت آنے سے پہلے دعا کے ذریعے سے اپنے آپ سے دور کر دو۔'' [2]

مختصر تشریح

دعا کی قبولیت کے کچھ قواعد اور آداب ہیں ان کا خصوصی خیال کرنا چاہئے۔ دعا مانگنے والے کو یہ ذہن میں رکھنا چاہئے کہ کس علی العظیم خدا سے بات کر رہا ہے اور کیا حاجت اور کس کے لئے حاجت طلب کر رہا ہے؟''

بہترین دعا یہ ہے کہ انسان فرمان حق کو تسلیم کرے اور اپنے دل کو خدا کی محبت کے حوالے کر دے اپنے تمام امور خداوند تعالیٰ کے سپرد کر دے۔ اگر خدا نے ہمیں دعا کا حکم نہ دیا ہوتا تو از روئے خلوص دعا کرتے البتہ یہ اس کا خصوصی کرم ہے کہ وہ اپنا فضل کرتے ہوئے ہماری دعاؤں کو قبول کرتا ہے۔ [3]

1. دعائے مشلول

سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: ہم اپنے والد گرامی قدرؑ کے ساتھ تاریکی شب میں خانہ کعبہ کے طواف میں مصروف تھے۔

---

[1] سورۂ مومن آیت نمبر 60

[2] بحار 99/10

[3] تذکرۃ الحقائق ص 20

اسی اثناء میں ہم نے ایک دلسوز آواز سنی۔ کوئی شخص رب العالمین کے حضور گڑگڑا کر دعا کر رہا تھا اور دعا کے ساتھ زاروقطار رو رہا تھا۔

میرے والد علیہ السلام نے فرمایا: حسینؑ! تم نے گناہ گار کے نالہ کو سنا جو بارگاہ احدیت میں فریاد کر رہا ہے اور اشکِ ندامت سے وضو کر رہا ہے۔ جاؤ اسے تلاش کر کے میرے پاس لے آؤ۔

امام حسین علیہ السلام فرماتے ہیں میں اس تاریک شب میں لوگوں کو ایک طرف ہٹاتا ہوا اس تک جا پہنچا۔ وہ شخص رکن اور مقام کے درمیان آہ وزاری میں مصروف تھا۔ میں اسے اپنے والد ماجد کی خدمت میں لے آیا۔ وہ ایک خوبصورت نوجوان تھا۔ حضرت علی علیہ السلام نے پوچھا۔ تو کون ہے؟

اس نے جواب دیا کہ میں عربوں میں سے ایک شخص ہوں۔ آپؑ نے فرمایا۔ تمہارے پرسوز نالے کس لئے ہیں؟

اس نے کہا: مولا آپ مجھ سے پوچھ کر کیا کریں گے۔ گناہ کے بوجھ نے میری پشت کو جھکا دیا ہے۔ والد کی نافرمانی اور اس کی بددعا نے میری زندگی کی بنیادوں کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ اور میری سلامتی وتندرستی مجھ سے چھین لی گئی ہے۔

آپؑ نے فرمایا: تم اپنا واقعہ بیان کرو۔

اس جوان نے کہا: میرا باپ بوڑھا تھا جو مجھ پر بڑا مہربان تھا۔ لیکن میں دن رات برے اور بے ہودہ کاموں میں لگا رہتا تھا۔ وہ بیچارہ مجھے جتنی نصیحت کرتا تھا۔ میں نے اسے کبھی قبول نہیں کیا تھا۔ بلکہ بعض اوقات میں اپنے والد کو اذیت دیتا اور ان کو گالیاں بھی دیتا تھا۔

مجھے معلوم ہوا کہ میرے باپ کے پاس ایک صندوق ہے جس میں کچھ رقم موجود ہے۔ میں وہ رقم لینے کے لیے صندوق کے پاس گیا۔ میرے والد نے مجھے روکا میں نے زور سے اسکا بازو پکڑ کر اسے جھٹکا دیا اور دھکا دیا۔ بوڑھا شخص تھا بے چارا زمین پر گرا۔ دوبارہ اٹھنے کی کوشش کی لیکن درد کی وجہ سے نہ اٹھ سکا۔ میں نے صندوق سے رقم نکالی اور باہر چلا گیا۔

اس وقت میرے باپ نے کہا میں خانہ کعبہ جا کر تمہیں بددعا کروں گا۔ پھر میرے باپ نے چند دن روزے رکھے اور نمازیں پڑھیں پھر سامان سفر اکٹھا کیا اور اونٹ پر سوار ہو کر مکہ چلا گیا اور خانہ کعبہ پہنچا۔ میں اس وقت موجود تھا۔ میرے والد نے میرے سامنے غلاف کعبہ کو پکڑا اور رو رو کر مجھے بددعا دی۔

خدا کی قسم میرے والد کی بددعا ابھی ختم نہ ہوئی تھی کہ میری تندرستی سلب ہوگئی۔ پھر اس جوان نے اپنی قمیض اٹھا کر ہمیں اپنا جسم دکھایا اس کے بدن کا ایک حصہ لکڑی کی طرح خشک ہو چکا تھا اور حرکت کے قابل نہیں تھا۔

جوان نے کہا مولا! اس واقعہ کے بعد میں سخت پشیمان ہوا اور کئی دفعہ اپنے والد سے معافی مانگی لیکن انہوں نے مجھے معاف نہ کیا اور اپنے گھر واپس چلا گیا۔

تین سال کا عرصہ اسی طرح سے گزر گیا میں والد سے مسلسل معافی مانگتا تھا لیکن وہ معاف کرنے پر آمادہ نہ ہوا۔ آخر تین

برس کے طویل عرصے کے بعد وہ کچھ نرم ہوا میں نے اس سے درخواست کی کہ وہ کعبہ بیت اللہ پہنچ کر میرے لئے اسی جگہ دعا کرے جہاں اس نے بددعا کی تھی۔ ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی دعا کی وجہ سے میری غلطیوں کو معاف کردے۔

میرے والد نے میری درخواست قبول کی میں والد کو اونٹ پر سوار کر کے اپنے اونٹ پر سوار ہوا۔ سفر کرتے ہوئے ہم وادی اراک پہنچے۔ رات انتہائی تاریک تھی اور ہم محو سفر تھے۔ اچانک ایک پرندہ اڑا اس کے اڑنے سے میرے والد کا اونٹ دوڑنے لگا اور میرا والد اونٹ سے گرا۔ اس کا سر نیچے دو پتھروں سے جا ٹکرایا۔ اور وہ وہیں جان بحق ہوگیا۔ میں نے والد کو اسی جگہ دفن کیا اور خود اکیلا بیت اللہ پہنچ کر اپنے گناہوں کی معافی مانگ رہا ہوں۔ نجانے مجھے میرے گناہوں کی معافی ملے گی بھی یا نہیں؟

امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: میں تمہاری مدد کے لئے پہنچ گیا ہوں جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ایک دعا تعلیم دی تھی۔ میں تجھے وہی دعا بتاؤں گا اس دعا میں اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ہے۔ اس دعا کو جو شخص بھی پڑھے گا اس کے پریشانی دور ہوگی اور اس کے درد، مرض، فقر و تنگدستی کا خاتمہ ہوگا۔ اور اس کے گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ بھی مولائے متقیان نے اس دعا کی خصوصیات بیان فرمائیں۔

حضرت امام حسین فرماتے ہیں کہ میں جوان سے زیادہ دعا کی خوبیاں وخصوصیات سن کر خوش ہوا۔ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ذی الحج کی شب دہم اس دعا کو پڑھنا اور صبح میرے پاس آنا اس کے بعد آپ نے دعا کا لکھا ہوا نسخہ جوان کو دیا۔

دس ذی الحج کو صبح وہ جوان ہمارے پاس آیا اور مکمل طور پر صحت یاب تھا۔ جوان کہنے لگا خدا کی قسم اس دعا میں اسم اعظم موجود ہے۔ پروردگار کی قسم میری دعا مستجاب ہوگئی۔ میں نے جیسے ہی دعا کو پڑھا مجھے نیند آگئی اور عالم خواب میں مجھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ اور آپؐ نے میرے بدن پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا: "احتفظ باللہ العظیم فانك علی خیر" خدا بزرگوار کو یاد کرو تمہیں اچھائی ملے گی۔ میں خواب سے بیدار ہوا تو اپنے آپ کو صحت سالم پایا۔ امیر المومنین علیہ السلام نے جو دعا اس جوان کو تعلیم فرمائی وہ وہی دعائے مشلول ہے جو کہ مفاتیح الجنان میں بھی درج ہے۔ [1]

2. مومنین کی اجتماعی دعا

حفص بن عمر بجلی بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میری مالی حالت پریشان کن حد تک پہنچ گئی اور میرے لیے زندگی تاریک ہو کر رہ گئی۔ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اپنی مالی تنگی کا شکوہ کیا۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: جب تم کوفہ جاؤ تو اپنے سرہانے کا غلاف بیچ کر کھانا تیار کرنا اور اپنے مومن بھائیوں کو اس کھانے میں شریک کرنا، ان سے کہنا کہ وہ تیرے حق میں دعا کریں گے۔

حفص کہتے ہیں کہ میں کوفہ پہنچا اور میں نے بڑی کوشش کی کہ اپنے چند دینی بھائیوں کو کھانا کھلا سکوں لیکن میرے گھر میں

---

[1] مہج الدعوات ص 153۔ داستانہائی از زندگی حضرت علی ص 191 /

کچھ بھی موجود نہ تھا۔ آخرکار میں نے امام علیہ السلام کے حکم کے مطابق تکیہ کا غلاف فروخت کیا اور اس سے جو رقم حاصل ہوئی اس سے کھانا تیار کیا اور اپنے کچھ دینی بھائیوں کو اس کھانے میں شریک کیا اور ان سے کہا کہ وہ میرے حق میں دعا کریں تمام حاضرین نے مل کر میرے حق میں دعا کی۔

خدا کی قسم ابھی اس واقعہ کو تھوڑا ہی عرصہ گزرا تھا کہ ایک شخص نے میرے دروازے پر دستک دی۔ میں نے دروازہ کھولا باہر ایک شخص کھڑا ہوا تھا جس کو بہت پہلے میں نے قرض دیا تھا۔ اس نے مجھ سے کہا کہ میں تمہارا مقروض ہوں۔ اب تک میرے پاس کچھ بھی نہ تھا لیکن اب میں تجھ کو تیرا قرض واپس کرنے آیا ہوں۔ چنانچہ اس شخص نے مجھے دس ہزار درہم دیئے اس اجتماعی دعا کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے میرے لئے کشادگی کے راستے کھول دیئے اور میرے گھر کی تنگ دستی دور ہوئی۔ [1]

3. دعا سے مصیبت دور ہوتی ہے

آیت اللہ حاج شیخ عبد الکریم حائری بیان کرتے ہیں کہ میں اور میرزا علی آقا اور آقا سید محمد سنگلجی ایک رات سامرا میں مرحوم آقا محمد تقی شیرازی کے مکان کی چھت پر بیٹھے ہوئے درس پڑھ رہے تھے کہ اتنے میں مرحوم آیت اللہ سید محمد فشار کی بڑے پریشان ہو کر وہاں تشریف لائے۔ ہم نے آیت اللہ سے اس پریشانی کی وجہ دریافت کی تو انہوں نے فرمایا کہ آج کل عراق میں طاعون کی وبا پھیل رہی ہے، میں اسکی وجہ سے پریشان ہوں۔

پھر انہوں نے فرمایا: ''آپ لوگ مجھے مجتہد تسلیم کرتے ہیں؟''

ہم نے عرض کی: ''جی ہاں! آپ کو ہم مجتہد تسلیم کرتے ہیں؟''

انہوں نے کہا: ''تو کیا آپ مجھے عادل مانتے ہیں؟''

ہم نے عرض کی: جی ہاں! ہم آپ کو عادل مانتے ہیں۔

انہوں نے کہا: ''تو پھر میں سامرا کے تمام شیعہ مرد و زن کو حکم دیتا ہوں کہ وہ کل روضۂ امام علی نقی اور امام حسن عسکری پر حاضر ہوں اور بی بی نرجس خاتون والدہ امام صاحب الزمان (عج) کی نیابت میں زیارت عاشورا پڑھیں۔ اور بی بی نرجس خاتون سلام اللہ علیہا کو ان کے فرزند ارجمند کے حضور شفیع بنائیں تا کہ امام زمانہ خدا کے حضور ہماری شفاعت فرمائیں اور شیعانِ سامرا کو اس وباء سے محفوظ رکھیں۔

مجتہد اعظم کا جب یہ حکم شیعیان سامر انے سنا تو سب کے سب افراد نے اس حکم تعمیل کی۔ اس کا نتیجہ یہ برآمد ہوا کہ طاعون کے زمانے میں شہر سامرا کا ایک شیعہ بھی اس وبا سے متاثر نہ ہوا۔ جبکہ روزانہ دوسرے مذاہب کے افراد بڑی

---

[1] با مردم اینگونہ برخورد کنم ص 107

تعداد میں اس وبا سے مرتے رہے۔[1]

4. بارش کے لئے دعا

ایک دفعہ حضرت داؤد علیہ السلام کے زمانے میں خشک سالی ہوئی۔ لوگوں نے اپنے علمائے میں سے تین علماء کا انتخاب کیا اور ان سے درخواست کی کہ وہ باران رحمت کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کریں تا کہ خشک سالی کا خاتمہ ہو۔

تینوں علماء شہر سے باہر ایک صحرا میں گئے۔ ان میں سے ایک عالم دین نے اس طرح سے دعا کی: ''پروردگار! تو نے خود ہمیں حکم دیا ہے کہ اگر کسی نے ہمارے اوپر ظلم کیا ہو تو ہم اسے معاف کر دیں۔ پروردگار ہم نے اپنے پہ ظلم کیا ہے تجھ سے معافی کے طلبگار ہیں۔

دوسرے عالم دین نے اس طرح سے دعا مانگی: ''پروردگار تو نے ہمیں غلاموں کو آزاد کرنے کا حکم دیا ہے۔ پروردگار ہم تیرے غلام ہیں اور گناہوں میں پھنسے ہوئے ہیں ہمیں گناہوں سے نجات عطا فرما۔

تیسرے عالم دین نے اس طرح سے دعا کی: ''پروردگار! تو نے ہمیں تورات میں حکم دیا ہے کہ کسی بھی مسکین اور فقیر کو اپنے دروازے سے خالی ہاتھ نہ لوٹانا، خدایا ہم غریب و مسکین ہیں اور تیرے دروزے پر آئے اللہ ہمیں خالی ہاتھ نہ لوٹانا۔ جیسے ہی تیسرے عالم دین کی دعا ختم ہوئی تو باران رحمت کا نزول ہوا۔[2]

5. مرنے والوں کے لئے دعا

ایک خاتون جو کہ بڑی عبادت گزار تھی اس کا نام ''باھیہ'' تھا۔ جب اس کا وقت وفات قریب آیا اس نے آسمان کی طرف منہ کر کے کہا: ''پروردگار! تو ہی میرا خزانہ ہے میں تجھ پر ہی بھروسہ کرتی ہوں۔ خدایا! موت کے وقت مجھے ذلیل و رسوانہ کرنا اور مجھے قبر کی وحشت سے نجات دینا۔''

اس خاتون کی وفات ہوئی اور پیچھے اس کا فرمان بردار بیٹا تھا۔ جو ہر شب جمعہ اس کی قبر پر جا کر قرآن مجید کی تلاوت کرتا اور تمام اہل قبرستان کے لئے مغفرت کی دعا مانگتا تھا۔

ایک رات اس جوان نے اپنی ماں کو خواب میں دیکھا، سلام کیا اور پوچھا: ''امی جان! آپ کا حال کیسا ہے؟'' اس کی ماں نے جواب فرمایا: بیٹا جان! دنیا کی تمام تکالیف موت آنے کے ساتھ ختم ہو گئیں، الحمدللہ اب مجھے عالم برزخ میں اچھی جگہ ملی ہے۔'' اس جوان نے اپنی ماں سے کہا: امی! آپ کی کوئی حاجت ہو تو بیان کریں۔ اس کی ماں نے جواب دیا: جی ہاں، بیٹا! میری قبر کی زیارت

---

[1] داستانہای شگفت ص 323

[2] شنیدانی تاریخ ص۔ ۲۲ بحار الانوار ج 299/2

اوردعاوقرائت کے لیئے ہرشب آیا کرو۔ جب تو آتا ہے تو دوسرے اہل قبرستان مجھے کہتے ہیں۔''یاحمیہ''تیرا بیٹا آیا ہے۔ چنانچہ میں اور دوسرے اہل قبرستان تیرے آنے سے بہت خوش ہوتے ہیں۔

وہ نوجوان اپنی ماں اور دوسرے مرنے والوں کے لئے مغفرت کی دعا کیا کرتا تھا۔

ایک رات اس نے خواب دیکھا کہ بہت سے افراد اس کے پاس آئے اور کہا کہ ہم تیرا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ جوان نے ان سے پوچھا کہ آپ کون لوگ ہیں؟ انہوں نے جواب دیا کہ ہم اہل قبرستان ہیں۔ کیونکہ تو قبرستان میں آ کر اپنی ماں اور ہم سب کے لئے تلاوت قرآن پاک اور مغفرت کی دعا کیا کرتا ہے اور اس کے ساتھ تم سے یہ التجا بھی کرتے ہیں کہ اپنے اس عمل کو ترک نہ کرنا۔[1]

---

[1] منتخب التواریخ ص819۔ روضۃ الریاحین

باب نمبر 42

دین

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے۔

-فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيفاً ..

پس (اے نبی) یکسو ہو کر اپنا رخ دین (خدا) کی طرف مرکوز رکھیں۔ [1]

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے۔

-المستاكِلُ بِدِينِهِ حَظُّهُ مِنْ دِينِهِ مَا يَأكُلُهُ"

"جو شخص اپنے دین کے ذریعے اپنے پیٹ کو پر کرتا ہے اسے دین میں سے صرف وہی حصہ ملتا ہے۔"

[2]

مختصر تشریح

اللہ تعالیٰ دنیاوی مال اپنے دوست کو بھی دیتا ہے اور اپنے دشمنوں کو بھی دیتا ہے لیکن دین صرف اپنے دوست کو ہی دیتا ہے اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اپنی فطرت توحید پر پیدا کیا ہے۔ اور اپنا دین منظور نظر افراد کو عطا کیا ہے۔ جان و مال دین کی قربانی ہوتی ہے۔ دین کی صداقت کی نشانی یہ ہے کہ انسان سچ بولے، امانتیں واپس کرے، حسن اخلاق کا مظاہرہ کرے، اپنے عہد و پیمان پر قائم رہے اور اپنے آپ کو حلم و بردباری سے زینت دے۔

ان لوگوں پر حیف ہے جو دین کو دنیا کے بدلے فروخت کر دیتے ہیں اور دین کو معمولی چیز تصور کرتے ہیں۔

1. دین مر گیا

حضرت علی علیہ السلام کا ایک جگہ سے گزر ا ہوا۔ آپ کو کچھ بچے کھیلتے ہوئے دکھائی دیے۔ ان میں سے ایک بچہ الگ کھڑا

---

[1] سورہ روم آیت 30

[2] بحار الانوار 63/78

ہوا ہے جو کہ انتہائی غمگین نظر آرہا تھا۔

آپؑ اس کے پاس گئے اور بچہ سے اس کا نام پوچھا، اس نے جواب دیا کہ میرا نام "مات الدین" یعنی دین مر گیا ہے۔

امام اس راز کو معلوم کرنا چاہتے تھے فرمایا اس بچے کا باپ کون ہے آپؑ کو بتایا گیا کہ اس بچے کا باپ وفات پا چکا ہے البتہ اس کی ماں زندہ ہے۔

امام علیہ السلام نے بچے کی ماں کو بلایا اور اس سے اس کے نام کی وجہ تسمیہ دریافت کی۔ اس بچے کی ماں نے جواب دیا: "یہ بچہ میرے شکم میں تھا کہ اس وقت اس کا باپ سفر پر چلا گیا۔ کچھ عرصے بعد اس کے ہمسفر واپس آئے تو مجھے کہا کہ تمہارا شوہر سفر میں بیمار ہوا اور اس بیماری کی وجہ سے موت ہو گئی۔ اس نے ہمیں یہ وصیت کی تھی کہ میرے گھر جا کر میری بیوی سے کہنا کہ اگر میرا بچہ پیدا ہو جائے تو اس کا نام "مات الدین" رکھنا۔

امام علیہ السلام بڑے متعجب ہوئے اور آپؑ نے اس راز کی جستجو شروع کی اور اعلان کیا کہ لوگوں کو مسجد میں جمع کیا جائے۔ لوگ مسجد میں آگئے اس کے بعد آپؑ نے اس لڑکے کے باپ کے ہمسفر افراد جو چار تھے ان کو بلایا۔ انہیں علیحدہ علیحدہ اپنے پاس طلب کیا اور باقی لوگوں سے کہا کہ جب میں تکبیر کی صدا بلند کروں تو تم بھی تکبیر کی صدا بلند کرنا۔

چنانچہ آپؑ نے پہلے شخص کو بلایا اور اس سے پوچھا کہ تم نے اس شخص کو کیوں قتل کیا تھا؟ جس وقت آپؑ نے پے در پے اس پر سوالات کئے تو اس نے کہا کہ حضور میرا جرم صرف یہی ہے کہ میں صرف رسی لایا تھا امام علیہ السلام نے تکبیر کی آواز بلند کی۔ لوگوں نے بھی تکبیر کی آواز بلند کی اس کے باقی تینوں ساتھی سمجھ گئے کہ تکبیر کی آواز اس لئے بلند ہوئی کہ ہمارے ساتھی نے سب کچھ بتا دیا ہے۔

آپؑ نے دوسرے شخص کو بلایا اس نے کہا کہ میں نے اور کوئی قصور نہیں کیا میں نے اس شخص کی گردن میں رسی باندھی تھی پھر امام نے تیسرے شخص کو بلا لیا اس نے اعتراف کیا میں تو صرف چاقو لایا تھا اور آخری شخص نے امام علیہ السلام کے سامنے ساری حقیقت اگل کر رکھ دی۔

امام علیہ السلام نے ان سے ان کے ساتھی کا تمام مال واپس لیا۔ اور ان قاتلوں کو سخت سے سخت سزائیں دیں۔ وہ مال لے کر اس بچہ کی ماں کے حوالے کیا اور فرمایا آج سے اس بچے کا نام "مات الدین" کی بجائے "عاش الدین" ہے یعنی دین زندہ ہو گیا۔ [1]

2. دزفول کا عقلمند دیندار

شیخ مرتضیٰ انصاری مذہب شیعہ کے عظیم القدر مرجع گزرے ہیں علم فقہ اور علم اصول میں ہر جگہ ان کی شہرت پائی جاتی تھی۔

شیخ مرتضیٰ انصاری جب نجف اشرف تعلیم حاصل کرنے کے لئے آئے تھے تو وہ دزفول کے انتہائی غریب آدمی تھے لیکن بام عروج پر پہنچنے کے باوجود کسی نے ان کی حالت میں فرق محسوس نہیں کیا۔

---

[1] داستانھا و پندھا 168/ 10

جب ان کے گھر پر لوگوں کی نگاہ جاتی تھی تو وہ محسوس کرتے تھے کہ یہ انتہائی غریب ترین شخص کا گھر ہے۔
ایک شخص نے شیخ صاحب سے کہا: ''آقا آپ تو بڑے علقمند شخص ہیں۔ آپ کے پاس اتنی بڑی رقومات ہیں آپ ان میں سے اپنی ذاتی مصارف پر بھی خرچ کر سکتے ہیں۔''
شیخ مرتضیٰ انصاری نے جواب دیا کہ بھائی میرے پاس کونسا ہنر ہے؟
اس نے کہا کہ جناب اس کے علاوہ آپ کے پاس اور کیا ہنر ہو۔ ہر جگہ آپ کا چرچا ہوتا اور تمام علمی محافل میں آپ کا تذکرہ ہوتا ہے۔
شیخ انصاری نے اس سے فرمایا: ''دوست میری حیثیت کاشان کے کسی گدھے کے مالک کی طرح ہے جو اصفہان سے مال خرید کر کے کاشان پہنچاتا ہے گدھا کا کرایہ وصول کرتا ہے۔ جو اصفہان سے کاشان کی طرف مال لاتا ہے کیا اسے اس مال میں تصرف کا حق ہے، ہرگز نہیں۔ لوگ اسے امین سمجھتے ہیں اسے کوئی حق نہیں کہ وہ امانت میں خیانت کرے۔ میری نگاہ میں میرا مقام بھی اس شخص کے برابر ہے۔ [1]

3۔ جلال بادشاہی کے سامنے دین کا مقام

خلیفہ دوم حضرت عمرؓ کے زمانے میں سعد بن ابی وقاص اپنے ساتھ ایک جماعت کو لے کر عراق کی طرف روانہ ہوئے۔
ایران کا بادشاہ یزدگرد اس وقت مدائن میں موجود تھا۔ اس نے اپنا ایک قاصد سعد کے پاس بھیجا کہ چند افراد میرے پاس آئیں میں ان سے گفتگو کرنا چاہتا ہوں۔
بادشاہ اپنی محفل میں بیٹھا شراب پی رہا تھا۔ کہ اتنے میں چند عرب بادشاہ کے دربار میں پہنچے اس نے شراب پینا چھوڑ دی اور انہیں اندر بلایا۔ مغیرہ ابن عامر جو اس وفد میں شامل تھا بادشاہ کے قریب جا کر بیٹھ گیا۔ بادشاہ کو یہ ناگوار گزرا۔ اور بعد میں کہا کہ تم عرب لوگ بھی بڑے عجیب ہو۔ پہلے تم تجارت اور گدائی کے لئے ہمارے ملک میں آیا کرتے تھے۔ یہاں آکر تم نے لذیذ غذائیں کھائیں اور ٹھنڈے پانی پیئے۔ تم یہاں سے گئے تو تم نے اپنے دوستوں کو اطلاع دی۔ اب تم سارے جمع ہو کر آگئے ہو اور کہتے ہو کہ ہم نیا دین بھی لے آئے ہیں۔
تمہاری مثال اس لومڑی کی طرح سے ہے جو باغ میں گئی اور انگور کھائے باغ کے مالک نے اسے کوئی تکلیف نہیں دی۔ دوسرے دن وہ باقی لومڑیوں کو بھی ساتھ لے کر باغ میں آگئی اور ساری لومڑیاں انگور کھانے میں مشغول ہو گئیں باغ کا مالک آیا اس نے باغ کے سارے راستے بند کر دیئے اور تمام لومڑیوں کا خاتمہ کر دیا۔ میں اگر چاہوں تو تم سب کا خاتمہ کر سکتا ہوں۔
تم لوگ غریب ہو، تنگ دست ہو، اب تم لشکر کشی پر اتر آئے تو ایسا کرو، لشکر کشی کی، کوئی ضرورت نہیں تم لوگ واپس چلے

---

[1] داستانہای استاد 67 / 2۔ سیرہ نبوی ص 29

جاؤ۔ میں تمہاری طرف سے ایک شخص کو امیر مقرر کروں گا وہ تمہیں اچھا وظیفہ دیتا رہے گا۔ مغیرہ ابن عامر نے جب بادشاہ ایران کی لاف گزاف سنی تو اس کے جواب میں کہا: جی ہاں بادشاہ تم نے ٹھیک کہا ہے ہم لوگ غریب وتنگ دست تھے، ہم وہ قوم تھے جو چوہے اور سوسمار بھی کھایا کرتے تھے۔

ہمیں حلال وحرام کی کوئی پرواہ نہیں تھی۔ ہم ایک شلغم کو حاصل کرنے کے لئے اپنے چچازاد بھائی کو قتل کر دیا کرتے تھے اور بعد میں اس پر فخر ومباہات کیا کرتے تھے۔ خدا نے ہم پر رحم وکرم کیا اپنا ایک پیغمبرؐ ہمارے اندر بھیجا۔ جس نے ہمارے سامنے اللہ کا دین بیان کیا۔ اس نے ہمیں بت پرستی سے منع کیا اور خدا پرستی کا راستہ دکھایا۔ تمام مالک جو مسلمان لشکر کے ذریعے مفتوح ہوئے ہیں وہاں کے غنائم تمام لشکر میں تقسیم کیے جاتے ہیں۔

ہم عنقریب تمہارے ملک تک پہنچنے والے ہیں، یزدگرد! میں چاہتا ہوں کہ تم تین میں سے ایک کا انتخاب کرلو۔ .1 مسلمان ہو جاؤ تاکہ تمہاری بادشاہی قائم ودائم رہے۔ .2 جزیہ دے دو۔ .3 جنگ کے لئے آمادہ ہو جاؤ۔

یزدگرد یہ تینوں باتیں سن کر غصہ میں آیا اور کہا کہ میرے دربار سے نکل جاؤ تمہارے اور میرے درمیان جنگ ہی سے فیصلہ ہوگا۔ مسلمانوں کا وفد وہاں سے چلا گیا۔

پھر کچھ عرصے بعد مسلمانوں اور بادشاہ ایران کے درمیان جنگ ہوئی جس میں مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی۔ [1]

4. ابوجعفر حسینی کی دینداری

ابوجعفر حسینی جن کا چار پشتوں کے واسطے سے شجرہ نسب حضرت امام حسینؑ سے جا کر ملتا ہے۔ وہ انتہائی زاہد اور عابد انسان تھے۔ معتصم عباسی کے زمانے میں انہوں نے ان کے ظلم وستم کے خلاف خروج کیا۔ معتصم نے ان کو گرفتار کرنے کے لئے فوج بھیجی تو وہ مجبور ہو کر ایران آئے۔ ایران کے مختلف شہروں خراسان، سرخس، طالقان، نسا اور مرو میں چکر لگاتے رہے۔ ایران کے بہت سے لوگوں نے ان کے ہاتھ پر بیعت کرلی۔ ایک ایسا موقع بھی آیا جب ان کی بیعت کرنے والوں میں چالیس ہزار افراد شامل تھے۔

ایک رات ان کا لشکر جمع تھا کہ سید حسینی نے کسی کے رونے کی آواز سنی تو انہیں معلوم ہوا کہ ان کے لشکر والوں نے ایک جولاہے سے بنا ہوا کپڑا زبردستی چھین لیا ہے۔ اس لئے وہ جولاہا رو رہا تھا۔

ابوجعفر حسینی نے اس غاصب کو بلایا اور اس سے اس کی غلط کاری کا سبب پوچھا تو اس نے کہا کہ جناب ہم آپ کی بیعت کر چکے ہیں آپ کے سپاہی ہیں۔ لوگوں کا مال ہمارا مال ہے ہم جب بھی چاہیں گے لوگوں سے حاصل کریں گے۔

ابوجعفر نے جولاہے کا کپڑا واپس دلوایا اور بعد میں کہا کہ ایسے غاصب لوگوں کو ساتھ لے کر انسان اللہ کے دین کی مدد بھی

---

[1] نمونہ 234/5

نہیں کرسکتا۔ پھراس کے بعد سید حسینی نے اپنالشکر تحلیل کردیااوراپنے خاص دوستوں کوساتھ لے طالقان چلے گئے۔ [1]

5. سمرہ بن جندب کی دین فروشی

سمرہ بن جندب کاتعلق بصرہ سے تھا۔ باپ کی موت کے بعد یہ اپنی ماں کے ساتھ مدینہ آیا، اس کی ماں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک صحابی مری بن شیبان سے نکاح کیا۔ سمرہ اسی کے دامن پرورش پاتا رہا یہاں تک کہ جوان ہوگیا۔ یہ اچھا تیرانداز تھا۔ پیغمبراکرمؐ نے اسے جنگ احد میں شرکت کی اجازت دی تھی وہ باقی جنگوں میں بھی شریک ہوتا رہا۔

معاویہ کے زمانے میں دوسرے فاسق وجھوٹے افراد کے ساتھ شامل ہوگیا جو دولت حاصل کرنے کے لئے معاویہ کی شان میں جھوٹی احادیث بناتے تھے۔ اور حضرت علیؑ کی مذمت میں حبیب خدا کی جھوٹی احادیث پیش کرتے تھے۔

معاویہ نے سمرہ بن جندب کوایک لاکھ درہم انعام کاوعدہ کیا بشرطیکہ وہ لوگوں میں یہ بیان کرے کہ یہ آیت (نعوذ باللہ) علی بن ابی طالب کے لئے نازل ہوئی تھی۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُعْجِبُكَ قَوْلُهُ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهٖ ۙ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ۝ وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ۭ وَاللهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ۝ البقرہ (205-204)

''لوگوں میں ایک ایسا شخص بھی ہے جس کی دنیاوی زندگی کی گفتگو تجھے متعجب کرتی ہے۔ اور جو کچھ اس کے دل میں ہے اس پر اللہ کو گواہ بناتا ہے۔ جبکہ وہ سخت جھگڑالو ہے اور جب وہ حاکم بنے گا تو زمین میں فساد برپا کرنے کی کوشش کرے گا اور کھیتی اور نسل کو ختم کرے گا اور اللہ فساد پسند نہیں کرتا۔ اور جب اسے کہا جاتا ہے کہ خدا سے ڈرو تو گناہ کی عزت اسے خوف خدا سے روک دیتی ہے پس اس کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔''

اوراس کے ساتھ معاویہ نے سمرہ بن جندب کو یہ بھی کہا کہ تم لوگوں سے یہ بیان کروکہ یہ آیت علیؑ کے قاتل عبدالرحمن بن ملجم (لعین) کے حق میں نازل ہوئی۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَاۗءَ مَرْضَاتِ اللهِ ۭ وَاللهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ۝

(سورۃ البقرہ 207)

''اورلوگوں میں ایسا شخص بھی ہے جو اپنی جان بیچ کر اللہ کی رضا کو تلاش کرتا ہے اور اللہ اپنے بندوں پر

---

[1] تتمۃ المنتہی ص421

مہربان ہے۔"

معاویہ کی ایک لاکھ کی پیشکش سمرہ بن جندب نے قبول نہ کی پھر اس نے دو لاکھ کی پیشکش کی وہ بھی سمرہ نے قبول نہ کی پھر اس نے تین لاکھ کی پیشکش کی وہ بھی سمرہ نے ٹھکرا دی۔ آخر کار معاویہ نے چار لاکھ درہم کی پیشکش کی جو سمرہ نے قبول کر لی اور منبر پر کھڑے ہو کر اعلان کیا کہ پہلی آیت (نعوذ باللہ) حضرت علیؑ کے حق میں نازل ہوئی اور دوسری آیت ان کے قاتل عبدالرحمان بن ملجم (لعین) کے حق میں نازل ہوئی۔ [1]

---

[1] پیغمبر و یاران 258/3۔ شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید 271/1

باب نمبر 43

ذکرالٰہی

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہے:

"اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ" [1]

''(یاد رکھو) یاد خدا سے دلوں کو اطمینان ملتا ہے''

حضرت موسیٰ علیہ السلام سے خداوند ذوالجلال نے کہا:

"لا تدع ذکری علی کل حال" [2]

''کسی بھی حال میں مجھے فراموش نہ کرو''

مختصر تشریح:

اگر حضور قلب کے ساتھ حق کو یاد کیا جائے تو یہ سب سے بڑی عبادت ہے، ہر وہ شخص جو اپنے دل سے ذکر خدا کرے اور اسے اپنے عمل سے بھی ظاہر کرے تو وہ اتنے بڑے مقام پر پہنچ جاتا ہے جہاں اُس پر شیطان غالب نہیں آسکتا۔

اگر ذکر صرف زبان سے ہو لیکن قلب اس سے غافل ہو تو اس کا اثر بہت کم ہوتا ہے، اگر ذکر کرنے والا اس پر خود توجہ کرے تو بعض اوقات وہ خود پسندی کا شکار ہو جاتا ہے۔

ضروری ہے جب انسان خدا کو یاد کرے تو اس کے نعمات کے مقابل اپنے آپ کو حقیر تصور کرے، اور انسان ہر وقت اپنے خدا سے گزارش کرے کہ کسی حال میں اُسے اپنی یاد سے غافل نہ کرے اور ہر وقت اپنی محبت میں اضافہ فرماتا رہے۔

ا۔ دشمن کے مقابل ذکر خدا:

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنگ محارب و بنی انمار کے لئے جارہے تھے راستے میں ایک مقام پر پڑاؤ کیا۔ رسول خداؐ قضائے حاجت کی غرض سے لشکر سے کافی دور نکل گئے اور اس دوران بہت تیز بارش ہوئی اور پہاڑی نالہ زور و شور سے بہنے لگا۔

---

[1] سورہ الرعد آیت نمبر ۲۸۔

[2] بحارالانوار ۱۳ و ۳۴۲۔

اسی لئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کافی دیر کے لئے رک گئے کیونکہ آپ پہاڑی نالہ کی اُس جانب تھے اور آپ کا لشکر دوسری جانب تھا، اسی اثنا میں ایک کافر حویرث بن حارث محاربی نے آپ کو دیکھ لیا اور اپنے دوستوں سے کہنے لگا "یہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" اس وقت اپنے دوستوں سے کٹ چکا ہے، مجھے خدا مارے اگر آج میں نے اسے قتل نہ کیا، چنانچہ وہ تلوار لے کر آپ کے سامنے آیا اور تلوار ہوا میں لہرا کر کہا کہ محمدؐ! بتاؤ آج میرے ہاتھ سے تمہیں کون بچائے گا؟

آپ نے بڑے سکون واطمینان سے فرمایا: مجھے اللہ بچائے گا۔

آپ نے زیر لب دعا مانگی خدایا مجھے حویرث بن حارث کے شر سے محفوظ رکھ۔

دشمن نے جیسے ہی آپ پر وار کرنا چاہا ایک فرشتے نے اسے مارا اور وہ پشت کے بل زمین پر جا گرا اور اس کی تلوار چھوٹ کر رحمۃ للعالمینؐ کے سامنے جا گری۔

آپؐ نے تلوار اٹھائی اور فرمایا: مجھے بتاؤ اس وقت میرے ہاتھ سے تمہیں کون بچائے گا؟

کافر نے کہا: کوئی بچانے والا نہیں، آپؐ نے فرمایا: کلمہ پڑھو تا کہ میں تمہاری تلوار تمہارے حوالے کروں۔

اس نے کہا: میں کلمہ نہیں پڑھتا لیکن آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ میں آئندہ آپ اور آپ کے پیروکاروں سے جنگ نہیں کرونگا اور نہ ہی جنگ میں آپ کے دشمنوں کی مدد کروں گا۔

آپ نے اسے تلوار واپس کر دی تو اس نے کہا: خدا کی قسم آپ مجھ سے بہتر ہیں۔ [1]

۲۔ایک مجذوب

سعدی فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ ہم آغاز شب سے آغاز صبح تک ایک کارواں کے ساتھ سفر کرتے رہے، جب صبح کا وقت ہونے لگا تو ہم ایک جنگل کے قریب پہنچے اور وہاں جا کر سو گئے۔

حق تعالیٰ کا ایک مجذوب بھی ہمارے ساتھ تھا، اس نے بلند آواز سے نعرہ لگایا اور بیابان کی طرف چلا گیا، وہاں جا کر لمبی لمبی سانسیں لیں اور راز و نیاز میں مصروف ہو گیا۔

جیسے ہی دن چڑھا تو ہم نے اس سے پوچھا کہ بھائی تم نے یہ اپنی کیسی حالت بنائی ہے؟

اس نے جواب میں کہا: جناب! میں نے دیکھا کہ بلبلیں درختوں پر بیٹھی ہوئی تھیں، تیتر بٹیر پہاڑوں پر بیٹھے، مینڈک پانی میں اور دوسرے حیوانات جنگل میں خدا کے حضور نالہ وفریاد کر رہے تھے تو پھر میں نے اپنے دل میں سوچا کہ یہ بات جوان مردی سے دور ہے کہ تمام مخلوقات حمد وثنا کرے اور میں خواب غفلت کے مزے لیتا رہوں۔ [2]

---

[1] داستانہا و پندہا ۲۔۶۷۔ تفسیر ابوالفتوح۔

[2] حکایتہای گلستان، ص ۷۔۱۲۔

۳۔ غربا کا پیغمبر اکرمؐ سے سوال

بیان کیا جاتا ہے کہ مدینہ طیبہ کے کچھ غربا وفد بنا کر حضور اکرمؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: "یا رسول اللہ! دولت مند افراد ہم سے نیکیوں میں آگے ہیں کیونکہ وہ غلاموں کو آزاد کر سکتے ہیں، صدقہ دیتے ہیں، حج ادا کر سکتے ہیں اور اس کے علاوہ وہ بہت سے نیکی کے کام کر سکتے ہیں، جب کہ ہم اپنی غربت کی وجہ سے ان میں سے کچھ بھی نہیں کر سکتے ہیں، لہٰذا اُن کا اجر ہم سے زیادہ ہو رہا ہے، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"تم سے جو شخص سو مرتبہ اللہ اکبر کہے گا تو اس کے نامہ اعمال میں ایک سو غلام آزاد کرنے سے زیادہ ثواب لکھا جائے گا، جو ایک سو مرتبہ سبحان اللہ کہے گا اس کو حج سے زیادہ ثواب ملے گا جو ایک سو مرتبہ الحمد للہ کہے گا اُسے اسلحہ سمیت ایک سو گھوڑے دینے سے بھی زیادہ ثواب ملے گا، اور جو ایک سو مرتبہ "لا الہ الا اللہ" کہے گا اس کا شمار قیامت کے دن بہترین افراد میں کیا جائے گا۔"

جب مدینہ کے دولت مند لوگوں نے یہ حدیث سنی تو انہوں نے بھی اس پر عمل کرنا شروع کر دیا۔

مدینہ کے غرباء پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: "یا رسول اللہ! دولت مندوں نے آپ کے فرمان پر عمل کرنا شروع کر دیا اور اب ہم کیا کریں؟

آپؐ نے فرمایا: "یہ اللہ تعالیٰ کا لطف و کرم ہے وہ جسے چاہے عطا کرے"[1]

۴۔ نعمت میں محبوب کی یاد

خداوند تعالیٰ نے اپنے نبی حضرت ایوب علیہ السلام کو بے انتہا نعمات سے نوازا تھا، بعض مورخین کہتے ہیں کہ کاشتکاری کے لئے حضرت ایوب علیہ السلام کے پاس پانچ سو بیل موجود تھے، آپ کے پاس ہزاروں غلام ہوتے تھے جو آپ کے لئے زراعت کا کام کیا کرتے تھے، بار برداری کے لئے تین ہزار اونٹ تھے اور آپ کے پاس سات ہزار بھیڑیں موجود تھیں، اللہ تعالیٰ نے آپؑ کو سلامتی، دولت اور اولاد جیسی نعمتوں سے نوازا ہوا تھا، آپ ہر حالت میں خداوند تعالیٰ کی حمد و ثنا کرتے رہتے، آپؑ کے سامنے جب بھی دو ایسے کام آتے ہیں جن میں خداوند تعالیٰ کی اطاعت مضمر ہوتی تو اُن میں سے مشکل کام کا انتخاب کرتے تھے اور اس پر عمل کیا کرتے تھے، ان سب کے باوجود مورخین نے آپؑ کے حالات میں لکھا کہ آپ سے کوئی گناہ سرزد نہیں ہوا تھا، اللہ تعالیٰ نے آپؑ کے مرتبہ و مقام کو بلند کرنے کے لئے آپؑ کا امتحان شروع کیا اور تمام نعمات آپؑ سے سلب کر لیں اور آپؑ کے جسم میں ایسی بیماری شروع ہو گئی جس کی دوا کسی کے پاس موجود نہیں تھی۔

آپؑ نے تمام مصائب کو خندہ پیشانی سے برداشت کیا ہر وقت آپ ذکر خداوندی میں مشغول رہتے تھے، شیطان نے آپؑ

---

[1] شنید نحانی تاریخ ص ۱۸، بحار الانوار ج ۲ ـ ۲۷۳۔

کی بیوی کے ذہن میں وسوسہ ڈالا، آپؑ کی بیوی نے آپؑ سے کہا تمام لوگ ہمیں چھوڑ گئے ہمارے پاس کچھ بھی باقی نہ رہا، حضرت ایوبؑ نے اپنی بیوی سے کہا کہ پریشانی کی کوئی بات نہیں پورے اسی سال تک اللہ کی نعمات ہم پر نازل ہوتیں رہیں اور اب سات سال سے ہم پر آزمائش آگئی ہے اب اس پر اعتراض کرنے کی کیا بات ہے، ہمیں چاہیے کہ ہم ہر حال میں خوش رہیں اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے رہیں۔

آپؑ کی بیوی نے بہت زیادہ اعتراضات کئے، حضرت ایوبؑ وہ اعتراضات سن کر ناراض ہوئے اور اپنی بیوی سے کہا کہ میرے پاس سے اُٹھ کر چلی جاؤ میں دوبارہ تمہیں دیکھنا پسند نہیں کرتا اس کے بعد آپؑ کی بیوی بھی آپؑ کو چھوڑ کر چلی گئی۔

اس کے بعد حضرت ایوبؑ نے اپنے آپؑ کو تنہا پایا اور دیکھا کہ کوئی بھی اس کا تیمار دار نہیں ہے، بارگاہ خداوندی میں سربسجود ہوئے، مناجات کیں، اللہ تعالیٰ نے اپنے ذکر کرنے والے نبی کی دعاؤں کو قبول کیا، تمام نعمات اُسے دوبارہ عطا کیں۔

ایوب علیہ السلام کی بیوی نے سوچا کہ ایوبؑ نے تو مجھے اپنے پاس سے روانہ کیا لیکن یہ اچھی بات نہیں ہے کہ میں بھی اُسے تنہا چھوڑ کر چلی جاؤں جب کہ اس وقت اُن کا کوئی پرسان حال نہیں، نہ ہی اس کا کوئی علاج کرنے والا ہے اور نہ ہی اس کا کوئی تیمار دار ہے، اگر میں بھی اُسے اس عالم میں چھوڑ کر چلی گئی تو بھوک کی وجہ سے اُن پر موت واقع ہو جائے گی، یہ سوچ کر اُن کی بیوی واپس آئیں تو انہیں وہاں پر حضرت ایوبؑ نظر نہ آئے بیوی نے دیکھا کہ وہاں پر ایک جوان کھڑا ہوا ہے اور آپ کی بیوی نے زور زور سے رونا شروع کر دیا۔

جوان نے اُس سے پوچھا کہ آپ کیوں رو رہی ہیں؟ اس نے جواب میں کہا کہ میرا ایک بوڑھا اور بیمار شوہر یہاں پر موجود تھا اب مجھے وہ نظر نہیں آرہا۔

جوان نے کہا اگر آپ کو آپ کا شوہر دکھائی دے تو پہچان لوگی؟ اس نے کہا جی ہاں، جیسے ہی اس نے جوان کو غور سے دیکھا تو انہوں نے محسوس کیا کہ یہ میرے شوہر ہیں، اس جوان نے کہا کہ آپ نے بالکل درست پہچانا میں ہی ایوب ہوں۔ [1]

۵۔ سیدہ نفیسہؒ کی عبادت

حضرت سیدہ نفیسہؒ اپنے زمانے کی عابدہ و زاہدہ خاتون تھیں ان کا نسب اس طرح سے ہے: سیدہ نفیسہ بنت حضرت حسن بن حضرت زید بن امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام۔ اُن کی شادی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے فرزند اسحاق موتمن سے ہوئی تھی، اور بی بی نفیسہؒ اپنی زندگی میں ممتاز حیثیت کی مالکہ تھیں۔

حضرت زینب جو کہ حضرت نفیسہؒ کی بھتیجی تھیں وہ بیان کرتی ہیں کہ میں نے چالیس سال تک اپنی پھوپھی کی خدمت کی اور اس پوری مدت میں میں نے انہیں رات کو سویا ہوا نہیں دیکھا اور دن کے وقت انہیں بغیر روزہ کے نہیں دیکھا تھا۔

---

[1] تاریخ انبیاء ۲۔۲۰

میں نے ایک دن اُن سے کہا: "آپ اپنی جان پر کچھ تو رحم کریں"

بی بی نفیسہ نے مجھے کہا کہ میں کیسے رحم کروں جب کہ برزخ اور آخرت کی میرے سامنے ایسی گھاٹیاں موجود ہیں جن کو بغیر تقویٰ کے انسان عبور نہیں کرسکتا۔

آپ دولت مند خاتون تھیں اس لئے ہمیشہ فقراء و مساکین اور معذوروں کی مدد فرماتی تھیں، آپ نے تیس بار حج بیت اللہ کا شرف حاصل کیا اور اکثر مرتبہ پاپیادہ حج کیے۔

مدینہ سے آپ نے اپنے شوہر کے ساتھ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قبر کی زیارت کے لئے فلسطین کا سفر اختیار کیا، فلسطین سے آپ مصر تشریف لائیں۔

مصر کے لوگوں نے آپ سے درخواست کی کہ آپ مصر میں قیام کریں بی بی نے اُن کی درخواست قبول کرلی، بی بی نے اپنے گھر کے اندر ایک قبر کھدوائی ہوئی تھی اور آپ ہمیشہ اُس قبر میں بیٹھ کر خدا کی عبادت کیا کرتیں تھیں۔

بیان کیا جاتا ہے کہ آپ نے اس قبر میں بیٹھ کر کئی ہزار مرتبہ قرآن پاک ختم کیا، روایت میں ہے کہ جو بھی بندہ اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا ہے تو خداوندا سے عزت عطا کرتا ہے۔

بی بی نفیسہ کا ایک ہمسایہ یہودی تھا جس کی ایک بیٹی پیدائشی نابینا تھی، بی بی نفیسہ کے وضو کے پانی کے ساتھ خدا نے اس کی بینائی واپس لوٹا دی، جس کی وجہ سے مصر کے بہت سے یہودیوں نے اسلام قبول کیا۔

ایک دفعہ آپ روزہ کی حالت میں جب یہ آیت کریمہ پڑھ رہی تھیں "لھم دار السلام عند ربھم" تو اس وقت آپ کی وفات ہوگئی، آپ کے شوہر نے چاہا کہ آپ کا جنازہ مدینہ لے جایا جائے لیکن مصر کے لوگوں نے اُن سے درخواست کی بی بی کے جنازے کو مصر میں ہی دفن کیا جائے، لیکن انہوں نے اہلیانِ مصر کی درخواست کو قبول نہ کیا، انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواب میں زیارت نصیب ہوئی اور فرمایا کہ اگر اہل مصر نفیسہ کی تدفین اپنے ہاں چاہتے ہیں تو اُن کی درخواست کو رد نہ کیا جائے، اللہ تعالیٰ نفیسہ کی برکت سے اہل مصر پر رحم کرے گا۔ [1]

---

[1] شاگردان مکتب ائمہ ص ۱۶۸، وفیات الاعیان جلد ۵ـ ۵۶۔

باب نمبر 44

رزق

قرآن مجید میں ارشاد رب ذوالجلال ہے۔

"وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا۔"[1]

''اور زمین پر چلنے والا کوئی ایسا نہیں جس کا رزق اللہ کے ذمے نہ ہو''

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"الرزق يطلب العبد اشد طلباً من اجله۔"[2]

''موت انسان کو اتنا سختی سے تلاش نہیں کرتی جتنا سختی سے رزق انسان کو تلاش کرتا ہے۔

مختصر تشریح:

دنیا میں کوئی بھی ذی روح ایسا نہیں ہے جس کا رزق اللہ کے پاس نہ ہو، کوئی شخص اس وقت تک مر نہیں سکتا جب تک اپنی تقدیر کے آخری لقمے کو خود کھا نہ لے، انسان کو چاہیے کہ حلال روزی کی تلاش کرے اور رزق حرام سے اپنے آپ کو بچائے یہی سب سے افضل صبر ہے، روزی مختلف طرح سے حاصل ہوتی ہے کسی کو تجارت سے ملتی ہے، کسی کو حکومت سے ملتی ہے کوئی ذلیل وخوار ہو کر روزی تلاش کرتے ہیں اور کوئی عدم قناعت کا مظاہرہ کرتے ہیں اور اللہ کی تقسیم پر راضی نہیں رہتے یہ چیز انتہائی گھٹیا پن ہے اس سے انسان میں طمع ولالچ جوان ہوتے ہیں اور اس وجہ سے انسان گناہ کا ارتکاب کرتا ہے تا کہ اس کے رزق میں اضافہ ہو، لیکن یہ سب باتیں اللہ پر توکل نہ کرنے کے نتیجے میں پیدا ہوتی ہیں۔

ا۔ حکمت پر نگاہ کریں:

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ایک مفلس شخص کو دیکھا جو انتہائی غریب وتنگ دست تھا جس کے پاس پہننے کو ڈھنگ کے کپڑے موجود نہ تھے بیابان کی ریت پر لیٹا ہوا تھا، جب آپ اُس کے پاس گئے تو اس نے آپ سے کہا کہ موسیٰ! میرے لئے دعا

---

[1] ھود آیت ۶۔

[2] جامع الاخبار ص ۱۲۶۔

کریں کہ اللہ تعالیٰ مجھے رزق عطا کرے تا کہ میں کچھ نہ کچھ اچھی زندگی بسر کرسکوں، غربت کی وجہ سے زندگی میرے لئے عذاب بن چکی ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس کے لئے دعا کی پھر مناجات کے لئے کوہ طور چلے گئے، جب کچھ دنوں کے بعد واپس اُسی راستے سے آئے تو دیکھا کہ لوگوں نے اُس مفلس انسان کو گرفتار کیا ہوا تھا اور بہت سے لوگ اُس کے ارد گرد جمع تھے پوچھا کیا بات ہے؟

حاضرین نے جواب دیا کہ پہلے تو یہ شخص بہت غریب تھا اب اس کے پاس تازہ دولت آنے لگی تو یہ خباثتیں دکھانے لگا، شراب پینا شروع کردی اور اس نے ایک شخص کو قتل کر ڈالا، اب ہم نے اس سے قصاص لینے کے لئے اسے گرفتار کیا ہوا ہے، اور اسے قاضی کے پاس لے جائیں گے جو اسے موت کی سزا دے گا۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (اگر اللہ اپنے بندوں پر رزق کشادہ کردے تو اس وقت زمین پر فساد برپا ہو جائے گا) اس وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ کی حکمت کا اقرار کیا، اور اپنی جسارت اور خواہش پر خدا کے حضور توبہ کی۔ [1]

۲۔ قرآن مجید سے غلط استنباط:

عمر بن مسلم جو کہ امام جعفر صادق علیہ السلام کا دوست تھا اور جو وقتاً فوقتاً آپ کی خدمت میں حاضر ہوتا رہتا تھا، ایک دفعہ جب وہ کافی عرصے تک امام علیہ السلام کو نظر نہ آیا تو آپ نے علی بن عبد العزیز جو اس کے دوست تھے اس سے اس کا احوال دریافت کیا، اس نے کہا: میں قربان جاؤں اس نے کام کاج چھوڑ دیا ہے، زہد اختیار کر لیا ہے اور وہ دن رات عبادات میں مشغول رہتا ہے، آپ نے فرمایا: اس کے حال پر ہلاکت ہو کیا وہ نہیں جانتا؟ جو شخص کام کاج سے ہاتھ اٹھالیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی دعاؤں کو قبول نہیں کرتا، پیغمبر اکرم کے زمانے میں آیت نازل ہوئی ”مَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ“ (سورہ طلاق: ۲، ۳) جو شخص گناہوں سے بچتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے راستے بنا دے گا اور اسے وہاں سے رزق عطا فرمائے گا، جہاں سے اُسے گمان بھی نہیں ہوگا، جب مسلمانوں نے یہ آیت سنی تو کچھ مسلمانوں نے کام کاج کو خیر باد کہہ دیا اور تجارت سے ہاتھ کھینچ لیا اور گوشہ نشینی کی زندگی بسر کرنے لگے اور عبادت میں مشغول ہو گئے اور کہتے تھے اللہ تعالیٰ خود روزی رسان ہے، اور وہ اپنے دین دار بندوں کو کبھی بھی ذلیل و رسوا نہیں کرے گا، جتنی بھی ہماری ضروریات ہیں وہ خود اللہ تعالیٰ پوری کردے گا۔

جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بات سنی تو آپؐ نے اُن سب لوگوں کو بلایا اور آپ نے اُن کے اس ذہنی نظریہ پر اعتراض کیا اور اُن سے فرمایا کہ تم لوگوں نے کام کاج کیوں چھوڑ دیئے؟۔

اُن لوگوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے رزق کا ذمہ لے لیا ہے تو پیغمبر اکرمؐ نے اُن سے کہا کہ بھائی ایسی بات نہیں ہے تم میں

---

[1] حکایتہای گلستان ص ۱۶۱۔

سے جو بھی شخص محنت کرنے کے قابل ہے تو جائے اور محنت کرے، اگر کوئی شخص محنت کرنے کے قابل ہو اور وہ محنت نہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی دعاؤں کو قبول نہیں کرے گا، اٹھو اور کام کاج کرو۔[1]

۳۔ رزق بقدر کفایت:

ایک دفعہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے چند ساتھیوں کے ہمراہ ایک بیابان سے گزرے تو ایک ساربان سے کہا کہ بھائی ہمیں اپنی اونٹنیوں کے دودھ میں سے کچھ پلاؤ، اس نے جواب دیا کہ جناب اونٹنیوں کے پستانوں میں جو کچھ موجود ہے وہ اہل قبیلہ کے ناشتہ کے لئے مخصوص ہے اور جو کچھ میں نے دودھ کر برتنوں میں رکھا ہوا ہے وہ اُن کے رات کے کھانے کے لئے مخصوص ہے، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے حق میں دعا کی اور فرمایا پروردگار! اس کی اولاد اور اس کے مال میں اضافہ فرما، پھر آپ وہاں سے چلے گئے اور راستے میں ایک اور ساربان نظر آیا۔ آپؐ نے اس سے دودھ کا تقاضا کیا، اس نے اپنی اونٹنیوں کا دودھ دودھ کر آپؐ کی خدمت میں پیش کیا، اس کے علاوہ اس کے پاس ایک بھیڑ موجود تھی وہ اس کا دودھ بھی دودھ کر آپؐ کے سامنے لے آیا اور کہا: مولا! اس کے علاوہ میرے پاس اور کچھ نہیں ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دودھ پیا اور دعا کے لئے ہاتھ بلند کئے اور فرمایا: خداوندا اسے ضرورت کے مطابق رزق عطا فرما، آپؐ کے ساتھیوں نے آپ سے عرض کی کہ یا رسول اللہ! پہلے ساربان نے آپ کے فرمان کو رد کر دیا تھا تو اُسے ایسی دعا دی کہ جس کی ہم سب خواہش کرتے ہیں جبکہ اس شخص نے آپ کے فرمان پر عمل کیا اور آپ کو دودھ پلایا لیکن آپ نے اس کے لئے بقدر کفایت روزی کا سوال کیا آخر اس کی وجہ کیا ہے؟

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ”جو چیز کم ہو لیکن کافی ہو جائے تو وہ اس دولت سے بہتر ہے جو زیادہ ہو لیکن یاد خدا سے غافل بنا دے“

اس کے بعد آپ نے یہ دعا فرمائی۔

"اللھم ارزق محمد وآل محمد الکفاف"

”پروردگار تو محمد وآل محمد کو بقدر ضرورت رزق عطا فرما“[2]

۴۔ صدقہ دے کر رزق میں اضافہ کریں:

ایک مرتبہ امام صادق علیہ السلام نے اپنے فرزند محمد سے فرمایا: ”بیٹا دیکھو! اخراجات سے کیا کچھ بچا ہے؟“

بیٹے نے عرض کی: ”چالیس دینار“

---

[1] با مردم اینگونہ برخورد کنیم، ص ۱۶۳، وافی ۱۰۔۱۵۔

[2] داستانھا و پندھا ۲۔ ۷۷۔ انوار نعمانیہ، ص ۳۴۲۔

آپ نے فرمایا: چالیس دینار اُٹھا کر راہ خدا میں تقسیم کردو۔

بیٹے نے عرض کی: ''ابا جان! اس وقت گھر میں صرف یہی چالیس دینار موجود ہیں، اس کے علاوہ گھر میں کچھ بھی موجود نہیں ہے''۔

امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: ''بیٹا! چاہے کچھ بھی ہو اس رقم کو خدا کے نام پر تقسیم کردو، ''ما علمت ان لکل شئی مفتاح و مفتاح الرزق الصدقه'' بیٹا کیا تمہیں معلوم نہیں کہ ہر چیز کی ایک چابی ہوتی ہے اور صدقہ رزق کی چابی ہے؟

بیٹے نے باپ کے حکم کی تعمیل کی، ابھی صدقہ دیئے دس دن بھی نہیں گزرے تھے کہ ایک مقام سے چار ہزار دینار آئے۔

آپ نے بیٹے کو مخاطب کر کے کہا: ''جان پدر! تم نے دیکھا ہم نے چالیس دینار صدقہ دیا تھا اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں چار ہزار دینار عطا فرمائے ہیں''۔ [1]

۵۔ عمادالدولہ:

بنی بویہ ایک مشہور خاندان گزرا ہے جن کی حکومت کا آغاز ۳۲۲ ہجری سے ہوا تھا اور انہوں نے ۱۲۶ برس تک حکومت کی تھی اور اس خاندان کے لوگ مذہب تشیع سے منسلک تھے اور رعیت کے خاصے خیر خواہ تھے، اس خاندان کا ایک بادشاہ عمادالدولہ ابوالحسن علی بن بویہ گزرا ہے جس نے نو سال تک حکومت کی، اس کی زندگی میں عجیب وغریب واقعات رونما ہوئے تھے اور اُن سب کا تعلق رزق وروزی سے تھا، اس کے مشہور واقعات میں سے چند یہ ہیں، کہ وہ شیراز آیا تو شیراز میں مقتدر باللہ عباسی کی طرف سے یاقوت نامی شخص حاکم تھا وہ بھاگ گیا، عمادالدولہ نے چاہا کہ لشکر کو خرچہ دیا جائے تو اس کے پاس کچھ بھی موجود نہیں تھا، وہ اسی پریشانی میں تھا اور پریشانی کے عالم میں شکار کے لئے نکل پڑا، تو راستے میں اس کے گھوڑے کے پاؤں زمین میں دھنس گئے وہ نیچے اترا تو دیکھا ایک سوراخ ہے جو وسیع ہوتا جا رہا ہے، وہاں پر بہت بڑا خزانہ چھپا ہوا تھا جو یاقوت نے چھپا کر رکھا ہوا تھا، اس نے وہاں سے خزانہ اُٹھا کر اپنے لشکر پر خرچ کیا، اس طرح سے ایک اور واقعہ بھی ہے کہ ایک دفعہ وہ اپنے گھر میں سویا تھا اور اپنے لشکر اور رعیت کے متعلق سوچ رہا تھا کہ اس نے دیکھا کہ چھت کے ایک گوشے سے سانپ نکلا اور دوسری طرف گوشہ میں چلا گیا، اس نے حکم دیا کہ اس چھت کو شگاف کیا جائے اور اس سانپ کو نکال کر مار دیا جائے تا کہ وہ کسی کو نقصان نہ پہنچائے جب چھت میں شگاف کیا گیا تو وہاں ایک اور چھت موجود تھی جس میں بہت بڑا خزانہ رکھا ہوا تھا جو کہ پانچ لاکھ دینار تھے اور اس نے وہ سارا خزانہ اپنی رعیت میں تقسیم کر دیا۔

اس کی زندگی کا تیسرا واقعہ کچھ اس طرح سے ہے کہ وہ اپنے لئے اور افسروں اور لشکر کے لئے لباس سلوانا چاہتا تھا، اور اس نے اس مقصد کے لئے ایک درزی کو بلوایا جو پہلے حاکم یاقوت کے لئے لباس سیا کرتا تھا، اتفاق سے وہ درزی کانوں سے بہرہ تھا، عمادالدولہ نے کہا کہ درزی کے پاس آنکھیں ضرور ہونی چاہیں اگر کانوں سے بہرا ہو تو کوئی حرج نہیں، درزی کو عمادالدولہ کی خدمت میں

---

[1] حکایتهای شنیدنی ۳۔ ۹۲، فروع کافی ۳۔ ۱۰۔

پیش کیا گیا، عماد الدولہ نے درزی سے کہا کہ دیکھو! میں نے تم سے اپنے اور اپنے غلاموں اور اپنے لشکر کے کپڑے سلوانا چاہتا ہوں۔

درزی چونکہ کانوں سے بہرا تھا وہ سمجھا کہ اس کی کسی نے عماد الدولہ کے پاس شکایت کی ہے کہ میرے پاس یاقوت کی دولت موجود ہے، درزی نے کہا! جناب میرے پاس یاقوت کی دولت کے صرف چار صندوق موجود ہیں۔

عماد الدولہ نے اپنے آدمی بھیجے جو وہ صندوقیں لے آئے، اُن صندوقوں میں بہت سے رقم تھی جو اُس نے اپنے لشکر اور رعیت میں تقسیم کر دی۔ [1]

---

[1] جامع النورین ص ۳۲۳، انتقاء ص ۳۱۲۔

باب نمبر 45

رضا

قرآن مجید میں ارشاد خداوند کریم ہے:

أَبَدًا ۖ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ [1]

اللہ ان سے راضی ہے اور وہ اللہ سے راضی ہیں۔

امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا:

"الصبر والرضا راس طاعة الله"

''صبر ورضا تمام اطاعت الٰہی کی بنیاد ہے''

مختصر تشریح:

صفت رضا یہ ہے کہ انسان اپنی پسندیدہ و ناپسندیدہ حالت پر راضی رہے، رضا نور معرفت کی شعاع ہے اور صاحب رضا وہ انسان ہے جو اپنے تمام اختیارات سے ہاتھ اُٹھا لے اور اللہ کی تقدیر پر دل سے راضی رہے۔

دنیا کے ساتھ دل لگانا شرک ہے اور مفقود چیز کے ساتھ دل لگانا کفر ہے (حضرت امام باقر علیہ السلام) یہ تعلق صفت رضا سے خارج ہے، عجیب بات یہ ہے کہ جو لوگ عبدیت کا دعویٰ کرتے ہیں لیکن جب اپنے مقدر کو دیکھتے ہیں تو اللہ سے جھگڑا شروع کر دیتے ہیں اور اللہ کی شکایتیں کرنا شروع کر دیتے ہیں جب کہ سچے عارف وہ ہیں جو حق تعالیٰ کے سامنے سرِ تسلیم خم کر لیتے ہیں، خدا کی تقدیر پر راضی رہتے ہیں اور خدا کی طرف سے جتنا بھی اُن کی آزمائش ہو خدا کی تقدیر پر ہر صورت راضی رہتے ہیں۔

۱۔ حضرت جابرؓ اور حضرت امام محمد باقرؑ

حضرت جابرؓ بن عبداللہ انصاری امام محمد باقر علیہ السلام کے پاس آئے اس وقت وہ ضعیف و لاغر ہو چکے تھے۔

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ''جابر کیسا مزاج ہے؟''

[1] سورہ بینہ، 8

انہوں نے کہا: "مولا! اب تو میرا حال یہ ہے کہ ضعیفی کو جوانی اور مرض کو صحت اور موت کو زندگی سے بہتر جانتا ہوں"۔

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا "لیکن میرا حال یہ نہیں ہے اگر اللہ مجھے پیری دے تو پیری کو اور اگر جوانی دے تو جوانی کو اگر مرض دے تو مرض کو اور اگر صحت دے تو صحت کو اور اگر موت دے تو موت کو اور اگر زندگی دے تو زندگی کو اچھا سمجھتا ہوں۔

یہ سن کر جابرؓ اپنی جگہ سے اٹھے اور امام محمد باقرؑ کی پیشانی کا بوسہ لیا اور کہا: "آپ کے نانا جان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سچ فرمایا تھا کہ جابرؓ! تم لمبی عمر پاؤ گے اور حسینؑ کے پوتے سے ملو گے جو دفن شدہ علم کو زمین سے ایسے ہی شگافتہ کرے گا جیسے بَیل زمین کو شگافتہ کرتا ہے اور اس کا لقب باقر ہوگا۔ [1]

۲۔ تین مصیبتوں پر راضی رہنے والا شخص:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ایک ایسے شخص کے پاس سے گزر ہوا جو نابینا بھی تھا مبروص بھی تھا اور مفلوج بھی تھا، بیک وقت وہ تینوں مصائب میں مبتلا تھا۔

آپؑ نے دیکھا جذام کی وجہ سے بہت سے مقامات سے اس کا گوشت گر چکا تھا اس کے باوجود وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کر رہا تھا اور کہہ رہا تھا اے خدا تیرا لاکھ شکر ہے تو نے مجھے ایسی کئی بلیات سے بچایا ہے جن میں لوگوں کی اکثریت گرفتار ہے۔

عیسیٰ علیہ السلام نے اس سے فرمایا: "اے مرد خدا! وہ ایسی کون سی بلیات ہیں جن سے تجھے خدا نے محفوظ رکھا ہے؟"

اس نے جواب دیا:

اے روح اللہ! اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں معرفت ڈالی ہے جب کہ بہت سے لوگوں کے دلوں میں یہ موجود نہیں ہے، اس لئے میری حالت اُن سے بہتر ہے۔

عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ تو نے بالکل سچ کہا ہے اب اپنا ہاتھ بلند کرو، حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنا دست شفا اس کی جان پر پھیرا وہ فوراً صحت یاب ہو گیا اور وہ انتہائی خوبصورت چہرہ والا شخص بن گیا، اللہ تعالیٰ نے اُس کی بیماری اس لئے دور کر دی کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی آزمائش پر راضی تھا بعد میں وہ شخص حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا رفیق بنا وہ آپؑ کے ساتھ عبادت کیا کرتا تھا۔ [2]

۳۔ خلادہ:

اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کو وحی فرمائی کہ خلادہ دختر اوس کے پاس جائیں اور اسے جنت کی بشارت دیں اور اسے یہ بھی آگاہی دیں کہ وہ جنت میں تمہاری ہم نشین ہوگی۔

---

[1] چند تاریخ، ۵۔۱۸۶۔

[2] اخلاق اسلامی، ۳۔۲۶۲، جامع السعادت ۳۔۲۰۸۔

حضرت داؤد علیہ السلام خلادہ کے گھر تشریف لے گئے اور دستک دی، اس مومنہ خاتون نے دروازہ کھولا، اُس نے داؤد علیہ السلام کو دیکھا تو پہچان گئی اور کہنے لگی کیا میرے بارے میں بھی کوئی چیز نازل ہوئی ہے جو آپؑ مجھے بتانے آئے ہیں؟

حضرت داؤد علیہ السلام نے فرمایا: "جی ہاں"۔

بی بی نے کہا: شاید میری کوئی ہم نام عورت ہوگی، اس کے متعلق کچھ نازل ہوا ہوگا" حضرت داؤد نے فرمایا: "نہیں تیرے متعلق ہی نازل ہوا اور تو مجھے اپنی حالت کے متعلق آگاہ کر کہ تیرے شب و روز کی کیا کیفیت رہتی ہے"۔

اس بی بی نے کہا" مجھے کوئی تکلیف پہنچتی ہے یا مجھے کوئی بھی نقصان ہوتا ہے میں ہر درد تکلیف میں ہمیشہ خدا کے سامنے سر تسلیم خم رکھتی ہوں، میں کبھی نہیں چاہتی کہ کوئی تکلیف مجھ سے دور ہو جائے تو میں خدا کی رضا پر راضی رہتی ہوں اس کی تقدیر پر ہمیشہ شکر ادا کرتی ہوں"۔

داؤد علیہ السلام نے فرمایا کہ یہی وجہ ہے کہ خدا نے تجھے عظیم مقام عطا کیا ہے اور تیرے متعلق مجھے وحی نازل کی۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے یہ قصہ سنانے کے بعد کہا کہ یہ وہی دین ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لئے پسند کیا ہے۔[1]

۴۔ حضرت عمار جنگ صفین میں:

حضرت عمار یاسر رسول خداؐ کے عظیم القدر صحابی تھے وہ ایمان کے انتہائی اعلیٰ درجے پر فائز تھے، اُن کے متعلق رسول خداؐ نے فرمایا تھا کہ عمار سر سے لیکر پاؤں تک ایمان سے بھرا ہوا ہے اور ایمان اس کے خون اور گوشت میں مخلوط ہو چکا ہے۔

حضرت عمار، رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد ہمیشہ حضرت علیؑ کے حامی رہے یہاں تک کہ جنگ صفین شروع ہوئی، ایک دن وہ لشکر سے باہر نکلے اور دشمن کی صفوں میں مقابلے کے لئے پہنچے اور بارگاہ احدیت میں عرض کی کہ اے پروردگار! تو جانتا ہے اگر تیری رضا کے لئے تو چاہتا ہے کہ میں اپنے آپ کو سمندر کی لہروں کے سپرد کر دوں تو یہ کام بھی میں ضرور کرتا، اگر مجھے معلوم ہوتا کہ تیری رضا اس میں ہے کہ میں اپنی شمشیر کی نوک سے اپنے شکم کو پھاڑ دوں تو بھی میں ایسا ضرور کرتا، لیکن پروردگار! میں جانتا ہوں کہ آج تیری رضا اس میں مضمر ہے کہ ان فاسق لوگوں کے ساتھ جنگ کی جائے، پروردگار مجھے یہی عمل تیری خوشنودی کا عمل دکھائی دیا ہے میرے اس عمل کو قبول کرنا، پھر حضرت عمارؓ نے آواز بلند کی کہ جو بھی خداوند تعالیٰ کی خوشنودی کا خواہشمند ہو اور مال و اولاد سے محبت نہ رکھتا ہو تو وہ میرے پاس آجائے۔

آخر کار کافی دیر تک شدید جنگ کرنے کے بعد وہ شہادت کے رتبہ پر فائز ہو گئے۔

امیر المومنین علیہ السلام عمار کے جسد خاکی کے پاس پہنچے اور زمین پر بیٹھ کر آپؑ نے عمارؓ کا سر اقدس اپنی آغوش

[1] داستانها و پندها ج۳ ص ۷۳۔ بحار الانوار ۱۷۔ ۸۹۔

میں رکھا اور رو کر فرمایا: ہائے موت تجھ پر افسوس ہو معلوم ہوتا ہے تو نے میرے دوستوں کو پہچان لیا ہے اسی لئے انہیں مجھ سے جدا کر رہی ہے۔ [1]

۵۔ بہترین مخلوق:

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے خداوند تعالیٰ سے درخواست کی: "پروردگار اپنی مخلوقات میں جو تیری بہترین عبادت و بندگی کرتا ہو مجھے وہ شخص دکھا۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وحی کی اور فرمایا کہ سمندر کے کنارے اور فلاں دیہات کے قریب تمہیں وہ شخص مل جائے گا، موسیٰ علیہ السلام وہاں پر پہنچے تو اُنہیں ایک شخص دیکھائی دیا جو جذام اور برص کی بیماری میں مبتلا تھا اس کے باوجود وہ تسبیح خداوندی میں معروف تھا، موسیٰ علیہ السلام نے جبرائیل امین علیہ السلام سے پوچھا کہ میں نے جس بندے سے ملنے کی خواہش کی تھی وہ کہاں ہے، جبرائیل امینؑ نے فرمایا: جی ہاں یہ وہی شخص ہے، اب خدا نے مجھے حکم دیا کہ میں اس کی آنکھیں چھین لوں تو دیکھو کہ اب اپنی آنکھیں ضائع ہونے کے بعد کیا کہتا ہے، جبرائیل امین نے اشارہ کیا تو اس کی دونوں آنکھیں حلقوں سے باہر آگئیں اور اس کے بعد اس شخص نے کہا: پروردگار جب تک تو نے چاہا تو میں ان آنکھوں سے استفادہ کرتا رہا لیکن اب تو نے مجھ سے آنکھیں لے لیں ہیں، پروردگار تیرا احسان ہے تو نے ہر وقت مجھ سے بھلائی کی ہے اور مجھ سے اچھے تعلقات رکھے ہیں۔

موسیٰ علیہ السلام نے اس سے فرمایا کہ اے بندہ خدا میں مستجاب الدعوات ہوں اگر تو چاہے تو میں تیرے لئے دعا کروں گا اللہ تجھے تیری بینائی واپس کر دے گا۔

اس شخص نے کہا کہ مجھے آنکھوں کی ضرورت نہیں ہے اس لئے کہ جو خدا نے چاہا ہے وہی میری چاہت ہے میں خدا کی رضا پر ہر لحاظ سے راضی ہوں۔

موسیٰ علیہ السلام نے اس سے فرمایا کہ اے بندہ خدا تو ابھی کہہ رہا تھا اے بھلائی کرنے والی ذات اور احسان کرنے والی" ذات تو ان القاب سے کس کو یاد کر رہا تھا۔

اُس نے کہا کہ اس پورے علاقے میں کوئی بھی شخص ایسا نہیں ہے جو معرفت خدا رکھتا ہو، لہٰذا اس سے بڑھ کر اللہ کا مجھ پر اور کیا احسان ہوگا کہ اس نے مجھے اپنی معرفت سے نوازا ہے۔

موسیٰ علیہ السلام نے تعجب سے اُس شخص کو دیکھا اور فرمایا کہ واقعی پروردگار اس سے بڑھ کر تیری مخلوق میں کوئی عبادت گذار نہیں ہے [2]

---

[1] پیغمبر و یاران ۵۔ ۳۸۔ بحار الانوار ۸۔ ۵۲۲۔

[2] نمونہ ۵۔ ۳۔ ۷۳۔ سفینۃ البحار ۱۔ ۵۲۳۔

باب نمبر 46

ریا

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہے:

"وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ قَالُوا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ" [1]

اور اُن لوگوں کی طرح نہ ہونا جو اپنے گھروں سے اتراتے ہوئے اور لوگوں کو دکھانے کے لئے نکلتے تھے۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے:

"لا یقبل الله تعالیٰ عملا فیه مثقال ذرة من ریاء" [2]

''اللہ تعالیٰ ایسے کسی بھی عمل کو قبول نہیں کرے گا جس میں رائی کے برابر ریا شامل ہو''۔

مختصر تشریح:

ریا ایک ایسا شجر ہے جس کا ثمر شرک کے علاوہ کچھ نہیں ہے، ریا کا سرچشمہ منافقت ہے، ریا ان لوگوں کے سامنے کیا جاتا ہے جو نہ تو کسی کو زندہ کر سکتے ہیں نہ کسی کو موت دے سکتے ہیں اور نہ ہی کسی شخص کی دنیا میں پوری مدد کر سکتے ہیں، قیامت کے دن جب حساب و کتاب ہوگا تو اللہ تعالیٰ ریاکار سے فرمائے گا کہ تو اپنا ثواب اُن لوگوں سے جا کر طلب کر جن کو دکھانے کے لئے تو نے انہیں میرے ساتھ شریک کیا تھا اور جن کے لئے تو اعمال خیر بجالاتا تھا۔

عام طور پر ریا کا تعلق نشست و برخاست اور عادات کے ساتھ ہوتا ہے اس لئے انسان کو چاہیے کہ وہ ہر وقت اللہ تعالیٰ کی طرف اپنی توجہ مبذول رکھے تاکہ اس شیطانی صفت سے اپنے باطن کو پاک کر سکے۔

۱۔ سمعان:

ابراہیم بن ادہم کا بیان ہے کہ میں نے معرفت کو ایک راہب سے حاصل کیا جس کا نام سمعان تھا ایک دن میں اس کے گرجا

---

[1] سورہ انفال آیت ۴۷۔

[2]

میں گیا اور پوچھا کتنا عرصہ ہوا ہے تم اس گرجا میں مقیم ہو؟۔

اس نے جواب دیا کہ مجھے ستر برس ہو گئے میں نے اس سے پوچھا کہ تم اتنے عرصے میں کونسی غذا کھاتے رہے ہو؟ اس نے کہا کہ تم مجھ سے ایسے سوال کیوں پوچھ رہے ہو، میں نے کہا کہ میں ویسے ہی جاننا چاہتا ہوں۔

راہب نے کہا کہ میں روزانہ صندق کا ایک دانہ کھاتا ہوں جو میرے لئے کافی ہو جاتا ہے، میں نے کہا بندہ خدا کیا ایک دانہ تیرے لیے کافی ہو جاتا ہے؟

اس نے کہا جی ہاں جناب سنیں میرے پیروکاروں نے سال میں ایک دن مقرر کیا ہوا ہے وہ آتے ہیں اور میرے گرجا کو آرائش وزیبائش سے آراستہ کرتے ہیں اور آ کر میرا احترام کرتے ہیں، میرے صومعہ میں آ کر طواف کر کے چلے جاتے ہیں، جب میرا نفس، تنہائی، بیماری اور بھوک سے بیزار ہو جاتا ہے تو میں اس دن کی عزت افزائی کو یاد کرتا ہوں جو لوگ میری کیا کرتے ہیں اس کی وجہ سے پھر میں اپنے نفس پر قابو پالیتا ہوں اور میں پھر پورے سال تک روزانہ صرف ایک دانہ کھا کر گزارا کرتا ہوں۔ [1]

۲۔ ملا عبداللہ شوستری (متوفی ۱۰۲۱)

ایک دن جناب عبداللہ شوستری شیخ بہائی کی ملاقات کے لئے ان کے گھر گئے اور کچھ دیر شیخ بہائی کے ہاں بیٹھے رہے اسی اثنا میں اذان ہو گئی، شیخ بہائی نے عبداللہ شوشتری سے امامت نماز کی درخواست کی اور شوق ظاہر کیا کہ وہ ان کی اقتداء میں نماز پڑھنا چاہتے ہیں۔

عبداللہ شوستری نے کچھ دیر غور وفکر کیا اور امامت سے معذوری کا اظہار کر کے اپنے گھر واپس آ گئے کسی نے اُن سے دریافت کیا تھا کہ آپ نے اس دن شیخ بہائی کی درخواست کو قبول کیوں نہیں کیا تھا؟

توانہوں نے جواب میں کہا کہ جب شیخ بہائی نے مجھے امامت نماز کا حکم دیا تو میں نے اپنے نفس میں ایک قسم کا تغیر پایا اور مجھ میں ایک طرح کی خود پسندی پیدا ہونے لگی کہ شیخ بہائی جیسے بزرگ میری اقتداء میں نماز پڑھنے کو اپنے لئے باعث افتخار سمجھتے ہیں، چنانچہ میں اس خود پسندی اور ریا کے ڈر سے اپنے گھر واپس گیا۔ [2]

۳۔ سفیان ثوری کا ریا:

ایک دفعہ سفیان ثوری مسجد الحرام میں سے گزر رہا تھا تو اس نے دیکھا کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے بہت قیمتی لباس زیب تن کیا ہوا تھا، سفیان کہنے لگا واللہ میں اُن کے پاس جا کر اُن کو نصیحت کروں گا، وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا: یا ابن

---

[1] شنید۔ تماری تاریخ ص ۶۲ ۳، محجۃ البیضاء ۶۔ ۲۰۷۔

[2] سیمای فرزانگان ص ۷ ۱۴، بیدادگران اقالیم قبلہ ص ۱۲۔

رسول اللہ! خدا کی قسم جو لباس آپؑ نے پہنا ہوا ہے وہ لباس نہ تو رسول خدا کا لباس ہے اور نہ ہی آپ کے جد امجد حضرت علیؑ کا ہے۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: سنو! پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دور میں اسلامی معاشرے پر غربت و تنگ دستی چھائی ہوئی تھی اور اس وقت الحمد اللہ دنیا مسلمانوں پر مہربان ہو چکی ہے اور مسلمانوں کے پاس بہت سی دولت آچکی ہے اور اس دولت پر سب سے زیادہ حق اہل ایمان لوگوں کا ہے، اس کے بعد آپ نے یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی:

-قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ۔ [1]

''اے پیامبرؐ'' کہہ دو کہ کس نے اُن زینتوں کو حرام کیا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لئے حلال کی ہیں''۔

اللہ کی نعمتوں کے استفادہ کے لئے ہم سب سے زیادہ اہل لوگ ہیں، آپ نے فرمایا تو جس لباس کو دیکھ کر میرے اوپر اعتراض کر رہا ہے یہ لباس میں نے لوگوں کو دکھانے اور اپنی آبرو محفوظ رکھنے کے لئے پہنا ہوا ہے، پھر آپ نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنے لباس کے اندر لے گئے تو اس نے محسوس کیا کہ اندرونی طور پر ٹاٹ کا لباس پہنا ہوا تھا، پھر اس کے بعد آپ نے فرمایا، میں نے لوگوں کو دکھانے کے لئے یہ اوپر والا لباس پہنا ہوا ہے اور اپنے نفس کے لئے میں نے موٹا جھوٹا لباس پہنا ہوا ہے''۔

پھر آپ نے سفیان ثوری کے اوپر [illegible] نے اندر ریشمی لباس پہنا ہوا تھا۔

آپ نے فرمایا: ''تم نے لوگوں کو دکھانے کے لئے [illegible] لباس پہن رکھا ہے جب کہ اپنے نفس کو راضی رکھنے کے لئے تم نے ریشم کا لباس پہنا ہوا ہے''۔ [2]

۴۔ دکھاوے کی عبادت:

ایک شخص کو ریا کاری کی عادت تھی، وہ اپنی تمام تر عبادت لوگوں کو دکھانے کے لئے کیا کرتا تھا، ایک دفعہ اس نے اپنے دل میں سوچا کہ پوری زندگی تو میں نے ریا کاری کی عبادت کی ہے، ایک رات ریا سے مبرا ہو کر بھی عبادت کر لوں، اس نے دل میں فیصلہ کیا کہ فلاں محلہ میں ایک ویران سی مسجد ہے آج رات میں وہاں جا کر نماز پڑھوں گا، جیسے ہی لوگوں کی آمد و رفت موقوف ہوئی وہ اس مسجد میں چلا گیا اور وہاں خلوت میں جا کر نمازیں پڑھنے لگا۔

اس اثنا میں اس نے مسجد کے دروازے کھلنے کی صدا سنی تو جذبہ ریا سے سرشار ہوا اور دل میں کہا چلو اچھا ہوا اس محلہ والے میری نمازوں سے واقف نہ تھے کوئی نہ کوئی تو اس مسجد میں آہی گیا جو میری نمازیں دیکھے گا اور لوگوں کو میرے زہد و تقویٰ کی اطلاع دے گا۔

---

[1] سورہ اعراف ۳۲

[2] بار مردم ابگونہ برخورد کنیم، ص ۱۲۹، بحار الانوار، ۷۰۔ ۳۔ ۳۶۰۔

چنانچہ اس نے وہ پوری رات عبادت میں صرف کردی، جیسے ہی صبح ہوئی اور روشنی پھیلی تو اس نے دیکھا کہ مسجد کے ایک کونے میں سیاہ رنگ کا کتا سویا ہوا ہے جو کہ رات کی بارش سے بھاگ کر اس ویران مسجد میں چلا آیا تھا، یہ دیکھ کر وہ انتہائی غمگین ہوا اور اپنے چہرہ پر تھپڑ مارے اور اپنے آپ سے کہنے لگا میں کتنا بدنصیب ہوں کہ میں ساری رات ایک کتے کے لئے عبادت کرتا رہا، اس سے پہلے میں اپنے جیسے انسانوں کو اپنی عبادت میں شریک کرتا تھا اور آج رات میں نے سیاہ کتے کو اپنی عبادت میں شریک کیا ہے۔ [1]

۵۔ ریاکار عابد:

بنی اسرائیل میں ایک عابد ہوا کرتا تھا، جس نے سالہا سال خداوند کریم کی عبادت کی تھی، ایک مرتبہ اس نے اللہ تعالیٰ سے درخواست کی کہ اسے اس کا مقام دکھایا جائے اگر میرے عمل مقبول ہوں گے تو پھر میں اور زیادہ محنت سے نیک عمل بجالاؤں گا، اور اگر وہ تیری رضا کے مطابق نہ ہوئے تو مزید عبادت وزہد کے ذریعے ان کی تلافی کروں گا۔

خواب میں اسے یہ جواب سنائی دیا اللہ کے نزدیک تیرا کوئی نیک عمل موجود نہیں ہے، کیونکہ تو نے جب بھی کوئی نیک کام کیا تو لوگوں کو اس سے آگاہ کیا اور تیری جزا بس یہی ہے کہ لوگوں نے تیرے اعمال کی تعریف کردی۔

عابد کو اپنی کوتاہی پر شرمندگی ہوئی چند دن بعد اسے خواب میں بتایا گیا کہ اپنی جان کو دوزخ سے بچانا چاہتے ہو تو اپنے جسم کی تمام رگوں کی مقدار میں روزانہ صدقہ دو، اس نے عرض کی خدایا! تو بہتر جانتا ہے کہ میں ایک مفلس انسان ہوں، میرے پاس اتنی دولت نہیں ہے کہ اپنی رگوں کی مقدار میں روزانہ صدقہ کرسکوں، اسے جواب سنائی دیا کہ ہم کسی کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے، تم روزانہ تین سو ساٹھ مرتبہ "سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ" پڑھا کرو، ہر کلمہ تمہاری ہر رگ کا صدقہ شمار ہوگا، عابد یہ سن کر بہت خوش ہوا، اور کہا خدایا مجھے اس سے زیادہ پڑھنے کا حکم دیا ہوتا تو آواز آئی اس مقدار سے بڑھ کر جتنا بھی پڑھو گے تمہارے اجر میں اضافہ ہوگا۔ [2]

---

[1] داستانھا و پندھا ۹۔ ۱۷۳۔ منتخب قوامیس الدرر ص ۱۳۴۔

[2] پند تاریخ ۱۔ ۳۵۔ بحار الانوار ۱۸۔ ۵۲۳۔

باب نمبر 47

زنا

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

-اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ۔[1]

زنا کار عورت اور زنا کار مرد میں سے ہر ایک کو سو کوڑے مارو۔

پیامبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:

-اذا ظهر الزنا من بعدی کثر موت الفجأة۔[2]

ترجمہ: جب میرے بعد زنا عام ہو جائے تو ناگہانی اموات بڑھ جائیں گے۔

مختصر تشریح:

گناہان کبیرہ میں سے ایک گناہ زنا ہے انسان غلبہ شہوت کی وجہ سے اور خدا پر ایمان نہ رکھنے کی وجہ سے لوگوں کی ناموس کو تباہ و برباد کرتا ہے۔

زنا کی وجہ سے رزق میں کمی واقع ہو جاتی ہے، زنا کار کی زندگی مختصر ہو جاتی ہے قیامت کے دن زنا کار کا سخت حساب ہوگا اور اسے اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا سامنا کرنا ہوگا۔

حضرت یحییٰ علیہ السلام اور حضرت امام حسین اور دیگر اولیائے اللہ کے جتنے بھی قاتل تھے سب کے سب زنا زادے تھے، یہ دعوت شیطان کا ثمر ہے جو مرد اور عورت کو اس گناہ کی طرف مائل کرتا ہے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے حواریین سے فرمایا: "جناب موسیٰ علیہ السلام نے اپنی امت سے کہا کہ زنا نہ کرنا اچھی طرح سن لو میں یہ کہتا ہوں کہ زنا کا تصور تک بھی نہ کرنا"۔

ا۔ پانچ زانی اور اُن کی مختلف سزا:

پانچ افراد کو حضرت عمرؓ کے سامنے پیش کیا گیا جن پر زنا کا جرم ثابت ہو چکا تھا، حضرت عمرؓ نے حکم دیا کہ ان سب پر حد شرعی

[1] سورہ نور آیت نمبر ۲۔

[2] تفسیر معین ص ۳۴۳۔

جاری کی جائے، اتفاق سے وہاں پر حضرت امیر المومنین علیہ السلام بھی موجود تھے، آپؑ نے فرمایا کہ عمرؓ آپ نے جو فیصلہ کیا ہے حکم خدا ایسا نہیں ہے، حضرت عمرؓ نے کہا کہ آپؑ ان کا فیصلہ کریں اور ان پر حد شرعی جاری کریں۔

اُن میں سے ایک زانی کو آپ نے بلوایا اور جلاد کو حکم دیا کہ اس کا سر قلم کر دیا جائے، دوسرے زانی کو بلا کر سنگسار کروا دیا، تیسرے زانی کو اسی کوڑے مارنے کی سزا دی، چوتھے زانی کو آپ نے حکم دیا کہ اسے چالیس کوڑے ماریں جائیں اور پانچویں زانی کو آپ نے چند کوڑے مارنے کا حکم دیا۔

حضرت عمرؓ اور دوسرے لوگوں نے آپ کے اس فیصلے پر تعجب کیا اور حضرت عمرؓ نے کہا کہ ابوالحسنؑ پانچ لوگوں کا جرم تو ایک تھا لیکن آپؑ نے اُنکی سزائیں مختلف کیوں دیں؟

امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: سنو پہلا شخص ذمی تھا اس نے ایک مسلمان عورت سے گناہ کیا جس کی وجہ سے اس کا ذمہ ختم ہو گیا اس کی سزا تلوار کے علاوہ اور کچھ نہیں بنتی تھی۔

دوسرا شخص شادی شدہ تھا لیکن اس کے باوجود اُس نے زنا کیا اس کی سزا یہ بنتی تھی کہ اسے سنگسار کر دیا جائے، تیسرا شخص کنوارہ تھا اس کی سزا اسی کوڑے بنتی تھی، چوتھا شخص جو کہ کسی کا غلام تھا اس کی سزا چالیس کوڑے بنتی تھی اور پانچواں شخص کم عقل تھا اس لئے ہم نے اس پر تعزیز نافذ کی اُسے صرف چند کوڑے مروائے، جب حضرت عمرؓ نے یہ فیصلہ سنا تو کہنے لگے خدا کرے میں اس دن زندہ ہی نہ رہوں جب ہمارے درمیان علی نہ ہوں۔ [1]

۲۔ خوابوں کی تعبیر:

ابن سیرین ایک انتہائی خوبصورت جوان تھے اور بازار میں اُن کی کپڑے کی دوکان تھی، ایک عورت اُن پر فریفتہ ہو گئی، اس سے کچھ کپڑے خریدے اور کہا کہ ان کی رقم وہ اپنے گھر میں دے گی اس کے لئے تم میرے گھر آ جانا۔

ابن سیرین اس کے گھر میں چلے گئے اور عورت نے گھر کو تالا لگا دیا اور اس سے بدکاری کی درخواست تھی، ابن سیرین نے کہا: "میں خدا کی پناہ چاہتا ہوں" انہوں نے زنا کے متعلق بہت سے احادیث بھی اُس عورت کے سامنے بیان کیں لیکن عورت اس کی باتوں سے متاثر نہ ہوئی ابن سیرین سوچنے لگے کہ ایسا کیا کیا جائے جس سے گناہ سے بچ جائے، انہوں نے عورت سے کہا تو ٹھیک ہے میں تمہارا کہنا مانتا ہوں لیکن آپ مجھے اجازت دیں کہ میں بیت الخلا جا کر اپنے آپ کو فارغ کر لوں، عورت نے اُن کی یہ بات قبول کر لی، وہ بیت الخلا گئے وہاں پر جتنی بھی گندگی تھی اس نے اٹھا کر اپنے چہرے اور کپڑوں پر لگا کر وہ عورت کے پاس آ گئے جب عورت نے اُس کی یہ حالت دیکھی تو اسے سخت غصہ آیا اور اس نے اسے اپنے گھر سے باہر نکال دیا، ابن سیرین اپنے آپ کو غلاظت سے تھوڑی دیر کے لئے آلودہ ضرور کیا تھا لیکن اس طرح سے وہ بہت بڑی برائی سے بچ گئے، اللہ تعالیٰ نے اُن کے اس نیک عمل کی وجہ سے تعبیر

---

[1] اقتداء تہای مجیر العقول ص ۵۴۔ داستانھای زندگی علی ص ۱۳۵۔

خواب کا علم عطا کیا تھا۔ [1]

۳۔ حضرت یحییٰ کا قاتل زنازادہ تھا:

حضرت یحییٰ علیہ السلام کے زمانے میں ایک بادشاہ تھا جس کا نام "ہیرودیاس" تھا وہ حضرت یحییٰ سے محبت بھی رکھتا تھا اور اُن کو ایک عادل انسان مانتا تھا، اس وجہ سے وہ اُن کا خصوصی خیال رکھتا تھا۔

اتفاق یہ ہے کہ بادشاہ غلط کاری پر اتر آیا تھا اور اس نے ایک زانیہ عورت سے تعلقات قائم کر لئے تھے جب وہ عورت بوڑھی ہوگئی تو اس نے اپنی بیٹی کو آرائش وزیبائش سے آراستہ کر کے لے آئی تاکہ بادشاہ اس پر عاشق ہو جائے اور اس سے شادی کر لے، اُس نے حضرت یحییٰ علیہ السلام سے شادی کے متعلق سوال کیا تو آپؑ نے دین مسیحا کے تحت جواب دیا کہ یہ نکاح نہیں ہوسکتا، جس کی وجہ سے اُس عورت کے دل میں حضرت یحییٰ کا کینہ گھر کر گیا۔

ایک دفعہ بادشاہ شراب میں مدہوش تھا وہ لڑکی آرائش وزیبائش کر کے بادشاہ کے پاس آئی، بادشاہ نے اس سے زنا کرنا چاہا تو اس عورت نے کہا اس کے لئے میری ایک شرط یہی ہے کہ آپ یحییٰ کا سر میرے سامنے پیش کریں، بادشاہ نے اس کی شرط قبول کر لی اور حکم دیا کہ حضرت یحییٰ کو قتل کر کے میرے سامنے اُن کا سر لایا جائے، بادشاہ کے سپاہیوں نے حضرت یحییٰ علیہ السلام کو قتل کر دیا۔

بعض روایات میں ہے کہ بادشاہ اپنی بھانجی یا بھتیجی سے شادی کرنا چاہتا تھا، حضرت یحییٰ علیہ السلام نے اُسے اس سے منع کیا تھا جس کی وجہ سے اس لڑکی نے بادشاہ سے حضرت یحییٰ علیہ السلام کے قتل کی درخواست کی تھی۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ یحییٰ علیہ السلام کا قاتل زنازادہ تھا، اسی طرح سے امام علیؑ اور حضرت امام حسینؑ کے قاتل زنازادے تھے، جب حضرت یحییٰ علیہ السلام شہید ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے بخت نصر یا کردوس نام کے بابل کے بادشاہ کو بیت المقدس پر مسلط کر دیا، اس نے ستر ہزار افراد کو بیت المقدس میں قتل کیا تب جا کر حضرت یحییٰؑ کے خون کا جوش ختم ہوا۔ [2]

۴۔ وہ جسے مرتے وقت کلمہ نصیب نہ ہوا:

ایک بدکار شخص پر حالت احتضار طاری ہوئی اس کے دوست اسے لا الہ الا اللہ پڑھنے کی تلقین کرتے تو وہ کلمہ طیبہ پڑھنے کے بجائے شعر پڑھتا۔

یا رب قائله یوما وقد تعبت
این السبیل إلی حمام منجاب

---

[1] سفینۃ البحار، ۱، ۶۷۸۔

[2] تاریخ انبیاء ۲۔ ۲۸۳۔

وہ کہاں گئی جو ایک دن تھک کر پوچھ رہی تھی کہ منجاب کا حمام کہاں ہے؟

آخرکار وہ مر گیا مرتے وقت بھی اُسے کلمہ طیبہ نصیب نہ ہوا اور وہ یہی شعر پڑھتے پڑھتے دنیا سے رخصت ہو گیا۔

یہ شعر اس کا اپنا کہا ہوا تھا اور اس کا پس منظر یہ تھا کہ ایک دن ایک عورت حمام جا کر نہانا چاہتی تھی اور اس شہر میں ایک ہی زنانہ حمام تھا جو کہ منجاب نامی شخص کی ملکیت تھا اس لئے اس حمام کو حمام منجاب کے نام سے یاد کیا جاتا تھا۔

عورت گھر سے نکلی تو حمام کا راستہ بھول گئی رہ چلتے چلتے آخر تھک گئی اور اس بدکار شخص کے دروازے پر دستک دی، یہ باہر نکلا تو عورت نے پوچھا کہ منجاب کا حمام کہاں ہے عورت کو دیکھ کر اس کی نیت بدل گئی اور کہا کہ یہی منجاب کا حمام ہے۔

عورت اس کے گھر کو حمام سمجھ کر اندر داخل ہوئی تو اس نے اندر سے کنڈی لگا دی اور اپنی مطلب براری کی درخواست کی۔

عورت بڑی دانا تھی اس نے سمجھ لیا کہ اس کے ہاتھ سے نکلنا بڑا مشکل ہے اس لئے عورت نے کہا کہ دراصل مجھے منجاب کے حرم جانا ہی نہیں تھا، میں تو تمہارے لئے ہی آئی ہوں لیکن تم مجھے عطر اور خوشبو لا کر دو تا کہ میں اپنے آپ کو معطر کر سکوں، عورت کی چکنی چپڑی باتیں سن کر وہ عطر لینے کے لئے بازار چلا گیا اور عورت نے موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے وہاں سے روانگی اختیار کی، جب یہ شخص گھر میں آیا تو عورت جا چکی تھی اس نے اپنی حسرت ناتمام کے لئے شعر کہا تھا چنانچہ مرتے وقت بھی یہی حسرت اس کے دل و دماغ پر چھائی رہی اور کلمہ طیبہ کی بجائے وہ یہ شعر ہی پڑھتا ہوا دنیا سے رخصت ہوا۔[1]

۵۔ پیغمبرؐ اور ایک بے باک جوان:

ایک جوان پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور بڑے گستاخانہ لہجے میں آپؐ سے کہا: ''یا رسول اللہ کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں کہ میں زنا کروں؟ جب اُس جوان نے یہ بات کہی تو ہر طرف سے آوازیں آنے لگیں اور لوگ اس پر اعتراض کرنے لگے، لیکن پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس جوان سے کہا: ''میرے قریب آجاؤ'' وہ شخص آنحضرتؐ کے قریب گیا اور آپؐ کے پہلو میں بیٹھ گیا، رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے فرمایا: ''اچھا یہ بتاؤ کیا تم یہ پسند کرو گے کہ کوئی شخص تمہاری ماں کے ساتھ بدکاری کرے؟''

جوان نے کہا: ''میں آپؐ پر قربان جاؤں میں یہ کبھی بھی پسند نہیں کروں گا''۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس طرح سے تم پسند نہیں کرتے کہ کوئی تمہاری ماں سے بدکاری کرے تو اسی طرح سے دوسرے لوگ بھی یہ پسند نہیں کرتے کہ کوئی اُن کی ماں کے ساتھ بدکاری کرے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اچھا یہ بتاؤ کہ کیا تم یہ پسند کرو گے کہ تمہاری جوان بیٹی ہو اور کوئی اس کے ساتھ بدکاری کرے، تو اس نے کہا ہرگز نہیں میں کبھی بھی یہ پسند نہیں کرونگا، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس طریقے سے تمہیں یہ

---

[1] عالم برزخ ص ۱۴۰، بحکول شیخ بہائی ۱۔ ۲۳۲۔

چنند نہیں کہ کوئی تمہاری بیٹی کے ساتھ بدکاری کرے تو اسی طرح سے دوسرے لوگ بھی یہ پسند نہیں کرتے، پھر آپؐ نے اس سے پوچھا: "اچھا یہ بتاؤ کہ تمہیں یہ بات پسند ہوگی کہ کوئی شخص تمہاری بہن کے ساتھ زنا کرے تو اس نے کہا کہ ہرگز نہیں، اپنے سوال پر پشیمان ہوگیا، پھر پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس جوان کے سینہ پر اپنا ہاتھ رکھا اس کے حق میں دعا کی اور فرمایا: پروردگار اس کے دل کو پاک کر، اس کے گناہوں کو معاف کر، اس کے دامن کو بے عفتی کی آلودگی سے پاک رکھ، اس کے بعد اس جوان کی کایا ہی پلٹ گئی، اس کی نگاہوں میں سب سے بدترین کام ہی زنا تھا۔ [1]

[1] داستانھا وپندھا ج ۳ ص ۷ ۱۳ تفسیر المنار ذیل آیت ۱۰۴ آل عمران۔

باب نمبر 48

سخاوت

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہے:

"فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ﴿۵﴾ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ﴿۶﴾ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ﴿۷﴾". [1]

"پس جس نے راہ خدا میں مال دیا اور تقوی اختیار کیا اور اچھی بات کی تصدیق کی پس ہم اسے جلد ہی آسانی کے اسباب فراہم کریں گے"۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد پاک ہے:

"لا یصلح لدینکم الا السخا و حسن الخلق"۔ [2]

"تمہارے دین سے سخاوت اور حسن خلق ہی مشابہت رکھتی ہے"۔

مختصر تشریح:

سخاوت انبیاء کا کردار ہے، سخاوت دین کا ستون ہے اور سخاوت یقین کی شعاع ہے، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اولیائے اللہ فطری طور پر سخی ہوتے ہیں، مومن کو چاہیے کہ اس فضیلت میں اُن کی مشابہت اختیار کرے، بلند ہمتی کے ساتھ بخشش کرے، اللہ کے راستے میں مساکین، غریب، رشتہ داروں اور مستحقین کی مدد کرے۔

بہتر یہ ہے کہ سخاوت ایسی چیز سے کی جائے جو انسان کو زیادہ پیاری ہو مثلاً اچھی خوراک، اچھا لباس کسی کو پہنا دے، سخاوت کے بعد پھر انسان کسی پر بھی اپنا احسان نہ جتلائے، سخی شخص کو چاہیے کہ اپنے آپ کو ایک امین شخص کے طور پر تصور کرے، جس طریقے سے امین امانت واپس کرنے کے بعد اپنا احسان نہیں جتاتا اسی طرح سے سخی شخص کو بھی چاہیے کہ کسی پر سخاوت کرکے اس پر احسان نہ جتلائے۔

ہر انسان کو یہ سوچنا چاہیے کہ وہ اپنی زندگی ہی میں اپنے مال سے راہ خدا میں سخاوت کرے بجائے اس کے مرنے کے بعد

[1] سورۃ الیل، آیت نمبر ۷،۵۔

[2] جامع السعادات: ۱، ۳۰۸۔

اس کے ورثا اس کے مال میں سے راہ خدا میں خرچ کریں گے بھی یا نہیں۔

اگر وہ اس مال میں سے خرچ کریں بھی سہی تو اس کا ثواب اُن کو ملے گا نہ کہ صاحب دولت کو۔

۱۔ میں امام زمانہ (عج) کو کیا جواب دوں گا:

شیخ زین العابدین مازندرانی صاحب جو ایک سخی شخص تھے اور شیخ مرتضیٰ انصاری کے شاگرد تھے کربلا میں وہ رہائش پذیر تھے اور اُن کا شمار اعلیٰ درجے کے اسخیاء میں ہوتا تھا، جب کسی کو دینے کے لئے اُن کے پاس کچھ بھی نہ ہوتا تو وہ قرض لے کر بھی سائلوں کی مدد کر دیا کرتے تھے۔

کچھ ہندوستانی زائرین ایسے بھی تھے جن کی شیخ زین العابدین مازندارنی نے امداد کی تھی تو کچھ عرصے بعد انہوں نے واپس آ کر اُن کا قرض اُن کو واپس دیا تھا۔

ایک دفعہ ایک غریب آدمی اُن کے دروازے پر گیا اور شیخ صاحب سے مدد کی درخواست کی، اس وقت شیخ صاحب کے پاس کچھ بھی نہ تھا تو انہوں نے مالک مکان کا اپنے گھر میں رکھا ہوا تانبے کا بنا ہوا کٹورہ اٹھا کر اس سائل کو دیا اور کہا کہ اسے بازار میں جا کر فروخت کر دو اور وہ رقم اپنے پاس رکھ لو، کچھ عرصے بعد جب مالک مکان نے دیکھا کہ اس کا تانبے کا کٹورہ نظر نہیں آ رہا تو اس نے چیخنا چلانا شروع کر دیا کہ میرا کٹورہ چوری ہو گیا، اور اس وقت شیخ زین العابدین اپنے کتب خانے میں موجود تھے تو انہوں نے جیسے ہی مالک مکان کی آواز سنی تو اُسے آواز دے کر کہا کہ تیرا کٹورہ میرے پاس ہے۔

ایک دفعہ وہ میرزا شیرازی کے ساتھ کربلا سے سامرا جا رہے تھے کہ راستے میں وہ شدید بیمار ہوئے اور میرزا شیرازی نے اس کی عیادت کرتے ہوئے اسے تسلی دی، شیخ نے میرزا شیرازی سے کہا کہ مجھے موت سے اتنا خوف نہیں ہے، ہم شیعوں کا عقیدہ یہ ہے کہ جب میں جاؤں گا تو میری روح کو امام زمانہ کے حضور پیش کیا جائے گا، اگر میرے امام نے مجھ سے یہ پوچھ لیا کہ ہم نے تو تجھے بہت زیادہ آبرو عطا کی تھی اور تو اس آبرو کی وجہ سے لوگوں سے زیادہ سے زیادہ قرض لے کر غریبوں کی مدد کر سکتا تھا، لیکن تو نے ایسا کیوں نہ کیا؟ لہٰذا میں اس لئے پریشان ہوں کہ میں اپنے امام زمانہ کو کیا جواب دوں گا؟

لوگ روایت کرتے ہیں کہ جیسے ہی میرزا شیرازی نے اُن کے یہ الفاظ سنے تو فوراً گھر جا کر جتنا بھی اُن کے پاس وجوہات شرعی کا مال جمع تھا، سب کا سب راہ خدا میں غربا میں تقسیم کر دیا۔[1]

۲۔ حاتم سے بڑا سخی:

کسی نے حاتم طائی سے پوچھا کہ کیا تو نے اپنے سے بڑا سخی بھی دیکھا ہے؟ حاتم نے کہا کہ جی ہاں، لوگوں نے پوچھا کہ

[1]

کہاں دیکھا؟ اس نے جواب میں کہا "ایک دفعہ میں بیابان میں گیا اور صحرا میں مجھے ایک خیمہ دکھائی دیا، میں اس خیمہ میں گیا وہاں پر ایک بوڑھی عورت بیٹھی ہوئی تھی اور خیمے کے پیچھے ایک چھوٹا سا بکرا باندھا ہوا تھا، بوڑھی عورت میرے پاس آئی اس نے میرے گھوڑے کی لگام پکڑی اور میں نیچے اترا، اس کا بیٹا آ گیا اس نے بڑی گرمجوشی سے میرا استقبال کیا اس بڑھیا نے اپنے بیٹے سے کہا کہ بیٹا اٹھو اپنے مہمان کے لئے کچھ کھانے پینے کا انتظام کرو اور اس بکرے کو ذبح کرو۔

بیٹے نے کہا اس کے ذبح کرنے سے پہلے مجھے اجازت دیں کہ میں اس کے لئے کچھ ایندھن جمع کرلوں، ماں نے کہا جب تک تو صحرا جائے گا اور ایندھن لائے گا تو دیر ہو جائے گی، ہمارا مہمان اس وقت تک بھوکا رہے گا، یہ بات جوان مردی کے خلاف ہے اس گھر میں دو نیزے رکھے ہوئے تھے اُن نیزوں کے پیچھے جو لکڑی تھی اس کو کاٹ ڈالا اور بکرے کو ذبح کیا اور اس کا گوشت پکا کر میرے سامنے لایا گیا۔

جب میں نے اُن کے حالات دریافت کئے تو مجھے معلوم ہوا کہ اُن کا کل سرمایہ وہ بکرا تھا جس کو ذبح کر کے انہوں نے میری مہمان نوازی کی، میں نے اس بڑھیا سے کہا کہ کیا مجھے جانتی ہو؟ اس نے کہا میں نہیں جانتی، میں نے کہا کہ میں حاتم طائی ہوں، کسی روز آپ میرے قبیلے میں آؤ تو میں تجھے کچھ نہ کچھ ہدیہ کروں گا، اس بڑھیا نے کہا کہ ہم اپنے مہمانوں سے کوئی جزا حاصل نہیں کرتے اور ہم کھانا نہیں بیچا کرتے، اس بڑھیا نے میری دعوت کو قبول نہ کیا تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ وہ خاندان مجھ سے بھی بڑا سخی ہے۔ [1]

۳۔ پروردگار سخاوت کو پسند کرتا ہے:

یمن سے چند افراد جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور اُن میں ایک شخص بڑا منہ پھٹ تھا اور وہ حضور اکرمؐ سے لایعنی بحث کرنے لگا اور اس کی یاوہ گوئی اتنی بڑھی کہ رسالت مآب کو غصہ آیا اور ناراضگی کے آثار آپ کی پیشانی پر ظاہر ہونے لگے اور آپ کا چہرہ مبارک سرخ ہو گیا، آپؐ نے سر جھکا کر زمین کی جانب دیکھنا شروع کر دیا، اسی اثناء میں جبرائیل امینؑ نازل ہوئے اور عرض کی: یارسول اللہ آپ کا پروردگار آپ کو سلام و درود کہتا ہے اور فرماتا ہے: "**ھذا رجل سخی یطعم الطعام**" "یہ سخی شخص ہے یہ لوگوں کو کھانا کھلاتا ہے"۔

یہ پیغام سنتے ہی پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غصہ ختم ہو گیا اور آپؐ نے فرمایا: "اگر تیرے متعلق مجھے اللہ یہ نہ بتاتا کہ تو سخی ہے اور لوگوں کو کھانا کھلاتا ہے تو میں تجھے نشان عبرت بنا دیتا"۔

یہ سن کر اس نے کہا: "کیا تمہارا پروردگار سخاوت کو پسند کرتا ہے"

آپؐ نے فرمایا: "جی ہاں"۔

تو اس نے بے ساختہ کہا: "**اشھد ان لا الہ الا اللہ واشھد ان محمد رسول اللہ**" "میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ

---

[1] جوامع الحکایات، ص ۲۱۳۔

کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمد اللہ کے رسول ہیں"۔

میرے اور آپ کے پروردگار نے سچ فرمایا ہے میں نے آج تک کسی کو اپنے مال و دولت سے مایوس نہیں کیا۔[1]

۴۔ تین سو اشرفی:

ابن عباس روایت کرتے ہیں ایک دفعہ کہیں سے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں تین سو اشرفیاں ہدیہ کے طور پر موصول ہوئیں اور پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ تین سو اشرفیاں حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام کو عنایت کیں۔

جب حضرت علی علیہ السلام کو وہ اشرفیاں ملیں تو حضرت علی علیہ السلام نے کہا کہ خدا کی قسم میں انہیں راہ خدا میں خرچ کروں گا اور اللہ اسے قبول فرمائے گا۔

پھر ایک شب آپؑ نماز عشاء سے فارغ ہونے کے بعد ایک سو اشرفیاں اٹھا کر مسجد سے باہر آئے اور وہ ایک سو اشرفیاں ایک عورت کو صدقہ کے طور پر عطا کر دیں۔

جب صبح ہوئی تو لوگوں نے کہا رات امیر المومنین علیؑ نے عجیب کام کیا ایک سو اشرفیاں ایک بدکار عورت کو صدقہ کر دیں، اس پر حضرت علی پریشان ہوئے اور اپنے آپ سے کہنے لگے آج رات میں صدقہ ضرور کسی ضرورت مند کو دوں گا۔

دوسری شب حضرت علیؑ نماز عشاء سے فارغ ہونے کے بعد ایک سو اشرفی اٹھا کر مسجد سے باہر آئے اور باہر کھڑے ہوئے شخص کو وہ ایک سو اشرفی صدقہ میں دے دی۔

جب صبح ہوئی تو لوگوں نے کہا عجیب بات ہے آج علیؑ نے جس شخص کو ایک سو اشرفی عطا کی ہے وہ پیشہ ور چور تھا۔

پھر تیسری رات علیؑ نے کہا خدا کی قسم آج میں ہر صورت اس کو ایک سو اشرفی صدقہ دوں گا جسے خداوند عالم قبول فرمائے گا، نماز عشاء سے فارغ ہونے کے بعد ایک سو اشرفی اٹھا کر حضرت علیؑ نے باہر کھڑے ہوئے شخص کو دی۔

جب صبح ہوئی تو اہل مدینہ نے یہ کہا کہ عجیب بات ہے آج علیؑ نے ایک دولت مند شخص کو ایک سو اشرفی صدقہ میں دی ہے۔

حضرت علی علیہ السلام، رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہیں اپنی پریشانی سے آگاہ کیا تو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علی علیہ السلام مجھے جبرائیل نے خبر دی ہے کہ اللہ نے آپؑ کے صدقات کو قبول کیا ہے اور اللہ نے آپ کے عمل کو پاکیزگی عطا کی ہے، سو اشرفی جب آپؑ نے پہلی رات ایک بدکار عورت کو دی تھی تو وہ اپنے گھر گئی اور اس نے بدکاری سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے توبہ کر لی ہے، اب بھی اس کے پاس وہ سو اشرفی موجود ہے اب وہ کسی سے نکاح کی خواہشمند ہے، دوسری رات جو آپؑ نے سو اشرفی ایک شخص کو دی تھی وہ واقعی ایک چور تھا، لیکن اب اس نے توبہ کر لی ہے اور اس سو اشرفی سے کاروبار کرنے کا سوچ رہا ہے، اور تیسری رات آپ نے جو سو اشرفی صدقہ میں دی ہے وہ واقعی ایک دولت مند شخص تھا، لیکن گھر جا کر اس نے

---

[1] علم اخلاق اسلامی، ۲۔۱۵۸۔ جامع السعادات ۲۔۱۱۵۔

سوچا کہ میں تو دولت مند ہوں نہ تو میں نے کبھی اپنے مال سے زکواۃ ادا کی ہے نہ ہی دوسرے واجبات شرعی ادا کئے، جب کہ علیؑ مجھ سے غریب ہے پھر بھی اس نے مجھے ایک سو اشرفی بطور صدقہ عطا کی ہے، یہ سوچ کر اس نے کئی سالوں کا حساب کر کے زکواۃ کا حساب بنایا ہے اور اسے راہ خدا میں خرچ کر رہا ہے۔

اللہ تعالٰی نے تمہارے اس عمل کو قبول فرمایا اور آپ کی شان میں یہ آیت نازل کی:

"رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَن ذِكْرِ اللَّهِ وَإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ يَخَافُونَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ" [1]

ایسے لوگ جنہیں تجارت اور خرید و فروخت، ذکر خدا اور قیام نماز اور ادائیگی زکواۃ سے غافل نہیں کرتیں وہ اس دن سے خوف کھاتے ہیں جس میں قلب و نظر منقلب ہو جائیں گے۔

۵۔ قیس بن سعد:

قیس بن سعد بن عبادہ بہت ہی مہمان نواز اور سخی انسان تھے اُن کو یہ سخاوت اپنے آباؤ اجداد سے ورثے میں ملی تھی، قیس کے والد سعد بن عبادہ بہت ہی سخی اور مہمان نواز انسان تھے، سعد کا تعلق قبیلہ بنی خزرج سے تھا اور وہ قبیلہ کے سردار تھے۔ وہ زندگی کے آخری لمحات تک حضرت علی علیہ السلام کی بیعت پر قائم رہے، امام علی علیہ السلام کی شہادت کے بعد انہوں نے امام حسنؑ کی حمایت کی تھی۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں قیس بن سعد ایک جنگ میں شریک تھے راستے میں وہ لوگوں سے قرض لے کر اپنے دوستوں پر خرچ کرتے تھے حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ بھی اس لشکر میں شامل تھے انہوں نے آپس میں سوچا کہ اگر ہم نے قیس کو اس حالت میں رہنے دیا تو یہ اپنے باپ کی تمام جائیداد اس طرح سے ضائع کر دے گا، لہٰذا انہوں نے لوگوں کو منع کر دیا کہ کوئی بھی قیس کو قرض نہ دے۔

جب اس کے باپ سعدؓ نے یہ بات سنی تو بعد نماز جماعت وہ کھڑے ہو گئے اور کہنے لگے کہ میں لوگوں کے سامنے، رسول اللہ کی خدمت میں ابوبکر و عمر کی شکایت کرتا ہوں وہ میرے بیٹے کو بخیل بنانا چاہتے ہیں۔

ایک مرتبہ وہ لشکر اسلام کے رئیس لشکر بنے اور لشکر کسی دوسرے ملک کی لشکر کشی کے لئے جا رہا تھا تو راستے میں قیس بن سعد نے اپنے دوستوں کے لئے اپنے نو اونٹ نحر کئے، جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے قیس کا یہ کردار بیان کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ بخشش اس خاندان کی پرانی سیرت ہے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ یہی قیس ایک دفعہ بیمار ہوئے لیکن انہوں نے محسوس کیا کہ بہت کم لوگ اس کی عیادت کو آئے، وہ بات

---

[1] (سورہ النور ۳۷)

پریشان ہوئے اور اپنے ساتھیوں سے پوچھا کہ اس کی کیا وجہ ہے کہ لوگ میری عیادت کو نہیں آ رہے؟

ساتھیوں نے جواب دیا کہ اکثر آدمی آپ کے مقروض ہیں لہٰذا وہ آپ کے سامنے آنے سے شرمندگی محسوس کرتے ہیں۔

قیس نے کہا: ''خدا برباد کرے اس دولت کو جو برادران دینی کو ایک دوسرے سے جدا کرے، پھر انہوں نے حکم دیا کہ مدینہ کی مسجد اور گلیوں میں اعلان کر دو کہ قیس نے جس جس سے بھی قرض لینا ہے، قیس سب کو اپنا قرض معاف کرتا ہے، پس یہ اعلان کرنے کی دیر تھی کہ اتنا بڑا ہجوم اُن کی عیادت کو آیا کہ اُن کے گھر کی سیڑھیاں تک ٹوٹ گئیں اور بعد میں انہیں نئی سیڑھیاں بنوانی پڑیں۔ [1]

---

[1] پیغمبر و یاران، ۵۔۱۶۵، قاموس الرجال ۷، ۳۹۹۔

باب نمبر 49

شرک

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالی ہوتا ہے:

"لَا تُشْرِكْ بِاللَّهِ ۖ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ" [1]

"اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرانا یقیناً شرک بہت بڑا ظلم ہے"۔

امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"المعاصی التی یرتکبون فھی شرک طاعة اطاعوا فیھا الشیطان" [2]

"وہ گناہ جس کا لوگ ارتکاب کر رہے ہیں یہ شرک اطاعت ہے، اس میں لوگ شیطان کی اطاعت کر رہے ہیں"۔

مختصر تشریح:

شرک کرنا ایک نفسانی رزالت ہے اس کے مختلف علل واسباب ہیں، اکثر اوقات جہالت، غربت اور شک اور ان جیسے اور مسائل انسان کو شرک میں مبتلا کرتے ہیں اور ایسا شخص ایسی چیزوں پر اعتقاد کر لیتا ہے کہ وہ خدائی کی قابلیت رکھتی ہیں، وہ غیر اللہ کو بنیادی طور پر موثر سمجھ لیتا ہے، یا پھر غیر اللہ کی عبادت شروع کر دیتا ہے یا پھر عبادت کے عمل میں کسی غیر اللہ کو شامل کر لیتا ہے۔

مشرک جن چیزوں سے توسل کرتا ہے وہ یہ سمجھتا ہے کہ میرے لئے یہ بہت فائدہ مند ہیں حالانکہ وہ سخت گناہ کا ارتکاب کر رہا ہوتا ہے اس شرک کی وجہ سے اس کے تمام اعمال ضائع ہو جاتے ہیں اور وہ منافقت میں مبتلا ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے اپنے ہاتھوں سے دنیا وآخرت برباد کر دیتا ہے، اور اپنے آپ کو ہمیشہ کے لئے دوزخ کا ایندھن بنا دیتا ہے۔

۱۔ علی ابن حسکہ:

سہل ابن زیاد آدمی روایت کرتے ہیں کہ میرے کچھ دوستوں نے امام حسن عسکری کی خدمت میں ایک خط بھیجا اور اس میں

---

[1] سورہ لقمان آیت نمبر ۱۳۔

[2] سفینۃ البحار، ۱۔ ۶۹۷۔

انہوں نے تحریر فرمایا کہ علی ابن حسکہ یہ دعویٰ کرتا ہے کہ وہ آپ کے دوستوں میں سے ہے اور آپ کا مرید خاص ہے، اور وہ یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ آپ حضرات خدا ہیں اور وہ آپ کا دروازہ ہے جسے آپ نے پیغمبر بنایا ہے اور اس کے ساتھ اس کا عقیدہ یہ ہے کہ نماز، روزہ، حج، زکواۃ وغیرہ یہ سب آپ کی معرفت کے ذرائع ہیں جو شخص آپ کی معرفت رکھتا ہے وہ مومن کامل ہے اس کے لئے نماز، روزہ اور حج وغیرہ کی پابندی ضروری نہیں۔

امام حسن عسکری علیہ السلام نے اُن کے جواب میں یہ خط لکھا کہ علی بن حسکہ جھوٹ کہتا ہے، اللہ تعالیٰ اس پر لعنت کرے، وہ ہمارے دوستوں میں سے نہیں ہے خدا کی قسم! محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپؐ سے پہلے جتنے بھی انبیاء گزرے تھے انہوں نے توحید، نماز، روزہ، زکواۃ، حج اور ولایت کی تبلیغ کی، محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو توحید خداوندی کی دعوت دی اور ہم رسول خداؐ کے جانشین ہیں اور خدا کے بندے ہیں ہم خدا کے لئے کسی شریک کے قائل نہیں ہیں، اگر اُن میں سے جو دکھائی دیں تو پتھر مار مار کر اُن کے سروں سے مغز تک باہر نکال دینا۔

واضح رہے کہ علی ابن حسکہ غالی تھا اور انحرافی عقائد رکھتا تھا، اُس نے کچھ شاگردوں کی تربیت کی تھی جن میں قاسم شعوانی یقطینی، ابن بابا اور محمد بن موسیٰ شریفی شامل تھے۔

امام علیہ السلام نے اعلان کیا کہ میں ان سب سے بیزاری کا اعلان کرتا ہوں اور خدا ان پر لعنت کرے، چنانچہ اس طرح امام علیہ السلام نے شرک کی تردید کی۔ [1]

۲۔ مشرک مومن ہوجاتا ہے:

شبیہ بن عثمان مکہ کے رہنے والا تھا اور یہ مشرک تھا اس کا بھائی اور باپ جنگ بدر میں مسلمانوں کے ہاتھوں قتل ہوئے تھے، یہ ہمیشہ کسی مناسب موقع کی تلاش میں رہتا کہ کسی نہ کسی طریقے سے اسے موقع ملے تو وہ رسول پاک پر حملہ کرے اور آپ کو شہید کر کے اپنے بھائی اور باپ کا بدلہ لے۔

مدت تک انتظار کرتا رہا یہاں تک کہ ۸ھ میں جنگ حنین کا واقعہ رونما ہوا، دوران جنگ اسے ایک دفعہ موقع ملا اور اپنے آپ سے کہنے لگا آج بڑا اچھا موقع میرے ہاتھوں لگا ہے اس نے اپنے آپ کو آپؐ پر حملہ کرنے کے لئے تیار کیا اور وہ رسول اللہ کی پشت کی جانب آیا تا کہ وہ ارادے کو عملی جامہ پہنا سکے۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کی بری نیت سے آگاہ ہو گئے اور آپؐ پیچھے مڑے اور اس کے سینے پر مکا مارا اور فرمایا کہ میں تیرے شر سے بچنے کے لئے خدا کی پناہ چاہتا ہوں۔

شبیہ کہتا ہے جیسے ہی مجھے مکا لگا تو میرے تمام اعضاء پر لرزہ طاری ہو گیا، اچانک میں نے پیغمبر اکرمؐ کے چہرہ پر نگاہ کی تو

---

[1] شاگردان مکتب آئمہ، ص ۱۲، رجال کشی، ص ۵۲۳۔

مجھے یوں محسوس ہوا کہ پوری کائنات میں مجھے کوئی شخص سب سے زیادہ محبوب ہے تو آپ ہی ہیں، حتیٰ کہ مجھے یہ محسوس ہونے لگا کہ آپ مجھے میری آنکھوں اور کانوں سے بھی زیادہ محبوب ہیں تو اسی وقت میں کھڑا ہوا میں نے اللہ کی توحید اور آپؐ کی رسالت کا اقرار کیا اور مسلمان ہوگیا، اس کے بعد میں نے گواہی دی کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو میری پوشیدہ نیت سے آگاہی دی۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا ہاتھ میرے سینہ پر رکھا اور دعا کی کہ پروردگار اس کے سینے سے شیطان کو دور کر دے، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ شیبہ بتاؤ جو کچھ تم نے ارادہ کیا تھا وہ بہتر تھا یا جو کچھ خدا نے چاہا ہے وہ بہتر ہے۔ [۱]

۳۔ پوشیدہ شرک:

ابوسعید الخدری کہتے ہیں جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دشمنی بہت بڑھ چکی تھی تو ہم چند افراد باری باری رسول اللہ کی حفاظت کیا کرتے تھے، ایک دفعہ ہم بیٹھے ہوئے تھے اور آپس میں سرگوشی کر رہے تھے آپ اسی اثنا میں ہمارے پاس آئے، جب انہوں نے ہمیں ایک دوسرے کے کانوں میں باتیں کرتے ہوئے دیکھا تو فرمایا: ''یہ کانوں میں باتیں کرنے کا عمل کیا ہے'' کیا تمہیں اس سے منع نہیں کیا گیا؟ یعنی ایک دوسرے کے کانوں میں لگ کر باتیں نہ کیا کرو، ہم نے کہا: ''ہم خدا اور رسولؐ کے حضور اپنے اس عمل پر معذرت کرتے ہیں، ہم اس وقت آپس میں بیٹھ کر ایک دوسرے کے کانوں کان لگ کر دجال کے متعلق باتیں کر رہے تھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''کیا تم چاہتے ہو؟ میں تجھے اس کے متعلق بتاؤں جس کا فتنہ دجال سے بھی بڑا ہوگا''؟

ہم نے عرض کیا: ''کیوں نہیں''

آپؐ نے فرمایا: ''شرک خفی یعنی پوشیدہ شرک یہ انسان کو گناہ پر آمادہ کرتا ہے اس کا فتنہ دجال سے بھی زیادہ برا ہے'' [۲]

۴۔ کفر بھی اور شرک بھی:

ولید ابن یزید ۱۲۵ھ کو اموی خلیفہ برسر اقتدار آیا، یہ وہ منحوس شخص تھا جس کے متعلق رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہلے پیشین گوئی کی تھی اور فرمایا تھا میرے بعد میری امت پر ایک ایسا خلیفہ مسلط ہوگا جو فرعون سے بھی بدتر ہوگا۔

وہ ہمیشہ شراب میں مست رہتا تھا اور وہ یہ کہتا تھا کہ کون کہتا ہے کہ نبوت بنی ہاشم میں آئی، نہ ہی خدا کی طرف سے کوئی کتاب نازل ہوئی، اگر واقع خدا ہے تو اُسے کہو کہ مجھے شراب پینے سے روک کر دکھائے۔

ایک شب موذن نے صبح کی اذان دی تو اس وقت وہ اپنی ایک کنیز سے مجامعت کر چکا تھا، موذن نے آکر اُسے کہا کہ خلیفہ

---

[۱] حکایتہای شنیدنی، ۳۔ ۸۳، بحارالانوار، ۲۱۔ ۱۸۱۔

[۲] داستانہای چندھا، ۱۰۔ ۶۵، تفسیر قرطبی ۹۔ ۶۳۶۱

صاحب آپ چلیں اور مسلمانوں کو نماز صبح پڑھوا دیں، خلیفہ نے کنیز کو حکم دیا کہ تم میرا لباس پہن کر جاؤ اور مسلمانوں کو نماز پڑھوا کر واپس آؤ، چنانچہ کنیز حالت جنابت میں مسجد گئی اور لوگوں کو نماز پڑھوا کر واپس آ گئی۔

ایک دن ولید نے فال حاصل کرنے کے لئے قرآن مجید سے استخارہ کرنا چاہا تو اس کے سامنے یہ آیت آئی "وَاسْتَفْتَحُوا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ" (سورہ ابراہیم آیت نمبر ۱۵) یعنی انبیاء کو کامیابی حاصل ہوئی جب کہ تمام ظالم اور جابر لوگوں کو شکست ہوئی جیسے ہی اس نے یہ آیت دیکھی تو اسے قرآن پر غصہ آیا اور قرآن مجید کو اپنے تیروں کا نشانہ بنایا، حتی کہ قرآن پارہ پارہ ہو گیا، پھر اس نے عربی میں کچھ اشعار کہے جن کا ترجمہ یہ ہے کہ قرآن تو جبار وعنید کو ڈرا رہا ہے جب قیامت کے دن خدا کے نزدیک جانا تو کہنا کہ مجھے ولید نے پارہ پارہ کر دیا ہے، جی ہاں میں جبار وعنید ہوں۔

اس کے اس ظلم اور کفر کا نتیجہ یہ نکلا کہ وہ ایک سال تک بھی حکومت نہ کر سکا بدترین طریقے سے اسے قتل کر دیا گیا تھا، اس کے محل کے دروازے پر اس کی لاش کو لٹکا دیا گیا اور اس کے ناپاک جسم کو شہر کے باہر دفن کیا گیا۔ [1]

۵۔ مشرکین سے مناظرہ:

حضرت ابراہیم خلیل اللہ نے پوری زندگی توحید کا پرچم اٹھایا، آپ نے بت پرستوں سے مناظرے کئے آپؑ کے دور میں ایسے لوگ بھی تھے جو مظاہر فطرت یعنی چاند، ستاروں اور سورج کی عبادت کیا کرتے تھے، حضرت نے بابل حران میں رہنے والے ایسے لوگوں سے بحث ومناظرے کئے، یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے ستارگان کے ناموں سے اپنے اپنے عبادت خانے بنوائے ہوئے تھے۔

آپؑ نے ستارہ پرستوں سے مختلف طریقوں سے مناظرہ کیا، جب رات ہوئی تو زہرہ ستارہ چمکنے لگا تو آپؑ نے ستارہ پرستوں کی طرف مخاطب ہو کر کہا کہ کیا یہی میرا رب ہے، انہوں نے کہا کہ جی ہاں، جب کچھ دیر بعد زہرہ ڈوب گیا تو آپؑ نے ستارہ پرستوں سے کہا کہ میں اس کی عبادت نہیں کرتا جو ڈوب جائے۔ جب چاند برآمد ہوا تو آپؑ نے چاند کی پوجا کرنے والوں سے کہا کہ کیا یہی رب ہے؟ انہوں نے جواب دیا: "جی ہاں یہی رب ہے" جب چاند ڈوب گیا تو آپؑ نے فرمایا اگر میرے رب نے مجھے راہنمائی نہ دی تو میں گمراہ ہو جاؤں گا۔ پھر جب سورج طلوع ہوا تو آپؑ نے سورج کی عبادت کرنے والوں سے کہا کہ کیا یہی پروردگار ہے؟ انہوں نے کہا جی ہاں!

جب سورج ڈوب گیا تو آپؑ نے فرمایا کہ میں مشرکین اور کافروں کے ہر کام سے بیزار ہوں، میں نے اپنا رخ خدا کی طرف متوجہ کیا ہے جس نے زمین وآسمان کو پیدا کیا ہے، آپؑ نے ان لوگوں سے فرمایا کہ خدا نے مجھے راہ راست دکھایا ہے کیا اس کے متعلق مجھ سے جھگڑا کرو گے، تم جن چیزوں کو اس کے ساتھ شریک کرتے ہو تو ان چیزوں سے ذرا بھی خوف محسوس نہیں کرتا۔ [2]

---

[1] تتمۃ المنتہی، ص ۹۰۔

[2] تاریخ انبیاء، ۱۰۱۔ ۱۳۴

باب نمبر 50

شیطان

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

"اِنَّ الشَّیْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ ۝" [1]

بے شک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے۔

"لیس لابلیس اشد من النساء والغضب" [2]

"شیطان کا سخت ترین حملہ عورتوں اور غصہ کے ذریعے ہوتا ہے"

مختصر تشریح:

ہدایت رحمانی کے مقابلے میں ابلیس کی گمراہ کن پالیسیاں بھی جاری ہیں، انسان کے پاس عقل سلیم ہے جس میں پورا ایک لشکر ہے، شیطان کا لشکر بھی انسان کے ذہن میں رہتا ہے وہ جہالت ہے اور اس کے بھی بہت سے کارندے ہیں، انسان، شیطان، اور اس کے لشکروں سے تب نجات حاصل کرسکتا ہے جب اس کے وسواس پیدا کرنے کے طریقوں سے واقف ہو۔

اگر انسان محسوس کرے کہ وہ شیطان کے جال میں پھنس چکا ہے تو اس کو چاہیے کہ فوراً توبہ کرے، تاکہ اس کا دل سیاہ نہ ہونے پائے، اگر دل میں سیاہی پھیل گئی تو پھر شیطان کے جال سے نکلنا مشکل ہو جائے گا۔

۱۔ حضرت نوح علیہ السلام اور شیطان:

جب حضرت نوح علیہ السلام کشتی سے اترے تو شیطان آپؑ کے پاس آیا اور کہنے لگا آپؑ کے میرے اوپر احسان ہیں میں آپؑ کے احسان کا بدلہ چکانے کے لیے آپؑ کے پاس آیا ہوں۔

حضرت نوح علیہ السلام نے فرمایا: "مجھے یہ بات پسند ہی نہیں ہے کہ تو کہے کہ میرا تجھ پر احسان ہے اور تو اس کی جزا دینے

[1] سورہ یوسف، آیت نمبر ۵۔

[2] بحارالانوار، ۷۸۔ ۲۳۶

کے لئے میرے پاس آئے، بتا! میں نے تیرے اوپر کون سا احسان کیا ہے؟

اس نے کہا کہ میں نے لوگوں کو گمراہ کرنے کے لئے کافی محنت کی تھی آپؑ نے بددعا کی اور وہ سب لوگ ہلاک ہو گئے، اب مجھے کسی کو گمراہ کرنے کی ضرورت نہیں رہی اب میں کچھ دن آرام کروں گا جب تک اللہ تعالیٰ اور لوگوں کو پیدا کرے گا پھر میں انہیں گمراہ کروں گا تب تک میں آرام وسکون کروں گا، کیونکہ آپؑ نے مجھے آرام وسکون دے دیا ہے اس لئے آپ کا مجھ پر احسان ہے۔

اس احسان کا بدلہ میں میں آپ کو نصیحت کرنے کے لئے آیا ہوں، اور آپ سے کہتا ہوں کہ تین چیزوں سے پرہیز کرنا:

نمبر ۱: تکبر نہ کرنا، میں نے تکبر کیا تھا اور اس تکبر کی وجہ سے آدم کو سجدہ نہیں کیا تھا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنی بارگاہ سے دھتکار دیا تھا۔

نمبر ۲: حریص نہ بننا، آدم وحوا جنت میں رہ رہے تھے انہیں وہاں کوئی پریشانی لاحق نہیں تھی انہوں نے حرص کیا اور ممنوعہ درخت کا پھل کھایا جس کی وجہ سے وہ جنت سے محروم ہو گئے اگر وہ حرص نہ کرتے تو وہ جنت میں رہتے۔

نمبر ۳: حسد نہ کرنا کیونکہ اس حسد کی وجہ سے قابیل نے ہابیل کو قتل کر دیا، اور ہمیشہ کے لئے عذاب الٰہی میں گرفتار ہو گیا۔[1]

۲۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور شیطان:

ایک روز شیطان حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا اور کہا کہ آپؑ خدا کے پیغمبر ہیں اور خدا تعالیٰ کی مخلوقات میں سے سب سے زیادہ گناہگار میں ہوں، میں چاہتا ہوں کہ کہ میں توبہ کروں، جب خدا تعالیٰ کے حضور جانا تو کہنا کہ گناہگار توبہ کرنا چاہتا ہے میری توبہ کو قبول کرے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: ''میں تیری درخواست خداوند تعالیٰ کے ہاں پیش کروں گا، اس کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس کے حق میں دعا فرمائی، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: موسیٰ! میں تیری شفاعت کو رد نہیں کرتا، میرا اور اس کا اختلاف سجدہ آدم پر تھا اس نے آدم کو سجدہ نہیں کیا تھا اس لئے میں نے اسے دھتکار دیا تھا، اس سے جا کر کہو کہ اگر وہ توبہ کرنا چاہتا ہے تو آدمؑ کی قبر پر چلا جائے اور وہاں جا کر سجدہ کرے اس کی توبہ قبول ہو جائے گی۔

موسیٰ علیہ السلام جب کوہ طور سے واپس آئے تو ابلیس اُن کے انتظار میں تھا اور پوچھا کہ کیا ہوا؟

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس سے فرمایا کہ میں نے خدا کے حضور تیری سفارش کی تھی، خداوند تعالیٰ نے کہا ہے کہ اگر وہ توبہ کرنا چاہتا ہے تو قبر آدم پر جا کر سجدہ کرے پھر میں اس کی توبہ قبول کرلوں گا، اس کی تمام خطائیں معاف کر دونگا۔

ابلیس نے جب یہ بات سنی تو کہنے لگا جب آدم زندہ تھے تو اس وقت میں نے سجدہ نہیں کیا اب جب آدم مر گئے ہیں تو اُن کی قبر پر جا کر کیوں سجدہ کروں؟ یہ کبھی نہیں ہو سکتا پھر اس نے کہا: ''موسیٰ! تم نے خدا کے حضور میری سفارش کی ہے اس لئے میری گردن پر تمہارا احسان ہے اور میں اس احسان کے بدلے میں تجھے ایک نصیحت کرتا ہوں۔

---

[1] عنوان الکلام، ص ۱۶۷۔

ابلیس نے کہا: "میری پہلی نصیحت یہ ہے کہ تکبر نہ کرنا، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے آدم کے سجدے کا حکم دیا تھا تو میں نے تکبر کیا تھا اور سجدہ نہیں کیا تھا اگر میں اس دن تکبر نہ کرتا تو بزم ملائکہ سے مجھے نہ نکالا جاتا اور میں ذلیل نہ ہوتا۔

میری دوسری نصیحت یہ ہے کہ حرص کے قریب نہ جانا، اللہ تعالیٰ نے تمہارے باپ آدم کے لئے ساری جنت مباح کی تھی، پوری جنت میں صرف ایک درخت ایسا تھا جس سے منع کیا گیا آدم نے حرص سے کام لیا اور ممنوعہ درخت کے پاس چلے گئے اگر آدم حرص نہ کرتے تو انہیں جنت سے نہ نکالا جاتا۔

اور تمہیں تیسری نصیحت یہ کرتا ہوں کہ غیر عورت کے ساتھ کبھی تنہا نہ بیٹھنا، جہاں بھی مرد و عورت اکیلے بیٹھے ہوں تو وہ درحقیقت اکیلے نہیں ہوتے اس مقام پر تیسرا میں ہوتا ہوں۔ [1]

۳۔ فرعون:

مصر کا ایک شخص انگور کا ایک خوشہ لے کر فرعون کے پاس آیا اور اس سے کہا کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ تم اسے مروارید میں تبدیل کردو، فرعون وہ خوشہ لے کر اپنے گھر میں آیا اور سوچنے لگا کہ میں اس خوشہ انگور کو جواہرات میں تبدیل کیسے کروں۔

اتنے میں شیطان فرعون کے دروازے پر آیا اور دستک دی

فرعون نے اندر سے کہا کون ہے؟

شیطان نے کہا: لعنت ہے ایسے خدا پر جسے یہ بھی پتا نہیں کہ دروازے پر آنے والا کون ہے یہ کہا اور اس کے گھر میں داخل ہوگیا اور اس نے فرعون کے ہاتھوں سے وہ خوشہ انگور لیا اور اس پر اسم الٰہی کا ورد کیا اور وہ جواہرات میں تبدیل ہوگیا۔

اس وقت شیطان نے فرعون سے کہا: "فرعون اب ذرا انصاف کرنا میں نے اتنا صاحب کمال ہونے کے باوجود خدا ہونے کا دعویٰ نہیں کیا تو اتنا بڑا جاہل اور نادان ہے اس کے باوجود لوگوں سے کہہ رہا ہے کہ میں تمہارا رب اعلیٰ ہوں، فرعون نے کہا: اچھا یار یہ بتاؤ تم نے آدم کو سجدہ کیوں نہیں کیا تھا؟

شیطان نے جواب: "کیونکہ کہ میں جانتا تھا کہ آدم کی پشت سے تجھ جیسے ناپاک انسان ہوں گے اس لئے میں نے آدم کو سجدہ نہیں کیا تھا" [2]

۴۔ معاویہ:

بیان کیا جاتا ہے کہ ایک دفعہ معاویہ اپنے محل میں سویا ہوا تھا اچانک ایک شخص آیا اور اُسے بیدار کیا، جب معاویہ نے اسے

---

[1] شنید۔ ہمای تاریخ ص ۲۵۸، جیہ المیضاء ۵۔۵۹

[2] چند تاریخ ۱۔ ۲۳

دیکھا تو حیران ہو گیا کہ اتنے دربانوں کے ہوتے ہوئے یہ شخص کیسے اندر داخل ہو گیا ہو نہ ہو یہ کوئی دشمن ہے، معاویہ فوراً اٹھا اور پردوں کے پیچھے چھپ گیا۔

اور اس سے کہا کہ کون ہے گستاخی کرنے والا اور میرے محل میں بغیر اجازت اندر آنے والا؟

اس نے کہا: ''میں شیطان ہوں''۔

معاویہ نے کہا: مجھے کیوں بیدار کیا ہے؟

اس نے جواب دیا کہ نماز کا وقت ہے تا کہ اصل وقت میں مسجد میں جاؤ اور نماز ادا کر۔

معاویہ نے کہا: ''مجھے تو تعجب ہے تو شیطان ہے اور تو لوگوں کی خیر خواہی نہیں چاہتا پھر تو مجھے نماز کے لئے جگانے آ گیا۔

شیطان نے کہا: ''جی ہاں میں نے تجھے بیدار کیا تا کہ تیری نماز قضا نہ ہو، ورنہ ایسا ہوتا تو سویا رہتا، تیری نماز قضا ہو جاتی اور تیرا دل ٹوٹ جاتا اور تو ''آہ'' بھرنے کا دکھ تیرے لئے نماز پڑھنے سے زیادہ فائدہ مند ہوتا، میں چاہتا ہوں کہ یہ آہ نالہ تجھے نصیب نہ ہو'' یہ کہا اور آنکھوں سے اوجھل ہو گیا۔ [1]

۵۔حضرت یحییٰ علیہ السلام اور شیطان:

ایک دن شیطان ملعون موٹی موٹی زنجیریں ہاتھ میں لیکر حضرت یحییٰ علیہ السلام کے سامنے ظاہر ہوا۔

حضرت یحییٰ علیہ السلام نے پوچھا: ''ابلیس تو ان زنجیروں کو کیا کرتا ہے''؟ شیطان کہنے لگا: ''یہ مختلف قسم کی زنجیریں ہیں ان کے ذریعے سے میں فرزندان آدم کو گرفتار کرتا ہوں''۔

حضرت یحییٰ علیہ السلام نے فرمایا: ''کیا ان رسیوں اور زنجیروں میں سے تم نے میرے لئے بھی کوئی چیز تیار کر رکھی ہے؟

کہنے لگا: جی ہاں، جب آپ شکم سیر ہو کر کھانا کھائیں گے تو آپ پر سستی طاری ہو جائے گی اور اس سستی کی وجہ سے آپ کی نماز اور ذکر الٰہی کی رغبت نہیں رہے گی۔

جیسے ہی حضرت یحییٰ علیہ السلام نے یہ بات سنی تو کہا: ''خدا کی قسم آج کے بعد کبھی میں شکم سیر ہو کر کھانا نہیں کھاؤں گا''۔

ابلیس نے کہا: ''خدا کی قسم میں آج کے بعد کسی کی خیر خواہی نہیں کروں گا''۔ [2]

---

[1] داستانھای مثنوی، ۲۔۱۵۔

[2] ابلیس نامہ، ۱۔۳۵، محاسن برقی، ص ۴۳۹۔

باب نمبر 51

صبر

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

"فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ" [1]

"پس (اے رسول) صبر کیجئے جس طرح اولوالعزم رسولوں نے صبر کیا"

امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا:

"حلاوة الظفر تمحو امرارة الصبر" [2]

"کامیابی کی مٹھاس [illegible] تلخی کو ختم کر دیتی ہے"

مختصر تشریح:

کچھ لوگوں کے لئے صبر [illegible] ائی حصہ تلخ ہوتا اور اس کا انجام شیریں ہوتا ہے، جب کہ کچھ لوگوں کے لئے صبر کا آغاز بھی تلخ ہوتا اور انجام بھی تلخ ہوتا ہے۔

کچھ لوگوں کے لئے صبر [illegible] یریں ہوتا ہے جو شخص [illegible] یا مصیبت پر صبر کرتا ہے اور خلق خدا سے اس کی شکایت نہیں کرتا نہ ہی بے تابی کا م [illegible] اہرہ کر [illegible] ہے۔ ایسا شخص بہت بڑا صابر [illegible]

جس شخص پر [illegible] تکلیف آئے تو وہ اس پر صبر نہ کرے [illegible] لئے خدا کی طرف رجوع نہ کرے تو ایسے شخص کا شمار اہل جزع میں ہوتا ہے۔

تکالیف اور آز [illegible] ش میں پہچان ہوتی ہے کہ صابر کون [illegible] صادق [illegible] ہے اور کاذب کون ہے، صابر نور الٰہی کو پا کر تمام تکالیف پر صبر کا مظاہرہ کرتا ہے اور ایک کاذب شخص مصیبت کے وقت [illegible] راب کا شکار ہوتا ہے اور اس کی حالت غیر ہو جاتی ہے۔

---

[1] سورہ احقاف، آیت نمبر ۳۵۔

[2] غرر الحکم، ح ۴۸۸۲۔

۱۔ دین کی زندگی صبر میں مضمر ہے:

ایک دفعہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت علی علیہ السلام کو اپنے ساتھ لے کر مدینہ سے مسجد قبا کی طرف جا رہے تھے راستے میں اُنکا گزر ایک خوبصورت باغ سے ہوا، حضرت علیؑ نے کہا: "یارسول اللہ! یہ باغ کتنا ہی اچھا ہے" پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "یاعلیؑ! جنت میں تیرا باغ اس سے کئی درجہ بہتر ہے"۔

راستے میں سات باغات آئے، حضرت علیؑ ہر باغ کو دیکھ کر یہی بات کہتے تو رسول خداؐ بھی ہر دفعہ یہی جواب دیتے رہے۔

آخر میں رسول خدا نے حضرت علی علیہ السلام کو سینے سے لگایا اور زاروقطار رونے لگے، حضرت علیؑ نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے رونے کی وجہ پوچھی تو رسول خداؐ نے فرمایا: میں دیکھ رہا ہوں لوگوں کے دلوں میں تیرا کینہ بھرا ہوا ہے، میری وفات کے بعد یہ کینے ظاہر ہوں گے"۔

حضرت علی علیہ السلام نے عرض کیا: "یارسول اللہ! مجھے اُن حالات میں کیا کرنا ہوگا؟" رسول خداؐ نے فرمایا: "یاعلیؑ! تجھے اُن حالات میں صبر کرنا ہوگا، اگر آپ نے صبر نہ کیا تو آپ کی مشکلات اور تکالیف میں اضافہ ہو جائے گا۔

عرض کیا: "کیا آپ کو میرے دین کی ہلاکت کی بھی فکر ہے؟"

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "تیری زندگی صبر میں ہے"۔[1]

۲۔ صبر کے بعد آسانی:

ایک غریب عورت جس کا صرف ایک ہی بیٹا تھا اور وہ سفر پر گیا ہوا تھا اس کا سفر کافی طویل ہو گیا، جس کی وجہ سے وہ خاتون کافی پریشان ہو گئی، اس پریشانی کے عالم میں وہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئی اور کہنے لگی "فرزند پیغمبر" میرا بیٹا کافی دنوں سے سفر پر گیا ہوا اور واپس نہیں آیا جس کی وجہ سے میں کافی پریشان ہوں۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا "بی بی آپ جائیں اور صبر کریں"

وہ خاتون چلی گئی اس نے چند روز مزید اپنے بیٹے کا انتظار کیا جب اس کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا تو امام علیہ السلام کی خدمت میں دوبارہ حاضر ہوئی اور کہا: اے فرزند رسول ابھی تک میرا بیٹا واپس نہیں آیا اس کا سفر طویل ہو گیا اب میں کیا کروں؟" امامؑ نے فرمایا: "کیا میں نے تجھے نہیں کہا تھا کہ صبر کرو"

خاتون نے کہا" خدا جانتا ہے اب میرا صبر آخری درجہ پر پہنچ چکا ہے، اب میں مزید صبر کرنے کے قابل ہی نہیں رہی"۔

امام نے فرمایا: اچھا یہ بات ہے تو تم اپنے گھر جاؤ، وہاں تمہارا بیٹا آ چکا ہے، وہ جلدی سے اپنے گھر گئی اور دیکھا کہ واقعی اس

---

[1] داستانہای زندگی علی، ص ۹۷، مناقب ابن شہر آشوب۔

کا بیٹا گھر آچکا تھا، بے حد خوش ہوئی اور اپنے آپ سے کہنے لگی کہ آخر امام علیہ السلام کو کیسے معلوم ہوا تھا کہ میرا بیٹا واپس آچکا ہے کیا امام پر وحی نازل ہوتی ہے؟ اور کہا کہ میں امامؑ کی خدمت میں جا کر امام سے پوچھوں گی۔

پھر وہ خاتون امام علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئی اور کہا کہ مولا جیسے آپ نے فرمایا تھا واقعی میرا بیٹا اس وقت گھر آچکا تھا کیا آپ پر وحی نازل ہوتی ہے اور آپ کو یہ مخفی خبر کیسے معلوم ہوئی؟۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: ''مجھے یہ خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث کی روشنی میں معلوم ہوئی کیونکہ رسول خدا کا فرمان ہے ''عند فناء الصبر یأتی الفرج'' جب انسان کا صبر آخری درجہ پر پہنچ جائے تو اس وقت اس کے معاملات میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے''۔

کیونکہ تیرا صبر آخری درجہ تک پہنچ چکا تھا مجھے یقین ہو گیا کہ اس وقت خدا نے تیری مشکل کشائی کر دی ہے اس لئے میں نے تجھے خبر دی کہ جاؤ تیرا بیٹا واپس آچکا ہے۔[1]

۳۔ حضرت بلال کا صبر:

سبقت اسلام کا شرف حاصل کرنے والے خوش نصیب افراد میں بلال بن رباح رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام ہمیشہ زندہ و تابندہ رہے گا، وہ بنی جمح کے غلام زادوں کی نسل سے تعلق رکھتے تھے جب انہوں نے اسلام قبول کیا تو ابو جہل لعین انہیں گرم ریت پر لٹا کر ان کے سینے پر وزنی پتھر رکھ دیتا تھا، گرم ریت اور دہکتے ہوئے انگاروں پر انہیں لٹایا جاتا تھا، ان کی پشت گرمی کی وجہ سے جل جاتی تھی لیکن اس کے باوجود انہوں نے صبر کا دامن نہ چھوڑا۔

ابو جہل ان سے کہتا تھا کہ محمد کا دین چھوڑ دے، مگر وہ جواب میں ہمیشہ کہتے تھے: ''احد، احد یعنی اللہ ایک ہے''۔

ایک دن حضرت بلالؓ کو اذیت دی جا رہی تھی اور وہ زبان سے احد، احد کا نعرہ مستانہ بلند کر رہے تھے کہ وہاں سے ورقہ بن نوفل کا گزر ہوا، وہ بلال کی اس جرات ایمان سے بہت متاثر ہوئے اور کہا: ''بلالؓ اگر اس حالت میں تو مر گیا تو ہم تیری قبر کے مقام کو سوز و گداز اور نالوں کا مقام قرار دیں گے۔

ایک دن رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابو بکرؓ سے ملاقات کی اور فرمایا: ''اگر میرے پاس کچھ دولت ہوتی تو میں بلالؓ کو اس کے مالک سے خرید لیتا''

حضرت ابو بکرؓ نے عباس بن عبدالمطلبؓ سے درخواست کی کہ وہ بلالؓ کو ان کے لئے خرید کریں۔

عباسؓ، بلالؓ کی مالک عورت کے پاس گئے اور بلال کی خریداری کے لئے اس سے رابطہ کیا، عورت نے کہا آپ اسے مت خریدیں یہ خبیث اور بدسیرت غلام ہے، عباسؓ دوسرے دن پھر اس عورت کے پاس گئے، آخر کار عورت نے بلالؓ

[1] داستان ہای شنیدنی ۵، ۱۳۷ ۔ لئالی الاخبار، ۱۔ ۲۶۶

کو فروخت کر دیا۔

عباسؓ، بلالؓ کو خرید کر حضرت ابوبکر کے پاس لے گئے، حضرت ابوبکرؓ نے بلالؓ کو آزاد کر دیا، پھر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بلالؓ کو اپنا موذن مقرر کر دیا۔ [۱]

۴۔ بدلہ سے صبر بہتر ہے:

جب جنگ احد ختم ہوئی تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دریافت فرمایا: ”میرے چچا حمزہؓ کے متعلق کسی کو علم ہے؟“

حارث بن صمت نے کہا: میں نے ان کا مقام شہادت دیکھا ہے آپؐ نے فرمایا کہ جا کر دیکھو کہ میرے چچا کی لاش کس حالت میں ہے۔

حارث نے حضرت حمزہ کی لاش کی حالت دیکھی تو رسول خدا کو بتانے پر آمادہ نہ ہوا۔

بعد از اں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حمزہ کو تلاش کرنے کے لئے خود اٹھے جب آپ حمزہ کی لاش پر پہنچے تو لاش کا مثلہ ہو چکا تھا یعنی ناک اور کان کاٹ لئے گئے تھے اور اُن کا شکم چیر کا کلیجہ نکال کر چبایا جا چکا تھا۔

اپنے چچا حمزہ کی مظلومیت دیکھ کر آپ رونے لگے اور فرمایا: اللہ تو ہی قابل حمد ہے اور تو ہی ہمارا ناصر و مددگار ہے ظالموں کا شکوہ ہم تیرے حضور ہی کرتے ہیں پھر آپؐ نے فرمایا: مجھ پر حمزہ کی مصیبت جیسی اور مصیبت کبھی وارد نہ ہوگی“۔

پھر آپ نے فرمایا: اگر اللہ نے مجھے قریش پر مسلط کیا تو میں ان کے ستر افراد کا مثلہ کروں گا، اس وقت جبرائیل امین یہ آیت لے کر نازل ہوئے:

”وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ۖ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ“

اگر تم بدلہ لو تو اتنی ہی سزا دو جتنی سزا تمہیں ملی ہے اور اگر تم صبر کرو تو یہ صابرین کے لئے بہتر ہے۔

آپ نے تین مرتبہ فرمایا: میں صبر کرتا ہوں۔

حضرت حمزہ کو غلام نے ہند جگر خوار کے کہنے پر قتل کیا تھا، کیونکہ ہند کا باپ عتبہ جنگ بدر میں حضرت حمزہ کے ہاتھوں قتل ہوا تھا، جب غلام نے حضرت حمزہ کو شہید کیا تو ہند حضرت حمزہ کی لاش پر آئی ان کا مثلہ کیا یعنی ناک اور کان کاٹ لئے اور شکم چیر کر کلیجہ نکال کر اسے چبایا۔

ہند نے حضرت حمزہ کے قتل کے عوض غلام کو اپنا گلوبند اور کچھ رقم دے کر آزاد کر دیا۔ [۲]

---

[۱] پیغمبر و یاران، ۲۔۶۶، اسد الغابہ ۱۔۲۰۶۔

[۲] منتخب التواریخ، ص ۵۱۔

۵۔ شب عروسی:

سبط الشیخ نقل کرتے ہیں کہ اطراف بغداد میں رہنے والے شیعوں کا رواج یہ تھا کہ جب وہ اپنے بیٹوں کی شادی کرتے تو ایک ہی رات میں نکاح اور رخصتی ہو جاتی تھی، چنانچہ ایک عرب شیخ نے اپنے بیٹے کے لئے ایک رشتہ طلب کیا اُس نے قبول کیا اور تاریخ مقرر ہوئی اور شادی کا جشن شروع ہوا۔

اس وقت مرجع تقلید عرب حاج شیخ مہدی خالصی کو عقد کے لئے بلوایا گیا، چند نوجوان دولہا کو لینے گئے تا کہ اسے تمام مراسم کے ساتھ محفل میں لایا جائے انہوں نے دولھا کو ساتھ لیا اور ہوائی فائرنگ شروع کی، اُن جوانوں میں ایک سید نوجوان بھی تھا جب اس نے ہوائی فائرنگ کی تو غلطی سے ایک فائر دولہے کے سینے پر جالگا جس کی وجہ سے دولھے کی موت واقع ہوگئی، وہ نوجوان خوف سے وہاں سے بھاگ نکلا، لوگوں نے جا کر دولھا کے باپ کو اس واقعے کی اطلاع دی تو وہ رونے لگ گیا، اور پوری شادی کا جشن محفل عزا میں تبدیل ہوگیا۔

مرحوم شیخ مہدی خالصی نے اس مرحوم نوجوان کے والد کو صبر کا حکم دیا اور فرمایا: کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہم سب پر زیادہ حق ہے اور ہم سب رسول اللہ کی شفاعت کے حقدار ہیں، اس سید نوجوان نے جان بوجھ کر یہ حرکت نہیں کی اور یہ قضا وقدر کا فیصلہ تھا تیرے بیٹے کو گولی لگ گئی اور وہ فوت ہوگیا، لہٰذا رسول خدا کی شفاعت حاصل کرنے کے لئے تم اس سید زادے کو معاف کردو اور اس مصیبت پر صبر کرو، خداوند تعالیٰ تجھے صابرین کی جزا عطا کرے گا، دولھا کا باپ کافی دیر تک شیخ مہدی خالصی کی باتیں سنتا رہا اور خاموش رہا، پھر اس نے کہا کہ جناب بات یہ ہے کہ ہم نے اتنے مہمانوں کو بلایا ہے اور اب ہماری شادی کی محفل محفل عزا میں بدل چکی ہے اور میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق کو ادا کرنا چاہتا ہوں آپ ایسا کریں کہ وہ سید زادہ کنوارہ بھی ہے، میں اس سید زادے کو اپنے بیٹے کا خون بھی معاف کرونگا اور اپنے بیٹے کی بجائے میں اس سید زادے کا نکاح اسی دولہن سے کرنا چاہتا ہوں آپ اس سید زادے کو بلوائیں۔

شیخ نے اُسے آفرین کہی، چند نوجوان اس سید کو لینے کے لئے گئے اور اُسے کہا کہ دولھا کا باپ تجھے معاف بھی کرتا ہے اور اپنے بیٹے کی بجائے اس دولہن سے تیری شادی بھی کرنا چاہتا ہے اُسے یقین نہ آیا وہ یہ سمجھنے لگا کہ اس بہانے سے مجھے لے جا کر قتل کر دیا جائے گا جب اُسے مسلسل یقین دہانی کرائی گئی تو وہ آ گیا، آخر کار اُسی رات اس نوجوان سید کا نکاح ہوا اور دوسرے دن اس دوسرے جوان کی تجہیز و تکفین کی گئی۔ [1]

---

[1] داستانھای شگفت، ص ۲۵۵۔

باب نمبر 52

صدقہ

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہے:

"اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ۔"[1]

"اگر تم علانیہ خیرات دو تو وہ بھی خوب ہے"

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے:

"تصدقو ولو بتمرۃ۔"[2]

"صدقہ دو اگر چہ کھجور کا ایک دانہ ہی کیوں نہ ہو"

مختصر تشریح:

صدقہ دو طرح کا ہوتا ہے، صدقہ کی ایک قسم یہ ہے کہ چھپا کر دیا جائے جیسا کہ ائمہ معصومین علیہ السلام کی سیرت تھی، اس طرح کا صدقہ مصیبتوں کے دور ہونے، طویل عمر اور فقر کے خاتمہ کا سبب بنتا ہے اور انسان سے ستر قسم کی مرگ بد کو دور کرتا ہے خاموشی کے ساتھ دیئے جانے والے صدقے سے اللہ کا غضب خاموش ہو جاتا ہے۔

صدقہ کی دوسری قسم یہ ہے کہ یہ صدقہ ظاہری طور پر لوگوں کے سامنے دیا جاتا ہے اس سے رزق میں اضافہ ہوتا ہے اور اس سے شیطان کی کمر ٹوٹ جاتی ہے، عام بات یہ ہے کہ صدقہ میں مالیت، خوراک و لباس معیار کمال نہیں ہے اس میں اہم بات خلوص نیت کی ہے اور اس کی کیفیت کی ہوتی ہے۔

بعض اوقات پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس صدقہ دینے کے لئے رقم نہیں ہوتی تھی تو آپ اپنا لباس بھی صدقہ میں دے دیتے تھے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ یہ سفارش کرتے تھے کہ اپنے دن کا آغاز صدقہ دے کر کرنا چاہیے۔

ا۔ صدقہ سے نحوست دور ہوتی ہے:

---

[1] سورۃ البقرۃ، آیت نمبر ۲۷۱

[2] جوامع الحکایات ۲۔۱۳۵

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ایک شخص کے ساتھ میری زمین مشترک تھی، میں نے اس سے تقسیم کا مطالبہ کیا، وہ شخص علم نجوم سے بھی شغف رکھتا تھا وہ جان بوجھ کر تقسیم میں تاخیر کرتا رہا تا کہ سعد ساعت آسکے، آخر کار ایک دن اس نے تقسیم کی حامی بھر لی اور میں تقسیم کے لئے روانہ ہوا تو وہ ساعت اس کے علم کے مطابق اس کے لئے سعد تھی اور میرے لئے نحس تھی۔

ہم نے زمین تقسیم کی، قرعہ اندازی ہوئی تو اسے زمین کا ٹکڑا ملا جو غیر آباد تھا اور آباد ٹکڑا میرے حصے میں آیا۔

یہ دیکھ کر اس نے ٹھنڈی سانس بھر لی اور کہا: "اس دن جیسا نحس دن میں نے پہلے کبھی نہیں دیکھا۔

اس نے کہا: "میں نے تقسیم کے لئے اس ساعت کا انتخاب کیا تھا جو میرے لئے سعد اور آپ کے لئے نحس تھی، مگر قرعہ اندازی میں الٹا مجھے نقصان پہنچا۔

میں نے کہا: "اگر چاہو تو میں تمہیں وہ حدیث سناؤں جو میرے والد نے مجھے سنائی تھی؟"۔

اس نے کہا: "ضرور سنائیں"۔

میں نے کہا: "پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "جو شخص یہ چاہتا ہو کہ دن کی نحوست اس سے دور رہے تو اپنے دن کا آغاز صدقہ سے کرے اور جو چاہتا ہو کہ رات کی نحوست سے محفوظ رہے تو رات کا آغاز صدقہ سے کرے"، اور آج صبح جب میں تقسیم کے لئے روانہ ہوا تو میں نے پہلے صدقہ دیا"۔

یاد رکھو! علم نجوم پر بھروسہ کرنے سے صدقہ دینا زیادہ بہتر ہے۔[1]

۲۔ حاتم کی والدہ:

حاتم طائی کی والدہ کا نام عتبہ بنت عضیف تھا وہ انتہائی سخی خاتون تھیں وہ اپنی دولت محتاجوں اور مستحقین میں تقسیم کیا کرتی تھی۔

جب اس کے بھائیوں نے اس کی سخاوت کو دیکھا اور سوچا کہ ہماری بہن کے پاس جو کچھ بھی آتا ہے وہ لوگوں کو لٹا دیتی ہے تو انہوں نے اس سے اپنی ساری دولت واپس لے لی اور کہا کہ تو ہماری ساری دولت تباہ کر رہی ہے۔

پورے ایک سال تک اسے بھائیوں نے کچھ بھی نہ دیا، ایک سال گزرنے کے بعد انہوں نے آپس میں مشورہ کیا اور کہا کہ پورے ایک سال تک ہماری بہن کے ہاتھ کچھ نہیں رہا اب اسے تجربہ ہو گیا ہو گا لہذا اب اسے کچھ نہ کچھ دولت دے دینی چاہیے اور ہمیں امید رکھنی چاہیے کہ ہماری بہن اس دولت کو اعتدال کے ساتھ خرچ کرے گی۔

انہوں نے اونٹوں کا ایک گلہ اُسے دے دیا اور کہا کہ آپ اس سے استفادہ کریں۔ جیسے ہی وہ بی بی اونٹوں کے گلے کی مالک بنی تو قبیلہ بنی ہوزان کی ایک خاتون حاتم کی ماں کے پاس آئی تو حاتم کی ماں نے اسے اچھا کھانا کھلایا اور اس کا احترام کیا، اور

---

[1] با مردم اینگونہ برخورد نمائیم، ص ۱۳۵، الکافی ۴-۶

پوراکا پوراادنٹوں کا گلہ اس خاتون کو دے دیا اور کہا معاف رکھنا پورے ایک سال تک میرے ہاتھ میں کچھ نہیں تھا اور میں نے اپنے آپ سے عہد کیا تھا کہ جیسے ہی میرے ہاتھ میں کچھ نہ کچھ آئے گا تو میں سائلین اور مستحقین میں تقسیم کر دوں گی۔ [1]

۳۔ رات کی تاریکی میں صدقہ دینے والا:

معلی بن خنیس کا بیان ہے کہ ایک شب جب کہ بادو باران جاری تھا میں نے دیکھا کہ امام جعفر صادقؑ کوئی بھاری چیز اٹھائے ہوئے تھے اور گھر سے نکل کر ''ظلہ بنی ساعدہ'' (بنی ساعدہ نے رفاہ عامہ کے لئے چھپر سا بنایا ہوا تھا جہاں مسافر اور خستہ حال افراد آکر آرام کرتے تھے) کی طرف جا رہے تھے۔

میں آہستہ سے اُن کے پیچھے چل پڑا، راستہ میں کچھ چیز گری تو امام عالی مقامؑ نے کہا: ''**بسم الله اللهم رد علینا**'' خدایا! ہماری گری ہوئی چیز ہمیں واپس کر دے۔

میں نے آگے بڑھ کر آپ کے پاس گیا اور انہیں سلام کیا۔

آپؑ نے فرمایا: ''معلی ہو؟''

میں نے عرض کی: ''جی ہاں! معلی ہوں''

آپؑ نے فرمایا: ''اچھی طرح سے نیچے نظر کرو تمہیں جو کچھ ملے وہ مجھے پکڑا دینا''

میں نے تلاش شروع کی تو بہت سی روٹیاں بکھری ہوئی تھیں، میں نے جمع کر کے آپؑ کو دیں اور عرض کیا: ''آقا! اتنا بڑا وزن آپ نہ اٹھائیں، آپ یہ وزن میرے سپرد کریں، اسے میں اٹھاؤں گا:''

آپؑ نے فرمایا: ''نہیں تمہاری نسبت اس وزن کے اٹھانے کا میں زیادہ حقدار ہوں، تم میرے ساتھ ظلہ بنی ساعدہ تک آؤ''۔

جب ہم وہاں پہنچے تو ہم نے بہت سے افراد کو سویا ہوا دیکھا، امام جعفر صادقؑ ہر شخص کے سرہانے ایک ایک یا دو دو روٹیاں رکھتے گئے، آپؑ نے روٹیوں کی بھری ہوئی ٹوکری وہاں تقسیم کی اور وہاں سے واپس آئے تو میں نے عرض کی: ''فرزند رسول! کیا یہ لوگ حق کی معرفت رکھتے ہیں؟'' مقصد یہ تھا کہ یہ لوگ آپؑ کے شیعہ ہیں؟

آپؑ نے فرمایا: ''اگر یہ حق کے عارف ہوتے تو ہم نمک میں بھی ان کی مدد کرتے'' (ممکن ہے اس سے یہ مقصد ہو کہ اگر یہ شیعہ ہوتے تو ہم انہیں اپنے دسترخوان پر بیٹھا کر کھانا کھلاتے اور خود بھی ان کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھاتے)۔ [2]

---

[1] جوامع الحکایات۔

[2] منتھی الامال ۲۔۷۔۱۴

۴۔ شیطانوں کی دادی:

سید نعمت اللہ جزائری اپنی کتاب میں نقل کرتے ہیں کہ ایک سال قحط پڑا اور ایک واعظ مسجد میں منبر پر تقریر کی، اور کہا جب کوئی شخص صدقہ دینا چاہتا ہے تو ستر شیطان اس کے ہاتھوں سے لپٹ جاتے ہیں اور اُسے صدقہ دینے سے روک لیتے ہیں۔

مجمع میں ایک مومن بیٹھا ہوا تھا اور اپنے دوستوں کہا کہ بھائی صدقہ دینا کوئی اتنا بڑا مشکل تو نہیں ہے میرے گھر میں کچھ گندم رکھی ہوئی وہ میں مسجد میں لے آؤں گا اور اسے غرباء اور فقراء میں بطور صدقہ تقسیم کروں گا دیکھتا ہوں میرے ہاتھوں سے کیسے ستر شیطان لپیٹتے ہیں۔

یہ نیت کر کے وہ شخص اُٹھا اور اپنے گھر گیا جب اس کی بیوی کو اس کے ارادے سے آگاہی ہوئی تو کہنے لگی کچھ تو خوف کا خدا کرو کم از کم اپنے بچوں پر ترس کرو، میرے اوپر ترس کرو، پہلے ہی اس شہر میں قحط پڑا ہوا ہے اور ہو سکتا ہے کہ قحط کا عرصہ طویل ہو جائے تو ہم بھوک سے مر جائیں گے۔

خلاصہ یہ کہ عورت نے اس کو اتنا ملامت کیا اور اتنے وسوسے ڈالے تو وہ شخص خالی ہاتھ مسجد میں لوٹ آیا۔

مسجد میں بیٹھے ہوئے حاضرین نے پوچھا: ''ہاں کیا ہوا؟ ستر شیطان دیکھے تھے جو آ کر تیرے ہاتھوں میں لپیٹ گئے ہوں گے:''

اس مرد مومن نے جواب دیا: نہیں جناب مجھے شیطان تو دکھائی نہیں دیئے البتہ مجھے شیاطین کی دادی ملی اس نے مجھے یہ نیک عمل کرنے سے روک دیا۔[1]

۵۔ صاحب بن عباد:

صاحب بن عباد ایک مشہور شخصیت تھے اور اوراق تاریخ میں ان کی خوبیوں کا تذکرہ ملتا ہے آپ بہت بڑے علم فاضل اور دانش مند فقیہ تھے۔

آپ ۳۲۶ھ میں پیدا ہوئے، موید الدولہ دیلمی کے دور سے ان کی وزارت کا آغاز ہوا تھا اور فخر الدولہ کے دور تک منصب وزارت پر فائز رہے، آپ باکردار اور باکمال شخصیت کے مالک تھے اور وزراء کی فہرست میں ان جیسا صاحب کمال اور کوئی نہیں گزرا ان کی زرین ملکی خدمات سے متاثر ہو کر سلطان نے انہیں ''کافی الکفاۃ'' کا لقب دیا تھا۔

شیخ صدوق رضوان اللہ علیہ نے اپنی کتاب عیون الاخبار بھی انہی کے لئے تالیف کی تھی حسین بن محمد قمی نے تاریخ قم بھی انہی کے لئے تالیف کی تھی۔

---

[1] ابلیس نامہ ص ۶۰، انوار نعمانیہ ۳۔۹۶۔

ماہ رمضان میں اگر کوئی شخص عصر کے وقت ان کے پاس آتا تو افطار کے بغیر اسے جانے نہیں دیتے تھے صاحب بن عباد کی سخاوت کا یہ عالم تھا کہ بعض اوقات ان کے دستر خوان پر ایک ہزار افراد کھانا کھاتے تھے۔

صاحب بن عباد گیارہ ماہ میں جتنا انفاق کرتے تھے اتنا ہی انفاق ماہ رمضان میں کیا کرتے تھے، یہ سب کچھ ان کی والدہ کی تربیت کا اثر تھا، ان کی والدہ کا معمول تھا کہ جب بچپن میں صاحب قرآن مجید پڑھنے کے لئے مسجد جاتے تھے تو وہ انہیں ایک دینار اور ایک درہم روزانہ دیتی تھیں اور کہتی تھی کہ بیٹا راستے میں تجھے جو پہلا سائل ملے یہ رقم صدقہ کے طور پر اسے دے دینا۔

ماں کی تربیت ان میں اتنی راسخ ہوئی کہ انہوں نے اپنی جوانی اور اپنی وزارت کے ایام میں بھی اس معمول کو ترک نہیں کیا تھا۔

انہوں نے اپنی خواب گاہ کے ملازم کو ہدایت کی ہوئی تھی کہ وہ روزانہ ان کے سرہانے کے نیچے یہ رقم رکھ دیا کرے اور جوں ہی وہ صبح بیدار ہو کر مسجد جاتے تھے تو وہ رقم ساتھ لے جاتے اور کسی نہ کسی مسکین کو دے دیتے۔

ایک شب خادم رقم رکھنا بھول گیا صاحب حسب عادت اٹھے تو رقم موجود نہ تھی اور اس وجہ سے صاحب پریشان ہو گئے اور دل میں کہنے لگے کہ شاید آج میری موت کا وقت آ گیا ہے، آج صبح کا صدقہ دینے سے محروم ہو گیا ہوں۔

انہوں نے خادم سے کہا کہ: "میرے اس کمرے کی تمام اشیاء کو جمع کرو اور باہر جا کر دیکھو جو سائل تمہیں سب سے پہلے ملے اسے یہاں لے آؤ اور تمام سامان اس کو دے دو"۔

خادم باہر گیا تو ایک نابینا شخص کو دیکھا جس کا ہاتھ اس کی بیوی نے پکڑا ہوا تھا۔

خادم اس کے پاس گیا اور کہا: "اے سائل! ہم جو کچھ تمہیں دیں گے کیا تم لو گے؟"

سائل نے کہا: کیوں نہیں، تم مجھے کیا دینا چاہتے ہو؟"

خادم نے اسے بتایا کہ اطلس وخواب کا بستر، قالین اور دیبا کی رضائی تمہیں دینا چاہتے ہیں"۔

جب سائل نے ان چیزوں کے نام سنے تو فرط مسرت سے بے ہوش ہو گیا، خادم نے آ کر اسے اطلاع دی، صاحب گھر سے باہر گئے تو سائل پر بے ہوشی طاری تھی صاحب نے اس کے منہ پر پانی کے چھینٹے مارے کچھ دیر بعد وہ ہوش میں آ گیا۔

صاحب نے کہا: "بندہ خدا! تجھے کیا ہوا تھا اور تو بے ہوش کیوں ہو گیا؟"

اس نے کہا: اس کی وجہ یہ ہے کہ میرا تعلق خاندان سادات سے ہے اور میں ایک آبرومند شخص ہوں لیکن چند سالوں سے گردش ایام کی وجہ سے تہی دست ہو گیا ہوں اس عورت سے خدا نے مجھے ایک بیٹی عطا کی ہے، میری بیٹی سن رشد کو پہنچ چکی ہے اور ایک نوجوان کے ساتھ میں نے اس کا عقد کر دیا ہے لیکن رخصتی ابھی باقی ہے مجھے بیٹی کے لئے جہیز کی ضرورت ہے آج رات میری بیوی مجھ سے یہ کہتی رہی کہ بیٹی کے لئے دیبا کا ایک لحاف تیار کرواؤ اور کچھ ریشمی جوڑے بھی بچی کو جہیز میں دو۔

میں نے بیوی سے کہا نیک بخت میرے حالات تجھ سے مخفی نہیں ہیں میں ایک غریب اور نابینا شخص ہوں میں یہ اشیاء کیسے

فراہم کرسکتا ہوں؟ مگر تمام حالات جاننے کے باوجود میری بیوی کا اصرار پھر بھی قائم رہا میں نے مجبور ہو کر کہا کہ صبح ہوگی تو تم میرا ہاتھ پکڑ کر مسجد کے دروازے پر لے جانا ممکن ہے اللہ تعالیٰ کوئی نہ کوئی سبب پیدا کردے، اب جو تمہارے خادم نے مجھے اتنی قیمتی اشیاء دینے کی پیشکش کی تو میں فرط مسرت سے بے ہوش ہوگیا۔

صاحب بن عباد یہ ماجرا دیکھ کر متعجب ہوئے اور حکم دیا کہ تم یہ سامان بھی لے جاؤ اور تمہاری بیٹی کے لئے جہیز ہم خود تیار کریں گے، تمہیں اس کے لئے فکر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے، اس کے بعد اس کے داماد کو بلایا اور اسے معقول رقم دے کر کہا کہ تم اس سے اپنے لئے کوئی کاروبار کرو۔ [1]

---

[1] پند تاریخ ۳۔ ۱۱۲، اوقات الجنات ص ۱۰۵۔

باب نمبر 53

صلہ رحمی

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ۔[1]

''پھر اگر تم نے (جہاد) سے منہ پھیر لیا ہے تو تم سے توقع کی جا سکتی ہے کہ تم زمین میں فساد برپا کرو گے اور اپنے رشتوں کو توڑ ڈالو گے۔

امام محمد باقر علیہ السلام کا فرمان ہے:

صلة الارحام تطیب النفس و تزید فی الرزق۔[2]

''صلہ رحم سے انسان کا نفس پاکیزہ ہوتا اور اس سے رزق میں اضافہ ہوتا ہے''

مختصر تشریح:

لفظ رحم کا اطلاق رشتہ داری اور قرابت داری پر ہوتا ہے اور قطع رحمی ایک بہت بڑا جرم ہے۔

رشتہ داروں کے ساتھ نیکی کرنا، بھلائی کرنا اور غربت کی حالت میں روپے پیسے سے اُن کی مدد کرنا بہت بڑی عبادت ہے اور صلہ رحمی کرنے والے افراد کی عمر کو خداوند تعالیٰ لمبا کر دیتا ہے اُن کے رزق میں وسعت پیدا ہوتی ہے اور قیامت کے دن اُن کا حساب آسان ہوگا۔

وہ لوگ جو اپنے قبیلہ وقوم سے نفرت کرتے ہیں اُن کے لئے پریشانی کا باعث بنتے ہیں اور قاطع رحم بن جاتے ہیں، اُن کی دنیا و آخرت تباہ و برباد ہو جاتی ہے اُن کی عمر اور رزق میں کمی واقع ہوتی ہے، اللہ تعالیٰ انہیں اپنے لطف و کرم سے محروم کر دیتا ہے، حدیث قدسی میں ارشاد خداوندی ہے میں رحمان ہوں، جو بھی اپنے رشتہ داروں سے قطع تعلق کرتا ہے تو میں بھی اس سے قطع تعلق کر لیتا ہوں''

---

[1] سورہ محمد آیت ۲۲۔

[2] جامع السعادات، ۲۔ ۲۶۰

کرو مہربانی تم اہل زمین پر
خدا مہربان ہو گا عرش بریں پر

ا۔ وبا:

امام صادق علیہ السلام کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور عرض کی مولا! میرے چچا کی اولاد نے مجھ پر زندگی تنگ کر دی ہے اور مجھے اتنا مجبور کر دیا ہے کہ اب میں صرف ایک کمرے میں رہنے پر مجبور ہو گیا ہوں اگر آپ اجازت دیں تو میں حاکم کے پاس جا کر ان کی شکایت کروں اور ان سے اپنا حق وصول کروں؟

آپؑ نے فرمایا: صبر سے کام لو عنقریب اللہ تعالیٰ تمہیں اس مشقت سے رہائی دلائے گا پس چند دن گزرے کہ ۱۳۱ھ کو وبا پھیل گئی اور اس کے چچا زاد بھائیوں میں سے کوئی بھی زندہ باقی نہ بچا اور سب کے سب ہلاک ہو گئے۔

چند دنوں بعد وہ شخص خدمت امامؑ میں حاضر ہوا امام علیہ السلام نے فرمایا: تمہارے رشتہ داروں کا کیا حال ہے؟

اس نے کہا وہ سب کے سب مر گئے، آپ علیہ السلام نے فرمایا: ان کی موت اسی لئے واقع ہوئی کہ انہوں نے تجھ سے قطع رحمی کی تھی اور کیا تم یہ پسند نہیں کرتے چاہے وہ تم پر ظلم کریں پھر بھی زندہ ہیں؟ اس نے کہا جی ہاں میں ان کی موت پر خوش نہیں ہوں۔ [1]

۲۔ امام علیہ السلام کی صلہ رحمی:

حسن بن علی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے چچا زاد بھائی تھے وہ انتہائی دلیر انسان تھے لوگ انہیں رُمح آل ابو طالب (آل ابو طالب کا نیزہ) کہتے تھے اُن کی ناک انتہائی حسین تھی جس کی وجہ سے لوگ اُسے حسن افطس بھی کہتے تھے۔

جب عبداللہ محض نے (جو حضرت امام حسنؑ کے پوتے تھے) منصور دوانیقی کے خلاف خروج کیا تھا تو یہ بھی اُنہی کے ساتھ تھے اسی عنوان پر اُسے امام جعفر صادق علیہ السلام سے شدید کدورت تھی، معاملہ یہاں تک جا پہنچا کہ ایک دفعہ اس نے چاقو نکال کر امام علیہ السلام پر حملہ کرنا بھی چاہا تھا۔

امام علیہ السلام کی ایک کنیز تھی جس کا نام سالمہ تھا، کنیز بیان کرتی ہے کہ جب امام علیہ السلام کی شہادت کا وقت قریب آیا تو میں بھی امام علیہ السلام کے سرہانے اُن کی عیادت کے لئے وہاں موجود تھی امام یک مرتبہ بے ہوش ہوئے پھر اس کے بعد جب ہوش میں آئے تو مجھے فرمایا کہ ستر دینار حسن افطس کو دینا، فلاں فلاں مقدار فلاں فلاں افراد کو دینا، میں نے عرض کیا: آقا! کیا ایسے شخص کو ستر دینار دیئے جائیں جس نے آپ پر چھری سے حملہ کیا اور آپ کو شہید کرنے کا خواہشمند تھا؟

آپؑ نے فرمایا: کیا تجھے پسند نہیں ہے کہ میں اُن لوگوں میں سے بنوں جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد

---

[1] سفینۃ البحار، ۱۔ ۵۱۵، الکافی۔

فرمایا ''وَالَّذِينَ يَصِلُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُونَ سُوءَ الْحِسَابِ '' (سورہ رعد آیت نمبر ۲۱)

ہمارے نیک بندے وہ ہیں جس تعلق کو اللہ نے حکم دیا ہے کہ قائم کرو وہ اس تعلق کو قائم کرتے ہیں، وہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور برے حساب سے خوف رکھتے ہیں' پھر آپ نے فرمایا سالمہ سنو! اللہ نے جنت کو پیدا کیا ہے اور اُسے پاکیزہ قرار دیا ہے انسان اس کی خوشبو دو ہزار سال کے فاصلے سے محسوس کرتا ہے لیکن قطع رحمی کرنے والے اور اپنے والدین کی نافرمانی کرنے والے شخص کی ناک تک یہ خوشبو کبھی نہیں پہنچے گی۔ [1]

۳۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صلہ رحمی:

جنگ بدر میں ابو بشیر انصاری نے عباس بن عبد المطلب اور عقیل بن ابو طالب کو گرفتار کر کے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا۔

رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان کی گرفتاری میں کسی نے تمہاری مدد کی تھی؟

ابوالبشیر انصاری نے کہا جی ہاں! ایک سفید لباس والے شخص نے ان کی گرفتاری میں میری مدد کی تھی۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ فرشتہ تھا، بعد ازاں آپ نے اپنے چچا عباس کی جانب رخ کر کے فرمایا، اپنا فدیہ اور خون بہا اور اپنے بھتیجے عقیل کا فدیہ ادا کرو۔

عباس نے کہا یا رسول اللہ! میں تو مسلمان ہو چکا تھا مکہ والے مجھے اپنے ساتھ زبردستی لائے تھے۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، اللہ تمہارے اسلام کو بخوبی جانتا ہے اگر اس میں حقیقت ہوئی تو اللہ تعالیٰ تمہیں ایمان کا بدلہ دے گا، مگر تم نے ظاہری طور پر ہمارے خلاف چڑھائی کی اور تم نے خدا سے جنگ کی اور تم نے خدا کو اپنا مخالف بنایا ہے۔

پھر آپ نے دوسری مرتبہ فرمایا کہ تم اپنا اور اپنے بھتیجے کا فدیہ ادا کرو۔

عباس نے کہا: آپ مجھے اس حالت میں دیکھنا چاہتے ہیں کہ میں لوگوں سے بھیک مانگتا پھروں۔

بعد ازاں رسول خدا نے عباس کے متعلق حکم دیا کہ اسے بھی دوسرے اسیران قریش کے ساتھ قید کر دیا جائے، جیسے ہی رات گزری تو تمام مجاہدین اسلام سو گئے بعض مجاہدین جو کہ جاگ رہے تھے انہوں نے دیکھا کہ حضور اکرم کو نیند نہیں آ رہی بے چین ہو کر کبھی دائیں اور کبھی بائیں کروٹیں بدل رہیں ہیں، لوگوں نے آپ سے عرض کی آپ جنگ بدر سے تھکے ماندے واپس آئے ہیں آپ کو آرام کرنا چاہیے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''كيف انام واستقر و وانا اسمع انين عمى العباس فى الحبل ونشيجه '' میں کیونکر نیند کر سکتا ہوں جبکہ میں اپنے چچا عباس کے گریہ و نالہ کی فریاد سن رہا ہوں۔

---

[1] حکایتہای شنیدنی ۵، ص ۳۰، الغیبۃ للطوسی۔

مسلمان عباس کے پاس گئے اور اس کی رسیاں کھول دیں اور اسے بتایا کہ تمہارے گریہ و نالہ کی وجہ سے رسول اکرمؐ بے چین ہیں، عباس کی آہیں جیسے ہی خاموش ہوئیں رسول خداؐ کو نیند آگئی۔ [1]

۴۔ صلہ رحمی کا زندگی سے براہ راست واسطہ:

شعیب عقرقوفی، امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے معتمد ساتھیوں میں سے تھے وہ بیان کرتے ہیں کہ ایام حج تھے اور ہم حج کے لئے گئے ہوئے تھے ایک دن امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے مجھے فرمایا: شعیب! کل تم سے ایک شخص ملاقات کرے گا جس کا تعلق مراکش کے علاقے سے ہوگا، اور وہ تجھ سے میرے متعلق دریافت کرے گا تو تم اسے جواب میں کہنا خدا کی قسم موسیٰ بن جعفرؑ امام ہیں اور امام صادقؑ نے اُن کی امامت پر نص فرمائی ہے، اور اگر وہ تجھ سے حلال و حرام کے متعلق سوال کرے تو تم میری طرف سے اسے جواب دینا، میں نے عرض کیا: "مولا! میں آپ پر قربان جاؤں اس مغربی شخص کی کیا علامت ہے؟ آپ نے فرمایا، وہ بلند قامت اور درشت خدوخال کا مالک ہے اس کا نام یعقوب ہے اور جب تم اس سے ملاقات کرنا تو بالکل نہ گھبرانا اور تم سے وہ جو چیز بھی پوچھے تو تم اس کا جواب دینا اور اگر وہ میرے پاس آنا چاہے تو اسے میرے پاس لے آنا۔

شعیب کہتا ہے خدا کی قسم دوسرے دن میں مصروف طواف تھا کہ ایک لیم و شیم شخص نے میری طرف رخ کیا اور کہا میں تجھ سے تیرے آقا و مولا کے متعلق دریافت کرنا چاہتا ہوں۔

میں نے کہا: "آپ میرے کس آقا و مولا کی بات پوچھنا چاہتے ہو؟"

اس نے کہا میں موسیٰ بن جعفرؑ کے متعلق پوچھنا چاہتا ہوں، میں نے پوچھا "تمہارا نام کیا ہے اور کہاں کے رہنے والے ہو اور تم نے مجھے کیسے پہچانا؟"

اس نے کہا میرا نام یعقوب ہے اور میں مغرب کے رہنے والا ہوں اور مجھے خواب میں ایک شخص نے حکم دیا تھا کہ شعیب سے ملاقات کرو اور جو کچھ پوچھنا چاہتے ہو اس سے پوچھو، اور جب میں بیدار ہوا تو میں نے تمہیں تلاش کرنا شروع کیا اور آخر کار تمہیں ڈھونڈ نکالا۔

میں نے کہا آپ یہاں کچھ دیر انتظار کریں تاکہ میں طواف مکمل کرلوں پھر آکر آپ سے گفتگو کروں گا، طواف مکمل کرنے کے بعد میں نے اس سے ملاقات کی اور اس سے گفتگو کی تو وہ شخص مجھے دانا اور عاقل نظر آیا، اس نے امام موسیٰ کاظمؑ سے ملاقات کی خواہش کا اظہار کیا میں اسے امام علیہ السلام کی خدمت میں لے آیا۔

امام علیہ السلام نے اسے دیکھ کر فرمایا، تو کل سرزمین مکہ میں وارد ہوا اور فلاں مقام پر تمہارے اور تمہارے بھائی کے درمیان جھگڑا ہوا اور تم نے ایک دوسرے کو گالیاں دی، یاد رکھو! یہ ہمارا کردار نہیں ہے میرے آباؤ اجداد اور میرا دین اس چیز کا مخالف

---

[1] پیغمبر و یاران، ۲۔۸۵، طبقات ۴۔۲۰۷۔

ہے اور ہمارا دین ہمیں ایسا کرنے سے منع کرتا ہے، خدا سے ڈرو اور پرہیزگاری اختیار کرو، عنقریب موت تمہارے اور تمہارے بھائی کے درمیان جدائی ڈال دے گی، اور تمہارا بھائی اس سفر میں مرجائے گا اور اسے وطن کا منہ بھی دیکھنا نصیب نہ ہوگا تم نے چونکہ قطع رحمی کی ہے اس لئے اللہ نے تمہاری عمر قطع کردی ہے۔

اس شخص نے پوچھا، مولا! تو میں کب مروں گا؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: تمہیں بھی موت آنے ہی والی تھی کہ تم نے فلاں منزل پر اپنی پھوپھی سے مہربانی اور صلہ رحمی کی اس لئے تمہاری عمر میں بیس سال کا اضافہ کردیا گیا۔

شعیب عقرقوفی کہتے ہیں کہ ایک سال بعد مکہ کے راستے میں میری یعقوب سے ملاقات ہوئی اور میں نے اس سے پچھلے سال کی سرگزشت دریافت کی تو اس نے بتایا کہ پچھلے سال میرا بھائی وطن پہنچنے سے پہلے ہی مرگیا تھا اور راستے میں میں نے اسے دفن کیا تھا۔[1]

۵۔ محمد بن اسماعیل:

یحییٰ بن خالد برمکی نے ایک دفعہ اپنے ساتھیوں سے کہا کہ امام موسیٰ کاظم کے متعلقین میں سے کسی ایسے فرد کو تلاش کیا جائے جو امام علیہ السلام کی ہارون کے سامنے مخالفت اور شکایت کرے۔

یحییٰ کے دوستوں نے مشورہ دیا کہ یہ کام محمد بن اسماعیل بن جعفر صادق سرانجام دے سکتا ہے اور اس کے لئے وہی موزوں ترین شخص ہے کیونکہ وہ امام علیہ السلام کا بھتیجا بھی ہے۔

یحییٰ بن خالد برمکی نے محمد بن اسماعیل کو خط لکھ کر بغداد طلب کیا، امام موسیٰ کاظم علیہ السلام اپنے بھتیجے پر ہمیشہ شفقت کیا کرتے تھے، اور جب امام عالی مقام نے سنا کہ وہ بغداد جارہا ہے تو آپ نے اسے بلا کر فرمایا: میں نے سنا ہے کہ تم بغداد جارہے ہو؟

اس نے کہا کہ میں اس وقت قرض اور تنگ دستی میں مبتلا ہوں ممکن ہے بغداد جانے کی وجہ سے میرا قرض ادا ہو سکے۔

آپ نے فرمایا: میں تمہارا قرض ادا کردیتا ہوں مگر وہ آمادہ نہ ہوا، اس کے باوجود آپؑ نے اسے تین ہزار دینار اور چار ہزار درہم عطا فرمائے، جب وہ آپؑ کے پاس سے اٹھ کر چلا گیا تو آپؑ نے فرمایا میرے بچوں کو یتیم بنانے کی کوشش نہ کرنا، اور میرے خون میں ہاتھ رنگین نہ کرنا۔

جب وہ آپ کے بیت الشرف سے نکلنے لگا تو آپ نے فرمایا، میں جانتا ہوں یہ بغداد جا کر مجھ پر چغل خوری کرے گا اور میرے لئے مصائب کا سامان فراہم کرے گا:

---

[1] منتہی الامال، ۲، ۲۰۶۔

آپ کے ساتھیوں نے عرض کی: مولا تو پھر آپ نے ایسے شخص کی مدد کیوں کی؟ آپ نے فرمایا: میرے آبائے طاہرین نے رسالت مآبؐ سے روایت کی ہے انہوں نے فرمایا: ''ان الرحم اذاقطعت فوصلت قطعها الله'' جب ایک رشتہ دار دوسرے پر جفا کرے اور دوسرا اس سے نیکی کرے تو ستم گار تباہ ہوجاتا ہے اور اس کی زندگی کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔

علی بن اسماعیل مدینہ سے بغداد گیا، یحییٰ بن خالد نے اس کا پرتپاک استقبال کیا، محمد بن اسماعیل نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی شکایتیں کی، یحییٰ برمکی اسے ہارون کے پاس لے گیا جاتے ہی محمد بن اسماعیل نے ہارون سے کہا مجھے تعجب ہے کہ ایک وقت میں دو خلیفہ موجود ہیں، مدینہ میں موسیٰ بن جعفرؑ خلیفہ ہیں اور مشرق و مغرب سے ان کے پاس خراج آرہا ہے اور ادھر بغداد میں آپ خلیفہ ہیں۔

ہارون الرشید نے بیس ہزار درہم کی اسے رسید لکھ دی اور محمد بن اسماعیل نے کہا کہ بہتر یہ ہے کہ رقم کا خط مشرقی علاقے کے کسی حکمران کے نام لکھ کر دیا جائے تاکہ مجھے وہاں سے لے جانے میں آسانی رہے۔

ابھی اسے انعام کی رقم نہیں ملی تھی وہ قضائے حاجت کے لئے بیت الخلا گیا تو وہاں سے اس کی زوردار چیخیں سنائی دیں، لوگ اسے وہاں سے اٹھا کر لائے تو اس کی انتڑیاں اور ہاضمہ کا نظام باہر آچکا تھا۔

طبیبوں نے اس کے بچانے کی سرتوڑ کوششیں کیں وہ بستر پر تڑپ رہا تھا حکومت کے ملازمین اس کے انعام کی رقم کو لیکر آئے اور کہا کہ تمہارا انعام حاضر ہے۔

اس نے کہا اب میں اس انعام کو لے کر کیا کروں گا میں تو چند لمحات میں مرنے والا ہوں، چند ساعات بعد وہ مر گیا۔

اس کے بعد امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کو قید کرلیا گیا اور زندان میں ہی امام علیہ السلام کی شہادت واقع ہوئی۔ [1]

---

[1] جامع النورین، ص ۲۴۔

باب نمبر 54

ظلم و ستم

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

''وَسَیَعۡلَمُ الَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡۤا اَیَّ مُنۡقَلَبٍ یَّنۡقَلِبُوۡنَ'' [1]

اور ظالموں کو عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ وہ کس انجام کو پلٹ کر جائیں گے۔

امام باقر علیہ السلام نے فرمایا:

''ما من احد یظلم بمظلمة الا اخذه الله تعالیٰ بها فی نفسه او ماله۔'' [2]

''جو شخص کسی پر ظلم کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے مال یا جان میں سے کچھ نہ کچھ لے لے گا''

مختصر تشریح:

ظلم و ستم اللہ تعالیٰ کے فرمان سے سرکشی کا دوسرا نام ہے یہ چیز شریعت اور عقل کے حدود سے خارج ہے، ظلم و ستم انتہائی قابل مذمت ہے، انسانیت کی پوری تاریخ ظالموں اور مظلوموں سے بھری ہوئی ہے تاریخ یہ بتاتی ہے کہ ہر دور کے ظالموں اور سرکشوں اور طاقتوروں نے ناتوانوں پر مظالم ڈھائے جو بھی حریم الٰہی کو توڑنے، قتل کرے یا زنا کرے یا انسانوں کی جانوں سے کھیلے وہ شخص حدود خداوندی سے تجاوز کرتا ہے، شہوات نفسانی میں غوطہ کھا رہا ہے سرکشی کی مرض میں وہ شخص مبتلا ہے، عنقریب جلد یا دیر سے ایسا شخص اللہ تعالیٰ کی عقوبت میں گرفتار ہو جاتا ہے، آخر بے نوا لوگوں اور مظلوموں کی آہ اُسے لے ڈوبتی ہے۔

ا۔ ظلم داذنہ:

ملک شام میں ایک بادشاہ گزرا ہے جس کا نام داذنہ تھا وہ خدا کو نہیں مانتا تھا بت پرستی کیا کرتا تھا اللہ تعالیٰ نے جرجیس پیغمبر کو نبوت دے کر اس کی طرف مبعوث کیا۔

جرجیس پیغمبر اس کے پاس گئے اسے توحید خداوندی کی دعوت دی، داذنہ نے اُن سے پوچھا کہ تم کس شہر کے

---

[1] شعراء آیت نمبر ۲۲۷۔

[2] جامع السعادات، ۲۔ ۲۲۰۔

رہنے والے ہو؟

حضرت جرجیس نے فرمایا کہ میں اہل روم اور فلسطین سے تعلق رکھتا ہوں، اس نے حکم دیا کہ جرجیس کو قید میں ڈال دیا جائے اور لوہے کی کنگھیاں اُن کے جسم پر پھیری جائیں اسے زخمی کردیا جائے، اس کا گوشت اُن کنگھیوں کے ذریعے سے نکال دیا جائے، اس کے زخمی بدن پر سرکہ ڈالا جائے اور آگ سے تپی ہوئیں فولادی سیخیں اس کے رانوں اور زانوں پر ماری جائیں اور اس کے سر پر اتنی سیخیں ماری جائیں کہ مرجائے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت جرجیس کے پاس ایک فرشتہ بھیجا اس نے کہا کہ اللہ تعالیٰ فرمارہا ہے صبر کر، شاد رہ اور مت ڈر، اللہ تعالیٰ تمہیں ان لوگوں سے نجات دے گا، یہ چار مرتبہ تجھے قتل کریں گے لیکن ہر بار میں تجھے تکلیف اور درد سے محفوظ رکھوں گا۔

داذنہ نے آپ پر ظلم کیا اور آپ کو قتل کردیا، خدا نے آپ کو زندگی دے دی، دوسری مرتبہ پھر آپ داذنہ کے پاس تبلیغ کے لئے گئے تو اس نے حکم دیا کہ اس کی پشت اور شکم پر تازیانے مارے جائیں اور حکم دیا کہ جتنے بھی ساحر اور جادوگر ہمارے ملک میں رہتے ہیں اُن سب کو لایا جائے تاکہ وہ اس پر جادو کریں، جادوگروں نے آکر پورا زور لگایا لیکن کسی کا جادو اُن پر اثر نہ کرسکا۔

بعد میں اُن کو زہر کھلایا گیا حضرت جرجیس نے خدا کا نام لیا تو زہر نے اُن پر کوئی اثر نہ کیا، جادوگر کہنے لگا اگر یہ زہر پوری زمین میں رہنے والوں کو کھلایا جاتا تو سب کے سب مرجاتے اُن کی شکلیں بدل جاتیں اُن کی آنکھیں اندھی ہوجاتیں لیکن جرجیس پر اس کا کوئی اثر نہ ہوا، یہ دیکھا تو وہ شخص حضرت جرجیس پر ایمان لے آیا، بادشاہ نے اس تازہ مسلمان جادوگر کو قتل کردیا۔

کئی مرتبہ حضرت جرجیس کو زندان میں ڈالا گیا اور حکم دیا کہ اسے ٹکڑے ٹکڑے کرکے کنوئیں میں ڈال دیا جائے۔

خداوند تعالیٰ نے اُن پر زلزلہ بھیجا لیکن اس کے باوجود بھی وہ متنبہ نہ ہوئے، خداوند تعالیٰ نے حضرت جرجیس کی طرف حضرت میکائیل کو بھیجا انہوں نے آپ کو کنوئیں سے نکالا اور کہا کہ صبر کرو اور ثواب الٰہی کی تجھے بشارت ہو۔

جرجیس پیغمبر پھر بادشاہ کے پاس گئے اس بار بھی اُسے خدا کی توحید کی دعوت دی اس نے پھر بھی قبول نہ کی، لیکن اس دفعہ بادشاہ کے لشکر کا سالار اور چار ہزار افراد ایمان لائے، بادشاہ نے حکم دیا کہ سب کو قتل کردیا جائے اس دفعہ داذنہ نے ایک تانبے کی تختی بنوائی اس پر جرجیس کو لٹا کر سیسہ پگھلا کر اُن کے منہ میں ڈالا گیا اور بعد میں اس تختی کے نیچے آگ جلائی گئی تاکہ وہ جل جائیں۔

اللہ تعالیٰ نے میکائیل کو بھیجا انہوں نے اسے صحت و سلامتی عطا کردی، صحت یاب ہوکر حضرت جرجیس پھر بادشاہ کے پاس گئے اسے دعوت توحید دی اور بت پرستی سے منع کیا، اس دفعہ بادشاہ نے گندھک اور پگھلے ہوئے سیسہ کی دیگ تیار کروا کر اسے دیگ میں ڈال کر نیچے آگ لگوادی تاکہ اُن کا جسم گندھک اور سیسے کی وجہ سے پگھل جائے۔

اس دفعہ اللہ تعالیٰ نے حضرت میکائیل کو بھیجا انہوں نے زور سے آواز بلند کی جس کی وجہ سے دیگ الٹ گئی اور حضرت جرجیس اس سے سلامتی کے ساتھ باہر آگئے۔

حضرت جرجیس بار بار قدرت خداوندی سے شفایاب ہوتے رہے اور ہر بار داذنہ کے پاس آتے اور اسے خدا پرستی کی

دعوت دیتے تھے، واذنہ نے حکم دیا کہ تمام اہل شہر جمع ہو جائیں، تمام اہل شہر ایک بیابان میں جمع ہو گئے حکم دیا کہ سب مل کر جرجیس کو قتل کریں اس وقت جرجیس کی آواز بلند ہوئی اور انہوں نے خدا سے صبر کا تقاضہ کیا، اُن لوگوں نے حضرت جرجیس کو شہید کر دیا جیسے ہی گھروں کو واپس آئے تو اُن پر اللہ کا عذاب نازل ہوا اور پورا علاقہ تباہ و برباد ہو گیا۔ [1]

۲۔ ظالموں کے لئے کام کرنا:

ایک شخص جس کا نام مہاجر ہے وہ بیان کرتا ہے کہ ایک دفعہ میں امام جعفر صادقؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے عرض کیا کہ فلاں فلاں افراد آپ کو سلام پیش کرتے ہیں:

آپؑ نے فرمایا: ''میری طرف سے بھی انہیں سلام پہنچا دینا''۔

میں نے عرض کی: ''مولا وہ آپؑ کی دعا کے طلب گار ہیں''۔

آپؑ نے فرمایا: ''اُن پر کونسی مصیبت وارد ہوگئی ہے؟''۔

میں نے عرض کی: ''منصور دوانیقی نے انہیں زندان میں ڈالا ہوا ہے''۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: ''انہیں منصور کے ساتھ کیا کام تھا؟''

میں نے عرض کی: ''مولا! وہ منصور کے دفتر میں ملازمت کرتے تھے منصور کو اُن پر غصہ آیا اور انہیں زندان میں ڈال دیا''۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: ''میں نے تو انہیں اس ظالم حکومت کا کارندہ بننے سے منع کیا تھا لیکن انہوں نے اس ظالم حکومت کی نوکری ہی کر ڈالی'' اس کی وجہ سے اُن پر یہ پریشانی نازل ہوئی، پھر آپؑ نے دعا مانگی پروردگار! اُن کو اس تکلیف سے دور فرما اور انہیں آزادی عطا کر''۔

راوی بیان کرتا ہے کہ جب میں مکہ سے واپس لوٹا تو میں نے اپنے دوستوں کے متعلق پوچھا تو مجھے معلوم ہوا کہ وہ آزاد ہو چکے تھے جب میں نے حساب کیا تو مجھے معلوم ہوا کہ امام علیہ السلام کے دعا مانگنے کے تیسرے روز انہیں منصور کی قید سے آزادی نصیب ہوئی۔ [2]

۳۔ مکافاتِ عمل:

حضرت موسیٰ علیہ السلام ایک مقام سے گزر رہے تھے کہ پہاڑ کے کنارے انہیں چشمہ نظر آیا، آپ نے اس چشمہ کے پانی سے وضو کیا اور نماز پڑھی اسی دوران ایک گھڑ سوار شخص آیا اس نے چشمہ سے پانی پیا لیکن جاتے وقت اپنی رقم کی تھیلی اُٹھانا بھول گیا اور

---

[1] حیوۃ القلوب۔ ۱۔ ۷۷۔ ۳۔

[2] شنید نخاری تاریخ، ص ۵۷۔ محجۃ البیضاء، ۳۔ ۲۵۴۔

وہ گھوڑے سوار وہاں سے چلا گیا۔

تھوڑی دیر بعد ایک چرواہا لڑکا چشمہ پر آیا اور اس نے وہ رقم سے بھری تھیلی دیکھی تو اس نے وہ تھیلی اٹھائی اور وہاں سے چل دیا۔

لڑکے کے جانے کے بعد ایک ضعیف شخص اس چشمہ پر آیا، ضعیف آدمی کے چہرے سے غربت کے آثار نمایاں تھے اور اس نے لکڑیوں کا ایک گٹھر اٹھایا ہوا تھا اس نے آکر پانی پیا اور ستانے کی غرض سے چشمہ کے کنارے بیٹھ گیا۔

راستے میں گھڑسوار کو اپنی رقم کی تھیلی یاد آئی تو اس نے گھوڑا موڑا اور چشمہ پر واپس آگیا، اور اس نے لکڑہارے کو بیٹھا ہوا دیکھا تو اس سے اپنی رقم کا مطالبہ کیا۔

بوڑھے نے کہا کہ مجھے رقم کے متعلق کوئی علم نہیں ہے:

مگر گھڑسوار نہ مانا، پھر ان دونوں کے درمیان تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا گھڑسوار نے اس بوڑھے کو اتنا مارا پیٹا کہ اس کی روح پرواز کر گئی۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بارگاہ بے نیاز میں عرض کیا: ''پروردگار! یہ تو بڑا ظلم ہے تھیلی اٹھانے والا کوئی اور تھا اور قتل ہونے والا کوئی اور ہے''۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اے موسیٰ! جو کچھ تم نے دیکھا ہے یہ میرے عدل کے عین مطابق ہے کیونکہ کسی زمانے میں اس بوڑھے نے گھڑسوار کے باپ کو قتل کیا تھا لہٰذا بوڑھا قصاص میں مقتول کے بیٹے کے ہاتھوں مارا گیا، اور چرواہے کے باپ کو گھڑسوار کے باپ سے اتنی ہی رقم قرض لینی تھی مگر اس نے قرض واپس نہیں کیا تھا لہٰذا آج قرض خواہ کے بیٹے نے مقروض کے بیٹے سے اپنا حق وصول کرلیا ہے۔[1]

۴۔ ضحاک حمیری کا انجام:

جمشید بادشاہ نے کئی سالوں تک ملک ایران پر حکومت کی، اس کی حکومت کی وجہ سے اس میں غرور پیدا ہوا اور اس نے خدائی کا دعویٰ کر دیا۔

لوگوں نے اس کی تلوار کے خوف سے تصدیق کر دی، اللہ تعالیٰ کا یہ اصول ہے کہ ایک ظالم پر دوسرے ظالم کو مسلط کرتا ہے پھر اللہ تعالیٰ نے اس پر ضحاک حمیری کو مسلط کر دیا، اس نے لشکر لیکر اس پر حملہ کیا اور جمشید کو قتل کر دیا، جب ضحاک حمیری تخت نشین ہو گیا تو اس نے ظلم وستم کی داستانیں رقم کیں اس نے سب سے پہلے اپنے باپ کو قتل کر دیا، اور عوام پر مختلف عذاب نازل کرنا شروع کر دیئے شیطان کا مکمل دوست بن گیا۔

---

[1] پند تاریخ ۳۔۱۶۱۔ سفینۃ البحار ۲۔ ۳۴۴۔

اتفاق سے ضحاک حمیری بیمار ہوگیا، ایک شیطان صفت طبیب اس کے علاج کے لئے آیا تو اس نے اس سے کہا کہ تیرا علاج یہی ہے کہ تو دو نوجوانوں کے مغز بھون کر کھائے تو تیرے سر کی تکلیف دور ہو جائے گی، اس نے حکم دیا کہ دو جوان قیدیوں کو میرے سامنے لایا جائے اور اُن کو قتل کر کے اُن کے سر سے مغز نکال کر اس نے اُن کا مغز بھون کر کھایا۔

اسے اپنے وجود میں تکلیف کی کچھ کمی واقع ہوئی تو اُسے نیند آ گئی ہر دو دنوں کے بعد وہ دو جوانوں کے مغز کو بھون کر کھاتا تھا اس طرح سے اُس نے کئی جوانوں کو قتل کر کے ان کے مغز کھائے تھے آخر میں اس نے اصفہان کے کاوا لوہار کے دو بیٹوں کو قتل کیا جس کی وجہ سے اس کے خلاف شورش برپا ہوئی آخر کار اسے بدترین حالت میں قتل کر دیا گیا، اُس کے قتل کے متعلق دو روایات ہیں ایک روایت تو یہ ہے کہ اُسے نیزہ مار کر قتل کر دیا گیا، جبکہ دوسری روایت میں ہے کہ اسے کنویں میں ڈال دیا گیا جس کی وجہ سے وہ واصل جہنم ہوا اور اس کی جگہ پر ''فریدون'' تخت نشین ہوا۔[1]

۵۔ واقعہ حرہ:

یزید لعین دنیا کا بدترین ظالم تھا اس نے صرف حضرت امام حسین علیہ السلام پر ظلم نہیں کیا تھا اس نے حضرت امام حسین علیہ السلام کے بعد بھی بہت زیادہ مظالم ڈھائے تھے، اُس نے اپنی موت سے ڈھائی ماہ پہلے ۲۸ ذوالحجہ ۶۳ھ کو مدینہ طیبہ پر حملہ کیا، وہاں پر اس نے کافی مردوں اور بچوں کو قتل کروایا، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر اطہر کی بے حرمتی کروائی، اس نے اپنی فوج کا جرنیل ظالم بوڑھے مسلم بن عقبہ کو بنا کر بھیجا تھا، اس ظالم بوڑھے کو لوگ مسلم کی بجائے مُسرف کہا کرتے تھے۔

واقعات کی بنیاد یہ ہے کہ جب اہل مدینہ پر یزید لعین کا فسق و فجور واضح ہوا تو انہوں نے ایک وفد کو شام کی طرف بھیجا انہوں نے جا کر اس کے اعمال کا مطالعہ کیا تو انہیں معلوم ہوا کہ وہ انتہائی خراب انسان ہے، وہ واپس آئے تو انہوں نے لوگوں کو اس کے ظلم اور غلط کاموں سے آگاہ کیا، اہل مدینہ نے اس کے حکمرانوں عثمان بن محمد، مروان بن الحکم اور دوسرے امویوں کو شہر سے باہر نکال دیا، اور لوگوں نے عبداللہ بن حنظلہ غسیل الملائکہ کی بیعت کی تھی۔

یزید نے دوبارہ مدینہ پر قبضہ کرنے کے لئے مُسرف کو بہت بڑی فوج دے کر مدینہ طیبہ روانہ کیا، مدینہ کے لوگ ایک پُرسنگ جگہ پر جہاں پر چھوٹے چھوٹے گول پتھر پائے جاتے تھے جسے مقام حرہ کہا جاتا تھا وہاں اپنے دفاع کے لئے مُسرف کے لشکر کے سامنے آئے فوج شام کے ساتھ اُن کی لڑائی ہوئی اہل مدینہ کے بہت سے افراد وہاں قتل ہوئے اور جو بچے تو وہ رسول اللہ کے روضہ اطہر کی طرف بھاگے تا کہ انہیں وہاں پناہ حاصل ہو۔

لشکر شام بھی اُن کے تعاقب میں اپنے گھوڑوں سمیت روضہ رسولؐ میں داخل ہو گیا، وہاں بے تحاشہ لوگوں کا قتل عام کیا، بیان کیا جاتا ہے کہ مسجد اور روضہ رسول کے اندر گیارہ ہزار افراد کو قتل کیا گیا، مدینہ طیبہ میں لشکر یزید نے ظلم کی بڑی بڑی داستانیں رقم

[1] جوامع الحکایات، ص ۵۲۔

کیں اُن میں ایک داستان یہ بھی ہے کہ ایک شامی فوجی ایک انصاری کے گھر میں داخل ہوا، وہاں دیکھا کہ ایک خاتون اپنے نوزائیدہ بچے کو دودھ پلارہی تھی اسے کہا کہ تمہارے گھر میں جو بھی رقم ہو لے آؤ، اس عورت نے کہا کہ خدا کی قسم میرے گھر میں کچھ بھی نہیں ہے، وہ شامی فوجی کہنے لگا کہ اگر تو نے مجھے رقم نہ دی تو میں تجھے تیرے بیٹے سمیت قتل کر دوں گا، اس عورت نے کہا خدا کا خوف کر کچھ تو ترس کر یہ صحابی رسولؐ ابن ابی کبشہ کا بیٹا ہے، لیکن اس بے رحم شامی نے اس بچے کو جو اس وقت اپنی ماں کا دودھ پی رہا تھا اسے پاؤں سے پکڑ کر دیوار میں زور سے دے مارا جس سے اس معصوم بچے کا مغز زمین پر بہنے لگا۔

اہل مدینہ میں سے بہت سے افراد شہید ہوئے آخر کار اُن سے جبراً یزید کی دوبارہ بیعت لی گئی، صرف دو افراد بیعت یزید سے محفوظ رہے ایک امام زین العابدین علیہ السلام تھے اور دوسرے علی بن عبداللہ بن عباس تھے۔

امام علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی تھی اور آپ وہ دعا پڑھ کر مُسرف کے پاس گئے تھے اس دعا کا اثر یہ ہوا کہ مسرف اپنے دل میں کانپ اٹھا، اسی لئے نہ تو اس نے امام علیہ السلام کو قتل کیا اور نہ ہی اُن سے بیعت کا مطالبہ کیا، علی بن عبداللہ بن عباس اس لئے محفوظ رہا کہ اس کے مادری رشتہ دار مسرف کی فوج میں شامل تھے انہوں نے مسرف کو اس کے قتل سے منع کر دیا تھا۔ [1]

---

[1] منتہی الامال، ۲۔ ۳۲۔

باب نمبر 55

عبادت

قرآن مجید میں ارشاد باری ہوتا ہے:

"وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ۔"[1]

''اور میں نے جن وانس کو خلق نہیں کیا مگر یہ کہ وہ میری عبادت کریں۔''

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا:

"من عمل بما افترض الله فهو من اعبد الناس۔"[2]

''جو شخص واجبات خداندی پر عمل کرے وہ دنیا کا سب سے بڑا عابد ہے''

مختصر تشریح:

مومن کو چاہیے کہ واجبات ہوں یا مستحبات اُن کی ادائیگی اخلاص اور محنت سے کرے کیونکہ یہی دو چیزیں بندگی کی بنیاد ہیں، اگر کوئی شخص انہیں بجالاتا ہے تو گویا اس نے عبودیت کا حق ادا کر دیا۔

بہترین عبادت یہ ہے کہ انسان بیرونی عوارض اور اندرونی آفات سے محفوظ ہو۔

عمل اگرچہ تھوڑا ہو اس میں ہمیشگی ہونی چاہیے اور بے عیب ہونا چاہیے، وہ شخص بندگی معبود میں موفق شمار ہوتا ہے جس کے عمل میں تسلسل پایا جاتا ہو۔

وہ لوگ جو فضائل ظاہری حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں تو وہ روح عبادت سے محروم رہتے ہیں، منعم حقیقی کی بندگی صحیح نہیں بجالاتے البتہ اُن کی بندگی عبادت کی ایک شکل ضرور ہوتی ہے۔

۱۔ خشک عبادت کا نتیجہ:

خوارج وہ لوگ تھے جو افراط کا شکار ہوئے تھے اور اس وجہ سے اُن میں بہت زیادہ انحرافات نے جنم لیا تھا، ان کا سر

---

[1] سورہ الذاریات آیت نمبر ۵۶۔

[2] سفینۃ البحار، ۲۔ ۱۱۳۔

گروہ "حرقوص بن زہیر" نامی ایک شخص تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں یہ شخص نماز، روزہ اور دوسری عبادت میں اتنا غرق رہتا تھا جس کی وجہ سے بہت سے مسلمان اس کے عاشق ہو گئے تھے۔

یہی عابد خشک یا مشہور الفاظ کے تحت اسے مقدس گدھا کہنا چاہیے، جنگ حنین کے وقت جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غنائم جنگی تقسیم کر رہے تھے تو اس نے بڑی بے حیائی سے کہا کہ محمد! عدالت کر اس نے تین مرتبہ یہ جملہ کہا۔

جب تیسری مرتبہ اس نے یہ جملہ دہرایا پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سخت ناراض ہوئے اور فرمایا کہ تم پر لعنت ہو، اگر میں انصاف نہیں کرونگا تو دنیا میں اور کون انصاف کرے گا؟

اس عابد خشک کا نتیجہ یہ نکلا کہ وہ جنگ نہروان میں حضرت علی علیہ السلام کے مدمقابل آیا، جب امام علیہ السلام نے جنگ نہروان میں ہلاک ہونے والوں میں اس کے نجس جسم کو دیکھا تو امام علیہ السلام نے سجدہ شکر بجالایا اور کہا کہ تم نے بدترین افراد کو قتل کیا۔ [1]

۲۔ عشق کے ساتھ عبادت:

سعدی بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میں کچھ باصفا اور پاکیزہ دل نوجوان کے ساتھ حج بیت اللہ کی ادائیگی کے لئے مکہ جا رہا تھا، وہ عارفانہ نغمے پڑھتے تھے اور اہل تحقیق کے مناسب اشعار پڑھتے تھے اور پورے خلوص کے ساتھ عبادت خداوندی کرتے تھے۔

راستے میں ایک عابد خشک ہمارا ہم سفر بنا، اسے یہ عرفانی حالت پسند نہ آئی وہ اُن نوجوانوں کے سوز دل سے بے خبر تھا اسی لئے وہ اُن کے اعمال کو غلط کہنے لگا۔

ہم سفر کرتے رہے یہاں تک کہ ہم ایک جگہ پر پہنچے جو بنی ہلال کے نام سے مشہور تھی وہاں پر ہم نے نسل عرب سے تعلق رکھنے والا سیاہ چہرہ والا لڑکا دیکھا جس نے انتہائی پر سوز آواز میں کوئی نظم پڑھی اس کی آواز میں کشش اتنی زیادہ تھی کہ پرندے ہوا میں ٹھہر گئے اور اس عابد خشک کے اونٹ نے رقص کرنا شروع کر دیا، اور اس نے اتنا رقص کیا کہ عابد زمین پر گر گیا اور اونٹ دیوانہ وار بیابان کی طرف بھاگ گیا۔

میں نے عابد سے کہا کہ بوڑھے عابد تو نے دیکھا کہ ایک خوبصورت آواز نے ایک حیوان پر تو اتنا اثر کیا ہے لیکن تجھ پر اس کا کوئی بھی اثر مرتب نہیں ہوا۔

---

[1] داستانہا و پندہا ۹، ۷۷، علی و فرزندان دکتر طہ حسین، ص ۱۳۳۔

۳۔ حضرت اویس قرنی:

حضرت اویس قرنی حق تعالیٰ کے مجذوب لوگوں میں سے تھے اُن کی عادات بڑی عجیب تھیں بعض دفعہ پوری رات حالت رکوع میں بسر کر دیتے تھے اور دوسری رات کہتے کہ آج رات سجدہ کی رات ہے، پوری رات عالم سجدہ میں گزار دیتے یہاں تک کہ صبح ہو جاتی تھی۔

لوگوں نے آپ سے کہا کہ آپ کتنی تکالیف اٹھا رہے ہیں فرماتے تھے کہ کاش ازل سے ابد تک ایک ہی رات ہوتی تو میں وہ پوری رات حالت سجدہ میں گزار دیتا۔

حضرت ربیع بن خشیم (جو خواجہ ربیع کے نام سے بھی مشہور تھا اور وہ مشہد میں مدفون ہیں) کا بیان ہے: ایک دفعہ میں کوفہ میں تھا اور میری پوری کوشش تھی کہ میں اویس قرنی سے ملاقات کروں ایک دن دریائے فرات کے کنارے اُن کو حالت نماز میں دیکھا اور میں نے اپنے آپ سے کہا کہ بہتر ہے میں انتظار کرلوں تا کہ ان کی نماز مکمل ہو جائے۔

جب اُن کی نماز ظہر ختم ہوئی تو انہوں نے دعا کے لئے ہاتھ بلند کئے، دعا ختم کرنے کے بعد انہوں نے نماز عصر پڑھی اور یہاں تک کہ انہوں نے اسی حالت میں نماز مغرب اور نماز عشاء سرانجام دی، نماز عشاء کے بعد مستحب نمازیں پڑھیں کسی وقت سجدہ میں جاتے کبھی طویل رکوع کرتے یہاں تک کہ رات تمام ہوئی، صبح ہوئی تو اس وقت وہ دعا میں مشغول ہوئے یہاں تک کہ سورج چڑھ آیا کچھ دیر کے لئے انہوں نے آرام فرمایا اور تھوڑی دیر سونے کے بعد اٹھے اور تجدید وضو کر کے عبادات میں مشغول ہونے لگے تو میں اُن کے پاس گیا اور اُن سے کہا کہ تم اپنے آپ کو بہت زیادہ تکلیف دے رہے ہو تو فرمانے لگے کہ آسائش کے لئے تھوڑی بہت زحمت اٹھانی پڑتی ہے۔

میں نے اُن سے کہا کہ اس پورے عرصے میں میں نے آپ کو کچھ کھاتے ہوئے نہیں دیکھا، آپ اپنے اخراجات کہاں سے پورے کرتے ہیں۔

حضرت اویس نے کہا کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی روزی کا ضامن ہے مجھ سے آئندہ اس طرح کے سوالات نہ کرنا یہ کہا اور چلے گئے۔ [1]

۴۔ ابلیس کی عبادت:

امیر المومنین علیہ السلام کا فرمان ہے: لوگو! اللہ تعالیٰ نے جو شیطان کے ساتھ سلوک کیا ہے اس سے عبرت حاصل کرو کیونکہ اس کی تمام تر محنت اور عبادت تکبر کی وجہ سے باطل اور تباہ ہو گئی، اس نے اللہ تعالیٰ کی چھ ہزار سال تک عبادت کی تھی جب کہ تمہیں یہ

---

[1] پیغمبر و یاران، ۱، ۵۰-۳، تاریخ التواریخ علی علیہ السلام ص ۱۷۶۔

معلوم نہیں ہے کہ ان چھے ہزار سالوں کا تعلق دنیا کے سالوں سے تھا یا آخرت کے سالوں سے تھا جن کا ایک دن اس دنیا کے پچاس ہزار سالوں کے برابر ہوتا ہے اس کی ایک لحہ کی سرکشی نے اُسے کسی کام کا نہیں رکھا جب اتنے بڑے عابد کی ایک لحہ کی غفلت اُسے عذاب خدا سے نہیں بچا سکی تو اور کون شخص عذاب خداوندی سے بچ سکتا ہے۔[1]

امام صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ اللہ تعالیٰ نے ابلیس کو وقت معلوم تک کی کیوں مہلت دی؟ آپ نے فرمایا کہ وہ اس لئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی حمد اور شکر بجالایا تھا، پوچھا گیا کہ اس کا حمد اور شکر کیا تھا؟ فرمایا کہ اس نے چھ ہزار سال تک عبادت کی تھی۔

ایک اور روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا کہ شیطان نے چھ ہزار سال میں صرف دو رکعت نماز ادا کی تھی۔[2]

۵۔ امام سجاد علیہ السلام:

امام سجاد علیہ السلام کو زین العابدین کہا جاتا ہے اور اس کا سبب یہ بیان کیا جاتا ہے کہ آپ ایک رات عبادت کے لئے محراب میں کھڑے ہوئے، ابلیس لعین نے چاہا کہ آپ کو نماز سے روک دے تو اژدھا کی شکل میں نمودار ہوا، امام علیہ السلام نے اس کی طرف کوئی توجہ نہ کی وہ آگے بڑھا اور آپؑ کے پاؤں کے انگوٹھے کو کاٹنا شروع کیا، چاہتا تھا کہ حضرت کو تکلیف ہو گی لیکن اس کے باوجود آپ اُس کی طرف متوجہ نہ ہوئے۔

جب آپ نماز سے فارغ ہوئے آپ سمجھ گئے کہ وہ شیطان لعین ہے، آپؑ نے اسے آواز دے کر کہا اے لعین دور ہو جا اس کے بعد آپؑ پھر عبادت خداوندی میں مشغول ہو گئے۔

اس وقت ملائکہ میں سے ایک ہاتف نے آواز دے کر تین مرتبہ کہا:

"انت زین العابدین ... انت زین العابدین ... انت زین العابدین"

تو عبادت گزاروں کی زینت ہے۔[3]

---

[1] نہج البلاغہ فیض الاسلام ص ۷۸۰ خطبہ نمبر ۲۳۳۔

[2] ابلیس نامہ ص ۱۶۸۔ علل الشرائع ۲۔ ۲۳۳۔

[3] منتھی الامال۔ ۲۰۳۔

باب نمبر 56

عہد و پیمان

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہوتا ہے:

"وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ"۔[1]

اور جب تم عہد کرو تو اللہ سے عہد کو پورا کرو۔

حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے:

"لا دین لمن لا عهد له"۔[2]

ترجمہ: جس شخص کا کوئی عہد و پیمان نہیں اس کا کوئی دین نہیں۔

مختصر تشریح:

قرآن مجید میں اللہ تعالی نے بہت سے وعدے کئے ہیں اور اپنے بندوں کو بھی وعدہ نبھانے کی تلقین کی ہے۔

جو شخص کسی سے عہد کرے تو اُسے چاہیے کہ اپنے عہد پر عمل کرے اور عہد شکنی سے پرہیز کرے، عہد چاہے خدا اور رسول سے ہو یا خلق خدا سے ہو عہد سے پھر جانا معصیت کا باعث بنتا ہے، عہد قیامت کے دن کسی گردن بند کی طرح اس کی گردن میں لٹکا ہوا ہوگا۔

جو شخص عہد شکنی کرتا ہے تو اللہ تعالی اس پر دشمن کو مسلط کر دیتا ہے، حد یہ ہے کہ معاہدہ اگرچہ کافر اور فاجر لوگوں سے کیا جائے تو اسے بھی ختم نہیں کرنا چاہیے، ایسے معاہدہ کو ختم کرنے کے لئے مسلمان کو کبھی بھی پہل نہیں کرنی چاہیے۔

۱۔ پیغمبر اکرمؐ اور ابو ھیثم:

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک بزرگوار صحابی کا نام ابو ھیثم بن تیہان تھا ایک دفعہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابو ھیثمؓ سے وعدہ کیا تھا کہ جیسے ہی اللہ مجھے کوئی خادم عطا کرے گا تو میں تجھے خادم عطا کروں گا۔

---

[1] سورہ نحل آیت نمبر ۹۱۔

[2] سفینۃ البحار، ۲۔ ۲۹۴۔

اتفاقاً تین قیدی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پہنچے، پیغمبر اکرمؐ نے اُن میں سے دو افراد دوسرے لوگوں کو بخش دیئے اب ایک غلام باقی رہا، اسی اثناء میں آپ کی صاحبزادی جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا آپؐ کے پاس آئیں اور آپ سے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ مجھے کام کاج کرنے کے لئے کوئی غلام دیں، چکیاں پیس پیس کر میرے ہاتھوں میں گٹھے پڑ چکے ہیں۔

پیغمبر اکرمؐ کو ابو ہیثم سے کیا ہوا وعدہ یاد تھا اور فرمایا کہ میں اپنی بیٹی کو ابو ہیثم سے کئے گئے وعدے سے کیسے مقدم رکھ سکتا ہوں؟ جب کہ یہ بھی سچ ہے کہ میری بیٹی کے ہاتھوں پر چکی پیسنے کی وجہ سے گٹھے پڑ چکے ہیں لیکن اس کے باوجود آپ نے وہ خادم ابو ہیثم کے سپرد کر دیا۔ [1]

۲۔ وعدہ خلافی جائز نہیں:

ایران کے آخری شہنشاہ یزدگرد کے دور حکومت میں اہواز کا گورنر ہرمزان تھا جب مسلمانوں نے اہواز کو فتح کیا تو ہرمزان کو گرفتار کر کے حضرت عمرؓ کے پاس مدینہ روانہ کیا گیا۔

خلیفہ نے ہرمزان سے کہا: ''اگر زندگی چاہتے ہو تو مسلمان ہو جاؤ ورنہ میں قتل کر دوں گا۔

ہرمزان نے کہا: ''اچھا قتل سے پہلے مجھے پانی پلاؤ، میں سخت پیاسا ہوں''

حضرت عمرؓ نے کہا: اسے پانی پلاؤ، لکڑی کے پیالے میں اسے پانی پیش کیا گیا، ہرمزان نے کہا: ''میں اس پیالے سے پانی نہیں پیوں گا میں تو جواہرات لگے پیالے سے پانی پینے کا عادی ہوں۔

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں اسے جواہرات لگے پیالے میں پانی دیا جائے چنانچہ جواہرات سے مرصع پیالے میں پانی لا کر ہرمزان کے ہاتھ پر رکھا گیا مگر ہرمزان نے اسے لبوں سے نہ لگایا۔

حضرت عمرؓ نے کہا: جلدی سے پانی پیو کیونکہ میں وعدہ کر چکا ہوں کہ پانی پلانے سے قبل تجھے قتل نہیں کروں گا۔

ہرمزان نے یہ سن کر پیالہ زمین پر دے مارا اور پیالہ تڑاخ سے ٹوٹ گیا اور سارا پانی بہہ گیا۔

حضرت عمرؓ اس کا حیلہ دیکھ کر متعجب ہوئے اور حضرت علی علیہ السلام سے کہنے لگے آپؑ بتائیں کہ کیا کیا جائے؟

حضرت علیؑ نے فرمایا: تم وعدہ کر چکے ہو کہ پانی پلانے سے پہلے اس کو قتل نہیں کرو گے اپنے وعدہ پر قائم رہو تمہیں اس کو قتل کرنے کا کوئی حق نہیں البتہ اس پر جزیہ نافذ کر دو۔

ہرمزان نے کہا: میں جزیہ دینے پر راضی نہیں ہوں البتہ اب میں بے خوف اور مطمئن ہو کر مسلمان ہوتا ہوں چنانچہ اس نے کلمہ شہادت پڑھا اور مسلمان ہو گیا حضرت عمرؓ نے مدینہ میں اس کو ایک گھر دیا اور سالانہ دس ہزار درہم اس کا وظیفہ مقرر کیا۔ [2]

---

[1] شنید نہای تاریخ ص ۲۹۰۔ محجۃ البیضاء ۵۔ ۳۳۸۔

[2] پند تاریخ ۲۔ ۳۲، الکلام یجر الکلام۔

۳۔ حلف الفضول کا معاہدہ:

بعثت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیس برس قبل مکہ میں ایک معاہدہ ہوا تھا جسے حلف الفضول کے نام سے یاد کیا جاتا ہے آپؐ نے بھی اس معاہدہ میں شرکت کی تھی، اس معاہدہ کی وجہ یہ بنی کہ قبیلہ بنی زبید کے ایک شخص نے کچھ سامان عاص بن وائل سے فروخت کیا، عاص بن وائل نے اس سے سامان تو لے لیا لیکن اُسے رقم نہ دی۔

وہ شخص کوہ قبیس کے اوپر چڑھ کر زور سے آوازیں دینے لگا کہ اے لوگو! مظلوموں کی مدد کرو، مسافروں کی حمایت کرو اور احترام کے قابل وہ شخص ہوتا ہے جو مظلوموں کی مدد کرے، کوئی فریب کار شخص احترام کے قابل نہیں ہوتا۔

جب لوگوں نے اس شخص کی آہ وزاری سنی تو خانہ کعبہ میں اکٹھے ہوئے قبائل کے چند لوگ عبداللہ ابن جدعان کے گھر میں اکٹھے ہوئے اور معاہدہ کیا کہ ہم آئندہ مظلوموں کی مدد کریں گے، مکہ میں کسی بھی شخص کو اجازت نہیں ہوگی کہ وہ کسی پر ظلم کر سکے۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی اس معاہدہ میں شریک ہوئے بعد میں رسول خدا گئے اور عاص بن وائل سے اس شخص کی رقم واپس دلائی، جب حضرت محمد مبعوث بہ نبوت ہوئے تو آپؐ نے فرمایا کہ میں نے عبداللہ بن جدعان کے گھر ایک معاہدہ میں شرکت کی تھی اور اگر آج اسلام کے اندر اس معاہدے کے تحت مجھے کوئی شخص دعوت دے گا تو میں اس شخص کے گھر جاؤں گا بلکہ اسلام نے آکر اس معاہدے کو تقویت عطا کی ہے۔ [1]

۴۔ انس بن نضرؓ:

انس بن مالک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خدمت گزار تھے ان کے چچا کا نام انس بن نضر تھا انس بن نضر غزوہ بدر میں کسی بھی وجہ سے شریک نہ ہو سکے تو بعد میں انہوں نے رسول اکرمؐ سے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں اس جنگ میں آپؐ کے ہمرکاب نہیں تھا آپؐ کے ساتھ وعدہ کرتا ہوں کہ آئندہ اگر کبھی بھی کسی دشمن سے آپ کی جنگ ہوگی تو میں ضرور شامل ہوں گا۔

چند دنوں بعد غزوہ احد کا واقعہ رونما ہوا تو انس بن نضر اس میں شامل ہوا، دوران جنگ ایک دفعہ پانسا پلٹ گیا اور مسلمان میں یہ خبر مشہور ہوگئی کہ رسول پاک شہید ہو چکے ہیں۔

کچھ لوگ کہنے لگے کہ کاش ہمارے پاس کوئی نمائندہ ہوتا تو ہم اسے رئیس المنافقین عبداللہ ابن ابی کے پاس بھیجتے اور کہتے کہ ہمارے لئے ابوسفیان سے امان طلب کرے، کچھ لوگ ہاتھوں پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ کر سوچنے لگے کہ اب جب کہ محمد بھی نہ رہے تو ہمیں اپنے سابقہ دین کی طرف پلٹ جانا چاہیے۔

جب ابن نضر نے اُن کی باتیں سنی تو کہنے لگا: ''پروردگارا جو کچھ یہ لوگ تجاویز پیش کر رہے ہیں میں ان تجاویز سے بے زار

---

[1] داستانھای زندگی پیغمبرؐ ۳۶، طبقات الکبری ۱۔ ۱۲۸

ہوں" بعد میں لوگوں سے کہا کہ اگر محمدؐ ہی مارے گئے تو خدائے محمدؐ تو زندہ ہے پیغمبرؐ کے بعد زندگی کس مقصد کے لئے ہے اُٹھو کفار سے جنگ کرو، اُسی مقصد کے لئے ان سے جنگ کرو جس مقصد کے لئے رسول خدا نے جنگ کی یہ کہہ کر انس بن نضر نے تلوار اٹھائی اور دشمنان خدا سے جنگ شروع کر دی۔

آخر کار جنگ کرتے کرتے راہ حق میں شہید ہو گئے جب شہادت کے بعد اُن کے جسم اطہر پر لگے گئے زخموں کو گنا گیا تو تیر اور نیزے کے اسی زخم لگے ہوئے تھے۔

زخم اتنے زیادہ تھے کہ اُن کی بہن نے اپنے بھائی کی لاش کو اس کے ہاتھوں کی انگلیوں کے سروں سے پہچانا تھا۔ [1]

۵۔ ایک مسلمان غلام:

فضیل بن زید رقاشی نام کا شخص مسلمانوں کی فوج کا سالار تھا، مسلمانوں کی فوج نے ان کی سربراہی میں فارس کے علاقے سہریاج نامی قلعے کا محاصرہ کیا تھا، اُن کا ارادہ تھا کہ اس قلعہ کو فتح کریں گے کچھ دیر لڑائی کے بعد فوج اپنی آرام گاہ میں چلی گئی۔

کچھ بردے جو مسلمانوں کی قید میں آئے ہوئے تھے وہ مسلمان تھے، لہٰذا کسی کی ملکیت وہ بن نہیں سکتے تھے لہٰذا اپنے مسلمان بھائیوں کے ساتھ دشمن کے خلاف جنگ میں وہ بھی شامل تھے۔

اسی اثنا میں ایک غلام فوج سے پیچھے تھا تو دشمن نے قلعے کے برج پر چڑھ کر اس سے مقامی زبان میں گفتگو کی اور اس سے امان چاہی، تو اس غلام نے انہیں امان دے دی۔

جب مسلمانوں کا لشکر قلعے پر چڑھائی کرنے کے لئے آگے بڑھا تو انہوں نے قلعے کے دروازے کھول دیئے، مسلمان حیران ہوئے کہ آخر یہ کیا ہوا؟

دشمنوں نے کہا کہ ہم نے اس لئے قلعے کا دروازہ کھولا ہے کہ تمہارے اس غلام نے ہمارے ساتھ وعدہ کیا ہے اس نے ہمیں امان دی ہے لہٰذا ہم نے امان پر اعتماد کر کے دروازہ کھول دیا ہے۔

مسلمان کافی پریشان ہوئے آخر کار یہی مسئلہ خلافت کے مرکز مدینہ بھیجا گیا جب یہ مسئلہ حضرت عمرؓ کے سامنے پیش ہوا تو انہوں نے کہا کہ مسلمان غلام مسلمان ہی ہوتا ہے لہٰذا اس کا کیا ہوا معاہدہ تمہارے کئے گئے معاہدہ کی طرح محترم ہی ہے، لہٰذا اس کے امان نامہ کا احترام کیا جائے اور اسے نافذ العمل سمجھا جائے۔ [2]

---

[1] پیغمبران و یاران۔ ۱، ۳۳۳۔

[2] داستانہای ما۔ ۱۱۱، کوک فلسفی ۲۔ ۱۷۔

باب نمبر 57

عدالت

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

"اِعْدِلُوْا، هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى، وَاتَّقُوا اللّٰهَ" [1]

(ہر حال میں) عدل کرو! یہی تقویٰ کے قریب ترین ہے۔

حضرت علی امیر المومنین علیہ السلام کا فرمان ہے:

"العدل یضع الامور مواضعها" [2]

عدل کے ذریعے سے ہر چیز کو اس کے مقام پر رکھا جا سکتا ہے۔

مختصر تشریح:

عدالت یعنی اپنی استطاعت کے مطابق مساوات پر عمل کرنا، ایک دوسرے کے حقوق کا خیال کرنا اور ہر شخص کا حق اس کے حوالے کرنا اور شریک افراد میں انصاف برتنا یہ سب عدالت کے ضمن میں شامل ہے، انسان کا شرف انصاف برپا کرنے میں ہے اگر حاکم عادل ہو تو اس کی رعایا عنایات الٰہی اور روحانی برکات سے مستفید ہوتی ہے۔

خداوند تعالیٰ نے انبیاء کو روشن دلائل دے کر مبعوث فرمایا تا کہ وہ عدل قائم کریں اور معاشرہ زوال پذیر نہ ہو سکے۔

انسانی معاشرہ میں لوگوں کی ایک دوسرے سے ضروریات وابستہ ہوتی ہیں اور ان ضروریات کا تقاضا یہ ہے کہ ہر مقام پر عدل و اعتدال کو قائم کیا جائے خواہ وہ نظم امور، اخلاق یا ایک دوسرے کے ساتھ معاہدے ہوں، حد یہ ہے کہ اولاد کے درمیان بھی انسان عدل و اعتدال کو ملحوظ خاطر رکھے۔

افراط و تفریط کی وجہ سے عدل کا پایہ لرزنے لگ جاتا ہے اور لوگوں میں اختلافات کھل کر سامنے آجاتے ہیں۔

---

[1] سورۃ المائدہ آیت نمبر ۸۔

[2] سفینۃ البحار ۲۔۱۶۶

۱۔ حکومت شدید:

شداد نامی ایک بادشاہ گزرا ہے جس نے خدائی کا دعوی کیا تھا، اسی شداد کا ایک بھائی بھی حکمران تھا جس کا نام شدید تھا اور وہ بڑا انصاف پسند اور نیک طبیعت تھا حکمران چونکہ خود اچھا اور عادل تھا اسی لئے رعایا میں سے کسی فرد کو یہ جرات نہ تھی کہ وہ کسی پر ظلم وستم کرے۔

اس نے ایک شخص کو مقدمات کے فیصلہ کے لئے قاضی مقرر کیا، پورے سال میں قاضی کے پاس کوئی بھی مقدمہ نہ آیا تو اس نے شدید سے کہا ''میں تنخواہ لینا ناجائز سمجھتا ہوں کیونکہ پورا سال گزر گیا میرے پاس کوئی مقدمہ نہیں لایا گیا اور نہ میں نے کوئی فیصلہ کیا ہے''۔

شدید نے کہا: ''کوئی بات نہیں تم تو اپنی مسند پر موجود رہے ہو، لہذا تنخواہ لینا تمہارا حق ہے''۔

ایک سال بعد قاضی کے پاس پہلا مقدمہ آیا اور اس کی کیفیت یہ تھی کہ ایک شخص نے کہا: ''میں نے اس آدمی کے ہاتھ اپنی زمین فروخت کی تھی اور میں نے اس سے رقم وصول کرلی تھی، اب اس کھیت میں سے دفینہ برآمد ہوا ہے تو یہ شخص کہتا ہے دفینہ کا مالک میں نہیں تم ہو؟

قاضی نے دوسرے فریق کا بیان سنا اس نے کہا: ''جی ہاں! یہ بیان درست ہے میں نے اپنے دوست سے زمین خریدی تھی دفینہ نہیں خریدا تھا، لہذا اب اگر کچھ برآمد ہوا ہے تو وہ میری ملکیت نہیں بلکہ اس کی ملکیت ہے، جب کہ فریق اول یہ کہتا تھا کہ جب میں زمین ہی بیچ چکا ہوں تو دفینہ میرا کیسے ہوسکتا ہے؟

قاضی نے دونوں سے پوچھا کہ آیا خدا نے تمہیں کوئی اولاد بھی عطا کی ہے تو فریق اول نے کہا: ''جی ہاں! اللہ تعالی نے مجھے ایک بیٹا عطا کیا ہے'' اور فریق دوم نے کہا مجھے اللہ نے ایک بیٹی سے نوازا ہے''

یہ سن کر قاضی نے کہا: ''ان بچوں کی آپس میں شادی کردی جائے اور وہ دفینہ ان بچوں کا ہوگا''۔ [1]

۲۔ اولاد کے درمیان عدالت:

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں ایک خاتون آئی، اس خاتون کے ساتھ اس کے دو چھوٹے بچے بھی تھے، بی بی عائشہ نے اسے خرما کے تین دانے دیئے ماں نے اپنے ایک ایک بچے کو خرما کا ایک ایک دانہ دیا، خرمے کے تیسرے دانے کو دو حصوں میں تقسیم کردیا، ایک نصف حصہ ایک بچے کو اور دوسرا نصف حصہ دوسرے بچے کو دیا جب پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گھر میں تشریف لائے تو بی بی عائشہ نے اس عورت کا واقعہ آپؐ کے گوش گزار کیا تو آپؐ نے بی بی عائشہ سے فرمایا: کیا تم اس عورت کے اس عمل

---

[1] آثار ہمائی سعادت ۲۔۳۵۱، روضۃ الصفا ۷۹۱۱۔

پر تعجب کر رہی ہو؟ تو سنو! اللہ تعالیٰ نے اس کی مساوات اور عدل کے ذریعے سے اس پر جنت واجب کردی ہے"۔

روایت میں بیان کیا جاتا ہے کہ ایک شخص اپنے دو بیٹوں کو لیکر آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوا، اور آپؐ کی موجودگی میں وہ اپنے ایک بیٹے کو بوسے دیتا رہا اور دوسرے کی طرف کوئی توجہ نہ کی، جیسے ہی رسول اکرمؐ نے اس کے اس طور طریقے کو دیکھا تو کہا: "اپنی اولاد کے درمیان مساوات کیوں نہیں کرتے؟"[1]

۳۔ لباس سرخ:

ایک زاہد اور عبادت گزار شخص منصور دوانیقی کے پاس آیا تا کہ اسے نصیحت کر سکے، اس شخص نے کہا: "میں کبھی کبھی چین جایا کرتا ہوں وہاں ایک بادشاہ حکومت کرتا تھا، اور اتفاق سے اس کی قوت سماعت ختم ہو گئی تو وہ زار و قطار رونے لگا، وزراء نے اس کے رونے کا سبب دریافت کیا تو اس نے کہا کہ میں قوت سماعت کی محرومی کی وجہ سے نہیں روتا میں تو اس لئے روتا ہوں کہ اب میں فریادیوں کی فریاد نہیں سن سکوں گا، اب اگر چہ میں قوت سماعت سے محروم ہو چکا ہوں مگر ابھی میرے پاس قوت بصارت موجود ہے میں اسی قوت بصارت کے ذریعے سے فریادیوں کی مدد کروں گا۔

پھر اس نے حکم دیا کہ اس کے ملک میں مظلوم اور ستم رسیدہ شخص کے علاوہ کوئی شخص سرخ رنگ کا لباس نہ پہنے تا کہ اسے مظلوم کے پہچاننے میں آسانی رہے، پھر وہ روزانہ ہاتھی پر سوار ہو کر پورے شہر کا چکر لگاتا تھا اسے جہاں کہیں بھی سرخ لباس والا شخص نظر آتا تو اس کی دادرسی کرتا تھا۔[2]

۴۔ غنائم میں مساوات:

جب جنگ حنین اختتام پذیر ہوئی تو غنائم تقسیم کئے گئے وہاں پر کچھ اعرابی بھی موجود تھے ابھی وہ مومن نہیں بنے تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے دوڑتے ہوئے آئے اور کہنے لگے کہ یا رسول اللہ! آپؐ ہمیں بھی حصہ عنایت فرمائیں انہوں نے اتنا زیادہ ہجوم کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو درخت کی پناہ لینی پڑی، اُن لوگوں نے آپؐ کے جسم اطہر سے عبا تک چھین لی، رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُن سے کہا کہ میری عبا مجھے واپس کردو، اس کے بعد آپ نے فرمایا: "مجھے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اگر میرے قبضے میں اتنے اونٹ، اتنی گائیں اور اتنے گوسفند ہوتے کہ جتنے زمین پر درخت ہیں تو میں وہ بھی تمہارے اندر تقسیم کرتا۔"

اس کے بعد آپؐ نے ایک اونٹ کے کوہان سے کچھ بال کھینچے اور فرمایا: میں اپنے خمس کے علاوہ اتنی مقدار میں بھی اس مال

---

[1] روضۃ المتقین، ج ۴، ص ۲۰۷۔ الحدیث ۲۶۷۔

[2] جوامع الحکایات، ص ۷۳۔

میں سے تصرف نہیں کروں گا، تمہارا بھی حق بنتا ہے کہ تم بھی غنیمت میں کسی چیز کی خیانت نہ کرو، اگر چہ وہ چیز ایک سوئی یا ایک دھاگے کے برابر ہی کیوں نہ ہو، کیونکہ غنیمت کی چوری شرم و عار کا باعث ہے اور آتش دوزخ کا سبب ہے"

اس وقت انصار میں سے ایک شخص کھڑا ہوا اور اس نے آپؐ کے سامنے کچھ رنگین دھاگے پیش کئے اور کہا کہ میں نے یہ کچھ رنگین دھاگے اپنے پاس رکھے تھے اور چاہتا تھا کہ ان دھاگوں سے میں اپنے اونٹ کا پلان بناؤں گا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس صحابی سے کہا کہ ان میں سے میں نے اپنا خمس کا حصہ تجھے معاف کیا۔

انصاری نے کہا یا رسول اللہ! جب معاملہ اتنا دقیق ہو اور دشوار ہو تو مجھے ان دھاگوں کی کوئی ضرورت نہیں یہ کہہ کر اس نے وہ دھاگے آپؐ کے سامنے زمین پر رکھ دیئے۔[1]

۵۔ دشمن کے روبرو عدل علی علیہ السلام کا تذکرہ:

معاویہ بن ابوسفیان ایک سال حج کرنے گیا وہاں اس نے حکم دیا کہ دارمیہ حجونیہ کو میرے سامنے لایا جائے، یہ خاتون مقام حجون میں قیام پذیر تھی، معاویہ کے قاصد اس خاتون کو معاویہ کے سامنے لائے:

معاویہ نے کہا: "تجھے علم ہے کہ میں نے تجھے کیوں بلوایا ہے؟"

خاتون نے کہا: "غیب کا علم اللہ کے پاس ہے"۔

معاویہ نے کہا: میں نے تجھے اس لئے یہاں بلوایا ہے کہ مجھے بتاؤ تم علیؑ سے محبت کیوں کرتی ہو اور مجھ سے نفرت کیوں کرتی ہو؟

خاتون نے کہا: "بہتر یہ ہوگا کہ آپ اس سوال سے مجھے معذور ہی رکھیں، لیکن معاویہ نے اپنا اصرار جاری رکھا۔

خاتون نے کہا: میں علیؑ سے اس لئے محبت کرتی ہوں کہ علیؑ عادل تھے اور وہ ہمیشہ عدل و مساوات کا خیال رکھتے تھے اور تجھ سے مجھے اس لئے نفرت ہے کہ تو نے اس سے جنگ کی جو تجھ سے خلافت کا زیادہ حقدار تھا، اور تو نے اس مقام پر قبضہ کیا ہے جس کے تو لائق نہیں تھا، میں علیؑ سے اس لئے محبت کرتی ہوں کہ پیغمبر اکرمؐ نے اسے خلافت کے لئے نامزد کیا تھا، اور میری محبت کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ علیؑ غربا و مساکین سے محبت کرتے تھے اور خدا کے نیک بندوں کا احترام کیا کرتے تھے میں تجھ سے اس لئے نفرت کرتی ہوں کہ تو ناحق خون بہانے کا عادی ہے اور تیرے فیصلے انصاف پر مبنی نہیں ہیں، تو خدا کے حکم کی بجائے اپنی خواہشات پر عمل کرتا ہے۔

خاتون کی یہ کڑوی باتیں سن کر معاویہ بدتمیزی پر اتر آیا اور باتوں کو گول مول کرنے لگا، اس کے بعد معاویہ نے پوچھا کیا تو نے علیؑ کو دیکھا ہے؟

خاتون نے کہا: "ہاں میں نے علیؑ کی زیارت کی تھی"۔

---

[1] داستانہا و پندہا ۲۔ ۴۰، ناسخ التواریخ حضرت رسول ۳۔ ۱۵۰۔

معاویہ نے کہا: پھر تو نے علی کو کیسا پایا؟

خاتون نے کہا: ''میں نے دیکھا ہے کہ علی تمہاری طرح سے سلطنت پانے کی وجہ سے خود فریبی کا شکار نہیں تھے اور اپنے آپ سے علیؑ بے خبر نہ تھے، نہ ہی دولت کی چمک سے مرعوب تھے جیسا کہ تو مرعوب ہے۔

معاویہ نے کہا: کیا تو نے علیؑ کی تقریر بھی سنی تھی؟

خاتون نے کہا: ''جی ہاں، علیؑ کی گفتگو بڑی صاف ستھری ہوتی تھی اور سیدھی دل کی گہرائیوں میں اتر جاتی تھی علی کی گفتگو دلوں کو جلا بخشتی تھی اور دل کی تشنگی کو صاف کر دیتی تھی۔

معاویہ نے کہا: ''تو نے سچ کہا اور تمہاری کوئی حاجت ہو تو بیان کرو'' خاتون نے کہا ''پھر میں چاہتی ہوں کہ مجھے ایک سو مادہ اونٹ اور کچھ نر اونٹ دیدو۔

معاویہ نے کہا: ''یہ سب لیکر کیا کرو گی؟''

خاتون نے کہا: ''اس کے دودھ سے ہم اپنے بچوں کی پرورش کریں گے، غربا اور مساکین کی مدد کریں گے اور قبائل عرب کے تنازعات اس ذریعے سے ختم کریں گے۔

معاویہ نے خاتون سے کہا اگر میں ایسا کروں تو کیا تم اپنے دل میں مجھے وہی مقام دو گی جو تم نے علیؑ کو دے رکھا ہے؟

خاتون نے بڑے تعجب سے کہا: ''سبحان اللہ! یہ تو ناممکن ہے اگر تم علیؑ کی محبت کے ہزارویں حصے کا بھی مطالبہ کرو تو بھی میں تمہیں نہیں دے سکتی۔

پھر معاویہ نے دو شعر پڑھے: اور کہا اگر آج علیؑ زندہ ہوتے تو وہ تجھے ایک اونٹ بھی نہ دیتے۔

خاتون نے کہا: ''خدا کی قسم یہ سچ ہے، علی بڑے محتاط تھے وہ مسلمانوں کے مال سے ایک اونٹ تو اونٹ خود اس کا ایک بال بھی مجھے نہ دیتے۔ [1]

---

[1] داستانہای استاد ۲۔۷۔۹، بیت گفتار ص ۶۷۔

باب نمبر 58

عذاب

قرآن مجید میں ارشاد ربانی ہے:

"اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ" [1]

آپ کے رب کا عذاب ضرور واقع ہونے والا ہے۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے:

"لایعذب اللہ قلبا وعی بالقرآن" [2]

جس دل میں قرآن ہوگا اللہ اسے عذاب نہیں دے گا۔

مختصر تشریح:

خدا چاہتا ہے کہ مخلوقات اس کے حکم کی خلاف ورزی نہ کرے کیونکہ حکم خداوندی کی خلاف ورزی سے معاشرہ خراب ہو جاتا ہے، اسی لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیاء کو حکم دیا کہ وہ اپنی امتوں سے کہیں عذاب خدا سے ڈرتے رہیں۔

عذاب کی قسموں کا تعلق بھی گناہ کی قسموں اور اوصاف رذیلہ سے ہے، چنانچہ عرب اپنے تعصب کی وجہ سے جہنم میں جائیں گے، امراء یعنی حکام ظلم وجور کی وجہ سے جہنم میں جائیں گے، علماء حسد کی وجہ سے جہنم میں جائیں گے، دیہاتی جہالت کی وجہ سے جہنم کا ایندھن بنیں گے، تاجر خیانت کی وجہ سے جہنم میں جائیں گے، دوزخ کے درکات اور درجات میں فرق ہے، اسی طریقے سے عذاب کی شدت میں بھی فرق ہے کچھ ایسے دوزخی ہیں جو ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے کچھ ایسے دوزخی ہوں گے جو کچھ عرصے کے بعد شفاعت کی وجہ سے عذاب سے چھٹکارا حاصل کریں گے، بدترین عذاب یہ ہے کہ انسان دنیا میں سنگ دل ہو اور آخرت میں دوزخ کے پست ترین درکات میں پڑا ہوا ہو۔

---

[1] سورہ الطور، آیت نمبر ۷۔

[2] سفینۃ البحار ۲_۲۱۵۔

ا۔قوم عاد پر عذاب

حضرت ہود علیہ السلام کی عمر جب چالیس برس ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے ان پر وحی نازل کی اور انہیں مبعوث نبوت فرمایا، انہوں نے اپنی قوم کو توحید خداوندی کی دعوت دی، حضرت ہود علیہ السلام کی قوم کو قوم عاد کہا جاتا ہے وہ تیرہ قبائل پر مشتمل تھی جن کے پاس بہترین زراعت اور اعلیٰ اقسام کی کھجوروں کے باغات تھے، اُن کے شہر عرب دنیا کے آباد ترین شہر تھے اُن لوگوں کی عمر دراز اور لمبے قد ہوتے تھے۔

حضرت ہود علیہ السلام نے کئی برسوں تک اپنی قوم کو تبلیغ کی لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا، آخر کار تنگ آ کر انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ میں تمہیں بددعا دوں ،گا اُن کی قوم نے کہا: ہود! ہمارے اور قوم نوح کے درمیان بہت سا فرق ہے، قوم نوح کے جسم کمزور تھے اور ناتوان لوگ تھے اسی لئے وہ عذاب میں ہلاک ہو گئے جب کہ ہمارے خدا بھی طاقتور ہیں اور ہمارے جسم بھی بڑی طاقت والے ہیں اسی لئے ہم کسی عذاب سے نہیں ڈرتے۔

اللہ تعالیٰ نے اُن کے اوپر باد عقیم کو بھیجا یہ وہ ہوا ہے جس کے متعلق امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ میں باد عقیم سے خدا کی پناہ چاہتا ہوں، یہ باد عقیم عذاب الٰہی لیکر قوم عاد پر نازل ہوئی، جب عذاب نازل ہوا تو قوم عاد کے محلات قلعے شہر تمام عمارتیں ہلنے لگ گئیں اور ہوا نے انہیں ریزہ ریزہ کر دیا، وہ تند و تیز ہوا سات راتیں اور آٹھ دن متواتر چلتی رہی جس کی وجہ سے اُن کے محلات اور گھر اور سب لوگ نیست و نابود ہو گئے۔

قوم عاد کو ذات العماد بھی کہا جاتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ عماد، عمود کی جمع ہے اور عمود ستون کو کہا جاتا ہے یہ لوگ اتنے طاقتور تھے کہ وہ پہاڑوں کو تراش کر ستون بنا لیتے تھے اور ان میں رہائش پذیر ہوتے تھے جب اللہ تعالیٰ کا عذاب نازل ہوا تو ہر چیز زیر و زبر ہو گئی۔

جیسا کہ قرآن مجید میں ارشاد ہوتا ہے کہ ان پر عذاب (ریحاً صرصراً) لے کر آئی "ریحاً صرصراً" کا معنی تیز و تند سرد ہوا ہے جو ایک چیز کو کسی جگہ سے اکھاڑ کر رکھ دے جیسے ہی وہ ہوا چلی تو جس طریقے سے ہوا لکڑی کو بلند کرتی ہے اسی طریقے سے اُن لوگوں کو ہوا اوپر بلند کرتی اور پھر نیچے زمین پر دے مارتی تھی ان لوگوں کی ہڈیاں تک اس نے پھیلا دی تھیں۔[1]

۲۔ابن ملجم لعین اور عذاب برزخ:

ابن رقاء بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میں مکہ میں مسجد الحرام کے پاس موجود تھا میں نے دیکھا کہ لوگوں کا گروہ مقام ابراہیم کے پاس بیٹھا ہوا ہے، میں نے پوچھا کہ کیا کوئی نئی بات ہے مجھے بتایا گیا کہ عیسائی عالم اور راہب تازہ مسلمان ہوا ہے اور وہ لوگوں

---

[1] حیوۃ القلوب ۲۔۹۹۔

سے گفتگو کر رہا ہے، میں بھی اُسے دیکھنے کے لئے مقام ابراہیم کے پاس گیا۔

میں نے دیکھا کہ ایک بوڑھا شخص جس نے پشمینا کا لباس پہنا ہوا ہے اور سر پر پشم کی ٹوپی رکھی ہوئی ہے جو بلند قد و قامت رکھتا ہے لوگوں سے محو گفتگو تھا، وہ لوگوں سے کہہ رہا تھا کہ ایک دن میں اپنے صومعہ میں بیٹھا ہوا تھا جب میں نے اپنے صومعہ کے باہر نگاہ کی تو مجھے ایک عجیب منظر نظر آیا، ایک بہت بڑا پرندہ جو کہ شکاری باز سے بھی کئی گناہ بڑا تھا اچانک وہ دریا کے کنارے پڑے ہوئے پتھر پر آ کر بیٹھا اور اس نے کسی چیز کو قے کر کے منہ سے نکال پھینکا، جب میں نے غور سے دیکھا تو اس نے اپنے منہ سے انسانی جسم کا چوتھائی حصہ اگل دیا تھا، پھر کچھ دیر کے بعد وہ پرندہ واپس آیا اس بار بھی میں نے دیکھا کہ اس نے قے کر کے اپنے منہ سے انسانی جسم کا چوتھائی حصہ نکالا، کچھ دیر کے بعد وہ پھر واپس آیا اس نے پھر قے کی اور انسانی جسم کا چوتھائی حصہ باہر نکالا، چوتھی مرتبہ وہ پھر واپس آیا تو اس مرتبہ بھی اس نے انسانی جسم کا چوتھائی حصہ قے کیا۔

پھر میں نے دیکھا کہ وہ ٹکڑوں میں تقسیم ہونے والا شخص مکمل انسان کی شکل اختیار کر گیا اور مجھے یوں لگتا تھا کہ جیسے وہ زندہ انسان ہو، چند لمحات ہی گزرے تھے وہ پرندہ پھر واپس آیا، اس نے اپنی چونچ سے اس کے چار حصے کئے اور ایک حصہ کو دوبارہ نگل لیا پھر باری باری آ کر باقی ٹکڑوں کو بھی نگلتا رہا، میں نے تعجب کیا اور اپنے آپ سے کہنے لگا کہ پروردگار! یہ کونسا بدبخت ہے جسے اتنا عذاب دیا جا رہا ہے؟

مجھے افسوس ہوا کہ میں اس کے پاس جا کر اس سے پوچھتا کہ اسے کس گناہ کی سزا دی جا رہی ہے اللہ کا مجھ پر کرم ہوا کہ پھر وہ پرندہ دوبارہ اس جگہ پر آیا اور ایک حصے کو قے کئے اسی طرح وہ چار مرتبہ آیا اور اس انسان کو مکمل قے کیا، اب وہ شخص مکمل انسان بن گیا، تو میں دوڑتا ہوا اس بدبخت کے پاس پہنچا اور اس سے پوچھا کہ تو کون ہے؟ اور تجھے کونسے گناہ کی سزا مل رہی ہے؟

اس نے مجھ سے کہا کہ میں ابن ملجم ہوں اور میں نے امیر المومنین علی علیہ السلام کو قتل کیا تھا، عالم برزخ میں اللہ تعالیٰ نے اس پرندہ کی ڈیوٹی لگائی ہے جو روزانہ مجھے قتل کرتا ہے اور نگل جاتا ہے پھر باہر نکالتا ہے اور میرا وجود مکمل بن جاتا ہے پھر مجھے اسی طرح قتل کرتا ہے۔

میں نے اس سے پوچھا کہ یہ تو بتا علی بن ابو طالب کون تھے؟

اس نے کہا: ''وہ رسول خدا کے ابن عم اور اُن کے جانشین تھے''

چنانچہ مین نے یہ منظر دیکھا اس منظر کو دیکھنے کے بعد میں نے گواہی دی کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سچے نبی ہیں اور حضرت علی اُن کے جانشین ہیں پھر میں مسلمان ہو گیا۔ [1]

---

[1] عالم برزخ ص ۱۷۸، بحار الانوار ۴۲۔ ۳۰۷

۳۔عمل کی جزا:

چنگیز خان نے ایران پر وحشیانہ حملہ کیا تھا اس نے خون کی ندیاں بہادیں تھیں وہ جس بھی شہر میں جاتا تو لوگوں کو اکٹھا کر کے پوچھتا اچھا یہ بتاؤ میں تمہیں قتل کررہا ہوں یا خدا تمہیں مار رہا ہے؟ اگر لوگ کہتے کہ تو ہمیں قتل کررہا ہے پھر بھی سب کو قتل کر دیتا اور اگر لوگ یہ کہتے کہ نہیں خدا ہمیں مار رہا ہے تو پھر کہتا کہ جب خدا تمہیں مار رہا ہے تو پھر میں تمہیں کیوں نہ قتل کروں، یہ کہتا اور پھر قتل عام شروع کر دیتا۔

یہاں تک کہ وہ شہر ہمدان پہنچا اور اس نے شہر ہمدان کے بزرگوں کے پاس اپنا ایک قاصد بھیجا کہ تم میں سے چند لوگ میرے پاس آئیں میں اُن سے گفتگو کرنا چاہتا ہوں، تمام لوگ پریشان تھے کہ اب کیا کیا جائے؟

ایک بہادر جوان نے آگے بڑھ کر کہا کہ آپ میں سے کوئی نہ جائے میں اکیلا ہی اس کے پاس جانا چاہتا ہوں۔

بزرگوں نے کہا کہ ہمیں ڈر ہے کہ وہ تمہیں قتل کر دے گا۔

اس جوان نے کہا: ”میں بھی تو دوسرے انسانوں کی طرح ہوں اگر میں نہ گیا تو تم لوگ بھی مارے جاؤ گے“۔

جب وہ جوان جانے لگا تو وہ اپنے ساتھ ایک اونٹ، ایک مرغ اور ایک بکرے کو بھی لے گیا۔

وہ وہاں پر پہنچا جہاں چنگیز خان نے پڑاؤ ڈالا ہوا تھا چنگیز کی خدمت میں اسے لایا گیا۔

اس نے چنگیز خان سے کہا سردار عالم! اگر آپ کو کسی بڑے قد والے کی ضرورت ہے تو میں یہ اونٹ اپنے ساتھ لایا ہوں اور اگر آپ کو کسی بڑی داڑھی والے کی ضرورت ہے تو یہ بکرا میرے پاس ہے۔

اور اگر آپ یہ چاہتے ہیں کہ کوئی آپ سے زیادہ باتیں کرے تو باتیں کرنے اور آذان دینے کے لئے یہ مرغ بھی میں اپنے ساتھ لایا ہوں، اگر گفتگو کرنی ہے تو میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔

چنگیز خان نے اس سے کہا اچھا یہ بتاؤ کہ کیا میں لوگوں کو قتل کر رہا ہوں یا خدا کر رہا ہے؟

اس شخص نے جواب دیا: ”نہ تو کسی کو قتل کر رہا ہے اور نہ ہی خدا کسی کو قتل کر رہا ہے“۔

چنگیز خان نے کہا: ”اچھا جلدی بتا تو پھر اُن کو کون قتل کر رہا ہے؟“

اس شخص نے کہا: ”اُن کے اعمال کی جزا اُن کو قتل کر رہی ہے“۔[1]

۴۔عذاب کے نازل ہونے کی وجہ:

سب سے پہلے پیمانے اور ترازو حضرت شعیب علیہ السلام نے متعارف کروائے تھے، ایک مدت کے بعد اُن کی قوم نے

---

[1] داستانہا و پندہا ۶۔ ۱۵۷۔

ناپ تول میں کمی کردی تھی، وہ کفر اختیار کر گئے جب حضرت شعیب علیہ السلام نے انہیں نصیحت کی تو وہ آپؑ کو جھٹلاتے تھے اگر وہ کسی سے سامان خریدتے تو اُن کے پاس اور باٹ ہوتے تھے اور اگر کسی کے پاس مال فروخت کرتے تو اُن کے پاس علیحدہ باٹ ہوتے تھے، وہ ہمیشہ کم ناپ و تول کے ساتھ اشیاء فروخت کرتے تھے۔

بعض مورخین لکھتے ہیں کہ یہ قوم بہت اچھی تھی لیکن بعد میں اُن کا ایک حاکم بنا جس نے پوری قوم کو کم فروشی اور ذخیرہ اندوزی کی طرف رغبت دلائی تھی، لوگوں نے بھی اس کے حکم پر عمل کرتے ہوئے کم فروشی اور ذخیرہ اندوزی شروع کردی، حضرت شعیب علیہ السلام نے اُن کو بہت تبلیغ کی لیکن اس کا کوئی فائدہ نہ ہوا۔

بادشاہ کے حکم کے تحت حضرت شعیبؑ اور اُن کے ساتھیوں کو شہر مدین سے نکال دیا گیا، اس کے بعد اس قوم پر عذاب نازل ہوا، وہ عذاب زلزلہ اور آتش بار بادل کی شکل میں تھا۔

جب وہ عذاب نازل ہوا تو اس وقت سخت گرمیوں کے دن تھے اور سخت لو کی وجہ سے لوگوں کی جانیں نکل رہی تھیں، اتنے میں لوگوں نے دیکھا کہ ایک سیاہ بادل نمودار ہوا ہے جس سے ٹھنڈی ہوا خارج ہو رہی ہے لوگ ٹھنڈک حاصل کرنے کے لئے اس بادل کے سائے میں جمع ہوئے جیسے ہی تمام لوگ اس بادل کے سائے میں جمع ہوئے تو اسی بادل سے آگ کے شرارے ٹپکنے لگے، جس سے پورے شہر میں آگ لگ گئی، سب کے سب اس میں جل گئے اور اوپر سے اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں پر زلزلہ مسلط کردیا، بیان کیا جاتا ہے کہ وہ عذاب اُن پر پورے نو دنوں تک رہا، قوم شعیب شہر مدین میں رہتی تھی اور عذاب کی وجہ سے پورا شہر تباہ و برباد ہو گیا۔ [1]

۵۔ حق کو پوشیدہ کرنے والوں کے لئے عذاب:

جابر ابن عبداللہ انصاری بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام نے ہمارے سامنے خطبہ دیا، حمد و ثنا کے بعد آپؑ نے سامعین کی طرف نگاہ کی جس میں کچھ اصحاب پیغمبر بھی موجود تھے جن میں انس بن مالک، براء بن عازب انصاری، اشعث بن قیس، اور خالد بن یزید بجلی موجود تھے۔

علی علیہ السلام نے باری باری اُن چاروں کی طرف دیکھا اور سب سے پہلے آپؑ نے انس سے مخاطب ہو کر فرمایا: ''انس! اگر تو نے خود اپنے کانوں سے سنا ہو کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے حق میں کہا تھا ''من کنت مولاہ فھذا علی مولا'' جس کا میں مولا ہوں اس کا علیؑ مولا ہے، تو میرے حق میں گواہی دے اگر تو نے میرے حق میں گواہی نہ دی تو اللہ تعالیٰ تجھے برص کی بیماری میں مبتلاء کردے، اور تیرے چہرہ اور سر پر برص کے داغ نمودار ہوں گے جسے تیرا عمامہ بھی نہیں چھپا سکے گا۔

اس کے بعد آپؑ نے اشعث بن قیس کی طرف منہ کر کے فرمایا: ''اشعث! اگر تو نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے میرے حق میں ''من کنت مولاہ فھذا علی مولا'' کی حدیث سنی ہو تو آج میرے حق میں گواہی دو، اگر آج تم نے یہ گواہی نہ

[1] تاریخ انبیاء ۲۔ ۳۴۔

دی تو تم عمر کے آخری حصے میں دونوں آنکھوں سے اندھے ہو جاؤ گے"۔

اس کے بعد آپؑ نے خالد ابن یزید سے کہا: "خالد! اگر تم نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبانی "من کنت مولاہ فھذا علی مولا" کی حدیث سنی ہو تو میرے متعلق گواہی دو اگر آج تم نے میرے متعلق گواہی نہ دی تو اللہ تعالیٰ تجھے زمانہ جاہلیت کی موت مارے گا۔"

پھر آپ نے براء بن عازب سے مخاطب ہو کر فرمایا: "اگر تم نے اپنے کانوں کے ساتھ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے من کنت مولاہ فھذا علی مولا کی حدیث سنی ہو تو آج میرے متعلق گواہی دو اگر آج تو نے گواہی نہ دی تو اللہ تعالیٰ تجھے وہاں موت دے گا جہاں سے تو نے ہجرت کی تھی۔

لیکن حضرت علی علیہ السلام کے اس تاکیدی فرمان کے باوجود اُن چار افراد نے حق کو چھپا دیا اور کہا کہ ہمیں پوری طرح سے یوم غدیر کے دن کا واقعہ یاد نہیں۔

جابر ابن عبداللہ انصاری بیان کرتے ہیں کہ خدا کی قسم کچھ عرصے کے بعد میں نے انس بن مالک کو دیکھا تو وہ برص کی بیماری میں مبتلا ہو چکا تھا اور اس کا عمامہ بھی اُن داغوں کو نہیں چھپا سکتا تھا۔

پھر میں نے اشعث بن قیس کو اس کی عمر کے آخری ایام میں دیکھا تھا تو وہ دونوں آنکھوں سے اندھا ہو چکا تھا اور یہ کہتا تھا کہ اللہ کا شکر ہے کہ علیؑ نے مجھے اس دنیا میں ہی اندھا ہونے کی بددعا دی تھی اور آخرت کے لئے بددعا نہ کی تھی ورنہ میں دنیا و آخرت میں اندھا ہو جاتا۔

حضرت جابر فرماتے ہیں کہ میں نے خالد بن یزید کو دیکھا وہ اپنے گھر میں مرا اس کے خاندان والوں نے چاہا کہ اُسے اس کے گھر میں دفن کریں لیکن اس کے قبیلہ (بنی کندہ) کو معلوم ہوا تو انہوں نے حملہ کر کے اسے زمانہ جاہلیت کے رسومات کے تحت دفن کیا گیا اور اسے جاہلیت کی موت ہی نصیب ہوئی۔

براء ابن عازب کو معاویہ نے یمن کا حاکم بنایا تھا اور اس نے یمن ہی میں وفات پائی تھی جہاں سے اس نے ہجرت کی تھی۔

یوں حضرت علی علیہ السلام کی بددعا چاروں افراد کے خلاف موثر ثابت ہوئی۔ [1]

---

[1] حکا حصاۃ شنیدنی ۱۰۳۰۱/منہاج البراعہ ۲۱۶/۱۲۔

باب نمبر 59

عفوو درگزر

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى... [1]

''اور تمہارا معاف کر دینا تقویٰ سے زیادہ قریب ہے''

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:

العفو لا یزید العبد الا عزا... [2]

''عفوو درگزر کی وجہ سے انسان کی عزت میں اضافہ ہوتا ہے''

مختصر تشریح:

قدرت رکھنے کے باوجود دشمن کو معاف کر دینا انبیاء کی سیرت ہے عفو کی تفسیر یہ ہے کہ انسان کسی کے جرم و خطا کو معاف کر دے اور ظاہری طور پر مجرم پر احسان کرے اس طریقہ کار کو عفو کہتے ہیں۔

جو شخص دوسرے لوگوں کے گناہ معاف نہیں کرتا تو اسے کیا حق پہنچتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی طلب کرے۔

عفوو درگزر کا تعلق ایسی صفات سے ہے جسے اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں پسند کرتا ہے، اس لئے ضروری ہے کہ بندے بھی ایک دوسرے کے گناہوں کو معاف کریں، اگر کسی نے عمداً سہواً کوئی جرم کیا ہے تو انسان کو چاہیے کہ اس کو معاف کر دے تا کہ اللہ اس درگزر کی وجہ سے ہمارے گناہ بھی معاف کرے۔

۱۔ غلام کی مار پیٹ:

بیان کیا جاتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک صحابی نے کسی بات پر ناراض ہو کر کوڑا اٹھایا اور اپنے غلام پر

---

[1] سورہ البقرہ، آیت نمبر ۲۳۷

[2] جامع السعادات ۲/۲۸۷۔

کوڑے برسانے شروع کر دیئے، غلام بار بار یہ کہہ رہا تھا کہ تجھے خدا کی قسم مجھے نہ مار مجھے معاف کر دے، لیکن اس کے آقا کو اس پر رحم نہ آیا وہ بدستور اس پر کوڑے برساتا رہا۔

کچھ لوگوں نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس واقعہ سے مطلع کیا تو رسول خداؐ بڑی تیزی سے اس جگہ پر آئے جب صحابی نے رسول خدا کو آتے دیکھا تو اس نے اُسے کوڑے مارنے بند کر دیئے۔

رسول خداؐ نے اس سے کہا: اس غلام نے تجھے خدا کے حق کی قسم دی لیکن تو اس کے باوجود بھی اس پر تشدد کرتا رہا، اب تو نے مجھے دیکھا تو اس پر کوڑے برسانا چھوڑ دیئے۔

اس صحابی نے کہا: ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اسے راہ خدا میں آزاد کرتا ہوں''۔

رسول خداؐ نے فرمایا: ''تو نے اچھا کیا جو اسے آزادی دے دی، تو اگر اسے آزادی نہ دیتا تو اس وقت جہنم کا شعلہ نمودار ہوتا اور تجھے اپنی لپیٹ میں لے لیتا''۔ [1]

۲۔ قاتل کو معاف کرنے والے:

آیت اللہ العظمیٰ سید ابوالحسن اصفہانی جس وقت نجف اشرف میں مقیم تھے وہ لوگوں کو نماز مغربین پڑھا رہے تھے، انہوں نے لوگوں کو نماز مغرب ادا کرائی ابھی عشاء کی نماز نہیں پڑھی تھی کہ لوگوں نے آکر بتایا کہ اس کے بیٹے کو کسی نے چھری کے وار کر کے مسجد نجف ہی میں قتل کر دیا ہے، اُن کا قتل ہونے والا بیٹا دین دار اور متقی شخص تھا۔

جیسے ہی سید ابوالحسن اصفہانی کو بیٹے کی موت کی خبر ملی تو انہوں نے بڑی بردباری اور صبر وتحمل کا مظاہرہ کیا اور صرف اتنا کہا ''لاحول ولا قوۃ الا باللہ'' اور اس کے بعد انہوں نے لوگوں کو نماز عشاء ادا کرائی۔

لوگ آپ کے پاس آئے اور آپ سے کہا کہ ہم نے قاتل کو پکڑ لیا ہے اب اُسے کیا سزا دینی چاہیے، آپ نے فرمایا: میں نے اسے معاف کر دیا ہے اور تم بھی اُسے چھوڑ دو۔ [2]

۳۔ کنیز کی آزادی:

کچھ لوگ امام سجاد علیہ السلام کے ہاں مہمان تھے تو ایک غلام ان مہمانوں کے لئے سیخ پر بنائے گئے کباب لا رہا تھا اتفاق سے اس کے ہاتھ سے ایک گرم سیخ گری اور وہاں پر موجود امام سجاد علیہ السلام کے معصوم بچے کے سر پر لگی، جس کی وجہ سے وہ معصوم بچہ موقع پر ہی دم توڑ گیا۔

---

[1] شنید نہای تاریخ ص ۹۸۔ محجۃ البیضاء ۵/۳۲۳۔

[2] سیمای فرزانگان ص ۳۳۶، گنجینہ دانشمندان ۱/۲۲۱۔

وہ غلام سخت متحیر اور مضطرب ہوگیا، امام علیہ السلام نے اُسے تسلی دیتے ہوئے فرمایا: جاؤ! میں نے خدا کی رضا کے لئے تمہیں آزاد کردیا ہے پھر آپ نے حکم دیا کہ اس بچہ کی تجہیز وتکفین کی جائے۔ [1]

سفیان ثوری بیان کرتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ امام جعفر صادق علیہ السلام کا چہرہ متغیر ہے، میں نے امام علیہ السلام سے اس کی وجہ دریافت کی تو امام علیہ السلام نے فرمایا: ''میں نے تمام اہل خانہ کو منع کر رکھا تھا کہ کوئی گھر کی چھت پر نہ چڑھا کرے اتفاق سے آج جب میں گھر میں داخل ہوا تو میں نے دیکھا کہ میری ایک کنیز جو میرے بچوں کی دایہ کے فرائض سرانجام دیتی ہے میرے ایک بچے کو اٹھا کر سیڑھیاں چڑھ رہی تھی جیسے ہی اس نے مجھے دیکھا تو خوف سے لرزنے لگی اور اس کے ہاتھوں سے میرا بچہ گرا اور چوٹ لگنے سے فوت ہوگیا۔

مجھے میرے بچے کے مرنے کا اتنا غم نہیں لیکن میں پریشان اس لئے ہوں کہ وہ کنیز میرے خوف سے کیوں لرز رہی تھی، میں نے اس کنیز کو معاف کردیا اور اسے راہ خدا میں آزادی دے دی۔ [2]

۴۔ جب بیٹے نے باپ کے قاتل کو معاف کیا:

جب بنی عباس کی خلافت کا دور آیا تو بنی امیہ کے بزرگ ادھر اُدھر بھاگ گئے اور چھپ گئے اُن چھپنے والوں میں ابراہیم بن سلیمان بن عبدالمالک بھی شامل تھا، وہ بوڑھا آدمی تھا لیکن اس کے باوجود وہ انتہائی دانشمند اور ادیب تھا۔

ابو العباس سفاح نے اس کے لئے امان نامہ جاری کردیا، چنانچہ اس نے امان نامہ ملنے کی وجہ سے اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے ظاہر کیا۔

ایک دن ابو العباس سفاح نے اس سے پوچھا: ''یہ بتائیں جب آپ پریشان تھے اور چھپتے پھر رہے تھے اُن دنوں آپ کی کیا حالت تھی؟''

ابراہیم نے کہا: ''عجیب بات ہے کہ میں نے ''حیرہ'' کے قریب ایک بیابان میں پوشیدگی اختیار کی ہوئی تھی ایک دن میں نے دیکھا کہ کوفہ سے سیاہ پرچم اسی طرف آرہے ہیں اور مجھے یقین ہوگیا کہ بنو عباس کے سپاہی مجھے گرفتار کرنے اس طرف آرہے ہیں، میں نے بھاگنا شروع کردیا، بھاگتے ہوئے میں کوفہ پہنچا اور کوفہ کے گلی کوچوں میں حیران ہوکر بھاگتا رہا، ایک بہت بڑے گھر کے دروازے پر میں پہنچا اور دیکھا کہ ایک سوار ہے اور اس کے ساتھ اس کے چند غلام بھی اس گھر میں داخل ہو رہے ہیں۔

اس نے مجھ سے کہا کہ تو کیا چاہتا ہے؟

میں نے اُن سے کہا کہ میں ایک پریشان آدمی ہوں اور تجھ سے پناہ چاہتا ہوں، اس نے مجھ سے کہا کہ آؤ میرے ساتھ آؤ،

---

[1] منتھی الآمال ۲۔۴۔

[2] منتھی الآمال، ۲۔۱۲۸

اس نے مجھے اپنے گھر کے ایک کمرے میں جگہ دے دی اور بہت اچھے طریقے سے میری مہمان نوازی کی، میں کافی عرصہ اُن کے پاس رہا انہوں نے مجھ سے کوئی بھی سوال نہیں کیا کہ میں کون ہوں؟ اور میں نے بھی صاحب منزل سے کچھ نہ پوچھا کہ وہ کون ہے؟ البتہ میں روزانہ دیکھتا تھا کہ وہ شخص کچھ غلاموں کو ساتھ لیکر سارا دن باہر رہتا جیسے کسی کی تلاش میں رہتا ہو۔

ایک دن میں نے اس شخص سے پوچھا کہ تم روزانہ کس کو تلاش کرنے جاتے ہو؟ اس شخص نے جواب دیا کہ میں ابراہیم بن سلیمان کو تلاش کرتا پھر رہا ہوں کیونکہ اس نے میرے باپ کو قتل کیا تھا اب میں چاہتا ہوں کہ وہ جہاں کہیں بھی چھپا ہوا ہے اسے تلاش کر کے اس سے اپنے باپ کا انتقام لوں۔

میں نے اس شخص سے کہا کہ آپ نے میری بہت اچھی مہمان نوازی کی ہے اور اس مہمان نوازی کے بدلے میں میں تمہارے باپ کے قاتل کو تلاش کرنے میں تمہاری راہنمائی کروں گا جیسے ہی میں نے یہ کہا تو وہ بڑی بے صبری سے بولا کہ وہ کہاں ہے؟

میں نے اس سے کہا کہ میں ہی ابراہیم بن سلیمان اموی ہوں، اس نے مجھ سے کہا کہ تم جھوٹ بول رہے ہو۔

میں نے اس سے کہا: ''نہیں میں جھوٹ نہیں بول رہا خدا کی قسم میں نے ہی تمہارے باپ کو فلاں تاریخ اور فلاں جگہ پر قتل کیا تھا۔

جب اس نے مجھ سے یہ الفاظ سنے تو اُسے یقین ہو گیا اس کا غصہ سے رنگ تبدیل ہو گیا اور اس کی آنکھیں سرخ ہو گئیں، تھوڑی دیر تک وہ نیچے زمین کی طرف دیکھتا رہا اور پھر سر بلند کر کے مجھ سے کہا کہ میں خدا کی عدالت میں اپنے باپ کا تجھ سے انتقام لوں گا، خدا بڑا عادل ہے میں تجھ سے اپنے باپ کے خون کا بدلہ لینا چاہتا تھا لیکن میں نے تجھے پناہ دی اب میں تجھے معاف کرتا ہوں اس کے بعد اس نے مجھے ایک ہزار درہم دیئے اور کہا کہ تم یہاں سے چلے جاؤ، میں وہ ایک ہزار درہم نہیں لینا چاہتا تھا اس نے مجھے وہ زبردستی دیئے اس کے بعد میں وہاں سے چلا گیا۔

خدا کی قسم خلیفہ کے بعد میں نے اس شخص کو سب سے زیادہ سخی پایا۔[1]

۵۔ فتح مکہ:

چشم فلک نے یہ منظر دیکھا کہ مکہ سے تاریکی شب میں نکلنے والا شخص دن کے وقت فاتحانہ شان سے مکہ داخل ہوا اس کے بعد پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عام معافی کا اعلان کر دیا، مگر آپ نے کچھ افراد کو معاف نہ کیا اور کہا کہ انہیں گرفتار کر کے میرے سامنے پیش کیا جائے۔

ان میں عبداللہ بن زبعری جو آپؐ پر ہجو گوئی کرتا تھا، آپ کے چچا جناب حمزہؓ کا قاتل وحشی (جس نے جنگ احد میں امیر حمزہ کو شہید کیا تھا)، عکرمہ بن ابی جہل صفوان بن امیہ اور ہبار بن الاسود شامل تھے۔

---

[1] تتمہ تاریخ ۲/۹۲ ثمر الاوراق ابن حجہ۔

تمام لوگ باری باری آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آتے رہے اور معافی طلب کرتے رہے آپ نے سب کو معاف کر دیا۔

آخر میں ھبار ابن الاسود آپ کی خدمت میں حاضر ہوا، یہ وہ بد بخت تھا جب آپ کی بیٹی (ربیبہ بیٹی) جناب زینبؑ اپنے خاوند ابو العاص بن ربیع کے ساتھ مکہ سے مدینہ آ رہی تھی اس نے راستے میں اُن پر ظلم کیا تھا جس کی وجہ سے حضرت زینبؑ کا اسقاط حمل ہو گیا تھا آپؐ نے اس کے خون کو مباح کر دیا تھا۔

جب کہ وہ سخت پریشان تھا اور معافی کا طلب گار تھا اور کہنے لگا: ''یا رسول اللہ! پہلے میں مشرک تھا اب میں اسلام قبول کرتا ہوں اور اپنے گناہوں کی معافی چاہتا ہوں اور میں آپ سے بھلائی کی امید رکھتا ہوں''۔

آپؐ نے فرمایا: ''میں نے تجھے معاف کر دیا ہے اور خدا نے تجھ پر احسان کیا ہے کہ تجھے اسلام کی طرف ہدایت دی اور تم نے اسلام قبول کر لیا اب تیرے پچھلے گناہ معاف کر دیئے گئے ہیں۔ [1]

پھر آپ نے تمام مکہ والوں سے تاریخی جملہ کہا: ''اذھبوا فانتم الطلقاء'' جاؤ تم سب ہمارے آزاد کردہ غلام ہو۔

آپ کی زبان سے ادا ہونے والا لفظ ''طلقاء'' ہمیشہ ان کی پیشانیوں پر ثبت ہو گیا، شام کے دربار میں یزید لعین نے اپنی فتح کی مستی میں چند طربیہ اشعار پڑھے تو جناب سیدہ زینب الکبریٰ نے اس لعین کو خطاب کر کے اسے اس کی اصل حیثیت یاد دلائی تھی اور حضرت سیدہ نے فرمایا تھا ''امن العدل یابن الطلقاء تخدیرك امائك وحرائرك''۔

ہمارے آزاد کردہ غلاموں کی نسل! کیا یہی انصاف ہے کہ تیری کنیزیں تو پردے میں رہیں اور رسول خدا کی بہو بیٹیاں بازاروں میں لائی جائیں۔

[1] شجرہ طوبیٰ ص ۱۱۲

باب نمبر 60

عقل

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے: ـــ

"وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ" [1]

''اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ (اس سے) زیادہ بہتر اور پائیدار ہے کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟''

امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے:

"لا يبلغ جميع العابدين في فضل عبادتهم ما بلغ العاقل" [2]

''تمام عبادت گزاروں کو اپنی عبادت کی وہ فضیلت نہیں مل سکتی جتنی فضیلت خدا عقل مند کو عطا کرتا ہے''۔

مختصر تشریح:

پروردگار: جسے تو نے عقل عطا کیا تو اسے تو نے کیا عطا نہیں کیا اور جسے تو نے عقل نہیں دیا تو اُسے دنیا میں کیا ملا (خواجہ عبداللہ انصاری)، انسانی زندگی کا دارو مدار عقل پر ہے اور جو شخص اپنے معاملات میں عقل استعمال نہیں کرتا تو وہ ہمیشہ نقصان اٹھاتا ہے۔

عقل رحمان کا ایک لشکر اور باطنی حجت ہے عقل چاہیے طبعی ہو، باطنی ہو یا تجربی ہو اسکا تعلق جس بھی صنف سے ہو وہ ہمیشہ انسان کی ترقی کا سبب بنتا ہے۔

انبیاء کرام لوگوں کے عقل کو مدنظر رکھ کر اُن سے گفتگو اور اُن کی ہدایت کرتے تھے، قیامت کے روز اللہ تعالیٰ لوگوں کے عقل کے مطابق اُن کا محاسبہ کرے گا، کسی کی اندھی تقلید آخرت میں تباہی کا باعث ہوتی ہے، یہی وجہ تھی کہ بنی اسرائیل نے اپنی کم عقلی اور تعصب کی وجہ سے ایک ہی دن میں ستر انبیاء کو شہید کیا تھا۔

---

[1] سورہ القصص آیت نمبر ۶۰۔

[2] جامع السعادات ۱/۱۱۱۔

۱۔ کدو کو ذبح کر کے کھاؤ۔

جب معاویہ نے امیر المومنین علیہ السلام کی مخالفت کی تو اس نے چاہا کہ امیر المومنینؑ سے جنگ کرنے سے پہلے اہل شام کی اطاعت کو آزمایا جائے اور دیکھا جائے کہ وہ کس حد تک اطاعت کرتے ہیں، اس نے عمرو عاص سے مشورہ کیا۔

عمرو عاص نے کہا: ''اچھی بات ہے اگر تم نے یہ دیکھنا ہے کہ وہ علی کے ساتھ لڑ سکتے ہیں یا نہیں، اگر یہ لوگ واقعی بے عقل ہیں تو علیؑ سے جنگ کریں گے اور اگر صاحبان عقل ہیں تو یہ علیؑ سے کبھی بھی جنگ نہیں کریں گے، اب ان کے آزمانے کا طریقہ یہ ہے کہ تم اہل شام کو حکم دو کہ وہ آئندہ جب بھی کدو پکانا چاہیں تو پہلے اُسے ذبح کریں، اگر یہ لوگ تیرا کہنا مان جاتے ہیں تو سمجھ لینا یہ لوگ بے عقل ہیں اور علیؑ کے خلاف تیرے مددگار ہوں گے اور اگر انہوں نے تیرا کہنا نہ مانا تو سمجھ لینا کہ یہ لوگ صاحبان عقل ہیں اور علیؑ سے کبھی بھی جنگ نہیں کریں گے''۔ معاویہ کو عمرو عاص کا یہ مشورہ بہت پسند آیا، معاویہ نے یہ حکم جاری کر دیا کہ جو شخص کل سے کدو پکانا چاہے تو اسے چاہیے کہ کدو کو پہلے گوسفند کی طرح سے ذبح کرے بعد میں اسے پکائے۔

شام کے لوگوں نے اس پر کوئی بھی اعتراض نہ کیا اور چند دنوں میں یہ بدعت پورے شام میں پھیل گئی، چند دنوں کے بعد یہ بدعت اہل عراق کے کانوں تک پہنچی اور ایک شخص نے امیر المومنین علیہ السلام سے اس کے متعلق سوال کیا تو آپؑ نے اس کے جواب میں فرمایا: ''کدو کھانے کے لئے اسے ذبح کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہوتی، محتاط رہو! شیطان تمہارے عقل کو زائل نہ کر دے اور شیطانی افکار سے حیرت زدہ اور سرگردان نہ ہو جاؤ''۔ [1]

۲۔ بزرگی با عقل است نہ با سال:

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اطراف مکہ و مدینہ میں دشمنوں کی سرکوبی کے لئے ایک لشکر تیار کیا اور اُن سے فرمایا کہ رات کو سفر کرنا اور بڑی خاموشی سے مخالف قبیلہ تک پہنچ کر اُن کی سرکوبی کرنا۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک جوان کو اس سریہ کا سپہ سالار مقرر کیا۔

ایک ظاہر بین شخص نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اعتراض کیا اور کہا کہ یا رسول اللہ! آپ نے ایک کم سن انسان کو ہمارا امیر لشکر بنایا ہے ہم اس کا حکم ماننے پر تیار نہیں ہیں، مہربانی کر کے آپ کسی بزرگ انسان کو ہمارا سپہ سالار مقرر کریں۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اے ظاہر صورت حال کو دیکھنے والا شخص! یہ سچ ہے کہ وہ جوان ہے خدا نے اُسے طاقتور دل اور صحیح عقل عطا کیا ہے، جب کہ تو بوڑھا شخص ہے اور تو کہتا ہے کہ فلاں شخص کی داڑھی سفید ہے اور اُسے امیر لشکر بنایا جائے تو سن! جس شخص کو تو امیر لشکر دیکھنا پسند کرتا ہے اگرچہ اس کی داڑھی سفید ہے لیکن اس کا دل تارکول کی طرح سے سیاہ ہے۔

---

[1] آداب نفس، چند عا ۱۹۳/۱۔ کافی ۶/ ۳۷۰۔

میں نے اس جوان کی عقل کو کئی لحاظ سے آزمایا تو میں نے دیکھا کہ یہ کم سن ضرور ہے مگر عقل میں کم سن نہیں، اور عقل کے بغیر درازی عمر کسی کام کی نہیں ہوتی لہٰذا سرداری کے لئے یہی شخص سب سے زیادہ مناسب ہے۔ [1]

۳۔ بے عقلی کا نتیجہ:

حجاج بن یوسف ثقفی تاریخ اسلام کا مشہور خونخوار گزرا ہے اس کی ماں کا نام "فارعہ" تھا اس کی شادی حارث بن کلدہ مشہور طبیب سے ہوئی تھی لیکن جب اُس طبیب نے اپنی عورت کو بے وقت مسواک کرتے ہوئے دیکھا تو اسے طلاق دے دی۔

اس عورت کا نکاح یوسف بن عقیل ثقفی سے ہوا، کچھ عرصہ بعد حجاج پیدا ہوا تو اس کی دبر کا سوراخ نہیں تھا طبیبوں نے بڑی مشکل سے وہاں سوراخ پیدا کیا تا کہ وہ پاخانہ کر سکے، پیدا ہونے کے بعد یہ بچہ ماں کا دودھ نہیں پیتا تھا، وہ پریشان ہوئے کہ اس کا کیا علاج کیا جائے ایک شیطان صفت انسان آیا اور اس نے کہا کہ میں تمہیں ایک طریقہ بتاتا ہوں چنانچہ پہلے دن اس نے ایک سیاہ رنگ کی بکری ذبح کروا کر کے اس کا خون اس بچے کے حلق میں ڈلوایا اور وہ آہستہ آہستہ اُس خون کو چوسنے لگا، دوسرے دن اس نے ایک نر بکرا ذبح کروا کے اس کا خون اس بچے کے حلق میں ڈلوایا اور وہ آہستہ آہستہ اس خون کو چوسنے لگا۔

پھر تیسرے دن اس طبیب نے حکم دیا کہ سیاہ سانپ کو مار کر اس کا خون اس کے حلق میں ڈالا جائے اور اس کے چہرے پر ملا جائے، اُن لوگوں نے اس پر عمل کیا اور چوتھے روز اس نے ماں کا دودھ پینا شروع کر دیا۔

اس جاہلانہ فعل کے نتیجہ میں یہ شخص خونخوار بنا اور اس شخص کی خونخواری اس حد تک بڑھی کہ وہ ظالم کہا کرتا تھا کہ مجھے سب سے زیادہ لذت خون بہانے میں ملتی ہے خاص طور پر سادات کا خون بہانے میں مجھے بہت لطف آتا ہے۔

عبدالملک بن مروان نے اسے اپنا سالار لشکر اور گورنر بنایا تھا اور بیس سال تک اموی حکومت میں بطور گورنر رہا، ۹۵ھ کو ۵۴ سال کی عمر میں یہ شخص واصل جہنم ہوا، جب یہ شخص مرا تو اس وقت تک وہ ایک لاکھ بیس ہزار افراد کو بے جرم وخطا شہید کر چکا تھا اور اس کے بغیر چھت کے زندان کے اندر ایک لاکھ بیس ہزار عورتیں تھیں اور ان میں چار ہزار ایسی عورتیں تھیں جن کے تن پر کوئی لباس نہیں تھا۔

دور حجاج کی تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ اس کے عہد ستم میں کمیل ابن زیاد، قنبر، یحییٰ بن ام الطویل، سعید ابن جبیر جیسے سینکڑوں بے گناہ افراد اس کے ظلم کا نشانہ بنے اور اس ملعون کے ہاتھوں انہوں نے جام شہادت نوش کیا تھا۔ [2]

---

[1] داستانہا مثنوی ۳/ ۶۳۔

[2]

۴۔ نجومی اور حضرت علی علیہ السلام:

کچھ لوگ عقل اور فکر سے فارغ ہوتے ہیں خدا پر وہ بھروسہ نہیں رکھتے وہ فال بین اور نجومیوں کے پاس جاتے ہیں، نجومی لوگ بڑی عقلمندی سے لوگوں سے رقم بٹور لیتے ہیں اس کا ایک نمونہ آپ کو اس روایت میں دکھائی دے گا۔

حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام خوارج کے ساتھ جنگ کرنے کے لئے نہروان کی طرف روانہ ہوئے جب آپ شہر مدائن پہنچے تو وہاں پر قیام کیا دوسرے دن آپؑ نے چاہا کہ آگے سفر کریں تو ایک نجومی امام علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا کہ حضرتؑ میں نے علم نجوم کی روشنی میں یہ جانا ہے کہ یہ ساعت جانے کے لئے ٹھیک نہیں ہے اگر آپ نے اس ساعت میں سفر کیا تو آپؑ کے لشکر کو شکست ہوگی اور آپؑ یہاں پر مزید تین ساعتیں رکیں اس کے بعد سعد ساعت شروع ہوگی تو پھر آپ چلے جانا، امام علی علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص تیری تصدیق کرتا ہے وہ قرآن مجید کی تکذیب کرتا ہے۔

پھر آپؑ نے فرمایا: ''اچھا یہ بتاؤ کہ ملک چین کی کوئی خبر ہے تمہارے پاس کہ اب اس کا بادشاہ ایک خاندان سے نکل کر دوسرے خاندان کی طرف جا رہا ہے'' اس نجومی نے کہا: ''حضرتؑ مجھے پتہ نہیں ہے۔

اس کے بعد آپؑ نے فرمایا: ''اچھا یہ بتاؤ کہ وہ کونسا ستارہ ہے جب وہ طلوع ہوتا ہے تو اونٹوں کے اندر جنسی شہوت بڑھ جاتی ہے؟ کہنے لگا کہ حضرت مجھے یہ بھی معلوم نہیں ہے۔

اس کے بعد امام علیہ السلام نے اس سے پوچھا: ''اچھا وہ کونسا ستارہ ہے جب وہ طلوع ہو تو بیلوں کے اندر جنسی شہوت بڑھ جاتی ہے؟''

اس نے کہا: ''حضور! مجھے یہ بھی معلوم نہیں''۔

اس کے بعد امام علیہ السلام نے فرمایا کہ اچھا یہ بتاؤ کہ میرے گھوڑے کے اگلے سم کے نیچے کیا چیز دفن ہے؟ اس نے کہا کہ حضرت مجھے یہ بھی نہیں معلوم۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: اچھا یہ بتاؤ کہ میرے گھوڑے کے پچھلے سموں کے نیچے کیا چیز دفن ہے؟ کہنے لگا جناب مجھے یہ بھی نہیں معلوم۔

اس کے بعد امام علیہ السلام نے فرمایا کہ ایک سونے کی اشرفیوں کی تھیلی میرے گھوڑے کے اگلے پاؤں تلے دفن ہے جب کہ میرے گھوڑوں کے پچھلے پاؤں کے نیچے ایک اژدھا سویا ہوا ہے۔

جب گھوڑے کے سموں کے نیچے کی زمین کھودی گئی تو وہاں وہی چیزیں برآمد ہوئی جو امام علیہ السلام نے بتائی تھیں۔

جیسے ہی نجومی نے یہ دیکھا تو اس کی فریاد بلند ہوئی اور کہا کہ امیر المومنین میری مدد کریں۔

امام علیہ السلام نے حکم دیا کہ اس کی کتابیں لائیں جائیں اس کی کتابیں لائیں گئیں تو آپ نے حکم دیا کہ اسے

ضائع کر دیا جائے اور اس کے بعد امام علیہ السلام نے اُسے حکم دیا کہ اگر تو نے دوبارہ اپنے علم کا مظاہرہ کرنے کی کوشش کی تو تجھے زندان میں ڈال دیا جائے گا۔

۵۔ بہلول عاقل:

حضرت بہلول (المتوفی ۱۹۰ھ) خلیفہ ہارون الرشید کے چچازاد بھائی تھے وہ بہت ہی عالم وفاضل شخص تھے لیکن انہوں نے ہارون کی طرف سے قضاوت کے عہدے کو قبول نہیں کیا تھا اور نہ ہی اس کی خواہش پر امام ہفتم کے قتل کا فتویٰ جاری کیا تھا، ہارون کے عتاب سے بچنے کے لئے انہوں نے اپنے آپ کو دیوانہ بنالیا تھا۔

بظاہر وہ دیوانے نظر آتے تھے لیکن اپنے زمانے کے وہ عاقل، فاضل اور دین دار انسان تھے۔

ایک دفعہ اُن کا گزر وہاں سے ہوا جہاں ابوحنیفہ اپنے طالب علموں کو درس دے رہا تھا اور بہلول اس کی باتیں سننے کے لئے وہاں پر رک گیا وہ کہہ رہا تھا کہ مجھے جعفرؑ ابن محمدؑ سے تین باتوں پر اختلاف ہے اور مجھے اُن کی تین باتیں پسند نہیں آئیں۔

۱۔ شیطان کو دوزخ کی آگ میں جلایا جائے گا، حالانکہ یہ بات صحیح نہیں ہے جب کہ شیطان خود آگ کا بنا ہوا ہے بھلا آگ کو آگ کیسے جلاسکتی ہے؟ اس کے بجائے شیطان کو برف کا عذاب دیا جائے گا۔

۲۔ جعفر صادق علیہ السلام کہتے ہیں کہ خدا کا دیکھنا محال ہے یہ بات صحیح نہیں ہے کیونکہ جو بھی چیز موجود ہوتی ہے وہ دیکھی جاسکتی ہے۔

۳۔ جعفر صادق علیہ السلام کہتے ہیں کہ انسان اپنے افعال میں فاعل مختار ہے، حالانکہ خدا خالق ہے بندے کے پاس کچھ بھی اختیار نہیں ہوتا۔

جب حضرت بہلول نے ابوحنیفہ کے یہ تین مسائل سنے تو انہوں نے مٹی کا ایک ڈھیلا اٹھایا اور زور سے اس کے سر پر دے مارا جس سے اس کی چیخ بلند ہوئی اور اس کے شاگردوں نے دوڑ کر بہلول کو پکڑا اور خلیفہ کے پاس لے گئے۔

ابوحنیفہ نے خلیفہ سے کہا: ''جناب آپ انصاف کریں اس نے مجھے مٹی کا ایک ڈھیلا مارا ہے جس کی وجہ سے مجھے سخت درد ہو رہا ہے۔

بہلول نے کہا: ''جناب خلیفہ صاحب یہ شخص جھوٹ بول رہا ہے اگر سچا ہے تو دکھائے کہ درد کہاں ہے؟

ابوحنیفہ نے کہا: ''یہ بھی کوئی بات ہے بھلا درد بھی کوئی دیکھنے کے لائق ہے''۔

بہلول نے مسکرا کر کہا کہ ابھی تو تم کہہ رہے تھے کہ جعفر صادق کہتے ہیں کہ خدا کا دیکھنا محال ہے تمہیں اس بات سے اختلاف تھا اور کہہ رہے تھے کہ جو بھی چیز موجود ہوتی ہے وہ دیکھی جاسکتی ہے، اگر درد ہے تو دکھاؤ۔

پھر بہلول نے ابوحنیفہ سے کہا کہ میں نے تجھے کیا مارا ہے جو تو اتنا چیخ رہا ہے۔

ابوحنیفہ نے کہا: مجھے تو نے مٹی کا ڈھیلا مارا:

بہلول نے کہا: ''بھلا یہ تجھے کیسے تکلیف دے سکتا ہے تو بھی مٹی سے بنا ہے اور یہ بھی مٹی ہے ابھی تم کہہ رہے تھے کہ شیطان آگ سے بنا ہے اور اُسے آگ کیسے جلا سکتی ہے۔

''پھر حضرت بہلول نے کہا: ''اچھا یہ بتاؤ اب مجرم کون ہے؟''

ابوحنیفہ نے کہا: '' تو نے مجھے ڈھیلا مارا ہے اور تو ہی مجرم ہے، حضرت بہلول نے کہا: ابھی تو تم نے کہا ہے کہ ہر کام خدا کی طرف سے ہوتا ہے اس میں انسان کا کچھ بھی اختیار نہیں ہے لہٰذا یہ ڈھیلا بھی تجھے خدا کی طرف سے لگا ہے۔

جب ابوحنیفہ کو اس کے اشکالات کے جواب ملے تو اس نے اپنی شکایت واپس لے لی۔

باب نمبر 61

علم

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہے:

"وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ"[1]

"اور آپ کو اُن باتوں کی تعلیم دی جنہیں آپ نہیں جانتے تھے"۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے:

"لا یحب العلم الا السعید"[2]

سعادت مند شخص کے علاوہ کوئی اور شخص علم سے محبت نہیں کرے گا۔

مختصر تشریح:

خدا کو پہچاننے اور اس کی شریعت جاننے کے لئے علم بے حد ضروری ہے، علم دنیا میں زینت ہے اور رضا الٰہی تک پہنچنے میں مددگار و معاون ہے، صاحب علم شخص کو یہ جان لینا چاہیے کہ علم کی کچھ باتیں انسان ایک ساعت میں حاصل کر لیتا ہے لیکن پوری زندگی اُن پر عمل کرنا بے حد ضروری ہو جاتا ہے۔

لہذا صرف علم حاصل کرنے پر ہی اکتفا نہیں کرنا چاہیے بلکہ اس پر عمل کرنا بہت اہم ہے کیونکہ عالم بے عمل کے متعلق خداوند تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ میں عالم بے عمل کو ستر سزائیں دوں گا، اس میں کم ترین سزا یہ ہے کہ میں اس کے دل سے اپنے ذکر کی مٹھاس ختم کر دوں گا۔ (تذکرۃ الحائق)

علم سے مراد، صرف ونحو کی اصلاحات کو یاد کرنا نہیں بلکہ علم سے مراد یہ ہے کہ انسان تقویٰ اختیار کرے، معرفت و یقین حاصل کرے ایسے علم کی کوئی ضرورت نہیں جس کا کوئی فائدہ نہ ہو، یا جس کے حاصل کرنے کے پیچھے بری نیت کارفرما ہو، مثلاً کوئی شخص اس لئے علم حاصل کرتا ہے کہ وہ اہل علم کے سامنے فخر ومباہات کر سکے تو ایسے علم کا بھی کوئی فائدہ نہیں یا اگر کوئی شخص اس لئے علم حاصل

---

[1] سورۃ النساء آیت ۱۱۳۔

[2] جامع السعادات ۱/۱۰۴۔

کرتا ہے کہ وہ اس کے ذریعے مال و دولت حاصل کرے گا تو ایسے علم کی بھی کوئی ضرورت نہیں۔

۱۔ حاج شیخ عباس قمی:

مرحوم حاج شیخ عباس قمی صاحب کتاب مفاتیح الجنان فرماتے ہیں کہ جب میں نے کتاب ''منازل الآخرۃ'' تالیف کی اور شائع ہوئی تو وہ کتاب شیخ عبدالرزاق مسالہ گو کے ہاتھ پہنچی، شیخ عبدالرزاق کا یہ دستور تھا کہ وہ نماز ظہر سے قبل صحن معصومہ قم میں کھڑے ہو کر لوگوں کو مسائل دینی سے آگاہ کرتے تھے۔

شیخ عباس قمی بیان کرتے ہیں کہ میرے والد کربلائی محمد رضا، شیخ عبدالرزاق کے عقیدت مند تھے وہ اُن کی خدمت میں روزانہ حاضر ہوتے تھے اور شیخ عبدالرزاق روزانہ میری کتاب ''منازل آلآخرہ'' کھول کر اُن میں سے مسائل اُن کے سامنے بیان کیا کرتے تھے۔

ایک روز میرے والد محترم گھر آئے اور مجھ سے فرمایا: ''کاش! عباس تو بھی اس مسالہ گو کی طرح ہوتا اور جو آج اُس نے ہمیں کتاب پڑھ کر سنائی ہے تو بھی ہمیں وہ کتاب پڑھ کر سنا سکتا''۔

شیخ عباس قمی کہتے ہیں کہ کئی بار میرے دل نے ارادہ کیا کہ میں اپنے والد محترام کو بتادوں کہ یہ کتاب تو میری اپنی تالیف کردہ ہے لیکن میں نے یہ مناسب نہ سمجھا، صرف عرض کیا کہ ابوجان آپ دعا کریں کہ اللہ مجھے توفیق عنایت کرے۔ [1]

۲۔ معلم جبرئیلؑ:

ایک دفعہ حضرت جبرائیل علیہ السلام رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں بیٹھے معروف گفتگو تھے کہ اتنے میں وہاں پر حضرت علی علیہ السلام تشریف لائے، جب جبرائیل علیہ السلام نے حضرت علی علیہ السلام کو دیکھا تو اُن کی تعظیم کے لئے اُٹھ کھڑے ہوئے۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''جبرائیل! تو اس جوان کی تعظیم کیوں کر رہا ہے؟'' جبرائیل امینؑ نے عرض کی: ''یارسول اللہ! میں اس جوان کی تعظیم کیوں نہ کروں جب کہ اُن کا مجھ پر حق ہے انہوں نے مجھے تعلیم دی''۔

آپؐ نے فرمایا: ''اس نے تجھے کیا تعلیم دی؟

جبرائیل علیہ السلام نے عرض کیا: ''جب اللہ تعالی نے مجھے خلق کیا تو اس کے بعد خدائے لم یزل نے مجھ سے پوچھا کہ بتا میں کون ہوں؟ اور تو کون ہے؟ میں جواب میں بہت پریشان ہوگیا اور اس وقت یہ جوان عالم نور میں میرے پاس آیا اور مجھے تعلیم دی کہ تو جواب میں یہ کہہ کہ تو پروردگار عالم ہے تو جلیل وجمیل ہے اور میں تیرا عبد ذلیل ہوں اور میرا نام جبرائیل ہے، میں نے اس جوان

[1] سیمای فرزانگان، ص ۱۵۳۔ مرد تقوا و فضیلت، ص ۴۰۔

سے یہ سبق سیکھا اور خداوند تعالیٰ کو یہی جواب دیا"۔

اس لئے جب بھی میں اس جوان کو دیکھتا ہوں تو ان کی تعظیم کے لئے کھڑا ہوتا ہوں، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "جبرائیل تمہاری عمر اس وقت کتنی ہے؟ جبرائیل امین نے عرض کی: "یارسول اللہ! آسمان پر ایک ستارہ تیس ہزار سال کے بعد طلوع ہوتا ہے اور میں اس ستارہ کو تیس ہزار دفعہ دیکھ چکا ہوں" [۱]

۳۔ عالم باعمل:

مقدس اردبیلیؒ کا شمار ملت جعفریہ کے اُن علماء میں ہوتا ہے جن پر پوری ملت فخر کرتی ہے آپ ہمیشہ سادہ زندگی بسر کرتے تھے اور سیرت امیر المومنین پر عمل کرتے ہوئے پیوندزدہ لباس پہنتے تھے، نجف اشرف میں ایک زائر نے انہیں اپنا میلا لباس اتار کر دیا اور کہا کہ آپ میرے لباس کو جلدی سے دھودیں، مقدس اردبیلیؒ نے زائر کے لباس کو دھونا شروع کیا اسی دوران کسی نے زائر کو بتایا کہ تو نے جنہیں لباس دھونے کو دیا یہ اس وقت کے محدث اعظم اور فقیہ اکبر مقدس اردبیلیؒ ہیں۔

زائر پریشان ہو کر اُن کے پاس آیا اور معذرت کی کہ مجھ سے گستاخی سرزد ہوگئی ہے آپ معاف کردیں۔

مقدس اردبیلی نے کہا بھائی کوئی بات نہیں مومنین کے حقوق ایک دوسرے پر لباس دھونے سے زیادہ ہیں، اس میں تمہیں شرمندہ ہونے کی کوئی ضرورت نہیں۔ [۲]

۴۔ علم بے تزکیہ کے نقصانات:

قاضی علی بن محمد الماوردی کا تعلق بصرہ سے تھا اور وہ فقہ شافعی کے استاد تھے، وہ شیخ طوسیؒ کے معاصر تھے وہ خود بیان کرتے ہیں کہ میں نے فقہ کی تمام کتابیں پڑھیں، اور فقہ کے تمام جزئیات وفروعات کو بڑے غور سے پڑھا، یہاں تک کہ میرے ذہن میں یہ بات سما گئی کہ میں تمام لوگوں سے زیادہ فقہ کا علم رکھتا ہوں اس کی وجہ سے میرے اندر خود پسندی نے جنم لیا۔

ایک دن دو عرب بادیہ نشین میری مجلس میں آئے اور انہوں نے ایک مسئلے کے متعلق مجھ سے سوال کیا، اس سے چار فرعیں برآمد ہوتی تھیں، لیکن خدا کی قدرت کہ میں کسی بھی شق کا جواب نہ دے سکا، میں کافی دیر تک غور وفکر کرتا رہا پھر میں نے اپنے ذہن میں کہا بندہ خدا تو تو اپنے آپ کو بڑا عالم وفاضل سمجھتا تھا اور فقہ میں سب سے بڑا مرجع اعظم بنتا تھا اب تجھے کیا ہوگیا، اب تو تو ان بادیہ نشینوں کے سوالوں کا جواب دینے سے بھی قاصر ہے۔

پھر میں نے اُن لوگوں سے کہا کہ میں اس مسئلے کو نہیں جانتا، انہوں نے کہا کوئی بات نہیں اب تم مزید محنت کرو تا کہ تجھے ان

---

[۱] تحفۃ المجالس، ص ۸۰۔

[۲] منتخب التواریخ، ص ۱۸۱۔

مسائل کا جواب مل سکے، وہ میرے پاس سے اُٹھ کر چلے گئے راستے میں انہیں میرا ایک شاگرد دکھائی دیا، انہوں نے میرے اس شاگرد سے وہی مسائل دریافت کئے تو اس نے تمام مسائل کے جواب دیئے وہ خوش ہو کر اس کی تعریف کرتے ہوئے اپنے گھروں کو روانہ ہو گئے۔

ماوردی بیان کرتے ہیں کہ اس واقعہ کے بعد مجھے تنبیہ ہو گئی کہ خود پسندی اور علم پر غرور نہیں کرنا چاہیے اور میں نے عہد کیا کہ آئندہ کبھی بھی میں تفرد مباہات سے کام نہیں لوں گا۔ [1]

۵۔ اصمعی اور دکاندار:

اصمعی ادبیات عرب کے بلند پایہ عالم گزرے ہیں وہ اپنی داستان سنایا کرتے تھے کہ میں زمانہ طالب علمی میں بہت قلاش اور مفلس تھا میں روزانہ جب پڑھنے کے لئے جاتا تو راستے میں ایک سبزی فروش کی دکان پڑتی تھی، جس کا مالک ایک بے حیا شخص تھا وہ مجھے کتابیں بغل میں اٹھائے دیکھتا تو کہتا کہ احمق اس فضول تعلیم کو چھوڑ کر کوئی چھوٹا موٹا کاروبار کرلے تاکہ تجھے دو وقت کی روٹی نصیب ہو سکے، ایک دن تو اس نے بدتمیزی کی حد کر دی مجھے کتابیں اٹھائے دیکھ کر اس نے کہا: بیوقوف آدمی! یہ کاغذ اور کتابیں کسی گڑھے میں ڈال کر پانی لگا دے تاکہ یہ سرسبز ہو جائیں۔

میں روزانہ اس کی کڑوی کسیلی باتیں سنتا اور خاموشی سے حصول تعلیم میں لگا رہا، آخر کار میں حصول علم میں کامیاب ہو گیا مگر اس کے باوجود میرے پاس پہننے کے لئے ڈھنگ کے کپڑے تک نہ تھے۔

ایک دن میں اپنے گھر میں بیٹھا ہوا تھا کہ امیر بصرہ کے قاصد نے میرا دروازہ کھٹکھٹایا اور مجھے امیر بصرہ کا پیغام دیا کہ آپ ہمارے پاس آئیں اور ہم آپ کو خلیفہ ہارون کے بیٹوں امین اور مامون کا اتالیق بنا کر بغداد بھیجیں گے۔

میں نے قاصد سے کہا کہ میرے پاس تو ڈھنگ کے کپڑے نہیں ہیں اور میں اس لباس کے ساتھ امیر کے پاس جانے سے قاصر ہوں۔

کچھ دیر بعد قاصد میرے لئے قیمتی لباس لایا اور اس کے ساتھ ایک ہزار مثقال سونا بھی میرے لئے لایا، میں نے نئے کپڑے پہن کر امیر بصرہ کے پاس گیا اس نے کہا کہ خلیفہ ہارون الرشید نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تمہیں ان کے فرزندان امین اور مامون کی تعلیم کے لئے بغداد روانہ کروں۔

میں بغداد گیا، جب امین اور مامون نے تعلیم کی ابتداء کی تو خلیفہ کی طرف سے سونے کے سکوں کے کئی طبق لٹائے گئے، اس دن میں نے اتنا سونا جمع کیا جس کا میں تصور بھی نہیں کر سکتا تھا اس کے علاوہ ہر ماہ مجھے دس ہزار تنخواہ بھی دی جاتی تھی۔

ایک عرصے کے بعد ہارون نے اپنے بیٹوں کو حکم دیا کہ منبر پر بیٹھ کر تقریر کریں، میں نے ہارون کو بتایا تھا کہ میں نے اس

---

[1] سفینۃ البحار ۲/ ۱۶۲۔

کے دونوں بیٹوں کو فن تقریر میں طاق کر دیا ہے، جمعہ کا دن تھا میں نے حاضرین سے خطاب کیا تو حاضرین نے بے تحاشا دولت لٹائی، ہارون نے بھی مجھے بہت سا انعام دیا۔

اس دن ہارون نے مجھ سے کہا کہ میں تمہارا شکریہ ادا کرتا ہوں تم نے میرے بچوں کو تعلیم دی ہے کوئی خواہش ہو تو بیان کرو۔

میں نے کہا کہ آپ نے مجھے اتنا کچھ عطا کیا ہے جس کے بعد کچھ مانگنے کی حسرت ہی نہیں رہی، میں چند دنوں کے لئے اپنے شہر بصرہ جانا چاہتا ہوں، ہارون نے مجھے جانے کی اجازت دی اور میری روانگی سے قبل والی بصرہ کو خط لکھا کہ وہ اعیان سلطنت کو لیکر میرا پرتپاک استقبال کرے اور ہر ہفتہ میں دو دن میرے مکان پر حاضری دے۔

چنانچہ میں جیسے ہی بصرہ پہنچا تو والی بصرہ نے میرا شایان شان استقبال کیا۔

شہر کے لوگ جوق در جوق میری ملاقات کو آئے اور ان میں وہ سبزی فروش بھی شامل تھا جو مجھے روزانہ طعنے دیا کرتا تھا، اس نے مجھے مبارک باد دی تو میں نے کہا: "تم نے دیکھا کہ کاغذ و قلم کس طرح سے سرسبز ہوتے ہیں اور ان پر کیسا ثمر آیا ہے۔

سبزی فروش بہت ہی شرمندہ ہوا اور مجھ سے معافی مانگی اور اپنی غلطی کا اعتراف کیا۔ [1]

---

[1] جوامع الحکایات ص، ۱۹۵۔

باب نمبر 62

عمل

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہے:

"مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ، وَمَنْ اَسَاءَ فَعَلَيْهَا"۔[1]

جو نیک عمل کرتا ہے وہ اپنے لئے ہی کرتا ہے اور جو برا کام کرتا ہے خود اپنے ہی خلاف کرتا ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے:

"کونوا دعاۃ الناس باعمالکم ولا تکونوا دعاۃ بالسنتکم"۔[2]

"اپنے اعمال کے ساتھ لوگوں کو دعوت حق دو صرف زبان کے ساتھ لوگوں کو دعوت نہ دو"

مختصر تشریح:

قدیم زمانے سے یہ ضرب المثل چلی آرہی ہے کہ "بازار عمل کساد است" یعنی عمل کا بازار ہمیشہ کساد بازاری کا شکار رہتا ہے، اس کا مفہوم یہ ہے کہ وہ افراد جن کو شریعت طاہرہ کا علم بھی ہے تو وہ بھی اس پر پورا پورا عمل نہیں کرتے اگر کوئی عمل بھی کرتا ہے تو ناقص انداز میں کرتا ہے، یا ظاہری صورتحال پر اکتفا کر لیتا ہے۔

ہمارے تمام اعمال نامہ اعمال میں لکھے اور محفوظ کئے جارہے ہیں موت کے بعد صرف اعمال ہی انسان کے ساتھ ہوں گے۔

اگر عمل صرف اور صرف خدا کے لئے ہو اور انسان اس کے تمام اطراف کی حفاظت کرے تو اس کا صلہ اللہ تعالیٰ ضرور دے گا، شرط یہ ہے کہ انسان کسی کو دکھ نہ دے، کسی کے حقوق کو زائل نہ کرے تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی کفایت کرے گا اور اس سے محبت کرے گا اور اسے انسان کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ملائکہ مقربین میں فخر و مباہات کرے گا۔

ا۔ جائز کام:

حسن بن حسین انباری بیان کرتے ہیں کہ میں مسلسل چودہ سال تک امام رضا علیہ السلام کو خط لکھتا رہا ہوں کہ آپ مجھے

---

[1] سورہ فصلت، آیت ۴۶ یا اسے سورہ حم سجدہ بھی کہا جاتا ہے۔

[2] سفینۃ البحار ۲۔ ۲۷۸۔

اجازت دیں کہ میں حکومت کے کسی اچھے عہدے پر فائز ہو سکوں۔

امام علیہ السلام نے مجھے کوئی بھی جواب نہیں دیا، اور پھر میں نے امام علیہ السلام کو خط لکھا کہ میں اب حکومت سے خوفزدہ ہوں حکومت کے افراد کہہ رہے ہیں کہ تو شیعہ ہے اس لئے تو حکومت کی ملازمت اختیار نہیں کرنا چاہتا۔

امام علیہ السلام نے اس کے جواب میں خط لکھا اور کہا کہ میں نے تیرے خط کا مفہوم سمجھ لیا ہے اگر تم حکومت کے کسی ادارے کے مدیر بن جاؤ اور خدا اور رسولؐ کے فرمان کے مطابق عمل کر سکو تمہارے جتنے بھی ماتحت ہیں وہ بھی تمہارے ساتھ مکمل تعاون کریں تو اس صورت میں حکومت کی ملازمت کرنے میں کوئی عیب نہیں، اور اس بات کا ہمیشہ خیال کرنا کہ جب تم حکومت کے کسی بھی عہدے پر فائز ہو جاؤ تو غریب مومنین سے مہربانی کرتے رہنا اور عفو و درگزر کو اپنا پیشہ قرار دینا۔

دیکھو اگر تم ان باتوں پر عمل نہ کر سکو اور تمہارے ماتحت بھی نیک کاموں میں تیری مدد نہ کر سکیں تو تمہارا یہ حق نہیں ہے کہ تم کسی بڑے عہدے پر فائز ہو جاؤ۔[1]

۲۔ اہل عمل اور بہشت:

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ''ایک دن میرے والد محترم کے پاس اُن کے بہت سے اصحاب جمع تھے میں بھی اپنے والد ماجد کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا'' میرے والد نے اپنے دوستوں کی طرف مخاطب ہو کر کہا کہ کیا تم میں کوئی ایسا بھی ہے جو جلتا ہوا انگارہ اپنے ہاتھ پر اس وقت تک رکھے جب تک وہ انگارہ بجھ نہ جائے، میرے والد ماجد کے تمام اصحاب چپ رہے۔ سر جھکالئے کسی نے کوئی جواب نہ دیا، تو میں نے عرض کیا:

باباجان! آپؑ مجھے اجازت دیں میں یہ کام کرتا ہوں میرے والد نے مجھ سے کہا کہ نہ پیارے بیٹے تو مجھ سے ہے میں تجھ سے ہوں، میری گفتگو ان لوگوں سے ہے۔

پھر آپ نے تین مرتبہ اپنے الفاظ کو دہرایا کسی نے کوئی جواب نہ دیا۔

آپؑ نے فرمایا کہ باتیں کرنے والے بہت ہیں اور عمل کرنے والے نہ ہونے کے برابر ہیں، حالانکہ یہ کام بہت مشکل نہیں ہے۔

میں اُن لوگوں کو بہت اچھی طرح جانتا ہوں جو عمل کے غازی ہیں اور اُن کو بھی جانتا ہوں جو گفتار کے غازی ہیں میں صرف تم لوگوں کا امتحان لینا چاہتا تھا۔

امام محمد باقر علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں جب میرے والد ماجد نے یہ باتیں کیں تو سب نے شرمندگی کی وجہ سے سر جھکا لئے ایسے لگتا تھا کہ جیسے زمین اُن لوگوں کو نگل رہی ہے، بعض لوگوں کے جسموں سے شرمندگی کا پسینہ جاری ہوا، اور تمام لوگوں کی نگاہیں

---

[1] با مردم اینگونہ برخورد کنیم، ص ۶۵۔

شرمندگی کی وجہ سے زمین پر گئی ہوئیں تھیں، جب والد ماجد نے اُن کی شرمندگی کا مشاہدہ کیا تو فرمایا کہ خدا تمہیں معاف کرے میں تجھے زیادہ زحمت دینا ہی نہیں چاہتا تھا یہ بتانا مقصود تھا کہ بہشت کے بہت سے درجات ہیں اور بہشت کے اعلیٰ درجہ میں صرف وہی لوگ جائیں گے جو اہل عمل ہوں گے۔

امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اس وقت میں نے دیکھا کہ میرے والد کے اصحاب جیسے بہت زیادہ بوجھ سے آزاد ہوئے ہوں اور یوں لگتا تھا کہ جیسے اُن کے پہلے ہاتھ باندھے ہوئے تھے اور اب اچانک اُن کے ہاتھ آزاد ہوئے ہوں۔ [1]

۳۔ محنت کش انسان:

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحابہ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے، انہوں نے دیکھا کہ ایک طاقتور نوجوان صبح سے کام میں جتا ہوا تھا، وہ لوگ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے کہا کہ اگر یہ جوان اس پوری قوت کے ساتھ اللہ کی راہ میں کام کرتا تو تعریف کے قابل تھا۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ یہ باتیں کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے، چند حالوں سے اس کا یہ عمل خالی نہیں ہے، یا تو یہ اس لئے اتنی زیادہ محنت کر رہا ہے چاہتا ہے کہ اپنی زندگی اچھی طرح سے بسر کرے دوسروں کا محتاج نہ ہونا پڑے تو اگر اس کی نیت یہی ہے تو خدا کی رضا کے لئے قدم بھر رہا ہے اگر یہ شخص اس لئے محنت کر رہا ہے کہ اس سے بوڑھے والدین اور چھوٹے بچوں کی مدد کرے اور اُن کو کسی کے آگے ہاتھ پھیلانے سے باز رکھے تو بھی اس کا یہ عمل خدا کی راہ میں عمل کرنے کے مترادف ہے، ہاں اگر یہ عمل اس لئے کر رہا ہے کہ غریب لوگوں پر افتخار کرے اور اپنی دولت میں اضافہ کرے تو یہ شخص شیطان کے راستے پر چل رہا ہے اور راہ راست سے روگردانی اختیار کر چکا ہے۔ [2]

۴۔ حضور اکرم کا عمل جسے دیکھ کر یہودی مسلمان ہو گیا۔

ایک یہودی نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کچھ دینار قرض لینا تھا، اس نے آپؐ سے اپنے قرض کی ادائیگی کا مطالبہ کیا اور آپؐ نے فرمایا ابھی میرے پاس رقم نہیں آئی جب میرے پاس کہیں سے رقم آئے گی تو میں جلد ہی تمہارا قرض ادا کر دوں گا، یہودی نے کہا: ”جناب! میں آپ کو پکڑ کر اپنے پاس بٹھا لیتا ہوں جب تک آپ میرا قرض ادا نہیں کریں گے۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ”میں تمہارے پاس بیٹھ جاتا ہوں کوئی فرق نہیں پڑتا“ چنانچہ رسول پاکؐ اس یہودی کے پاس بیٹھ گئے یہاں تک آپؐ نے نماز ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور نماز صبح اس کے پاس پڑھی، رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

---

[1] داستانہا و پندہا ۱۰ ۲/۱۴، کشکول بحرانی ۲/۹۳۔

[2] دنیای جوان، ص ۶/ ۳، محجۃ البیضاء ۳/ ۱۴۰۔

کے صحابی بڑے متفکر ہوئے اور وہاں آکر انہوں نے یہودی کو ڈرایا دھمکایا لیکن پیغمبر اکرمؐ نے اُن سے فرمایا کہ تم یہ کیا کر رہے ہو؟ انہوں نے عرض کیا: "مولا! ایک یہودی کی یہ جرات کہ وہ آپ کو پکڑ کر بٹھالے"۔

آپؐ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس لئے مبعوث بہ نبوت نہیں کیا کہ میں جن افراد سے معاہدہ کر چکا ہوں اُن پر ستم کروں اور جن لوگوں سے معاہدہ نہ کیا ہو اُن پر ظلم کروں۔

میں کسی پر ظلم وستم کرنے کے لئے نہیں بھیجا گیا دوسرے دن جب سورج طلوع ہوا تو یہودی آپؐ کے ساتھ بیٹھا رہا پھر کچھ دیر بعد یہودی نے کلمہ شہادت پڑھا اور مسلمان ہو گیا۔

پھر اس نے کہا: میں نے اتنی دیر تک آپؐ کو اس لئے نہیں روکا کہ میں آپ پر جسارت کرنا چاہتا تھا، بلکہ میں نے اتنی دیر اس لئے روکے رکھا کہ میں آپ کی ان صفات کا مشاہدہ کرنا چاہتا تھا جو کہ تورات میں مذکور ہوئی ہیں۔

ہم نے تورات میں پڑھا ہے محمدؐ بن عبداللہ کا آخری نبی ہوگا وہ مکہ میں پیدا ہوگا اور مدینہ ہجرت کرے گا، درشت خو اور بداخلاق نہ ہوگا، بلند آواز سے گفتگو نہ کرے گا، ناسزا باتیں کرنے والا نہ ہوگا، اور وہ بدزبان نہ ہوگا، بلند آواز سے گفتگو نہیں کرے گا، اتنی دیر تک آپ کو روک کر آپؐ کے کردار کا مشاہدہ کرتا رہا چنانچہ اب مجھے یقین ہو گیا ہے کہ تورات میں جس نبی کے آنے کی خبر دی گئی ہے اور وہ نبی آپ ہی ہیں۔

پھر یہودی نے کہا: میں اپنا تمام مال آپؐ کے حوالے کرتا ہوں، آپ جیسا مناسب سمجھیں اس میں تصرف کریں۔[1]

۵۔ معاویہ کا کردار اور ابوالاسود دوئلی:

معاویہ مشہور افراد کو اپنے ساتھ ملانے کے لئے مختلف حربے استعمال کرتا تھا وہ اکثر لوگوں کو قیمتی تحائف، دولت اور شہد وغیرہ بطور رشوت بھیجا کرتا تھا وہ غریب افراد جنہوں نے زندگی میں کبھی اچھی طرح سے دہی بھی نہیں کھایا تھا تو اچانک معاویہ اُن کے پاس شہد کی مشکیں اُن کے گھر بھیج دیا کرتا تھا جن میں اکثر لوگ معاویہ کے طرف دار ہو جاتے تھے۔

ایک مرتبہ معاویہ بن ابی سفیان نے ابوالاسود دوئلی کو ہدیہ بھیجا جس میں کچھ زعفرانی حلوہ بھی شامل تھا۔

اس نے ہدیہ اس لئے بھیجا تھا کہ ابوالاسود کے دل سے مولائے متقیان کی محبت خارج ہو اور وہ اس سے محبت کرنے لگ جائے، ابوالاسود کی ایک بیٹی تھی جس کی عمر پانچ یا چھ برس تھی بچی نے حلوہ دیکھا تو اس میں سے ایک لقمہ کے برابر اٹھا کر منہ میں ڈالا، ابوالاسود نے بیٹی کو آواز دے کر کہا: "پیاری بیٹی! اسے مت کھاؤ یہ زہر ہے معاویہ چاہتا ہے کہ اس حلوے کے ذریعے سے ہمیں امیر المومنین علیہ السلام کی محبت سے بے گانہ کر دے۔

یہ سنتے ہی بچی نے کہا: "اللہ اس کی شکل کو بگاڑے وہ زعفرانی حلوہ کی مدد سے ہمیں اپنے طاہر ومطہر سردار سے دور کرنا چاہتا

[1] داستانھائی از زندگی پیامبرؐ ۸۲، بحار الانوار ۶/ ۱۲۶۔

ہے، اس کے بھیجنے والے پر بھی ہلاکت ہو اور اس کے کھانے والے پر بھی ہلاکت ہو۔"

پھر بچی نے اپنے منہ میں انگلی مار کر تے کی اور حلوہ کی بچی کچھی مقدار کو اپنے پیٹ سے نکال باہر کیا، اور پھر یہ شعر پڑھے:

ابا لشهد الز عفر یا بن هند

نبیع علیك احسابا و دینا

معاذ الله کیف یکون هذا

ومولانا امیر المومنینا

(اے فرزند ہند! کیا زعفرانی شہد کے بدلے میں اپنا حسب اور دین فروخت کر دیں گے؟ خدا کی پناہ ایسا کیسے ہو سکتا ہے جب کہ ہمارے آقا و مولا امیر المومنینؑ ہوں)

ابوالاسود نے معاویہ کا خط ایک ہاتھ میں لیا اور دوسرے ہاتھ سے اپنی بچی کا ہاتھ پکڑ کر حضرت علیؑ کی خدمت میں لے آیا، اور اس نے تمام واقعہ حضرت علیؑ کے گوش گزار کیا اور اس کے ساتھ اپنی بچی کے وہ اشعار بھی بیان کئے، حضرت نے وہ اشعار سنے تو بہت خوش ہوئے اور آپؑ نے اس کی بچی کے حق میں خصوصی دعا فرمائی۔ [1]

---

[1] خزینۃ الجواہر ص ۵۳۶۔

باب نمبر 63

غذا

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

"وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَيَتِيمًا وَأَسِيرًا." [1]

"اور اپنی خواہش کے باوجود مسکین، یتیم اور اسیر کو کھانا کھلاتے ہیں"۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:

"ان الاطعام من موجبات الجنة والمغفرة." [2]

"لوگوں کو کھانا کھلانا جنت اور مغفرت کا سبب ہے"۔

مختصر تشریح:

کم کھانا ظاہری اور باطنی اصلاح کا سبب ہوتا ہے غذا کھانا بدن کی ضروریات کے لئے ضروری ہے تاکہ جسم کے اندر اتنی قوت موجود ہو کہ اس سے انسان اپنی زندگی کے معمولات اور عبادت خداوندی صحیح طریقے سے سرانجام دے سکے۔

لیکن زیادہ کھانے سے پرہیز کرنا چاہیے کیونکہ زیادہ کھانے سے دل میں سختی پیدا ہوتی ہے اور جنسی خواہشات زیادہ برانگیختہ ہوتی ہیں اور جسم میں بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔

سب سے پہلے تو ہمیں غذا کے متعلق حلال وحرام کی پہچان کرنی چاہیے جتنے بھی انبیاء آئے وہ ہمیشہ ناپاک، حرام اور شبہ کی غذا سے پرہیز کرتے تھے جتنے بھی انبیاء مبعوث بہ نبوت ہوئے تو اُن سب نے رزق حلال حاصل کرنے کی ترغیب دی ہے۔ اسی لئے یہ ہمارے اوپر لازم ہے کہ جب بھی ہم کھانا کھائیں تو یہ دیکھیں کہ غذا ہمارے پاس شریعت اور حلال طریقے سے پہنچی ہے یا نہیں۔

۱۔ ایک لقمے کے بدلہ دین فروخت کرنے والا:

فضل بن ربیع کہتا ہے کہ ایک دن شریک بن عبداللہ بن سنان نخعی خلیفہ مہدی عباسی کے پاس آیا، خلیفہ نے کہا: "شریک!

---

[1] سورہ الدھر آیت نمبر ۸۔

[2] سفینۃ البحار نسخہ ۲/۸۳

''تجھے ان تین کاموں میں سے ایک ضرور کرنا ہوگا:

(۱)۔تو منصب قضاوت قبول کرو، (۲)۔ یا تو میری اولاد کو تعلیم دو، (۳) یا میرے ساتھ دسترخوان پر بیٹھ کر ایک مرتبہ کھانا کھاؤ۔

شریک نے کہا:''خلیفہ سچی بات یہ ہے کہ یہ دونوں کام میرے لئے مشکل ہیں مگر تیسرا کام پہلے دو کاموں کی بہ نسبت کچھ آسان نظر آتا ہے''

مہدی نے باورچی کو بلا کر حکم دیا کہ ہمارے لئے آج کے کھانے میں مغز استخوان اور سفید شکر تیار کرو اور وہاں خیال رکھنا کہ کھانا بہت لذیذ ہونا چاہیے۔

دسترخوان بچھایا گیا، شریک دسترخوان پر بیٹھا اور خلیفہ کے ساتھ بیٹھ کر خوب اچھی طرح سے ڈٹ کر کھایا، باورچی خانے کا نگران اس سارے منظر کو دیکھتا رہا اور اس نے مہدی عباسی کے کان میں آہستہ سے کہا:''یس یفلح الشیخ بعد ھذہ الا کلۃ ابدا'' آپ کو مبارک ہو یہ کھانا کھانے کے بعد شریک کبھی اپنی گلوخلاصی نہیں کرے گا، فضل بن ربیع کہتا ہے کہ خدا کی قسم اس دن کے طعام کھانے کے بعد وہی شریک بن عبداللہ بن سنان، بنی عباس کا حاشیہ نشین بنا اور اس نے منصب قضاوت بھی حاصل کیا اور ان کی اولاد کا معلم بھی بنا۔

ایک دن خلیفہ نے شریک بن عبداللہ کے لئے انعام کی ایک چٹ لکھ کر دی، شریک خلیفہ کی چٹ لے کر بیت المال کے خازن کے پاس گیا اور اس سے کہا:''جلدی سے مجھے میری رقم دو''۔

خازن نے کہا:'' آپ اتنی جلدی کیوں کرتے ہو؟ آپ نے کوئی گندم فروخت کی ہے یا آپ نے کوئی کپاس فروخت کی ہے؟

شریک بن عبداللہ نے کہا:''بندہ خدا میں نے اس سے قیمتی چیز فروخت کی ہے میں نے اپنا دین وایمان فروخت کیا ہے''۔ [1]

۲۔ غذائے مرگ:

عباسی خلیفہ واثق باللہ عورتوں کا بڑا رسیا تھا، اس نے شاہی طبیب سے کہا کہ میرے لئے ایسی دوا تیار کریں جو قوت باہ میں اضافہ کردے، طبیب نے کہا حقوق زوجیت سے انسان کا بدن تباہ ہوجاتا ہے اور میں نہیں چاہتا کہ آپ بھی برباد ہوجائیں۔

واثق کا اصرار جاری رہا تو طبیب نے کہا کہ درندوں کا گوشت لے کر شراب کے سرکہ میں سات مرتبہ آگ پر پکایا جائے اور پھر چنے کے برابر گولیاں بنالیں اور ہفتہ میں ایک گولی استعمال کریں، واثق نے دوا تیار کرائی اور بیان کردہ مقدار سے زیادہ استعمال کی جس کی وجہ سے واثق مرض استسقا میں مبتلا ہوگیا، اور ہر وقت پانی پانی کیا کرتا تھا اور کسی طرح بھی اس کی پیاس بجھنے میں نہیں آتی تھی۔

---

[1] پند تاریخ ۸۶/۳، مروج الذہب ۳۲۰/۳۔

اطباء نے اتفاق کیا کہ اس کا بس ایک ہی علاج ہے کہ اس کا شکم چیرا جائے، پھر اسے ایسے تنور میں بٹھایا جائے جو کہ روغن زیتون سے سرخ ہو، اور تین گھنٹے تک اسے پانی کا ایک بھی قطرہ نہ دیا جائے آخر کار اس کا پیٹ چاک کیا گیا، اور روغن زیتون سے گرم شدہ دیک تنور میں اسے بٹھایا گیا، اس دوران وہ مسلسل پانی مانگتا رہا کچھ دیر بعد اس کے بدن پر آبلے نمودار ہوئے اور کچھ آبلے تو خربوزے جتنے تھے۔

اس کو تنور سے نکالا گیا تو وہ چیخنے لگا کہ مجھے دوبارہ تنور میں بٹھاؤ آخر اسے دوبارہ تنور میں بٹھایا گیا آبلے پھٹ گئے اور اُن سے پانی بہنے لگا جب واثق کو تنور سے نکالا گیا تو اس کا بدن سیاہ ہو چکا تھا اور چند لمحات بعد مر گیا۔

جب واثق مرا تو اس پر سفید چادر ڈال دی گئی اور لوگ متوکل کی بیعت میں مصروف ہو گئے کسی نے اس کی جنازے کی طرف توجہ نہ دی قریبی باغ سے چوہے آئے اور اس کی آنکھیں نکال کر کھا گئے۔ [1]

۳۔ زیادہ کھانے والا اور کم کھانے والا:

بیان کیا جاتا ہے کہ خراسان کے دو درویش انسان آپس میں ہم سفر ہو کر کسی سفر پر روانہ ہوئے اُن میں سے ایک کمزور تھا اور وہ دو راتوں کے بعد ایک دفعہ کھانا کھاتا، جب کہ دوسرا بہت قوی انسان تھا اور وہ ایک دن میں تین مرتبہ کھانا کھاتا تھا۔

اتفاق سے وہ جیسے ہی کسی ایک شہر کے پاس پہنچے تو اہل شہر نے اسے دشمن کا جاسوس سمجھ کر گرفتار کر لیا اور اُن کو قید کر کے زندان میں ڈال دیا اور اس قید خانے کے دروازے کو مٹی اور اینٹوں سے بند کر دیا۔

دو ہفتوں کے بعد انہیں معلوم ہوا کہ ہم نے تو انہیں بے گناہ قید کر رکھا ہے، جب دروازہ کھولا گیا تو لوگوں نے قوی انسان کو مردہ حالت میں پایا اور جب کہ کمزور شخص زندہ و سلامت تھا اس پر لوگوں کو کافی پریشانی ہوئی کہ طاقتور شخص کیسے مر گیا اور یہ کمزور ابھی تک زندہ ہے۔

وہاں پر ایک عقل مند طبیب موجود تھا اس نے لوگوں سے کہا کہ اگر یہ کمزور انسان مر جاتا تو مجھے تعجب ہوتا، طاقتور آدمی کے مرنے پر مجھے کوئی تعجب نہیں وہ اس لئے کہ وہ زیادہ کھانا کھاتا تھا، اتنے دنوں تک جب اُسے کھانا نہ ملا تو بے غذائی کی وجہ سے وہ مر گیا، جب کہ یہ کمزور شخص بہت کم کھانا کھانے کا عادی تھا اور یہ اپنی عادت کی وجہ سے صبر کر گیا اور اس لئے یہ زندہ رہا۔ [2]

۴۔ غذا دوستی کا سبب:

عبد الرحمان بن حجاج بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میں امام جعفر صادق کی خدمت میں حاضر ہوا اور اُن کے ساتھ بیٹھ کر کھانا

---

[1] تتمۃ المنتھی، ص ۲۳۱۔

[2] حکایتہای گلستان ۱۵۴۔

تناول فرما رہے تھے کہ پھر ہمارے لئے وہاں تھوڑے سے چاول لائے گئے ہم نے معذرت کی کہ اب ہمیں کھانے کی طلب ہی نہیں ہے، امام علیہ السلام نے فرمایا: ''جو ہم سے زیادہ محبت رکھتا ہوگا وہ ہمارے ساتھ دستر خوان پر بیٹھ کر زیادہ سے زیادہ کھانا کھائے گا۔

عبدالرحمان کا بیان ہے کہ میں آگے بڑھا اور دستر خوان پر بیٹھ کر زیادہ سے زیادہ کھانا کھایا۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: ''آج اچھا ہوا''

پھر اس کے بعد آپؑ نے فرمایا: ''سنو! ایک دفعہ کچھ چاول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بطور ہدیہ لائے گئے تھے پیغمبر اکرم نے حضرت سلیمانؓ، مقدادؓ اور ابوذرؓ کو صدا دی تا کہ وہ بھی اس غذا میں شامل ہو جائیں، لیکن اُن سب نے معذرت کر لی، رسول پاکؐ نے فرمایا کہ جو شخص ہم سے پیار کرتا ہوگا وہ آ کر ہمارے ساتھ اس غذا میں شریک ہوگا، رسول پاک کا یہ فرمان سن کر تینوں بزرگوار اٹھے اور آپؐ کے ساتھ کھانا تناول فرمایا:''

۵، روٹی میں برکت ہوتی ہے:

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ روٹی کا احترام کیا کرو کیونکہ روٹی تیار کرنے میں عرش اور زمین کے مابین تمام موجودات اور مخلوقات شریک ہوتے ہیں، بعد میں آپؐ نے فرمایا کہ تم سے پہلے گزرنے والے انبیاء کرام میں ایک دانیالؑ نبی بھی گزرے ہیں ایک دن دانیالؑ نے ایک فقیر کو ایک روٹی دی، فقیر نے ان کے ہاتھ سے روٹی لی اور کوچہ کے درمیان جا کر پھینک دی اور کہا کہ میں یہ روٹی لے کر کیا کروں گا اس کی کوئی قدر و قیمت نہیں ہے جب دانیال علیہ السلام نے یہ دیکھا تو آسمان کی طرف منہ کر کے کہا کہ پروردگار! روٹی کو اس کا صحیح مقام عطا کر۔

تو اُن کی اس بددعا کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ نے بارش کا سلسلہ منقطع کر دیا، زمین پر روئیدگی ختم ہوگئی اور نتیجہ یہ نکلا کہ انسان، انسان کو کھانے لگ گیا۔

دو عورتیں تھیں اور اُن کے پاس ایک ایک بچہ تھا انہوں نے فیصلہ کیا کہ ایک دن ایک عورت کے بچے کو پکا کر کھائیں گی اور دوسرے دن دوسری عورت کے بچے کو کھایا جائے گا، چنانچہ ایک دن دونوں عورتوں نے مل کر ایک بچے کو کھایا دوسرے دن جب دوسرے بچے کو کھانے کی باری ہے تو اس کی ماں نے اپنے بچے کو ذبح نہیں کرنے دیا جس کی وجہ سے اُن میں شدید جھگڑا ہوا کہ دانیالؑ کے پاس وہ عورتیں آئیں اور اپنے جھگڑے کی داستان سنائی تو اُس وقت حضرت دانیالؑ نے دعا کے لئے ہاتھ بلند کئے اور کہا کہ پروردگار! اب ان لوگوں کو روٹی کی قدر و منزلت سے آگاہی ہوگئی، مہربانی فرما ہمارے اوپر اپنی رحمت کا نزول فرما، اس کے بعد بارش ہوئی اور پورے علاقے سے خشک سالی کا خاتمہ ہوگیا۔ [1]

---

[1] نمونہ معارف ج ۷ ص ۱۱۲، سفینۃ البحار ج ۵ ص ۱۳۷۔

باب نمبر 64

غرور

قرآن مجید میں ارشادخداوندی ہوتا ہے:

"وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ." [1]

اور دنیا کی زندگی تو سامان فریب ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:

"لمثقال ذرة من صاحب تقوی ويقين افضل من ملء الارض من المغترين." [2]

صاحبان تقویٰ ویقین کا ذرہ برابر عمل، (راہ خدا میں مال خرچ) مغرور شخص کے زمین کے برابر عمل سے بہتر ہے۔ یا

صاحبان تقویٰ ویقین کا ذرہ برابر عمل مغرور شخص کے اس عمل سے بہتر ہے جو اگر چہ زمین کے برابر ہی کیوں نہ ہو۔

مختصر تشریح:

ایک مغرور انسان دنیا میں ناکام ہوتا ہے اور آخرت میں بھی خسارہ اٹھاتا ہے انسان کو چاہیے کہ اپنے مال، سلامتی جسم، خاندان، ریاست اور دولت پر کبھی بھی ناز نہ کرے اس لئے کہ تمام چیزیں فانی ہیں اور سب نے ختم ہو جانا ہے۔

انسان کو کبھی اپنی خوشحالی پر مغرور نہیں ہونا چاہیے اگر اس کی کچھ نفسانی خواہشات پوری بھی ہو جائیں تو اسے غرور و تکبر نہیں کرنا چاہیے، بعض دفعہ یہی چیزیں مصیبت کا باعث بن جاتی ہیں۔

انسان کو چاہیے کہ ہمیشہ خدا کی عبادت کرتا رہے خدا سے ڈرتا رہے اور اپنے گناہوں پر ندامت کا احساس کرے، اور اُن لوگوں کے کہنے میں نہ آئے جو بظاہر خوشامد کرتے ہیں کیونکہ اس جھوٹی تعریف کی وجہ سے انسان غفلت اور غرور کا شکار ہو جاتا ہے اور

---

[1] سورۃ الحدید آیت نمبر ۲۰۔

[2] جامع السعادات ۳/۵۔

ایسے لوگوں کی دنیا و آخرت تباہ ہوجاتی ہے۔[1]

ا۔ قلبی غرور:

ایک عرصہ تک رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ آپؐ کے سامنے ایک شخص کی بڑی تعریفیں کیا کرتے تھے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں اس شخص کو نہیں جانتا۔

ایک دن وہی شخص مسجد میں آیا اور صحابہ نے کہا یارسول اللہؐ! یہی ہے وہ شخص جس کی ہم تعریفیں کیا کرتے تھے۔

پیغمبر اکرمؐ نے اس کے چہرے کی طرف دیکھا اور فرمایا کہ اس کے چہرے پر مجھے سیاہی دکھائی دیتی ہے جس کا تعلق شیطان سے ہے وہ شخص نزدیک آیا اور سلام کیا، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے فرمایا کہ میں تجھے خدا کی قسم دے کر پوچھنا چاہتا ہوں کہ ابھی مسجد میں داخل ہونے سے پہلے تونے اپنے دل میں یہ نہیں کہا تھا کہ ان تمام لوگوں میں مجھ سے بہتر کوئی بھی شخص نہیں ہے؟

اس شخص نے کہا: "بے شک میں یہ بات سوچ رہا تھا، یوں پیغمبر اکرمؐ نے اپنی چشم بصیرت سے اس کے ذہنی اور قلبی غرور کو پہچان لیا تھا۔[2]

۲۔ مال واولاد پر غرور:

عاص بن وائل کا تعلق بنی سہم سے تھا اور وہ انتہائی بے دین شخص تھا جو رسول اللہ کا ہر وقت مذاق اڑایا کرتا تھا وہ آپؐ کو لفظ ابتر (نعوذ باللہ) کے ساتھ یاد کیا کرتا تھا، ابتر اسے کہتے ہیں جسے خدا نے اولاد نہ دی ہو اور جس کا کوئی جانشین نہ ہو۔

وہ شخص ایک نالائق بیٹے کا باپ بھی تھا جس کا نام عمرو بن عاص تھا، وہ انتہائی مکار اور فریب کار شخص تھا اور معاویہ کے ساتھ مل کر اس نے حضرت علیؑ کے خلاف بغاوت کی تھی۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک صحابی کا بیان ہے کہ میں نے اس سے کچھ قرض لینا تھا میں اپنا قرض وصول کرنے کے لئے اس کے پاس گیا اور اس سے قرض کی واپسی کا مطالبہ کیا۔

اس نے مجھ سے کہا کہ میں تیرا قرض واپس نہیں کرتا، میں نے کہا کہ قرض واپس نہیں کرتا تو نہ کر لیکن میں آخرت میں تجھ سے ضرور اپنا قرض واپس لوں گا۔

اس نے پورے غرور سے کہا کہ اگر بالفرض تیرے عقیدے کے مطابق قیامت کا دن قائم بھی ہوگا تو اس دن بھی میرے پاس اولاد و دولت کی بھی کثرت ہوگی تو وہاں پر بھی میرے پاس قرض وصول کرنے کے لئے آیا تو میں وہاں پر بھی

---

[1] تذکرۃ الحقائق ۷۔ ۳۔

[2] ناشنیدہ ہای تاریخ، ص ۳۰۷ ۔ محجۃ البیضاء ۶/۲۹۸

تجھے قرض واپس نہیں کروں گا۔

اللہ تعالیٰ نے رسول خدا پر یہ آیت نازل کی:

أَفَرَءَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ مَالًا وَوَلَدًا ۝ أَطَّلَعَ الْغَيْبَ أَمِ اتَّخَذَ عِندَ الرَّحْمَٰنِ عَهْدًا ۝ كَلَّا ۚ سَنَكْتُبُ مَا يَقُولُ وَنَمُدُّ لَهُ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ۝ (سورہ مریم ۷۷تا۷۹)

کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جو ہماری آیات کا انکار کرتا ہے اور کہتا ہے: مجھے مال واولاد کی عطا ضرور بالضرور جاری رہے گی؟۔ کیا اس نے غیب کی اطلاع حاصل کی ہے یا خدائے رحمن سے کوئی عہد لے رکھا ہے؟ ہرگز نہیں جو کچھ یہ کہتا ہے ہم اسے لکھ لیں گے اور ہم اس کے عذاب میں مزید اضافہ کریں گے۔" [1]

۳۔ مغرور پہلوان:

ایک پہلوان جو کہ پہلوانی کے میدان میں بہت ہی کامیاب پہلوان تھا دنیا بھر کے پہلوانوں کو شکست دے کر اسے بہت زیادہ شہرت ملی وہ اپنی قوت اور لوگوں کی خوشامد کے ذریعے غرور کرنے لگ گیا، اور ایک دن اس نے آسمان کی طرف منہ کر کے کہا کہ پروردگار! اب زمین کا تو کوئی بھی پہلوان مجھ سے پنجہ آزمائی نہیں کر سکتا اس لئے کہ وہ میری طاقت کے معترف ہیں اے خدا، اب تجھ سے التماس کرتا ہوں کہ تو جبرائیل کو بھیج تا کہ وہ مجھ سے پنجہ آزمائی کرے۔

چند روز گزرنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے اس پر بیماری مسلط کر دی جس کی وجہ سے وہ کمزور اور ناتواں ہو گیا، اس کے گھر والے اور دوسرے لوگ بھی اس کی بیماری کی وجہ سے پریشان تھے اور آخر کار تنگ آ گئے انہوں نے اسے وہاں سے اٹھا کر ایک جنگل میں جا پھینکا، اس پر ضعف کا اتنا زیادہ غلبہ ہوا کہ اس کا سر زمین پر رکھا ہوا تھا اور اس کے منہ پر چوہے دوڑ رہے تھے اور کچھ چوہے اس کی پاؤں کی انگلیوں کو کاٹنے میں مصروف تھے لیکن اس کے پاس اتنی طاقت نہ تھی جس سے وہ چوہوں کو روک سکتا۔

وہاں سے ایک صاحب دل بندہ گزرا، اس نے کہا کہ دیکھ! خدا نے اپنے لشکریوں میں سے ایک چھوٹے لشکر کو بھیجا تا کہ تجھے تنبیہ کی جائے کہ تو غرور سے توبہ کرے اگر تو نے استغفار کیا تو اللہ تعالیٰ تجھے اپنے صبر کی وجہ سے معاف کر دے گا۔ [2]

۴۔ ایک نحوی عالم:

ایک شخص نے علم نحو حاصل کیا اور اس کا شمار عربی زبان کے بلند پایہ ادیبوں میں ہونے لگا، ایک دن وہی عالم کشتی میں سوار ہوا

---

[1] داستانهای شنیدنی ۷/۱۵۷۔ محجۃ البیضاء ۶/۲۰۳۔

[2]

اور اسے اپنے علم نحو پر بہت غرور تھا، اس نے کشتی کے بوڑھے ملاح سے کہا کیا تو علم نحو جانتا ہے؟، اس بوڑھے ملاح نے جواب دیا کہ میں نہیں جانتا، تو اس عالم نے اس سے کہا کہ جب تو علم نحو نہیں جانتا تو تو نے اپنی آدھی زندگی برباد کی ہے۔

بے چارہ ملاح خاموش رہا اس نے اس کا کوئی جواب نہ دیا، کشتی چلتی رہی پھر کچھ دیر کے بعد دریا میں گرداب پیدا ہوا اور کشتی ڈوبنے کے قریب جا پہنچی تو اس وقت ملاح نے نحوی عالم سے پوچھا کہ کیا تم تیرنا جانتے ہو؟ اس عالم نے جواب دیا کہ خدا کی قسم میں نہیں تیر سکتا، تو اس وقت ملاح نے کہا تو نے اپنی پوری زندگی ضائع کر دی کیونکہ کشتی ڈوبنے والی ہے اور تجھے تیرنا نہیں آتا، اس وقت وہ اپنے ناجائز غرور پر متوجہ ہوا اور اسے معلوم ہوا اعلیٰ ترین علم وہ ہے جس سے انسان اپنے اندر کی نجاستیں دور کر سکے۔ [1]

۵۔ ابوجہل کا غرور:

ایک رات رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بدترین دشمن ابوجہل اور ولید بن مغیرہ طواف کعبہ میں مصروف تھے کہ دوران طواف پیغمبر اکرمؐ کے متعلق ان میں بحث ہونے لگی۔

ابوجہل کہنے لگا، خدا کی قسم وہ صادق ہے، ولید بن مغیرہ نے کہا: چپ ہو جا یہ بات تو نے کہاں سے سنی؟ ابوجہل نے کہا: بات یہ ہے کہ اس کا بچپن لڑکپن اور اس کی جوانی ہمارے سامنے ہے وہ ہمیشہ سے صادق اور امین کہلا رہا ہے اب کیسے ہو سکتا ہے کہ جس نے بچپن میں کبھی جھوٹ نہیں بولا تو اب پختہ عمر میں جا کر وہ کیوں جھوٹ سے کام لے گا؟ ولید نے کہا: "اچھا اگر یہی بات ہے تو تم اس کی تصدیق کیوں نہیں کرتے اور اس پر ایمان کیوں نہیں لاتے؟۔ ابوجہل نے کہا: کیا تو چاہتا ہے کہ قریش کی لڑکیاں یہ طعنہ دیں کہ ابوجہل نے اپنی شکست تسلیم کر لی، مجھے لات وعزیٰ کی قسم میں کبھی بھی اس کی پیروی نہیں کروں گا اور محمد کے ساتھ مقابلہ جاری رکھوں گا، خداوند تعالیٰ نے اس کے غرور اور نخوت کو اس آیت میں نازل کیا:

أَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَٰهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللَّهُ عَلَىٰ عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَىٰ سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ وَجَعَلَ عَلَىٰ بَصَرِهِ غِشَاوَةً فَمَن يَهْدِيهِ مِن بَعْدِ اللَّهِ ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿٢٣﴾

(سورہ الجاثیہ آیت ۲۳)۔

کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا ہے جس نے اپنی خواہش نفس کو معبود بنا رکھا ہے اور اللہ نے (اپنے) علم کی بنیاد پر اسے گمراہ کر دیا ہے اور اس کے کان اور دل پر مہر لگا دی ہے اور اس کی آنکھ پر پردہ ڈال دیا ہے؟ پس اللہ کے بعد اب اسے کون ہدایت دے گا؟ کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے ہو؟" [2]

---

[1] داستانہا مثنوی ۱۔ ۵۲۔

[2] داستانہا و پندہا ۵۵ ۸۵/ تفسیر عراقی ۲۵/۲۷۔

باب نمبر 65

غصہ

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

"لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ" [1]

اس قوم سے دوستی نہ رکھو جس پر اللہ غضب ناک ہوا ہے"

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:

"الغضب يفسد الايمان كما يفسد الخل العسل"

''غصہ ایمان کو اس طرح سے برباد کر دیتا ہے جس طرح سرکہ شہد کو برباد کرتا ہے''۔

مختصر تشریح:

غصہ ایک انتہائی بری بیماری ہے اس کے ساتھ اس کے بدترین نتائج کا بھی انسان کو سامنا کرنا پڑتا ہے یہ انسان کے اعصاب کو متحرک کرتی ہے، بالخصوص غصہ کے ساتھ اگر کینہ اور انتقام بھی شامل ہو جائے تو اس کے خطرات اور بھی بڑھ جاتے ہیں۔

بعض مقامات پر غصہ جائز ہوتا ہے مثلاً کفار کے ساتھ جنگ یا پھر کسی ایسے شخص کے ساتھ مقابلہ کرتے وقت جس نے کسی عزت، ناموس یا مال پر ڈاکہ ڈالا ہو، اس مقام پر غصہ کرنا شرعی اور عقلی طور پر قابل تعریف ہے اور یہ شجاعت اور مردانگی کا ثمر کہلاتا ہے۔

اس کے علاوہ باقی مقامات پر غصہ کرنا شیطانی اور برائی کی چابی ہے۔

غصہ عقل کو تباہ کر دیتا ہے انسان کی شکل تک بدل جاتی ہے اور اس انسان کے اندر اندرونی اضطراب پایا جاتا ہے غصہ کی وجہ سے انسان لوگوں کو گالیاں دیتا ہے لوگوں کے نقصانات پر خوش ہوتا ہے بعض اوقات لوگ کسی کو تھپڑ مارتے ہیں اور کسی کا مذاق اڑاتے ہیں۔

غصہ میں انسان ایک دوسرے کو قتل کر دیتے ہیں، یہ تمام برائیاں غصہ کی حالت میں انسان کے اندر نمودار ہوتی ہیں، بہتر یہی ہے کہ اُن چیزوں سے پرہیز کیا جانا چاہیے جو غصہ کا باعث بنتی ہیں، اور صبر، حلم اور غصہ کو پینے سے انسان اُن

---

[1] سورہ الممتحنہ آیت نمبر ۱۳۔

برائیوں کواپنے سے دور کرسکتا ہے۔[1]

ا۔ ذوالکفل:

حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا:''ذوالکفل'' کون تھے جن کاذکر قرآن مجید میں موجود ہے؟''

توآپؐ نے فرمایا:''حضرموت میں ایک نبی رہتے تھے جن کانام ''عویدیا'' تھا، جب اُن کاوقت وفات قریب آیاتوانہوں نے کہا:''تم میں سے کون میراجانشین بنناچاہتا ہے؟مگرشرط یہ ہے کہ وہ حلیم وبردبار ہواورغصہ میں نہ آئے''۔

یہ سن کرایک جوان اٹھ کھڑاہوااور کہا:''میں آپ کاجانشین بنتاہوں میں آپ سے وعدہ کرتاہوں کہ میں ہمیشہ حلم وبردباری سے کام لوں گا،اورنبی نے بھی اس کی خلافت کوقبول کرلیا''۔

اس کے بعدعویدیانبی کی وفات ہوگئی اوروہ جوان اُن کاجانشین قرارپایا،وہی جوان ''ذوالکفل'' تھے،اللہ تعالیٰ نے انہیں منصب نبوت پرفائز کیاایک دن ابلیس نے اپنے دوستوں سے کہاکہ تم میں سے کون ہے جوذوالکفل کوغصہ دلائے؟

ایک جن نے جس کانام ''ابیض'' تھاکہا:''میں انہیں غصہ دلاؤں گا''۔

ذوالکفل کامعمول تھاکہ نمازفجر کے بعدلوگوں کے درمیان فیصلے کرتے اورظہر کے قریب قیلولہ کرتے تھے۔

ایک دن ذوالکفل جیسے ہی دوپہر کے بعدسوئے توابیض ان کے دروازے پرآیااورچیخ چیخ کرکہا:''میں مظلوم ہوں میری مددکرو''۔

حضرت ذوالکفل نیند سے بیدارہوئے اورفرمایا:''تم جاؤفریق مخالف کوبھی لے آؤتاکہ میں تمہارافیصلہ کروں''۔

ابیض اپنے مقام سے نہ ہلاتوذوالکفل نے پوچھا:''تم فریق ثانی کوبلانے کیوں نہیں جاتے؟

اس نے کہا:''مجھے اندیشہ ہے کہ وہ میرے بلانے پرنہیں آئے گا''۔

آپؐ نے اپنی انگوٹھی اسے بطورنشانی دی،دوسرے دن پھرذوالکفل جب گھر میں آرام کررہے تھے وہ شیطان ان کے درخانہ پرآیااورفریادکی کہ میری مددکریں۔

ذوالکفل نبی نیند سے بیدارہوکرباہرآئے اورپوچھا:''میں نے تجھے اپنی انگوٹھی بطورنشانی دی تھی تو کیا تم نے اپنے مخالف کو نشانی دکھائی تھی؟''

ابیض نے کہا:''جی ہاں!میں نے آپ کی انگوٹھی اسے دکھائی تھی لیکن وہ نہیں آیااورآپ کے پاس آنے پررضامندبھی نہیں ہے''۔

ذوالکفل نے اسے رقعہ لکھ کردیااورفرمایا:''اپنے مخالف کومیرارقعہ دیناامید ہے میرارقعہ پڑھ کروہ چلاآئے گا''۔

---

[1]

تیسرے دن ذوالکفل سوئے ہوئے تھے تو شیطان نے ان کے دروازے پر پھر شور مچا کر کہا: ''میں مظلوم ہوں میری مدد کرو''۔

آپ نیند سے بیدار ہو کر باہر آئے اور اس سے پوچھا: ''تم نے اپنے مخالف کو میرا رقعہ پہنچایا تھا؟''۔

اس نے کہا: ''جی ہاں! اس نے رقعہ کو کوئی اہمیت نہیں دی''۔

آپ نے فرمایا: ''کوئی بات نہیں میں تمہارے ساتھ فریق مخالف کے گھر پر جاتا ہوں، ابیض کے ساتھ چل پڑے۔

چند قدم چلنے کے بعد ابیض نے کہا: ''میرا کسی کے ساتھ کوئی جھگڑا نہیں میں صرف آپ کے حلم کا امتحان لینا چاہتا تھا اور دیکھنا چاہتا تھا کہ آپ نے جو وعدہ کیا تھا اس پر کس حد تک قائم ہیں۔[1]

۲۔ طاقتور کون ہے؟:

ایک دفعہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گزر کسی جگہ سے ہوا وہاں پر بہت سے لوگ جمع تھے اور جو وزنی پتھر اٹھا رہے تھے، آپ نے فرمایا: ''یہ کیا ہے؟''

جوانوں نے کہا: ''ہم دیکھ رہے ہیں کہ ہم میں سے زیادہ طاقتور کون ہے''۔

آپ نے فرمایا: ''میں تمہیں بتاؤں کہ تمہارے اندر سب سے زیادہ طاقتور کون ہے؟''

جوانوں نے کہا: ''ضرور بتائیں''

آپ نے فرمایا: ''تم میں سب سے زیادہ طاقتور وہ ہے کہ جب وہ راضی ہو تو اسے اس کی رضا گناہ اور باطل میں مشغول نہ کرے، جب ناراض ہو تو ناراضگی اسے قول حق سے باہر نہ نکالے (یعنی غصہ کے وقت ضبط سے کام لے اور غصہ پی جائے) اور جب وہ مالک بنے تو اس چیز پر نظر نہ رکھے جو اس کا حق نہ ہو۔[2]

۳۔ ایک نصیحت:

ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: ''یا رسول اللہ! مجھے علم سکھائیں اور دین کے احکامات سے مجھے آگاہ کریں، آپ نے فرمایا جاؤ! کسی پر غصہ نہ کرنا، وہ شخص آپ کی خدمت میں سے یہ کہتا ہوا اٹھا کہ میں آپ کے اس فرمان پر اکتفا کروں گا۔

جب وہ شخص اپنی قوم میں واپس آیا تو اس نے دیکھا کہ اُس کی اور دوسری قوم کے درمیان جھگڑا ہونے کو ہی تھا، دونوں

---

[1] تاریخ انبیاء، ۲۔۱۹۶

[2] اطلس نامہ، ۱۔۷۵، مجموعہ ورام ۲، ۱۰

طرف سے لوگوں نے ہتھیار اُٹھائے ہوئے تھے اور ایک دوسرے کے خلاف صف آرائی کی ہوئی تھی، اس شخص نے بھی جنگی لباس پہنا اور اپنی قوم کے ساتھ جنگ میں شریک ہونے کو چلا گیا، پھر اچانک جنگ شروع ہونے سے پہلے اسے یاد آیا کہ پیغمبر اکرمؐ نے مجھے فرمایا تھا کہ خبردار! کبھی غصے میں نہ آنا، اس نے اپنے ہتھیار زمین پر پھینک دیئے اور دشمنوں کے پاس چلا گیا اور کہنے لگا: ''بھائیو! خون بہانے کا کوئی فائدہ نہیں، تمہارا جو نقصان ہوا ہے میں وہ نقصان اپنے مال و دولت سے پورا کرنے کو تیار ہوں'' جب اُن لوگوں نے اس شخص کی شرافت کو دیکھا تو کہا کہ جناب! ہمارا جتنا بھی نقصان ہوا تھا ہم وہ سب معاف کرتے ہیں، دونوں طرف سے اُٹھی ہوئی تلواریں نیاموں میں چلی گئیں اور ایک یقینی جنگ مستقل امن میں بدل گئی۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک نصیحت کی وجہ سے لوگ ایک بڑی جنگ سے بچ گئے۔ [1]

۴۔ امام جعفر صادقؑ اور غلام:

امام جعفر صادقؑ نے اپنے ایک غلام کو کسی کام کے لئے بھیجا، جب اس نے آنے میں دیر کردی تو آپؑ اس کی تلاش میں نکلے تو اسے ایک جگہ سوتے ہوئے پایا، آپ نے اُسے پنکھے سے ہوا دینی شروع کی، جب وہ بیدار ہوا تو آپؑ نے فرمایا: تمہارا یہ حق نہیں کہ تم دن کو بھی سوؤ اور رات کو بھی سوؤ، تم رات کو نیند کیا کرو اور دن کو ہمارے کام کرو۔ [2]

۵۔ بری عادت اور خادم:

عبداللہ ابن طاہر اپنے بھائی طلحہ کی وفات کے بعد مامون الرشید کی طرف سے خراسان کا گورنر مقرر ہوا اور وہ واثق باللہ کے دور تک خراسان کا گورنر رہا، الغرض سترہ سال کی گورنری کے بعد سنتالیس سال کی عمر میں ۲۳۰ھ کو فوت ہوا۔

عبداللہ ابن طاہر بیان کرتا ہے کہ ایک دفعہ میں کسی عباسی حکمران کے پاس بیٹھا ہوا تھا اس وقت اتفاق سے وہاں کوئی بھی غلام موجود نہیں تھا، خلیفہ نے غلام کو آواز دی، غلام، غلام ادھر آؤ، اچانک ایک ترکی غلام ایک کمرے سے برآمد ہوا، اس نے بڑے کڑک دار لہجے میں خلیفہ سے کہا کہ غلاموں کو بھی کئی ضروری کام ہوتے ہیں انہوں نے روٹی کھائی ہوتی ہے ہاتھ منہ دھونا ہوتا ہے، انہیں بھی نماز اور وضو کی ضرورت ہے، تمہارے غلاموں کو سونے کی بھی ضرورت ہوتی ہے یہ تو نے کونسا طریقہ اپنایا ہوا ہے جب غلام اپنی کسی ضرورت کی وجہ سے غائب ہوتے ہیں تو تمہاری آوازیں بلند ہونا شروع ہو جاتی ہیں، غلام، غلام، غلام اور کب تک آپ ہمیں یوں غلام، غلام کہتے رہو گے؟۔

عبداللہ بن طاہر کہتا ہے کہ جب خلیفہ نے اس کی یہ بات سنی تو سر جھکا لیا اور مجھے یقین ہو گیا کہ خلیفہ جیسے ہی سر بلند کرے گا تو

---

[1] شنید۔ ہمای تاریخ ص ۳۰۵۔ محجۃ البیضاء ۵، ۲۹۳۔

[2] منتہی الامال ۲، ۱۳۰۔

اس غلام کا سر تن سے جدا کروا دیا جائے گا۔

تھوڑی دیر کے بعد خلیفہ نے سر اٹھایا اور مجھ سے کہا: ''عبداللہ! دیکھو، اگر مالکوں کا اخلاق اچھا ہو تو غلاموں کا اخلاق خراب ہو جاتا ہے، اب ہم غلاموں کی خراب عادتوں کی وجہ سے اپنی عادتیں خراب نہیں کریں گے، مقصد یہ ہے کہ اگر مالک غصہ نہ کرے تو اس کے غلام اور نوکر منہ چڑھے ہو جاتے ہیں۔ [1]

[1] لطائف الطوائف، ص ۹۴۔

باب نمبر 66

غیبت

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا [1]

''اور تم میں سے کوئی بھی ایک دوسرے کی غیبت نہ کرے''۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:

''ان الغيبة اشد من الزنا'' [2]

''غیبت زنا سے بھی زیادہ بدتر جرم ہے''

مختصر تشریح:

ہر مسلمان پر غیبت کرنا حرام ہے اور غیبت کرنے والا شخص گناہگار ہے، غیبت یہ ہے کہ آپ کسی کو ایسی صفت سے یاد کریں جو خلق کے سامنے ظاہر نہ ہو اور یا کسی کی مذمت کرے حالانکہ اہل علم اُسے برا نہ جانتے ہوں۔

اگر کوئی شخص کسی کی غیبت کرے اور دوسرے فریق تک اس کی غیبت پہنچ جائے تو وہ اس کے پاس جائے اور اس غیبت پر اُس سے معافی طلب کرے اور اُسے اپنے آپ سے راضی کرے۔

غیبت انسان کی نیکیوں کو اس طرح ختم کرتی ہے جیسے آگ خشک لکڑیوں کو جلا دیتی ہے، سبب غیبت یہ ہے کہ بعض اوقات لوگ کسی سے حسد کی وجہ سے اس کی غیبت کرتے ہیں بعض اوقات اپنے کلام کو زینت دینے کے لئے کچھ انسان غیبت کا سہارا لیتے ہیں، کچھ لوگ اپنے غصے کو تسکین دینے کے لئے کسی کی غیبت کرتے ہیں، یا کسی شخص سے دوسروں کو نفرت دلانے کے لئے اس کی غیبت کی جاتی ہے۔

بہر نوع غیبت انسانی شخصیت کے لئے انتہائی مضر ہے اور قیامت کے دن غیبت کرنے والا عذاب الٰہی میں مبتلا ہوگا۔

---

[1] سورہ الحجرات، آیت نمبر ۱۲۔

[2]

ا۔ غیبت کرنے والے کو ناپسند کیا جاتا ہے:

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں ایک جگہ چند صحابہ کرام جمع تھے ایک صحابی کا وہاں سے گزر ہوا تو حاضرین میں سے کسی صحابی نے کہا: ''میں خدا کے لئے اس شخص سے نفرت کرتا ہوں''۔

اس کی یہ بات سن کر صحابہ کرامؓ نے اسے ملامت کی اور کہا: ''تو نے انتہائی غلط بات کی ہے ہم اس شخص کو تیرے خیالات کی اطلاع دیں گے''۔

چنانچہ اس صحابی کو اس گفتگو کی اطلاع دی گئی جو اسے سخت ناگوار گزری اور وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور غیبت کرنے والے صحابی کی شکایت کی، آپؐ نے اس صحابی کو طلب کیا اور پوچھا: ''تم نے یہ کیا کہا ہے''۔

اس صحابی نے کہا: ''آقا! میں نے جو کچھ بھی کہا ہے درست کہا ہے''۔

آپؐ نے اس سے فرمایا: ''تم اس سے کیوں دشمنی رکھتے ہو؟''

اس صحابی نے عرض کیا: ''آقا! میں اس کا قریبی ہمسایہ ہوں اور اس کے حالات سے پوری طرح آگاہ ہوں، یہ شخص دن رات میں واجب نمازوں کے علاوہ اور کوئی نماز نہیں پڑھتا''۔

شکایت کنندہ صحابی بولا: ''یارسول اللہ! آپ اس سے پوچھیں کیا میں نماز تاخیر سے پڑھتا ہوں یا وضو غلط کرتا ہوں یا رکوع و سجود صحیح طرح سے بجا نہیں لاتا؟۔

غیبت کرنے والے صحابی نے کہا: ''نہیں ایسی تو کوئی بات نہیں البتہ یہ شخص رمضان کے علاوہ کبھی کوئی روزہ نہیں رکھتا، یہ صرف اس مہینے میں روزہ رکھتا ہے جب ہر نیک و بد قسم کے لوگ روزہ رکھتے ہیں''

شکایت کنندہ صحابی نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ اس سے یہ پوچھیں کہ آیا میں نے کبھی روزہ توڑا ہے یا میں نے روزہ کے شرائط سے انحراف کیا ہے؟۔

غیبت کرنے والے صحابی نے کہا: ''نہیں اگر میں نے واجب زکوٰۃ کے علاوہ جسے ہر کوئی ادا کرتا ہے اسے کسی غریب کی مدد کرتے نہیں دیکھا''۔

شکایت کنندہ صحابی نے عرض کی: یارسول اللہ آپ اس سے پوچھیں کہ کیا کبھی میں نے زکواۃ کم مقدار میں دی ہے یا زکواۃ میں کوئی خراب جنس دی ہے؟۔

غیبت کرنے والے صحابی نے کہا: ''نہیں''۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غیبت کرنے والے صحابی سے فرمایا: ''میرے پاس سے اٹھ کر چلا جا، ''فلعلہ خیر

صدق ''شاید یہ شخص جس کی تو بدگوئی کرتا پھر رہا ہے خدا کی نظر میں تجھ سے بہتر ہو''۔[1]

۲۔ قیامت کے دن غیبت کی سزا:

شیخ بہائی علیہ الرحمۃ اپنی کتاب کشکول میں تحریر کرتے ہیں کہ ایک دن کسی بڑے اجتماع میں میرا ذکر چھڑا تو بیٹھے ہوئے حاضرین میں سے ایک شخص، جو ہمیشہ میرے منہ پر دوستی کا دعوی کرتا تھا لیکن وہ اس دعوٰی میں جھوٹا تھا، نے میری غیبت شروع کر دی اور میری طرف بہت سی ناروا چیزوں کی نسبت دی، اس نے قرآن مجید کی اس آیت کو فراموش کر دیا ''ایحب احدکم ان یاکل لحم اخیہ میتا'' کیا تم میں سے کوئی یہ پسند کرے گا کہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے، تو جس طرح سے تمہیں مردہ بھائی کے گوشت کھانے سے نفرت ہے اسطرح سے غیبت سے بھی پرہیز کرو۔

مجھے اس کرم فرما کی ''شفقت'' کا علم ہو گیا اور اسے بھی پتہ چل گیا کہ مجھے اسکی حرکت کا علم ہو چکا ہے اس نے معذرت خواہی کے لئے مجھے بہت لمبا چوڑا خط لکھا جس میں اس نے اپنے فعل پر ندامت کا اظہار کیا اور مجھ سے راضی ہونے کی درخواست کی۔

میں نے اس کے جواب میں لکھا: ''خدا تمہیں جزائے خیر دے، تم نے مجھے ایسا تحفہ دیا ہے جس کی وجہ سے قیامت کے دن میری برائیوں کا پلڑا ہلکا ہوا ہے۔

ہم تک سید البشر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ روایت پہنچی ہے کہ قیامت کے دن ایک بندہ کو پیش کیا جائے گا، اس کی نیکیاں ایک پلڑے میں رکھی جائیں گی اور اس کی برائیاں دوسرے پلڑے میں رکھی جائیں گی، اس کی نیکیوں کا پلڑا ہلکا اور برائیوں کا پلڑا بھاری ہوگا، اسی اثنا میں ایک بوری لا کر اس کے نیکیوں کے پلڑے میں رکھی جائے گی، جس میں اس کی نیکیوں کا پلڑا وزنی ہو جائے گا، وہ عرض کرے گا کہ خدایا میں نے نیکیوں کے جو بھی کام کئے تھے وہ تو پلڑے میں پہلے سے موجود تھے اور یہ بوری کہاں سے آ گئی؟ خداوند کریم ارشاد فرمائے گا کہ یہ ان باتوں کے عوض میں ہے جو تیرے متعلق کہی گئی تھیں اور تو ان سب سے بری تھا۔

اس حدیث کی رو سے میں تمہارا شکر گزار ہوں، اگر تم میرے سامنے بھی ایسا کرتے تو بھی میں اس جیسا بدلہ نہ دیتا اور تم مجھ سے معافی و دوستی اور وفا کے علاوہ کچھ بھی نہ دیکھتے، اب تھوڑی سی عمر باقی رہ گئی ہے میں اسے مکافات عمل میں برباد کرنا پسند نہیں کرتا، میں تو اس وقت اپنی سابقہ زندگی کی کمی بیشی کی تلافی کرنا چاہتا ہوں۔[2]

۳۔ چغل خور کی موجودگی باران رحمت کے نزول میں رکاوٹ بنی:

ایک دفعہ بنی اسرائیل بارش نہ ہونے کے سبب قحط میں مبتلا ہوئے، لوگ پریشان ہو کر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس

---

[1] علم اخلاق اسلامی، ۲۔۳۹۹۔

[2] پند تاریخ، ۵۔۱۶۰، کشکول، ۱۔۱۹۷

آئے اور بارش کے نزول کے لئے ان سے دعا کرنے کی درخواست کی۔

آپؑ نے لوگوں کو حکم دیا کہ فلاں دن سب لوگ فلاں میدان میں جمع ہو کر آجائیں وہاں ہم نماز استسقاء پڑھیں گے اللہ تعالیٰ باران رحمت کا نزول فرمائے گا اس دن سب چھوٹے بڑے میدان میں جمع ہوئے، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے نماز استسقاء پڑھائی اور بارش کی دعا مانگی مگر بارش نازل نہ ہوئی۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بارگاہ احدیت میں عرض کی: ''خدایا! ہم نے دعا مانگی مگر بارش کا نزول نہ ہوا''؟

آواز قدرت آئی: ''موسیٰ! اس مجمع میں ایک چغل خور موجود تھا جو اپنے اس فعل بد پر اصرار کرتا ہے اسی لئے میں نے تمہاری دعا کو قبول نہیں کیا''۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: ''خدایا! اس بدبخت کا نام مجھے بتا'' اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''میں تو چغل خوری سے منع کرتا ہوں، بھلا خود چغل خوری کیسے کرسکتا ہوں۔''[1]

۴۔ چغل خور ہلاک ہوتا ہے:

ایک دفعہ کسی نے کچھ فاخرہ لباس ہارون الرشید کو بطور ہدیہ دیا اور ہارون نے وہی فاخرہ لباس اپنے وزیر علی بن یقطین کو دے دیا، اس لباس میں ایک کھلے گلے والی ایک قمیض تھی جسے ''دراعہ'' کہا جاتا ہے، وہ قمیض قیمتی ریشم سے بنائی گئی تھی اور بڑی نفاست سے اس پر طلا کاری کی گئی تھی، الغرض وہ قمیض ہر لحاظ سے بادشاہ کو ہی زیب دیتی تھی علی بن یقطین نے اس شاہانہ قمیض سمیت تمام فاخرہ لباس اور کچھ ہدیہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں مدینہ بھیج دیا۔

امام علیہ السلام نے اس وقت وہ مال قبول کرلیا مگر ساتھ ہی ایک اور قاصد کے ہاتھوں آپ نے وہ شاہانہ قمیض علی بن یقطین کو واپس بھجوادی، اور ساتھ ہی یہ تحریر فرمایا کہ اسے سنبھال کر رکھو ایک دن تمہیں اس کی ضرورت پڑے گی۔

اتفاق سے ایک مرتبہ علی بن یقطین اپنے کسی غلام پر ناراض ہوا اور اس غلام کو اس امر کا علم تھا کہ علی بن یقطین بادشاہ کی ہدیہ کی گئی قمیض ''دراعہ'' امام موسیٰ کاظم کی نذر کر چکا ہے۔

چنانچہ اس غلام نے ہارون الرشید کے ہاں جا کر چغلی کھائی کہ علی بن یقطین امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی امامت کا قائل ہے، اور ہر سال خمس اور دوسرا مال اُن کے پاس روانہ کرتا ہے اور سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ وہ شاہی قمیض ''دراعہ'' جو آپ نے اسے دی تھی اس نے وہ بھی امام موسیٰ کاظمؑ کے پاس بھیج دی ہے۔

یہ سن کر ہارون کو سخت غصہ آیا اور اس غلام سے کہا اگر تمہاری بات غلط نکلی تو تجھے قتل کر دیا جائے گا، غلام نے کہ درست ہے میں ہر سزا کے لئے تیار ہوں۔

---

[1] جامع السعادات ۲، ۲۷۷۔

اس کے بعد علی بن یقطین کو طلب کیا گیا، ہارون الرشید نے کہا کہ میں نے غلطی سے وہ قمیض و دراعہ تمہارے حوالے کر دی تھی مجھے اس کی ضرورت ہے اب وہ کہاں ہے؟

علی بن یقطین نے کہا وہ میرے گھر میں موجود ہے اور میں نے اسے بڑی احتیاط سے خوشبو لگا کر الماری میں رکھا ہوا تھا، اور بطور تبرک میں روزانہ اس کو بوسہ دیتا ہوں ہارون نے کہا جلدی سے منگواؤ۔

علی بن یقطین نے اپنے ایک غلام کو حکم دیا کہ تم میرے گھر جاؤ فلاں الماری کے فلاں صندوق میں وہ قمیض موجود ہے اسے لے آؤ، غلام گیا اور مذکورہ لباس لے آیا۔

ہارون یہ دیکھ کر بہت خوش ہوا اور کہا کہ اب میں تمہارے خلاف کسی کی بات نہیں سنوں گا۔

چغل خور غلام کے متعلق ہارون نے حکم دیا کہ اسے ہزار تازیانے مارے جائیں، پانچ سو تازیانے کھانے کے بعد اس غلام کی موت واقع ہوگئی۔ [1]

۵۔ چغل خور کی قیامت خیزی:

ایک شخص نے اپنا غلام فروخت کیا، اور خریدنے والے کو بتایا کہ اس غلام میں چغل خوری کی عادت ہے باقی اس میں کوئی عیب نہیں ہے، خریدنے والے نے کہا: ''کوئی حرج نہیں یہ اپنی چغل خوری سے ہمارا کیا بگاڑ لے گا؟''

بہر نوع خریدار غلام کو ساتھ لے کر گھر آیا، غلام ایک مدت دراز تک نئے مالک کے گھر میں رہائش پذیر رہا۔

ایک دن اس نے اپنے نئے مالک کی بیوی سے کہا ''تیرا شوہر تجھ سے محبت نہیں کرتا وہ ایک جگہ دوسری شادی کرنا چاہتا ہے اگر تو سوکن سے بچنا چاہتی ہے تو کسی طرح سے اس کی داڑھی کے چند بال مجھے لا کر دے میں ان پر وظیفہ پڑھوں گا اور اس عمل سے تیرا شوہر راہ راست پر آ جائے گا''۔

عورت نے کہا: ''میں آج رات جب کہ میرا شوہر سویا ہوا ہوگا اس کی داڑھی سے کچھ بال کاٹ لوں گی اور صبح سویرے وہ بال تجھے دوں گی''۔

شام کے وقت اسی غلام نے اپنے آقا سے کہا: ''میں نے آپ کا نمک کھایا ہے میں یہ بات آپ کو کبھی بھی نہ کہتا مگر اب اس لئے کہنا چاہتا ہوں کہ اب پانی سر سے اوپر گزر چکا ہے بات یہ ہے کہ تمہاری بیوی بدکردار ہے اس نے ایک شخص کے ساتھ ناجائز تعلقات قائم کئے ہوئے ہیں اور دونوں تمہاری عدم موجودگی میں ایک دوسرے سے ملتے ہیں اور آج رات تمہاری بیوی تمہیں قتل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر قتل سے بچنا چاہتے ہو تو بیدار رہنا۔

رات ہوئی اس شخص نے کھانا کھایا اور چارپائی پر لیٹ گیا، لیٹنے سے پہلے اس نے تلوار اپنے بستر کے کنارے چھپا رکھی تھی

[1] داستانھا و پندھا ۱/۵۲، کشکول بحرانی ۲/۱۳۲۔

اور جھوٹ موٹ کے خراٹے لینے لگا۔

کچھ دیر بعد اس نے دیکھا کہ اس کی بیوی کوئی اوزار لئے دبے پاؤں اس کے قریب آرہی ہے اسے یقین ہو گیا کہ یہ اسے قتل کرنے کے لئے آرہی ہے وہ فوری طور پر جست لگا کر اٹھا اور بیوی کو قتل کر دیا۔

جب عورت کے خاندان والوں نے سنا کہ اس نے ہماری عورت کو قتل کیا ہے تو انہوں نے اسے قتل کر دیا اور یوں دو قبیلوں میں کافی عرصے تک جنگ کے شعلے بھڑکتے رہے۔ [1]

---

[1] شنید بصحائی تاریخ ص ۳۰۲، حیۃ البیضاء ۲۸۹۔

باب نمبر 67

بدزبانی

قرآن مجید میں ارشاد رب ذوالجلال ہے:

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ فَيَسُبُّوا اللَّهَ عَدْوًا [1]

"گالی مت دو ان کو جن کو یہ اللہ کو چھوڑ کر پکارتے ہیں وہ اللہ کو برا کہنے لگ جائیں گے"

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:

"ان اللہ لا یحب الفحش والتفحش۔" [2]

"اللہ تعالی بدزبانی اور ہرزہ گوئی کو پسند نہیں کرتا"

مختصر تشریح:

خراب اور قبیح مطالب کو زبان سے ادا کرنے کو بدزبانی کہا جاتا ہے، بدزبان شخص میں حیاء نہیں ہوتی اور اس کی زبان آلودہ اور ناپاک ہوتی ہے، بدزبانی کی حرمت بہت زیادہ ہے باقی صفات رذیلہ کی طرح سے ظاہری خباثت اور باطنی ناپاکی کا اظہار ہوتا ہے۔

اللہ تعالی بدزبان شخص کو پسند نہیں کرتا اور مومن کبھی بھی بدزبان نہیں ہوتا، گالیاں دینا نفاق کا ایک شعبہ ہے، شیطان گالیاں دینے والے کے ساتھ شریک ہو جاتا ہے اور اس طریقے سے اسے اپنا دوست بنا لیتا ہے بدزبانی سے بچنے کے بہت سے راستے موجود ہیں اور انسان کو چاہیے کہ بدزبانی سے اپنے آپ کو بچائے، مثلاً نذر وقسم کے ذریعے سے اور بدزبان افراد سے دوری اختیار کر کے عالی ترین مناجات کے ذریعے اور اچھے اخلاقی اشعار پڑھ کر انسان بدزبانی جیسی لعنت سے بچ سکتا ہے۔

۱۔ امام علیہ السلام کا ردعمل:

عمرو بن نعمان جعفی کا بیان ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام کا ایک دوست تھا جہاں پر بھی امام علیہ السلام جاتے تھے تو وہ

---

[1] سورۃ الانعام آیت نمبر ۱۰۸۔

[2] جامع السعادات ۱ / ۳۱۳۔

اُن کے ساتھ ہوتا تھا اور کبھی جدا نہیں ہوتا تھا ایک دفعہ امام علیہ السلام موچیوں کے محلے میں کسی کام سے گئے تو وہ شخص اور اس کا غلام بھی آپ کے ساتھ تھے۔

اس شخص نے دیکھا کہ اس کا غلام پیچھے نہیں آرہا اور اس نے تین مرتبہ پیچھے مڑ کر دیکھا تو اسے نہ دیکھا، جب اُس نے چوتھی مرتبہ پیچھے دیکھا تو اس کا غلام اسے دکھائی دیا اور اس نے غلام کو گالی دے کر مخاطب کیا کہ اے زانیہ عورت کے فرزند تو اب تک کہاں تھا؟۔

جب امام علیہ السلام نے اس کی زبان سے یہ گالی سنی تو اپنے ماتھے پر ہاتھ مار کر کہا: ''سبحان اللہ'' تو نے اس کی ماں کو گالی دی ہے میں تو تجھے پرہیزگار انسان سمجھتا تھا لیکن اب میں نے دیکھ لیا ہے کہ تیرے اندر کوئی پرہیزگاری نہیں ہے''۔

اس شخص نے کہا: ''میں آپ پر قربان جاؤں اس کی ماں سندھ کی مشرکہ عورت تھی لہٰذا اُسے برا کہنے میں کیا عیب ہے؟''

امام علیہ السلام نے فرمایا: ''تمہیں معلوم نہیں کہ ہر امت میں نکاح کا اپنا اپنا طریقہ ہوتا ہے مجھ سے دور ہو جا''۔

روای حدیث میں بیان کرتا ہے کہ اس کے بعد میں نے امام علیہ السلام کے ساتھ اس شخص کو نہیں دیکھا یہاں تک کہ موت نے اُن دونوں کے درمیان جدائی ڈال دی۔ [1]

۲۔ اسامہ کا جواب:

اسامہؓ بن زید رسول اکرمؐ کے آزاد کردہ غلاموں میں سے تھا، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس کے متعلق فرمایا تھا کہ یہ اُن لوگوں میں سے جن سے میں محبت کرتا ہوں اور میں امید کرتا ہوں کہ یہ تمہارے نیک افراد میں سے ہوگا، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی وفات سے قبل اُس جوان سال اُسامہ کو امیر لشکر مقرر کیا تھا۔

مورخین لکھتے ہیں کہ ایک دن اُسامہ قبر رسول کے پاس نماز میں مشغول تھا کہ اتنے میں ایک جنازہ لایا گیا، اور اس میت کا نماز جنازہ پڑھوانے کے لئے حاکم مدینہ مروان بن الحکم کو لایا گیا، مروان بن حکم نے جنازہ پڑھایا اور اسکے بعد جب وہ جانے لگا تو اس نے دیکھا کہ اُسامہ دروازہ پیغمبر کے پاس ابھی بھی مشغول نماز ہے، اور مروان نے یہ محسوس کیا کہ اسامہ نماز جنازہ میں بھی شریک نہیں تھا۔

مروان کو اس بات پر غصہ آیا اور اس سے کہا: ''تو یہ چاہتا ہے اس سے تیری نماز میں فضیلت آئے'' اور اس کے بعد مروان نے اسے کافی برا بھلا کہا۔

جب اسامہ نے نماز ختم کی تو اس کے بعد وہ مروان بن حکم کے پاس آیا اور اس سے کہا کہ تو نے مجھے ناسزا کہا اور مجھ سے بد زبانی کی، جب کہ میں نے پیغمبر اکرمؐ سے سنا تھا آپؐ نے کہا تھا کہ اللہ تعالیٰ بد زبان شخص کو دشمن رکھتا

---

[1] کیفر کردار ا / ۴۔ تنبیہ الخواطر، ص ۵۲۶۔

ہے۔ (پیغمبر و یاران ا۔ ۱۹۳، اسدلا غابہ)

۳۔ بدزبانی کرنے والے کی مجلس میں شیطان کی آمد:

ایک دن رسول خدا اور حضرت ابو بکر ایک جگہ اکٹھے بیٹھے ہوئے تھے اور اسی جگہ ایک شخص آیا اور اس نے حضرت ابو بکر سے بدزبانی کی۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاموشی سے یہ نظارہ دیکھ رہے تھے، جب گالیاں دینے والے شخص نے خاموشی اختیار کی تو حضرت ابو بکرؓ نے اسے گالیاں دینا شروع کر دیں جیسے ہی حضرت ابو بکر نے اس شخص کو گالیاں دینا شروع کیں تو رسول خدا وہاں سے اٹھے تاکہ اپنے آپ کو ان سے دور کر لیں۔

جب حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہاں سے اٹھے اور حضرت ابو بکر سے فرمایا: ''ابو بکر جب وہ شخص گالی دے رہا تھا اور تم چپ تھے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک فرشتہ تیرے دفاع میں اسے جواب دے رہا تھا، جب تم نے خود گالیاں دینا شروع کیں تو وہ فرشتہ تمہیں چھوڑ کر دور چلا گیا اب تمہارے پاس شیطان آ گیا اور میں اُن لوگوں میں سے نہیں ہوں کہ میں اس مجلس میں بیٹھوں جہاں شیطان بھی ہو''۔ [۱]

۴۔ امام جعفر صادق علیہ السلام کی سیرت:

ایک شخص حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ آپ کے فلاں چچازاد بھائی نے آپ کا نام لے کر بدگوئی کی ہے اور آپ کو ناسزا کہنے میں اس نے کوئی کسر نہیں چھوڑی، آپؑ نے اپنی کنیز کو حکم دیا کہ آپؑ کے لئے وضو کا پانی لائے، پس حضرت نے وضو کیا اور نماز پڑھنے لگے۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے اپنے دل میں کہا کہ حضرت اس کے لئے بددعا کریں گے، پس آپ نے دو رکعت نماز پڑھی اور کہا اے پروردگار! یہ میرا حق تھا جو میں اسے بخشتا ہوں اور تیرا جود و کرم مجھ سے کہیں زیادہ ہے پس اسے بخش دے، اور اس کی اس کردار کی وجہ سے گرفت نہ کر اور اس کے برے عمل کا بدلہ اُسے نہ دے، پھر آپ نے رقت کی اور مسلسل اس کے لئے دعا کرتے رہے اور میں آپ کی حالت پر تعجب کر رہا تھا۔ [۲]

۵۔ ابن مقفع بدگوئی کی وجہ سے ہلاک ہوا:

ابن مقفع ایک ہوشیار اور دانشمند شخص تھا اس نے کچھ علمی کتابوں کا عربی میں ترجمہ کیا تھا، اس کے علم و فضل نے اسے حد سے

---

[۱] ابلیس نامہ ۲۳/۸، احیاء العلوم ۷، ۳۱۳۔

[۲] منتہی الآمال۔ /۷ مشکوۃ الانوار۔

زیادہ مغرور کر دیا تھا جس کی وجہ سے وہ اجتماعی گفتگو میں دوسروں کی تحقیر کیا کرتا تھا، بعض اوقات وہ برے الفاظ بھی زبان سے نکالتا تھا۔

منصور دوانیقی نے سفیان بن معاویہ کو اپنی طرف سے بصرہ کا گورنر مقرر کیا تھا، سفیان بن معاویہ کی ناک حد سے زیادہ بڑی اور ناموزوں تھی۔

جب کبھی ابن مقفع اس کے پاس آتا تو بلند آواز سے کہتا تھا کہ تم دونوں پر سلام ہو، اس کا مقصد یہ تھا کہ امیر پر بھی سلام ہو اور اس کے ناک پر بھی سلام ہو، اس طرح سے وہ اسے ذلیل کیا کرتا تھا، ابن مقفع کبھی سفیان کی اس کی ماں کی وجہ سے بھی تحقیر کیا کرتا تھا، ایک دفعہ ابن مقفع نے سفیان کو لوگوں کی موجودگی میں خطاب کر کے کہا: ”اے شہوت پرست عورت کے بیٹے، اس کے علاوہ وہ دوسری مجالس میں بھی بہت سے لوگوں کی تحقیر کیا کرتا تھا۔

سفیان اس دن کا منتظر تھا جس دن وہ اس سے اس کی بدگوئی کا انتقام لے سکے، حالات کچھ اس طرح سے ہوئے کہ منصور دوانیقی کے سگے بھتیجے عبداللہ بن علی نے اپنے چچا منصور کے خلاف خروج کیا اور منصور نے اس کے مقابلے کے لئے ابو مسلم خراسانی کو بھیجا ابو مسلم کامیاب ہو گیا اور عبداللہ فرار ہو کر اپنے بھائیوں سلیمان اور عیسیٰ سے پناہ حاصل کر لی۔

انہوں نے منصور سے اس کی سفارش کی اور منصور نے بھی ان کی سفارش منظور کرتے ہوئے اسے معاف کرنے کا وعدہ کیا۔

منصور کے چچا بصرہ آئے اور ابن مقفع کے پاس گئے اور اس سے کہا کہ تو ایک ادیب آدمی ہے اور تو ایک امان نامہ تحریر کر کے دے، اور وہ تحریر منصور کے سامنے پیش کریں گے۔

ابن مقفع نے امان نامہ کی عبارت کچھ اس طرح سے تحریر کی:

”اگر منصور نے اپنے چچا عبداللہ بن علی کے ساتھ کوئی فریب کیا یا اسے کوئی تکلیف دی تو اس کی تمام دولت لوگوں کے لئے وقف ہو گی اور اس کے تمام غلام آزاد تصور کئے جائیں گے اور مسلمانوں کی گردن میں اس کی بیعت کا قلادہ باقی نہیں رہے گا“۔

جب یہ امان نامہ منصور کے سامنے پیش ہوا تو اُسے سخت غصہ آیا اور اس نے اس تحریر پر دستخط کرنے سے انکار کر دیا پھر اس نے پوچھا کہ یہ تحریر کس نے لکھی؟ اسے بتایا گیا کہ ابن مقفع نے اور اس نے حکم دیا کہ اسے قتل کر دیا جائے۔

والی بصرہ نے ایک تنور روشن کرایا اور ابن مقفع کو پکڑ کر اس میں ڈال دیا، اور اس سے کہا کہ یاد ہے کہ تو ہمیشہ مجھے اور میری ماں کو گالیاں دیا کرتا تھا اور آج تو ان گالیوں کا مزہ چکھ، اور یوں ابن مقفع چھتیس سال کی عمر میں زندہ جلا دیا گیا، اس طریقے سے اس کی موت واقع ہوئی۔ [1]

---

[1] دنیای جوان، ص ۶۴۔ جوان ۶۱/۲

باب نمبر 68

غربت

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ [1]

شیطان تمہیں تنگ دستی کا خوف دلاتا ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے:

"تحفة المومن في الدنيا الفقر" [2]

"دنیا میں خدا کی طرف سے مومن کے لئے بہترین تحفہ غربت ہے"

مختصر تشریح:

معاشرے میں اکثر لوگ مادی فقر میں مبتلا ہوتے ہیں لیکن ان کی اکثریت بے قناعتی اور بے صبری کا مظاہرہ کرتی ہے وہ پوری زندگی خداوند تعالیٰ کے شکوہ میں ہی بسر کرتے ہیں۔

کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں تو مفلسی سے تنگ آکر کفر بھی اختیار کر لیتے ہیں، اور کچھ گناہان کبیرہ میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

غربت میں مبتلا شخص کو چاہیے کہ وہ خدا پر بھروسہ رکھے، حرص سے دوری اختیار کرے، قناعت اور صبر سے اپنی خودداری قائم رکھے، پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا: میری امت کا سب سے بہترین طبقہ غرباء ہیں اور وہ باقی لوگوں سے پہلے جنت میں جائیں گے، فقر میرا فخر ہے اور فقیر میرا ہے، جنت فقراء کی مشتاق ہے اور فقراء اہل بہشت کے بادشاہ ہیں۔ [3]

۱۔ ایک مفلس کی خودداری:

شیخ سعدی بیان کرتے ہیں کہ میں نے ایک خوددار مفلس کے بارے میں سنا جو بڑی مشکل سے اپنے ایام پورے کر رہا تھا،

---

[1] سورۃ البقرۃ ۲۶۸۔

[2] جامع السعادات ۲/۸۳۔

[3] احیاء القلوب ص ۸۹۔

وہ اپنے لباس کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے دوبارہ اُسے پیوند لگایا کرتا تھا اور اپنے دل کی تسلی کے لئے کہتا تھا کہ خشک روٹی کھا کر پشمینہ کا لباس پہن کر زمین پر بیٹھ جانا اور قناعت کرنا اس سے بہت بہتر ہے کہ انسان کسی کا احسان مند ہو۔

کسی شخص نے اس سے کہا کہ کیا تمہیں پتہ نہیں ہے کہ شہر میں ایک سخی انسان موجود ہے جو آزادذہن شخص کی بڑی خدمت کیا کرتا ہے اور دردمندوں کی خوشنودی حاصل کرنے کا بڑا قائل ہے اور جاؤ اسے اپنی غربت کی داستان سناؤ اگر وہ تیری حالت سے آگاہ ہو گیا تو تیرا بڑا احترام کرے گا، تیری عزت بھی محفوظ رہے گی وہ تیرے لئے خوراک اور لباس کا انتظام کر دے گا اور تو اس سے خوش ہو کر واپس آئے گا۔

اس مفلس خودار نے کہا: خاموش ہو جاؤ! کسی کے پاس حاجت لے کر جانے سے بہتر ہے کہ انسان پستی میں مرجائے، پارہ پارہ لباس کو صبر وتحمل سے پہن لینا اس سے کہیں بہتر ہے کہ انسان دوسروں سے لباس مانگے، سچ یہ ہے کہ ہمسائے کی سفارش کے ساتھ جنت جانے سے جہنم میں جانا زیادہ بہتر ہے۔ [1]

۲۔ فقیر اور اس کی حالت زار:

ایک نابینا بوڑھا شخص امیر المومنین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور امیر المومنینؑ سے مدد کی درخواست کی۔

حضرت علی علیہ السلام نے لوگوں سے دریافت کیا: یہ کون ہے اور اس کی حالت کیا ہے؟

کہنے والوں نے آپ کو بتایا کہ یہ ایک عیسائی شخص ہے، انہوں نے حضرت علیؑ کو اس انداز میں بتایا کہ حضرت اس کو کچھ بھی عطا نہ کریں۔

جب حضرت علی علیہ السلام نے یہ باتیں سنیں اور کہا کہ عجیب بات ہے جب تک یہ شخص کام کاج کرنے کے لائق تھا تو آپ نے اس سے کام کاج لئے اور جب کہ آج جب یہ بڑھاپے اور غربت کی حالت میں پہنچ چکا تو آپ لوگوں نے اسے تنہا اس کی حالت پہ چھوڑ دیا۔

اس شخص کی حالت بتاتی ہے کہ جب یہ جوان تھا تو محنت کر کے روزی کماتا تھا، پھر آپؑ نے حکم دیا کہ اس شخص کے لئے بیت المال سے وظیفہ مقرر کر دیا جائے تاکہ یہ کسی کے سامنے ہاتھ نہ پھیلائے۔ [2]

۳۔ فقیر کے لئے گدائی چھوڑنا بھی بہت مشکل ہے:

ملک حسین کورت (۷۷۱، ۷۳۲) کے زمانے میں ایک شخص مولانا ارشدی تھا جو پیشہ ور گداگر تھا لیکن اس کی آواز بہت

---

[1] حکایتہائی گلستان ص ۱۵۱۔

[2] با مردم اینگونہ رفتار کنیم، ص ۳۰، تہذیب ۶/۲۹۲۔

ی دلچسپ تھی اور لوگوں کو اپنی زبان سے متاثر کر لیتا تھا۔

ملک حسین نے چاہا کہ شیراز کے بادشاہ شجاع کے پاس اپنا کوئی قاصد روانہ کرے تا کہ وہ اس کا مدعا اس کے سامنے بیان کرے، اور وہ چاہتا تھا کہ قاصد ایسا ہونا چاہیے جو اپنی زبان کی طراوت کے ساتھ مد مقابل کو قائل کر سکے، ملک حسین سے کسی نے کہا کہ مولانا ارشدی اس کام کے لئے انتہائی موزوں ہے البتہ اس میں یہ نقص ہے کہ وہ گداگر ہے۔

ملک حسین نے اُسے اپنے پاس طلب کیا اور اس سے کہا کہ میں اہم کام کے لئے شیراز بھیجنا چاہتا ہوں لیکن تیرے اندر نقص یہ ہے کہ تو جہاں بھی جاتا ہے اپنی غربت کا رونا شروع کر کے لوگوں سے بھیک مانگنا شروع کر دیتا ہے اگر تو مجھ سے عہد کرے کہ تو اپنی غربت کی وجہ سے وہاں جا کر گدائی نہ کرے گا تو میں تجھے پچیس ہزار دینار دیتا ہوں۔

اس نے بھی وعدہ کر لیا کہ وہ شیراز میں کسی کے آگے دست گدائی دراز نہیں کرے گا۔

اس کو پچیس ہزار دینار اور اسباب سفر دے کر شیراز روانہ کیا گیا۔

وہ شاہ شجاع کے پاس پہنچا اور اپنی چرب زبانی کی وجہ سے اسے اپنا گرویدہ بنا لیا، جب بادشاہ نے اس کی گفتگو سنی تو اس نے سوچا کہ کیوں نہ یہ شخص نماز جمعہ کے اجتماع سے گفتگو کرے تا کہ باقی لوگ بھی اس سے مستفید ہو سکیں۔

الغرض نماز جمعہ کے لئے بادشاہ اپنے اعیان مملکت کے ساتھ جامع مسجد میں آیا اور مولانا ارشدی سے کہا کہ تم اٹھو لوگوں سے خطاب کرو اور لوگوں کو وعظ و نصیحت کرو۔

مولانا ارشدی نے ایسے انداز سے وعظ و نصیحت کی کہ ہر شخص اس سے متاثر ہوا اور ہر آنکھ اشک بار ہو گئی۔

لیکن ذہنی طور پر وہ گداگر تھا اور اس کی گداگری کی عادت اس کے ذہن سے ابھی تک نہیں گئی تھی، اس نے اس وعظ کے دوران لوگوں سے مخاطب ہو کر کہا: لوگو! مجھے تو قسم دے کر بھیجا گیا تھا کہ میں شیراز جا کر کسی سے کچھ نہ مانگوں، کیا تم لوگ بھی قسم کھا چکے ہو کہ مجھے کچھ نہیں دو گے، جو لوگ رو رہے تھے تو پھر اچانک ہنسنے لگے اور پھر لوگوں نے اس کی کافی مدد کی اور وہ راضی ہو کر وہاں سے واپس آیا۔[1]

۴۔ اعانت سادات کا اجر:

ایک سال عبداللہ بن مبارک حج کرنے جا رہا تھا راستے میں اس نے دیکھا کہ ایک عورت مردہ مرغی کے پر جدا کر رہی ہے۔

یہ دیکھ کر عبداللہ بن مبارک اس عورت کے پاس گئے اور کہا بی بی اس کا کھانا شریعت اسلام میں حرام ہے۔

عورت نے کہا: آپ جائیں جس چیز کا آپ سے کوئی تعلق نہیں آپ اس کے متعلق کیوں گفتگو کرتے ہیں۔

عبداللہ نے جب زیادہ اصرار کیا تو اس عورت نے کہا تو سنو! میں ایک سیدزادی ہوں اور میری چار بیٹیاں ہیں میرے شوہر

---

[1] لطائف الطوائف، ص ۱۷۳۔

کی وفات ہو چکی ہے، آج ہمیں فاقہ کئے چوتھا دن ہے اس وقت ہم مضطر ہیں اور اس لئے ہمارے اوپر مردار حلال ہو چکا ہے، آج اتفاق سے یہ مردہ مرغی میرے ہاتھ لگی ہے میں اسے صاف کر کے خود بھی کھاؤں گی اور اپنی بچیوں کو بھی کھلاؤں گی۔

عبداللہ بن مبارک کہتے ہیں کہ یہ سن کر میں نے دل میں کہا، عبداللہ! وائے ہو تجھ پر اگر تو نے اس موقع کو ہاتھ سے جانے دیا۔

میں نے اس سیدزادی کو اشارہ کیا کہ وہ اپنا دامن پھیلائے جب اس نے دامن پھیلایا تو میں نے حج کے زادراہ کے طور پر جو درہم رکھے ہوئے تھے وہ سب کے سب اس کی جھولی میں ڈال دیئے، سیدہ نے مجھ سے وہ رقم لے لی مگر اس کے چہرے پر شرمندگی اور ندامت کے آثار تھے۔

سیدزادی رقم لے کر اپنے گھر چلی گئی اور میں حج کئے بغیر اپنے گھر آیا، اور اللہ نے اس سال میرے دل سے مکہ جانے کی خواہش اٹھالی۔

جب حاجی مکہ سے واپس آئے تو میں اپنے اہل شہر کو مبارک دینے گیا اور جو بھی حاجی مجھے ملتا تو وہ بھی مجھے حج کی مبارک باد دیتا تھا اور کہتا تھا کہ تم فلاں مقام پر میرے ساتھ تھے، اللہ تعالیٰ تمہارا حج بھی قبول فرمائے۔

میں حجاج کرام کی باتیں سن کر انتہائی غمگین ہوا اور اس رات میں عالم خواب میں رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوا، آپؐ نے فرمایا: ''عبداللہ! تو نے میری اولاد میں سے ایک بچی کی مدد کی ہے میں نے اللہ سے تمہارے حق میں دعا مانگی تو اللہ تعالیٰ نے تیری شکل وصورت کا ایک فرشتہ پیدا کیا، جو ہر سال قیامت تک تیرے لئے حج کرتا رہے گا اب تمہاری مرضی حج پر جاؤ یا نہ جاؤ''۔[1]

۵۔ سید جواد عاملی اور غریب ہمسایہ:

کتاب مفتاح الکرامہ کے مولف سید جواد عاملی کہتے ہیں کہ میں ایک شب کھانا کھانے میں مصروف تھا کہ کسی نے میرے دروازے پر دستک دی، میں سمجھ گیا کہ دستک دینے والا سید بحر العلوم کا نوکر ہے میں نے جلدی سے دروازہ کھولا تو نوکر نے کہا بحر العلوم کھانے پر تمہارا انتظار کر رہے ہیں میں نے نوکر کے ہمراہ ان کے گھر گیا انہوں نے مجھے دیکھتے ہی غصہ سے کہا کہ تمہیں خدا کا خوف نہیں آتا؟

میں نے کہا آخر آقا جان کیا بات ہے؟

انہوں نے فرمایا: تمہارا ایک ہمسایہ جو کہ تمہارا ہم مذہب بھی ہے روزانہ شام کے وقت کھجوریں ادھار لیکر گھر جاتا ہے اس کے مالی حالات کسی اور خوراک کی اسے اجازت نہیں دیتے، اور پورا ہفتہ وہ بے چارا ادھار پر کھجوریں لے کر جاتا رہا اور آج جب

---

[1] نمونہ معارف ۱۳ ۲/۴ ۔ لئالی الاخبار، ص ۲۵۳۔

دکاندار سے کھجوریں لینے گیا تو دکاندار نے کہا تمہارے ذمہ اتنا ادھار ہو چکا ہے۔

شرمندگی کی وجہ سے اس نے کھجوریں نہ لیں اور اپنے گھر واپس چلا گیا اور آج شب ان کے پاس کھانے کو کچھ نہیں ہے آج رات وہ اپنے خاندان سمیت فاقہ کرے گا۔

وہ تمہارا ہمسایہ اور ہم مذہب ہے وہ تو فاقے سے رہے اور تمہیں اس کی خبر تک نہیں اور تم خوب سیر ہو کر کھاؤ، یاد رکھو! اسلام ہمیں اس غفلت کی ہرگز اجازت نہیں دیتا، پیغمبر اکرم کا فرمان ہے "ما امن بی من بات شبعان وجارہ جائع" "وہ شخص مجھ پر ایمان نہیں لایا جس نے شکم سیر ہو کر رات گزاری ہو اور اس کا ہمسایہ بھوکا ہو"۔

یہ برتن کھانے سے بھرے ہیں نوکر کے ساتھ تم اس کے دروازے پر جاؤ اور اسے کہو کہ آج رات کا کھانا ہم مل کر کھائیں اور یہ کچھ رقم ہے اس رقم کو چٹائی کے نیچے رکھ کر آؤ کھانا کھانے کے بعد یہ برتن اسی کو دے دینا۔

سید جواد عاملی کہتے ہیں میں نے نوکر کے ساتھ غذا کے برتن اٹھائے اس شخص کے دروازے پر پہنچا اور اس کو صدا دی، وہ شخص باہر آیا تو میں نے کہا میں چاہتا ہوں کہ آج رات کھانا ہم دونوں اکٹھے کھائیں۔

جیسے ہی اُس نے برتنوں کو کھولا تو اس میں انواع واقسام کے کھانے پکے ہوئے تھے اس نے مجھ سے کہا یہ غذا تمہارے گھر کی مجھے نہیں لگتی، کیونکہ اس طرح کے امیرانہ کھانے کے تم عادی نہیں ہو، مجھے بتاؤ کہ تم یہ غذا کہاں سے لائے ہو، میں نے پورا واقعہ کہہ سنایا، تو اس نے کہا خدا کی قسم! ابھی تک میں نے کسی کو بھی اپنی حالت زار سے باخبر نہیں کیا، حتی کہ میرے قریبی ہمسائے تک بھی اس بات سے بے خبر ہیں یہ سید بحر العلوم کا روحانی کرشمہ ہے کہ انہیں میری حالت کا علم ہو گیا، کھانا کھانے کے بعد میں نے سید کی دی ہوئی تھیلی اس کی چٹائی کے نیچے رکھی اس نے میرے سامنے اسے کھول کر دیکھا تو اس میں ایک سو پچاس ریال موجود تھے۔ [1]

[1] پند تاریخ ۔ ۱۳۰/۱، کلمہ طیبہ ص ۱۱۱۔

باب نمبر 69

قضاوت

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

وَاللّٰهُ یَقۡضِیۡ بِالۡحَقِّ ؕ [1]

''اور اللہ برحق فیصلہ کرتا ہے''

امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے:

"من حکم فی درھمین بغیر ما انزل اللہ فھو کافر باللہ العظیم" [2]

''جو شخص حکم خداوندی سے ہٹ کر دو درہموں کے متعلق فیصلہ کرے تو وہ شخص اللہ کا منکر ہے''۔

مختصر تشریح:

دنیاوی کاموں میں سب سے زیادہ مشکل ترین کام قضاوت ہے وہ اس وجہ سے کہ اگر قاضی کسی سے میلان رکھتا ہو یا اپنی جہالت کی وجہ سے کوئی حکم صادر کرے یا اپنے ہوائے نفس کی وجہ سے کسی کا حق ضائع کرے یہ تمام باتیں لوگوں کے حقوق کو ضائع کرنے کے مترادف ہیں جس کی وجہ سے یوم آخرت قاضی کا حساب کتاب مشکل ہو جائے گا۔

اگر منصب قضاوت پر بیٹھنے والا اپنے فیصلے میں ذاتی خواہشات سے ہٹ کر اور عدل سے کام لے تو اسے بہترین ثمر عطا کیا جائے گا اور ایسے قاضی کی جگہ جنت میں ہوگی۔ اگر کسی سے مالی اور خاندانی اختلاف پیدا ہو جائے تو قاضی کو سوئی کے سرے کے برابر فیصلہ نہیں کرنا چاہیے، فیصلہ کرتے وقت اپنی دوستی اور دلی میلان کو نظر انداز کر دینا چاہیے بلکہ یہ دیکھنا چاہیے کہ حق کس طرف ہے جس طرف حق ہو اس کے مطابق فیصلہ کرنا ضروری ہے۔

۱۔ امام علیہ السلام اور قوم جنات کا حاکم:

ایک دن حضرت امیر المومنین مسجد کوفہ میں منبر پر تشریف فرما تھے اور آپ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ اچانک ایک بہت بڑا

[1] سورہ المومن آیت نمبر ۲۰۔

[2] سفینۃ البحار ۲/۴۳۶۔

اژدھا منبر کی طرف ظاہر ہوا، وہ سیڑھیوں تک اوپر چڑھنے لگا یہاں تک کہ آپؑ کے قریب پہنچ گیا۔

وہاں پر بیٹھے ہوئے افراد ڈرنے لگے اور چاہا کہ اس اژدھا کو حضرتؑ سے دور کریں، امام علیہ السلام نے لوگوں کو اشارہ کیا کہ اسے کچھ نہ کہو، وہ اژدھا جب آخری سیڑھی پر پہنچا تو حضرت نے اپنی گردن خم کی اور اس اژدھا نے آپؑ کے کان کے ساتھ منہ لگایا۔

لوگ حیران و پریشان ہو کر یہ منظر دیکھ رہے تھے اس وقت اژدھے نے امیر المومنین علیہ السلام کے ساتھ کچھ باتیں کیں جسے اکثر لوگوں نے اپنے کانوں سے سنا، حضرتؑ نے بھی اس کے جواب میں کچھ باتیں کیں جسے اژدھا بڑے غور سے سنتا رہا، کچھ دیر کے بعد اژدھا منبر سے نیچے آیا۔

راوی بیان کرتا ہے خدا جانے اس کو زمین نگل گئی یا آسمان نے اُٹھا لیا پھر وہ کبھی نظر نہ آیا۔

امام علیہ السلام اپنا خطبہ مکمل کر کے منبر سے نیچے تشریف لائے، لوگ آپؑ کے گرد جمع ہو گئے اور آپؑ سے اژدھا کے متعلق سوال کیا تو امامؑ نے فرمایا: ''جو کچھ تم نے سمجھا تھا ایسی کوئی بات نہیں بلکہ یہ قوم جنات کا حاکم تھا اور ایک فیصلہ کے متعلق یہ پریشان تھا اور وہ اپنے لئے مشکل تصور کرتا تھا وہ میرے پاس آیا اور اس کا فیصلہ دریافت کیا میں نے اسے فیصلہ سنا دیا تو وہ مجھے دعا دیتے ہوئے یہاں سے رخصت ہو گیا۔[1]

۲۔ قاضی کا جھکاؤ اور اس کا عذاب:

امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ بنی اسرائیل میں ایک عالم تھا جو لوگوں میں فیصلے کیا کرتا تھا اور جب اس کا وقت آخر قریب آیا تو اپنی بیوی سے کہا کہ جب میں مر جاؤں تو مجھے غسل دینا، کفن دینا اور تابوت میں میری لاش رکھ دینا اور میرے چہرے کو چھپا دینا، اس کے مرنے کے بعد اس کی بیوی نے اس کی وصیت پر عمل کیا بیوی کے دل میں کافی حسرت تھی کہ ایک دفعہ مکاشفہ کی صورت میں اپنے شوہر کو دیکھے، اللہ تعالیٰ نے اس عورت پر لطف و کرم کیا اور اس عورت نے حالت مکاشفہ میں دیکھا کہ اس کے شوہر کے ناک پر ایک کیڑا چڑھا ہوا ہے جو کہ اس کے ناک کو کاٹ رہا ہے، اپنے شوہر کو اس حال میں دیکھ کر بہت پریشان ہوئی۔

دوسری رات اس نے دوبارا اپنے شوہر کو عالم خواب میں دیکھا اور اس سے اس کیڑے کے متعلق دریافت کیا تو قاضی نے جواب دیا کہ تیری محبت کی وجہ سے میں اس عذاب میں مبتلا ہوں، واقعہ کچھ یوں ہے کہ تیرے بھائی کا کسی شخص سے جھگڑا ہوا اتفاق سے تیرا بھائی حق پر تھا اور میں تیرے بھائی کی طرف میلان رکھتا تھا اگرچہ میرا فیصلہ حق پر مبنی تھا لیکن عذاب اس لئے مل رہا ہے کہ مقدمہ کی روئیداد سننے سے پہلے ہی میں تیرے بھائی کی طرف جھکاؤ رکھتا تھا۔[2]

---

[1] الارشاد، ص ۱۸۳۔

[2] داستانہا و پندہا ۱/۵۵۔ انوار نعمانیہ ص ۱۵۔

۳۔ آخرت کا فیصلہ:

حضرت داؤد علیہ السلام نے پروردگار سے درخواست کی کہ پروردگارا! تو جس طرح لوگوں کے درمیان فیصلہ کرے گا اس کے متعلق مجھے بھی کچھ دکھا، حق تعالیٰ کی طرف سے وحی نازل ہوئی کہ تو نے مجھ سے ایسی چیز کے متعلق سوال کیا جس کے بارے میں میں نے پہلے کسی کو مطلع نہیں کیا، اور یہ بات مناسب نہیں ہے کہ میرے علاوہ کوئی اس طرح سے فیصلے کرے جس طریقے سے میں نے فیصلے کرنے ہیں۔

حضرت داؤد علیہ السلام نے خداوند عالم سے دوبارہ یہی درخواست کی، حضرت جبرائیل امین نازل ہوئے اور حضرت داؤد علیہ السلام سے فرمایا، تو نے اللہ تعالیٰ سے ایسی چیز کا مطالبہ کیا کہ تجھ سے پہلے کسی نبی نے یہ مطالبہ نہیں کیا، اللہ تعالیٰ نے تیری درخواست کو قبول کرلیا ہے اور کل جو آپ کے سامنے پہلا مقدمہ دائر ہوگا اُس کے متعلق تجھے حکم آخرت بتادیا جائے گا اور تم اس پر عمل کرنا۔

دوسرے دن صبح ہوئی تو حضرت داؤد علیہ السلام اپنی عدالت کی کرسی پر بیٹھے، ایک بوڑھا شخص اپنے ساتھ ایک جوان کو پکڑ کر لایا اس کے ہاتھوں میں انگور کا ایک خوشہ تھا اور آپ سے مخاطب ہو کر کہنے لگا رسول خداؐ یہ شخص میرے باغ میں داخل ہوا اور اس نے میرے انگور کے درختوں کو خراب کیا اور میری اجازت کے بغیر اس نے میرے انگور توڑ کر کھائے۔

داؤد علیہ السلام نے جوان سے کہا: جوان! تو اپنی صفائی میں کیا کہنا چاہتا ہے جوان نے کہا جو یہ بوڑھا کہہ رہا ہے سچ کہہ رہا ہے یہ کام میں نے اس کی اجازت کے بغیر سرانجام دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کو وحی فرمائی کہ اگر تم آخرت کے فیصلہ کے مطابق فیصلہ کرنا چاہتے ہو تو ضرور کرو لیکن یہ بھی سن لو کہ بنی اسرائیل تیرے اس فیصلے کو قبول نہیں کریں گے یہ باغ اس جوان کے باپ کی ملکیت تھا اور یہ جو بوڑھا شخص اس کو پکڑ کر لایا ہے اس نے اس کے باپ کو قتل کیا تھا اس بوڑھے نے اس کے باپ کے چالیس ہزار درہم غصب کر لئے تھے اور قتل کرنے کے بعد اس بوڑھے نے دولت سمیت اس کے باپ کو باغ کے ایک کونے میں دفن کردیا، تم تلوار اٹھاؤ اور اس جوان کو دو اور اس سے کہو کہ اس بوڑھے کو اپنے باپ کے قصاص میں قتل کردے، اس بوڑھے کا باغ اس جوان کو دو اور اس سے کہو کہ باغ کے فلاں کونے کو کھود کر اپنی رقم حاصل کرے۔

داؤد علیہ السلام نے جب یہ حکم سنا تو گھبرائے اور حکم آخرت کے مطابق اس فیصلے کا اجراء کیا۔[1]

۴۔ یہودی اور امامؑ قاضی کے سامنے:

ایک دفعہ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام مسجد کوفہ میں تشریف فرما تھے کہ آپؑ نے دیکھا کہ ایک یہودی جس کا نام عبداللہ

بن قفل تھا اور وہ بنی تمیم سے تعلق رکھتا تھا مسجد کے سامنے سے گزرا جس کے ہاتھ میں زرہ تھی، امام علیہ السلام کی نگاہ اس زرہ پر پڑی تو امام علیہ السلام نے فرمایا یہ زرہ طلحہ بن عبداللہ کی ہے۔ جو غنیمت کے طور پر جنگ بصرہ میں میری ہاتھ آئی تھی اس شخص نے خیانت کی ہے۔

اس یہودی کو بلایا گیا اور امام اس یہودی کو لیکر قاضی کے پاس گئے اور وہاں جا کر امام نے اپنا دعویٰ بیان کیا کہ یہ زرہ میری ہے اور اس شخص نے خیانت کر کے یہ اٹھائی ہوئی ہے۔

قاضی شریح نے کہا: "اگر یہ زرہ آپ کی ہے تو آپ کوئی گواہ پیش کریں"

امام علیہ السلام نے اپنے بیٹے جناب حسن علیہ السلام کو بطور گواہ پیش کیا تو قاضی شریح نے کہا: "ایک شخص کی گواہی قابل قبول نہیں ہوتی اور بیٹے کی باپ کے حق گواہی کوئی فائدہ نہیں دیتی"۔

امام علیہ السلام نے اپنے غلام قنبر کو بطور گواہ پیش کیا تو قاضی نے حضرت قنبر کی گواہی قبول نہ کی اور کہا کہ غلام کی گواہی کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی۔

امام علیہ السلام نے ناراض ہو کر یہودی سے کہا تم یہ زرہ لے لو اور چلے جاؤ، پھر آپؑ نے قاضی سے مخاطب ہو کر کہا کہ قاضی تو نے اپنے فیصلے میں تین غلطیاں کی ہیں۔

قاضی نے کہا کہ میں نے کون سی تین غلطیاں کی ہیں:

امام نے فرمایا کہ تجھ پر ہلاکت ہو کہ خیانت کے مقدمہ میں گواہ ضروری نہیں ہوتا بلکہ جس شخص کے پاس کوئی چیز موجود ہوتی ہے گواہ اس سے طلب کئے جاتے ہیں۔

تیری دوسری غلطی یہ ہے کہ میں نے اپنے فرزند حسن مجتبیٰ کو بطور گواہ پیش کیا اور تو نے اس کی گواہی قبول نہیں کی جب کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک شاہد اور ایک مدعی کی قسم کو ملا کر فیصلہ کیا کرتے تھے اور تیری تیسری غلطی یہ ہے کہ تو نے یہ کہہ کر کہ میں ایک غلام کی گواہی قبول نہیں کرتا اور اس کی گواہی قبول نہ کی، سنو اگر غلام عادل ہو تو اُس کی گواہی قابل قبول ہوتی ہے۔

پھر آپ نے فرمایا تم پر ہلاکت ہو مسلمانوں کا امام اتنی بڑی سرزمین کا امین تو بن سکتا ہے تو کیا اس کا یہ چھوٹا سا دعویٰ قابل قبول نہیں ہے جب مرد یہودی نے یہ واقعہ اور فیصلہ دیکھا تو کہا سبحان اللہ! امیر المومنین مجھے قاضی کے پاس لائے اور انہی کے مقرر کردہ قاضی نے میرے حق میں فیصلہ کر دیا اس کے باوجود وہ راضی ہو گئے اور کہا امیر المومنین آپ نے بالکل درست فرمایا کہ یہ زرہ آپؑ کی ہے میری نہیں، یہ آپؑ کی خورجین سے گری تھی اور میں نے اٹھالی پھر اس نے کلمہ شہادت پڑھا اور مسلمان ہو گیا، حضرت علی علیہ السلام نے وہ زرہ اس کو بخش دی اور اس کے علاوہ اس نو مسلم مرد کو نو سو درہم یا بعض روایت کے مطابق نو سو دینار عطا کئے۔ [1]

---

[1] پیغمبر و یاران /٦

۵۔ آنکھ اندھی ہوگئی:

حضرت عثمانؓ کے دورخلافت میں اُن کے ایک غلام نے ایک صحرائی عرب کوطمانچہ مارا جس سے اس کی آنکھ ضائع ہوگئی۔

اس صحرائی عرب نے حضرت عثمانؓ کے پاس اس کی شکایت کی:

حضرت عثمان نے کہا کہ ہم اس کی دیت دینے پر رضا مند ہیں، اس شخص نے قبول نہیں کیا اور کہنے لگا کہ نہیں میں قصاص ہی لوں گا، حضرت عثمان نے کہا کہ ہم تجھے دوہری دیت دینے پر تیار ہیں اس شخص نے پھر بھی قبول نہ کیا اور کہا کہ نہیں میں قصاص ہی لوں گا۔

حضرت عثمانؓ نے یہ مقدمہ امیر المومنینؑ کی خدمت میں بھیجا امام علیہ السلام نے پہلے تو اس شخص سے کہا کہ دیت پر راضی ہو جاؤ لیکن وہ شخص راضی نہ ہوا امام علیہ السلام نے فرمایا تم دوگنا دیت لے لو، اس نے کہا نہیں میں قصاص ہی لوں گا۔

امام علیہ السلام نے حکم دیا کہ خلیفہ کے غلام کو سامنے پیش کیا جائے جب غلام حاضر ہوا تو امام علیہ السلام نے اپنے ہاتھ کچھ روئی لی اور ایک آئینہ طلب فرمایا اور آپ نے وہ روئی کسی چیز سے ترکی اور اس روئی کو اس کی آنکھوں کے اطراف میں رکھی اور اس کے سامنے ائینہ رکھ دیا، اور آئینہ کی شعاعیں اس غلام کی آنکھوں پر پڑ رہیں تھی اور امامؑ نے غلام کو حکم دیا کہ آنکھیں کھول کر رکھو، غلام آنکھیں کھول کر بیٹھا رہا، آئینہ کی شعاعیں مسلسل اس کی آنکھوں کے اندر پڑتی رہیں کچھ دیر کے بعد اس کی آنکھیں اندھی ہوگئیں یوں امام علیہ السلام نے آنکھ کا قصاص لیا۔

باب نمبر 70

قرض

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہے:

مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللهَ قَرْضًا حَسَنًا۔[1]

"کوئی ہے جو اللہ کو قرض حسنہ دے"

امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے:

"مکتوب علی باب الجنة الصدقة بعشرة والقرض بثمانیه عشر۔[2]

"بہشت کے دروازے پر تحریر ہے کہ صدقہ کی جزا دس گنا زیادہ اور قرض دینے کی جزا اٹھارہ گنا زیادہ ہے"۔

مختصر تشریح:

ضرورت مند افراد کو قرض دینا سخاوت کی علامت ہے اس سے لوگوں کی مشکلات حل ہوتی ہیں، بعض افراد تھوڑی سی مدد کے محتاج ہوتے ہیں اور اگر اُن کی تھوڑی سی مدد کر دی جائے تو اُن کو مشکلات سے چھٹکارا مل سکتا ہے۔

مومن بھائی کو قرض دینا صدقہ دینے سے زیادہ افضل ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دین اسلام نے اس لئے اس کو رائج کیا تاکہ اسلامی معاشرہ سود کی لعنت سے محفوظ رہے۔

اللہ تعالیٰ قرض دینے والے کے رزق میں اضافہ کرتا ہے اور اس کے اعلیٰ اخلاق میں مزید اضافہ کرتا ہے۔ جو شخص قدرت رکھنے کے باوجود لوگوں کو قرض حسنہ دینے میں کوتاہی کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے شخص کے رزق میں کمی کر دیتا ہے اور اسے فقر و فاقہ میں مبتلا کر دیتا ہے۔

ا۔ ابو دحداح:

جب اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب پر یہ آیت نازل کی "من ذالذی یقرض الله قرضا حسنا فیضاعفه له" تم

[1] سورۃ البقرہ ۲۴۵۔

[2] جامع السعادات ۲/۱۸۹۔

میں سے کون ہے جو خدا کو قرض حسنہ دے اور اللہ اُسے اضافہ کے ساتھ واپس کردے" (سورہ بقرہ ۲۴۵) تو ابو دحداح نے جب یہ سنی تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: "یارسول اللہ! میں آپ پر قربان جاؤں اللہ ہم سے قرض مانگ رہا ہے جبکہ کائنات کا سب سے بڑا غنی تو وہی ہے؟"

آپ نے فرمایا: "جی ہاں! وہ چاہتا ہے کہ اس بہانے تجھے جنت میں داخل کرے"۔

ابو دحداح نے عرض کیا: "یارسول اللہ! میں اپنے خدا کو قرض دینا چاہتا ہوں شرط یہ ہے کہ آپ میری جنت کے لئے ضامن بنیں"۔

آپ نے فرمایا: "جی ہاں! میں تجھے ضمانت دیتا ہوں کہ جو بھی خدا کو قرض دے گا اللہ تعالیٰ بہشت میں اسے کئی گنا زیادہ جزا دے گا"۔

ابو دحداح نے کہا: "یارسول اللہ کیا جنت میں میری بیوی اُم دحداح بھی میرے ساتھ ہوگی؟" آپ نے فرمایا: "بے شک وہ بھی جنت میں تیرے ساتھ ہوگی، اس کے بعد اس نے کہا: "کیا یارسول اللہ میری بیٹی بھی جنت میں ہمارے ساتھ ہوگی؟ آپ نے فرمایا: "جی ہاں وہ بھی تمہارے ساتھ جنت میں ہوگی"۔

پھر اس نے کہا: "آپ ہاتھ آگے بڑھائیں اور مجھ سے وعدہ کریں"۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا ہاتھ آگے بڑھایا اور اسے وعدہ دیا، ابو دحداح نے کہا: "یارسول اللہ میرے پاس دو باغ ہیں اور میں دونوں باغ اللہ تعالیٰ کو بطور قرض دے رہا ہوں تاکہ اللہ تعالیٰ مجھے اس کی جزا عطا فرمائے۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "ایسا کرو ایک باغ خود رکھ لو اور ایک باغ اللہ تعالیٰ کو قرض دے دو، اس نے کہا: "یارسول اللہ! میں آپ کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ ان میں سے میں بہترین باغ اللہ تعالیٰ کو بطور قرض دیتا ہوں جس میں میرے ہاتھوں سے لگی ہوئی چھ سو کھجوریں موجود ہیں۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خدا تجھے بہشت میں اس کی بہترین جزا دے گا،" جب ابو دحداح رسولؐ پاک سے یہ معاہدہ کر کے اپنے گھر واپس آئے تو انہوں نے یہ واقعہ اپنی بیوی اور بیٹی کو سنایا جسے سن کر وہ بے حد خوش ہوئیں۔[1]

۲۔ امام نے مقروض کا قرض ادا کیا:

ایک دن زین العابدین محمد بن اسامہ کی عیادت کو تشریف لے گئے وہ بہت بیمار تھے اور امام نے دیکھا کہ محمد بن اسامہ رو رہا تھا آپؑ نے اس سے رونے کی وجہ دریافت فرمائی تو اس نے عرض کیا: "حضور میں بہت مقروض ہوں اور اب مجھ پر موت طاری ہونے والی ہے اور مجھ سے میرا قرض ادا نہیں ہوسکا، امام علیہ السلام نے اس سے پوچھا کہ تیرے اوپر کتنا قرض واجب الاداء ہے اس نے

[1] عنوان الکلام ص ۱۷۵۔

کہا جناب میں پندرہ ہزار دینار کا مقروض ہوں، امام علیہ السلام نے فرمایا: ''کوئی بات نہیں میں تمہارا قرض ادا کر دیتا ہوں چنانچہ امام علیہ السلام نے اس کی زندگی ہی میں اس کا قرض ادا کر دیا۔ [1]

۳۔ مقروض کو مہلت دینے کا ثمر:

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اسے اس دن پناہ ملے جس دن کوئی پناہ نہ ہو تو اسے چاہیے کہ اپنے مقروض کو قرضے کی ادائیگی کے لئے مہلت دے یا اسے اپنا حق معاف کر دے، ایک دن سخت گرمی کے دنوں میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے اپنے سر پر سایہ کیا ہوا تھا اور فرما رہے تھے کہ تم سے کوئی ہے جو جہنم کی گرمی سے بچنا چاہتا ہو اور سایہ کا خواستگار ہو آپؐ نے یہ جملہ تین مرتبہ دہرایا۔

لوگوں نے ہر بار یہ کہا کہ یا رسول اللہؐ! آپؐ اس کی وضاحت کریں؟

آپؐ نے فرمایا تو سنو جو شخص اپنے مقروض کی تنگ دستی کی وجہ سے اس پر اپنا قرض معاف کر دے یا اُسے کچھ دنوں کی مہلت دے دے تو اللہ اسے قیامت کے دن جہنم کی گرمی سے بچائے گا اور اپنے سایہ میں جگہ عطا کرے گا۔ [2]

۴۔ نادان مقروض:

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں نے شب معراج میں بہت کچھ دیکھا اور میں نے وہاں ایک کمزور شخص کو دیکھا جس نے لکڑیوں کا ایک گٹھا اُٹھایا ہوا تھا اور اسے چلنے میں کافی دشواری ہو رہی تھی لیکن جیسے ہی وہ آگے گیا تو اس نے ایک اور گٹھا اٹھانا چاہا میں نے تعجب کیا کہ یہ کیسا انسان ہے اس سے پہلا گٹھا تو بڑی مشکل سے اٹھایا جا رہا ہے لیکن وہ دوسرا بھی اُٹھانا چاہ رہا ہے۔

میں نے جبرائیل امینؑ سے یہ ماجرا پوچھا تو اس نے کہا: ''یا رسول اللہ! عالم مثال میں خداوند تعالیٰ نے آپ کو مقروض شخص دکھایا ہے یہ اپنے قرض کی ادائیگی کرنا چاہتا ہے لیکن ابھی اس کا پچھلا قرض ادا نہیں ہوتا تو وہ اور قرض لینے پر آمادہ ہو جاتا ہے اور یوں اپنے قرض میں اضافہ کرتا رہتا ہے۔ [3]

۵۔ مقروض اور نماز میت:

معاویہ وہب بیان کرتا ہے کہ ایک دن میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا: ''ہم تک یہ روایت پہنچی ہے کہ انصار میں سے ایک شخص کی وفات ہوئی جو مقروض تھا پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھی تھی اور فرمایا تھا کہ

---

[1] شنید نیہای تاریخ ص ۱۳۶، محجۃ البیضاء ۳/۲۳۳۔

[2] علم اخلاق اسلامی۔ ۲/ ۲۱۳۔

[3] نمونہ معارف ۵/۲۵۳ لئالی الاخبار۔

پہلے اس کا قرض ادا کرو اس کے بعد میں اس کی نماز جنازہ پڑھوں گا۔"

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: "یہ حدیث صحیح ہے اور سچ ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسا اس لئے کیا تھا تا کہ واضح ہو جائے کہ قرض کی ادائیگی کتنی ضروری ہے اور لوگ اس میں کسی قسم کی کوتاہی نہ کریں، ورنہ ایسا نہیں ہے کہ مقروض کی نماز جنازہ جائز ہی نہ ہو، خدا کی قسم پیغمبر خدا، حضرت علیؑ، حضرت امام حسنؑ اور امام حسینؑ دنیا سے وفات کے وقت سب کے سب مقروض تھے اور بعد میں اُن کا قرض ادا کیا گیا، امام زین العابدینؑ نے اپنا ایک باغ فروخت کر کے امام حسینؑ کا قرض ادا کیا تھا جو کہ تین لاکھ درہم تھا اور حضرت امام حسنؑ نے اپنی جائیداد فروخت کر کے حضرت علی علیہ السلام کا قرض ادا کیا تھا اور حضرت امیر المومنینؑ مسلسل تین سال تک حج کے دوران اجتماعات میں یہ اعلان کرواتے رہے ہیں کہ اگر کسی نے رسول اکرمؐ سے کچھ قرض لینا ہو تو وہ مجھ سے لے سکتا ہے۔[1]

[1] سفینۃ البحار ۲ ص ۱۳۷۔

باب نمبر 71

قرآن

قرآن مجید میں ارشاد خداوند کریم ہوتا ہے:

اِنَّ ھٰذَا الْقُرْاٰنَ یَھْدِیْ لِلَّتِیْ ھِیَ اَقْوَمُ ..[1]

"یہ قرآن یقیناً اس راہ کی ہدایت کرتا ہے جو بالکل سیدھی ہے"

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے:

"ما امن بالقرآن من استحل محارمہ"[2]

جو شخص قرآن مجید کے محرمات کو حلال سمجھے وہ شخص دراصل قرآن پر ایمان ہی نہیں لایا۔

مختصر تشریح:

قاری قرآن کے لئے تین چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے، خشوع رکھنے والے دل کی، مشاغل سے آزاد جسم کی اور ایک خالی مقام کی۔

جب قاری یہ محسوس کرے کہ اس کا دل اس وقت خدا کے سامنے خشوع کی صورت میں ہے تو وہ شیطان رجیم سے دور ہو جائے گا اس حالت میں اسے قرآن مجید ضرور پڑھنا چاہیے۔

جب اسباب دنیوی سے انسان فارغ ہو کر قرآن مجید کی تلاوت کرے گا تو اُس کا دل لذت محسوس کرے گا جب وہ اکیلے مقام پر بیٹھ کر قرآن مجید کی تلاوت کرے گا تو اس کی روح اللہ تعالیٰ سے محبت قائم کرے گی اور وہ یوں محسوس کرے گا جیسے وہ خدا سے براہ راست ملاقات کر رہا ہو، اس ذریعے سے اُسے بے حد لطف محسوس ہو گا اور یوں قرآن مجید کے بہت سے نکات اس پر واضح ہو جائیں گے۔[3]

---

[1] سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر ۹۔

[2] سفینۃ البحار ۲/۴۱۵۔

[3] تذکرۃ الحقائق ص ۱۶۔

۱۔ خلق یا خالق کی طرف توجہ:

ایک شخص کی عادت تھی کہ وہ مسلسل حضرت عمرؓ بن خطاب کے دروازے پر آتا تھا اور اُن سے مادی اشیاء کا تقاضا کرتا تھا، حضرت عمرؓ اُس کی مدد کرتے کرتے تھک گئے ایک دن انہوں نے کہا کہ تم نے خانہ خدا کی طرف ہجرت کی ہے یا عمرؓ کے دروازے کی طرف ہجرت کی ہے، جاؤ جا کر قرآن مجید پڑھو اور قرآنی تعلیمات پر عمل کرو، جب تو قرآن مجید پڑھے گا تو تجھے میرے دروازے پر آنے کی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوگی۔

وہ شخص وہاں سے چلا گیا کئی مہینوں تک وہ شخص دوبارہ حضرت عمرؓ کے پاس نہ آیا، حضرت عمرؓ نے جب اُس کی جستجو کی تو انہیں معلوم ہوا کہ اس شخص نے لوگوں سے دوری اختیار کرلی ہے اور ایک خالی مقام پر بیٹھ کر خدا کی عبادت کیا کرتا ہے۔

حضرت عمرؓ اُس شخص کے پاس گئے اور اس سے کہا کہ ہم تیرے دیدار کے مشتاق ہیں اور تجھ سے تیرا حال احوال دریافت کرنے کے لئے ہم تیرے پاس آئے ہیں کیا وجہ ہوئی کہ تو نے مدت سے ہم سے تعلقات ختم کر لئے ہیں؟

اس شخص نے جواب میں کہا کہ میں نے قرآن پڑھا جس نے مجھے عمر اور آل عمر سے بے نیاز کر دیا۔

حضرت عمرؓ نے اس شخص سے کہا کہ تو نے کونسی ایسی آیت پڑھی جس کی وجہ سے تو نے یہ مصمم ارادہ کرلیا ہے؟

اس شخص نے کہا کہ جب میں قرآن پڑھتے پڑھتے اس آیت تک پہنچا جہاں خدا نے کہا ہے "وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ" "تمہارا رزق آسمانوں میں موجود ہے اور جو کچھ تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے وہ بھی آسمانوں میں موجود ہے تو پھر میں اُسے زمین پر کیوں تلاش کر رہا ہوں۔ [1]

حضرت عمرؓ نے جب اس کی باتیں سنی تو بہت متاثر ہوئے اور اس شخص سے کہا کہ واقعی آپ ٹھیک کہہ رہے ہو۔ [2]

۲۔ پیغمبر اکرمؐ اور قرآن مجید:

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خصوصیات میں سے ایک خاصیت یہ تھی آپ قرآن مجید سے بہت زیادہ مانوس تھے سعد بن ہشام کا بیان ہے کہ ایک دفعہ میں نے اُم المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے حضور اکرمؐ کے اخلاق کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے مجھ سے کہا کہ اخلاق پیغمبر قرآن تھا جو کچھ قرآن نے کہا اسی طرح سے رسول اکرمؐ نے عمل کیا۔

جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قرآن مجید پڑھتے تھے تو آپ کی قرآن پڑھنے کی صدا سب قاریوں سے دلربا ہوتی تھی۔

---

[1] سورۃ الذاریات آیت نمبر ۲۲۔

[2] حکایتھای شنیدنی ۲/۶۵۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خدمت گذار انس بن مالک کا بیان ہے کہ جب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قرآن کی تلاوت کرتے تھے تو بلند آواز سے کرتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود مشہور قاری قرآن اور کاتب وحی بھی تھے ایک دن رسول خدا نے فرمایا: ''ابن مسعود! تم مجھے کچھ قرآن پڑھ کر سناؤ''۔

ابن مسعود کہتا ہے کہ میں نے سورہ مبارکہ النساء کی تلاوت شروع کی جب میں سورۃ النساء کی اکتالیسویں آیت پر پہنچا جس میں خداوند کریم نے فرمایا ہے:

''**و کیف اذا جئنا من کل امة بشهید و جئنا بك علی هولاء شهیدا**'' وہ کیسا وقت ہوگا جب ہم ہر امت سے ایک گواہ کو لائیں گے اور آپ کو ان سب کا گواہ بنا کر لائیں گے۔

جب رسول خدا کے سامنے میں نے یہ آیت تلاوت کی تو میں نے دیکھا کہ آپ کی آنکھوں سے آنسو ٹپک رہے تھے اور مجھ سے فرمایا کہ بس یہی کافی ہے۔[1]

۳۔ احمد بن طولون:

احمد بن طولون مصر کا ایک بادشاہ گزرا ہے جب اُس کی وفات ہوئی تو حکومت وقت نے ایک قاری قرآن کو بہت زیادہ تنخواہ پر ملازمت دے کر اسے حکم دیا کہ وہ سلطان مصر کی قبر پر قرآن مجید کی تلاوت کرتا رہے، کچھ عرصہ تک وہ قاری اس کی قبر پر قرآن مجید پڑھتا رہا اور کچھ عرصے کے بعد اطلاع ملی کہ قاری چھوڑ کر کہیں چلا گیا اور یہ بھی معلوم نہیں کہ وہ کہاں چلا گیا ہے؟

اس کی کافی جستجو کی گئی کہ وہ کہاں چلا گیا، جب اسے کافی کوشش کے بعد تلاش کیا گیا تو حکومتی ارکان نے اس سے پوچھا کہ تم نے احمد بن طولون کی قبر پر قرآن مجید پڑھنا کیوں ترک کر دیا ہے؟ تو اس نے اس کا کوئی جواب نہ دیا، بس اتنا کہا کہ میں اب اس جگہ پر قرآن نہیں پڑھوں گا۔

حکومتی ارکان نے اس سے کہا کہ ہم تمہاری تنخواہ دوگنا کر دیتے ہیں تو اس نے کہا اگر تم میری تنخواہ دس گناہ بھی کر دو تب بھی میں اس کی قبر پر قرآن مجید نہیں پڑھوں گا لوگوں نے اس سے پوچھا کہ آخر اس کی وجہ کیا ہے کہ تم اس کی قبر پر قرآن کیوں نہیں پڑھتے؟ جب اسے زیادہ مجبور کیا گیا تو اس نے جواب دیا کہ اس کا سبب یہ ہے کچھ راتیں قبل مجھے خواب میں احمد بن طولون نظر آیا اور اس نے مجھ سے کہا کہ تو میری قبر پر قرآن کیوں پڑھتا ہے؟ میں نے جواب میں کہا کہ حکومت وقت نے میرے فرائض میں یہ شامل کیا ہے کہ میں تیری قبر پر قرآن خوانی کروں تاکہ قرآن مجید کی برکت تجھ تک پہنچے۔

اس نے کہا کہ نہیں تو جب قرآن پڑھتا ہے تو میرے عذاب میں مزید اضافہ ہوتا ہے اور فرشتے مجھ سے کہتے ہیں کہ سن

---

[1] داستانہای از زندگی پیامبر ص۹۳۔ بحار الانوار ۲۶/۳/۹۲۔

رہے ہوا گر دنیا میں تو قرآن مجید کی تعلیمات پر عمل کرتا تو تیرا یہ انجام نہ ہوتا۔

اس لئے میں نے اس کی قبر پر قرآن مجید پڑھنا چھوڑ دیا ہے اور میں آئندہ اس غیر متقی شخص کی قبر پر قرآن مجید نہیں پڑھوں گا۔

۴۔ پانچ سو قرآن نیزوں پر:

جنگ صفین میں ایک ایسا مرحلہ آیا ہے جب معاویہ کو احساس ہوگیا کہ اس کی شکست یقینی ہے تو اس نے عمرو عاص سے مشورہ کیا کہ اب ہمیں کیا کرنا چاہیے تاکہ ہم حتمی شکست سے بچ سکیں، عمرو عاص نے اُسے تجویز دی کہ جتنے بھی قرآن مجید لشکر میں موجود ہیں سب کو نیزوں پر بلند کیا جائے اور عراق کے لوگوں سے کہیں کہ قرآن مجید کے فیصلے کے مطابق حکومت کا اعلان کیا جائے۔

حضرت علیؑ کے صحابی ابوطفیل کہتے ہیں لیلۃ الھریر کی صبح ہم نے مشاہدہ کیا کہ لشکر شام کے آگے ہمیں پرچم کی مانند کوئی چیز دکھائی دی، جب روشنی پھیلی تو ہم نے دیکھا کہ انہوں نے نیزوں کے ساتھ قرآن باندھے ہوئے تھے، دمشق کی مسجد کا جو سب سے بڑا قرآن تھا لوگوں نے اُسے تین نیزوں سے باندھ کر آگے آگے اٹھایا ہوا تھا اور لشکر کے پانچوں حصوں میں قرآن مجید موجود تھے اور ہر حصے میں ایک ایک سو قرآن مجید موجود تھا مجموعی طور پر پانچ سو قرآن نیزوں کے اوپر باندھے ہوئے تھے اور وہ عراق کی فوج کے سامنے لائے گئے اور شامیوں نے نعرے بلند کئے کہ خدا کے لئے مسلمانو! اپنے دین کو قتل ہونے سے بچاؤ ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ کی کتاب موجود ہے اس کے فیصلے کو ہم بھی تسلیم کرتے ہیں اور تم بھی تسلیم کرو۔

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: ''پروردگار! تو بہتر جانتا ہے ان کا مقصود قرآن نہیں ہے ہمارے اور ان کے درمیان فیصلہ کر، بے شک تو بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔

جب لشکر شام نے قرآن نیزوں پر بلند کیا تو امام علیہ السلام کے اصحاب میں اختلاف پیدا ہوگیا کچھ سادہ لوح لوگ کہنے لگے کہ اب ہمارا ان سے جنگ کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ وہ ہمیں قرآن کی طرف بلاتے ہیں اور ہمیں قرآن کا احترام کرنا چاہیے، دوسرے گروہ کا قول یہ تھا کہ معاویہ کا مکر وفریب ہے اس کے مکر وفریب میں نہ آؤ، ورنہ اپنی جیتی ہوئی جنگ ہار جاؤ گے، الغرض وہ لوگ جو جنگ بندی کے قائل تھے اُن کا مقصد پورا ہوگیا اور معاویہ کو جنگ سے آزادی مل گئی اور بلا آخر معاویہ نے پورے عالم اسلام پر قبضہ کرلیا۔ [1]

۵۔ نیپولین:

ایک دن نیپولین نے مسلمانوں کے بارے میں سوچا اور لوگوں سے پوچھا کہ ان کا مرکز کہاں ہے؟ اُسے بتایا گیا کہ اُن کا مرکز مصر میں ہے، وہ ایک مترجم کو لیکر ملک مصر آیا اور وہاں آکر وہ ایک لائبریری میں گیا، مترجم نے قرآن مجید کو کھولا اور اس میں سے یہ

---

[1] شاگردان مکتب آئمہ، ص ۳۰۷۔

آیت پڑھی "إِنَّ هَٰذَا الْقُرْآنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِينَ"

بے شک قرآن سیدھے راستے کی ہدایت کرتا ہے اور اہل ایمان کو بشارت دیتا ہے جب اُس نے یہ آیت سنی تو کہا ٹھیک ہے اب ہمیں لائبریری سے جانا چاہیے رات کو نپولین ساری رات اس آیت کے متعلق سوچتا رہا۔

دوسرے دن وہ پھر لائبریری آیا اور مترجم سے قرآن مجید سنتا رہا۔

تیسرے دن بھی مترجم نے اس کو کچھ آیات کا ترجمہ سنایا تو نپولین نے مترجم سے قرآن مجید کے بارے میں پوچھا تو مترجم نے جواب دیا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے جو اس کے پیغمبر اکرم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئی، اور مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق یہ کتاب قیامت تک ہدایت ہے۔

نپولین نے کہا کہ جو کچھ سن کر میں اس کتاب سے استفادہ کر سکا ہوں وہ یہ ہے کہ اگر مسلمان اس جامع کتاب سے مستقل طور پر استفادہ کریں تو وہ کبھی بھی ذلیل وخوار نہیں ہوں گے، دوسرا نکتہ جو میں نے حاصل کیا ہے وہ یہ ہے کہ جب تک قرآن مسلمانوں میں موجود رہے گا اور مسلمان اس کے فیصلوں پر عمل کرتے رہیں گے اس وقت تک مسلمان اہل مغرب کے غلام نہیں بن سکتے، اسی لئے ہم اہل مغرب کو اس بات کی ضرورت ہے کہ ہم مسلمانوں اور قرآن کے درمیان جدائی ڈالیں۔ [1]

[1] راہنمائی سعادت ۲/ ۴۷۸۔

باب نمبر 72

قضاء وقدر

قرآن مجید میں ارشاد خداوند تعالی ہے:

"وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهُ تَقْدِيرًا۔" [۱]

جس نے ہر چیز کو خلق فرمایا پھر ہر ایک کو اپنے اندازے میں مقدر فرمایا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے:

"فی قضاء الله كل خير للمومنين۔" [۲]

''اللہ تعالی کی ہر قضا وقدر میں مومن کے لئے خیر وخوبی پوشیدہ ہوتی ہے''۔

مختصر تشریح:

قضا وقدر کے عقیدے کا تعلق علم الکلام کے مسائل میں سے ہے یہ انتہائی پیچیدہ مسئلہ ہے جو ہر انسان کی سمجھ سے بالاتر ہے۔

مومن کو چاہیے کہ وہ یہ اعتقاد رکھے کہ اللہ تعالی نے اس کی تقدیر میں جو کچھ لکھا ہے چاہے وہ فقر، دولت، موت وزندگی، سلامتی ومرض وغیرہ کی شکل میں ہو اس میں بہتری ہے۔

اللہ تعالی حکیم ہے اور اپنے بندوں کی مصلحتوں کو اچھی طرح سے جانتا ہے اور ہر شخص کی مصلحت کے مطابق اس کی تقدیر کو بناتا ہے۔

اگر انسان اللہ تعالی کی حکمت اور مصلحت پر ایمان رکھتا ہو تو پھر کسی بھی پریشانی کی حالت میں اس کا دل مغموم نہیں ہوگا اور وہ ہر وقت اور ہر حالت میں خوشی محسوس کرے گا اور وہ کبھی بھی شیطانی افعال سے دوچار نہیں ہوگا۔

۱۔ زنجیر پا:

محمد مھلبی وزیر بیان کرتا ہے کہ وزارت سے پہلے ایک دفعہ ہم بذریعہ کشتی بصرہ سے بغداد کی طرف روانہ ہوئے، اس کشتی

---

[۱] سورہ الفرقان آیت نمبر ۲۔

[۲] بحار الانوار ۱۵۲/۷۱۔

میں ایک شوخ مزاج شخص بیٹھا ہوا تھا وہ تمام لوگوں سے ہنسی مذاق کر رہا تھا اس کے دوستوں نے مذاق مذاق میں اس کے پاؤں میں زنجیر ڈال دی، کچھ دیر کے بعد انہوں نے چاہا کہ اس کے پاؤں کی زنجیر نکالیں تو وہ زنجیر کسی سے نکل نہ سکی۔

جب ہم بغداد پہنچے تو وہاں ایک لوہار کو طلب کیا کہ اس زنجیر کو کاٹو اور اس شخص کو آزاد کرو، لوہار نے کہا یہ شخص زنجیر میں جکڑا ہوا ہے جب تک قاضی مجھے حکم نہیں دے گا میں اس وقت تک یہ زنجیر نہیں کاٹ سکتا۔

کشتی والے اس شخص کو لیکر قاضی کے پاس گئے اور قاضی سے سارا واقعہ بیان کیا اور عرض کی کہ آپ لوہار کو حکم دیں تا کہ وہ اسے ان زنجیروں سے آزاد کرے، ابھی قاضی نے یہ حکم جاری نہیں کیا تھا اس اثنا میں ایک جوان قاضی کی محفل میں آیا اور بہت گھور گھور کر اس شخص کو دیکھا جو زنجیر میں پابند تھا اور کہا کیا تو وہ نہیں ہے جس نے بصرہ میں میرے بھائی کو قتل کیا تھا اور بھاگ گیا اور مدت سے میں تیری تلاش میں ہوں، چنانچہ قاضی نے اسے اس وقت گرفتار کرلیا اور بصرہ سے کچھ لوگ آئے اور انہوں نے گواہی دی کہ واقعی یہ شخص قاتل ہے۔

قاضی نے گواہوں سے گواہی لیکر اس شخص پر قصاص جاری کیا سب کو تعجب ہوا کہ عجیب مقدر کی بات تھی کہ دوستوں نے دریا کے اندر اس کے پاؤں میں زنجیر ڈالا اور پھر وہ حکومتی تحویل میں چلا گیا اور قصاص میں قتل ہوگیا۔ [1]

۲۔ آسمان سے مچھلیوں کی بارش:

خداوند تعالیٰ کی قضا وقدر بھی عجیب ہے اور اللہ تعالیٰ اپنی قضا وقدر کے ذریعے اپنے بندوں کی بھلائی چاہتا ہے شیخ محمد حسن مولوی بیان کرتے ہیں کہ جب دوسری جنگ عظیم ختم ہوئی تو میں جنگ کے خاتمہ پر بحرین گیا۔

اہل بحرین جنگ کی وجہ سے کافی پریشان تھے اور اُن کے پاس اشیاء خوردونوش کی انتہائی قلت ہوگئی تھی، اور ہر قسم کے غلے وہاں پر ناپید ہو چکے تھے نہ تو وہاں گندم تھی نہ چاول تھا اور نہ ہی کوئی دالیں وغیرہ تھیں، سب لوگ پریشان تھے کہ اب کیا کیا جائے اس پریشانی کے عالم میں لوگ مسجد حسینیہ میں جمع ہوئے اور اللہ تعالیٰ کو حضرت محمد و آل محمد کا واسطہ دیا۔

کچھ دیر بعد ہم نے دیکھا کہ سمندر سے کچھ بخارات اٹھے اور وہ بادل میں تبدیل ہو گئے اور بارش برسنے لگی، بارش کے ساتھ ساتھ اُن بادلوں سے مچھلیاں بھی گرنے لگیں، اُن بادلوں سے اتنی مچھلیاں گریں کہ ایک ہفتہ تک ہم انہیں کھاتے رہے جیسے ہی ایک ہفتہ گزرا تو باہر سے اشیاء خوردونوش جہازوں کے ذریعے ہم تک پہنچ گئیں۔ [2]

---

[1] نمونہ معارف ۳۔۱۳۶۔ زینۃ المجالس ص ۴۷۳۔

[2] داستانہای شگفت، ص ۳۱۳۔

۳۔ عزرائیل اور حضرت سلیمان علیہ السلام کا ہم نشین:

بیان کیا جاتا ہے کہ ایک دن حضرت عزرائیل علیہ السلام، حضرت سلیمان علیہ السلام کی مجلس میں وارد ہوئے اور انہوں نے مجلس سلیمانؑ میں بیٹھے ہوئے شخص کو بہت گھور گھور کر دیکھا کچھ دیر بعد حضرت عزرائیل علیہ السلام تو وہاں سے چلے گئے اور اس شخص نے حضرت سلیمان علیہ السلام سے پوچھا کہ وہ کون تھا جو مجھے گھور گھور کر دیکھ رہا تھا؟ آپؑ نے فرمایا: وہ عزرائیل علیہ السلام تھے اس شخص نے کہا کہ انہوں نے مجھے ایسے دیکھا کہ جیسے وہ میری تلاش میں ہو، حضرت سلیمانؑ نے فرمایا: ''اچھا بتاؤ اب تم کیا چاہتے ہو؟ اس شخص نے کہا کہ آپؑ ہوا کو حکم دیں کہ وہ مجھے ہندوستان لے جائے تاکہ میں عزرائیل کے پنجے سے بچ سکوں۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے ہوا کو حکم دیا کہ میرے اس دوست کو ہندوستان لے جاؤ، پھر کچھ عرصے بعد حضرت عزرائیل علیہ السلام کی حضرت سلیمان علیہ السلام سے ملاقات ہوئی حضرت سلیمان نے پوچھا کہ اس دن جو آپ میرے پاس آئے تھے اور میری مجلس میں بیٹھے ہوئے شخص کو کیوں گھور گھور کر دیکھ رہے تھے۔

حضرت عزرائیل علیہ السلام نے جواب دیا کہ مجھے خدا کی طرف سے یہ حکم ملا تھا کہ میں نے فلاں شخص کی روح کو قریبی ساعت میں ہندوستان میں قبض کرنا ہے اور میں تعجب میں تھا کہ وہ شخص آپ کی مجلس میں بیٹھا ہوا تھا اور جیسے ہی میں اس ساعت میں ہندوستان گیا تو وہ شخص اس وقت مجھے ملا اور میں نے اس کی روح قبض کر لی۔ [1]

۴۔ ہدہد:

ایک دفعہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے سپاہیوں کو بلایا اور کچھ پرندوں کو بھی بلایا اور ہر سپاہی سے اس کی صلاحیت کے متعلق سوال کیا، سپاہیوں کے بعد پرندوں کی باری آئی، آپؑ نے ہدہد سے پوچھا تمہارے اندر کیا کمال ہے؟

ہدہد نے جواب دیا کہ جنابؑ جب میں بلندی پر پرواز کرتا ہوں تو مجھے زمین کے اندر پانی دکھائی دیتا ہے میں دیکھ سکتا ہوں کہ زمین کے اندر جو پانی ہے وہ مٹی سے نکل رہا ہے یا کسی پتھر سے نکل رہا ہے، ہاں آپ ایسا کریں اپنے لشکر میں مجھے پانی کی تلاش کا منصب عطا کر دیں اور میں آپ کو جگہ بتا تا رہوں گا کہ فلاں جگہ پانی قریب ہے اور فلاں جگہ پانی کی سطح گہری ہے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس کی درخواست قبول فرمائی اور پانی کی تلاش کا منصب اس کے سپرد کر دیا، جب کوے کو یہ علم ہوا کہ ہدہد کو یہ منصب مل چکا ہے تو وہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس آیا اور کہا حضرتؑ ہدہد نے آپؑ کے سامنے بالکل جھوٹ بولا ہے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے پوچھا کہ وہ کیسے؟

---

[1] عالم برزخ ص ۳۹۔ مجہ البیضاء، ۳۶۸۔

کوے نے کہا کہ حضرت یہ کہتا ہے کہ اسے زمین کے اندر پانی دکھائی دیتا ہے اگر یہ سچا ہے تو میں نے کئی بار دیکھا ہے کہ تھوڑی سے خاک کے نیچے شکاری پھندا لگا دیتا ہے اور میں نے اسے پھندے میں پھنستا ہوا دیکھا ہے، جسے تھوڑی سے مٹی کے نیچے پھندا دکھائی نہیں دیتا تو اسے زمین کی گہرائی میں پانی کیسے دکھائی دیتا ہے؟

ہدہد کو حضرت سلیمان علیہ السلام نے طلب کیا اور اس کے سامنے کوئے کا اعتراض پیش کیا، ہدہد نے عرض کی کہ یہ میرا دشمن ہے آپ اس کی باتوں پر اعتماد نہ کریں، اگر میں جھوٹ بولوں تو بے شک آپ میرا سرتن سے جدا کر دیں، بات یہ ہے کہ جب میں پرواز کرتا ہوں تو مجھے زمین کے اندر پانی تک دکھائی دیتا ہے جب قضا و قدر آجاتی ہے تو اس وقت مجھے کچھ بھی دکھائی نہیں دیتا اس لئے میں تھوڑی سی مٹی کے نیچے لگے پھندے میں پھنس جاتا ہوں۔[1]

۵۔ بادشاہ چین فغفور:

جب سکندر ذوالقرنین نے لشکر کشی کی اور بہت سے ممالک کو فتح کیا اور اس کے بعد اس نے چین کا رخ کیا اور چین کے دارالحکومت کا محاصرہ کیا اس وقت چین پر فغفور نامی بادشاہ حکومت کرتا تھا اس نے ایک دن اپنے دربان کا حلیہ بنایا اور دربان سے کہا تم مجھے قلعہ کے باہر نکالو۔

چنانچہ فغفور بادشاہ دربان کا لباس پہن کر باہر آیا اور سیدھا وہاں جا پہنچا جہاں سکندر کی افواج نے ڈیرے ڈالے ہوئے تھے اور اس نے سکندر کے پاس یہ پیغام بھیجا کہ بادشاہ چین کا قاصد ہوں اور آپ سے ملاقات کا خواہشمند ہوں۔

سکندر اعظم نے اسے اپنے پاس آنے کی اجازت دی اور کہا کہ پیغام پیش کرو، اس نے کہا ایسے نہیں خلوت میں پیغام دینا چاہتا ہوں۔

سکندر نے خلوت کا حکم دیا، جب خلوت میسر ہوئی تو بادشاہ چین نے اس سے کہا کہ میں ہی بادشاہ چین فغفور ہوں۔

سکندر نے تعجب کرتے ہوئے اس سے کہا کہ تو نے اتنی بڑی جرات کیسے کی؟ اور تجھے مجھ پر کیا اعتماد تھا جبکہ میں تیرا دشمن تھا اور تیرے ملک پر قبضے کا خواہشمند تھا۔

بادشاہ نے جواب دیا کہ جناب میں یہ سمجھتا ہوں کہ آپ ایک عقل مند اور صاحب فضیلت سلطان ہیں میرے اور آپ کے درمیان نہ تو پہلے کبھی دشمنی تھی اور نہ ہی میں نے پہلے آپ کے خلاف کسی برائی کا ارادہ کیا، اگر آپ مجھے قتل کر دیتے ہیں تو میری سپاہ بہت زیادہ ہے اس میں کوئی کمی واقع نہیں ہوگی، میں آپ کے پاس اس لئے چل کر آیا ہوں کہ آپ اور ہم مصالحت سے کام لیں۔

سکندر نے کہا کہ میں اس شرط پر تجھ سے مصالحت کرنے کو تیار ہوں کہ تم مجھے ملک چین کا تین سال تک کا خراج دو گے، بادشاہ نے جلدی سے اس کی شرط قبول کر لی۔

---

[1] داستانہائی مثنوی ۱۔ ۳۱۔

سکندر نے بادشاہ چین سے پوچھا کہ اچھا یہ بتاؤ کہ جب تم تین سال کا خراج مجھے ادا کرو گے تو تمہارے ملک کی حالت کیا ہوگی؟

ففغور بادشاہ نے جواب دیا کہ حضور وہی ہوگی کہ اگر ایک دشمن مجھ پر حملہ کرے اور میں مغلوب ہو جاؤں جو کچھ اس وقت میرے ملک پر گزری گی وہی حالت تین سال کا خراج دینے کے برابر ہوگی۔

سکندر نے کہا کہ تم بہت ہی دانا انسان ہو، اگر میں ملک چین کے تین سال کا خراج حاصل کرنے کی بجائے دو سالوں کے خراج پر قناعت کرلوں پھر تیرے ملک کی حالت کیا ہوگی؟

اس نے کہا کہ پہلی حالت سے کچھ بہتر ہوگی۔

سکندر نے کہا اگر میں دو سالوں کے خراج کی جگہ ایک سال کے خراج پر قناعت کرلوں تو پھر تمہارے ملک کی کیا حالت ہوگی۔

اس نے کہا کہ پھر میری سلطنت میں کوئی خلل واقع نہیں ہوگا اور میں ہرگز پریشان نہیں ہوں گا۔

سکندر نے کہا کہ اگر میں ایک سال کے خراج کی بجائے تم سے ملک چین کا چھ ماہ کا خراج حاصل کروں تو پھر تمہارے ملک کی حالت کیا ہوگی؟

ففغور نے کہا کہ یہ آپ کا احسان ہوگا، اور آپ ایسا کریں کہ کل آپ میرے مہمان ہیں اور میں آپ کو اپنے ہاتھوں سے چھ ماہ کا خراج ادا کروں گا۔

دوسرے دن چین کے بادشاہ نے اپنے ملک کے دروازے کھول دیئے اور سکندر اپنی نہتی فوج کے ساتھ شہر میں داخل ہو گیا جیسے ہی سکندر اندر داخل ہوا تو چینی لشکر نے انہیں چاروں طرف سے گھیر لیا، چینی لشکر مسلح تھا جب سکندر نے یہ حالت دیکھی تو خوف زدہ ہوا اور سمجھا کہ میرے ساتھ دھوکہ کیا گیا۔

ففغور سے کہا کہ تو نے مجھے دھوکہ دیا ہے اور مجھے قتل کرنا چاہتا ہے ففغور نے کہا کہ نہیں میں آپ کو کبھی بھی قتل نہیں کروں گا، کیونکہ قضا الہی کے ساتھ مجھے معلوم ہوا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تجھے بہت بڑی شاہی عطا کی ہے اور اس وقت بھی اللہ تعالیٰ کی تائید تمہارے شامل حال ہے اور جو شخص خدا کے تائید یافتہ شخص سے جھگڑا کرے گا تو اس کے مقدر میں ہمیشہ شکست ہی شکست ہوتی ہے اسی لئے میں آپ سے جھگڑا نہیں کرنا چاہتا ہوں، اور میں آپ کو چھ ماہ کا خراج ادا کرنا چاہتا ہوں جیسے ہی ففغور نے اسے چھ ماہ کا خراج دیا تو اس نے یہ کہہ کر خراج واپس کر دیا اور کہا کہ میں آپ کی فہم و فراست سے متاثر ہو کر آپ سے کچھ بھی وصول نہیں کروں گا۔[1]

[1] خزینۃ الجواہر، ص ۶۷۶۔

باب 73

قناعت

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہوتا ہے۔

وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ [1]

"(قربانی کے گوشت میں سے) سوال کرنے والے فقیر اور سوال نہ کرنے والے فقیر کو کھلاؤ۔"

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے۔

کن قانعاً تکن أشکر الناس [2]

قناعت اختیار کرتا کہ تیرا شمار شاکر ترین افراد میں ہو سکے۔

مختصر تشریح

قناعت ایک عظیم چیز ہے۔ اگر ایک قناعت کرنے والا شخص یہ قسم کھا کر کہے کہ وہ دنیا و آخرت کا مالک ہے تو خدا اس کی تصدیق کرے گا۔ انسان کو یقین کرنا چاہیے اور تصدیق کرنی چاہیے کہ خدا نے اس کیلئے جو کچھ مقرر کیا ہے وہ عین حکمت ہے۔ جو شخص خداوندی تقسیم پر راضی رہتا ہے اور اسباب ظاہری پر بھی توجہ مرکوز نہیں کرتا تو خدا اس زحمات سے محفوظ رکھتا ہے۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ قناعت ایک ایسی سلطنت ہے جو زوال پذیر نہیں ہوتی یہ ایک صفت مرکب ہے جو رضا حق پر سوار ہوتی اور اپنے حامل شخص کو جنت حقیقی تک لے جاتی ہے انسان کو چاہیے کہ جو کچھ خدا نے عطا کیا ہے اس پر قناعت کرے اور جو کچھ خدا نے عطا نہیں کیا تو اس پر صبر کرے۔ [3]

ا۔ سیرت امام جعفر صادق علیہ السلام

قناعت ہر وقت اور ہمیشہ پسندیدہ صفت ہے اور خدا قانع شخص سے محبت رکھتا ہے خاص طور پر جب معاشرہ قحط سالی کا شکار

---

[1] سورۃ الحج آیت ۔ ۳۶

[2] جامع السعادات ۲۔ ۱۰۲۔

[3] تذکرۃ الحقائق ص۔ ۳۲

ہو جائے اور غذائی مواد کی کمی واقعہ ہو جائے اس وقت قناعت کی خصوصی ضرورت ہوتی ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام کے گھر کی ضروریات پورا کرنے کیلئے ایک غلام مقرر تھا۔ جس کا نام معتب تھا۔ وہ حضرت کے گھر کیلئے ضروریات زندگی کا سامان خرید کرتا۔ مدینہ میں ایک دفعہ قحط سالی کی وجہ سے اشیائے خوردونوش کی قیمتیں بہت زیادہ بلند سطح پر پہنچ چکی تھیں۔ معتب کا بیان ہے کہ ایک دفعہ مجھے امام علیہ السلام نے بلا کر پوچھا کہ یہ بتاؤ کہ ہمارے گھر میں اشیائے خوردونوش کی کتنی مقدار موجود ہے۔ میں نے بیان کیا کہ الحمدللہ ہمارے پاس اتنا کچھ موجود ہے کہ جس سے تین یا چار ماہ آسانی سے گزر سکیں گے۔ امام نے فرمایا کہ گھر میں موجود تمام اشیائے خوردونوش اٹھاؤ اور جا کر بازار میں فروخت کر دو تا کہ لوگ آسانی سے ان اشیاء کو خرید کر سکیں۔ معتب پریشان ہو کہ آخر امام ان حالات میں کیوں مجھے یہ حکم دے رہے ہیں آپ نے دوبارہ حکم دیا اور تاکید کی کہ جاؤ تمام اشیاء کو بازار میں فروخت کرو۔

معتب کا بیان ہے کہ میں نے امام عالی مقام کے حکم کی تعمیل کی اور گھر میں موجود تمام اشیاء خوردونوش کو اٹھایا اور جا کر بازار میں فروخت کر دیا۔ امام علیہ السلام نے اس کے بعد مجھے کہا کہ تم میرے گھر کے لئے اتنا ہی خریداری کرو گے جتنا کہ ایک متوسط شخص روزانہ خریداری کرتا ہے۔ زیادہ خریداری کرنے کی ضرورت نہیں۔ اور فرمایا کہ آج کے بعد میں اہل خانہ کی غذا میں آدھے جو اور آدھی گندم ہو گی۔ [1]

۲ حضرت سلمان فارسیؓ

ابووائل کہتے ہیں کہ میں ابوذر غفاری کے ہمراہ سلمان فارسیؓ کے گھر گیا جب کھانے کا وقت ہوا تو حضرت سلمانؓ نے کہا: اگر رسول خدا نے تکلف سے منع نہ کیا ہو تو میں تمہیں پر تکلف دعوت دیتا۔ یہ کہہ کر حضرت سلمان روٹی اور نمک لے آئے۔

ابوذر نے کہا: اگر اس کے ساتھ کچھ پودینہ ہوتا تو اچھا تھا۔ سلمان نے دکاندار کے پاس اپنا لوٹا گروی رکھا اور پودینہ لائے۔ جب ہم کھانے کھا چکے تو ابوذر غفاری نے کہا: ''الحمد الله الذی قنعنا'' اس ذات کی حمد ہے جس نے ہمیں قناعت پسند بنایا۔ یہ سب کر سلمان فارسیؓ نے کہا'' اگر تم قناعت پسند ہوتے تو میں اپنا لوٹا گروی نہ رکھتا۔ [2]

۳۔ قناعت کے ذریعے انسان اپنے نفس پر قابو پا سکتا ہے۔

ایک قناعت رکھنے والے عابد انسان کو ہمیشہ نفس پر کنٹرول حاصل ہوتا ہے۔

اسود اور علقمہ، یہ دو افراد بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ ہم حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ہم نے وہاں پر دیکھا کہ

---

[1] داستانها و پندها۔۱۔۳۱

[2] پیغمبر و یاران۔۳۔۲۰۲۔

لیف خرما سے بنا ہوا ایک طبق (جیسے پنجابی میں چنگیر کہتے ہیں) موجود تھا جس پر جو سے بنی ہوئی دو خشک روٹیاں رکھی ہوئیں تھیں۔ جس کا چھان بھی اس روٹیوں پر ظاہر تھا۔ امام علیہ السلام نے اپنے زانو پر رکھ کر پہلے انہیں توڑا پھر نمک کے ساتھ کھانا شروع کیا۔ ہم نے حضرت علیؑ کی خادمہ فضہ سے کہا کہ اگر امیر المومنین بالفرض جو کی بنی ہوئی روٹی کھانا بھی چاہتے ہیں تو آپ جو کے آٹے کو چھلنی میں سے چھان تو سکتی تھیں تا کہ روٹیوں پر چھان تو ظاہر نہ ہوتا۔ فضہؓ نے کہا کہ نہیں ایسا ہرگز نہیں بلکہ امیر المومنینؑ نے مجھے خود حکم دیا ہے کہ میرے لئے جو کا ایسا کھانا تیار کرو جس میں چھان بھی موجود ہو۔ تو ہم نے حضرت علی علیہ السلام سے کہا: مولا! آپ اپنے نفس پر اتنا سختی کیوں کر رہے ہیں؟ امام علیہ السلام نے فرمایا کہ اس ذریعے سے نفس قابو میں رہتا ہے اور میں چاہتا ہوں کہ مومن بھی اسی طرح سے میری پیروی کریں اور میں چاہتا ہوں کہ میں دنیا میں اسی طرح سے عمل کر کے اپنے اصحاب سے ملاقات کروں۔ [1]

۴۔ شاہی دستر خوان کا اثر

سعدی نے گلستان میں قناعت کی فضیلت میں تقریباً چوبیس حکایات درج کیں ہیں انہوں نے آخری حکایات یہ درج کی ہے کہ ایک عابد تھا جس نے ایک مرتبہ سلطان کی غذا کھائی تو اس کی پارسائی اور قناعت ختم ہوگئی۔ اس کا واقعہ سعدی یوں بیان کرتے ہیں کہ ایک پارسا عابد غار میں بیٹھ کر خدا کی عبادت کیا کرتا تھا۔ اسے دنیاداری سے کوئی لگاؤ نہ تھا۔ ثروت مند لوگوں کو حقارت کی نظر سے دیکھا کرتا تھا۔ دنیا کے زرق و برق سے اسے کوئی لینا دینا نہیں تھا۔ اس وقت کے بادشاہ نے اس عابد کو پیغام بھیجا جناب مہربانی کریں ایک دفعہ ہمارے دستر خوان کو رونق بخشیں۔ اگر ہمارے دستر خوان سے آپ ایک لقمہ بھی اٹھالیں گے تو ہم اپنے لئے سعادت سمجھیں گے۔ عابد فریب میں آگیا اور بادشاہ کی دعوت کا مثبت جواب دیا اور شام کے کھانے پر وہ بادشاہ کے دستر خوان پر آیا۔ اس نے وہاں خوب کھانا کھایا۔ کھانا کھانے کے بعد وہ عابد پھر غار کی طرف روانہ ہوگیا۔

دوسرے دن بادشاہ اس عابد کا شکریہ ادا کرنے کیلئے غار کی طرف روانہ ہوا۔ جیسے ہی اس عابد نے بادشاہ کو آتے دیکھا تو اس کے احترام کے لئے کھڑا ہوگیا اور بادشاہ کے رویہ کی تعریف کی۔ اس کے بعد بادشاہ وہاں سے چلا گیا۔ بادشاہ کے جانے کے بعد اس کے دوسرے عابد دوستوں نے اعتراض کیا کہ پہلے تو تم بادشاہوں کو خاطر میں نہیں لاتے تھے لیکن اب تم نے بادشاہ کی خوشامد کیوں شروع کر دی ہے۔ یہ طریقہ کار عابد کو زیب نہیں دیتا۔ عابد نے دوسرے عابدوں کو جواب دیا کہ کیا تم نے بزرگوں سے نہیں سنا کہ جس کے دستر خوان پر کھانا کھاؤ تو اس کی چاکری بھی کیا کرو اور حق نمک بھی ادا کیا کرو۔ اس لیے میں نے اس کے نمک کا حق ادا کیا ہے۔ [2]

---

[1] داستانہا و زندگی علی علیہ السلام ص ۱۱۹۔ انوار نعمانیہ ص ۱۸۔

[2] حکایات گلستان ص ۱۸۳۔

۵۔قناعت کرنے والوں کی سیرت

دنیا میں کچھ کم ظرف ایسے بھی ہوتے ہیں کہ جب ان کے ہاتھ میں کچھ دولت آجائے تو اپنی اصلیت تک بھول جاتے ہیں۔ اور ہواؤں میں پرواز کرنا شروع کردیتے ہیں۔ جبکہ شیخ مرتضیٰ انصاریؒ جو کہ صاحب جواہرؒ کے بعد تمام شیعیان جہاں کے مرجع اعظم بنے تھے جس دن آپ مرجع بنے اس دن سے لیکر آپ کی وفات تک آپ کی زندگی میں کوئی فرق نہیں آیا آپ ہمیشہ درزفول کے انتہائی غریب طالب علم دکھادیتے تھے۔

جب لوگوں نے آپ کے مکان کی اشیاء کی طرف نگاہ کی تو دیکھا کہ وہ انتہائی فقیر ترین شخص کی سی زندگی بسر کررہے تھے۔ جبکہ ہر سال لوگ ان کے پاس کئی لاکھ تومان بطور مال امام اور دوسرے حساب میں جمع کراتے تھے۔ لیکن شیخ انصاری اتنی بڑی دولت میں سے اپنے لیے کچھ بھی پسند نہیں کرتے تھے ان کی پوری زندگی صدق وصفا اور قناعت سے عبارت تھی۔

جب ان کی وفات ہوئی تو ان کے پاس ذاتی طور پر صرف ستر تومان ہی تھے اور اتفاق سے ان کا قرضہ بھی ستر تومان ہی تھا۔ اس رقم سے ان کا قرض ادا کیا گیا۔ ان کے ورثا کے پاس فاتحہ اور عزاداری کے مراسم کیلئے کچھ بھی رقم موجود نہ تھی۔ چنانچہ ایک دولت مند شخص جو شیخ انصاری کا عقیدت مند تھا اس نے اپنے طرف سے فاتحہ اور عزاداری کے مراسم برپا کئے اور وہ شخص شیخ انصاری کے ایصال ثواب کیلئے خیرات کرتا رہا۔ ان کے پرہیز اور حرص سے دوری کیلئے یہ بات ہی کافی ہے کہ جو شخص بغداد میں آغا انصاریؒ کا وکیل تھا جب اسے اطلاع ملی کہ آغا انصاریؒ اپنی بیٹی کی شادی کرنا چاہتے ہیں تو اس نے آغا سے اجازت طلب کی کہ میں آپ کی بیٹی کیلئے بغداد شہر سے اچھا سا جہیز روانہ کرسکوں تو اس کیلئے آغا انصاری: نے منع کردیا۔ اور کہا کہ تمہارے پاس مال امام ہے خبردار اس میں سے کبھی خرچ نہ کرنا۔ آپ نے اپنے بیٹی کو معمولی سا جہیز دیکر اپنے دعاؤں کے ساتھ اپنے داماد شیخ محمد حسن انصاری کے گھر روانہ کیا۔ [1]

---

[1] سیمای فرزانگان ص۔ ۳۵۷

باب 74

قیامت

قرآن مجید میں ارشاد خداوند کریم ہے۔

وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ

قیامت کے دن تمہیں تمہارے پورا اجر دیا جائے۔ [1]

حضرت علی علیہ السلام کا فرمایا ہے۔

ان الخلق لا مفر لهم عن القيامة

تمام لوگوں کو قیامت سے رہائی نہیں ملے گی۔ [2]

مختصر تشریح

برزخ کے بعد تمام لوگ ثواب واکرام کیلئے جمع ہوں گے اس دن کا مالک خدا ہوگا۔ اچھائی کرنے والے کو جزا دی جائے گی اور برائی کرنے والوں کو سزا دی جائے۔ وہ لوگ جنہوں نے دنیا میں رہ کر حقائق کی تکذیب کی تھی ملائکہ انہیں عذاب کی طرف لے جائیں گے اور جن لوگوں نے دین خدا کیلئے محنت کی اور اپنے آپ کو برائیوں سے بچایا ہوگا تو ملائکہ ان کو بہشت میں لے جائیں گے۔ اس دن کو قیامت کا دن کہا جائے گا۔ جس پر کوئی بھی شخص اعتراض نہیں کر سکے گا۔ کیونکہ وہاں ملکوت ہوگی اور تمام اعمال درج ہوں گے لہذا کوئی بھی شخص اپنے نامہ اعمال پر اعتراض نہیں کر سکے گا۔

ا۔ قیامت کی دہائی دینے والا

حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام کے بڑے بھائی حضرت جعفر طیارؓ نے اعلان نبوت کے پانچوں برس بیاسی افراد کو ساتھ لیکر حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان افراد کو اس لیے حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کا حکم دیا تھا تا کہ وہ مشرکین کی اذیتوں سے بچ سکیں اور دین اسلام کی حبشہ میں تبلیغ بھی ہو سکے۔ مہاجرین کا یہ گروہ تقریباً بارہ برس تک حبشہ میں رہا پھر

---

[1] سورۃ آل عمران آیت ۔ ۱۸۵۔

[2] نہج البلاغہ فیض ص۔ ۳۸۸

ہجرت کے ساتویں برس یہ گروہ مدینہ آیا۔ یہ گروہ تقریباً اس وقت مدینہ میں داخل ہوا جب مسلمانوں نے جنگ خیبر فتح کی تھی۔

روایات میں بیان کیا گیا کہ پیغمبر اکرم ﷺ نے ایک دفعہ حضرت جعفرؓ سے پوچھا۔ "تم نے کافی عرصہ حبشہ میں بسر کیا ہے کیا تم نے وہاں کوئی عجیب چیز بھی دیکھی؟" حضرت جعفر طیارؓ نے عرض کیا: "جی ہاں یا رسول اللہ! میں نے ایک سیاہ چہرہ رکھنے والی خاتون کو دیکھا جو راستہ طے کر رہی تھی جس کے سر پر بہت بڑا وزنی تھال تھا۔ ایک مرد اس سے ٹکرایا جس کی وجہ سے وہ عورت منہ کے بل گر پڑی اور اس عورت کا تھال گر پڑا اور وہ تھال ٹوٹ گیا۔ پھر اس عورت نے دھکا دینے والے مرد کی طرف منہ کر کے کہا: "قیامت کے دن حساب کرنے والا تجھے عذاب دے۔ تجھے شرم نہیں آتی کہ ایک دن ایسا بھی آئے گا جب خدا کرسی پر بیٹھے گا اور ظالم سے مظلوم کا حق واپس دلائے گا۔ جب پیغمبر اکرم ﷺ نے اس عورت کے جملے سنے تو آپ کو بہت تعجب ہوا۔ [1]

۲۔ قیامت کے دن بدترین انسان

عبداللہ بن ابی سلول اسلام کا بدترین دشمن تھا جو رئیس المنافقین کے نام سے جانا جاتا تھا۔ یہ ہمیشہ اسلام کے خلاف سازشیں بنانے میں پیش پیش رہتا تھا۔ ایک مرتبہ وہ رسول اکرم ﷺ سے ملنے کیلئے آیا۔ جب آپ کو اس کی اطلاع دی گئی تو آپ اس وقت اپنے گھر میں موجود تھے۔ آپ نے فرمایا کہ قبیلہ کا یہ شخص کتنا برا ہے۔ آپؐ نے اس سے نفرت کا اظہار فرمایا پھر آپؐ نے کہا کہ اسے اجازت ہے کہ وہ اندر آئے۔ جب عبداللہ بن ابی سلول آپ کے گھر میں داخل ہوا تو رسولؐ خدا پوری گرم جوشی کے ساتھ اسے ملے اور اس سے باتیں کی۔ جب وہ آپؐ کے ہاں رخصت ہوا تو ام المومنین بی بی عائشہؓ نے کہا: یا رسول اللہؐ آپؐ نے اس شخص کے آنے سے پہلے اس کے متعلق کسی اچھے تاثرات کا اظہار نہ کیا۔ لیکن وہ شخص جب آپ کے پاس آیا تو آپؐ نے مسکرا کر اس سے ملاقات کی آخر اس کی وجہ کیا ہے؟ رسول خدا ﷺ نے فرمایا: عائشہؓ! سنو قیامت کے دن وہ شخص انتہائی بدترین حالت میں ہوگا جس کے شر سے لوگ اس کے احترام پر مجبور ہو جائیں۔ [2]

۳۔ قیامت کا خوف

رسول اکرم ﷺ جب بھی کسی جنگ پر جاتے تھے تو دو دو صحابہ کو ایک دوسرے کا بھائی بناتے تھے۔ ایک دفعہ رسول خداؐ کسی جنگ کیلئے جانے لگے تو آپؐ نے سعید بن عبدالرحمان اور ثعلبہ انصاری دونوں کو بھائی بنا دیا۔

سعید رسول خدا ﷺ کے ساتھ مل کر جنگ کیلئے روانہ ہوا۔ اور ثعلبہ کے ذمے یہ خدمت لگائی گئی کہ وہ پیچھے گھر کا خیال کرے گا۔ ایک دن ثعلبہ روٹی پانی دینے کیلئے سعیدؓ کے گھر جا رہا تھا۔ شیطان نے اس کے ذہن میں یہ وسوسہ ڈالا کہ سعیدؓ کی بیوی پر

---

[1] خلاصہ حمای شنیدنی ۲۔ ۱۲۔ اعلام الوری ص۔ ۳۱۔

[2] با مردم اینگونہ برخورد کنیم ص۔ ۱۲۹۔ مستدرک الوسائل ۲۔ ۹۲۔

نگاہ ڈالو۔ جب اس کی نگاہ سعیدؓ کی بیوی پر پڑی تو وہ انتہائی حسین و جمیل خاتون تھی۔ جیسے دیکھ کر ثعلبہ بے قرار ہو گیا۔ اس نے چاہا کہ اس کی ناموس پر دست درازی کرے تو سعید: کی بیوی نے کہا کیا یہ بات جائز ہے کہ تیرا بھائی جہاد پر جائے اور تو اس کی ناموس برباد کرنے کا ارادہ کرے!! جیسے ہی ثعلبہ نے عورت کی زبانی یہ کلمات سنے تو سخت متاثر ہوا اور اپنے کیے پر سخت نادم ہوا۔ اس کے بعد بیابان میں چلا گیا اور وہاں ایک پہاڑ کے پاس بیٹھ کر دن رات خدا کے حضور گریہ و بکا میں مشغول ہو گیا۔ جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واپس آئے تو تمام لوگ رسول خدا اور اپنے مسلمان بھائیوں کے استقبال کیلئے گئے لیکن ثعلبہ ان میں شامل نہ تھا۔ سعید گھر آیا اور اپنے خاندان والوں سے ثعلبہ کا حال دریافت کیا تو اس کی بیوی نے اسے سارا قصہ سنایا۔ سعید روتے ہوئے گھر سے اس کی تلاش کو نکلا۔ آخر کا سعیدؓ نے اسے تلاش کیا وہ ایک پتھر کے پیچھے بیٹھا بلند آواز سے کہہ رہا تھا۔ ہائے میری بدبختی قیامت کے دن مجھے کتنا رسوا ہونا پڑے گا۔"

سعیدؓ نے اسے تسلی دی اور چاہا کہ اسے رسول خدا کی خدمت میں لے جائے تا کہ رسول پاک سے اس کی بخشش کیلئے درخواست کی جائے۔ ثعلبہ نے جواب دیا کہ میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے انتہائی شرمندہ ہوں لیکن اگر تم مجھے رسول اللہؐ کے پاس لے بھی جانا چاہتے ہو تو میرے ہاتھ اور گردن رسیوں میں باندھ کر مجھے گھسیٹ کر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں لے جاؤ۔

سعیدؓ اسے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لایا آپ نے فرمایا اے ثعلبہ! تم نے بہت بڑا گناہ کیا ہے میرے پاس سے چلے جاؤ اور خدا کے حضور اپنے گناہ کی بخشش کی دعا کرو۔ چنانچہ ثعلبہ چلا گیا۔ وہ دن رات خداوند کریم سے بخشش کی درخواست کرتا رہا۔ ایک عرصے کے بعد نماز عصر کے وقت اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیبؐ پر یہ آیت نازل کی:

وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۠ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ڞ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰي مَا فَعَلُوْا وَھُمْ يَعْلَمُوْنَ

اور جن سے کبھی نازیبا حرکت سرزد ہو جائے یا وہ اپنے آپ پر ظلم کر بیٹھیں تو اسی وقت خدا کو یاد کرتے ہیں اور اپنے گناہوں کی معافی چاہتے ہیں اور اللہ کے علاوہ گناہوں کو بخشنے والا کون ہے؟ اور وہ جان بوجھ کر اپنے کیے پر اصرار نہیں کرتے۔ (سورۃ آل عمران۔ ۱۳۵)

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام اور حضرت سلمان فارسیؓ کو کہا کہ جاؤ ثعلبہ کو خوشخبری سناؤ۔ یہ دونوں شخصیات بیابان میں گئے اور ثعلبہ کو تلاش کر لیا۔ ثعلبہ خدا کے حضور محو مناجات تھا اور بخشش کی درخواست کر رہا تھا۔ اس کی حالت دیکھ کر امیر المومنین بھی بے ساختہ گریہ کرنے لگے اور آپؑ نے اسے بشارت دی کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے گناہ معاف کر دیئے ہیں۔ آپؑ اسے لیکر مدینہ شہر لائے اس وقت نماز مغرب و عشاء کا وقت تھا۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز پڑھانا شروع کی۔ آپؐ نے سورۃ الفاتحہ کے بعد جب سورۃ التکاثر کی تلاوت فرمائی جب آپ پہلی آیت الھکم التکاثر (تمہیں کثرت طلبی غافل کر دیا) پڑھی تو ثعلبہ نے دیوانہ وار نعرہ بلند کیا۔ دوسری آیت۔ حتی زرتم المقابر (یہاں تک کہ تم قبروں کے پاس جا پہنچے) میں ثعلبہ زور زور سے رونے لگا۔ جب رسول خدا نے تیسری ایک کلا سوف تعلمون (ہرگز نہیں! تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا) پڑھی تو وہ بے ہوش ہو کر

زمین پر گر پڑے۔ رسول خدا ﷺ نے نماز مکمل کرنے کے بعد اسے دیکھا تو وہ اپنی جان خدا کے حوالے کر چکا تھا۔ پیغمبر اکرمؐ نے اپنے اصحاب سمیت اس پر گریہ کیا اور آپ نے اس کی تجہیز و تکفین کا حکم دیا۔ رسول خدا ﷺ خود بھی ثعلبہ کے جنازے میں شریک ہوئے حالت یہ تھی کہ آپؐ اپنے پاؤں کی انگلیوں کے بل چل کر اس کے جنازے کی مشایعت کر رہے تھے۔ جب رسول خدا ﷺ سے پوچھا گیا کہ یارسول اللہؐ! آپ نے ایسا کیوں کیا؟ آپؐ نے فرمایا کہ میں نے دیکھا کہ بہت سے ملائکہ اس کے جنازے میں اس طرح سے مشایعت کر رہے ہیں لہٰذا میں نے بھی فرشتوں کی طرح اس کے جنازے میں مشایعت کی۔ [۱]

۴۔ امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ جب امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کی وفات کا وقت آیا تو آپ رونے لگے حاضرین نے عرض کی: "آپؑ کیوں روتے ہیں آپؑ جوانان جنت کے سردار ہیں اور آپؑ کے حق میں پیغمبر خدا ﷺ نے بہت سی احادیث ارشاد فرمائی ہیں۔ آپؑ نے بیس حج پاپیادہ کیے اور تین مرتبہ اپنے پورے گھر کو اللہ کے نام پر لٹایا۔ اس کے باوجود آپؑ پریشان کیوں ہیں"؟ آپؑ نے فرمایا:

بکی لھول المطلع وفراق الاحبۃ

یعنی میں مطلع کے خوف اور احباب کی جدائی پر رو رہا ہوں۔"

علامہ مجلسی علیہ الرحمہ بحار الانوار میں تحریر کرتے ہیں کہ "مطلع" سے مراد قیامت ہے۔ [۲]

۵۔ توبہ بن صمہ

ایک شخص جس کا نام توبہ بن صمہ تھا وہ اکثر اوقات اپنے نفس کا خود ہی محاسبہ کیا کرتا تھا۔ ایک دن اس نے اپنا محاسبہ کیا تو اس نے کہا (اکیس ہزار پانچ سو) دن گزر چکے ہیں اور اپنے آپ سے کہا کہ ہائے میری حالت پر کیا میں گناہوں کے ساتھ اپنے پروردگار سے ملاقات کرسکوں گا؟ میں نے جتنی بھی زندگی گزاری ہے اگر بالفرض میں نے ایک دن ایک بھی گناہ کیا ہو تو میرے گناہوں کی تعداد بھی ہزاروں میں بنتی ہے۔ نہ جانے اس وقت خداوند تعالیٰ میرے ساتھ کیا سلوک کرے گا یہ کہا اور بے ہوش ہو گیا۔ لوگوں نے دیکھا کہ اس بے ہوش کے عالم میں اپنے جان خداوند کریم کے سپرد کر دی تھی۔ یہ اس لیے ہوا کہ اس نے اپنا صحیح طریقے سے احتساب کیا تھا۔ [۳]

---

[۱] خزینۃ الجواہر ص ۳۱۵۔ روضۃ الانوار سبزواری۔

[۲] پند تاریخ ۴۔ ۲۰۸

[۳] سرمایہ سعادت ص۔ ۳۹

باب 75

محنت کی عظمت

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہے۔

لَیۡسَ لِلۡاِنۡسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی ﴿۳۹﴾

ہر انسان کو اس کی محنت کا ثمر ملتا ہے۔ [1]

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

المومن اذا لم یکن له حرفة یعیش بدینه

جب مومن کوئی کام نہیں کرے گا تو پھر اپنا دین بیچ کر روٹی وغیرہ کھائے گا۔ [2]

مختصر تشریح

بہترین کھانا وہ ہے جو محنت کر کے حاصل کیا گیا ہو اور انسان محنت مشقت کر کے خود بھی کھائے اور اپنے خاندان والوں کو بھی کھلائے۔ طعام کیلئے ضروری ہے کہ وہ پاکیزہ کسب وکار سے حاصل ہوا۔ اور ایسا شخص مجاہد فی سبیل اللہ کی طرح ہوتا ہے جو محنت کر کے اپنا اور اپنے خاندان کا پیٹ بھرتا ہے۔ وہ لوگ جو سستی کے عادی ہوتے ہیں تو ایسے لوگ معاش کے معاملے میں مشکلات کا شکار ہوتے ہیں یہ لوگ واجب نان ونفقہ کے ادا کرنے کے بھی قابل نہیں ہوتے ہیں اور حرام افعال سے اپنے زندگی آلودہ کرتے ہیں۔ کسی کام کیلئے ارادہ کر لینا اس بات کا سبب بنتا ہے کہ یہ شخص اپنے آخرت کے کاموں کیلئے بھی ارادہ کرے گا کیونکہ شخص اپنے ضروریات زندگی حاصل کرنے میں سستی کرتا ہے تو ایسا شخص آخرت حاصل کرنے میں بھی ناکام رہتا ہے۔

ا۔ وقف نامہ

حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے اپنی ظاہری خلافت کے دور میں فرمایا کہ میری رعیت عراق میں تو خداوند کریم کی نعمات سے مستفید ہو رہی ہے یہاں کے لوگوں کو پینے کیلئے خدا نے میٹھا پانی عطا کیا ہے اور کھانے کو گندم بھی عطا کی ہے۔

---

[1] سورۃ النجم آیت۔ ۳۹

[2] بحار الانوار ۱۰۳/۹

حضرت علی علیہ السلام کا ایک غلام تھا جس کا نام "ابونیزر" تھا۔ آپؑ نے اس غلام کو اس شرط پر آزادی دی تھی کہ وہ پانچ سال تک نخلستان میں کام کرے گا اس نے پانچ سال تک نخلستان میں خدمت کی اس کے بعد امیر المومنین علیہ السلام نے اسے آزادی دے دی تھی۔ آزادی کے بعد امام علیہ السلام نے اسے اپنے کھیتوں اور چشموں کی دیکھ بھال کیلئے اپنے پاس رکھ لیا۔ آپ نے ایک چشمہ احداث کیا تھا جسے "عین ابی نیزرہ" کہا جاتا ہے۔ ابونیزر بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ امیر المومنین اپنے کھیتوں میں آئے اور گھوڑے سے اترے مجھ سے کہا کہ کھانے میں کچھ ہے؟ میں عرض کیا۔ جی ہاں مولا میرے پاس ایسی غذا ہے جو میں نے آپ کے لئے پسند نہیں کرتا میں نے کدو پکائے ہیں۔ میں نے انہیں چربی کے گھی میں تیار کیا ہے امام علیہ السلام نے فرمایا کہ وہی لے آؤ۔ میں نے وہی غذا آپؑ کے سامنے رکھی آپؑ نے ہاتھ دھوئے اور وہی غذا تناول فرمائی۔ کھانا کھانے کے بعد آپؑ نے پھر ہاتھ دھوئے اور مجھ سے ارشاد فرمایا: "وہ شخص خدا کی رحمت سے دور ہے جس کا پیٹ اسے دوزخ میں لے جائے"۔ اس کے بعد آپؑ نے مجھ سے بیلچہ طلب کیا۔ آپ بیلچہ لیکر کنویں میں گئے اور آپ کافی دیر تک بیلچہ کی مدد سے زمین کو کھودتے رہے یہاں تک کہ آپ تھک گئے اور اپنے تھکان اتارنے کیلئے کنویں سے باہر آئے اور آپؑ کی پیشانی سے پسینہ ٹپک رہا تھا آپ نے اپنی انگلیوں کے ساتھ پسینے کے قطرات صاف کیے۔ اس کے بعد آپ دوبارہ اس کنویں میں اُترے اور آپ نے پھر سے بیلچے کی مدد سے زمین کو کھودنا شروع کر دیا کچھ دیر بعد اچانک اونٹ کی گردن کی طرح پانی کا ایک فوارہ نکلا۔ امام علیہ السلام فوراً باہر تشریف لائے اس وقت آپ پسینے سے شرابور تھے اور فرمایا کہ یہ میری طرف سے صدقہ ہے صدقہ ہے۔ اس کے بعد آپؑ نے مجھ سے کاغذ، قلم اور دوات طلب کی۔ میں نے جلدی آپؑ کو کاغذ، قلم اور دوات دی۔ امام علیہ السلام نے اپنے ہاتھ سے تحریر فرمایا کہ یہ وقف بندہ خدا علی ابن طالب کی طرف سے مدینہ کے غرباء کیلئے نہ تو اسے بیچا جاسکتا ہے نہ ہی کسی کو ہبہ کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی یہ کسی کی ملکیت میں آسکتا ہے۔ یہاں تک کہ آسمانوں اور زمینوں کا خدا اس کا مالک بنے۔ البتہ اگر حسنین کریمینؑ کو اس کی ضرورت محسوس ہو تو وہ اس کے مالک قرار پائیں گے۔ [1]

۲۔ عمر بن مسلم

عمر بن مسلم امام جعفر صادق علیہ السلام کا دوست تھا جو وقتاً فوقتاً آپ کی خدمت میں حاضر ہوتا رہتا تھا۔ ایک دفعہ جب وہ کافی دنوں سے امام علیہ السلام کو نظر نہ آیا تو آپؑ نے اس کے دوست علی بن عبدالعزیز سے اس کا احوال دریافت کیا۔ علی بن عبدالعزیز نے جواب دیا: "میں آپ پر قربان جاؤں اس نے کام کاج ترک کر دیا ہے اور اس نے زہد و تقویٰ اختیار کر لیا ہے اور وہ دن رات عبادت میں مشغول رہتا ہے۔ آپ نے فرمایا "خدا اسے ہلاک کرے کیا وہ نہیں جانتا کہ جو کام کاج کرنا چھوڑ دے تو اللہ تعالیٰ اس کی دعاؤں کو قبول نہیں کرتا۔ جب رسول اللہ پر اس آیت کا نزول کیا: وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۚ "جو شخص گناہوں سے بچتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے راستے بنا دیا ہے اور اسے

---

[1] اسلام و کار و کوشش ص۔ ۲۳۔

وہاں سے رزق عطا کرے گا جہاں سے اسے گمان بھی نہیں ہوگا۔" (اطلاق۔ ۲۔ ۳) جب مسلمانوں نے یہ آیت سنی تو انہوں نے کام کاج کو خیر باد کہہ دیا اور تجارت سے ہاتھ کھینچ لئے گوشہ نشین ہو کر عبادت میں مصروف ہو گئے اور کہتے تھے کہ اللہ تعالیٰ خود روزی رساں ہے اور اپنے دین دار بندوں کو کبھی بھی رسوا نہیں کرے گا۔

جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ خبر سنی تو آپ نے ان سب لوگوں کو بلایا اور ان سے پوچھا کہ تم نے کام کاج کیوں چھوڑ دیا؟ ان لوگوں نے کہ کہ اللہ تعالیٰ روزی کا ذمہ لے لیا ہے۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بھائی ایسی کوئی بات نہیں ہے اگر کوئی شخص محنت کرنے کے قابل ہو اور وہ محنت نہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی دعاؤں کو قبول نہیں کرتا۔ [۱]

۳۔ صدقہ کھانے سے کام کاج کرنا بہتر ہے

ایک دفعہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک غریب شخص آیا اور آپ سے مدد کی درخواست کی۔ آپ نے اس سے فرمایا کہ تمہارے گھر میں جو کچھ بھی ہے لے آؤ۔ وہ شخص تھوڑی دیر کے بعد واپس آیا۔ اس نے کہا کہ میرے گھر میں اس پیالے اور کمبل کے علاوہ کچھ بھی موجود نہ تھا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے پوچھا کہ کوئی ہے جو ان دو چیزوں کو خرید کرے۔ الغرض آپ نے وہ دو اشیاء دو درہم میں فروخت کر دیں آپ نے اسے ایک درہم دیا کہ اس سے اپنے گھر کیلئے اشیاء ضرورت خرید کرو اور دوسرے درہم سے آپ نے ایک کلہاڑی اسے خرید کر دی اور اس سے فرمایا کہ بیابان میں چلے جاؤ۔ وہاں سے لکڑیاں کاٹ کر اکٹھی کر کے بازار میں فروخت کرنا۔ اس شخص نے آپؐ کے کہنے پر عمل کیا اور کچھ دنوں کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ مولا! اب میرے معاشی حالات درست ہو گئے ہیں۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مزدوری کرنا صدقہ لینے سے بہتر ہے وہ اس لیے کہ صدقہ لینے والا شخص جب قیامت کے دن خدا کے حضور پیش ہوگا تو اس کے چہرے پر صدقہ کے نشانات ہوں گے۔ [۲]

۴۔ اپنے آپ کو زحمت میں ڈالنا

فضل بن ابی قرہ کا بیان ہے کہ ایک دفعہ ہم امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے تو ہم نے دیکھا کہ آپ خود اپنے زمینوں پر کام کاج میں مشغول تھے۔ ہم نے عرض کیا: "ہم آپ پر قربان جائیں آپ ہمیں حکم دیں یا اپنے غلاموں کو حکم دیں کہ وہ یہ کام کر دیں۔" امام علیہ السلام نے فرمایا: "نہیں اس کی کوئی ضرورت نہیں، میں چاہتا ہوں کہ میں اپنے ہاتھوں سے کام کرتے ہوئے خدا کے حضور حاضر ہوں جاؤں اور اپنے رزق حلال کیلئے سختیوں کو جھیلوں"۔ پھر آپ نے فرمایا: "حتی کہ حضرت علی علیہ

---

[۱] داستانہا و پندہا ۲/۹۱۷۔ تفسیر نور الثقلین ۵/۳۵۴

[۲] حکایتہای شیرین ۳۔ ۵۷۔

السلام بھی رزق حلال کے تلاش کرنے کیلئے اپنے آپ کو سختیوں میں ڈالا کرتے تھے۔ [1]

۵۔ یعقوب بن لیث صفار

یعقوب اصل میں تانبے کے برتن بنانے والا تھا اسی لئے اسے صفار کہتے ہیں۔ رفتہ رفتہ اس نے لشکر تیار کرلیا اور خوارج کو قتل کرتا تھا۔ یہاں تک کہ اس کے معاملہ آگے بڑھا اس نے خراسان اور سجستان اور دوسرے علاقہ اس نے تسخیر کرلیے اور انہیں اپنے تصرف میں لے آیا اور اس کی حکومت مضبوط ہوگئی۔ یعقوب صفار مرد سیاست دان تھا اور اس نے اس طرح لشکر کی تدبیر کی ہوئی تھی کہ اس جیسی سنی نہیں گی تھی منقول ہے کہ ایک دفعہ اس نے حکم دیا کہ جنگ کیلئے باہر نکلو اس کے لشکر نے یہ سنتے ہی فوراً اپنے گھوڑے چراگاہوں سے پکڑے اور سوار ہوکر دوڑ پڑے ایک شخص کے گھوڑے کے منہ میں گھاس تھی اس نے وہ گھاس اس کے منہ سے چھین لی اس خوف سے کہ اس کے گھاس چبانے جتنی دیر نہ ہوجائے اور فارسی زبان میں اسے گھوڑ سے کہنے لگا کہ امیر یعقوب نے گھوڑوں کو تازی گھاس کھانے سے منع کردیا۔ حکایت ہے کہ ایک شخص کو لوگوں نے دیکھا کہ ہتھیاروں کے نیچے اس نے لباس نہیں پہن رکھا تھا کہ امیر کے منادی نے صدا دی کہ ہتھیار لگاؤ تو میں نے اس وجہ سے کہ امیر کے حکم میں تاخیر نہ ہو لباس نہیں پہنا اور ہتھیاروں کے پہننے پر اکتفا کرلیا۔ [2]

[1] سفینۃ البحار ج ۲ ص ۷، محجۃ البیضاء ج ۳ ص ۱۳۸۔

[2] تتمۃ المنتہی ص ۲۶۲

باب 76

گداگری

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہوتا ہے۔

وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنۡهَرۡ ﴿١٠﴾

اور سائل کو مت جھڑکو۔ [1]

حضرت محمد ﷺ کا فرمان ہے۔

لولا ان لسائل یکذب ماقدس من ردہ

اگر گداگر جھوٹے نہ ہوتے تو انہیں خالی ہاتھ بھیجنے والا کبھی بھی اچھا نہیں سمجھا جاتا۔ [2]

مختصر تشریح

کچھ لوگوں نے اپنے آپ کو خواہ مخواہ گداگر بنایا ہوا ہے اس کے علاوہ وہ کوئی کام کاج نہیں کرتے بعض اوقات ان کے گھروں میں اشیاء ضرورت بھی موجود ہوتی ہیں اس کے باوجود وہ لوگوں کے آگے دست سوال دراز کرتے ہیں ایسے لوگ جب قیامت کے دن خدا کے حضور پیش ہوں گے تو ان چہرے پر گوشت موجود نہیں ہوگا۔

مومن کبھی کتے کی طرح سے ذخیرہ اندوز نہیں ہوتا ہے مومن حرص وطمع سے بھی پاک ہوتا ہے اس کی عزت اسے لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلانے سے روکتی ہے۔ جو چہرہ خدا کے آگے جھکے اور جو ہاتھ قنوت کیلئے آسمان کی طرف بلند ہوں یہ ممکن ہی نہیں کہ وہ چہرہ کسی کے سامنے ذلیل اور وہ ہاتھ کسی کے سامنے بھیک مانگیں البتہ مومنین کو چاہیے کہ وہ حقدار لوگوں کو پہچانیں اور ان کی آبرو کی حفاظت کرتے ہوئے ان کی مدد کریں تاکہ وہ ذلیل نہ ہونے پائیں۔

۱۔ امام علیہ السلام اور سائل

سمع بن عبدالملک کا بیان ہے کہ ہم مقام منیٰ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کے ساتھ تھے اور انگور کھا رہے تھے۔ اتنے

---

[1] سورۃ الضحیٰ آیت۔ ۱۰

[2] جامع السعادت ۲۔ ۹۸

میں ایک سائل آیا اور خیرات طلب کی۔ آپ نے فرمایا "اسے انگور کا ایک خوشہ دے دو"۔

جب اسے خوشہ دیا جانے لگا تو اس نے کہا: "اس کی بجائے مجھے کچھ نقد رقم دے دیں۔" حضرت جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: "خدا تمہیں فراخی دے یعنی معاف کرو" سائل چلا گیا۔ کچھ دیر بعد سائل دوبارہ آیا اور کہا "وہ خوشہ انگور ہی دے دیں۔"

حضرت جعفر صادقؑ نے اسے کچھ بھی نہ دیا اور فرمایا: "جاؤ معاف کرو۔" کچھ دیر بعد دوسرا فقیر آیا تو امامؑ نے اسے تین دانے انگور کے دیئے۔ فقیر نے وہ انگور لیے اور کہا: رب العالمین کی حمد ہے جس نے مجھے روزی عطا کی۔" آپؑ نے اس کا جذبہ شکر دیکھ کر حکم دیا "دو مشت انگور بھر کر اسے دیئے جائیں جب فقیر کو دو مشت انگور ملے تو اس نے کہا: "الحمد رب العالمین" امام علیہ السلام نے اپنے غلام سے پوچھا کہ اس وقت تمہارے پاس ہے؟"

غلام نے کہا: میرا اندازہ ہے کہ اس وقت میرے پاس بیس درہم موجود ہیں۔ آپؑ نے فرمایا: "یہ درہم اس فقیر کو دے دو۔" غلام نے فقیر کو درہم دیئے تو اس نے کہا: "الحمد للہ ھذا منك ومدلك لا شريك لك: اللہ تیری حمد ہے تو واحد لاشریک ہے اور یہ تیری عطا ہے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنا پیراہن اتار کر اسے دیا اور کہا "لو یہ پہن لو۔"

فقیر نے وہ پیراہن لیکر کہا: اللہ کا شکر ہے جس نے مجھے لباس دیا اور پھر کہا کہ امام آپ کو اللہ جزائے خیر دے۔" یہ کہہ کر فقیر چلا گیا۔ اس دن ہم نے اندازہ لگایا کہ اگر سائل مسلسل اللہ کی تعریف وثنا کرتا رہتا تو امام علیہ السلام اسے مسلسل عطا کرتے رہتے لیکن جب اس نے آپ کو دعا دی اور آپ کا شکریہ ادا کیا تو آپ نے ہاتھ کھینچ لیا۔

۲۔ سوال نہ کرنا شرط جنت ہے:

امام صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ انصار کا ایک گروہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور سلام کرنے کے بعد انہوں نے عرض کی: "یارسول اللہ! ہم ایک حاجت لے کر آپؐ کے پاس آئے ہیں"۔

آپؐ نے فرمایا: "اپنی حاجت بیان کرو"۔

انہوں نے کہا: "ہماری حاجت بہت بڑی ہے"۔

آپؐ نے فرمایا: "تمہاری حاجت جو بھی ہو بیان کرو"۔

انہوں نے کہا: "یارسول اللہ! ہماری حاجت یہ ہے کہ آپ ہمارے لئے جنت کی ضمانت دیں"۔

یہ سن کر کچھ دیر تک آپؐ نے سر جھکائے رکھا اور زمین پر کچھ لکیریں کھینچیں، پھر سر اٹھا کر فرمایا میں تمہیں اس شرط پر جنت کی ضمانت دیتا ہوں کہ تم کسی سے سوال نہیں کرو گے۔

انصار نے کہا: "ہمیں یہ شرط منظور ہے"۔

امام صادق علیہ السلام فرماتے تھے کہ انصار نے اپنے وعدہ کو اس طرح سے نبھایا کہ اگر وہ گھوڑے پر سوار ہوتے اور ان

کے ہاتھ سے چابک گر پڑتا تو وہ کسی سے چابک اٹھانے کے لیے سوال نہیں کرتے تھے، فوراً گھوڑا روک لیتے اور خود نیچے اتر کر اپنا چابک اٹھاتے تھے اور اگر دسترخوان پر بیٹھے ہوتے تو ساتھ والے شخص سے کبھی پانی طلب نہ کرتے خود ہی اُٹھ کر پانی پی لیتے تھے۔ [1]

۳۔ حد تنگ دستی:

ابو بصیر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کی کہ آپ کا ایک شیعہ ہے جس کا نام عمر ہے جو بڑا پرہیزگار ہے۔

ایک دن وہ عیسیٰ بن اعین کے پاس امداد کی درخواست لے کر گیا۔

عیسیٰ نے کہا: "میرے پاس زکواۃ کی رقم موجود ہے لیکن میں اس میں سے تجھے زکواۃ نہیں دوں گا، کیونکہ میں نے چند دن قبل تمہیں گوشت اور خرما خریدتے ہوئے دیکھا ہے یہ سراسر اسراف ہے۔

اس شخص نے کہا معاملہ یہ ہے کہ چند دن قبل مجھے ایک درہم ملا میں نے ایک تہائی کا گوشت خریدا دوسری تہائی کی کھجوریں خریدلیں اور ایک تہائی کو اپنی دیگر ضروریات میں خرچ کیا۔

حضرت صادق علیہ السلام یہ سن کر افسردہ ہوئے اور کئی دن تک اپنی پیشانی پر ہاتھ مار کر فرمایا کرتے تھے اللہ تعالیٰ نے دولت مندوں کی دولت میں غریبوں کا حصہ رکھا ہے تاکہ وہ اچھے طریقوں سے زندگی بسر کرسکیں اور اگر اس حصے میں ان کی کفالت نہ ہو، انہیں اس سے بھی زیادہ دینا چاہیے تاکہ ان کی خوراک و پوشاک، شادی اور تصدق اور حج کی ضروریات پوری ہوسکیں، غرباء پر سختی نہیں کرنی چاہیے خاص کر عمر جیسے افراد پر تو بالکل سختی نہیں کرنی چاہیے کیونکہ وہ پرہیزگار انسان ہے [2]

۴۔ آبرومند مفلس

مدینہ کے قریب ینبع کے مقام پر امیر المومنین علیہ السلام کا کھجوروں کا باغ تھا، جب کھجوریں اتاری گئیں تو آپ نے اس میں سے پانچ وسق جو تقریباً (۹۰۰) نوسو کلوگرام کے برابر تھیں آپ نے ایک مومن کے پاس روانہ کیں جب کہ اس نے آپؑ سے ان کا سوال بھی نہیں کیا تھا۔

ایک شخص جو وہاں پر موجود تھا اس نے کہا کہ خدا کی قسم اس نے آپ سے کھجوریں مانگی تو نہیں جو آپؑ نے اتنی بڑی مقدار اُس کے پاس روانہ کردی، خدا کی قسم اگر آپؑ اسے ایک کلوگرام کھجوریں بھی دے دیتے تو وہ اس پر بھی راضی ہو جاتا۔

امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: "خدا کرے تجھ جیسے انسان مسلمانوں میں زیادہ نہ ہوں تو عجیب انسان ہے بخشش میں کر

---

[1] فروع کافی ۴/۲۱۔

[2] پند تاریخ ۲/۱۲۲، شرح من لا یحضرہ الفقیہ کتاب زکواۃ ص ۳۹۔

رہا ہوں اور بخل تو کر رہا ہے، جس چیز کی وہ مجھ سے امید کرتا ہے اور وہ چیز میں اسے اس کے سوال کرنے کے بعد عطا کروں تو گویا میں نے وہ چیز اسے فروخت کی ہے، جس چہرے کے ساتھ وہ خدا کی عبادت کرتا ہے اور وہ چہرہ میرے آگے شرمندہ ہوگا اور میں ایک مسلم بھائی کی شرمندگی برداشت نہیں کرتا، اسی لئے میں نے ایک مسلم بھائی کی ضروریات کا اندازہ کر کے اس کے سوال کرنے سے پہلے یہ کھجوریں اس کے پاس بھیج دی ہیں"۔

جو شخص اپنے بھائی کی مالی مدد نہیں کرتا تو وہ شخص اپنے دینی بھائیوں کے لئے بہشت کی دعا کرنے میں ہی بخل کرتا ہے کیونکہ وہ اس فانی دنیا میں اپنے دینی بھائیوں کی مدد کرنے سے بچتا ہے اور اپنی دعاؤں میں کہہ رہا ہوتا ہے پروردگار! تو مومن مردوں اور مومن عورتوں کو جنت میں جگہ دے۔[1]

۵۔ ایسا بھی ممکن ہے:

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک شخص اپنی بیوی کے ساتھ دستر خوان پر بیٹھا تھا اور دستر خوان پر مرغ بریاں رکھا ہوا تھا، دروازے پر سائل نے صدا دی اور روٹی کا سوال کیا۔

مالک مکان بڑے غصے سے دستر خوان سے اٹھا اور فقیر کو جھڑکیاں دے کر بھگا دیا۔

کچھ عرصے کے بعد وہ شخص مفلس ہو گیا اور تنگ دستی کی وجہ سے اس نے بیوی کو طلاق دے دی۔

پھر ایک عرصے کے بعد اس عورت کی دوسری جگہ شادی ہو گئی، ایک مرتبہ وہ عورت اپنے شوہر کے دستر خوان پر بیٹھی ہوئی تھی اور اُن کے سامنے مرغ بریان رکھا ہوا تھا اتنے میں دروازے پر ایک سائل نے صدا دی اور روٹی کا سوال کیا۔

شوہر نے بیوی سے کہا کہ یہ بھنا ہوا مرغ جا کر سائل کو دے دو۔

عورت نے مرغ کو ایک برتن میں رکھا اور دروازے پر گئی، پھر دروازے سے روتی ہوئی اپنے شوہر کے پاس آئی۔

شوہر نے رونے کا سبب پوچھا تو عورت نے کہا: "دروازے پر جو سائل آیا ہے یہ میرا سابقہ شوہر ہے ایک دفعہ میں اور یہ آج کی طرح دستر خوان پر بیٹھے تھے اور ہمارے سامنے بھنا ہوا مرغ رکھا تھا کہ سائل نے دروازے پر صدا دی، میرا شوہر ناراض ہو کر گیا تھا اور سائل کو دھکے دے کر بھگا دیا تھا اور وہ خود سائل بن کر روٹی کا سوال کر رہا ہے"۔

یہ سن کر شوہر نے بیوی سے کہا: "اچھا تو سنو! اس دن تمہارے شوہر نے جس فقیر کو دھکے دیئے تھے وہ سائل میں ہی تھا"۔[2]

---

[1] اسلام و مستمندان ص ۲۵ فروغ کافی طبع قدیم ص ۱۶۷۔

[2] دنیائ جوان ص ۱۳۳، آثار الصادقین ۸/۱۳۹۔

باب نمبر 77

دوسروں کی مدد کرنا

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

"فَوَجَدَا فِيهَا جِدَارًا يُرِيدُ أَنْ يَنْقَضَّ فَأَقَامَهُ" [1]

موسیٰ وخضر نے وہاں دیکھا کہ ایک دیوار جھکی ہوئی تھی اور گرنے کے قریب تھی تو خضر نے اسے سیدھا کر دیا۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"من قضی لاخیه المومن حاجة فکانما عبد الله دهره" [2]

جو شخص اپنے مومن بھائی کی ایک حاجت پوری کرے تو گویا اس نے پوری زندگی خدا کی عبادت کی ہے۔

مختصر تشریح:

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اس طرح سے خلق فرمایا کہ تمام انسان ایک دوسرے سے متصل رہتے ہیں اور اپنی حاجات کے لئے ایک دوسرے کی مدد کی ضرورت محسوس کرتے ہیں۔

مومن کو کبھی مکان کے کرائے کے لئے یا بیماری کی صورت میں یا کسی سے سفارش کروانے کے لئے مدد کی ضرورت پڑتی ہے لوگوں کے پاس وسائل بھی موجود ہوتے ہیں پھر بھی وہ بہانے سے کام لیتے ہیں اور اس کی مدد نہیں کرتے، ایسے لوگوں کو اللہ تعالیٰ دشمنوں کے ساتھ گرفتار کرا دیتا ہے اور انہیں قیامت کے دن بھی عذاب میں مبتلا کرے گا۔

مومنین کی حاجات پوری کرنے کے لئے بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے، اور کتب احادیث میں اس کی اتنی تاکید کی گئی ہے انسان اُسے دیکھ کر تعجب کرتا ہے کہ راہ سعادت کتنا کھلا ہوا ہے اور اس پر چلنے والے بہت ہی کم ہیں۔

---

[1] سورہ کہف (آیت نمبر ۷۷)

[2] جامع السعادات ۲/۲۳۰۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: "جو شخص اپنے کسی مومن بھائی کی مدد کرے تو اس کا یہ عمل راہ خدا میں ایک ہزار غلام آزاد کرنے، ایک ہزار گھوڑے دینے اور جہاد کرنے سے بہتر ہے۔

یہ ابلیسی وسوسے ہوتے ہیں جو انسان کو دوسروں کی مدد کرنے سے روکتے ہیں جب کہ اس کی بہت زیادہ تاکید وارد ہوئی ہے۔ [1]

۱۔ نو ہزار سال:

میمون بن مہران بیان کرتے ہیں کہ میں ایک دفعہ امام حسن مجتبیٰ کے ساتھ اعتکاف میں بیٹھا تھا وہاں پر ایک شخص آیا اور امام علیہ السلام سے عرض کی: "اے فرزند رسول خدا! میں نے ایک شخص کا قرضہ دینا ہے اور میرے پاس ادائیگی کے لئے رقم نہیں ہے اور دوسری شکل میں وہ قاضی کے پاس میری شکایت کر کے مجھے زندان بھجوا دے گا۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: "میرے پاس اس وقت اتنی رقم نہیں ہے کہ میں تمہارا قرض ادا کر سکوں"۔ پھر اس شخص نے عرض کیا: "مولا آپ کوئی ایسا کام کریں جس سے میں زندان جانے سے بچ جاؤں"۔

امام علیہ السلام حالت اعتکاف میں تھے پھر امام علیہ السلام نے اپنا جوتا پہنا، میں نے عرض کی: "مولا! کیا آپ کو یہ بات بھول گئی ہے کہ آپ اعتکاف میں بیٹھے ہوئے ہیں اور حالت اعتکاف میں آپ مسجد سے باہر کسی کام کے لئے نہیں جا سکتے؟"

امام علیہ السلام نے فرمایا: "نہیں مجھے یہ بات بھولی نہیں ہے لیکن میں نے اپنے والد ماجد سے یہ بات سنی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ جو شخص اپنے مسلمان بھائی کی حاجت پوری کرے وہ ایسے ہی ہے جیسے اس نے نو ہزار سال تک اللہ کی عبادت کی ہو (جیسے اس نے ان نو ہزار سالوں میں دن کو روزے اور رات کو خدا کی عبادت کی ہو)"۔ [2]

۲۔ طواف قطع کرنا:

ابان بن تغلب بیان کرتے ہیں کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کے ساتھ طواف بیت اللہ میں مصروف تھا۔

دوران طواف میرے ایک دوست نے مجھ سے کہا کہ باہر آؤ میری ایک بات سنو اور میں نہیں چاہتا تھا کہ میں امام علیہ السلام سے جدا ہو جاؤں لہذا میں نے اس پر کوئی توجہ نہیں کی۔

طواف کے دوسرے چکر کے دوران اُس شخص نے مجھے اشارہ کیا کہ میں اس طرف جاؤں اتفاق سے امام علیہ السلام نے اُسے اشارہ کرتے ہوئے دیکھ لیا، اور مجھ سے فرمایا کہ ابان کیا اس شخص کو تجھ سے کوئی کام ہے؟ میں نے عرض کیا جی ہاں مولا! امام علیہ

---

[1] احیاء القلوب ص ۱۲۱۔

[2] روحِ تعاون و کمک متحاص ۱۲۲، و داستانهای پراگندہ ۱۵۲۔

السلام نے مجھ سے پوچھا کہ وہ کون ہے میں نے عرض کیا مولا! وہ میرے دوستوں میں سے ایک دوست ہے۔

آپؑ نے پوچھا کہ کیا وہ ہمارا محب اور شیعہ ہے میں نے عرض کی جی ہاں!۔

آپؑ نے فرمایا کہ جاؤ اس کی خواہش پوری کرو۔

میں نے عرض کیا: "مولا! کیا میں طواف قطع کر سکتا ہوں؟"

آپؑ نے فرمایا: جی ہاں۔

پھر میں نے عرض کیا: "مولا! اگر طواف واجب ہو تو کیا مومن کی حاجت پوری کرنے کے لئے اُسے قطع کیا جا سکتا ہے؟

آپؑ نے فرمایا: جی ہاں! اُسے توڑا جا سکتا ہے۔

پھر میں طواف قطع کیا اور اس شخص سے جا کر ملا۔ [1]

۳۔ باہمی تعاون وایثار:

واقدی کہتے ہیں کہ میرے دو اچھے دوست تھے ایک دوست ہاشمی تھا اور دوسرا غیر ہاشمی تھا، اتفاق یہ ہوا کہ عید الفطر کے دن قریب آ گئے اور ہمارے گھروں میں فاقوں کی تیاری ہو رہی تھی۔

میری بیوی نے کہا: "عید کے دن میں اور آپ تو کسی نہ کسی طرح سے صبر کر لیں گے، مگر ہمارے چھوٹے بچے دوسرے لوگوں کے بچوں کو جب رنگ برنگے کپڑے پہنے ہوئے دیکھیں گے تو وہ صبر نہیں کریں گے، لہٰذا چاہے کسی سے قرض کیوں نہ لو بچوں کے لئے لباس ضرور خریدو۔

بیوی کے مسلسل اصرار پر میں نے اپنے ہاشمی دوست کو خط لکھا کہ: "میں اس وقت انتہائی پریشان ہوں خدا کے لئے آپ میری مدد فرمائیں، چنانچہ میرے دوست نے میرے پاس ایک تھیلی روانہ کی جس میں ایک ہزار درہم تھے۔

ابھی میں وہ تھیلی گھر میں لیکر نہیں گیا تھا کہ میرے دوسرے دوست کا مجھے رقعہ ملا جس میں اس نے تحریر کیا تھا: "اس وقت جب کہ عید سر پر آ رہی ہے میرے مالی حالات انتہائی خراب ہیں آپ میری مالی مدد کریں"۔

واقدی کہتے ہیں کہ میں نے وہی تھیلی کھولے بغیر اس دوست کے پاس روانہ کر دی اور شرمندگی کی وجہ سے گھر نہیں گیا پوری رات مسجد میں گزار دی، صبح ہوئی میں گھر میں گیا خیال تھا کہ میری بیوی میرے اس فعل پر مجھے سرزنش کرے گی لیکن جب میں نے اسے پورا واقعہ سنایا تو اس نیک بخت نے کہا:

"چلو اچھا ہوا تم نے ایک غریب دوست کی آڑے ہاتھوں مدد کر دی"۔

ابھی میں گھر میں اپنی بیوی سے گفتگو کر رہا تھا کہ دروازے پر دستک ہوئی میں باہر آیا تو دیکھا کہ میرا ہاشمی دوست وہ تھیلی

---

[1] شنید ہمائی تاریخ ص ۶۹، محجۃ البیضاء ۵۶/۳۔

لئے لکھا تھا جو اس نے مجھے بھیجی تھی اور میں نے اپنے دوست کو روانہ کی تھی۔

اس نے مجھ سے کہا: "یہ تھیلی میں نے آپ کو روانہ کی تھی آپ نے اس سے کیا معاملہ کیا۔

میں نے بتایا کہ مجھے تیری تھیلی ملی تو اسی کے ساتھ ہی میرے فلاں دوست کا رقعہ ملا جس میں اس نے اپنی مالی پریشانی کا ذکر کیا تھا، تو میں نے اپنے دوست کو اپنی ذات پر ترجیح دی اور تمہاری ارسال کردہ تھیلی کھولے بغیر میں نے اسے ارسال کر دی۔

یہ سن کر میرا ہاشمی دوست ہنسنے لگا اور کہا کہ سنو اصل واقعہ یہ ہے" جب تمہارا رقعہ مجھے ملا تو اس وقت میرے گھر میں بس یہی تھیلی تھی میں نے وہ تھیلی تمہیں روانہ کر دی اور میں نے دل میں سوچا کہ میں اپنے اخراجات پورے کرنے کے لئے کس سے درخواست کروں؟ چنانچہ میں نے اپنے فلاں دوست کو خط لکھا کہ میں مالی پریشانی کا شکار ہوں آپ میری مدد کریں، اور جیسے ہی اُسے میرا رقعہ ملا تو میرے اس دوست کے پاس بھی کچھ نہیں تھا اس نے فوراً ہی تجھے رقعہ لکھ دیا اور تم نے وہ تھیلی اسے روانہ کر دی، اور وہ ہمارا مشترکہ دوست وہی تھیلی لیکر خوشی خوشی میرے پاس آیا اور کہا کہ بھائی میرے اپنے گھر میں اس وقت کوئی چیز نہیں تھی البتہ میں نے ایک دوست سے یہ رقم ادھار لی ہے تم خرچ کرو آگے اللہ مالک ہے اور یوں میری بھیجی ہوئی تھیلی میرے پاس واپس آگئی۔

اب ہم اس ایک ہزار کو تین حصوں میں تقسیم کرتے ہیں اس میں سے ایک سو درہم تیری بیوی کو دیتے ہیں اور باقی ہم میں سے ہر ایک کو تین تین سو درہم حصے میں آتے ہیں۔

چنانچہ میرے ہاشمی دوست نے اس رقم کو تقسیم کر دیا اور چلا گیا۔

ہمارے اس واقع کی اطلاع کسی طرح سے مامون کو مل گئی تو اس نے مجھے اپنے پاس بلایا اور واقعہ کی تفصیل سنی۔

پورا واقعہ سننے کے بعد اس نے سات ہزار درہم منگوائے اور کہا: "ان میں سے ایک ہزار درہم تیری بیوی کے ہیں اور باقی چھ ہزار درہم تم تینوں آپس میں برابر تقسیم کر لینا۔

۴۔ چراغ کا بجھا دینا:

حارث بیان کرتا ہے کہ ایک رات میں امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں امام عالی مقام علیہ السلام سے محو گفتگو تھا اور دوران گفتگو میں نے عرض کی کہ مولا! مجھے آپ سے ایک کام بھی ہے۔

امام علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: "کیا تو مجھے اس قابل سمجھتا ہے کہ میں تیری حاجت پوری کر سکوں گا۔

میں نے عرض کی: "جی ہاں! یا علی! خدا آپ کو جزائے خیر دے"۔

اچانک امام علیہ السلام اپنی جگہ سے اُٹھے اور آپ نے چراغ بجھا دیا اور بڑے لطف و کرم کے ساتھ میرے پہلو بہ پہلو آ بیٹھے اور فرمایا جانتے ہو میں نے یہ چراغ کیوں بجھایا؟ میں نہیں چاہتا کہ تم اگر مجھ سے کوئی سوال کرو اور سوال کی وجہ سے تمہارے چہرے پر ذلت احتیاج طاری ہو میں اُسے دیکھنا برداشت نہیں کرتا، کیونکہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے تھے کہ جب

مومنین کی حاجت کسی دوسرے دل میں سپرد کی جائے تو یہ ایک خدائی امانت ہوتی ہے اُسے چاہیے کہ وہ اسے دوسرے لوگوں سے پوشیدہ رکھے اور اس کو فاش نہ کرے تو اللہ تعالیٰ اُسے عبادت کا ثواب دے گا اور اگر کوئی اس امانت کو فاش کرے تو سننے والوں کا حق ہے اور اس صاحب حاجت مومن کی مدد کے لئے اُٹھ کھڑے ہوں۔ [1]

۵۔ علمائے حق کی سیرت:

علمائے نجف اشرف میں سے ایک عالم کا بیان ہے کہ میں ایک دن سبزی فروش کی دکان پر کھڑا تھا کہ میں نے دیکھا کہ مرحوم آیت اللہ سید علی آقا قاضی (متوفی ۱۳۶۶) جھکے ہوئے تھے اور اس سبزی فروش کی دکان سے ناکارہ پالک چن رہے تھے، آپ نے باسی پالک اٹھائی اور وہ پالک دکاندار کے حوالے کی اور سبزی فروش نے اس کا وزن کیا اور آپ نے اُسے قیمت ادا کی اور وہ باسی پالک اٹھا کر عبا کے دامن مین چھپا کر اپنے گھر کی طرف روانہ ہوئے۔

میں اُن کے پیچھے روانہ ہوا اور جا کر اُن سے کہا کہ حضرت آپ نے جو پالک کے پتوں کا انتخاب کیا یہ تو انتہائی باسی ہے، آخر آپ نے ایسا کیوں کیا؟

آپ نے مجھے فرمایا کہ جناب بات یہ ہے کہ دکاندار انتہائی غریب ہے اور مذہب حقہ کا پیروکار ہے میں کبھی کبھی اس کی مدد کیا کرتا ہوں، میں یہ نہیں چاہتا کہ اس کی مدد بلاعوض کروں اگر میں نے ایسا کیا تو اس شخص کی عزت، آبرو اور شرم مجروح ہو گا، اور اگر میں نے ایسے ہی اس کی مدد شروع کر دی تو ہو سکتا ہے کہ اس میں مفت خوری کی عادت جنم لے لے اور اگر ایسا ہو گیا تو یہ شخص کام کاج کرنا چھوڑ دے گا، ہمارے لئے کیا فرق ہے کہ اگر ہم تر و تازہ سبزی خریدیں یا باسی، مجھے معلوم ہے کہ یہ باسی سبزی اس سے کوئی بھی نہ خریدتا، دوپہر کے بعد اسے یہ باسی پالک دکان سے باہر پھینکنی پڑتی، اسی لئے میں نے اس سے یہ باسی پالک خریدی تا کہ وہ نقصان سے بچ جائے۔ [2]

---

[1] با مردم اینگونہ برخورد کنیم ص ۹۵، وافی ۶/ ۵۹۔

[2] سیمای فرزانگان ص ۹۳ ف ۳۔ مہر تابان ص ۲۰۔

باب نمبر 78

کینہ

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہے:

"وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِمْ مِنْ غِلٍّ" [1]

اور ہم ان کے سینوں میں موجود کدورتوں کو نکال لیں گے۔

حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:

"المومن کیس بحقود" [2]

مومن کینہ پرور نہیں ہوتا۔

مختصر تشریح:

کینہ کی جگہ دل میں ہوتی ہے کینہ پرور شخص کبھی بھی عزت واحترام حاصل نہیں کرسکتا، کینہ میں مبتلا شخص لوگوں پر تہمتیں لگائے گا اور لوگوں کے متعلق فحش گفتگو کرے گا وہ غلط قسم کی باتیں کر کے لوگوں کو اُن کی عزت اور آبرو اور دولت سے محروم کرنے کی کوشش کرے گا جب بھی اُسے کوئی مناسب موقع ملتا ہے تو وہ کینے کا بھرپور اظہار کرتا ہے۔

کینہ پرور شخص اپنے فریق مخالف کو دیکھ کر رنج والم میں گرفتار ہوتا ہے اور اگر وہ کینہ نہ رکھے تو اس کی آتش غضب تیز ہو جاتی ہے، کینہ رکھنے والے شخص کی قوت عقل، قوت غضب کے سامنے مغلوب ہو جاتی ہے بعض اوقات اس سے ایسے افعال سرزد ہوتے ہیں جس کی وجہ سے اُسے ساری زندگی کی پشیمانی اٹھانی پڑتی ہے، اور مومن کبھی بھی کینہ پرور نہیں ہوتا کیونکہ حسد وکینہ کی وجہ سے اچھائیاں ختم ہو جاتی ہیں، کینہ سے قوت عقل کا خاتمہ ہو جاتا ہے اور کینہ پرور شخص دوزخ کا ایندھن بنتا ہے۔ [3]

---

[1] سورہ الاعراف آیت نمبر ۴۳۔

[2] جامع السعادات ۱/۳۱۱۔

[3] احیاء القلوب ص

ا۔ ولید بن عقبہ کی کینہ پروری:

ولید (گورنر کوفہ) کے باپ کا نام عقبہ تھا اور عقبہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بدترین دشمن تھا، اس نے ایک دفعہ مکہ معظمہ میں رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بے ادبی کی تھی، جنگ بدر میں یہی عقبہ رسول اللہ سے جنگ کرنے کفار کے ہمراہ آیا تھا جنگ بدر میں کفار مکہ کو شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا اور عقبہ لشکر اسلام کے ہاتھوں قیدی ہوا تھا۔

اُسے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور پیش کیا گیا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کے تحت امیر المومنین علیہ السلام نے اُسے قتل کر دیا تھا۔

اسی لئے اُس کا بیٹا ولید ہمیشہ حضرت علی علیہ السلام سے کینہ رکھتا تھا، وہ حضرت عثمان کا رشتہ دار تھا اور حضرت عثمان نے اپنے دور خلافت میں ولید بن عقبہ کو کوفہ کا گورنر بنا دیا تھا یہ شخص شراب نوش تھا اور حضرت علی علیہ السلام کا بدترین دشمن تھا اور زندگی کے آخری لمحات تک مولا علی علیہ السلام پر سب وشتم کرتا رہا۔

ولید جب بیمار ہوا تو امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام اس کی عیادت کو تشریف لے گئے اس وقت وہ بے ہوش تھا جیسے ہی اس نے آنکھ کھولی تو حضرت امام حسن علیہ السلام سے کہا کہ میں نے جتنے بھی گناہ کئے ان سب پر میں پشیمان ہوں البتہ تیرے والد کے متعلق میں نے جو دشنام گوئی کی تو اس پر ہرگز پریشان نہیں ہوں۔

امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام نے فرمایا: "اس کی وجہ بھی میں جانتا ہوں کیونکہ میرے والد ماجد نے تیرے کافر باپ کو قتل کیا تھا اور جب تو نے کوفہ میں شراب نوشی کی تھی تو میرے والد ماجد نے تیرے اوپر حد شرعی جاری کی تھی لہٰذا مجھے بھی یہ امید نہیں ہے کہ تو میرے والد کا وفادار بن سکے یا اُن سے محبت کرے۔[1]

۲۔ ہند جگر خوار:

جنگ احد میں جناب حمزہ بن عبدالمطلب شیر غضب ناک کی طرح حملہ کر رہے تھے جنگ احد میں آپ نے تیس کفار کو قتل کیا اور اس کے بعد شہید ہوئے، جنگ بدر میں حضرت حمزہؓ نے اپنی بہادری کے جوہر دکھائے تھے اور جنگ بدر میں کفار کے لشکر میں ہند زن ابوسفیان کے باپ اور بھائی کو قتل کیا تھا اس لئے ہند کے دل میں حضرت حمزہؓ کا کینہ گھر کر گیا تھا۔

جنگ احد میں وحشی جو جبیر بن مطعم کا غلام تھا اسے ہند نے کہا کہ اگر تو حمزہ کو شہید کر دے تو میں تجھے نقد انعامات، زیورات اور آزادی دلوا دوں گی۔

چنانچہ اس نے چھپ کر حضرت حمزہؓ پر حملہ کیا جس کے نتیجے میں حضرت حمزہؓ شہید ہو گئے اور وحشی آپؓ کے شکم کو چاک کر

[1] کیفر کردار ۱۰۹،۱/۱۔

کے آپ کا جگر نکال کر ہند کے پاس لے گیا، اس نے چاہا کہ اس میں سے کچھ کھا لے منہ میں رکھا تو خداوند عالم نے اسے سخت کر دیا تا کہ حضرت حمزہؓ کے اجزائے بدن کافر کے جسم سے نہ ملیں اُس نے فوراً نکال دیا، اسی لئے وہ ہند جگر خوار کے نام سے مشہور ہو گئی۔

اُس کے پاس جتنے بھی زیورات تھے اس نے سب کے سب وحشی غلام کو دے دیئے اور خود جناب حمزہؓ کی لاش پر آئی آپؓ کے کان اور بدن کے کچھ اجزا کاٹ لئے باقی عورتیں بھی اس کی اقتداء میں مقتل گاہ میں آئیں اور انہوں نے باقی شہداء کا مثلہ کیا۔

ابو سفیان جناب حمزہؓ کی لاش پر آیا اور اپنے نیزے کی نوک آپ کے منہ میں چبھو کر کہنے لگا اے عاق (نافرمان) اس تکلیف کو چکھ۔ [1]

۳۔ ابن سلار:

چھٹی صدی ہجری میں ایک شخص مصری افواج کا سالار بنا اتفاق سے اس کا نام بھی ابن سلار تھا، پھر ترقی کرتے کرتے مقام وزارت حاصل کیا اور اس نے بھرپور طریقے سے لوگوں پر حکومت کی۔

ابن سلار کے متعلق مورخین لکھتے ہیں کہ یہ ایک بہادر اور ہوشیار شخص تھا البتہ اس میں عیب یہ تھا کہ وہ کینہ پرور تھا، اس کی کینہ پروری کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے جس وقت یہ ایک معمولی سپاہی تھا اس پر کسی کوتاہی کی وجہ سے کچھ جرمانہ عائد ہوا تھا۔

یہ اُس وقت کے خزانے کے افسر ابی الکرم کے پاس گیا اور اس سے کہا کہ اس پر ناجائز جرمانہ عائد کیا گیا ہے لہٰذا اس کا جرمانہ معاف کر دیا جائے، اس نے ابی الکرم کے سامنے جتنی بھی گفتگو کی لیکن ابی الکرم پر اس کا کوئی اثر نہ ہوا بلکہ ابی الکرم نے کہا کہ تو کچھ بیان کر رہا ہے مجھے سنائی نہیں دیتا۔

ابن سلار ناراض ہو کر اس کے دفتر سے باہر آیا البتہ ہمیشہ کے لئے اس نے ابی الکرم کے خلاف اپنے دل میں کینہ رکھ لیا۔

جب ابن سلار منصب وزارت پر فائز ہوا تو اُسے انتقام لینے کا موقع مل گیا آخر کار اس نے ابی الکرم کو اپنے دربار میں طلب کیا اور حکم دیا کہ اس کے ایک کان میں اتنی اتنی بڑی میخ ٹھونک دو جو اس کے دوسرے کان سے نکلے۔

جب ابی الکرم کے کان میں میخ ٹھونکی جا رہی تھی اور وہ چیخ رہا تھا تو ابن سالار نے کہا کہ مجھے تیری چیخیں سنائی نہیں دیتیں، آخر کار وہ شخص ہلاک ہو گیا۔ [2]

۴۔ کینہ دوستی میں بدل گیا

ثیبہ مکہ کے رہنے والا ایک کافر تھا اس کا باپ عثمان کفار مکہ کے ساتھ جنگ بدر میں شریک ہوا تھا اور مسلمانوں کے ہاتھوں قتل

---

[1] منتہی الامال ۱/۶۱۔

[2] داستانہا و پندہا ۱۶۳/۱، لغت نامہ دہخدا ابو سعد ص ۳۲۰۔

ہوگیا، اس جنگ میں اس کے خاندان کے آٹھ افراد مسلمانوں کے ہاتھوں مارے گئے تھے جس کی وجہ سے شیبہ کے دل میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کینہ گھر کر گیا تھا۔

شیبہ بیان کرتا ہے کہ مجھے جتنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دشمنی تھی پوری کائنات میں اور کسی سے اتنی دشمنی نہ تھی اس کی وجہ بھی ظاہر ہے کہ محمدؐ کی وجہ سے میرے خاندان کے آٹھ افراد قتل ہوئے تھے اور وہ سب کے سب حکومت اور پرچمداری کے قابل تھے، میرے دل میں ہمیشہ کینہ کی آگ بھڑکتی رہی یہاں تک کہ مکہ فتح ہوگیا مجھے سخت مایوسی ہوئی اور سوچتا رہا کہ اب میں محمدؐ سے کیسے بدلہ لے سکتا ہوں جب کہ پورا عرب محمدؐ کے ہاتھوں فتح ہو چکا تھا۔

پھر فتح مکہ کے بعد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنگ حنین کے لئے روانہ ہوئے راستے میں قبیلہ بن ہوازن کے لوگوں نے چھپ کر لشکر اسلام پر حملہ کیا لشکر اسلام کے اس لڑائی میں پاؤں جم نہ سکے، لشکر اسلام کو شکست ہوئی اور لوگ ادھر ادھر بھاگ گئے، شیبہ بیان کرتا ہے کہ میں بھی لشکر اسلام میں شامل تھا اور اس وقت میں نے سوچا کہ اب مجھے موقع مل جائے گا اور حضرت محمدؐ سے اپنے خاندان والوں کا بدلہ لے سکوں گا اور میں نے چاہا کہ میں جا کر محمدؐ پر حملہ کروں اور میں نے دیکھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دائیں طرف اُن کے چچا حضرت عباس کھڑے ہیں اور چاہا کہ محمد مصطفیٰ پر بائیں طرف سے حملہ کروں وہاں پر میں نے دیکھا کہ آپؐ کے چچازاد بھائی ابوسفیان بن حارث کھڑا ہوا ہے جو آپؐ کی حفاظت کر رہا ہے میں نے سوچا کہ یہ بھی ایک دلیر شخص ہے جو محمدؐ کی محافظت کر رہا ہے۔

چنانچہ میں پشت پیغمبرؐ کی طرف آ کر حملہ کرنا چاہتا تھا اور میں آپؐ کے پشت کی طرف اتنا قریب تر ہو چکا تھا اور اگر میں چاہتا تو اپنی تلوار سے محمد مصطفیؐ پر حملہ کر سکتا تھا میں نے تلوار بلند کی اور اچانک ایک شعلہ سا میرے اور محمدؐ کے درمیان حائل ہوگیا، اس شعلے کی چمک اتنی زیادہ تھی کہ میری آنکھیں چندھیا گئیں میں پیچھے ہٹا اور سمجھ گیا کہ خدا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حفاظت کر رہا ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا شیبہ! میرے پاس آؤ، جب میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس گیا تو انہوں نے میرے سینے پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا کہ پروردگار! اس کے سینے سے شیطان کو دور فرما، اس کے بعد جو میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرے کی طرف نگاہ کی تو آپ مجھے کائنات میں سب سے زیادہ محبوب دکھائی دیئے، اس طرح سے میرا کینہ دوستی میں بدل گیا۔

پس اس کے بعد میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دشمنوں سے اتنی زیادہ جذبہ سے جنگ کی کہ اگر آپؐ کے دشمنوں میں میرا باپ بھی ہوتا تو میں اُسے بھی قتل کر دیتا، جب جنگ ختم ہوئی تو میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے شیبہ تمہارے لئے وہ بہتر ہے جو خدا نے چاہا یا وہ بہتر تھا جو تو چاہتا تھا۔ [1]

---

[1] پیغمبر و یاران ۳/۲۹۸۔ بحار الانوار ۲۱/۱۵۶۔

۵۔ کینہ پرور منافق:

منافق کی نشانیوں میں سے ایک نشانی یہ ہوتی ہے کہ منافق کینہ پرور ہوتا ہے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں کینے مختلف انداز میں پروان چڑھتے رہے۔

ایک دفعہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی مسجد میں مہاجرین اور انصار کے ساتھ تشریف فرما تھے کہ اسی دوران حضرت علی علیہ السلام مسجد میں تشریف لائے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب حضرت علی علیہ السلام کی تعظیم کے لئے کھڑے ہو گئے اور پیغمبر اکرمؐ نے بھی بڑی گرمجوشی سے علی علیہ السلام کا استقبال کیا اور حضرت علی علیہ السلام آ کر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پہلو میں بیٹھ گئے، حاضرین میں دو افراد جو بڑے مشہور منافق تھے انہوں نے آپس میں سرگوشی کی۔

جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُن کو آپس میں سرگوشیاں کرتے دیکھا تو فرمایا کہ تم آہستہ باتیں کیوں کر رہے ہو، اُن پر آپ سخت ناراض ہوئے اور غضب کے اثرات آپؐ کے چہرہ مقدس پر ظاہر تھے اور فرمایا کہ اُس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے کوئی بھی شخص جنت میں نہیں جائے گا جب تک مجھ سے محبت نہ رکھے، لوگو! آگاہ رہو وہ شخص جھوٹا ہے جو یہ گمان رکھے کہ وہ مجھ سے محبت رکھتا ہے اور علیؑ ابن ابی طالبؑ سے عداوت رکھے، اس وقت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں لیا۔

اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ... (سورۃ مجادلہ آیت نمبر ۹)

جب آپس میں سرگوشی کرو تو گناہ اور سرکشی کے لئے آپس میں سرگوشی نہ کرو۔ [1]

---

[1] حکایتہای شنیدنی ۱۵۹/۳۔ بحار الانوار ۳۹/۲۷۰۔

باب نمبر 79

گریہ

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

فَلْيَضْحَكُوا قَلِيلًا وَلْيَبْكُوا كَثِيرًا [1]

انہیں چاہیے کہ وہ تھوڑا ہنسیں اور زیادہ روئیں۔

حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام کا فرمان ہے:

"بكاء العيون وخشية القلوب من رحمة الله تعالىٰ" [2]

آنکھوں کا رونا اور دل میں خضوع وخشوع کا پیدا ہونا رحمت خداوندی کی نشانی ہے۔

مختصر تشریح:

رحمت خدا کے مظاہر میں رونا بھی شامل ہے جب دل میں درد اٹھے اور انسان کی حالت خراب ہو تو اس وقت بے اختیار انسان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں، دنیادار لوگ اپنی دنیا کی وجہ سے روتے ہیں جب کے مصیبت زدہ لوگ اپنی مصیبت پر گریہ کرتے ہیں اور عشاق الٰہی عشق خداوندی میں گریہ کرتے ہیں، بہر نوع گریہ توفیق خداوندی سے ہوتا ہے اگر توفیق الٰہی میسر ہو تو آنکھوں میں آنسو ضرور آجاتے ہیں لیکن بعض دفعہ رونے کی بنیاد مکر وفریب پر مبنی ہوتی ہے جیسے جناب یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے یوسف کو کنویں میں دھکا دیا اور رات کو روتے ہوئے گھر واپس آئے۔

وہ شخص جسے آنکھوں سے آنسو نہ آئیں اور رو نہ سکے تو کم از کم خوف خدا میں اُسے رونے کی شکل ضرور بنانی چاہیئے تا کہ خدا کی رحمت کا مستحق بن سکے۔

اسی طرح سے سید الشہداء کے غم میں رونے کی بھی آئمہ ہدیٰ کی طرف سے، بہت زیادہ تاکید فرمائی گئی ہے۔

---

[1] سورہ توبہ آیت نمبر ۸۲۔

[2] تفسیر معین ص ۳۰۹۔

ا۔ حضرت نوح علیہ السلام:

علماء بیان کرتے ہیں کہ حضرت نوح علیہ السلام کا اصل نام عبدالغفار یا سکن تھا، آپؑ کی بددعا کی وجہ سے طوفان آیا جب تمام دنیا طوفان میں ڈوب گئی اور جب پانی خشک ہوا تو حضرت نوح علیہ السلام اپنے مومن ساتھیوں کے ساتھ زمین پر آباد ہوئے تو حضرت جبرائیل علیہ السلام حضرت نوح علیہ السلام کے پاس آئے اور فرمایا کہ اس سے قبل آپ ترکھان تھے اور لکڑی کا کام کیا کرتے تھے اور آپ کچھ دنوں کے لئے کوزہ گری کا پیشہ اختیار کریں۔

حضرت نوح علیہ السلام نے کوزہ گری شروع کر دی اور جب کچھ دنوں کے بعد انہوں نے بہت زیادہ کوزہ بنائے اور جب کوزے پک گئے تو حضرت جبرائیل امین نازل ہوئے اور فرمایا کہ خداوند تعالیٰ کا حکم ہے کہ اپنے ہاتھوں سے انہیں توڑ دو، حضرت نوح علیہ السلام نے چند کوزے بڑی ناگواری سے توڑے، جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا کہ آپؑ تمام کوزے کیوں نہیں توڑتے، فرمایا: ”میں نے بڑی محنت سے یہ تمام کوزے بنائے ہیں میرا دل نہیں چاہتا کہ انہیں اپنے ہاتھوں سے توڑوں“۔

جبرائیل امین نے فرمایا: ”نوحؑ! یہ بتاؤ کیا ان کوزوں میں کوئی جان ہے؟ کہا: ”نہیں“ جبرائیل امین نے فرمایا: ان کوزوں کے والدین یا کوئی اولاد ہے؟ نوح علیہ السلام نے فرمایا: ”نہیں“ جبرائیل امین علیہ السلام نے فرمایا کہ آپؑ نے جو کوزے بنائے مٹی اور پانی سے بنائے جب کہ مٹی بھی خدا کی ہے اور پانی بھی خدا کا ہے آپ نے تھوڑی سی محنت کر کے یہ کوزے تیار کئے، اب آپ ان کوزوں کو توڑنے پر راضی نہیں جو بے جان کوزے ہیں لیکن نوحؑ اندازہ تو کرو آپؑ نے اپنی بددعا کی وجہ سے کتنی مخلوقات کو ضائع کروا دیا جب کہ سب کے سب جاندار تھے، اُن کے والدین اور اولادیں بھی تھیں۔

حضرت نوح علیہ السلام نے جب حضرت جبرائیلؑ کی یہ بات سنی تو اتنا گریہ کیا کہ اس نوحہ گری کی وجہ سے آپ کا لقب نوحؑ مشہور ہو گیا۔[1]

۲۔ حضرت زہراؑ کا گریہ:

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے وجہ سے حریم ولایت پر تجاوز کی وجہ سے مسلمانوں کے ظلم وستم کی وجہ سے جناب زہرا سلام اللہ علیہا بہت زیادہ گریہ کرتی تھیں۔

مدینہ کے لوگ بی بی کے رونے سے عاجز آ گئے تھے اور انہوں نے بی بی سے کہا کہ بی بی ہم آپ کے رونے کی وجہ سے بہت پریشان ہوتے ہیں، بی بی مجبور ہو کر شہداء احد کی قبروں پر جا کر گریہ کرتی تھیں اور شام کے وقت گھر واپس آجاتی تھیں۔

ایک اور روایت میں ہے کہ مدینہ کے مسلمان حضرت علیؑ کے پاس آئے اور کہا کہ ابوالحسنؑ! فاطمہ دن رات اپنے والد ماجد

[1] جامع النورین ص ۱۲۲۔

کے غم میں روتی ہے اور ان کے رونے کی وجہ سے ہم راتوں کو سو نہیں سکتے ہم دن بھر محنت مشقت کرتے ہیں اور رات کو فاطمہ کے رونے کی وجہ سے ہمیں نیند نہیں آتی، یا علی آپ فاطمہ زہراؑ سے کہیں کہ وہ رونے کا وقت مقرر کرے یا دن کو روئے یا رات کو۔

حضرت علی علیہ السلام نے اُن مسلمانوں کا پیغام بی بی فاطمہؑ کو دیا تو انہوں نے کہا یا علیؑ آپ اُن سے کہیں کہ میں چند دن کی مہمان ہوں اس کے بعد میں بھی وہاں چلی جاؤں گی جہاں میرے والد ماجد چلے گئے ہیں بعد میں تمہیں میرے رونے کی وجہ سے پریشان نہ ہوگی، اس جواب کے بعد حضرت علیؑ نے بقیع کے مقام پر بی بی کے رونے کے لئے ایک چھوٹا سا گھر بنایا تھا جسے "بیت الاحزان" کہا جاتا تھا، بی بی صبح کے وقت اپنی اولاد کو لے کر جاتیں اور وہاں سارا دن مصروف گریہ رہتیں اور شام کو حضرت علیؑ آپ کو گھر لے آتے تھے۔[1]

۳۔ ۳۵ سال کا گریہ:

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ امام زین العابدین نے اپنے والد ماجد سید الشہداء پر پینتیس برس تک گریہ کیا، آپ دن کو حالت روزہ میں ہوتے اور رات کو عبادت خداوندی میں مشغول ہوتے تھے جب افطار کا وقت ہوتا تو غلام آپ کے سامنے غذا اور پانی لے آتا اور عرض کرتا کہ مولا! افطار کیجئے اس وقت جب آپ کی نگاہ غذا اور پانی پر پڑتی تو آپ کے منہ سے ایک آہ سرد نکلتی اور کہتے ہائے میرے والد مظلوم جن کو بھوکا پیاسا شہید کیا گیا، پھر آپ اتنا روتے کہ آپ کے آنسو سے آپ کی غذا تر ہو جاتی تھی اسی حالت میں آپ کی پوری زندگی بسر ہوئی یہاں تک کہ رب العالمین کے حضور پہنچ گئے۔

حضرت امام سجاد علیہ السلام کے ایک دوست کا بیان ہے کہ ایک دفعہ امام سجاد صحرا کی طرف تشریف لے گئے اور میں بھی اُن کے پیچھے پیچھے صحرا میں پہنچا، میں نے دیکھا کہ امام عالی مقام نے سخت پتھروں پر اپنا سر سجدہ میں رکھا ہوا تھا اور آپ گریہ کر رہے تھے، آپ کی چیخیں بلند ہوئیں اور حالت سجدہ میں کہہ رہے تھے:

"لا الہ الا اللہ حقاً حقاً لا الہ الا اللہ تعبداً ورقاً لا الہ الا اللہ ایماناً وصدقاً۔

آپ نے ہزار مرتبہ یہ تسبیح پڑھی۔

اس کے بعد آپ نے جب سجدہ سے سر اُٹھایا تو آپ کا چہرہ مبارک اور ریش اطہر آنسوؤں سے بھری ہوئی تھی۔

میں نے عرض کیا: "مولا! آپ اپنا غم ختم کریں اور کم گریہ کیا کریں"۔

آپ نے فرمایا: "وائے ہو تم پر تم نے بھی انصاف نہیں کیا، حضرت یعقوبؑ کو اللہ تعالیٰ نے بارہ بیٹے عطا کئے تھے اُن میں سے ایک بیٹا اُن کی نگاہوں سے اوجھل ہو گیا تھا وہ اتنا روئے کہ اُن کے بال سفید ہو گئے اُن کی قامت خمیدہ ہو گئی اُن کی آنکھیں سفید ہو گئیں اُن کا بیٹا بھی زندہ تھا جب کہ میں نے اپنے والد ماجد، بھائیوں اور سترہ خاندان کے لوگوں کو خاک و خون میں غلطاں دیکھا ہے یہ

---

[1] معصیت بزرگ ص ۷ ۴۔ بحار الانوار ۷۷/ ۱۳۳۔

دیکھنے کے بعد میں اپنا گریہ کیسے کم کر سکتا ہوں۔ [1]

۴۔ گریہ رحمت:

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صرف دو بیویاں صاحب اولاد بنیں تھیں، ایک بی بی خدیجۃ الکبریٰ اور دوسری ام المومنین بی بی ماریہ قبطیہ۔

اللہ تعالیٰ نے بی بی ماریہ قبطیہ کو ایک بیٹا عطا کیا تھا جس کا نام آپؐ نے ابراہیم رکھا تھا اور جناب ابراہیم اس دنیا میں ایک سال دو ماہ اور آٹھ دن تک زندہ رہے، ماہ ذی الحج ۸ھ کو اُن کی وفات ہوئی تھی۔

جیسے ہی حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند ابراہیم کی وفات ہوئی تو آپؐ بہت زیادہ مغموم ہوئے اور آپ کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے، اور آپ فرما رہے تھے کہ آنسو بہہ رہے ہیں اور دل مغموم ہے لیکن ہم ایسی کوئی بات نہیں کہیں گے جو خدا کی ناراضگی کا سبب ہو۔

پھر آپ آہ سرد بھر کر کہتے تھے ابراہیم! تیری وفات نے ہمیں غمزدہ کردیا۔

ام المومنین بی بی عائشہؓ کہتی ہیں کہ جب رسول خدا اپنے بیٹے کی وفات پر رو رہے تھے تو ایک شخص نے عرض کیا: "یا رسول اللہ! آپ تو ہمیں اس طرح رونے سے منع کرتے ہیں اور آپ خود کیوں رو رہے ہیں؟

آپؐ نے فرمایا: "یہ رونا نہیں ہے بلکہ یہ رحمت ہے اور شفقت کا اظہار ہے، جو کسی پر رحم نہیں کرتا وہ رحمت خدا کا بھی مستحق نہیں ہوتا۔ [2]

۵۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام کا گریہ:

ایک دفعہ حضرت یحییٰ علیہ السلام نے دیکھا کہ چند عبادت گزار افراد نے بیت المقدس میں بالوں کا لباس اور پشم کی ٹوپیاں پہنی ہوئیں ہیں، تو انہوں نے اپنی والدہ ماجدہ سے تقاضا کیا کہ وہ اُن کے لئے ایسا ہی لباس بنادیں، اُن کی والدہ ماجدہ نے اُن کو ویسا ہی لباس بنادیا اور آپ اسے پہن کر علمائے حق کے ساتھ بیت المقدس میں مشغول عبادت ہو گئے، وہ عبادت اور خوف خدا میں گریہ کرتے کرتے بہت ہی کمزور ہو گئے تھے، ایک دفعہ اللہ تعالیٰ نے جناب یحییٰ کو وحی فرمائی کہ تو بہت کمزور ہے تو اتنا گریہ کیوں کرتا ہے، مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم اگر تجھے آتش دوزخ کا علم ہوتا تو تو نے جو لباس زیب تن کیا ہوا ہے اس کی جگہ لوہے کا لباس پہنتا۔

حضرت یحییٰ علیہ السلام یہ خطاب سن کر اتنا روئے کہ انتہائی کمزور ہو گئے ایک دن حضرت یحییٰ علیہ السلام سے حضرت زکریا

---

[1] نمونہ معارف ۲/۵۸۹۔ انوار نعمانیہ ۲/۲۷۔

[2] داستانہا و پندہا ۱/۷۵۔ وسائل الشیعہ ۲/۹۲۱۔

علیہ السلام نے فرمایا: ''پیارے فرزند! تم اتنا گریہ کیوں کرتے ہو؟ میں نے تو تجھے خدا سے مانگ کر حاصل کیا ہے کہ خدا مجھے ایسا فرزند عطا کرے جو میرا نورِ چشم ہو۔

یحییٰ علیہ السلام نے عرض کیا: ''بابا جان! ایک دن آپ نے خود ہی فرمایا تھا کہ جنت اور جہنم کے درمیان ایک وادی ہے اور اس وادی کو وہ عبور کرے گا جو خوف خدا میں زیادہ گریہ کرے گا، اسی لئے میں رورہا ہوں تاکہ میں اس وادی کو عبور کرسکوں۔

ایک دن حضرت زکریا علیہ السلام بنی اسرائیل کو وعظ و نصیحت کر رہے تھے تو اس دوران حضرت زکریا علیہ السلام نے وادی سکران (جو کہ جہنم کی ایک وادی ہے) کا ذکر کیا جیسے ہی حضرت یحییٰ علیہ السلام نے لفظ سکران سنا تو روتے ہوئے وہاں سے اُٹھ کھڑے ہوئے اور شہر سے باہر چلے گئے اُن کے جانے کے بعد اُن کے والد، والدہ اور بنی اسرائیل کے چند جوان اُن کو تلاش کرنے کے لئے شہر سے باہر گئے۔ [1]

---

[1] ارسالۃ لقاءاللہ ص ۱۵۷/۶۳۔

باب نمبر 80

گناہ

قرآن مجید کا ارشاد خداوندی ہوتا ہے:

"فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْبِهٖ" [1]

ہم نے ان سب کو ان کے گناہوں کی وجہ سے پکڑ لیا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا:

"یس من عرق یضرب ولا نکبة ولا صداع ولا مرض الا بذنب" [2]

جب بدن میں کوئی رگ حرکت کرے یا انسان پر کوئی تکلیف آئے یا اس کا سر درد کرے یا جب بیماری میں مبتلا ہو تو اس کی وجہ اس کے گناہ ہوتے ہیں۔

مختصر تشریح:

گناہ کرنا ایک بیماری ہے اور انسان کا اپنے عیوب سے بے خبر رہنا اس بیماری کا سبب ہے جو کہ گناہوں سے بھی بڑا گناہ ہے۔

اپنے گناہ کو چھوٹا تصور کرنا بدترین جرم ہے گناہ کبھی بھی چھوٹا نہیں ہوتا، گناہ خدا کی نافرمانی کا نام ہے، گناہوں کی دو قسمیں ہیں ایک وہ گناہ ہیں جن کا تعلق انسان اور خدا کے ساتھ ہے مثلاً ایک انسان نماز نہیں پڑھتا تو اب خدا جانے اس کا بندہ جانے خدا جو چاہے اسے اس کی سزا دے۔

ایک جرم وہ ہے جو ایک انسان اپنے جیسے دوسرے انسان سے کرتا ہے جب تک فریق مخالف کی رضا حاصل نہ کر لی جائے تو قیامت کے دن حساب دینا بہت مشکل ہو جائے گا۔

گناہ کی دوا استغفار ہے، گناہوں سے شفا کی علامت یہ ہے کہ انسان اس گناہ کو ترک کر دے۔

---

[1] عنکبوت آیت نمبر ۴۰

[2] جامع السعادات ۳/۴۷

اور اگر شیطان اسے پھر بھی گمراہ کرے تو فوراً توبہ کرے اور آئندہ انسان اس گناہ کا اصرار نہ کرے۔

ا۔ حمید بن قحطبہ طائی کا گناہ:

عبداللہ بن بزاز نیشاپوری سے روایت ہے وہ کہتا ہے کہ میرے اور حمید بن قحطبہ طوسی کے درمیان ایک معاملہ تھا، جب میں اس سے ملنے گیا اس وقت ماہ رمضان تھا، جب میں اس کے پاس گیا تو میں نے دیکھا کہ حمید گھر میں بیٹھا ہے جس میں پانی کی ایک نہر جاری تھی، اس نے اپنے ہاتھ دھوئے اور مجھے بھی ہاتھ دھونے کا حکم دیا، میں نے ہاتھ دھوئے پھر اس کا خادم طعام لیکر حاضر ہوا، میرے دل سے یہ بات محو ہو گئی تھی کہ ماہ رمضان ہے اور میں روزہ سے ہوں، جب میں نے ہاتھ کھانے کی طرف بڑھایا تو مجھے یاد آیا کہ میں حالت روزہ سے ہوں۔

میں نے ہاتھ کھینچ لیا حمید کہنے لگا کہ کیوں ہاتھ کھینچ لیا؟ میں نے کہا کہ ماہ رمضان ہے اور میں بیمار نہیں اور کوئی وجہ بھی نہیں جو موجب افطار ہو شاید امیر کے لئے اس سلسلے میں کوئی علت اور عذر ہو جو اس کے لئے افطار کا سبب بنے وہ پلید کہنے لگا مجھے کوئی بیماری نہیں اور میرا بدن بھی صحیح وسالم ہے یہ کہہ کر وہ رونے لگا جب کھانا کھانے سے فارغ ہوا تو میں نے کہا اے امیر تیرے رونے کا سبب کیا ہے اس نے کہا کہ اس کا سبب یہ ہے کہ جس زمانے میں ہارون طوس میں تھا ایک رات آدھی رات کے وقت اس نے مجھے بلایا جب میں اس کے پاس گیا تو میں نے دیکھا کہ شمع اس کے پاس جل رہی ہے اور ننگی تلوار رکھی ہوئی ہے، اور ایک خادم اس کے پاس کھڑا ہوا ہے جب اس نے مجھے دیکھا تو کہنے لگا تو کس قدر میری اطاعت کے لئے حاضر ہے میں نے کہا جان و مال سے تیرا مطیع ہوں، پس کچھ دیر تک سر جھکائے رہا پھر مجھے جانے کی اجازت دی، جب میں واپس گیا تو پھر قاصد بلانے آیا اور اس دفعہ مجھے ڈر لگا میں نے کہا "انا اللہ وانا الیہ راجعون" گویا مجھے قتل کرنا چاہتا تھا جب اس نے مجھے دیکھا تو اسے شرم محسوس ہوئی اب مجھے بلاتا ہے تو قتل کر دے۔

جب میں اس کے پاس دوبارہ گیا تو اس نے مجھ سے پوچھا کہ میری اطاعت تیرے نزدیک کیسی ہے؟ تو میں نے کہا کہ جان و مال اور فرزند و اہل وعیال کے ساتھ تیرا فرمانبردار ہوں، پس اس نے تبسم کیا، دوبارہ مجھے رخصت کیا، ابھی میں اپنے گھر میں داخل ہی ہوا تھا کہ دوبارہ اس کا قاصد آیا اور مجھے اس کے پاس لے گیا، جب میں اس کے پاس پہنچا تو اس نے پہلے والی بات کا اعادہ کیا تو اس دفعہ میں نے جواب دیا کہ میں جان و مال سے بیوی واولاد اور اپنے دین کے ساتھ تیری اطاعت کرتا ہوں۔

رشید نے جب یہ جواب سنا تو ہنسا اور کہنے لگا یہ تلوار لو اور جو حکم تجھے یہ غلام دے اس کو بجالاؤ، پس خادم نے میرے ہاتھ میں تلوار دی اور مجھے ایسے مکان میں لے گیا جس کا دروازہ مقفل تھا پس اس نے تالا کھولا اور مجھے مکان کے اندر لے گیا، جب اندر گیا تو ایک کنواں دیکھا جو مکان کے صحن میں کھدا ہوا تھا، اور اس صحن کے اطراف میں تین حجرے تھے جن کے دروازوں پر تالے لگے تھے، پس اس نے اُن میں ایک کا دروازہ کھولا اور اس حجرے میں بیس افراد دیکھے، بوڑھے جوان اور بچے جن کے سروں پر گیسو تھے اور وہ زنجیروں میں جکڑے ہوئے تھے اور وہ سب کے سب اولاد علیؑ اور فاطمہ علیہا السلام تھے، پس اس خادم نے مجھ سے کہا خلیفہ نے تجھے حکم

دیا ہے کہ ان کی گردن اڑا دو پھر وہ ایک ایک کو میرے پاس لے آتا اور میں اس کنویں کے پاس کھڑا تھا اور اُن کی گردن اڑا دیتا اور یہاں تک کہ میں نے ان تمام کو قتل کر دیا، اس کے بعد اُن کے سر اور بدن اس کنویں میں پھینک دیئے اور اس نے دوسرے حجرے میں سے بھی بیس افراد کو نکال کر میرے سامنے لایا اور کہا کہ ان کو بھی قتل کر دو، اس کے بعد اس نے تیسرے حجرے کا دروازہ کھولا اس میں بھی بیس سادات قید تھے اُن کو بھی میں نے قتل کیا جب ان آخری بیس افراد میں سے میں نے انیس افراد کو قتل کر دیا اور میرے سامنے بیسویں کو لایا گیا تو وہ ایک بوڑھا شخص تھا، اس نے مجھ سے کہا تیرے ہاتھ کٹ جائیں اے بدبخت ملعون تو کیا عذر پیش کرے گا، رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں جب آپؐ نے تجھ سے پوچھا کہ تو نے میری اولاد کے ساٹھ افراد کو کیوں ظلم وجور سے قتل کیا تھا؟۔ جب میں نے یہ بات سنی تو میں کانپ گیا اور مجھے رعشہ محسوس ہونے لگا۔

تو خادم میرے پاس آیا اور وہ چیخا تو میں نے اس بوڑھے علوی کو بھی قتل کر دیا۔

جب میں اولاد رسول میں سے ساٹھ افراد کو بے گناہ قتل کر چکا ہوں تو مجھے روزہ اور نماز کیا فائدہ دیں گے اور مجھے یقین ہے کہ میں ہمیشہ جہنم میں رہوں گا۔ [1]

۲۔ ایک گناہگار کی جلاوطنی:

بنی اسرائیل میں ایک فاسق اور گناہگار شخص رہتا تھا اور شہر کے لوگ اس کے گناہوں کی وجہ سے تنگ آچکے تھے انہوں نے خدا کے حضور اس کے خلاف بددعا کی۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وحی فرمائی کہ اس فاسق انسان کو اس شہر سے جلاوطن کر دو تا کہ اس کی وجہ سے باقی لوگوں کو کوئی تکلیف نہ پہنچے، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس گناہگار جوان کو جلاوطن کیا وہ شخص دوسرے شہر میں چلا گیا۔

کچھ دنوں کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حکم خداوندی کے تحت اُسے اُس شہر سے بھی جلاوطن کرا دیا، اب اس کے رہنے کو کوئی جگہ نہ رہی وہ شخص ایک غار میں آکر بیٹھ گیا، غار میں رہنے کے بعد وہ فاسق جوان بیماری میں مبتلا ہو گیا اور وہاں پر کوئی بھی ایسا شخص نہیں تھا جو اس کی عیادت کرتا، اس وقت اس گناہگار کو اپنی موت کا یقین ہو گیا اس وقت اس گناہگار نے خدا کے حضور گڑگڑا کر التجا کی کہ پروردگار! اگر اس وقت میرے خاندان والے میرے ساتھ ہوتے تو میری اس بیچارگی کو دیکھ کر ضرور روتے، تو نے میرے والدین، میری بیوی اور میری اولاد کے درمیان جدائی ڈالی ہے لیکن آخرت کے دن مجھے دوزخ کا ایندھن نہ بنانا۔

اللہ تعالیٰ کو اس کی وہ مناجات پسند آئیں اللہ تعالیٰ نے کچھ فرشتوں کو اس کے ماں باپ اور بیوی بچوں کی شکل دے کر اس کے پاس بھیجا، جب اس گناہگار شخص نے اپنے رشتہ داروں کو غار میں دیکھا تو بہت خوش ہوا اور چند لمحات کے بعد اس کی روح پرواز ہو گئی۔

---

[1] کیفر کردار۔ ۳۰۲/۱۔ عیون اخبار الرضا ۱۰۹/۱۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وحی کی کہ میرا ایک دوست فلاں پہاڑ کی فلاں غار میں وفات پا چکا ہے آپ جائیں اُسے غسل دیں اور دفن کریں۔

موسیٰ علیہ السلام اس جگہ پر آئے اور اس کی لاش کو غور سے دیکھا تو آپؑ پہچان گئے یہ تو وہی گناہگار جوان ہے جس کے متعلق خدا نے انہیں جلاوطنی کا حکم دیا تھا۔

اور عرض کیا: ''اے پروردگار! یہ تو وہی فاسق نوجوان ہے جس کے متعلق تو نے مجھے حکم دیا تھا کہ اسے جلاوطن کروں۔

خدا نے فرمایا: ''ہاں موسیٰؑ! یہ جوان وہی ہے میں نے اس کے گریہ و بکا کی وجہ سے اس پر رحم کیا ہے اور میں نے اس کو معاف کر دیا ہے۔ [1]

۳۔ حضرت عیسیٰ وطلب باران:

ایک دن حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور آپ کے ساتھی طلب باران کے لئے شہر سے باہر صحرا میں پہنچے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے تمام حاضرین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ تم میں سے جس شخص نے گناہ کیا ہے وہ ہمیں چھوڑ کر واپس شہر کو چلا جائے، یہ سننے کے بعد سب لوگ واپس شہر کو چلے گئے صرف ایک نوجوان آپ کے ساتھ باقی بچا۔

آپؑ نے اس جوان سے فرمایا: ''اے جوان کیا تم نے کبھی بھی گناہ نہیں کیا؟

نوجوان نے جواب دیا: ''حضور! مجھے یاد تو نہیں ہے کہ میں نے کوئی گناہ کیا ہو البتہ ایک دن کا واقعہ ہے کہ میں نماز پڑھ رہا تھا ایک عورت میرے سامنے سے گزری تو میری آنکھیں اس پر ٹھہر گئی، جیسے ہی وہ دور گئی تو میں نے اپنی اس آنکھ کے ڈھیلے کو نکال اس کی طرف پھینک دیا''۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اس سے فرمایا: ''تم نے بہت بڑی توبہ کی ہے لہٰذا اب تم دعا کرو اور میں امین کہوں گا۔

چنانچہ اس جوان نے بارش کی دعا مانگی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے امین کہی اور خدا نے اُن کی دعا کو شرف قبولیت بخشا اور باران رحمت نازل فرمائی۔ [2]

۴۔ بیٹیوں کو زندہ درگور کرنے کی وجہ:

بیان کیا جاتا ہے کہ ایک قبیلے کا سردار تھا اور اُس کی دوسرے قبائل سے دشمنی بھی رہتی تھی، ایک دفعہ کسی دوسرے بادشاہ نے اس کے قبیلہ پر حملہ کر دیا، نتیجہ میں مقامی قبیلہ کو شکست ہوئی اور بادشاہ کے لشکر نے اُن کی عورتوں کو قیدی کر لیا اور اُن کا مال و دولت لوٹ

---

[1] عنوان الکلام ص ۸۷۔ جامع الاخبار۔

[2] شنید نہای تاریخ ص ۲۲۔ محجۃ البیضاء ۱/۲۹۹۔

لیا اور اس قبائل کے افراد جو باقی بچے تھے وہ فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے تھے۔

جب بادشاہ اُن عورتوں کو اپنے ساتھ لیکر چلا گیا تو اس نے حکم دیا کہ ان عورتوں کو فوجیوں میں تقسیم کر دیا جائے۔

جنگ سے فرار کرنے والے افراد بعد میں شرمندہ ہوئے اور انہوں نے کچھا اپنے شعرا کو کہا کہ بادشاہ کی خدمت میں اچھے اچھے اشعار پڑھو اور اُن میں ہماری عذر خواہی ظاہر کرو، تا کہ اسے ہمارے اوپر ترس آجائے۔

چنانچہ بادشاہ راضی ہو گیا اور اس قبیلے کے افراد بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنی عورتوں کی واپسی کی درخواست کی۔

بادشاہ نے کہا کہ عورتوں کی تو شادیاں ہو چکی ہیں اب میں انہیں تمہارے ساتھ جانے پر مجبور نہیں کروں گا، ہاں البتہ میں عورتوں کو اختیار ضرور دیتا ہوں اُن میں سے جو عورت تمہارے ساتھ جانے پر راضی ہو تو وہ تمہارے حوالے کر دوں گا۔

قیس بن عاصم کی بھی ایک بہن جو اس معرکے میں قید ہوئی تھی، بادشاہ نے اس کی شادی ایک قوی ہیکل اور خوبصورت جوان سے کی تھی۔

جب اس عورت سے یہ کہا گیا کہ تم اپنے بھائی کے ساتھ واپس جاؤ تو اس نے کہا کہ میں اپنے بھائی کے ساتھ کبھی بھی نہیں جاؤں گی میں اپنے شوہر کے ساتھ ہی رہوں گی، قیس بن عاصم نے اُسے بہت منت سماجت کی لیکن عورت راضی نہ ہوئی۔

اس کے بعد قیس اپنے وطن واپس آیا اور کہا کہ عورتوں میں کوئی وفا نہیں ہوتی لہٰذا اسے زندہ رکھنے کا بھی کوئی فائدہ نہیں اس دن سے عرب کے قبائل میں بیٹیوں کو زندہ درگور کرنے کی رسم بد شروع ہوئی۔ [1]

۵۔ گناہوں کا کفارہ:

بنی اسرائیل کے ایک نبی کا ایک جگہ سے گزر ہوا اس نے دیکھا کہ وہاں ایک دیوار گری ہوئی ہے اور اس دیوار کے نیچے ایک شخص کا آدھا وجود اندر دھنسا ہوا اور آدھا وجود باہر ہے، نبی نے دیکھا کہ حیوانات اس کے جسم پر مسلط تھے اور اس کا گوشت کھا رہے تھے۔

وہ نبی وہاں سے روانہ ہوا اور دوسرے شہر میں گیا اور دیکھا کہ اس شہر کا مشرک بادشاہ مر گیا تھا اور تمام اہل شہر اس کے مراسم عزا میں مصروف تھے بہت سے لوگ اس کے جنازے میں شامل تھے جب نبی نے یہ منظر دیکھا تو کہا: "پروردگار! تو صاحب حکمت اور عادل ہے وہ دیوار کے نیچے آکر مرنے والا شخص مومن تھا جس کا گوشت درندے کھا رہے تھے اور جب کہ یہ مرنے والا شخص مشرک ہے اس کی لاش کو بڑا احترام مل رہا ہے آخر اس کی وجہ کیا ہے؟۔

اللہ تعالیٰ کا خطاب ہوا: "دیکھو جیسا کہ تو نے خود کہا ہے کہ میں صاحب حکمت اور عادل ہوں اس مومن شخص کے کچھ گناہ

---

[1] جامع النورین ص ۸۷۔

تھے میں نے اُسے مشکل موت اس لئے دی تا کہ اس کے گناہ معاف ہو جائیں اور یہ مرنے والا بادشاہ مشرک تھا لیکن ظاہری زندگی میں اس کی کچھ اچھائیاں بھی تھیں اس لئے میں نے اُسے عزت کی موت دی تا کہ اس کی اچھائیوں کی جزا اُسے مل جائے اور آخرت میں اس کا کچھ بھی حصہ نہیں ہوگا"۔ [1]

[1] نمونہ معارف ۵/۲۹۹۔ کافی ۲/۲۸۸۔

باب نمبر 81

لذت

قرآن مجید میں ارشاد باری ہوتا ہے:

"بِكَأْسٍ مِّن مَّعِينٍ بَيْضَاءَ لَذَّةٍ لِّلشَّارِبِينَ" [1]

اہل جنت کو خالص اور سفید رنگ کی شراب کے پیالے پیش کیے جائیں گے جو کہ پینے والوں کے لیے لذت بخش ہوں گے۔

حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"شتان ما بین عملین عمل تذهب لذته و تبقی تبعته و عمل تذهب مؤونته و یبقی اجره" [2]

ان دو اعمال میں کتنا فرق ہے ایک وہ عمل ہے جس کی لذت تو جاتی رہے لیکن اس کی سزا باقی رہے اور دوسرا عمل وہ ہے جس کی تکلیف تو جاتی رہے لیکن اس کی جزا ہمیشہ کے لئے باقی رہے۔

مختصر تشریح:

انسانی طبیعت لذات کی طرف مائل رہتی ہے اور کچھ لذات ایسی ہیں جو شریعت میں قابل تعریف ہیں مثلاً عبادت اور علم حاصل کرنے کی لذت، کچھ لذات ایسی ہیں جن کی شریعت نے ممانعت کی ہے مثلاً ناجائز شہوات کی لذت اور حرام غذا کھانے کی لذت تو انسان کو چاہیے کہ حرام لذات سے پرہیز کرے۔

نعمات خداوندی کی قسموں میں فرق ہوتا ہے اسی طرح سے ان کی لذات میں بھی فرق ہے، اہل علم، علم حاصل کرنے میں لذت محسوس کرتا ہے چھوٹا بچہ ماں کے دودھ سے لذت حاصل کرتا ہے اور تاجر دولت جمع کر کے لذت حاصل کرتا ہے، ہر گروہ اور ہر شخص کی لذت کا معیار مختلف ہوتا ہے۔

---

[1] سورة الصافات (آیت نمبر ۴۶، ۶۵)

[2] نہج البلاغہ فیض الاسلام ۱۱۳۳۔

حلال لذات میں انسان کو افراط و تفریط سے کام نہیں لینا چاہیے کیونکہ زیادہ لذات کو حاصل کرنا بھی آفات و بلیات کا سبب بن جاتا ہے، حرام لذات تو ویسے ہی حرام ہیں۔

ا۔ سات لذات:

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میں امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں بیٹھا تھا میں نے ایک آہ سرد بھری، امام علیہ السلام نے فرمایا: ''دنیا کیلئے ٹھنڈی آہ بھر رہے ہو''؟

جابر نے عرض کی: ''جی ہاں مولا! دنیا میرے ذہن میں گردش کر رہی تھی اس لئے میرے دل سے ٹھنڈی سانس نکلی، امام علیہ السلام نے فرمایا:

جابر! یہ تمام لذتیں اور آسائشیں جو اس دنیا میں ہیں وہ سات ہیں، کچھ کھانوں میں لذت ہے کچھ چیزیں ایسی ہیں جن کے پینے میں لذت ہے اور کچھ چیزیں ایسی ہیں جن کے سننے میں لذت ہے، خواہشات جنسی میں لذت ہے، بعض دفعہ کسی سواری پر سوار ہونے پر انسان لذت محسوس کرتا ہے۔

کھانے میں بہترین چیز شہد ہے اگر غور کریں تو یہ مکھی کا لعاب دھن ہے، بہترین پینے کی چیز پانی ہے جسے مسلمان بھی پی رہے ہیں اور کافر بھی پی رہے ہیں، کانوں کو اچھی آواز اور ترنم سے لذت محسوس ہوتی ہے، جب کہ راگ راگنی حرام ہے، ناک کو بوئے مشک سے لذت محسوس ہوتی ہے جب وہ مشک نافہ ہرن سے حاصل کی جاتی ہے جو کہ ہرن کا خون ہوتا ہے، اور جنسی لذت مرد و عورت کے ملاپ سے ممکن ہے اور اس کی حقیقت یہ ہے وہ لذت پیشاب کے مقام سے حاصل ہوتی ہے۔

بہترین سواری پر سوار ہونا لذت ہے بعض دفعہ سواری کا جانور بگڑ بھی جاتا ہے جس سے انسان کی موت بھی واقع ہو جاتی ہے۔

بہترین لباس ریشم کا کپڑا ہے اور ریشم ایک کیڑے سے حاصل ہوتا ہے جب دنیا کی لذیذ ترین اشیاء کا یہ عالم ہے تو پھر عقل مند آدمی اس دنیا کے لئے آہ سرد کیوں بھرے۔

جابر کہتا ہے کہ خدا کی قسم امام علیہ السلام کے وعظ سے مجھ پر اتنا اثر کیا کہ میری کایا ہی پلٹ گئی۔

۲۔ دو خواجہ سرا:

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات طیبہ میں مدینہ میں دو خواجہ سرا زندگی بسر کرتے تھے اور یہ عام طور پر بے ہودہ گفتگو کرتے تھے اور لوگوں کو ہنسایا کرتے تھے۔

ایک دن یہ دونوں شخص ایک مسلمان سے گفتگو کر رہے تھے اور رسول پاکؐ نے چند قدموں پر کھڑے ہو کر اُن کی گفتگو سنی

اور وہ کہہ رہے تھے جب تم لوگ طائف پر حملہ کرو اور اُسے فتح کر لو تو وہاں غیلان ثقفی کی بیٹی کو ضرور تلاش کرنا اور اُسے قیدی بنا کر اپنے لئے مخصوص کر لینا اس کا چہرہ بہت خوبصورت ہے اس کی آنکھیں موٹی ہیں، کمر باریک ہے اور اس کی قامت کشیدہ ہے جب بیٹھتی ہے بڑے جاہ و جلال کے ساتھ بیٹھتی ہے، جب گفتگو کرتی ہے تو اس کی گفتگو بہت ہی جاذب ہوتی ہے اس کا چہرہ ایسا ہے اور پشت ایسی ہے۔۔۔۔۔ وہ ایسی باتیں کر کے ایک مسلمان کو ترغیب دے رہے تھے۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "میرا اندازہ یہ نہیں تھا کہ تم عورتوں کی طرف اتنا مائل ہو گے بلکہ میں تو یہ سمجھتا تھا کہ تمہارا تعلق اُن لوگوں سے ہے جو جنسی میلان نہیں رکھتے، لہٰذا آپ نے حکم دیا کہ انہیں مدینہ طیبہ سے باہر نکال دیا جائے۔

چنانچہ آپ کے حکم کے مطابق انہیں سرزمین "غرابا" میں بھیج دیا گیا، اور انہیں ہفتہ میں صرف ایک دن مدینہ طیبہ میں ضروریات زندگی کی اشیا، خریدنے کی اجازت تھی۔ [1]

۳۔ لذت مناجات:

ایک شخص کے پاس ایک غلام تھا اور اس شخص نے غلام سے کہہ رکھا تھا کہ رات کو جہاں چاہے جا سکتا تھا لیکن اس کے بدلے صبح اُسے ایک درہم دینا ہوگا۔

اس مالک کے پاس اور بھی غلام موجود تھے ایک دن کسی اور غلام نے مالک سے کہا کہ یہ شخص جو رات کو جاتا ہے اور صبح آ کر تمہیں ایک درہم دیتا ہے یہاں رات کو محنت مزدوری کا بھی کوئی تصور نہیں ہے، ہمارا شک یہ ہے کہ یہ غلام رات کو اس شہر کے قبرستان میں جا کر مردوں کے کفن چوری کرتا ہے اور اس میں سے آ کر صبح ایک درہم تجھے دیتا ہے جب مالک نے یہ بات سنی تو بہت مغموم ہوا اور جب رات کے وقت وہ غلام اس سے اجازت لینے کے لئے آیا تو اس نے اجازت دے دی۔

مالک نے اس کی نقل و حرکت دیکھنے کے لئے اُس کا پیچھا کیا وہ غلام شہر سے باہر ایک قبرستان میں آیا وہاں پر ایک وسیع خالی قبر تھی وہ اس میں داخل ہوا وہاں اُس نے سیاہ لباس پہنا اپنے آپ کو زنجیروں میں جکڑا اور اپنی پیشانی خاک پر رکھی اور اپنے حقیقی خدا سے راز و نیاز کرتا رہا۔

اس کا مالک دور بیٹھ کر یہ سب کچھ دیکھتا رہا اور روتا رہا، جیسے ہی صبح ہوئی تو غلام نے کہا: "پروردگار تو جانتا ہے میرا ایک مالک ہے جسے ہر صبح مجھے ایک درہم دینا ہوتا ہے پروردگار میرے پاس تو کچھ بھی نہیں ہے اب تو مجھے ایک درہم عطا کر تا کہ میں اپنے مالک کو ایک درہم دے کر راضی کر سکوں۔ جیسے ہی اس کی مناجات ختم ہوئی تو ہوا میں ایک نور سا پیدا ہوا اور جیسے ہی روشنی ختم ہوئی تو اس غلام کے ہاتھ میں ایک درہم آیا۔

جب مالک نے یہ منظر دیکھا تو اس نے غلام کو گلے لگایا، غلام حیران ہو گیا اور کہنے لگا پروردگار! میرے اور تیرے درمیان

---

[1] حکایتہائی شنیدنی ۳/۸۹۔ بحار الانوار ۲۲/۸۸۔

ایک راز تھا اب یہ راز فاش ہوگیا مہربانی فرما مجھے اپنے پاس بلالے، اس غلام نے جیسے ہی یہ کہا تو اس کی وفات ہوگئی۔

مالک نے لوگوں کو اس کے معاملے کی خبر دی اور اُسے اس قبر میں دفن کر دیا۔ [1]

۴۔ فالودہ یا باداموں کا حلوہ:

ایک دفعہ ہارون الرشید اور اس کی بیوی زبیدہ کے درمیان یہ اختلاف ہوا کہ فالودہ زیادہ لذیذ ہے یا باداموں کا حلوہ؟

اس فیصلے کے لیے قاضی ابو یوسف کو کہا گیا کہ وہ فیصلہ کریں کہ فالودہ زیادہ لذیذ ہے یا باباداموں کا حلوہ؟

قاضی نے جواب دیا: "میں غیب پر کیسے فیصلہ کروں جب تک دونوں چکھ نہ لوں؟

ہارون نے حکم دیا کہ قاضی صاحب کے سامنے ایک پیالہ فالودہ اور ایک پیالہ باداموں کا حلوہ لے آؤ، قاضی صاحب کبھی فالودہ کھاتے اور کبھی باداموں کا حلوہ، جب قاضی صاحب دونوں کا آدھا آدھا کھا بیٹھے تو اُن سے پوچھا گیا کہ اب بتاؤ فالودہ زیادہ لذیذ ہے یا باداموں کا حلوہ؟

قاضی نے کہا کہ سچ یہ ہے کہ میں ان دونوں کے درمیان کوئی فیصلہ نہیں دے سکتا، کیونکہ جب میں ایک کھاتا ہوں تو دل کرتا ہے کہ اس کے حق میں فیصلہ کروں لیکن دوسرا کہتا ہے کہ مجھے کھائے بغیر تم اس کے حق میں فیصلہ نہیں کر سکتے۔

لہٰذا ان پرانے دشمنوں کے اندر مجھے فیصلہ کرنا ہی نہیں آیا۔ [2]

۵۔ لوگوں کو قتل کر کے لذت حاصل کرنے والا:

حجاج ابن یوسف ثقفی بیس سال تک بنوامیہ کی طرف سے عراق کا گورنر رہا، اس نے بے شمار لوگ قتل کئے تھے وہ کہا کرتا کہ مجھے انسان قتل کرنے میں لذت محسوس ہوتی ہے جب میرے سامنے کسی شخص کا سر کاٹا جاتا ہے اور وہ انسان اپنے خون میں لت پت ہو جاتا ہے اور جب خون اس کے گلے سے جوش مار کر نکلتا ہے تو مجھے بے حد لذت محسوس ہوتی ہے اور یہ لذت ایک باکرہ اور خوبصورت لڑکی سے نکاح کرنے سے بھی زیادہ عزیز ہے۔ [3]

ایک مرتبہ اس ملعون نے روزہ رکھا اور نوکروں کو حکم دیا کہ اس کے لئے من پسند افطاری کا انتظام کیا جائے چنانچہ اشارہ فہم نوکروں سے اس کے لئے ایسی روٹیاں تیار کیں جنہیں سادات کے خون سے گوندھا گیا تھا اور اس لعین نے انہی روٹیوں سے افطاری کی۔ [4]

---

[1] عنوان الکلام ص ۳۰۔

[2] نمونہ معارف ۱/۲۸۱۔ بحائی ۲/۳۳۵۔

[3] جامع النورین ص ۳۳۱۔

[4] پند تاریخ ۳/۱۶۳۔

باب نمبر 82

مال

قرآن مجید میں ارشاد خداوند کریم ہے:

"لَتُبْلَوُنَّ فِیْٓ اَمْوَالِکُمْ وَاَنْفُسِکُمْ"۔[1]

تمہارے اموال اور جانوں کے ذریعہ سے تمہیں آزمایا جائے گا۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے:

"حب المال والشرف ینبتان النفاق"۔[2]

مال اور بزرگی سے محبت انسان کے دل میں نفاق کو جنم دیتی ہے۔

مختصر تشریح:

مظاہر دنیوی سے محبت انسان کو چند ساعت کے لئے اپنے آپ میں مشغول کر دیتی ہے مثلاً اچھا کھانے کی خواہش، جنسی آمیزش کی خواہش بعض دفعہ انسان مال کی محبت میں زیادہ مشغول ہو جاتا ہے۔

کچھ لوگ مال کی محبت میں مصروف ہو جاتے ہیں اور دولت جمع کرنا شروع کر دیتے ہیں، اگر دولت انسان کے پاس جائز طریقے سے جمع ہو اور جائز کاموں پر خرچ ہو تو انسان کے لیے بہت ہی فائدہ مند ثابت ہوتی ہے اور اگر یہی دولت ناجائز طریقوں سے جمع ہو اور غلط کاموں پر خرچ ہو تو اس سے انسان کی ہلاکت یقینی ہو جاتی ہے۔

حب المال سے مراد یہ نہیں کہ انسان کے پاس دولت ہو تو وہ اس سے محبت کرے، دنیا میں ایسے افراد بھی ہیں جن کے پاس دولت نام کی کوئی چیز نہیں ہوتی لیکن ہر وقت اُن کے دل دولت کے لئے حریص ہوتے ہیں اور وہ دوسروں کی دولت پر طمع کی نگاہ رکھتے ہیں، ایسے افراد نفاق میں مبتلا ہو جاتے ہیں خدا سے غافل ہو جاتے ہیں اُن کے دلوں سے نور ایمان ختم ہو جاتا ہے۔[3]

---

[1] سورۃ آل عمران آیت نمبر ۱۸۶۔

[2] جامع السعادت ۲/۳۶۔

[3] احیاء القلوب ص ۸۶۔

۱۔ یہ تمام دولت کہاں سے آئی ؟

جب معاویہ کے وزیر عمرو بن عاص کا وقت وفات قریب آیا تو وہ رونے لگا، اس کے بیٹے نے کہا: ''ابا جان! آپ کیوں رو رہے ہیں؟''

کیا آپ موت کو سامنے دیکھ کر رو رہے ہیں؟

عمرو عاص نے کہا: ''نہیں میں موت سے نہیں ڈر رہا ہر شخص نے مرنا ہے اگر مجھ پر بھی موت وارد ہو جائے تو کوئی نئی بات نہیں ہے میں اس بات پر رو رہا ہوں کہ مرنے کے بعد مجھ سے کیا سلوک ہوگا''۔

اس کے بیٹے عبداللہ نے کہا: ''آپ رسول اللہ کے صحابی ہیں آپ نے اُن کے ساتھ اچھے دن گزارے ہیں''۔

عمرو عاص نے کہا: ''بیٹا میں نے زندگی تین طبقات میں گزاری، زندگی کے پہلے حصہ میں میں کافر تھا اور رسول خدا کا بدترین دشمن تھا اور اگر اس وقت میں مرجاتا تو بلاشبہ میں جہنم میں جاتا۔

زندگی کے دوسرے حصہ میں میں نے رسول خدا کی بیعت کی اور ان کا اچھا دوست بن کر رہا اور اگر اُن ایام میں مجھ پر موت وارد ہو جاتی تو میں یقیناً جنت میں جاتا، پھر پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد میری زندگی کا تیسرا مرحلہ شروع ہوا اور میں حکومت کے کاموں میں مشغول ہو گیا، اب میں نہیں جانتا میرا انجام کیا ہے؟

واضح رہے کہ عمرو بن عاص معاویہ کا دست راست تھا اور معاویہ کے ساتھ دنیا طلبی میں مشغول رہتا تھا اس کی موت کے وقت اس کے پاس ستر گائے کی کھال کے برابر سرخ دینار جمع تھے، موت کے وقت اس نے حکم دیا کہ اس کی ساری دولت حاضر کی جائے، اس کے غلاموں نے ستر کھالوں میں بھری ہوئی دولت اس کے سامنے پیش کی۔

اس نے اپنی اولاد سے کہا کہ اس دولت کو آخرت کی تکلیف کے ساتھ کون مجھ سے اپنے ہاتھوں سے لے گا؟ اس کے بیٹے عبداللہ نے کہا: ''میں یہ قبول نہیں کرتا، اور مجھے کیا معلوم یہ دولت کہاں کہاں سے جمع کی گئی ہے اور لوگوں کو اُن کی دولت میں واپس نہیں کر سکوں گا۔

جب معاویہ کو اس کی دولت کا علم ہوا تو اس نے کہا کہ تمام تر خرابیوں کے باوجود میں اس دولت کو قبول کرتا ہوں، چنانچہ اس کی ساری دولت مصر سے دمشق معاویہ کی طرف بھیج دی گئی۔ [1]

۲۔ حب دنیا کا انجام:

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنے حواریوں کے ساتھ

---

[1] راہنمائی سعادت ۲۲ /۱۔ ناسخ التواریخ جلد امام حسن ص ۲۹۔

کہیں جا رہے تھے کہ راستے میں اُن کا گزر ایک بستی سے ہوا جس کے رہائشی گلیوں اور گھروں میں مرے پڑے تھے، آپ نے فرمایا: ''یہ لوگ اپنی طبعی موت نہیں مرے، اگر یہ طبعی موت مرتے تو انہیں کوئی دفن ضرور کرتا اور یوں پوری بستی ویران نہ ہوتی یقینی طور پر ان پر اللہ کا عذاب نازل ہوا ہے''۔

حواریوں نے کہا: ''کاش ہمیں معلوم ہو سکتا کہ ان پر اللہ کا عذاب کیوں نازل ہوا؟

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو پروردگار کی طرف سے وحی نازل ہوئی کہ ''آپ انہیں صدا دیں، ان میں سے ایک شخص آپ کے ساتھ بات کرے گا اور آپؑ کے سوالوں کا جواب دے گا''۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے آواز دی: ''بستی والو!''

ایک شخص نے جواب دیا: ''روح اللہ! فرمائیں کیا کہنا چاہتے ہیں؟''

آپؑ نے فرمایا: ''اس وقت تمہاری کیا حالت ہے اور تمہارا معاملہ کیا ہے؟''

اس نے جواب دیا: ''ہم صبح کے وقت بالکل خیریت سے بیدار ہوئے تھے اور شام کے وقت ہم ''حاویہ'' میں پہنچ گئے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: ''حاویہ'' کیا ہے؟۔

اس نے جواب دیا: ''حاویہ آگ کا دریا ہے جس میں پہاڑ جل رہے ہیں''۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے پوچھا: ''تمہارا جرم کیا تھا؟''

اس نے کہا: ''ہم دنیا سے محبت اور طاغوت کی اطاعت کرتے تھے جس نے ہمیں ''حاویہ'' بھیجا ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: تمہیں دنیا سے کتنی محبت تھی؟۔

اس نے کہا: ''جتنی محبت چھوٹے بچے کو ماں کے پستان سے ہوتی ہے''۔ ہمیں بھی دنیا سے اتنی ہی محبت تھی، جب دنیا ہماری طرف رخ کرتی ہم خوش ہوتے اور جب وہ منہ پھیرتی تو ہم غمگین ہو جاتے تھے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: ''طاغوت کی اطاعت میں تم کہاں تک جا پہنچے تھے؟۔

اس نے کہا: ''ہمیں طاغوت جو کچھ کہتے ہم اس پر فوراً عمل کیا کرتے تھے''۔

پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے پوچھا: ''ان تمام مردوں میں سے مجھے صرف تو نے ہی جواب دیا اور باقی مردے کیوں خاموش رہے؟۔

اس نے کہا: ''ان کے منہ میں آگ کی لگامیں ڈالی جا چکی ہیں اور تند خو اور سخت گیر فرشتے ان کے عذاب کے لئے مامور ہیں۔

میں بھی انہیں میں رہتا تھا لیکن میں ان کی پیروی نہیں کرتا تھا، جب اللہ کا عذاب آیا تو اس نے مجھے بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا، اس وقت میں دوزخ کے کنارے ایک بال سے لٹکا ہوا ہوں اور اندیشہ ہے کہ کسی بھی وقت وہ بال ٹوٹ سکتا ہے اور میں دوزخ میں

جا سکتا ہوں"۔

اس کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے حواریوں سے فرمایا: "سلامتی دین کے ساتھ نان جویں کھا کر اروڑی پر سونا بہتر ہے"[1]

۳۔ دولت کا صحیح مصرف:

خلیفہ دوم کے زمانے میں جب لشکر اسلام نے ایران فتح کیا تو وہ لشکر اسلام کو بادشاہ کسریٰ کے محل سے کافی مال غنیمت ملا، اس میں ایک بہت بڑا قالین تھا جو سونے کی تاروں سے بنا ہوا تھا اور اس کی لمبائی تین سو پچاس میٹر تھی، مورخین لکھتے ہیں کہ اس قالین کا نام بہارستان کسری تھا۔

اس قالین کو مدائن میں لایا گیا اور اُسے تقسیم کر کے مسلمانوں میں تقسیم کیا گیا، حضرت علی علیہ السلام کو اس میں سے جو قالین کا ٹکڑا ملا تو آپؑ نے اُسے فروخت کر دیا اور اُس کے ذریعے سے اپنی زراعت میں توسیع فرمائی، حضرت علی علیہ السلام نے ویران کنواں خریدا اس کی مرمت کروائی پھر آپ نے وہاں تین لاکھ کھجوروں کی گٹھلیاں کاشت کروائیں، اُسے خود پانی پلاتے رہے یہاں تک کہ وہاں پر ایک بہت بڑا نخلستان ہو گیا، آپ نے اُس نخلستان کا کچھ مجاہدین کے لئے وقف کر دیا اور کچھ حصہ ضرورت مندوں کے لئے وقف کر دیا تا کہ ہر سال اس کی کمائی سے غریب لوگوں کی امداد کی جا سکے۔[2]

۴۔ فضول خرچی کی بدترین مثالیں:

ابو یاسر بغدادی کہتا ہے کہ اسلام کی تاریخ میں دو ولیمے ایسے گزرے ہیں جن کی مثال نہ پہلے ملتی ہے اور نہ ہی مستقبل میں ملے گی۔

پہلا ولیمہ زبیدہ اور ہارون کی شادی پر دیا گیا تھا، ولیمہ کے شرکاء پر سونے چاندی کی بارش کی گئی۔

دوسرا ولیمہ حسن بن سہل کی بیٹی پوران دخت اور مامون الرشید کی شادی پر دیا گیا، اس ولیمہ پر مامون نے جو خرچ کیا سو کیا لیکن حسن بن سہل نے نوازشات کی حد کر دی تھی اس تقریب میں جتنے بنی ہاشم، سپہ سالار اور کاتب اور حاجب شریک ہوئے ان سب میں پرچیاں تقسیم کی گئی تھیں۔

کسی پرچی میں باغ کا ملکیت نامہ تھا، کسی پرچی میں کنیز کا نام درج تھا اور کسی پرچی میں بہت بڑا انعام لکھا ہوا تھا اور جس شخص کو جیسی ہی پرچی ملی تو وہ لے کر حسن بن سہل کے ملازم کے پاس گیا اور اُس نے پرچی پر لکھا ہوا انعام اس کے حوالے کیا۔

---

[1] بحار الانوار ۱۴/۳۲۲۔ الکافی میں طاغوت کی بجائے اہل معصیت کے الفاظ درج ہیں۔

[2] دکاشتھای شنیدنی ۲/۷۸۔

شادی کے شرکاء کے لیے آنے جانے کے لئے چھتیس ہزار ملاحوں کی خدمات حاصل کی گئی تھیں، دلہن کی رونمائی کے لئے سونے کی تاروں سے بنی ہوئی چٹائی تیار کرائی گئی تھی اور اس چٹائی پر دلہن کے ساتھ زبیدہ دختر جعفر اور حمدونہ دختر ہارون بیٹھی تھی۔

مامون نے زبیدہ سے پوچھا: ''حسن بن سہل نے اس ولیمہ پر کتنا خرچ کیا ہے؟''

زبیدہ نے کہا: ''تیس (۳۰) کروڑ سے سینتیس (۳۷) کروڑ دینار خرچ کیا ہے''۔

جب حسن بن سہل نے زبیدہ کا تخمینہ سنا تو اس نے کہا: ''زبیدہ کو کیا پتہ ہے ولیمہ پر اخراجات اس نے تو نہیں کئے تھے اس ولیمہ پر میرے اسی کروڑ دینار خرچ ہوئے ہیں''۔

قارئین کرام! آپ نے دو بادشاہوں کے ولیمہ پر ہونے والے اخراجات ملاحظہ فرمائے، اسی سے علی علیہ السلام کے طرز زندگی اور نام نہاد خلفاء اسلام کے طرز زندگی کا واضح فرق نظر آتا ہے اور ہر باشعور انسان یہ کہنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ علی علیہ السلام انسانیت کے رہبر تھے اور اموی اور عباسی سلاطین بدترین حکام تھے جن کا مطمع نظر سوائے دولت کے علاوہ کچھ نہ تھا۔[1]

۵۔ چار دینار:

رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عظیم المرتبت صحابی حضرت ابوذر غفاریؓ کو والی شام معاویہ نے خلیفہ سوم کے فرمان کے تحت شام سے مدینہ روانہ کیا، تیز اونٹ پر مسلسل سفر کرنے کی وجہ سے ان کی رانیں زخمی تھیں، ان میں کھڑے ہونے کی سکت نہ تھی، زخمی حالت میں اپنے عصا پر ٹیک لگائے دربار عثمان میں پیش ہوئے۔

انہوں نے ملاحظہ کیا کہ خلیفہ کے سامنے درہم و دینار کا ڈھیر لگا ہوا ہے اور لوگ بھی اس نیت سے کھڑے ہوئے ہیں کہ شاید یہ دولت تقسیم ہو تو انہیں بھی کچھ حصہ مل جائے۔

جب ابوذرؓ کی نگاہ اس دولت پر پڑی تو خلیفہ سے پوچھا یہ کس کی دولت ہے؟

خلیفہ نے کہا: ''اطراف کے گورنروں نے ایک لاکھ درہم روانہ کئے ہیں اور میں چاہتا ہوں کہ ایک لاکھ مزید آجائیں تو اسے مسلمانوں میں تقسیم کروں''۔

ابوذرؓ نے کہا: ''ایک لاکھ درہم زیادہ ہیں یا چار درہم؟''

خلیفہ نے کہا: ''ایک لاکھ درہم زیادہ ہیں''۔

ابوذرؓ نے کہا: ''تمہیں اچھی طرح یاد ہوگا کہ ہم اکٹھے مل کر ایک رات رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں گئے تھے آپؐ اس وقت بہت اداس تھے آپؐ نے ہم سے کوئی خاص گفتگو نہ فرمائی اور جب ہم صبح آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ بڑے خوش تھے، ہم نے آپؐ سے پوچھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! رات آپ اداس کیوں تھے؟

---

[1] تتمہ المنتہی۔ ص ۱۹۹؛ آئینہ تاریخ ۱۲/۳۔ کشکول بحرانی ۱۹/۲۔

آپؑ نے فرمایا: ''رات میرے پاس مسلمانوں کے مال میں سے چار دینار بچ گئے تھے ان کی وجہ سے میں ساری رات بے چین رہا کہ کہیں ان کی تقسیم سے پہلے موت نہ آجائے اور آب میں نے وہ چار دینار راہ خدا میں تقسیم کر دیئے ہیں اس لئے خوش ہوں''۔[1]

[1] پیغمبرو یاران ۱/۵۳۔ اعیان الشیعہ ص ۳۵۹۔

باب نمبر 83

محبت

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ۔[1]

آپ کہہ دیں کہ اگر تم خدا سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"ما التقی المومنون قط الا کان افضلهما اشدهما حبا لاخیه۔"[2]

جب بھی دو دینی بھائی ملاقات کرتے ہیں اُن میں سے افضل وہ ہوتا ہے جو اپنے بھائی سے زیادہ محبت کرتا ہے۔

مختصر تشریح:

خدا، رسول، مومنین اور والدین اور ان جیسے لوگوں کی دوستی معرفت سے حاصل ہوتی ہے، جتنا جن لوگوں کی معرفت زیادہ ہو گی اتنا اُن میں محبت بھی زیادہ ہوگی، دنیا میں جو شخص جس سے محبت رکھتا ہے وہ اُس کے ساتھ محشور کیا جائے گا، ہر وہ دوستی جس میں خدا شریک نہ ہو تو ایسی دوستی رحمت حق سے دور ہوتی ہے اور بعد میں وہ دشمنی میں بدل جاتی ہے۔

اللہ تعالیٰ جب کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اس کی محبت کو اپنے اصفیاء، ملائکہ اور سکان عرش کے دلوں میں قرار دیتا ہے اور وہ بھی اُس سے محبت کرنے لگ جاتے ہیں، محبت اس باد نسیم کی طرح ہے جب وہ چلتی ہے تو حرکت و حیات ملتی ہے محبت پانی کی مانند ہے جس کی وجہ سے نباتات وہ حیوانات کو زندگی نصیب ہوتی ہے۔[3]

---

[1] سورۃ آل عمران آیت ۳۱۔

[2] جامع السعادات ۳/۱۸۴۔

[3] تذکرۃ الحقائق ص ۸۹۔

ا۔ اللہ کو بندوں سے کتنی محبت ہے:

ایک دن کا واقعہ ہے ایک شخص جو مدینہ طیبہ کی طرف آرہا تھا راستے میں بیابان آیا اور اس نے وہاں ایک پرندہ کا گھونسلا دیکھا وہ گھونسلے کے قریب گیا اس میں پرندے کے چھوٹے بچے تھے۔

اُس شخص نے پرندے کے وہ چھوٹے بچے اٹھائے اور ہدیہ کے طور پر رسول خداؐ کی خدمت میں لے آیا، جب وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آیا تو اس پرندے کے وہ بچے رسول پاک کی خدمت میں بطور ہدیہ پیش کئے، وہاں پر آپؐ کے کافی اصحاب بھی موجود تھے۔

لوگوں نے دیکھا کہ اُن کی ماں لوگوں سے خوفزدہ ہوئے بغیر اڑتی ہوئی آئی اور اپنے بچوں کے اوپر آکر گر گئی معلوم ہوا جب اُس شخص نے بچے اُٹھائے تو وہ اپنے بچوں کی خوشبو سونگھتے ہوئے وہاں پر آ گئی۔

حاضرین نے ماں کی ممتا کو دیکھ کر بڑا تعجب کیا۔

رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "لوگو! تم نے دیکھا کہ ایک ماں کے دل میں اس کے بچوں کے لئے کتنی محبت موجود ہوتی ہے تمہیں جان لینا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کو اپنے بندوں سے ہزار گنا زیادہ محبت ہے۔ [1]

۲۔ ایک لکڑی کے ساتھ محبت:

ایک دن ابو حنیفہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں علم حدیث اور فقہ کا علم حاصل کرنے کے لئے حاضر ہوا، اس وقت امام جعفر صادق علیہ السلام ایک عصا کا سہارا لیکر گھر سے نکلے۔

ابو حنیفہ نے عرض کیا: "یا ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابھی آپؑ کی اتنی عمر تو نہیں کہ آپؑ کو عصا کا سہارا لینا پڑے"۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: "تم سچ کہتے ہو بات یہ ہے کہ یہ عصا حضرت محمد مصطفیٰؐ کا ہے اور میں اسے متبرک سمجھ کر اپنے پاس رکھتا ہوں"۔

ابو حنیفہ جلدی سے اٹھے اور اس عصا کو بوسے دینے لگا، حضرت امام جعفرؑ نے اپنا ہاتھ آگے بڑھایا اور کہا تو جانتا ہے میرا یہ گوشت پیغمبر اکرمؐ کے خون سے بنا ہوا ہے تو نے اسے تو بوسہ نہیں دیا اور رسول خدا کے عصا کو بوسے دینے شروع کئے جو کہ فقط ایک لکڑی ہے۔

---

[1] داستانھاو پندھا ۱۱۲/۵ امالی الاخبار:

۳۔ المرء مع من احب:

امام صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ ایک تیلی تھا جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بہت زیادہ محبت کیا کرتا تھا اور اس کا اصول یہ تھا کہ جب تک حبیب خدا کے چہرہ اطہر کی زیارت نہ کر لیتا اس وقت تک اپنے کام پر نہ جاتا۔

جب وہ آتا تو آپ بھی سامنے آجاتے تا کہ وہ آپ کا دیدار کر سکے۔

حسب عادت ایک دن وہ آپؐ کے دیدار میں مصروف ہو گیا حبیب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''بیٹھ جاؤ''۔

وہ بیٹھ گیا تو آپ نے فرمایا: ''کیا وجہ ہے کہ آج تم نے ایسا کام کیا ہے، جو پہلے کبھی نہیں کیا تھا؟''

اس نے عرض کیا: ''یارسول اللہ! اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا جب میں یہاں سے روانہ ہوا تو میرے دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ آج کام کے لئے نہیں جانا چاہیے تو میں کام پر نہیں گیا، واپس آیا تو آپؐ کے چہرہ انور کو دوبارہ دیکھنے کی خواہش لیکر حاضر ہو گیا''۔

آنحضرت نے اس کے حق میں دعا فرمائی، اس واقعے کے چند دن تک آپ کا شیدائی دوبارہ نہ آیا، آپؐ نے اصحاب سے اس کے متعلق دریافت فرمایا تو انہوں نے بھی لاعلمی کا اظہار کیا۔

پھر آپؐ چند ساتھیوں کو لیکر اس کی دکان پر گئے وہ دکان پر بھی نہیں تھا، اور دکان کو تالا لگا ہوا تھا پھر آپ اس کے محلے میں تشریف لائے اور اس کے ہمسایوں سے اس کے متعلق دریافت فرمایا تو انہوں نے بتایا کہ وہ فوت ہو چکا ہے۔

پھر اس کے ہمسایوں نے آپؐ سے کہا: ''یارسول اللہ! وہ ایک امین شخص تھا اور ہمیشہ سچ بولتا تھا لیکن اس میں یہ عیب تھا کہ وہ عورتوں کا پیچھا کیا کرتا تھا''۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ اس پر رحم کرے، خدا کی قسم وہ مجھ سے بہت زیادہ محبت کیا کرتا تھا اگر وہ بردہ فروش (جو آزاد انسان کو غلام بنا کر بیچتے ہیں) بھی ہوتا تو خدا اُسے ضرور معاف کرتا''۔ [1]

۴۔ ایک یہودی جوان:

ایک دفعہ حضرت سلمان فارسیؓ نے حضرت علی علیہ السلام سے درخواست کی کہ مجھے کوئی پوشیدہ راز دکھائیں۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: ''تم فلاں یہودی کی قبر پر چلے جاؤ''۔

حضرت سلیمان اس قبرستان میں آئے اور قدرت خدا سے اس یہودی کی قبر آئینہ کی طرح سے صاف ہو گئی، انہوں نے اندر دیکھا کہ وہ یہودی ایک وسیع اور خوبصورت محل میں بیٹھا ہوا تھا۔

---

[1] نمونہ معارف ۴/۱۳۵۔ روضہ کافی ص ۷۸۔

حضرت سلیمان نے اس سے پوچھا: تو نے کونسا ایسا نیک کام کیا ہے جس کی وجہ سے تمہیں یہ قدر و منزلت ملی؟"۔

اس نے جواب دیا: "یہ میری بدبختی ہے کہ میں اسلام قبول نہیں کر سکا لیکن میں یہودی ہوتے ہوئے بھی امیر المومنین علیہ السلام سے بہت زیادہ محبت کیا کرتا تھا اور اُن کی یہ خالص محبت میرے لئے ان مقامات کا سبب بن گئی۔ [1]

۵۔ حقیقی دوستی:

مسلم مجاشعی ایک جوان تھا جس کا تعلق مدائن سے تھا جس زمانے میں حضرت حذیفہ بن یمان مدینہ سے بطور گورنر مدائن گئے تو مسلم نے اُن کی صحبت اختیار کر لی تھی اور اس وجہ سے مسلم بھی امیر المومنین علیہ السلام کا فدائی بن گیا تھا اور جنگ جمل میں وہ حضرت علی علیہ السلام کے ساتھ شریک تھا۔

اتمام حجت کے لئے امام علیہ السلام نے فرمایا: "تم میں کوئی ہے جو قرآن اُٹھا کر بی بی عائشہ کے لشکر کے سامنے جائے اور اُن سے کہے کہ جنگ نہ کریں، آؤ قرآن کے مطابق آپس میں فیصلہ کرلیں لیکن یہ بھی سن لو کہ جو بھی اُن کے سامنے قرآن لے کر جائے گا وہ اُسے قتل کردیں گے"۔

یہ سن کر مسلم مجاشعی آگے بڑھے اور کہا امیر المومنین علیہ السلام آپ مجھے اجازت دیں میں ان کے سامنے قرآن لیکر جاتا ہوں اور آپ کا پیغام اُن کو دوں گا۔

حضرت علی علیہ السلام نے اپنے لشکر سے مخاطب ہو کر کہا کہ لوگو! خدا نے اس کے دل میں نور ایمان رکھا ہے یہ قتل ہو جائے گا لیکن یہ جوان مجھے بے حد پیارا بھی ہے اور میں یہ بھی بتائے دیتا ہوں کہ اس کے قتل کے بعد قاتلوں کا لشکر کبھی بھی کامیابی حاصل نہیں کر سکے گا۔

الغرض مسلم مجاشعی نے قرآن اُٹھایا اور ام المومنین کے لشکر کے سامنے جا کر قرآن مجید کے فیصلے کی دعوت دی لیکن انہوں نے اس کے دائیں ہاتھ کو قطع کر دیا اور اس نے قرآن مجید کو بائیں ہاتھ میں لیا بی بی عائشہ کے لشکر نے اس کا بائیں ہاتھ بھی قطع کر دیا۔

اس کے بعد اس نے اپنے کٹے ہوئے ہاتھوں سے قرآن مجید و اپنے سینے سے چپکا لیا تھا اور اس کے ہاتھوں کا خون قرآن مجید پر بہہ رہا تھا دشمن کی سپاہ نے اُن پر یکبارگی حملہ کیا اور اُن کے جسم کے کئی ٹکڑے کر دیئے۔ [2]

---

[1] ریاض المحسنین ص ۱۳۲۔

[2] شاگردان مکتب آئمہ ۶۱/۳/۳۔ تحفۃ الاحباب ص ۳۶۰۔

باب نمبر 84

موت

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ.[1]

ہر جاندار نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

کفیٰ بالموت واعظا.[2]

موت بہترین واعظ ہے۔

مختصر تشریح:

موت کو یاد کرنے سے نفسانی خواہشات مرجاتیں ہیں اور انسان خواب غفلت سے بیدار ہوجاتا ہے موت کو یاد کرنے سے آتش حرص بجھ جاتی ہے اور دنیا انتہائی چھوٹی دکھائی دیتی ہے۔

موت آخرت کے منازل میں سے پہلی منزل ہے اور دنیا کی منازل میں آخری منزل ہے اور وہ انسان کتنا خوش نصیب ہے جسے آخرت کی پہلی منزل میں عزت ملے اور وہ شخص بہت سے مقدر والا ہے جس کی دنیا کی آخری منزل بہت ہی بہتر ہو۔

مخلصین موت کے مشتاق ہوتے ہیں اور مجرم افراد موت کو ناپسند کرتے ہیں حالانکہ آدمی موت کو اپنے سے دور سمجھتا ہے مگر موت انسان کے قریب ہوتی ہے انسان موت کو اس لئے ناپسند کرتا ہے کیونکہ کوئی بھی شخص دنیاوی لذات چھوڑنا نہیں چاہتا اور موت انسان سے دنیاوی لذات چھڑا دیتی ہے اس لئے بہت سے انسان موت سے نفرت کرتے ہیں۔[3]

---

[1] سورۃ آل عمران آیت نمبر ۱۸۵۔

[2] جامع السعادات ۳/۳۸۔

[3] تذکرۃ الحقائق ص ۸۳۔

۱۔ ایک سو پچاس برس کا بوڑھا آدمی:

شیخ سعدی بیان کرتے ہیں کہ میں دمشق کی جامع مسجد میں اہل علم کے ساتھ مباحثہ و مناظرہ میں شریک تھا اچانک ایک جوان مسجد میں داخل ہوا اور کہنے لگا کہ کیا تم حاضرین میں سے کوئی ایسا بھی ہے جو فارسی زبان جانتا ہو سب حاضرین نے میری طرف اشارہ کیا۔

میں نے اُس جوان سے پوچھا: ''کیوں خیریت تو ہے؟'' اس جوان نے کہا کہ ایک سو پچاس برس کا ایک بوڑھا حالت احتضار میں ہے اور وہ فارسی کے علاوہ اور کوئی زبان جانتا بھی نہیں اور ہمیں فارسی زبان نہیں آتی، مہربانی فرما کر آپ ہمارے ساتھ چلیں اور اس کی وصیت سنیں تاکہ ہمیں بھی معلوم ہو جائے کہ اُس کی کیا وصیت ہے۔

سعدی بیان کرتے ہیں کہ میں اُٹھا اور اس جوان کے ساتھ اس بوڑھے شخص کے سرہانے پہنچا وہ کہہ رہا تھا کہ افسوس یہ ہے کہ اب صرف چند الفاظ میرے دل میں باقی بچ گئے، افسوس یہ ہے کہ ابھی میں نے زندگی کا لطف ہی نہیں اٹھایا تھا اور زندگی ختم ہو رہی ہے، ابھی تو میں نے اچھی طرح سے زندگی کے لقمے کھائے ہی نہیں تھے کہ حق تعالیٰ کا فرمان مجھ تک پہنچ گیا، بس یہی زندگی ہے۔

جی ہاں وہ زندگی کی ایک سو پچاس بہاریں دیکھ چکا تھا لیکن اس کے باوجود وہ اس بات پر غمزدہ تھا کہ اُسے انتہائی تھوڑی سی زندگی ملی ہے میں نے اس کی فارسی زبان کا ترجمہ عربی زبان میں لوگوں کو سنایا تو سب تعجب کرنے لگ گئے کہ طویل عمر پانے کے باوجود یہ شخص غم کر رہا ہے۔

میں نے اُس شخص سے کہا کہ اب تمہارا کیا حال ہے؟ اس نے کہا کہ میں کیا بتاؤں میں اس وقت دنیا سے جانے والا ہوں، میرا وجود مرنے کی تیاری کر چکا ہے میں نے اس سے کہا کہ آپ فکر نہ کریں وہ اس لئے کہ یونان کے فلاسفر کہا کرتے تھے کہ مزاج اگرچہ معتدل ہی کیوں نہ ہو پھر بھی انسان کو باقی رہنے پر اعتماد نہیں کرنا چاہیے اور بیماری اگرچہ اپنی وحشت ناک حد تک ہی کیوں نہ پہنچ چکی ہو پھر بھی وہ موت کی دلیل نہیں ہوتی۔

میں نے اس بزرگ سے کہا اگر کہتے ہو تو میں کسی طبیب کو آپ کے پاس لے آؤں وہ آکر تمہارا علاج کرے، اس بوڑھے شخص نے آنکھیں کھولیں اور مسکرانے لگا اور کہا کہ ایک عقلمند طبیب اگرچہ اپنے مریض کو سخت حالت میں بھی دیکھے پھر بھی وہ اُسے تسلیاں دیتا ہے حالانکہ وہ جانتا ہے کہ اس وقت اس کی دوا میں کوئی اثر نہیں ہے۔ [1]

۲۔ موت کے وقت گفتگو:

حضرت بلال حبشیؓ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے موذن تھے جب وہ بیمار ہوئے اور بستر مرگ پر تھے اُن کی بیوی اُن

---

[1] حکایتہای گلستان ص ۲۲۹۔

کے سرہانے موجود تھی اور کہا کہ ہائے حسرت اب میں دکھوں میں مبتلا ہوگئی۔

حضرت بلال نے کہا کہ یہ حسرت کا مقام نہیں بلکہ خوشی کا مقام ہے، تو کیا جانتی ہے کہ موت کتنی اچھی چیز ہے؟۔

اُن کی بیوی نے کہا: ''فراق کا وقت آ گیا ہے''۔

بلال نے کہا: ''فراق کا نہیں بلکہ وصال کا وقت آ گیا ہے''۔

بیوی نے کہا: ''آج رات تو مسافروں کے شہر میں چلا جائے گا''۔

بلالؓ نے کہا: ''آج میری جان اپنے اصل گھر چلی جائے گی''۔

بیوی نے کہا: ''ہائے حسرت'' بلال نے کہا: ''واہ مقدر''۔

اُن کی بیوی نے کہا: ''اس کے بعد میں تمہیں کہاں دیکھ سکوں گی؟''

بلالؓ نے کہا: ''خاصان الٰہی کے حلقے میں تم مجھ کو دیکھ سکو گی''۔

بیوی نے کہا: ''ہائے تیری موت کی وجہ سے ہمارا خاندان تباہ و برباد ہو جائے گا ہمارا گھر اجڑ جائے گا''۔

حضرت بلال نے کہا: ''یہ جسم ایک بادل کی طرح سے ہے کبھی اُس کے ٹکڑے ایک دوسرے سے مل جاتے ہیں اور کبھی جدا ہو جاتے ہیں''۔ [1]

۳۔ ملک الموت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''شب معراج جب اللہ تعالیٰ نے مجھے آسمانوں کی سیر کرائی تو وہاں آسمانوں میں ایک فرشتہ کو دیکھا جس کے ہاتھ میں نور کی لوح تھی وہ اُسے دیکھنے میں اتنا مصروف تھا کہ وہ دائیں بائیں نگاہ اُٹھا کر بھی نہیں دیکھتا تھا اور ایک غمگین شخص کی طرح سے کسی سوچ میں مبتلا تھا میں نے جبرائیل امین سے پوچھا کہ یہ کون ہے، جبرائیل علیہ السلام نے بتایا کہ یہ ملک الموت یعنی حضرت عزرائیلؑ ہے، میں نے کہا مجھے اس کے پاس لے چلو میں اس سے کچھ باتیں کرنا چاہتا ہوں، جبرائیل مجھے اس کے پاس لے گیا، میں نے اس سے کہا ملک الموت جتنے لوگ مر گئے یا آئندہ مریں گے کیا اُن سب کی روح تو ہی قبض کرتا ہے؟

اس نے کہا: جی ہاں! میں نے کہا: کیا سب کے پاس تو ہی حاضر ہوتا ہے؟ اس نے کہا کہ جی ہاں اللہ تعالیٰ نے تمام دنیا کو میرے ہاتھ میں اس طرح سے دیا ہے جس طرح سے انسانوں کے ہاتھ میں ایک درہم ہوتا ہے جیسے چاہیں اس کو ادھر سے اُدھر کر دیں، میں دنیا کے ہر گھر میں روزانہ پانچ مرتبہ چکر لگاتا ہوں جب کسی گھر کے فرد کو میں موت دیتا ہوں تو وہ روتے ہیں میں اُن سے کہتا ہوں کہ رونے کی کیا ضرورت ہے میں بار بار آتا رہوں گا یہاں تک کہ تم سب کو اپنے ساتھ لے جاؤں گا۔ [2]

---

[1] داستانہای مثنوی ۷۔ ۲/۱۲۔

[2] عالم برزخ ص ۷۳۔ بحار الانوار ۶/۱۴۱۔

۴۔ علامہ مجلسیؒ:

سید نعمت اللہ جزائری علامہ مجلسی کے مقرب شاگرد تھے، اُن کا بیان ہے کہ میں نے اپنے استاد علامہ مجلسی سے یہ وعدہ کیا تھا کہ ہم دو میں سے پہلے جس کی موت پہلے واقع ہوگی تو وہ دوسرے کے خواب میں آئے گا اور اپنی ساری سرگزشت سنائے گا۔

اتفاق یہ ہوا کہ میرے استاد محترم کی مجھ سے پہلے وفات ہوئی، میں سات دن تک مراسم عزا میں مشغول رہا اس کے بعد مجھے اپنا وعدہ یاد آیا، میں علامہ مجلسی کی قبر پر گیا وہاں میں نے قرآن مجید کی تلاوت کی اور روتا رہا یہاں تک کہ مجھے نیند آ گئی۔

میں نے عالم خواب میں دیکھا کہ میرے استاد محترم نے انتہائی خوبصورت لباس زیب تن کیا ہوا تھا معلوم ہوتا تھا کہ وہ قبر سے ابھی باہر آئے ہیں میں یہ بات سمجھ چکا تھا اور میں نے اُن کی انگلی کو پکڑ لیا تھا اور کہا کہ جناب ہم نے آپس میں وعدہ کیا تھا کہ ہم میں سے جو فوت ہوگا تو وہ دوسرے کے خواب میں آ کر اپنی پوری سرگزشت سنائے گا اب آپ بھی بتائیں کہ آپ نے کیا محسوس کیا؟۔

علامہ مجلسی نے کہا کہ جب میں بیمار ہوا تو میرا مرض اتنا بڑھ گیا کہ میں برداشت نہیں کر سکتا تھا اس وقت میں نے دعا کی کہ پروردگار! تو خود فرماتا ہے کہ میں کسی بھی جاندار کو اُس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا، خدایا اب میری طاقت جواب دے گئی ہے اب اپنی رحمت مجھ پر نازل فرما، جیسے ہی میں خدا کے حضور گفتگو کر رہا تھا تو ایک جلیل القدر شخص میرے پاؤں کی طرف آ کر نمودار ہوا اور اس نے مجھ سے میری حالت پوچھی، میں نے بیماری کا شکوہ کیا تو اس فرشتے نے میرے پاؤں کے اوپر اپنا ہاتھ رکھا اور پوچھا اب سناؤ، میں نے کہا کہ اب پاؤں میں درد نہیں ہے، اسی طرح سے وہ اپنے ہاتھ کو اوپر کرتا گیا اور میرے تمام درد ختم ہوتے گئے۔

یہاں تک کہ بڑھتے بڑھتے اس کا ہاتھ میرے سینے تک آ گیا، میرے تمام درد ختم ہو گئے میرا خاکی جسم ایک طرف پڑا رہا اور میرا روح میرے جسم کے ایک کنارے کھڑا دیکھ رہا تھا۔

میرے عزیز و اقارب میرے پاس آئے اور میرے جسد بے روح کو دیکھ کر رو رہے تھے، میرے روح اُن سے کہہ رہی تھی آپ عجیب لوگ ہیں کیوں اتنا غم کر رہے ہیں میری تو تمام تکلیف ختم ہو گئی ہیں۔ لیکن کوئی بھی میری آواز پر توجہ نہیں دے رہا تھا، بعد میں کچھ لوگوں نے میرے جنازہ کو غسل دیا اور مجھے کفن پہنایا، میری نماز جنازہ پڑھائی گئی اس کے بعد میرے وجود کو قبر میں اتارا گیا۔

قبر میں مجھے ایک منادی نے آواز دی، اے میرا بندہ، محمد باقر، بتا تو نے آج کے دن کے لئے کیا تیاری کی ہے؟

میں نے اپنی زندگی کی نمازیں، روزے، وعظ و نصیحت اور کتابیں تمام گن کر سنائیں لیکن ایک بھی نیکی قبول نہ ہوئی، مجھے اپنا ایک نیک عمل یاد ہے جب میں نے اپنا وہ عمل بیان کیا تو اس کے بعد مجھے نجات ملی، وہ عمل یہ تھا کہ ایک دفعہ میں کسی سڑک سے گزر رہا تھا ایک شخص جو کسی کا مقروض تھا، قرض ادا کرنے کے قابل نہیں تھا اس کا قرض خواہ اُسے پکڑ کر سزا دے رہا تھا اور وہ چیخ چلا کر کہہ رہا تھا کہ قرض ادا کرنے کے لئے میرے پاس کچھ بھی نہیں، میں نے اس کا تمام قرض ادا کر دیا اور قرض ادا کرنے کے بعد چلا گیا، میں نے جیسے

ہی اس کا قرض ادا کیا تو اس کے قرض خواہ نے اسے چھوڑ دیا اور مجھے دعائیں دیتا رہا، اللہ تعالیٰ نے میرے اس خالص عمل کی وجہ سے میرے تمام اعمال کو شرف قبولیت بخشا اور مجھے جنت میں داخل ہونے کا حکم دیا۔ [1]

۵۔ مالک اشتر:

امیر المومنین علی علیہ السلام نے مالک اشتر نخعی کو ایک گروہ لشکر کے ساتھ مصر کی طرف بھیجا، جب معاویہ کو خبر ملی تو اس نے عریش کے دہقان کو پیغام بھیجا کہ مالک اشتر کو زہر دے دے تو میں بیس سال تک تجھ سے خراج وصول نہیں کروں گا، جب مالک اشتر مقام عریش میں پہنچے تو وہاں کے دہقان نے پوچھا کہ مالک اشتر کھانے پینے کی چیزوں میں کس کو زیادہ پسند کرتے ہیں لوگوں نے بتایا کہ شہد کو بہت پسند کرتے ہیں۔

پس وہ مردود دہقان کچھ زہر آلود شہد مالک اشتر کے پاس بطور ہدیہ لے آیا اور کچھ اوصاف وفوائد اس شہد کے بیان کئے، مالک نے اس زہر آلود شہد کو افطار کے وقت پیا تو اُن کی شہادت ہوگئی۔

جب مالک اشتر کی شہادت کی خبر معاویہ کو ملی تو وہ خوشی سے پھولا نہیں سماتا تھا اور جب مولا امیر المومنین علیہ السلام کو مالک کی شہادت کی خبر ملی تو آپ کو بہت افسوس ہوا اور آپ بہت ہی غمگین ہوئے اور کہہ رہے تھے کہ میرا ایک بازو (عمار) صفین میں شہید ہوا اور دوسرا بازو مصر میں شہید ہوا۔

آپ کا دل ٹوٹ گیا، اور آپ نے مالک اشتر کی مدح میں کئی الفاظ کہے، کبھی آپ آہ سرد نکال کر کہتے کہ ہائے مالک جیسا کون ہے؟ [2]

---

[1] منتخب التواریخ ص ۷۵۲۔ روضات الجنات۔

[2] شاگردان مکتب آئمہ ۳/۱۹۶۔ شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید ۷۶/۲۔

باب نمبر 85

مظلوم

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

"وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِیِّهٖ سُلْطٰنًا۔"[1]

اور جو کوئی مظلوم ہو کر مارا جائے تو ہم نے اس کے وارث کو قصاص کا حق دیا ہے۔

امیر المومنین علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"یوم المظلوم علی الظالم اشد من یوم الظالم علی المظلوم۔"[2]

مظلوم کے ظالم پر قابو پانے کا دن اس دن سے کہیں زیادہ ہو گا جس میں ظالم مظلوم کے خلاف اپنی طاقت دکھاتا ہے۔

مختصر تشریح:

وہ شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جنت میں ساتھی ہو گا جو ظالم سے مظلوم کا حق دلائے گا۔

مظلوم کے پاس نہ تو طاقت ہوتی ہے نہ دولت ہوتی ہے اور نہ ہی اس کے کوئی مددگار ہوتے ہیں اسی لئے اس کی مدد کرنا عدل میں شامل ہوتا ہے، اور مظلوم کی مدد کرنے کا عمل ایک ماہ کے روزوں، مسجد الحرام میں اعتکاف کرنے سے بہتر ہے اور جو شخص مظلوم کی حمایت میں چند قدم چلے گا اس کے پاؤں پل صراط پر متزلزل نہیں ہوں گے۔

اللہ تعالیٰ جب مظلوم کے استغاثہ کو سنتا ہے تو اپنے بندوں کی طرف توجہ کرتا ہے تا کہ کوئی تو ایسا انسان ہو جو مظلوم کی مدد کو اُٹھے، اور اس کے نالہ و فریاد کو سنے اور اس کی فریاد رسی کرے۔

ا۔ خوارزم شاہ:

خوارزم شاہ کی چنگیز خان سے جنگ ہوئی، منگولوں کو فتح ہوئی اور خوارزم شاہ کو شکست فاش اٹھانا پڑی، منگول لشکر کے خوف

---

[1] سورۂ بنی اسرائیل آیت نمبر ۳۳۔

[2] نہج البلاغہ فیض ص ۱۱۹۳۔

سے اس نے فرار کا منصوبہ بنایا، پہلے پہل تو اس نے ہندوستان جانے کا قصد کیا لیکن بوجوہ ہندوستان جانے کی بجائے نیشاپور پہنچ کر اس کی عیاشیاں دوبارہ شروع ہو گئیں اور مظلوم عوام پر ظلم وستم کرنا شروع کر دیا، اور مخلوق خدا پر اُس نے عرصہ حیات تنگ کر دیا، تین سال تک وہ نیشاپور میں رہا۔

ایک دن مظلومین اپنا ایک وفد بنا کر اس کے وزیر کے پاس گئے اور اپنے تلف شدہ حقوق کا مطالبہ کیا اور کہا: "خوارزم شاہ سے اس مسئلہ پر گفتگو کرو اور ہماری لوٹی ہوئی دولت اس سے واپس دلاؤ"۔

وزیر نے کہا: "بادشاہ نے میرے ذمہ یہ فریضہ عائد کیا ہے کہ میں حسین وجمیل عورتیں تلاش کر کے اس کے حرم سرا بھیجوں اور طبلہ نوازوں کو اس کی خدمت میں پیش کروں لہٰذا میں تمہارے حقوق پر بات کرنے سے معذور ہوں"۔

اسی دوران خوارزم شاہ کو جاسوسوں نے اطلاع دی کہ چنگیز خان کا لشکر اس کے تعاقب میں روانہ ہو چکا ہے۔

یہ خبر سن کر اُس کی تو گویا جان ہی نکل گئی اس نے نیشاپور کو خیرباد کہا اور عراق کی طرف رخ کیا۔

خوارزم شاہ "رے" گیا پھر وہاں سے طبرستان اور گرگان گیا اور جب قلعہ اقلال پہنچا تو اس نے اپنے خاندان کو قلعہ اقلال میں ٹھہرایا اور وہاں بہت سا خزانہ بھی دفن کیا، قلعہ اقلال ایک ناقابل تسخیر قلعہ تھا۔

وہاں اپنے خاندان کو ٹھہرا کر خود جزیرہ "آبسکون" میں چھپ گیا، منگول لشکر مسلسل اس کا تعاقب کرتا رہا، جب انہیں علم ہوا کہ خوارزم شاہ کا خزانہ اور اس کا خاندان قلعہ اقلال میں روپوش ہے تو انہوں نے اس قلعہ کا محاصرہ کر لیا۔

مذکورہ قلعہ ہر لحاظ سے مستحکم اور ناقابل تسخیر تھا مگر سلطان کے خاندان کی بد بختی سے قلعہ کے چشموں کا پانی ختم ہو گیا تو قلعہ والوں نے منگول لشکر سے صلح کر لی اور اُن کے لئے قلعہ کے دروازے کھول دیئے۔

منگول لشکر نے خوارزم شاہ کے خاندان کو قید کر لیا اور اس کے مدفون خزانہ پر بھی قبضہ کر لیا، جب خوارزم شاہ کو قلعہ اقلال کے سقوط کی خبر ملی تو اس کی آنکھوں میں دنیا تاریک ہو گئی اور اس نے اپنے ہاتھوں سے اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا۔

منگول سردار اس کے خاندان کو قید کر کے چنگیز خان کے پاس لے گئے تو اس نے حکم دیا کہ ان میں جتنے بھی مرد ہیں سب کو قتل کر دیا جائے اور ان کی عورتوں کو کنیز بنا لیا جائے، منگول لشکر کے افسروں میں اس خاندان کی عورتوں کو تقسیم کر دیا گیا، اس وقت خوارزم شاہ کی ماں برہنہ گھوڑے پر سوار اپنے خاندان کی بربادی پر ماتم کر رہی تھی۔ [1]

۲۔ کیا خدا تو سو رہا ہے؟

فرعون نے حکم دیا کہ اس کے لئے ایک بلند و بالا محل تعمیر کیا جائے، اس کے جلاد صفت سپاہیوں نے تمام مردوں اور عورتوں کو بیگار میں پکڑا اور اُن سے کام لینا شروع کیا، حتیٰ کہ انہوں نے حاملہ عورتوں کو بھی معاف نہیں کیا۔

---

[1] چند تاریخ، ۷۰/۳/۱۔ تاریخ طبری ص ۵۰۔

ایک جوان عورت جو کہ حاملہ تھی ایک بھاری پتھر اٹھا کر لا رہی تھی اُسے یقین تھا کہ اگر اس نے پتھر نہ اٹھایا تو اس کے ظالم سپاہی اس پر تازیانے برسائیں گے اس بے چاری عورت نے وہ بھاری پتھر اٹھایا اسے بہت زیادہ تکلیف ہو رہی تھی اور اس پتھر کے بوجھ کی وجہ سے اس کا حمل گر گیا۔

اس وقت اس کے دل سے ایک آہ نکلی اور آنکھوں سے آنسو ٹپک پڑے اور اس عورت نے کہا: ''پروردگار! تو کیا اس وقت سویا ہوا ہے؟ کیا تو نہیں دیکھتا کہ یہ طاقتور طاغوت ہم سے کیا سلوک کر رہا ہے؟۔

چند ماہ گزرنے کے بعد وہی عورت دریائے نیل کے کنارے بیٹھی ہوئی تھی اچانک اس نے فرعون کی لاش کو دریائے نیل میں تیرتے ہوئے دیکھا۔

اس وقت ہاتف غیبی کی آواز آئی: ''اے عورت سن! ہم سوئے ہوئے نہیں ہیں بلکہ ہم ظالموں کی گھات میں ہیں''۔ [1]

۳۔ قبر حسین علیہ السلام مظلوم:

متوکل عباسی (متوفی ۲۴۷ھ) بنی عباس کا بدترین خلیفہ گزرا ہے اور اس نے چودہ سال خلافت کی، متوکل آل ابوطالب کا بدترین دشمن تھا، ظن و تہمت کی بنا پر انہیں گرفتار کرتا اور ان کو اذیت دیتا، لہٰذا جو مصیبت اس کے زمانہ میں علویین اور آل ابوطالب پر گزری وہ بنی عباس کے کسی خلیفہ کے زمانہ میں نہیں گزری۔

اور منجملہ متوکل کے برے کاموں کے جو اس نے اپنی خلافت کے دوران کئے یہ بھی تھا کہ اس نے لوگوں کو قبر امام حسینؑ اور قبر امیر المومنین کی زیارت سے روک دیا تھا اور اس نے اپنی پوری ہمت و طاقت اس پر صرف کر دی کہ نور خدا کو خاموش کر دے، قبر مطہر امام حسینؑ کے آثار مٹا دے اور اس کی زمین کو ہموار کر کے اس پر زراعت کر دے۔

دیزج نام کا ایک یہودی تھا جو کہ متوکل کا ساتھی تھا اور متوکل نے اسے قبر امام حسینؑ کے آثار مٹانے اور زائرین کو سزا دینے کے لئے کربلا بھیجا۔

احمد بن جعد وشا سے روایت ہے کہ متوکل کا قبر شریف کے آثار کو محو کرنے کا سبب یہ تھا کہ اس کی خلافت سے پہلے ایک گانے والی اپنی لڑکیوں کو متوکل کے پاس بھیجا کرتی تھی کہ وہ اس کے شراب پینے کے وقت اس کے لئے گایا کریں۔

یہاں تک کہ یہ پلید خلافت تک پہنچا تو ایک دفعہ اس نے اس گانے والی کو پیغام بھیجا کہ اپنی لڑکیوں کو گانے کے لئے بھیجے وہاں اس سے کہا گیا کہ وہ سفر کربلا پر گئی ہوئی ہے جب وہ سفر سے واپس آئی اور اس نے اپنی ایک کنیز متوکل کے پاس گانے کے لئے بھیجی تو متوکل نے اس سے پوچھا کہ وہ کہاں گئے ہوئے تھے وہ کہنے لگی کہ ہم اپنی مالکہ کے ساتھ حج پر گئے ہوئے تھے، متوکل نے کہا کہ شعبان کے مہینے میں حج پر گئے ہوئے تھے، کنیز کہنے لگی زیارت امام حسین علیہ السلام کے لئے گئے تھے، متوکل یہ بات سننے سے

[1] دکا، تھای شنیدنی ۳/۱۵۲۔ عشریہ چھار سوئی ص ۲۰۷۔

آگ بگولہ ہوگیا اور کہنے لگا کہ حسینؑ کی قبر کا معاملہ یہاں تک پہنچ گیا ہے کہ لوگ اس کی زیارت کو حج کہتے ہیں پس اس نے حکم دیا اور اس کنیز کی مالکہ کو گرفتار کر کے قید کر دیا اور اس کا مال واسباب چھین لیا، پھر اُس نے قبر امام حسینؑ کی زمین ہموار کرنے اور اُس جگہ پر زراعت کرنے کا حکم دیا۔[1]

۴۔ مظلوم کی صدا سے سلطان بے چین ہوگیا:

سلطان محمود غزنوی ایک رات سونے کے لئے اپنے بستر پر گیا تو کوشش کے باوجود اسے بستر پر نیند نہ آئی، اسے خیال آیا کہ شاید کوئی مظلوم اپنی دادرسی کے لئے آیا ہوا ہے اسی وجہ سے اُسے نیند نہیں آرہی اس نے غلام کو بلا کر کہا: "باہر جاؤ اور اچھی طرح سے دیکھو اگر اس وقت کوئی مظلوم شکایت لے کر آیا ہے تو اُسے میر... نے پیش کرو"۔

غلام دیکھ کر واپس آیا اور کہا: "مجھے اس وقت کوئی مظلوم نظر نہیں آیا"، سلطان نے دوبارہ سونے کا ارادہ کیا تو اس بار بھی اُسے نیند نہ آئی اس کو یقین ہوگیا کہ غلام نے مظلوم کی پوری طرح سے جستجو ہی نہیں کی، خود بستر سے اُٹھ کر باہر آئے اس کے حرم سرا کے قریب ایک مسجد تھی اور اس مسجد سے ایک شخص کی آہ و فریاد کی آواز آرہی تھی۔

سلطان مسجد میں آیا تو اس نے دیکھا کہ مسجد میں ایک شخص نے اپنا سر جھکایا ہوا ہے اور کہہ رہا ہے: "اے میرے خدا! جسے نہ نیند آتی ہے اور نہ ہی اونگھ اس پر مسلط ہوتی ہے، محمود نے مظلوموں کے لئے اپنے دروازے بند کر دیئے ہیں اور اپنے ندیموں کے ساتھ بیٹھ کر خوش گپیاں کر رہا ہے"۔

یہ الفاظ سن کر محمود نے کہا: "میں آگیا ہوں تم اپنا مسئلہ بیان کرو، اس شخص نے کہا: "بادشاہ تیرے خواص میں سے ایک شخص جس کا نام مجھے معلوم نہیں ہے وہ میری عزت کو تباہ کر رہا ہے وہ میرے گھر آکر میری بیوی کے ساتھ زنا کرتا ہے"۔

سلطان نے کہا: اس وقت وہ کہاں ہے؟۔

اس شخص نے جواب دیا: "میرا خیال ہے وہ جاچکا ہوگا"۔

سلطان نے کہا: "جب وہ دوبارہ تمہارے گھر میں داخل ہو تو مجھے فوراً آگاہ کرنا"۔

پھر سلطان نے اپنے دربانوں کو بلا کر کہا کہ تم اس شخص کو اچھی طرح سے پہچان لو یہ جس وقت بھی مجھ سے ملنا چاہے تم اسے نہ روکنا"۔

اگلی رات وہ فوجی افسر اس غریب کے گھر اس کی عزت و ناموس کو تباہ کرنے کے لئے گیا، مظلوم اسے دیکھ کر فوراً سلطان کے پاس آیا اور اسے اس ظالم کے آنے کی خبر دی۔

سلطان نے فوراً ہی اپنی تلوار اٹھائی اور اس شخص کے گھر آیا اور آکر دیکھا کہ وہ شخص اس کی بیوی کے ساتھ سویا ہوا تھا،

[1] تتمۃ المنتھی ص ۲۳۱۔۲۳۸۔

سلطان نے اس مظلوم شخص سے کہا کہ تم جلدی سے چراغ بجھادو۔

اس شخص نے چراغ بجھایا تو سلطان نے اس پر تلوار کا وار کیا اور اسے قتل کر دیا، پھر حکم دیا کہ اب چراغ روشن کرو، اس شخص نے جیسے ہی چراغ روشن کیا تو سلطان نے فوراً سجدہ شکر ادا کیا، پھر صاحب خانہ سے کہا کہ تمہارے گھر میں جو کچھ بھی ہو کھانے کے لئے لے آؤ، میں سخت بھوکا ہوں۔

اس شخص نے عرض کی: ''صاحب ذی جاہ! آپ ہم غریبوں کے گھر کا کھانا کیسے کھائیں گے؟''

سلطان نے کہا: ''بندہ خدا تمہارے گھر میں جو بھی ہو کھانے کے لئے لاؤ۔

وہ شخص خشک روٹی کا ٹکڑا اٹھا لایا پھر سلطان نے روٹی کھائی اس شخص نے سلطان سے پوچھا: ''مجھے یہ سمجھ نہیں آئی کہ آپ نے چراغ بجھانے کا حکم کیوں دیا، پھر مقتول کو دیکھ کر سجدہ شکر کیوں بجالایا اور ایک غریب کے گھر سے کھانا کیوں کھایا؟۔

سلطان محمود نے کہا: ''جب میں نے تیری فریاد سنی تو میں یہ سمجھا تھا کہ میرے مصاحبین میں سے کسی کو ایسی جرات نہیں ہو سکتی، ہو نہ ہو یہ میرے کسی بیٹے کا کارنامہ ہے اسی لئے میں نے تجھے چراغ بجھانے کا حکم دیا تھا تاکہ اگر مجرم میرا بیٹا ہو تو شفقت پدری اُسے سزا دینے میں حائل نہ ہو جائے اور جب تم نے دوبارہ چراغ جلایا تو میں نے دیکھا کہ مقتول میرا بیٹا نہیں بلکہ ایک فوجی افسر تھا، اسی لئے میں نے سجدہ شکر ادا کیا کہ میرے کسی بیٹے سے یہ جرم صادر نہیں ہوا، اور کل رات سے میں نے منت مانی تھی کہ جب تک میں ظالم کو سزا نہ دوں اس وقت تک میں کھانا نہیں کھاؤں گا اسی لئے میں کل سے بھوکا تھا اور تم سے کھانا لانے کی درخواست کی تھی''۔[1]

۵۔ فرزندان مسلم بن عقیل کی مظلومیت:

جب امام حسین علیہ السلام درجہ رفیعہ شہادت پر فائز ہو گئے تو آپ کے لشکر سے جناب مسلم بن عقیل کے دو بیٹے محمد اور ابراہیم قید کر لئے گئے، اور انہیں ابن زیاد کے پاس لے گئے اس ملعون نے اپنے زندان بان کو بلایا اور اسے حکم دیا کہ ان بچوں کو زندان میں رکھو اور ان پر سختی کرو، عمدہ کھانا اور ٹھنڈا پانی انہیں نہ دینا، اور اس شخص نے بھی ایسا ہی کیا۔

ایک سال کی مدت تک اُن کی قید نے طول کھینچا، ایک سال کے بعد انہوں نے بوڑھے زندان بان کے سامنے اپنے حالات اور رسول پاک سے اپنی نسبی قرابت بیان کی، اس کے بعد اس زندان بان نے کہا: ''یہ قید خانے کا دروازہ کھلا ہوا ہے اور جہاں چاہو چلے جاؤ بعد میں وہ معصوم شہزادے تاریکی شب میں چلتے رہے اور تقدیر اُن کو ایک بڑھیا کے پاس لے گئی جو اپنے دروازے پر کھڑی تھی اور فرمایا کہ اے بی بی ہم پر احسان کرو، اس تاریک رات میں ہمیں اپنے گھر میں پناہ دو، جب صبح ہو گی تو ہم تمہارے گھر سے نکل جائیں گے۔

اُس عورت نے پوچھا: ''تم کون ہو؟، کہنے لگے ہم تیرے نبیؐ کی اولاد میں سے ہیں اور ہم ابن زیاد کی قید سے بھاگ آئے

---

[1] داستانہا و پندہا ۲/۱۹۰۔ زینۃ المجالس۔

ہیں، چنانچہ اُس عورت نے ان دونوں شہزادوں کو پناہ دی۔

جب ابن زیاد کو معلوم ہوا کہ دونوں بچے زندان سے بھاگ گئے اس نے منادی دی کہ جو کوئی بھی اُن دونوں کے سر میرے سامنے پیش کرے گا میں اُسے دو ہزار درہم دوں گا۔

اس عورت کا داماد جس کا نام حارث تھا وہ لعین ابن زیاد کی فوج میں تھا اور وہ انتہائی ملعون تھا اور وہ ظالم واقعہ کربلا میں بھی شریک تھا۔

اتفاقات کا کچھ حصہ گزرا تو وہ ملعون اس کے گھر کی طرف آیا اور کہا کہ دروازہ کھولو تا کہ میں اندر آ کر کچھ آرام کرسکوں اور پھر صبح اُن بچوں کی تلاش میں جاسکوں، اس عورت نے دروازہ کھولا اور کچھ پانی اور کھانا اس کے لئے لے آئی، جب وہ لعین اپنے کام سے فارغ ہو کر بستر پر جا گرا اور سونے لگا تو اُسے گھر میں بچوں کے رونے کی صدا سنائی دی۔

الغرض اس نے بچوں کو پکڑ لیا اور اُن معصوم شہزادوں کو رسیوں میں ساری رات اس جگہ باندھا تھا جہاں پر وہ اپنا گھوڑا باندھتا تھا۔

جب رات ختم ہوئی تو اس ملعون نے اپنے غلام کو حکم دیا کہ ان بچوں کو نہر فرات کے کنارے پر جا کر قتل کرو، غلام اپنے مالک کے حکم کے مطابق انہیں فرات کے کنارے لے آیا اور جب اُسے معلوم ہوا کہ عترت رسول ہیں تو اس نے ان کے قتل کا اقدام نہ کیا اور فرات میں چھلانگ لگا کر دوسری طرف چلا گیا، اس ملعون نے یہ کام اپنے بیٹے کے ذمہ لگایا، اس جوان نے بھی باپ کی مخالفت کرتے ہوئے غلام کا راستہ لیا، پھر یہ ملعون تلوار لیکر مسلم کے یتیموں کے پاس آیا۔

جب مسلم کے بچوں نے ننگی تلوار دیکھی تو اُن کی آنکھوں سے آنسو آ گئے اور کہنے لگے: "اے شیخ! ہمیں بازار میں جا کر فروخت کر دے اور ہماری قیمت سے نفع اٹھا، یا پھر ہمیں ابن زیاد کے پاس زندہ لے چل جو کچھ وہ ہمارے حق میں حکم دے ویسے ہی کرنا، وہ بد بخت کہنے لگا میں تمہارا خون بہا کر اس کا تقرب حاصل کرنا چاہتا ہوں۔

بچوں نے کہا کہ جب معاملہ یہی ہے کہ تو ہمیں قتل کر کے ہی دم لے گا، تو ہمیں اتنی مہلت دے کہ ہم دو رکعت نماز پڑھ لیں، کہنے لگا جتنا چاہو نماز پڑھ لو اگر وہ تمہیں کچھ فائدہ دے سکتی ہے، پس مسلم کے بچوں نے نماز پڑھی اور پھر انہوں نے سر آسمان کی طرف اٹھایا اور خدائے تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کیا:

"یا حیی یا قیوم یا حلیم یا احکم الحاکمین احکم بیننا و بینہ بالحق"

اے بہترین حکم کرنے والا ہمارے اور اس کے درمیان حق کا فیصلہ کر۔

ظالم نے تلوار سے بڑے بچے کی گردن اڑا دی، چھوٹے بھائی نے جب یہ دیکھا تو اپنے بڑے بھائی کے خون کو اٹھا کر سر پر ڈالا اور خضاب کیا اور کہتا تھا کہ میں اس حالت میں رسول خدا سے ملاقات کروں گا، اس ملعون نے چھوٹے بچے کو بھی قتل کر دیا اور اُن کے سر اقدس اٹھا کر ابن زیاد کے پاس گیا۔

جیسے ہی ابن زیاد نے وہ سر دیکھے تو حارث کو کہا تجھے ان بچوں پر ترس نہ آیا، اس ملعون نے بچوں کی ایک ایک بات ابن زیاد کے سامنے بیان کی۔

ابن زیاد نے حکم دیا کہ اس فاسق کو اُسی جگہ پر لے جا کر قتل کر دیا جائے اور اس کے خون ناپاک کو ان بچوں کے خون سے ملنے نہ دیا جائے۔ [1]

[1] منتہی الآمال ۱/۳۱۷۔

باب نمبر 86

مومن

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

"واللہ ولی المومنین۔"[1]

اور اللہ مومنین کو دوست رکھتا ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"ان المومن اعزمن الجبل۔"[2]

بے شک مومن پہاڑ سے بھی زیادہ مضبوط ہوتا ہے۔

مختصر تشریح:

مومن خدا کے نزدیک انتہائی معزز اور محترم ہے اور خدا نے اُسے مقام معنوی عطا کیا ہے کہ اہل زمین کی بہ نسبت اُسے اہل آسمان میں زیادہ جانا جاتا ہے مومن کی حرمت کعبہ بیت اللہ سے بھی زیادہ ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قسم کھا کر کہا ہے کہ وہ مومن سے بہت زیادہ محبت کرتا ہے۔ اہل ایمان کی بہت سی صفات ہیں جن میں چند یہ ہیں کہ اس کے چہرے پر ظاہری طور پر خوشی نظر آتی ہے جب کہ اس کے دل میں غم پوشیدہ ہوتا ہے، مومن کا سینہ وسیع ہوتا ہے وہ ہمیشہ کام کاج میں مصروف رہتا ہے اور جب اس پر کوئی مشکل آئے تو صبر کرتا ہے اگر راحت نصیب ہو تو وہ اس پر شکر کرتا ہے اور خدا نے جو اُس کی رزق روزی مقدر میں لکھی ہو تو وہ اس پر قناعت کرتا ہے، اُس کی زبان لغزشوں سے محفوظ ہوتی ہے اس کا ہاتھ سخاوت کے ساتھ مزین ہوتا ہے اور اس کی نگاہ عطائے حق پر لگی ہوتی ہے۔

ا۔ مومن کامل:

ایک دفعہ امیر المومنین علیہ السلام کا گزر کچھ ایسے افراد کے گروہ سے ہوا جو بیٹھے ہوئے تھے آپ نے دیکھا کہ انہوں نے

[1] سورۃ آل عمران آیت نمبر ۶۰۔

[2] جامع السعادات ۲۶۰/۱۔

سفید اور گراں قیمت لباس پہنے ہوئے ہیں، اُن کے چہرے چمک رہے تھے وہ بات بات پر ہنس رہے تھے اور اگر کوئی اُن کے پاس سے گزرتا تو وہ انگلی اٹھا کر اس کی طرف اشارہ کرتے اور اس کا مذاق اڑاتے۔

اس کے بعد آپ کا گزر ایک اور گروہ سے ہوا جس میں لاغر اندام لوگ بیٹھے ہوئے تھے اور گفتگو کے دوران وہ ادب کو ملحوظ خاطر میں لاتے تھے، امیر المومنین علیہ السلام نے دونوں کو دیکھا اور اس کے بعد رسول خداؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر دونوں گرہوں کا احوال آپؐ کے سامنے بیان کیا اور یہ عرض کیا کہ دونوں گروہ مومن ہونے کا بھی دعویٰ کرتے ہیں آپ ارشاد فرمائیں کہ مومن کی خصوصیات کیا ہیں۔

حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ دیر خاموشی اختیار کی اور اس کے بعد آپؐ نے مومن کامل کی چند خصوصیات بیان کیں۔

مومن نماز جماعت کے ساتھ ادا کرتا ہے، وقت پر زکواۃ ادا کرتا ہے، ضرورتمندوں کی ضروریات پوری کرتا ہے، یتیموں پر شفقت کرتا ہے، پاکیزہ لباس زیب تن کرتا ہے، عبادت حق کے لئے ہمیشہ کمربستہ رہتا ہے، ہمیشہ سچ بولتا ہے اور امانت میں خیانت نہیں کرتا اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وغیرہ۔[1]

۲۔ مومن کی نشانی:

ہجرت کے دوسرے برس غزوہ بدر کا واقعہ رونما ہوا جس میں مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ نے فتح نصیب کی اور کفار کے لشکر میں سے چند افراد کو مسلمانوں کے لشکر نے قیدی بھی بنالیا تھا، اور ان قیدیوں میں ایک شخص جس کا نام ابوعزہ جمی بھی شامل تھا، اُسے جب رسول خدا کے سامنے پیش کیا گیا تو وہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے رونے لگا اور عرض کی کہ یارسول اللہ میرے چھوٹے بچے ہیں اور میں آپؐ سے درخواست کرتا ہوں کہ مجھے آزاد کر دیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُسے اس شرط پر آزاد کیا کہ وہ آئندہ کبھی بھی مسلمانوں کے خلاف کسی بھی جنگ میں شامل نہیں ہوگا، اس نے بھی وعدہ کیا کہ آئندہ کبھی بھی مسلمانوں کے خلاف جنگ میں شامل نہیں ہوگا، اس کے بعد جب وہ شخص مکہ پہنچا تو لوگوں سے کہتا تھا کہ میں نے محمدؐ سے مذاق کی اور ادھر اُدھر کی باتیں کیں جس کی وجہ سے محمدؐ نے مجھے آزادی دے دی۔

یہاں تک کہ اس کے ایک سال بعد جنگ احد کا واقعہ رونما ہوا تو وہ شخص بھی کفار مکہ کے لشکر میں شامل تھا، جیسے ہی رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُسے دیکھا تو آپ نے دعا مانگی کہ پروردگار! اسے دوبارہ مسلمانوں کے ہاتھوں قید فرما، آپ کی دعا قبول ہوئی اور اس دفعہ بھی وہی شخص جب گرفتار ہو کر آپؐ کے سامنے پیش ہوا تو پھر اس نے کہا: "یارسول اللہ! میرے چھوٹے بچے ہیں خدا کے لئے مجھے معاف کر دیں اور آزاد کر دیں"۔

---

[1] شنید یماہای تاریخ ص ۲۵۲ ۔ محجۃ البیضاء ۳۶۲/۳۔

اس کے جواب میں پیغمبر خداؐ نے فرمایا: "میں تجھے اس لئے زندہ چھوڑ دوں تا کہ تو مکہ واپس جا کر یہ کہے کہ میں نے مکروفریب کر کے محمد سے آزادی حاصل کی ہے جب کہ مومن کی ایک نشانی یہ بھی ہوتی ہے کہ مومن ایک بل سے دو دفعہ نہیں ڈسا جاسکتا، پھر آپ نے حکم دیا کہ اس شخص کو قتل کر دیا جائے۔ [1]

۳۔ مومن سے بے توجہی کی سزا:

محمد بن سنان بیان کرتے ہیں کہ میں امام علی رضا علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا، آپؑ نے فرمایا: محمد! گزشتہ زمانے میں بنی اسرائیل میں چار مومن زندگی بسر کرتے تھے ایک دن ایک مومن دوسرے مومن سے ملنے گیا اتفاق سے وہاں پر تینوں مومن موجود تھے۔

چوتھے مومن نے آ کر دروازے پر دستک دی، ایک غلام باہر آیا اس مومن نے پوچھا کہ تمہارا آقا کہاں ہے؟ غلام نے کہا کہ وہ گھر میں موجود نہیں ہے وہ مومن واپس چلا گیا، اس کے آقا نے غلام سے پوچھا کہ کون تھا؟ اس نے جواب دیا کہ آپ کا فلاں دوست تھا میں نے اُسے کہا کہ آپ گھر پر موجود نہیں ہیں وہ خاموش رہا اس نے غلام کو ملامت نہ کی اور ان تینوں نے مومن کے واپس چلے جانے پر کوئی توجہ نہ دی، اور اپنی گفتگو میں مصروف رہے۔

دوسرے دن وہی مومن اُن تین افراد کے پاس واپس آیا اور یہ تینوں کسی کھیت یا باغ کی طرف جا رہے تھے اور اس نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ میں بھی تمہارے ساتھ چلوں چنانچہ وہ اُن تینوں کے ساتھ چل پڑا، راستے میں اُن تینوں نے اس سے کوئی معذرت نہ کی، اور یہ مومن انتہائی غریب و تنگ دست تھا، کچھ دیر تک وہ ساتھ چلتے رہے اچانک ایک بادل اُن پر سایہ فگن ہوا، خیال کرنے لگے کہ شاید بارش برسے گی، اتنے میں اُن بادلوں سے ایک منادی کی آواز آئی کہ اے آگ ان تینوں کو اپنی لپیٹ میں لے لے، میں جبرائیل خدا کا فرشتہ ہوں۔

اس کے بعد اُن تین افراد پر آگ کی بجلیاں گریں اور وہ چوتھا مومن تنہا رہ گیا، اُسے انتہائی خوف محسوس ہوا اور اس واقعہ سے وہ تعجب کا شکار ہوا۔

جب وہ اپنے شہر میں واپس آیا تو اس نے اس وقت کے نبی حضرت یوشع بن نون وصی موسیٰ علیہ السلام کو سارا واقعہ سنایا۔

جناب یوشع علیہ السلام نے فرمایا: "کیا تم نہیں جانتے کہ خدا اُن پر راضی نہیں تھا؟ کیونکہ انہوں نے تیری پرواہ نہیں کی تھی۔

اس مومن نے کہا کہ انہوں نے مجھ سے کونسا برا سلوک کیا تھا؟۔

حضرت یوشع علیہ السلام نے اسے پورا واقعہ سنایا تھا اس کے بعد اس مومن نے کہا کہ میں نے انہیں معاف کر دیا۔

حضرت یوشع علیہ السلام نے فرمایا: اب تو وہ مر چکے ہیں اگر تو انہیں پہلے معاف کر دیتا تو بہتر تھا البتہ تیری طرف سے معافی

[1] حکایتہای شنیدنی ۲/۹۶۔ مستدرک الوسائل ۲/۲۶۷

انہیں آخرت میں فائدہ دے گی۔ [1]

۴۔ مومن کی وجہ سے آفات دفع ہوتیں ہیں:

زکریا ابن آدم بن عبداللہ اشعری قمی امام علی رضا علیہ السلام کے جلیل القدر اور صاحب منزلت صحابی تھے اور زکریا ابن آدم کی منزلت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ وہ ایک سال حضرت امام علی رضا علیہ السلام کے ساتھ مدینہ سے مکہ تک حج کے لئے گیا اور وہ حضرت کے ساتھ ایک ہی محمل میں سوار تھا۔

علی بن مسیب ہمدانی جو حضرت رضا علیہ السلام کے جلیل القدر اصحاب میں سے تھے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ میرا راستہ بہت دور ہے اور میں ہر وقت آپؑ کی خدمت میں حاضر نہیں ہوسکتا تو اپنے احکام دینی کس سے اخذ کروں؟

حضرت نے فرمایا: ''من زکریا بن آدم القمی المامون علی الدین والدنیا'' یعنی معالم دین زکریا بن آدم سے تو جو کہ دین ودنیا میں مامون ہے، ایک دفعہ زکریا بن آدم القمی نے امام علی رضا علیہ السلام کی خدمت میں عرض کی: ''مولا! میں چاہتا ہوں کہ میں اپنے خانوادہ سے کہیں باہر چلا جاؤں کیونکہ ان میں بیوقوف اور سفیہ زیادہ ہوگئے ہیں''۔

امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: ''یہ کام ہرگز نہ کرنا، کیونکہ تیری وجہ سے ان سے آفات دفع ہوتیں ہیں جیسا کہ اہل بغداد سے حضرت موسیٰ کاظم علیہ السلام کے واسطہ سے دفع ہوتیں ہیں۔ [2]

۵۔ مومن خراسانی:

ابوبصیر بیان کرتا ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے خراسان کے ایک شخص سے فرمایا: تیرے باپ کا کیا حال تھا؟

اس نے کہا: ''وہ بالکل ٹھیک تھا'' امام علیہ السلام نے فرمایا: ''جب تو اس طرف متوجہ ہوا اور جرجان کے علاقہ میں پہنچا تو تیرا باپ فوت ہوگیا، پھر آپؑ نے اس سے فرمایا: ''تیرے بھائی کا کیا حال تھا؟، اس شخص نے عرض کیا: ''مولا! میں اسے صحیح وسالم چھوڑ آیا ہوں، آپؑ نے فرمایا: ''اس کا ایک ہمسایہ تھا جس کا نام صالح تھا اس نے اسے فلاں دن اور فلاں وقت قتل کردیا''۔ پس وہ شخص رونے لگا اور اس نے کہا: ''ان للہ وانا الیہ راجعون'' آپؑ نے فرمایا: ''خاموش ہو جاؤ غم واندوہ نہ کرو کیونکہ ان کی جگہ بہشت میں ہے اور اس جہان فانی کے منازل سے وہ ان کے لئے بہتر اور خوشتر ہے، اس نے عرض کیا: ''اے فرزند رسول جب میں اس طرف آرہا تھا تو میرا ایک بیٹا رنجور اور بیمار تھا جو شدید درد والم میں مبتلا تھا اس کا کیا حال ہے؟

---

[1] اصول کافی جلد ۲۔ باب من حجت اخاہ المومن۔

[2] شاگردان مکتب آئمہ ۲/۲۰۸۔ رجال کشی ص ۳۵۶۔

آپؑ نے فرمایا تیرا بیٹا صحت یاب ہو چکا ہے اور اس کے چچا نے اپنی لڑکی کی اس سے شادی کر دی ہے جب تو اس سے ملے گا تو اس کا بچہ پیدا ہو چکا ہو گا جس کا نام علی ہے اور وہ ہمارے شیعوں میں سے ہو گا البتہ تیرا بیٹا ہمارا شیعہ نہیں بلکہ وہ ہمارا دشمن ہے اور وہ دشمنی اس کے لئے کافی ہے۔

راوی کہتا ہے کہ پس وہ اٹھ کر چلا گیا تو میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کی: "یہ کون ہے؟" آپؑ نے فرمایا: "یہ اہل خراسان میں سے ایک شخص ہے جو ہمارا شیعہ اور مومن ہے۔ [1]

[1] منتھی الامال ۲/۱۰۴۔

باب نمبر 87

مہمان نوازی

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

"هَلْ أَتٰىكَ حَدِيثُ ضَيْفِ إِبْرٰهِيمَ الْمُكْرَمِينَ"۔[1]

کیا آپ کے پاس ابراہیم کے قابل احترام مہمانوں کی داستان پہنچی ہے؟

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"الضيف اذا جاء منزل بالقوم جاء برزقه معه من السماء"۔[2]

جب کسی قوم کے پاس کوئی مہمان جاتا ہے تو وہ اپنی رزق روزی آسمان سے اپنے ساتھ لے کر جاتا ہے۔

مختصر تشریح:

مہمان نوازی حق تعالیٰ کی صفت ہے وہ تمام موجودات کو رزق فراہم کرتا ہے چاہے کوئی کافر ہے، بت پرست ہے یا مومن ہے۔۔۔ سب اس کے دسترخوان پر رزق کھا رہے ہیں۔

انبیاء کرام مثلاً حضرت ابراہیم، لوط، یعقوب اور ہمارے پیغمبر سب کے سب مہمان نواز تھے۔

مہمان خداوند تعالیٰ کی طرف سے ہدیہ ہے، اپنا رزق اپنے ساتھ لیکر آتا ہے اور اہل خانہ کے لئے بخشش کا سبب بنتا ہے اور مہمان کے آنے کی وجہ سے اس گھر سے آفات دور ہوتی ہیں۔

قیامت کے دن کچھ لوگ ایسے بھی ہوں گے کہ اُن کے چہرے چمک دمک رہے ہوں گے اور لوگ انہیں انبیاء تصور کریں گے انہیں جواب ملے گا کہ یہ انبیاء نہیں ہیں بلکہ یہ وہ مومن ہیں جو دنیا میں مہمان نواز تھے اور مہمانوں کا احترام کیا کرتے تھے اور اللہ

[1] سورۃ الذاریات آیت نمبر ۲۴۔

[2] جامع السعادات ۲/۱۵۱۔

نے انہیں جنت میں جگہ دی ہے۔ [1]

۱۔ مہمان کو روٹی کھلانا:

بیان کیا جاتا ہے کہ کرمان میں ایک بادشاہ رہتا تھا جو انتہائی کریم صفت انسان تھا، اس کا دستور یہ تھا کہ جو بھی مسافر باہر سے اس کے شہر میں آتا تو وہ تین دن تک اس کی مہمان نوازی کیا کرتا تھا۔

عضدالدولہ دیلمی نے کرمان پر حملہ کیا لیکن وہ کرمان شہر کو فتح نہ کر سکا، یہ جنگ کئی دنوں تک جاری رہی، جیسے ہی سورج طلوع کرتا تو طرفین میں جنگ شروع ہو جاتی اور دونوں اطراف سے فوجی قتل ہوتے جیسے ہی رات ہوتی تو کرمان کا بادشاہ اپنے دشمن لشکر کی طرف بہت سا کھانا روانہ کیا کرتا تھا۔

عضدالدولہ نے اُسے ایک قاصد کے ہاتھوں یہ پیغام بھیجا کہ یہ تو کیا کر رہا ہے؟ دن کو ہماری فوج کو قتل کرتا ہے اور رات کو اُن کے پاس کھانا بھیج دیتا ہے۔

اس نے جواب دیا کہ جنگ کرنا مردانگی ہے اور کھانا کھلانا جوانمردی کا ثبوت ہے اگرچہ لوگ میرے مخالف ہیں مگر میرے ملک کے اندر یہ مسافر ہیں ہم آنے والے مہمانوں کا احترام کرتے ہیں اور یہ بات جوانمردی کے خلاف ہے کہ ہمارے پاس کوئی مہمان آئے اور اُسے کھانا نہ دیا جائے۔

عضدالدولہ نے کہا: ”جو شخص اتنا مہمان نواز ہے اور اتنا شان و شوکت والا ہے اس کے ساتھ جنگ کرنا میرے لئے بھی جائز نہیں ہے“۔

چنانچہ عضدالدولہ نے جنگ بند کر کے اس سے مصالحت کر لی۔ [2]

۲۔ مہمان کا احترام:

حضرت عبداللہ ابن عباسؓ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا زاد بھائی تھے اور آپ رمضان مبارک میں اپنے ہمسایوں کے پاس ہر روز افطار کا سامان بھیجا کرتے تھے اور جب کبھی سفر پر جاتے تو دوران سفر وہ اپنا دسترخوان بچھایا کرتے تھے اور دور دراز سے لوگ آکر آپؓ کے دسترخوان سے کھانا کھاتے تھے۔

ایک دفعہ دوران سفر وہ اپنے غلام سمیت ایک عربی خیمے میں پہنچے اور اپنے غلام سے کہا آؤ دیکھتے ہیں کہ یہ عرب ہم سے کیسا سلوک کرتا ہے؟۔

---

[1] علم اخلاق اسلامی ۲/۲۰۵۔

[2] جوامع الحکایات ص ۲۱۶۔

حضرت عبداللہ خوبصورت اور خوش بیان مرد تھے اُس صاحب خانہ نے اُن کے لئے اپنی چادر بچھائی اور انہیں بڑے احترام سے بٹھایا اور اپنی بیوی سے جا کر کہا کہ ایک محترم اور معزز انسان آج ہمارا مہمان ہے کیا گھر میں کوئی چیز ہے جس سے اس عظیم انسان کی مہمان نوازی کی جاسکے؟۔

عورت نے کہا: "بس ہمارے گھر میں ایک بھیڑ ہے جس کے دودھ سے ہماری شیر خوار بچی کی زندگی منسلک ہے"۔

اس مرد نے کہا کہ اس کے علاوہ کوئی چارہ نہیں کہ یہ بھیڑ ذبح کر کے مہمان نوازی کی جا سکے، اس نے بھیڑ کو ذبح کرنے کے لئے چھری اُٹھائی"۔

اُس کی بیوی نے کہا: "بھیڑ تو ذبح ہو جائے گی کیا تو اس بھیڑ کو ذبح کرنے کی بجائے اپنی بیٹی کو ذبح نہیں کر رہا"۔ اس مرد نے کہ چاہے کچھ بھی ہو جائے اس مہمان کا احترام ضروری ہے اس نے کچھ اشعار پڑھے جن کا مفہوم یہ تھا کہ اے نادان عورت اس بچی کو بیدار نہ کرنا اگر بچی بیدار ہو کر رونے لگی تو میرے ہاتھ سے بھیڑ ذبح نہیں ہوگی۔

المختصر اُس نے بھیڑ ذبح کی اور اپنے مہمان کو اس کا گوشت کھلایا، حضرت عبداللہ نے اُن کی تمام باتیں سنیں جب صبح ہوئی عبداللہؓ نے اپنے غلام سے پوچھا کہ تمہارے پاس کتنی رقم موجود ہے آپؓ کے غلام نے کہا کہ میرے پاس سفر خرچ کے علاوہ پانچ سو اشرفی زیادہ ہے، آپ نے غلام کو حکم دیا کہ وہ پانچ سو اشرافی اس عرب کو دے دو۔

غلام تعجب کرنے لگا اور کہا کہ جناب! اس نے جو ہمارے لئے بھیڑ ذبح کی تھی اس کی قیمت پانچ اشرفی سے زیادہ نہیں تھی اور آپ اسے پانچ سو اشرفی دے رہے ہیں۔

حضرت عبداللہ نے فرمایا: اس کا کل ترکہ صرف ایک بھیڑ ہی تھی اس نے اپنا سارا اثاثہ ہماری مہمان نوازی میں صرف کر دیا حد یہ ہے کہ اس نے ہمیں اپنا میوہ قلب یعنی بیٹی پر بھی مقدم رکھا"۔ [1]

۳۔ قوم لوط:

قوم لوط کی بدبختی کی اصل بنیاد بخل تھی کیونکہ یہ قوم ایک شاہرہ کے کنارے آباد تھی لوگوں کے کاروان وہاں سے گزرا کرتے تھے اور ان سے کھانا مانگتے تھے یہ لوگ بخل کی وجہ سے مہمان نوازی سے تنگ آگئے، مہمانوں سے جان چھڑاتے کے لئے اُن بدبختوں نے لواطت کے فعل قبیح کو رواج دیا، آہستہ آہستہ اس کی خبر تمام شہروں میں پہنچ گئی کہ قوم لوط مسافروں سے بدفعلی کرتی ہے یہ سن کر مسافروں نے ان کے ہاں آنا چھوڑ دیا۔

اگرچہ اس عمل بد کی ابتداء انہوں نے مہمانوں سے جان چھڑانے کے لئے کی تھی مگر اس کا منطقی نتیجہ یہ نکلا کہ انہوں نے عورتوں کی طرف سے منہ موڑ لیا، چنانچہ دور دراز سے خوبصورت لڑکوں کو پیسے دے کر اپنے شہر میں لایا کرتے تھے اور ان سے بدفعلی کیا

---

[1] پیغمبر و یاران ۳/۲۲۳۔ اسد الغابہ ۳/۱۳۱۔

کرتے تھے۔

لوط علیہ السلام کے خاندان کے علاوہ پورا شہر اس لعنت میں مبتلا تھا، آپ سخی اور مہمان نواز تھے آپ کی قوم آپ کو مہمان نوازی سے منع کرتی تھی، آپ نے مسلسل تیس سال اس بدکار قوم کو تبلیغ فرمائی، لیکن نتیجہ کچھ بھی برآمد نہ ہوا۔

جب کبھی لوط علیہ السلام کے ہاں کوئی مہمان آتا تو آپ مہمان کو اپنی قوم سے مخفی رکھتے تا کہ مہمان کو رسوائی سے بچایا جاسکے۔

اللہ تعالیٰ نے اس بدکار قوم کو برباد کرنے کا ارادہ کیا تو جبرائیل امین علیہ السلام اپنے ساتھ چند فرشتوں کو لیکر خوبصورت لڑکوں کی شکل میں شام کے وقت لوط علیہ السلام کے پاس آئے، اس وقت آپ اپنے کھیت میں کام کر رہے تھے، فرشتوں نے اُن سے درخواست کی کہ آج رات ہمیں اپنے پاس ٹھہرنے کی اجازت دیں ہم آپ کے مہمان ہیں۔

حضرت لوط علیہ السلام نے فرمایا بہتر ہے کہ تم یہاں سے کہیں دور چلے جاؤ اس شہر کے لوگ انتہائی بدکار ہیں مہمانوں کو رسوا کرتے ہیں اور اُن کا مال بھی چھین لیتے ہیں، فرشتوں نے کہا: ''اب کافی وقت گزر گیا ہے اس وقت ہم کہیں جانے کے قابل نہیں ہیں لہٰذا آج ہمیں اپنا مہمان بنالیں۔

حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی بدسیرت اور پلید تھی، قوم لوط نے ایک دوسرے کو مہمانوں کی آمد سے مطلع کرنے کے لئے آگ جلانے کا اشارہ مقرر کیا ہوا تھا۔

گھر میں جیسے ہی مہمان وارد ہوئے حضرت لوط کی بیوی نے گھر کی چھت پر آگ جلادی اور اس طریقے سے بدکار قوم کو مہمانوں کی آمد سے مطلع کیا۔

آگ کے شعلے دیکھ کر چاروں طرف سے بدکار لوگ لوطؑ کے مکان پر اُمڈ آئے ان کے گھر کا محاصرہ کرلیا اور حضرت لوط علیہ السلام سے کہا کہ وہ مہمان ان کے حوالے کریں۔

جناب لوط علیہ السلام نے فرمایا: ''یہ میرے مہمان ہیں مجھے رسوا نہ کرو، بدکار قوم نے کہا: ''ہم آپ کو پہلے ہی روک چکے تھے کہ آپ اپنے ہاں مہمان مت ٹھہرائیں تو اس ممانعت کے باوجود آپ نے مہمان اپنے پاس کیوں ٹھہرائے۔

جب بدکار قوم کا شور وغوغا زیادہ بڑھا اور کھڑکی توڑ کر لوطؑ کے گھر آنے لگے تو حضرت جبرائیلؑ نے اشارہ کیا، سب کے سب اندھے ہوگئے آخر کار دیواروں کا سہارا لیتے لیتے اپنے گھروں کو روانہ ہوگئے۔

جبرائیلؑ نے حضرت لوطؑ سے کہا کہ آپ اپنے خاندان کو لیکر دور نکل جائیں ہم صبح کے وقت اس شہر کو تباہ و برباد کردیں گے، جناب لوط علیہ السلام خاندان کو لیکر چلے گئے صبح ہوئی تو فرشتوں نے اس خطہ زمین کو الٹ دیا اور پھر آسمان سے ان پر پتھروں کی بارش ہوئی، عذاب کی آواز سن کر لوطؑ کی بیوی نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو ایک پتھر اسے آلگا اور وہ وہیں ڈھیر ہوگئی۔ [1]

---

[1] حیوۃ القلوب ۱/۱۵۲۔

۴۔ مہمان نوازی کے لئے تکلف جائز نہیں:

امام علی رضا علیہ السلام نے اپنے آبائے طاہرین سے روایت کی ہے کہ ایک شخص نے امیر المومنین علیہ السلام کو کھانے کی دعوت دی تو آپ نے فرمایا: اگر مجھے تم تین باتوں کی ضمانت دو تو میں تمہاری دعوت قبول کروں گا۔

اس نے دریافت کیا: ''امیر المومنین آپ کی کونسی تین شرائط ہیں''؟

آپؑ نے فرمایا: ''مجھ سے وعدہ کرو کہ میرے لئے گھر سے باہر کی کوئی چیز نہیں لاؤ گے اور گھر کی چیز مجھ سے نہ چھپاؤ گے اور اپنے خاندان کو بھی میری وجہ سے کم خوراک نہ دو گے''۔

اس نے کہا: ''مولا! آپ کی تینوں شرائط مجھے منظور ہیں''۔

پھر آپؑ نے اس کی دعوت قبول فرمائی۔

امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے: ''جب تمہارا بھائی تمہارے ہاں آجائے تو گھر میں جو کچھ پکا ہوا ہے اس کے سامنے رکھو اور اگر تم کسی کو دعوت دو تو پھر اس کے لئے تکلف کرو۔[۱]

۵۔ امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کی مہمان نوازی:

سیاہ رنگت رکھنے والا ایک بدصورت شخص امام حسن مجتبیٰ کے دسترخوان پر بیٹھا کھانا کھا رہا تھا اور ندیدوں کی طرح بڑی تیزی سے ہاتھ چلا رہا تھا امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام مہمان کو کھانا کھاتے دیکھ کر محظوظ ہو رہے تھے۔

آپؑ نے فرمایا: ''اعرابی! تم شادی شدہ ہو یا مجرد ہو؟''

اس نے کہا: ''میں شادی شدہ ہوں''۔

آپؑ نے کہا: تمہارے کتنے بچے ہیں؟۔

اعرابی نے کہا: ''میری آٹھ بیٹیاں ہیں شکل وصورت کے لحاظ سے میں ان سے زیادہ حسین ہوں اور پیٹو ہونے کے اعتبار سے وہ مجھ کئی گنا پیٹو ہیں''۔

امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام نے یہ سن کر تبسم فرمایا اور اُسے دس ہزار درہم عطا فرما کر فرمایا: ''یہ تیرا، تیری بیوی اور تیری بیٹیوں کا حصہ ہے''۔[۲]

---

[۱] با مردم اینگونه برخورد کنیم ص ۲۰۶۔ فروع کافی ۳/۲۶۱۔

[۲] لطائف الطوائف ص ۱۳۹۔

باب نمبر 88

مکر

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

"وَلَا يَحِيقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ إِلَّا بِأَهْلِهِ..."[1]

برا مکر، ہمیشہ مکار کو ہی نقصان دیتا ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"ليس منا من ماكر مسلما..."[2]

وہ شخص ہم میں سے نہیں جو کسی مسلمان سے مکروفریب کرے۔

مختصر تشریح:

مکر کا شمار رذیل صفات میں ہوتا ہے، مکر بے ایمان افراد کا ایک مشہور ہتھیار ہے وہ اس کے ذریعے سے اپنے ہدف کو حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں، ایسے لوگ صحیح راستے کے لئے غور وفکر نہیں کرتے وہ ہمیشہ مخفی راستے سے اپنے مقاصد حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں، اپنے مقاصد کے حصول کے لئے وہ اذیت اور حیلہ گری سے کام لیتے ہیں۔

مکار ظاہری طور پر دشمن کے لباس میں نہیں ہوتا ہمیشہ دوست بن کر اپنے آپ کو دیندار بنا کر لوگوں کے سامنے ظاہر ہوتا ہے اور پھر لوگوں کا اعتماد حاصل کرنے کے بعد اُن کے ساتھ دھوکہ کرتا ہے اور انہیں گمراہی میں مبتلا کرتا ہے۔

مکر کا سرچشمہ دورنگی ہے، دورنگی اور حیلہ گری آپس میں لازم وملزوم ہیں، مکار شخص کا ٹھکانہ جہنم ہے مکار لوگوں سے بچنے کا واحد حل یہ ہے کہ جہاں کہیں دورنگی کا امکان ہو تو انسان اُسے چھوڑ دے۔

ا۔ مکر کی بدترین مثال:

جنگ صفین میں حضرت مالک اشتر نے نمایاں جنگ کی اور آخری دن جو کہ جمعہ کا دن تھا قریب تھا کہ لشکر امیر المومنین علیہ

---

[1] سورہ فاطر آیت نمبر ۴۳۔

[2] جامع السعادت ۲۰۳/۱

السلام فتح حاصل کرلے، معاویہ نے عمرو عاص سے کہا اب جو حیلہ و بہانہ تجھ سے ہو سکتا ہے اسے بروئے کار لا، کیونکہ ہم تباہ و برباد ہو گئے ہیں اور اسے مصر کی حکومت اور گورنری کی خوشخبری سنائی۔

عمرو عاص نے جو کہ مکر وفریب کے خمیر سے گوندھا ہوا تھا لشکر کو پکار کر کہا: ''اے لوگو! جس کے پاس قرآن ہو وہ اسے نیزے پر بلند کرے'' پس تقریباً پانچ سو قرآن نیزوں پر بلند ہوئے اور معاویہ کے لشکر سے فریاد بلند ہوئی کہ کتاب خدا ہمارے اور تمہارے درمیان ہے۔

امیر المومنین علیہ السلام کے لشکر نے جب یہ مکاری دیکھی تو اس میں سے اکثر افراد اس فریب میں آگئے اور صلح پر آمادہ ہو گئے۔

امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ ان کا یہ عمل مکر وفریب ہے وہ کہنے لگے ہمارے لئے یہ ممکن ہی نہیں کہ ہمیں قرآن کی طرف بلایا جائے اور ہم اُسے قبول نہ کریں۔

حضرت علی نے اپنے لشکر سے خطاب کر کے فرمایا کہ اپنے دشمنوں سے جنگ کرنے کے لئے جاؤ، ان کے مکر وفریب میں نہ آؤ، کیونکہ معاویہ اور عمرو عاص اور اس کے ساتھی اہل قرآن نہیں ہیں میں انہیں تم سے زیادہ بہتر جانتا ہوں، اور امیر المومنین علیہ السلام نے ان بدبختوں کو جتنی بھی نصیحت کی انہوں نے قبول نہ کی۔

اور آخر کار اشعث بن قیس (لعین) اور اس کے ساتھیوں نے آپ کو دھمکی دی کہ ہم آپ کے ساتھ وہی کچھ کریں گے جو لوگوں نے عثمان کے ساتھ کیا تھا، مجبوراً امام علیہ السلام کو مالک اشتر سے کہنا پڑا کہ جنگ بند کر دو، چنانچہ عمرو عاص لعین اپنے اس مکر وفریب کے ذریعے کامیاب ہو گیا۔[1]

۲۔ عقل مند وزیر کا جواب:

استعمار یعنی (سپر پاورز) کی ہمیشہ یہ کوشش ہوتی ہے کہ چھوٹے ممالک کو تباہ برباد کیا جائے، وہ دوستی کے لباس میں مکر و حیلہ کے ساتھ اپنے مقاصد حاصل کرتے ہیں۔

جس وقت ایران میں ناصر الدین قاچار حکمران تھے تو انہوں نے اپنا وزیر اعظم میرزا محمد تقی خان کو مقرر کیا تھا، جب کبھی وہ غیر ملکی سفیروں سے ملاقات کیا کرتے تھے تو مدرسہ دار الفنون کے ایک استاد ''نظر آغا'' کو ترجمان کی حیثیت سے ساتھ رکھتے تھے۔

نظر آغا کا بیان ہے کہ ایک دفعہ میرزا محمد تقی خان کی ملاقات ایک روسی سفیر سے ہوئی اور مجھے بطور ترجمان وہاں بلایا گیا، جب ہماری اس سفیر سے ملاقات ہوئی تو اس نے ایران کی سرحدوں جو کہ روس کے ساتھ ملحق ہیں کے بارے میں ناجائز تقاضے کئے، میں نے اس کی باتیں سن کر اس کا ترجمہ میرزا محمد تقی کو سنایا، جواب میں میرزا محمد تقی خان نے مجھ سے کہا کہ اس سفیر سے کہو کہ کبھی تم نے

---

[1] جوامع الحکایات ص ۹۹۔

پنیر اور بیگن کھائے ہیں، میں نے یہ بات اس روسی سفیر کو بتائی تو اس نے کہا کہ نہیں، میں نے میرزا محمد تقی کو اس کے جواب سے آگاہ کیا تو میرزا تقی نے مجھ سے کہا کہ اسے کہو کہ میں نے گھر میں ایک نوکرانی رکھی ہوئی ہے جو پنیر اور بیگن بہت اچھے بناتی ہے آج اتفاق سے یہ دونوں چیزیں میرے گھر میں بنی ہوئی ہیں آپ وہ کھا کر جایئے گا، جب میں نے روسی سفیر کو یہ بتایا تو اس نے کہا نہیں بہت شکریہ آپ مجھ سے سرحدوں کے متعلق گفتگو کریں، اس کے جواب میں میرزا محمد تقی خان نے پنیر، بیگن اور اپنی نوکرانی کے علاوہ کچھ نہ کہا۔

الغرض وہ روسی سفیر مایوس ہو کر اٹھا اور اپنے دفتر چلا گیا۔ [1]

۳۔ بُسر بن اُرطاۃ:

بسر بن ارطاۃ امیر المومنین علی علیہ السلام کا بدترین دشمن اور معاویہ کی فوج کا سالار تھا، جنگ صفین کے دوران ایک دفعہ حضرت علیؑ نے معاویہ کو چیلنج کیا اور فرمایا کہ کب تک میرے لوگوں کو مرواتے رہو گے میرے مقابلہ میں آؤ، ہم میں سے جو مر جائے تو دوسرا حکومت سنبھال لے، معاویہ نے کہا کہ آپ نے اتنے شامی مارے ہیں کیا وہ کم ہیں جو اب آپ مجھے مقابلے کے لئے بلا رہے ہو۔

اس وقت معاویہ کے خوشامدی جنرل بُسر بن ارطاۃ نے ارادہ کیا کہ امام علی علیہ السلام سے جا کر جنگ کرے اور اپنے آپ سے کہنے لگا کہ اگر میں نے علیؑ کو قتل کر دیا تو پورے عرب میں میری بہادری کا چرچا ہو جائے گا۔

اس کا ایک غلام تھا جس کا نام "لاحق" تھا اس نے اس سے مشورہ کیا تو لاحق نے کہا کہ اگر تجھے اپنے اندر اعتماد ہے تو جاؤ ورنہ خیال کرنا علی بہت بڑا بہادر ہے، اگر تو اس کا مقابلہ کر سکتا ہے تو اس کے مقابلہ میں جاؤ ورنہ یاد رکھنا شیر، بجو کو کھا جائے گا، علی کے نیزے سے موت ٹپکتی ہے اور علی کی تلوار تجھے قتل کرنے کے لئے کافی ہے۔

بُسر نے دلیری دکھاتے ہوئے کہا کہ آخر انسان کو مرنا بھی تو ہے چاہے کسی ہاتھوں قتل ہو کر مرے یا اپنی طبعی موت مرے۔

بہر نوع وہ بد بخت مولا علی علیہ السلام کے مقابلہ میں جنگ کرنے آیا، خاموشی سے آ کر امام علیہ السلام کے سامنے کھڑا ہو گیا، اس نے رجز نہ پڑھا تا کہ امام علیہ السلام اُسے پہچان نہ سکیں۔

امام علیہ السلام نے اس پر زوردار حملہ کیا وہ گھوڑے سے نیچے گرا، اپنے پاؤں کو اوپر کیا جس کی وجہ سے وہ ننگا ہو گیا، امام علیہ السلام نے فوراً اپنا چہرہ اس سے ہٹا لیا اور بُسر اپنی جگہ سے اُٹھا اور بھاگ گیا، اور یوں بھاگا کہ اس کے سر سے جنگی ٹوپی تک بھی اتر گئی تھی۔

جب معاویہ نے بُسر کو دوڑاتے ہوئے دیکھا تو ہنسنے لگا اور کہنے لگا کوئی فرق نہیں عمرو عاص نے بھی ایسے ہی مکر کر کے اپنی جان چھڑائی تھی۔

---

[1] حکایتهای شنیدنی ۲/۱۷۰، داستانهای از زندگی امیر کبیر ص ۱۳۹۔

ایک کوفی جوان نے آواز دے کر کہا کہ تم کو شرم نہیں آتی اور عمرو عاص نے تمہیں جان بچانے کے لئے ایک نیا حیلہ و مکر سکھا دیا جب تمہیں محسوس ہوتا ہے کہ اب تمہاری جان کو خطرہ ہے تو ننگے ہو جاتے ہو۔[1]

۴۔ زرقا کا مکر:

جس وقت حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت آمنہ کے صدف عصمت میں آئے تو کاہنوں کی کہانت باطل ہو گئی، اُس زمانے میں دو بہت بڑے کاہن رہتے تھے ایک مرد تھا اور ایک عورت تھی، مرد کا نام سطیح اور عورت کا نام زرقا تھا اس کا وطن یمامہ تھا۔

سطیح نے زرقا کو خط لکھا کہ معلوم ہوتا ہے کہ خدا کا آخری پیغمبر اپنی والدہ کے صدف عصمت میں آچکا ہے لہٰذا ہر ممکن کوشش کرو کہ یہ نور دنیا میں پھیلنے نہ پائے، قبل اس کی ولادت ہو جائے تو اسے اس کی والدہ کے سمیت قتل کر دیا جائے۔

رزقا نے اپنی کہانت کے ذریعے معلوم کیا کہ خاتم المرسلین کا نور بی بی آمنہ کے صدف عصمت ہے۔

مکہ میں ایک عورت رہتی تھی جس کا نام تکنا تھا وہ عورتوں کے بال وغیرہ ٹھیک کیا کرتی تھی زرقا اس کے پاس آئی، اس کے سامنے اپنی پریشانی کا اظہار کیا کہ مکہ میں ایک بچہ پیدا ہوگا جو ہمارے بتوں کو ذلیل و رسوا کرے گا، زرقا نے دولت کی ایک تھیلی تکنا کے حوالے کی اور کہا کہ اگر تو اس تھیلی کی مالک بننا چاہتی ہے تو تجھے ایک کام کرنا ہوگا۔

تکنا نے کہا کہ مجھے اس کے لئے کیا کام کرنا پڑے گا۔

زرقا نے اس سے کہا کہ تو عبدالمطلب کے گھر جانا اور آمنہ بنت وہب کے بال ٹھیک کرنا اور اس دوران زہر آلود چھری اُسے چبھا دینا، جس سے وہ خود بھی مر جائے گی اور اس کے شکم میں موجود بچہ بھی مر جائے گا۔

چنانچہ اس کام کے لئے ایک دن مقرر کیا گیا، دوسری طرف سے تمام بنی ہاشم کو زرقا نے دعوت دی، تمام بنی ہاشم اس کی دعوت میں مصروف ہو گئے اور تکنا اکیلی بیٹھ کر جناب آمنہ کے بال درست کرنے میں مصروف ہو گئی، اس نے اچانک زہر آلود خنجر اٹھایا اور چاہتی تھی کہ اس کی نوک آپ کے جسم میں چبھو دے لیکن غیب سے ایک ہاتھ تکنا کے چہرے پر آکر لگا اور وہ دور جا کر گر پڑی، وقتی طور پر وہ دیکھنے سے قاصر ہو گئی اور اس کی آنکھوں کا نور گم ہو گیا۔

حضرت بی بی آمنہ نے آواز بلند کی اور تمام بنی ہاشم کی عورتیں بی بی کے گرد جمع ہو گئیں، انہوں نے بی بی سے اس واقعہ کے متعلق پوچھا تو بی بی نے اس عورت کی خیانت کا ذکر کیا، جب تکنا سے پوچھا گیا کہ تم نے یہ سب کچھ کیوں کیا، اس نے کہا مجھے زرقا نے لالچ دی اور اگر آپ نے بدلہ لینا ہے تو زرقا سے لیں۔

تکنا تو اس وقت واصل جہنم ہوئی اور زرقا بڑی مشکل سے مکہ سے نکل کر اپنے اصل وطن یمامہ پہنچی، خدا نے اُن کے مکر کو

---

[1] داستانہای زندگانی علی علیہ السلام ص ۴۳۔ بحار الانوار ۷۹/۴۳۔۸

ناکام بنایا جس کی وجہ سے وہ حضرت آمنہ اور اس کے صدف عصمت میں پرورش پانے والے بچے کو نقصان نہ پہنچا سکی۔ [1]

۵۔ عمرو عاص:

عمرو عاص انتہائی ذہین اور سیاست دان شخص تھا وہ اپنے زمانے کا انتہائی مکار اور حیلہ باز انسان تھا۔

جب حضرت جعفر طیارؓ مسلمانوں کے ایک گروہ کو لیکر حبشہ کی طرف گئے تو یہ بھی اُن کے تعاقب میں حبشہ گیا، اور اس نے نجاشی سے کہا کہ میں نے ایک شخص کو دیکھا ہے جو ابھی دربار سے باہر نکلا ہے وہ دشمن کا نمائندہ ہے آپ مجھے اجازت دیں ہم اُسے قتل کریں اور تاکہ ہم اُس سے اپنا انتقام حاصل کرسکیں، ان لوگوں نے ہمارے بزرگوں کی بہت زیادہ توہین کی ہے۔

نجاشی نے جب اس کی یہ بات سنی تو اُسے بہت غصہ آیا اور اس نے زوردار مکا عمرو عاص کے منہ پر رسید کیا۔

یہی عمرو عاص حضرت ابوبکر کے دور میں سپہ سالار مقرر ہوا اور سپاہ کو لیکر شام گیا اور حضرت عمر کے دور خلافت میں یہ شخص فلسطین کا حاکم رہا اور پھر فوج لیکر اس نے مصر کو فتح کیا اور پھر کچھ عرصہ وہاں پر اس نے حکومت کی، حضرت عمر کے دور خلافت میں وہ چار سال تک مصر کا حکمران رہا اور اس کے بعد حضرت عثمان نے اسے معزول کیا، حضرت عثمان سے اس کے روابط ختم ہو گئے اور ایک دوسرے کے دشمن ہو گئے، وہ حضرت عثمان پر ہمیشہ تنقید کیا کرتا تھا ایک دفعہ حضرت عثمان منبر پر بیٹھ کر گفتگو کر رہے تھے کہ اس نے کھڑے ہو کر کہا تو نے بہت غلط طریقے اختیار کئے ہیں تیرے انحرافات کی وجہ سے پوری امت منحرف ہو جائے گی تمہیں چاہیے کہ اپنی حالت درست کر و یا خلافت کو چھوڑ دو۔

یہی عمرو عاص گاہے بگاہے حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں بھی آتا رہا اور عثمان کے خلاف ترغیب دیتا، کبھی یہ مکار شخص طلحہ و زبیر کے پاس جاتا اور انہیں حضرت عثمان کے قتل کی ترغیب دیا کرتا تھا۔

اس شخص کی بیوی حضرت عثمان کی مادری بہن تھی اس نے عثمان کی دشمنی میں اسے بھی طلاق دے دی۔

جب حضرت عثمان مارے گئے تو اس کے بعد معاویہ نے حضرت علی علیہ السلام کے خلاف بغاوت کا علم بلند کیا تو یہی شخص معاویہ کے ساتھ شامل ہو گیا۔

جب جنگ صفین ہوئی تو اسی مکار کے مشورے کے تحت معاویہ کے لشکر نے پانچ سو قرآن نیزوں پر اٹھائے۔

اور اسی مکار شخص کی وجہ سے معاویہ نے نماز جمعہ بدھ کے دن پڑھائی اور پورے شام میں کدو کو گوسفند کی طرح سے ذبح کرنے کا حکم دیا۔

الغرض اس شخص نے بہت زیادہ حیلوں سے کام لیا اور شام کے لوگوں نے عقل سے عاری ہونے کے ناطے ان تمام احکامات کو مانا۔

---

[1] خزینۃ الجواہر ی ص ۵۴۸۔

جب اہل شام کو یہ خبر ملی کی حضرت امیر المومنین محراب عبادت میں شہید ہوئے ہیں تو شامیوں نے کہا کہ کیا علی نماز بھی پڑھتے تھے، شامیوں میں یہ پروپگنڈا عمرو عاص نے پھیلایا تھا کہ نعوذ باللہ علی علیہ السلام نماز نہیں پڑھتے اس لئے ہم اُن سے جنگ کر رہے ہیں۔ [1]

---

[1] پیغمبر و یاران۔ ۵ / ۴۲، ۵۳۔

باب نمبر 89

نیت

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

قُلْ كُلٌّ يَعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ [1]

آپ کہہ دیں کہ ہر شخص اپنی نیت کے مطابق عمل کرتا ہے۔

امیر المومنین علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"عند فساد النية ترتفع البركة۔" [2]

جب انسان کی نیت خراب ہو جائے تو برکت بھی چلی جاتی ہیں۔

مختصر تشریح:

سچی نیت اُس شخص کے پاس ہوتی ہے جس کا قلب صحیح وسالم ہو، کیونکہ جو قلب ابلیسی وسواس سے دور ہوگا تو اس کی نیت صرف اور صرف خدا کے لیے ہوگی، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "مومن کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہوتی ہے"۔

انسان کے اعمال کا تعلق اس کی نیت کے مطابق ہوتا ہے اور ہر شخص کو اس کی نیت کے مطابق اعمال کی جزا وسزا ملتی ہے البتہ نیت کا تعلق دل سے ہوتا ہے، دل جتنا بھی پاکیزہ ہوگا اتنا ہی اس میں معرفت ہوگی، اور جتنا بھی دل خراب ہوگا اتنا ہی وہ معرفت سے خالی ہوگا۔

خالص نیت رکھنے والا انسان اپنی خواہشات کو خدا کے مقابلے میں مغلوب کر دیتا ہے اپنی نفسانی آرزوؤں کو چھوڑ دیتا ہے اور دوسرے لوگ اس سے آسائش محسوس کرتے ہیں۔

۱۔ نیت کی خبر دینے والا:

بغداد کے بازار میں ایک کافر کھڑا تھا لوگ اس کے گرد جمع تھے وہ لوگوں کو ان کی نیت کا حال سناتا تھا اور جو کچھ ان کے

---

[1] سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر ۸۴۔

[2] غرر الحکم ج ۶۲۲۸۔

گھروں میں ہوتا وہ بھی انہیں بتا تا تھا، کسی نے حضرت موسیٰ کاظم علیہ السلام کو اس ماجرے کی خبر دی تو آپؑ نے عام لباس پہنا اور بازار میں پہنچ گئے۔

آپ نے اپنے ایک ساتھی سے کہا کہ تم اپنے دل میں کوئی نیت رکھ کر سوال کرو، آپؑ کے ساتھی نے دل میں نیت کی اور پوچھا کہ میرے دل میں کیا ہے تو کافر نے اسی وقت بالکل صحیح صحیح بتادیا۔

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام اس کافر کو علیحدہ لے گئے اور فرمایا: ''تم نے یہ مقام کیسے حاصل کیا؟، جب کہ یہ چیز تو نبوت کا جزو ہے''۔

کافر نے کہا کہ میں نے نفس کی مخالفت کر کے یہ مقام پایا ہے۔

امام علیہ السلام نے اس سے فرمایا کہ تو نے اپنے نفس کے سامنے بھی اسلام کو بھی پیش کیا ہے؟ اس نے کہا: ''جی ہاں میرا نفس اسلام کو تسلیم کرنے پر آمادہ نہیں ہے۔

آپ نے فرمایا: ''جب تم نے ہمیشہ نفس کی مخالفت کی ہے پھر کیا وجہ کہ اس مسئلہ میں نفس کا کہنا مان لیا؟ تمہیں اس مسئلہ پر بھی نفس کی مخالفت کرنی چاہیے۔

اس نکتہ پر اس نے کچھ دیر تک غور کیا پھر مسلمان ہو گیا اور وہ اچھا مسلمان ثابت ہوا۔

اسلام لانے کے بعد وہ کبھی کبھار امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا، ایک دن کسی نے اس سے پوچھا کہ مجھے میری نیت کا حال سناؤ۔

اس نے جتنی بھی غور و فکر کی، اس شخص کی نیت کے حال سے واقف نہ ہو سکا، پھر اس نے امام علیہ السلام سے پوچھا: ''مولا میں جب تک کافر تھا میں اتنا روشن ضمیر تھا کہ لوگوں کی نیت کا حال بھی جان لیتا تھا لیکن جب سے مسلمان ہوا ہوں مجھ سے میری روشنی چھن گئی، آخر اس کی کیا وجہ ہے؟۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ ہر کسی کو اس کی محنت کا ثمر ضرور دیتا ہے، جب تک تو کافر تھا تو مخالفت نفس کا ثمر اللہ تعالیٰ تجھے اس دنیا میں دے رہا تھا، اور آخرت میں تیرا کوئی حصہ نہیں تھا، اور اب تو مسلمان ہو چکا ہے تو تیرا اجر اللہ کے پاس محفوظ ہے اور آخرت میں تجھے اس کا اجر ضرور ملے گا اسی لئے اللہ تعالیٰ نے تجھے دنیا میں اجر دینا چھوڑ دیا''۔ [1]

۲۔ بادشاہ کی نیت:

نوشیروان بادشاہ کے والد کا نام قباد تھا، ایک دفعہ وہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ شکار پر گیا اور اُسے ایک گورخر نظر آیا اور اس نے اس کے پیچھے اپنے گھوڑا دوڑایا اور اپنے ساتھیوں سے جدا ہو گیا، اس بیابان میں اس پر پیاس کا غلبہ ہوا اور دور سے اس صحرا میں

---

[1] خزینۃ الجواہر ص ۳۳۸۔ انوار نعمانیہ۔

ایک خیمہ نظر آیا وہ اس کی طرف چلا گیا، اور اہل خانہ کو صدا دے کر کہا کہ کیا آپ مہمان کی پذیرائی کریں گے، اس خیمے سے ایک بوڑھی عورت باہر آئی اس نے کچھ دودھ اور روٹی مہمان کے سامنے پیش کی۔

قباد روٹی کھانے کے بعد وہاں سو گیا، جب بیدار ہوا تو اس وقت رات ہونے کو تھی اس لئے مجبوراً اسے وہاں رات بسر کرنی پڑی۔

جب رات ہوئی تو صحرا سے کچھ گائیں آئیں اس بوڑھی عورت نے اپنی بارہ سالہ لڑکی سے کہا کہ بیٹی اُٹھو ان کا دودھ دوہ لو۔ بچی نے گایوں کا دودھ دوہا تو قباد یہ منظر دیکھ رہا تھا کہ اس نے دیکھا کہ گاؤں نے بہت زیادہ دودھ دیا، اس وقت قباد نے دل میں کہا کہ ہم نے لوگوں کو اتنا عدل فراہم کیا کہ یہ صحرا میں بے خوف و خطر بیٹھے ہوئے ہیں اور بہتر یہ ہے کہ ہم ایک قانون بنائیں کہ ہفتہ میں ایک دن یہ لوگ اپنی گائیں کا دودھ سلطان کے پاس حاضر کریں، جس سے ہمارے سرکاری خزانہ میں اضافہ ہوگا اور سوچنے لگا کہ میں جیسے ہی یہاں سے جا کر تخت پر بیٹھوں گا تو یہ حکم جاری کروں گا۔

جب صبح ہوئی تو ماں نے بچی سے کہا کہ بیٹی اٹھو دودھ دوہ لو، بچی اُٹھی اور دودھ دوہنے کے لئے گائیوں کے پاس گئی تو گائیوں نے بہت کم ہی دودھ دیا جو نہ ہونے کے برابر تھا، بچی نے چیخ کر کہا کہ امی گائیں دودھ نہیں دے رہی ہیں، لگتا ہے کہ ہمارے بادشاہ کی نیت خراب ہو چکی ہے اُٹھو اور دعا کرو وہ بوڑھی عورت اُٹھی اور اس نے دعا کی۔

قباد نے بوڑھی عورت سے اس کی وجہ پوچھی تو اس نے کہا کہ ہماری گائیوں کا دودھ کم ہو چکا ہے اصول یہ ہے کہ جب کسی سلطان کی نیت بد ہو جائے تو گائیوں کا دودھ کم ہو جاتا ہے۔

قباد نے اس بوڑھی عورت سے کہا کہ اماں تو نے درست کہا ہے میں تمہارا بادشاہ ہوں اور میں نے ایسی نیت کی تھی اور اب میں اپنی نیت کو ختم کر رہا ہوں۔

اس کے بعد جب لڑکی نے دوبارہ ان گائیوں کو دوہا تو انہوں نے رات کی طرح بہت زیادہ دودھ دیا۔ [1]

۳۔ ابو عامر اور مسجد کی تعمیر:

اسلام سے پہلے مدینہ میں ابو عامر نام کا ایک راہب رہتا تھا جو ہمیشہ ٹاٹ کا لباس پہنا کرتا تھا اور ریاضت میں مصروف ہوتا تھا اسی وجہ سے لوگ اس کا بہت زیادہ احترام کیا کرتے تھے یہاں تک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ تشریف لائے آپ کے آنے کی وجہ سے اس کا احترام ختم ہو گیا۔

اس نے رسول پاک سے دشمنی شروع کر دی اور مسلمانوں کے لئے جنگ خندق کا سبب بنا، جس میں کفار کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

---

[1] جوامع الحکایات ص ۷۰۔

پھر اس کے کہنے پر منافقین نے اس کے لئے ایک مرکز تعمیر کیا جس میں قبیلہ بنی غنم کے بارہ افراد پیش پیش تھے، اُن بارہ افراد میں ثعلبہ بن حاطب معتب بن قشیر اور نبتل بن حرث وغیرہ شامل تھے اور اسے مسجد کا نام د[illegible]۔

اُن لوگوں نے مسجد قبا کے نزدیک یہ مسجد تعمیر کی، جب مسجد کی تعمیر مکمل ہوگئی تو یہ لوگ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور آپ سے عرض کیا کہ جس طرح سے آپ نے مسجد قبا کا افتتاح کیا تھا اس طرح ہماری مسجد کا بھی افتتاح کریں انہوں نے اس مسجد کی وجہ تعمیر یہ بتائی کہ بعض دفعہ کچھ لوگ مسجد قبا نہیں جا سکتے کیونکہ بعض دفعہ گرمی ہوتی ہے اور بعض دفعہ سردی اور کبھی بارشیں شروع ہوتی ہیں جس کی وجہ سے لوگوں کو مشکل درپیش ہوتی ہے، اس لئے اُن کے لیے یہ مسجد تعمیر کی گئی ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُن سے فرمایا کہ فی الحال میں تبوک کے سفر پر جا رہا ہوں واپسی پر میں اس مسجد کا افتتاح کروں گا۔

جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوہ تبوک سے واپس آئے تو وہ لوگ دوبارہ آپ کے پاس مسجد کے افتتاح کی درخواست لے کر آئے۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس مسجد میں جانے سے روک دیا اور یہ فرمایا کہ اس کی اساس منافقت پر رکھی گئی ہے اور اس کا مقصد دشمنان خدا اور رسول کو مرکز فراہم کرنا ہے۔

چنانچہ رسول خدا نے اس مسجد کو گرانے کا حکم جاری کیا، مسلمانوں نے اس مسجد کو گرا دیا اور اس کے ملبہ کو آگ لگا دی۔ [1]

۴۔ شقیق بلخی:

شقیق بلخی مشائخ طریقت میں سے ایک تھے، یہ حاتم اصم کے استاد تھے اور اس کو ۱۴۹ھ کو غزوہ کولان میں ترک کے علاقہ میں قتل کیا گیا۔

شقیق بلخی روایت کرتا ہے کہ ایک دفعہ ۱۴۹ھ کو میں حج پر گیا، جب میں قادسیہ کے مقام پر پہنچا تو میں نے دیکھا کہ بہت سے لوگ حج کے لئے آ رہے ہیں، اور تمام صاحب زینت و مال تھے پس میری نگاہ ایک خوش رو نوجوان پر پڑی جو کمزور اور گندم گوں تھا اور پشمینہ کا لباس اس کے اوپر تھا اور لوگوں سے کنارہ کش ہو کر اکیلا بیٹھا تھا، میں نے دل میں کہا کہ یہ نوجوان صوفی ہے اور چاہتا ہے کہ لوگوں پر بوجھ بنے، خدا کی قسم میں اس کے پاس جا کر اس کی سرزنش کرتا ہوں۔

شقیق کا بیان ہے کہ جب میں اس کے پاس گیا اور اس جوان نے مجھے دیکھا تو فرمایا: ''**یاشفیق اجتنبوا کثیرة من الظن ان بعض الظن اثم**'' اے شقیق! بہت سے گمانوں سے اجتناب کرو کیونکہ بعض گمان گناہ ہوتے ہیں، یہ کہہ کر آگے بڑھ گیا، میں نے اپنے آپ سے کہا کہ یہ امر عظیم ہے اس جوان نے وہ کچھ بتایا جو میرے دل میں گزر رہا تھا اور میرا نام بھی لیا ہے، یہ

---

[1] پیغمبر و یاران ۲/۱۰۳۔ مجمع البیان ۵/۷۰۔

جوان خدا کا کوئی صالح بندہ ہی ہے پس اس کے پاس جا کر اپنی خطا کی معافی طلب کروں میں تیزی سے اس کی طرف چلا لیکن میں اُسے نہ پا سکا، یہاں تک کہ ہم منزل واقصہ میں پہنچے، وہاں میں نے اس جوان کو دیکھا کہ وہ نماز پڑھ رہا ہے اور اس کے اعضاء و جوارح مضطرب تھے اور آنسو جاری تھے۔

میں نے یہ کہا کہ یہ وہی جوان ہے کہ جس کی میں تلاش میں تھا جا کر اس سے معافی مانگوں، میں نے صبر کیا یہاں تک کہ وہ نماز سے فارغ ہو جائے جب انہوں نے مجھے دیکھا تو فرمایا: "**یا شفیق وانی لغفار لمن تاب وامن و عمل صالحا ثم اهتدیٰ**" اے شفیق! بے شک میں بخشنے والا ہوں اس کو جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور نیک عمل کرے اور پھر راہ ہدایت پر چلے، یہ کہہ کر وہ چل دیا، میں نے کہا یہ نوجوان ابدال میں سے ہے کیونکہ دوسرے مرتبہ اس نے میرے دل کی بات بتائی، پھر دوبارہ میں نے اسے نہیں دیکھا یہاں تک کہ ہم منزل زبالہ میں پہنچے، میں نے دیکھا کہ لوٹا اس جوان کے ہاتھ میں ہے اور کنوئیں کے پاس کھڑا ہے اور پانی نکالنا چاہتا ہے اچانک وہ لوٹا اس کے ہاتھ سے چھوٹ کر کنوئیں میں گر پڑا۔

میں نے دیکھا کہ اس نے آسمان کی طرف اپنا سر بلند کیا اور عرض کیا "**انت ربی اذا ظمئت الی الما و قوتی اذا اردت الطعام**" تو مجھے سیراب کرنے والا ہے جب میں پیاسا ہوتا ہوں اور تو ہی میری روزی ہے جب میں کھانا کا ارادہ کرتا ہوں۔

پھر عرض کیا اے میرے معبود و آقا میرے پاس اس لوٹے کے علاوہ کچھ نہیں ہے مجھ سے یہ نہ لے، شفیق کہتا ہے خدا کی قسم میں نے دیکھا کہ کنوئیں کے پانی میں جوش آیا اور وہ اوپر کو اٹھا اس جوان نے اپنا ہاتھ دراز کر کے وہ کوزہ اٹھایا اور اس کو پانی سے پر کر کے وضو کیا اور چار رکعت نماز پڑھ کر ریت کے ایک ٹیلے کی طرف گیا اور اس میں سے کچھ ریت کے ذرات لیکر اس کوزہ میں ڈالے اور اسے ہلا کر پیا۔

جب میں نے یہ دیکھا تو اس کے قریب گیا اور سلام کیا تو اس نے سلام کا جواب دیا، پس میں نے کہا مجھے اس میں سے کچھ دیجئے جو خدا نے آپ پر احسان نعمت کیا ہے۔

پھر وہ کوزہ آپ نے مجھے عنایت فرمایا، جب میں نے پی کر دیکھا تو ستو اور شکر تھی، خدا کی قسم میں نے اس سے پہلے کبھی بھی ایسا لذیذ اور خوشبودار ستو نہیں پیا تھا، پس میں اتنا سیر و سیراب ہوا کہ کئی دن تک مجھے کھانے پینے کی ضرورت ہی محسوس نہ ہوئی پھر میں نے اس بزرگوار کو کہیں نہیں دکھا یہاں تک کہ ہم مکہ میں وارد ہوئے آدھی رات کے وقت میں نے اسے دیکھا کہ وہ قبۃ السراب کے پاس مشغول نماز پڑھتا رہا، یہاں تک کہ انہوں نے صبح کی نماز ادا کی اور خانہ کعبہ کا طواف کیا اور باہر آیا۔

میں اس کے پیچھے گیا تو میں نے دیکھا کہ اس کے حاشیہ نشین اور غلام ہیں اس کیفیت کے برخلاف جو میں نے راستہ میں دیکھی تھی اور لوگ اُن کے گرد جمع تھے اور اُن کو سلام کر رہے تھے، پس میں نے ایک شخص سے پوچھا کہ یہ نوجوان کون ہے؟ تو لوگوں نے بتایا کہ یہ موسیٰ بن جعفرؑ بن محمدؑ بن علیؑ بن حسینؑ بن علیؑ بن ابی طالب ہیں۔ [1]

---

[1] منتہی الآمال ۲/۲۰۲۔

۵۔ حضرت موسیٰ کا پیروکار:

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ایک پیروکار ہمیشہ ان کے ساتھ رہتا تھا اور اُن سے علم حاصل کرتا تھا، کافی عرصہ بعد اس نے آپ سے گھر جانے کی اجازت طلب کی۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اسے اجازت دی۔

وہ شاگرد عرصہ دراز تک موسیٰ علیہ السلام کو نظر نہ آیا، آپ نے لوگوں سے اس کے متعلق دریافت کیا لیکن کہیں سے بھی خبر نہیں آئی۔

ایک دن حضرت جبرائیل علیہ السلام سے پوچھا: "تم نے میرے فلاں شاگرد کو دیکھا ہے؟

جبرائیل امین نے کہا کہ جناب! وہ مسخ ہو کر بندر ہو چکا ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: اس کا جرم کیا تھا؟

حضرت جبرائیل امین نے عرض کیا: "اس نے آپ سے تورات کا علم اس نیت سے حاصل کیا تھا تا کہ لوگ اُسے فقیہ اور عالم کے طور پر جان سکیں اس کی نیت اخلاص پر مبنی نہیں تھی اور اس نے اس علم کو دنیا کے بدلہ فروخت کر دیا، اسی لئے اللہ تعالیٰ نے اسے مسخ کر کے بندر بنا دیا[1]

---

[1] روضہ کافی، ص ۱۲۹۔ داستانہای پراگندہ، ۳/۱۳۸۔

باب نمبر 90

نعمت

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

وَاشْكُرُوا نِعْمَتَ اللّٰهِ إِنْ كُنْتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ [1]

اللہ کی نعمت کا شکر ادا کرو اگر تم صرف اسی کی ہی عبادت کرتے ہو۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"کان رسول الله اذا ورد علیه امر یسره قال الحمد لله علی هذه النعمته" [2]

جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کوئی خوشی ملتی تھی تو آپؐ یہ جملہ فرماتے تھے "الحمد لله علی هذه النعمته" یعنی میں اس نعمت پر خدا کی حمد کرتا ہوں۔

مختصر تشریح:

انسان کو چاہیے کہ تمام نعمات کو خدا کی طرف سمجھے اور کسی بھی نعمت پر اپنا حق نہ سمجھے جو کچھ بھی خدا نے عطا کیا ہے اس پر راضی رہے اور نعمت پانے کی وجہ سے حق کی مخالفت نہ کرے، ہر حالت میں انسان کو خدا کا شکر بجالانا چاہیے۔

توفیق شکر بذات خود ایک نعمت ہے، اللہ تعالیٰ کی نعمات اتنی زیادہ ہیں کہ انسان اس کا شکر ادا کرنے کے قابل نہیں ہے، اس شکر کی عملی صورت یہ ہے کہ انسان کو چاہیے کہ نعمات میں اسراف نہیں کرنا چاہیے اور ہر نعمت کو اس کے اصل مقام پر خرچ کرے تا کہ اللہ کے لطف وکرم کا حقدار بن سکے۔

۱۔ باغ ضروان:

سابقہ زمانے کی بات ہے کہ ایک صالح اور خدا پرست انسان جو یمن کے قریب ضروان نامی ایک گاؤں میں رہتا تھا، اس کے پاس قابل کاشت زمین تھی، پھلدار باغات تھے وہ ہمیشہ اس میں سے غرباء و مساکین کا خیال رکھتا تھا، وہ اپنے باغات کی

---

[1] سورۃ النحل آیت ۱۱۴۔

[2] جامع السعادات ۳/۲۳۶۔

کمائی سے صرف اپنے لئے ضرورت کے مطابق رکھتا تھا اور باقی کمائی وہ اللہ تعالیٰ کی نعمات کا شکر ادا کرتے ہوئے غرباء اور مساکین میں تقسیم کر دیتا تھا۔

الغرض اس کے گھر کے دروازے غرباء اور مساکین کے لئے ہمیشہ کھلے رہتے اور ضرورت مند لوگ اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے ہمیشہ اس کے پاس آتے تھے۔

وہ خدا پرست شخص ہمیشہ اپنی اولاد کو بھی غرباء و مساکین کی ضرورت کو پورا کرنے کی نصیحت و وصیت کیا کرتا تھا، اور اولاد سے کہا کرتا تھا کہ تمام نعمات خدا کی عطا کردہ ہیں لہٰذا خدا کی راہ میں خرچ کرنا سب سے بڑی عبادت ہے۔

اس کی اولاد اپنے والد کی نصیحتیں سن سن کر تنگ آچکی تھی آخر کار اس صالح مرد کی وفات ہوگئی۔

جب وہ دنیا سے رخصت ہوا تو اس کی اولاد نے اپنے والد کی وصیت کو سراسر فراموش کر دیا، اور اس کی اولاد نے آپس میں اتفاق کیا کہ باغ کی جتنی بھی کمائی ہوگی اسے آپس میں برابر تقسیم کریں گے اور اس میں سے غرباء و مساکین کو کچھ بھی نہیں دیں گے۔

فقراء گزشتہ سالوں کی طرح باغات میں جاتے لیکن اس کی اولاد انہیں کچھ بھی نہیں دیتی، اللہ تعالیٰ اُن پر ناراض ہوا ابھی باغ کا پھل نہیں اترا تھا کہ آسمان سے بجلی گری اور تمام باغ جل کر راکھ ہو گئے، جب وہ صبح باغ میں گئے تو دیکھا کہ باغ جل کر خاکستر ہو چکے تھے۔[1]

۲۔ نعمت کے حصول میں فضول خرچی:

ہارون الرشید بنی عباس کا پانچواں خلیفہ گزرا ہے ایک دفعہ اُسے شوق پیدا ہوا کہ ایسے اونٹ کا گوشت کھانا چاہیے جو چھٹے مہینے میں داخل ہوا ہو۔

اس کا باورچی روزانہ اونٹ کا گوشت پکا کر اس کے دسترخوان پر رکھتا تھا، لیکن کئی دنوں تک ہارون نے اس گوشت کی طرف ہاتھ تک نہ بڑھایا تھا، آخر ایک دن ہارون الرشید نے اونٹ کے گوشت سے ایک لقمہ اٹھایا اور اُسے منہ میں رکھا تو ساتھ ہی اس کا وزیر جعفر برمکی بیٹھا ہوا تھا وہ ہنسنے لگا، ہارون نے اس سے ہنسنے کی وجہ دریافت کی تو پہلے تو وہ خاموش رہا جب ہارون کا اصرار بڑھا تو اس نے کہا کہ جناب کیا آپ یہ جانتے ہیں کہ آپ نے جو یہ لقمہ اٹھایا ہے ہمیں یہ کتنے میں پڑا ہے؟۔

ہارون نے کہا: ''نہیں میں نہیں جانتا'' جعفر برمکی نے جواب دیا، جناب یہ ایک لقمہ ہمیں ایک لاکھ درہم میں پڑا ہے۔

ہارون نے کہا: ''یہ کیسے ممکن ہے؟''

جعفر برمکی نے کہا: ''کچھ دن پہلے آپ نے کہا تھا کہ میں شش ماہ کا اونٹ کھانا پسند کرتا ہوں اس وقت وہ اونٹ ہماری دسترس میں نہیں تھا، میں نے سرکاری خزانے سے شش ماہے اونٹ خریدے روزانہ ایک ایک اونٹ ذبح کرتے رہے اور آپ کے دسترخوان پر

---

[1] داستانہای مثنوی ۱۱۵/۲۔ تفسیر سورہ قلم کی طرف رجوع کریں۔

اُن کا گوشت رکھا جاتا تھا لیکن آپ نے کبھی اس کے گوشت کی طرف ہاتھ بڑھایا ہی نہیں اور آج آپ نے ایک لقمہ کھایا ہے تو یہ ایک لقمہ ہمیں ایک لاکھ درہم میں جا پڑا"۔ [۱]

۳۔ شکرِ نعمت:

ابوہاشم جعفر بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ فقر و فاقہ کی مجھ پر شدت ہوئی، تو میں امام علی نقی علیہ السلام کی خدمت میں شرفیاب ہوا، آپ نے مجھے اجازت بخشی اور فرمایا: "اے ابوہاشم خدا کی عطا کردہ نعمتوں میں سے کس نعمت کا شکر ادا کر سکتا ہے؟"

ابوہاشم کہتا ہے کہ میں نہ سمجھا کہ آپ کو کیا جواب دوں، حضرتؑ نے خود ابتداء کی اور فرمایا: خدا نے تجھے ایمان عطا فرمایا ہے پس اس کی وجہ سے تیرا بدن آتش جہنم پر حرام کیا اور تجھے عافیت و سلامتی عطا کی تا کہ اطاعت کرنے کی وجہ سے تجھ پر عنایت کرے اور خدا نے تجھے قناعت دی ہے تا کہ آبرو ریزی سے تجھے محفوظ رکھے۔

اے ابوہاشم میں نے ابتداً تجھے یہ کلمات اس لیے کہے ہیں چونکہ تو نے ارادہ کیا ہے میرے پاس اس کی شکایت کرے کہ جس نے یہ تمام انعام تجھ پر کئے ہیں اس کے بعد امام علیہ السلام نے مجھے ایک سو دینار زر سرخ عطا کئے۔ [۲]

۴۔ عدل و انصاف کی برکت:

ایک دفعہ منصور دوانیقی نے عمرو بن عبید سے نصیحت کرنے کی درخواست کی، اس نے کہا: "میں تمہیں سنی سنائی بات بتاؤں یا اپنی چشم دید بات بتاؤں"۔

منصور دوانیقی نے کہا کہ بھلا یہ کیسے ممکن ہے کہ سنی ہوئی بات دیکھی ہوئی بات کی طرح سے ہو سکے؟۔

عمرو بن عبید نے کہا: "عمر بن عبدالعزیز بنی امیہ میں سے انصاف پرور حاکم تھا، اور اسی کے زمانہ میں لوگ آرام و آسائش کی زندگی بسر کرتے تھے جب اس کی وفات ہوئی تو اس کے ورثاء میں گیارہ افراد تھے اور اس کی کل میراث (۷۰۰) سات سو مثقال چاندی تھی، اس کے ورثاء میں سے ہر ایک وارث کو ایک سو پچاس قیراط چاندی ملی اور جب ہشام بن عبدالملک کی وفات ہوئی تو اتفاق سے اس کے بھی گیارہ وارث تھے اور ان میں سے ہر وارث کو ایک ملین یعنی دس لاکھ مثقال سونا حصہ میں آیا۔

چند دنوں بعد میں نے عمر بن عبدالعزیز کے بیٹے کو دیکھا جس نے ایک سو گھوڑے اللہ کی راہ میں جہاد اور حج کرنے کے لئے لوگوں کو دیئے اور میں نے ہشام کے ایک بیٹے کو بھیک مانگتے ہوئے دیکھا۔ [۳]

---

[۱] حکایتہای شنیدنی ۳/۶۶۔

[۲] با مردم اینگونہ برخورد کنیم ص ۱۳۰۔ امالی شیخ صدوق ۴۱۲۔

[۳] جوامع الحکایات ص ۱۳۶۔

۵۔ حقیقی نعمت کیا ہے؟

ابراہیم بن عباس کا بیان ہے کہ ایک دن میں امام علی رضا علیہ السلام کی خدمت میں بیٹھا تھا کہ ایک فقیہ نے کہا کہ قرآن مجید کی ایک آیت ہے:

"ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيمِ "پھر اس دن تم سے نعمت کے متعلق ضرور پوچھا جائے گا"۔

اس آیت مجیدہ میں "نعیم" کے متعلق باز پرس کا اعلان کیا گیا ہے کیا اس "نعیم" سے مراد ٹھنڈا پانی ہے؟

امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: "ٹھہرو، تم کہتے ہو کہ اس "نعیم" سے مراد ٹھنڈا پانی ہے، بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس سے مراد نیند ہے اور بعض لوگ کہتے ہیں اس سے مراد اچھی روٹی ہے۔

میرے والد ماجد علیہ السلام نے یہی مسئلہ اپنے والد امام جعفر صادق علیہ السلام سے دریافت کیا تھا تو انہوں نے فرمایا کہ یہ تفسیر صحیح نہیں ہے، اللہ تعالیٰ بڑا کریم و رحیم ہے، دنیا میں کوئی اچھا میزبان اپنے مہمان کو روٹی اور ٹھنڈا پانی پلا کر اس سے سوال نہیں کرتا تو منعم حقیقی اپنے بندوں سے روٹی، پانی کا سوال کیسے کرے گا؟ یہ اس کے حسن تفضل کے خلاف ہے۔

"ولكن النعيم حبنا اهل البيت وموالاتنا يسأل الله عنه بعد التوحيد ونبوة رسوله صلى الله عليه وآله وسلم"

نعیم سے مراد ہم اہلبیت کی محبت و ولایت ہے، اللہ تعالیٰ اپنی توحید اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کے بعد لوگوں سے اس کا سوال کرے گا۔[1]

---

[1] ادا ستا نخاو چند ھا ۳/۱۰۳۔ ینابیع المودۃ ۱/۱۱۱۔

باب نمبر 91

نماز

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالی ہوتا ہے:

"اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَاۗءِ وَالْمُنْكَرِ" [1]

یقیناً نماز برائی اور بے حیائی سے روکتی ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"من صلی رکعتین لم یحدث فیھما نفسہ بشئی من الدنیا غفر لہ ما تقدم من ذنبہ" [2]

جس نے دو رکعت نماز اس انداز سے پڑھی کہ اس کے دل و دماغ میں دنیا کا خیال نہ آیا تو خداوند متعال اس کے سابقہ گناہ معاف کر دے گا۔

مختصر تشریح:

ہمیں معلوم ہونا چاہیے کہ اللہ تعالی کو یہ ضرورت نہیں کہ وہ ہم سے خدمت کروائے، اللہ تعالی ہماری نمازوں اور دعاؤں سے مستغنی ہے یہ اُس کا فضل ہے کہ اس نے ہمیں اور آپ کو نماز کا حکم دیا ہے تاکہ ہم اس کی رحمت کے حقدار بن سکیں اور اس کے عذاب سے محفوظ رہ سکیں۔

جب انسان نماز پڑھتا ہے تو اللہ تعالی اس پہ اظہار کرم کرتا ہے جس وقت انسان تکبیرۃ الاحرام کہہ کر نماز میں داخل ہوتا ہے تو پھر زمین وہ اس پر تمام موجودات کو حقیر تصور کر کے اور غیر اللہ کو فراموش کر دے اور نماز ادا کرے۔ [3]

---

[1] سورۃ العنکبوت آیت ۴۵۔

[2] ۔جامع السعادات ۳/۳۲۷۔

[3] تذکرۃ الحقائق ص ۱۸۔

۱۔ خوف سے پڑھی جانے والی نماز:

ایک صحرائی عرب مسجد نبوی میں آیا اس وقت امیر المومنین علیہ السلام مسجد نبوی میں تشریف فرما تھے، اس عرب نے بہت جلدی سے نماز ادا کی، قرائت اور ارکان نماز کا کچھ خیال نہ کیا، نماز مکمل کرنے کے بعد وہ صحرائی عرب مسجد سے جانے لگا تو امام علی علیہ السلام نے اُسے بلا کر کہا کہ دوبارہ نماز ادا کرو، تم نے جو نماز پڑھی ہے یہ درست نہیں ہے۔

عرب نے دوبارہ بڑے ادب کے ساتھ نماز ادا کی جس میں اُس نے قرات اور ارکان نماز کا خیال رکھا۔

جیسے ہی اس نے نماز ختم کی تو امیر المومنین علیہ السلام نے اس سے فرمایا اے عرب یہ جو تو نے اب نماز پڑھی کیا یہ پہلی نماز سے بہتر نہ تھی؟

عرب نے کہا: "امیر المومنین! مجھے خدا کی قسم میں نے جو پہلے نماز ادا کی وہ خوف خدا کی وجہ سے ادا کی اور جو دوسری نماز پڑھی تو آپؑ کے تازیانے کے خوف سے ادا کی۔

جب آپ نے یہ سنا تو مسکرانے لگے۔ [1]

۲۔ حضرت علیؑ کی نماز:

جب بھی نماز کا وقت ہوتا امیر المومنین علیہ السلام کی حالت متغیر ہو جاتی اور ان کے بدن پر رعشہ طاری ہو جاتا تھا، آپؑ سے پوچھا گیا کہ آپ کا چہرہ کیوں مضطرب ہو جاتا ہے اور آپ کے بدن پر رعشہ طاری کیوں ہو جاتا ہے؟

آپ نے فرمایا: اس امانت کی ادائیگی کا وقت آ جاتا ہے جس کا بوجھ زمین و آسمان اور پہاڑ برداشت نہ کر سکے تھے۔

جنگ صفین میں آپ کے پاؤں میں تیر لگا، جراح نے نکالنے کی کوشش کی تو آپ کو سخت تکلیف ہوئی، جراح نے امام حسن مجتبیٰ سے کہا کہ آپؑ کے والد ماجد تیر نہیں نکالنے دیتے اور مجھے خطرہ ہے کہ اگر یہی تیر پیوست رہا تو زخم زیادہ خراب ہو جائے گا۔

امام حسن علیہ السلام نے فرمایا: "کچھ دیر صبر کرو جب میرے والد نماز میں مصروف ہوں تو تم تیر نکال لینا۔

امیر المومنین جیسے ہی نماز میں مشغول ہوئے جراح نے چیر ادے کر تیر نکال لیا اور آپ نے اُف تک نہ کی۔

نماز کے بعد آپ نے دیکھا کہ مصلّیٰ خون سے رنگین ہے تو آپؑ نے پوچھا کہ یہ خون کیسا ہے؟

آپ کو بتایا گیا کہ جراح نے آپ کی ران سے تیر نکالا ہے۔

آپؑ کی شہادت کے بعد آپؑ کے غلام حضرت قنبرؓ سے آپؑ کے زہد و تقویٰ کے متعلق سوال کیا گیا تو انہوں نے کہا: "تفصیل سے بتاؤں یا اختصار سے کام لوں؟

---

[1] لطائف الطوائف ص ۱۳۰۔

کہا گیا کہ اختصار سے کام لو۔

یہ سن کر حضرت قنبر نے کہا: ''میرے مولائے زہد و تقویٰ کے لئے یہی بات کافی ہے کہ میں نے رات کو ان کے لئے کبھی بستر نہیں بچھایا تھا اور دن کو اُن کے سامنے کھانا کبھی پیش نہیں کیا۔ [1]

۳۔ تارک الصلوٰۃ:

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ مجھے کسی نیک عمل کی نصیحت فرمائیں۔

آپ نے ارشاد فرمایا: ''جان بوجھ کر نماز ترک نہ کرنا کیونکہ جان بوجھ کر نماز ترک کرنے والا ملت اسلام سے بیزار ہے''۔

مسعدہ بن صدقہ کہتے ہیں کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا: ''مولا! اس کی کیا وجہ ہے کہ ہم زانی کو کافر کا نام نہیں دیتے اور تارک الصلوٰۃ کو کافر کہتے ہیں، اس بات کی کیا وجہ ہے؟۔

امام عالی مقام نے فرمایا: ''زانی اور اس جیسا کوئی اور شخص جب بدکاری کرتا ہے تو وہ جذبہ شہوت سے مغلوب ہو کر ایسا کرتا ہے مگر تاریک الصلواۃ جب نماز کو ترک کرتا ہے تو وہ اسے حقیر سمجھ کر ایسا کرتا ہے،

جب بھی کسی زانی کا عورت سے آمنا سامنا ہوتا ہے تو وہ لذت محسوس کرتا ہے لیکن جب تارک الصلوٰۃ نماز کو ترک کرتا ہے تو اسے کسی طرح کی لذت محسوس نہیں ہوتی، جب تم تارک الصلواۃ سے لذت نفی کرو گے تو باقی نماز کو حقیر سمجھنا رہ جائے گا، اور جہاں ذہن میں نماز کو حقیر سمجھنے کا خیال آجائے تو اس وقت کفر لازم آجاتا ہے۔ [2]

۴۔ کسی کی نمازیں دیکھ کر اس سے دھوکہ کھانا:

● بیان کیا جاتا ہے کہ ایک دفعہ ایک صحرائی عرب مسجد میں آیا اور اس نے ایک شخص کو دیکھا جو انتہائی خضوع و خشوع سے نماز میں مشغول تھا، وہ اس سے بہت متاثر ہوا اور اس نے نمازی سے کہا کہ تم نماز بہت اچھی پڑھتے ہو اس نمازی نے کہا: ''میں صرف نماز ہی اچھی نہیں پڑھتا بلکہ میں روزہ دار بھی ہوں اور تجھے معلوم ہونا چاہیے کہ روزہ کی حالت میں نماز پڑھنے سے نماز کا دوگنا ثواب ملتا ہے۔

صحرائی عرب بے حد اس سے بے حد متاثر ہوا اور اس سے درخواست کی کہ پھر تھوڑی دیر کے لئے میرے اونٹ کا خیال رکھیں تاکہ میں تھوڑا سا کام کر لوں اور پھر واپس آجاؤں گا۔

---

[1] انوار نعمانیہ ص ۳۰۲۔

[2] وافی ۲/۱۳۔

اس نے اونٹ کو نمازی کے حوالے کیا اور خود کام کاج کرنے کے لئے چلا گیا، نمازی کو جیسے ہی موقع ملا تو اس نے اس صحرائی کا اونٹ چرا لیا، جب وہ صحرائی عرب واپس آیا تو اُسے نہ تو وہ نمازی دکھائی دیا اور نہ ہی وہ اونٹ دکھائی دیا، اس نے بڑا تلاش کیا لیکن اسے کوئی فائدہ نہ ہوا، اس وقت اس نے چند اشعار پڑھے جن کا ترجمہ یہ ہے۔ "اس کی نماز مجھے اچھی لگی اور اس کے روزے نے بھی مجھے اپنی طرف جذب کر لیا تھا اور ایسی نماز اور روزہ کا کیا فائدہ جس کے ساتھ انسان دوسرے کا اونٹ چوری کر لے"۔ [۱]

۵۔ نماز جمعہ:

ایک دفعہ مدینہ طیبہ میں قحط سالی کی سی فضا ہو گئی جس میں خوراک کی انتہائی شدید قلت ہو گئی تھی۔

مدینہ والوں کو انتظار تھا کہ شام سے تاجر مدینہ میں آئیں گے تو اُن سے غذائی اجناس خریدیں گے۔

اتفاق سے جمعہ کا دن تھا اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ جمعہ دینے میں مصروف تھے، ایک تاجر مدینہ شہر میں آیا اور اس کے نمائندوں نے طبل بجائے، لوگ آٹا، گندم لینے کے لئے کاروان سرائے کی طرف دوڑ پڑے۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے آٹھ یا زیادہ سے زیادہ چالیس مسلمان باقی رہ گئے، باقی سب کے سب آٹا، گندم اور اجناس لینے کے لئے دوڑ پڑے تھے۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس وقت ارشاد فرمایا: "اگر یہ لوگ بھی مسجد سے چلے جاتے تو اللہ تعالیٰ کا غضب اس پورے علاقے پر نازل ہوتا اور مدینہ کا پورا شہر تباہ و برباد ہو جاتا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اگر یہ لوگ بھی مسجد میں باقی نہ رہتے تو آسمان سے پتھروں کی بارش ہوتی، پھر اللہ تعالیٰ نے سورہ جمعہ میں یہ آیت نازل فرمائی:

وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انْفَضُّوا إِلَيْهَا وَتَرَكُوكَ قَائِمًا ۚ قُلْ مَا عِنْدَ اللَّهِ خَيْرٌ مِنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ۚ وَاللَّهُ خَيْرُ الرَّازِقِينَ ۱۱

اور جب انہوں نے تجارت یا کھیل تماشا ہوتے دیکھ لیا تو اس کی طرف دوڑ پڑے اور آپ کو کھڑے چھوڑ دیا، کہہ دیجئے: جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ کھیل تماشے اور تجارت سے کہیں زیادہ ہے اور اللہ بہترین رزق دینے والا ہے"۔ [۲]

---

[۱] امالی الاخبار ۶۲/۴۔

[۲] داستانھا و پندھا ۹/۳۔ تفسیر نور الثقلین ۳۲۹/۵۔

باب نمبر 92

نفرین / بد دعا دینا

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہوتا ہے:

أُولٰٓئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ [1]

ایسے لوگوں پر اللہ اور دیگر لعنت کرنے والے سب لعنت کرتے ہیں۔

"من ابی عبداللہ علیہ السلام یقول المنجم ملعون الکاهن ملعون والساحر ملعون والمغنیة ملعونة من اواها واکل کسبها ملعون"

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: کہ منجم ملعون ہے، کاہن ملعون ہے، جادوگر ملعون ہے، گانے بجانے والی عورت ملعونہ ہے جو اسے پناہ دے اور اس کی کمائی کھائے وہ ملعون ہے کیونکہ منجم کاہن کی مانند ہوتا ہے اور کاہن جادوگر کی مانند ہوتا ہے جادوگر کافر کی مانند ہوتا ہے اور کافر دوزخی ہے۔ [2]

مختصر تشریح:

اگر کسی کو پیغمبر اکرم اور آئمہ ہدیٰ بد دعا دیں یا اس پر لعنت کریں تو وہ شخص سو فیصد لعنت کے قابل ہوتا ہے۔

اگر کوئی بندہ چاہے کہ وہ اپنے اوپر ظلم کی وجہ سے یا تہمت کی وجہ سے یا اپنے قانونی اور شرعی حق سے جو اسے محروم کرے تو وہ اس پر لعنت کرے تو اس میں کوئی عیب نہیں ہے، لیکن تا حد امکان انسان کو چاہیے کہ اپنے مجرم کو معاف کر دے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ اس کے مجرم کو ہدایت دے۔

اگر کوئی شخص غلطی سے ایسے انسان پر لعنت کرے جو لعنت کے قابل نہ ہو تو لعنت واپس لوٹ آتی ہے اور لعنت کرنے والے کے اوپر ہی برستی ہے۔

ہر جگہ بھی لعنت نہیں دی جا سکتی مثلاً ایک شخص چل رہا ہے اور کسی پتھر سے اس کا پاؤں ٹکرایا جس کی وجہ سے وہ گر گیا پھر اُسے

---

[1] بقرہ ۱۵۹۔

[2] الخصال شیخ صدوق جلد اول ص ۲۶۔

درد محسوس ہو اس صورت میں پتھر کو نہ تو بددعا دی جاسکتی ہے نہ ہی اس پر لعنت کی جاسکتی ہے۔

کیونکہ اس میں پتھر کا کوئی قصور نہیں ہے اگر کوئی شخص اس بے قصور پتھر کو لعنت دے گا تو وہ لعنت خود اس شخص پر پلٹ آئے گی۔

۱۔ بددعا کی بجائے دعا دینے والے:

ابراہیم اطروش بیان کرتے ہیں کہ ہم معروف کرخی کے ساتھ دریائے دجلہ کے کنارے بیٹھے ہوئے تھے تو ہم نے دیکھا کہ کچھ نوجوان لڑکے ایک کشتی میں بیٹھے ہوئے تھے اور وہ محو رقص تھے اور موسیقی کے ساتھ ساتھ وہ شراب نوشی بھی کر رہے تھے، معروف کرخی کے کچھ دوستوں نے اس سے کہا کہ وہ اُن کے لئے بددعا کریں۔

معروف نے دعا کے لئے ہاتھ بلند کئے اور کہا: "پروردگارا! تو نے انہیں جس طرح دنیا میں خوشیاں نصیب فرمائی ہیں ان کو آخرت میں بھی خوشیاں عطا فرما"۔

دوستوں نے کہا کہ عجیب بات ہے، ہم نے اس سے کہا کہ اُن کے لئے بددعا کریں لیکن اس نے بددعا کرنے کی بجائے اُن کو دعا دی۔

معروف کرخی کہنے لگے کہ اللہ تعالیٰ نے میری دعا کو قبول کرلیا تو آخرت میں انہیں خوشیاں دے گا تو دنیا میں ان کے لئے توبہ کے بھی وسائل پیدا کردے گا۔[1]

۲۔ عبیداللہ بن زیاد:

امام حسین علیہ السلام کی شہادت کے بعد شکستہ دلوں مظلوموں، مصیبت زدوں اور آل محمدؐ کی بیوہ خواتین اور یتیم بچوں نے پانچ سالوں تک سوگواری اور مراسم عزاداری قائم کئے، منقول ہے کہ آپ کی شہادت کے بعد بنی ہاشم کی کسی خاتون نے آنکھوں میں سرمہ نہیں لگایا اور نہ ہی مہندی اور خضاب لگایا، اور بنی ہاشم کے باورچی خانوں سے دھواں بلند نہیں ہوا یہاں تک کہ پانچ سال کے بعد عبیداللہ بن زیاد ابراہیم بن مالک اشتر کے ہاتھوں مارا گیا، اور عجائبات میں سے یہ بات ہے کہ اس کے قتل کا دن بھی عاشورہ محرم تھا۔

جب مختار نے اس ملعون کا منحوس سر حضرت علی بن حسین کی خدمت میں بھیجا تو اس وقت آپ کھانا تناول فرمارہے تھے تو آپ سجدہ شکر بجالائے، اور فرمایا کہ ہمیں جس دن ابن زیادہ کے پاس لے جایا گیا تو یہ ملعون کھانا کھا رہا تھا تو میں نے اپنے خدا سے یہ دعا کی میں اس وقت تک دنیا سے نہ جاؤں جب تک میں اس کے سر کو اپنے دسترخوان کی محفل میں نہ دیکھ لوں، جیسا کہ میرے والد بزرگوار کا سر اس کے سامنے تھا اور یہ کھانا کھا رہا تھا، خدا مختار کو جزائے خیر دے کہ اس نے ہمارا انتقام لیا اور آپ نے اپنے سب اصحاب

---

[1] شنید نہائی تاریخ ص ۹۳-۳ محجۃ البیضاء ۲۶۸،۷۔

سے فرمایا کہ تم سب خدا کا شکر کرو۔

منقول ہے کہ حضرت کی بارگاہ میں ایک نے عرض کیا کہ آج ہمارے کھانے میں حلوہ اور میٹھی چیز کیوں نہیں؟ آپ نے فرمایا آج ہماری عورتیں خوشی اور مسرت میں مشغول تھیں اور پھر کون سا حلوہ زیادہ میٹھا ہے ہمارے دشمنوں کے سروں کی طرف دیکھنے دے؟[1]

۳۔ حام بن نوح:

حضرت نوح علیہ السلام کشتی میں اپنی اولاد اور مومنین کے ساتھ سوار ہوئے کشتی چل رہی تھی حضرت نوح علیہ السلام پر نیند کا غلبہ ہونے لگا آپ سو گئے۔

آپؑ نے ایک تہہ بند باندھا ہوا تھا جیسے ہی ہوا چلی تو وہ تہہ بند ہٹ گیا اور آپؑ ننگے ہو گئے۔

آپ کا فرزند سام اُٹھا اس نے اپنے والد کا کپڑا ابنایا۔

حام نے اپنے بھائی سام سے کہا کہ تمہیں کیا ضرورت تھی کپڑا ابنانے کی یہ کہا کہ اور کپڑا اہٹا دیا، کچھ لوگ یہ دیکھ کر ہنسنے لگے، سام نے کہا کہ تم نے ایسا کیوں کیا تا کہ لوگ والد کی شرمگاہ کو دیکھیں اور ہنسیں۔

حام نے جواب دیا کہ میں نے بھی یہ کام اسی نیت سے کیا تھا، حام اور سام آپس میں گفتگو کر رہے اور اُن کی آواز کی وجہ سے حضرت نوح علیہ السلام بیدار ہو گئے اور نزاع کی وجہ دریافت کی۔

انہوں نے اس نزاع کی وجہ بتائی۔

حضرت نوح علیہ السلام حام کے اس عمل سے سخت ناراض ہوئے، آپؑ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے اور آپؑ نے حام کو بد دعا دی اور کہا کہ پروردگار! حام اور اس کے بچوں کو سیاہ بنا دے اور اس کے بچوں کو سام کے بچوں کا خدمت گزار بنا دے۔

حام یہ سن کر کشتی کے دوسرے کنارے پر جا کر ہنسنے لگا اور کہا کہ یہ کیا بات ہے جو کچھ میرے والد نے کہی ہے۔

حضرت نوح علیہ السلام کی دعا اللہ تعالیٰ نے قبول فرمائی جس کے نتیجے میں حام کی اولاد سیاہ فام ہو گئی اور آج تک وہ سام کی اولاد کی خدمت کر رہی ہے۔[2]

۴۔ حرملہ کا انجام:

منہال بن عمرو بیان کرتے ہیں کہ میں کوفہ سے حج کے لئے گیا اور اس کے بعد امام سجاد علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا

---

[1] تتمۃ المنتھی ص ۴۳۔

[2] جامع النورین ص ۱۸۸۔

اور امام علیہ السلام نے مجھ سے پوچھا: "یہ بتاؤ میرے چھ ماہ کے بھائی علی اصغر کا قاتل حرملہ بن کاہل زندہ ہے؟ میں نے عرض کی جی ہاں مولا! وہ کوفہ میں ابھی تک زندہ ہے، اس کے بعد امام عالی مقام نے بد دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے اور کہا: "پروردگار! اسے آگ اور لو ہے کا مزہ اس دنیا میں چکھادے"۔

منہال کہتا ہے کہ جب میں کوفہ واپس آیا تو میں مختار کے پاس اس سے ملنے کے لئے گیا، مختار نے گھوڑا منگوایا اس پر سوار ہوئے اور مجھے بھی اپنے ساتھ سوار کیا، ہم کوفہ شہر کے باہر مقام کناسہ پر گئے، کچھ دیر کے لئے وہاں پر مختار چپ کر کے کھڑے رہے، یوں دکھائی دیتا تھا جیسے انہیں کسی چیز کا انتظار ہو، اچانک میں نے دیکھا کہ مختار کے فوجی حرملہ کو گرفتار کر کے مختار کے پاس لائے۔

مختار نے اللہ تعالیٰ کی حمد بجائی اور حکم دیا کہ اس ملعون کے ہاتھ پاؤں کاٹ کر اسے آگ میں جلادو۔

جب میں نے سنا تو میں نے سبحان اللہ کہا، مختار مجھ سے کہنے لگے کہ تو نے اللہ کی تسبیح کیوں ادا کی؟

میں نے اس کے سامنے امام سجاد علیہ السلام کی بد دعا کا سارا واقعہ نقل کیا اور میں نے کہا کہ امام علیہ السلام کی بد دعا موثر ثابت ہوئی ہے اس لئے میں نے خدا کی تسبیح بجالائی۔

مختار اپنے گھوڑے سے نیچے اُترے اور دو رکعت نماز طولانی ادا کی اور طویل سجدہ شکر ادا کیا۔

ہم واپس آئے تو جب ہم گھر کے قریب آئے تو میں نے مختار کو دعوت طعام دی اور کہا کہ میرے غریب خانہ پر آئیں اور میرے ساتھ کھانا کھائیں، مختار نے کہا: "منہال! تو نے مجھے خود ہی تو خبر دی ہے کہ امام علیہ السلام نے اس لعین کے حق میں بد دعا کی تھی اور وہ بد دعا میرے ہاتھوں پوری ہوئی ہے اور جیسے ہی تو نے مجھے یہ خبر دی تو میں نے روزے کی نیت کر لی اور اب مجھے کھانے کی ضرورت نہیں ہے۔ [1]

۵۔ رحمۃ للعالمین:

تیئس برس تک حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دنیا کو ہدایت کی، آپؐ کے اوپر مصائب کے پہاڑ توڑے گئے آپ کو روحانی اور جسمانی اذیتیں دی گئیں، جنگ احد میں آپؐ کے دندان مبارک زخمی ہوئے اور آپ کا چہرہ مقدس زخمی ہوا۔

آپؐ کے اصحاب نے عرض کیا: "یارسول اللہ! آپ ان کے لئے بد دعا کریں"۔

آپؐ نے فرمایا: "میں بد دعا کرنے کے لئے نہیں آیا ہوں بلکہ میں مبعوث بہ رحمت ہوا ہوں"۔

پھر آپ نے دعا کے لئے ہاتھ بلند کئے اور کہا: "پروردگار! ان لوگوں کو ہدایت دے ان لوگوں کو کوئی علم نہیں ہے۔ [2]

---

[1] منتہی الامال ۵/۳۴۱۔

[2] سفینۃ البحار ۲/۱۲۳۔

باب نمبر 93

نفس

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہے:

وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى [1]

اور جو شخص اپنے پروردگار کی بارگاہ میں پیش ہونے کا خوف رکھتا ہے اور نفس کی خواہشات سے روکتا ہے اس کا ٹھکانہ یقیناً جنت ہے"۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"طوبی لعبد جاهد نفسه وهواه" [2]

خوشخبری ہے ایسے شخص کے لئے جو اپنے نفس اور خواہشات سے جہاد کرتا ہے۔

مختصر تشریح:

انسان دو چیزوں نفس (روح) اور تن سے تشکیل پاتا ہے نفس سوار ہے اور جسم اس کا خدمت گزار ہے۔

اگر کسی شخص کے اندر نفس مطمئنہ پایا جائے تو وہ برائی کا حکم نہیں دیتا، اگر کسی شخص کے اندر نفس امارہ ہو تو وہ ہمیشہ برائی کا حکم دیتا رہتا ہے، اگر اس کے بس میں ہو تو وہ حرص و حسد میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

اور اگر اس میں درندگی پیدا ہو جائے تو وہ اپنی خواہشات نفس کے پیچھے بھاگنا شروع کر دیتا ہے۔

انسان نفس کی مہار کو اپنے ہاتھ میں تھام سکتا ہے، اگر کوئی شخص اپنے نفس کی مہار کو قابو میں کر لے تو وہ کبھی بھی شیطان کے دام میں نہیں پھنس سکتا، اس کا طریقہ کار یہ ہے کہ انسان ہر وقت اپنے نفس کے اوپر کنٹرول کرے، اپنی نیت اور افکار کے متعلق مثبت انداز میں سوچے یاد رکھیں نفس ایک اژدھا ہے اگر یہ بے قابو ہو گیا تو وہ اپنے مالک کو نگل لے گا۔

---

[1] النازعات ۴۰۔

[2] سفینۃ البحار ۲/۶۰۳۔

۱۔ اژدھائے نفس:

بیان کیا جاتا ہے کہ ایک شخص سپیرا تھا اور وہ سانپ پکڑ کر لوگوں کو دکھاتا تھا جس کے بدلے لوگ اُسے کچھ نہ کچھ رقم دیتے تھے، ایک دفعہ وہ کوہستان میں گیا تا کہ بہت بڑا سانپ پکڑے اور لوگوں کو دکھائے تا کہ لوگ اُسے زیادہ سے زیادہ پیسے دیں، سخت موسم اور کافی دشواری کے بعد اُسے پہاڑ کے دامن میں بہت بڑا اژدھا نظر آیا، اس وقت سردیوں کا موسم تھا جس کی وجہ سے وہ اژدھا افسردہ تھا اور اس کے ساتھ بے حرکت تھا۔

اُس سپیرے نے اُسے پکڑا اور اپنے ہاں لے آیا، کچھ دنوں کے بعد وہ اُسے شہر میں لے آیا، اس کا سانپ دیکھنے کے لیے لوگ دجلہ کے کنارے جمع ہو گئے اُسے دیکھنے کے لیے لوگوں کا رش سا لگ گیا، اور زیادہ لوگ ہونے کی وجہ سے گرمی ہوئی پھر جیسے ہی اس سپیرے نے اپنی پٹاری کھولی تو اچانک اس سانپ میں جنبش پیدا ہوئی اور وہ پٹاری سے باہر نکلا، اس نے سپیرے پر حملہ کیا اور اس کے ڈسنے کی وجہ سے وہ وہیں مر گیا اور باقی لوگ بھی خوف کے مارے بھاگ کھڑے ہوئے۔

اے بھائی! غفلت اختیار نہ کر، آپ کا نفس بھی اژدھا ہے اگر اس اژدھا کو حرکت مل گئی تو وہ آپ کی زندگی کو تباہ و برباد کر دے گا۔ اس کا حل یہی ہے کہ اس اژدھا کا سر کچل دیں اور اپنی خواہشات نفسانی کی مخالفت کریں، جب تک آپ اپنے نفس امارہ کے قبضے میں رہیں گے تو یہ اژدھا آپ کو ہمیشہ کا شکار ہے گا۔[1]

۲۔ شیراز کا آب لیموں:

شیخ عبدالحسین خوانساری بیان کرتے ہیں کہ کربلا معلی میں ایک مشہور و معروف دوا فروش تھا، وہ بیمار ہو گیا اور اس کی بیماری کی وجہ سے اُس کے گھر کے تمام اثاثے تک فروخت ہو گئے، لیکن اُسے شفا نصیب نہ ہوئی اور تمام طبیب ناامیدی کا اظہار کر چکے تھے ایک دن میں اس کی عیادت کو گیا میں نے دیکھا کہ وہ انتہائی برے حال میں تھا۔

اور اپنے بیٹے سے کہہ رہا تھا کہ میرے گھر میں اب جو کچھ بھی ہے تمام کو بازار میں جا کر فروخت کردو، اور اگر میں زندہ رہا تو اس دولت سے کچھ فائدہ حاصل کروں گا ورنہ وہ دولت تمہارے تصرف میں آجائے گی۔

میں نے اس سے کہا کہ آپ یہ کیسی ناامیدی والی باتیں کر رہے ہیں؟ اس نے ایک آہ سرد بھری کہنے لگا کہ میرے پاس بہت زیادہ دولت تھی اور وہ دولت میں نے بہت ہی غلط طریقے سے کمائی تھی کہ ایک سال کربلا میں ایک موذی مرض نے حملہ کیا اور اس وقت تمام ڈاکٹروں نے کہا کہ اس کا صرف ایک ہی علاج ہے کہ اس بیماری میں مبتلا افراد کو صرف اور صرف شیراز کا آب لیموں پلایا جائے، جس کی وجہ سے شیراز کا آب لیموں انتہائی مہنگا ہو گیا بلکہ ناپید ہو گیا اس وقت کہ میرے پاس تھوڑا سا شیراز کا آب لیموں موجود

---

[1] داستانہای مثنوی ۳/ ۷۲۔

تھا اور میں اس میں پانی ملاتا رہا اور عام آب لیموں کو شیراز کا آب لیموں ظاہر کر کے فروخت کرنے لگا۔

جس کی وجہ سے پورے کربلا میں میری دکان مشہور ہوگئی اور اس کے بعد میرے پاس بہت زیادہ دولت آ گئی، اور اب میں خود ایک عرصہ سے بیمار ہوں اور جو کچھ میرے پاس موجود تھا وہ سب کا سب میں نے علاج کی غرض سے بیچ دیا ہے اور اب تک مجھے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوا، اور اب میں یہی سوچ رہا ہوں کہ اس نقلی آب لیموں کی وجہ سے جو میں نے دولت حاصل کی تھی اس سے خریدی گئی ہر چیز کو فروخت کر دوں تا کہ اس دولت سے چھٹکارہ حاصل کر سکوں۔ [۱]

۳۔ بہترین اور بدترین:

حضرت لقمان علیہ السلام، حضرت داؤد علیہ السلام کے ہم عصر انسان تھے، وہ زندگی کے ابتدائی ایام میں بنی اسرائیل کے ایک شخص کے پاس غلام تھے۔

ایک دن اُن کے مالک نے ایک دنبہ اُن کے سپرد کیا اور کہا کہ جاؤ یہ دنبہ ذبح کرو اور اس کے جو بہترین اعضاء ہوں وہ میرے پاس لاؤ، لقمانؑ نے دنبہ کو ذبح کیا اور اس کے دل اور زبان کو مالک کے پاس لے گیا۔

کچھ دنوں کے بعد دوبارہ حضرت لقمان کے مالک نے ایک اور دنبہ اُن کے سپرد کیا اور کہا کہ جاؤ یہ دنبہ ذبح کرو اور اس کے جو بدترین اعضاء ہوں وہ میرے پاس لاؤ، لقمانؑ نے دنبہ ذبح کیا اور اس کے دل و زبان کو نکال کر مالک کے پاس لے گیا۔

مالک نے کہا کہ تم بھی عجیب کام کرتے ہو جب میں نے کہا کہ بہترین اعضاء لاؤ تو تم دل اور زبان لائے تھے اور اب جب کہ میں نے کہا کہ اس کے جسم سے بدترین اعضاء لاؤ تو تم پھر بھی دل اور زبان لائے ہو، تو حضرت لقمان نے کہا کہ میں نے دونوں مرتبہ صحیح عمل کیا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر دل اور زبان ایک دوسرے کی موافقت کریں تو اُن جیسا کوئی بہترین عضو نہیں ہے اور اگر یہ ایک دوسرے کے مخالف ہوں تو اُن جیسا کوئی بدترین عضو نہیں ہے۔

مالک کو لقمان کی یہ بات بہت پسند آئی اور اُس نے لقمان کو غلامی سے آزاد کر دیا۔ [۲]

۴۔ ابوخیثمہ:

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک صحابی مالک بن قیس تھے جو "ابوخیثمہ" کی کنیت سے مشہور تھے انہوں نے رسول خدا کے ساتھ بہت سے غزوات میں شرکت کی تھی لیکن وہ جنگ تبوک میں شریک نہ ہو سکے تھے اور چند لوگوں کی طرح وہ بھی گھر میں بیٹھ گئے تھے، موسم گرما کی شدید گرمی کے وقت وہ اپنے گھر سے باہر اپنے باغ کی طرف گئے جہاں اُن کے لئے سائبان بنا ہوا

---

[۱] منتخب التواریخ ص: ۸۱۳۔

[۲] طرائق الحقائق ۳۳۶/۱۔

تھا اور پانی کے ساتھ ٹھنڈا کر دیا گیا تھا، جیسے ہی وہ اُس ٹھنڈی جگہ پر پہنچے تو آپنے آپ سے کہنے لگے، ابو خیثمہ تو اس ٹھنڈی جگہ پر بیٹھ کر عیش و آرام میں مصروف ہے جبکہ رسول خداؐ اس وقت سفر کی گرمیاں جھیل رہے ہیں یہ سوچا اور وسائل سفر آمادہ کئے، اونٹ پر سوار ہو کر تبوک کی طرف روانہ ہو گئے۔

عمیر بن وہب بھی اس سفر میں اُن کے ساتھ تھا، انہوں نے دور سے آنحضرتؐ کی فوج اور آپؐ کے خیمے کو دیکھا تو ابو خیثمہ نے عمیر بن وہب سے کہا کہ آپؐ میرے ساتھ رسول خدا کے پاس نہ چلیں میں اکیلا جا کر اپنے لئے معذرت خواہی کروں گا۔

کسی نے حضور اکرمؐ سے کہا کہ کوئی دور سے آتا ہوا دکھائی دے رہا ہے تو حضور اکرمؐ نے فرمایا کہ خدا کرے کہ یہ ابو خیثمہ ہی ہو۔

جب وہ نزدیک پہنچے تو اپنے اونٹ کو لٹایا اور اس کے زانو باندھ کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پہنچے اور آنحضرت سے اپنی تقصیر کی معافی طلب کی تو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا کہ میں نے بھی تمہارے لئے پروردگار سے دعا مانگی تھی۔ [1]

۵۔ ہدایت کے لئے آمادہ نفس:

اعلیٰ ترین رتبہ حاصل کرنا ہر شخص کے مقدر میں نہیں ہوتا، الٰہی توفیقات چند خواص کو ہی نصیب ہوتی ہیں، ایسے خواص میں ابو حمزہ ثمالی بھی شامل ہوتے ہیں جن پر امام چہارم حضرت زین العابدین نے خصوصی شفقت کی تھی، امام جعفر صادق علیہ السلام نے اسے فرمایا تھا، اے ابو حمزہ ثمالی! میں جب بھی تجھے دیکھتا ہوں تو مجھے آرام و سکون ملتا ہے"۔

یہ شخص اپنا زیادہ تر وقت مسجد کوفہ میں بسر کرتا تھا اور ابو حمزہ ثمالی اپنے متعلق فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ میں مسجد کوفہ کے ساتویں ستون پر بیٹھا ہوا تھا اور میں نے دیکھا کہ ایک عرب مسجد میں باب کندہ کی طرف سے داخل ہوا میں نے اس سے زیادہ خوبصورت اور خوشبودار جسم رکھنے والا کسی کو نہ دیکھا، انہوں نے بہت خوبصورت لباس پہنا ہوا تھا اور انہوں نے بہترین عمامہ زیب سر کیا ہوا تھا، انہوں نے آ کر دو رکعت نماز ادا کی، نماز میں انہوں نے اس انداز سے تکبیرۃ الاحرام ادا کی جس سے میرے بدن پر موجود تمام بال کھڑے ہو گئے اور میں اُن کے لہجے کا عاشق ہو گیا میں اُن کے اور قریب ہو گیا، دو رکعت نماز کے بعد انہوں نے دعا مانگی اور اس کے بعد انہوں نے چار رکعت نماز ادا کی، نماز ادا کرنے کے بعد وہ مسجد سے باہر آئے میں بھی اُن کے پیچھے چل پڑا یہاں تک کہ وہ شہر کوفہ سے باہر آئے۔

اور شہر کے باہر اُن کے ایک غلام نے ان کے لئے ایک اونٹ آمادہ کیا ہوا تھا۔

میں نے غلام سے پوچھا کہ یہ بزرگوار کون ہیں؟

غلام نے جواب دیا کہ یہ علی ابن الحسین علیہ السلام ہیں، ابو حمزہ کہتے ہیں کہ اس سے پہلے میں نے امام علیہ السلام کی زیارت

---

[1] پیغمبر و یاران ۵/۲۱۰۔ سیرہ ابن ہشام ۴/۱۶۳۔

نہیں کی تھی جب میں نے پہلی بار امام علیہ السلام کی زیارت کی تو میں نے امام علیہ السلام کے ہاتھوں اور پاؤں کا بوسہ لیا۔

امام علیہ السلام نے میرے سر پر ہاتھ رکھا اور فرمایا کہ کھڑے ہو جاؤ غیر اللہ کو سجدہ جائز نہیں۔

اس کے بعد ابو حمزہ امام زین العابدین علیہ السلام کے اصحاب خاص میں شامل ہو گئے وہ امام محمد باقر، امام جعفر صادق اور امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی زیارت سے مشرف ہوئے اور مسلسل فیض حاصل کرتے رہے۔

امام علی رضا علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ ابو حمزہ ثمالی اپنے زمانے کے لقمان تھے کیونکہ اس نے ہم میں سے چار آئمہ کی خدمت کا فریضہ سرانجام دیا تھا۔[1]

[1] شاگردان مکتب ائمہ ۱۰۰/۱۔

باب نمبر 94

ولایت

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُونَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ [1]

اہل ایمان کو چاہیے کہ وہ کافروں کو سرپرست نہ بنائیں۔

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"ولایة علی علیه السلام مکتوبة فی صحف جمیع الانبیاء..." [2]

جملہ انبیاء کے صحیفوں میں اللہ نے ولایت علی کو فرض قرار دیا ہے۔

مختصر تشریح:

خلقت کے پہلے ہی دن سے اللہ تعالیٰ نے مقام خلافت الٰہی کو خصوصی اہمیت دی تھی تاکہ مخلوق خدا بغیر ہادی اور رہبر کے نہ رہے۔

دور حاضر حضرت ولی عصر عج کی ولایت کا دور ہے آپ خدا کی صفات اور اسماء کا جامع مظہر ہیں۔

جو شخص آپؑ کے فرمان سے انحراف کرتا ہے تو وہ خدا کے غضب کا حقدار بنتا ہے، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسلسل اپنی اُمت کو ولایت امیر المومنین اور ائمہ ہدیٰ کی اطاعت کرنے کی دعوت دی تھی۔

ہمارا زمانہ امام زمانہ عج کی نگاہ شفقت کا زمانہ ہے لہذا ہمیں ہر وقت امام زمانہ کی طرف متوجہ ہونا چاہیے اور ہمیں مشکلات میں امام زمانہ سے متوسل ہونا چاہیے۔

ا۔ سیاہ فام غلام کی محبت:

ایک دفعہ ایک سیاہ فام غلام کو چوری کے جرم میں حضرت امیر المومنین علیہ السلام کی خدمت میں پیش کیا گیا۔

---

[1] سورۃ آل عمران آیت ۲۸۔

[2] محجۃ البیضاء ۱۹۶/۲۔

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے اس سے فرمایا: ''اے سیاہ فام کیا تو نے چوری کی ہے، اس غلام نے عرض کی: ''جی ہاں امیر المومنین!

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے اس سے دوبارہ پوچھا کہ کیا تو جانتا ہے کہ چوری کی سزا ہاتھ کاٹنا ہے کیا واقعی تو نے چوری کی ہے؟''

اس نے پھر عرض کیا: ''جی ہاں امیر المومنین''

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے پھر اس سے پوچھا تو اس نے تیسری بار بھی چوری کا اعتراف کیا۔

اس کے بعد امیر المومنین علیہ السلام نے اس کے دائیں ہاتھ کی انگلیاں کاٹ دیں۔

وہ سیاہ فام غلام اپنی کٹی ہوئی انگلیاں دوسرے ہاتھ میں لئے باہر اس حالت میں آیا کہ اس کے ہاتھ سے خون جاری تھا۔

عبداللہ بن الکوا جو کہ انتہائی منافق ترین شخص تھا وہ وہاں پر آیا اور اس غلام سے پوچھا کہ تیرے ہاتھ کی انگلیاں کس نے قلم کی ہیں؟۔

اس سیاہ فام غلام نے جواب دیا کہ چوری کے جرم میں میرا ہاتھ شاہ ولایت امیر المومنین، متقین کے رہبر میرے اور مومنوں کے مولا اور رسول اللہ کے وصی نے قطع کیا ہے۔

ابن الکواء نے اس غلام سے کہا: ''اس نے تیرا ہاتھ قطع کیا اور تو اس کی تعریفیں کیوں کر رہا ہے؟۔

اس غلام نے کہا کہ میں کیوں نہ اس کی مدح سرائی کروں جس کی دوستی میرے خون اور گوشت میں رچی ہوئی ہے، حضرت نے حق کا فیصلہ کرتے ہوئے میرا ہاتھ قطع کیا۔

اس کے بعد ابن الکوا امیر المومنین علیہ السلام کی خدمت میں آیا اور اس نے غلام کی ساری گفتگو نقل کی۔

امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: ''مجھ سے محبت کرنے والے ایسے ہیں کہ اگر چہ میں اُن کے ٹکڑے ٹکڑے بھی کر دوں تو بھی وہ میری شان میں گستاخی نہیں کریں گے، اور میرے دشمن ایسے ہیں میں چاہے اُن کو شہد بھی کھلاؤں تو پھر بھی وہ میرے دشمن ہی رہیں گے''۔

اس کے بعد امیر المومنین علیہ السلام نے حضرت امام حسنؑ سے فرمایا: ''جلدی سے اس سیاہ فام غلام کو یہاں لے آؤ، چنانچہ امام حسن علیہ السلام کے ساتھ وہ غلام پھر آپؑ کے خدمت میں حاضر ہوا، آپؑ نے اس غلام سے فرمایا: ''میں نے تو تیرا ہاتھ قطع کیا ہے تو پھر بھی میری تعریفیں کر رہا ہے اس کی کیا وجہ ہے؟۔

اس غلام نے کہا: ''مولا! میں کیوں نہ آپؑ کی مدح سرائی کروں جب کہ آپ کی مدح تو خود اللہ پاک بھی کرتا ہے''۔

پھر آپ نے اس سے کہا کہ وہ کٹی انگلیاں دوبارا اپنے ہاتھ پر جوڑے اور پھر آپ نے اس کے ہاتھ پر چادر ڈالی اور سورہ الحمد

کی تلاوت کی اور اس سیاہ فام غلام کا ہاتھ معجزہ امامت سے دوبارہ صحیح و سالم ہو گیا۔ [1]

۲۔ آلِ محمدؐ اپنے محبوں سے کیسا سلوک کرتے ہیں:

سفیان بن مصعب عبدی شاعرِ آلِ محمدؐ تھے، ان کی رہائش کوفہ میں تھی ان ہی کے ایمان پرور اشعار کے متعلق امام جعفر صادق نے فرمایا: "اے گروہ شیعہ! اپنی اولاد کو عبدی کے اشعار کی تعلیم دو بے شک وہ اللہ کے دین پر ہے"۔

صفوان بن یحییٰ کہتے ہیں کہ عبدی بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ میری بیوی نے مجھ سے کہا: کافی مدت ہوئی ہے ہم امام جعفر صادق علیہ السلام کی زیارت سے محروم ہیں، بہتر ہو گا کہ امسال ہم حج پر جائیں اور حج سے واپسی پر امام عالی مقام کی زیارت کا شرف بھی حاصل کر لیں گے اور یوں اُن سے تجدید عہد بھی ہو جائے گی۔

میں نے کہا: خدا گواہ ہے کہ میرے پاس کچھ بھی نہیں ہے اور اخراجات کے لئے میرے پاس کوئی چیز نہیں ہے"۔

میری بیوی نے مجھ سے کہا: "کوئی حرج نہیں! میرے پاس کچھ لباس اور زیور موجود ہیں آپ انہیں فروخت کر دیں اور حج بیت اللہ کے لئے زادِ راہ حاصل کریں"۔

چنانچہ میں نے بیوی کے مشورے پر عمل کیا، جب ہم مدینہ کے قریب پہنچے تو میری بیوی انتہائی بیمار ہو گئی، مدینے سے کچھ فاصلے پر میں نے اپنی بیوی اور کنیز کو ایک جگہ بٹھایا اور خود امام علیہ السلام کی خدمت میں چلا گیا۔

اس وقت میں اپنی بیوی کی صحت سے بالکل مایوس ہو چکا تھا جب میں امام علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے سرخ رنگ کا لباس زیب تن کیا ہوا تھا۔

میں نے آقا کو سلام کیا اور آپؑ نے مجھے سلام کا جواب دیا، اور آپؑ نے مجھ سے میری بیوی کی خیریت دریافت کی، میں نے اس کی بیماری کے متعلق عرض کی اور کہا: "جب میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس کی زندگی سے مایوس ہو چکا تھا"۔

آپ سر جھکا کر کچھ دیر فکر و تامل کرتے رہے پھر آپؑ نے سر بلند فرمایا اور کہا: "اپنی بیوی کی بیماری سے غمگین ہو؟"

میں نے عرض کی: "جی ہاں"۔

آپ نے فرمایا: "غمگین نہ ہو وہ ٹھیک ہو جائے گی میں نے اللہ سے اس کی صحت یابی کے لئے دعا مانگی ہے، جب تم واپس جاؤ گے تو وہ تمہیں تندرست نظر آئے گی اور "طبرزد" (ایک مخصوص قسم کی شکر) کھا رہی ہو گی"۔

میں بڑی جلدی سے واپس آیا تو دیکھا میری بیوی بالکل صحت یاب ہے اور کنیز اُسے طبرزد شکر کھلا رہی ہے۔

میں نے بیوی سے پوچھا: "اب تمہاری صحت کیسی ہے؟"

میری بیوی نے کہا: "اللہ تعالیٰ نے مجھے شفا عطا کی ہے اور طبرزد شکر کھانے کا مجھے شوق ہوا"۔

---

[1] تحفۃ المجالس ص ۱۱۳۔

میں نے کہا: ''جب میں تجھے یہاں چھوڑ کر گیا تھا تو تیری زندگی سے مایوس تھا، امام صادق علیہ السلام نے مجھ سے تمہارے متعلق دریافت کیا تو میں نے تمہاری بیماری کے متعلق عرض کیا تو انہوں نے فرمایا کہ جاؤ تمہاری بیوی شفایاب ہو چکی ہے اور طبر زد کھا رہی ہوگی''۔

میری بیوی نے بتایا: ''واقعی جب تم یہاں سے روانہ ہوئے تھے تو چند لمحات کے ملک الموت میرے پاس آیا تھا اور میری روح قبض کرنا چاہتا تھا کہ اچانک ایک مرد اس وقت نمودار ہوا جس نے سرخ رنگ کا لباس زیب تن کیا ہوا تھا اس نے آتے ہی ملک موت سے کہا: ''ملک الموت''

اس نے عرض کی: ''لبیک اے امام''

پھر انہوں نے کہا: ''کیا تجھے ہماری اطاعت کا حکم نہیں دیا گیا؟''

ملک الموت نے کہا: ''جی ہاں''۔

پھر انہوں نے کہا: ''میں تمہیں حکم دیتا ہوں کہ اس کی روح قبض مت کرو، اس کی عمر مزید بیس برس بڑھا دی گئی ہے''۔

ملک الموت نے کہا: ''حضور بہتر ہے آپ کے فرمان پر عمل کروں گا، پھر ملک الموت چلا گیا اور میں ہوش میں آئی''۔ [1]

۳۔ پاسباں مل گئے کعبہ کو صنم خانے سے:

محمد بن ابو حذیفہ، معاویہ کے ماموں کا بیٹا تھا لیکن وہ امیر المومنین علیہ السلام کا محب صادق تھا، حب علی کی وجہ سے معاویہ نے اسے قید کر دیا، جب اُسے قید خانے میں کافی عرصہ گزرا تو معاویہ نے دوستوں سے کہا: ''میرا خیال ہے کہ محمد بن ابو حذیفہ کو قید خانے سے نکالیں اور اس کی راہ نمائی کریں، امید ہے کہ قید نے اس کے دماغ کو ٹھنڈا کر دیا ہوگا اور اب وہ علیؑ کو سب وشتم کرنے پر آمادہ ہو چکا ہوگا''۔

ساتھیوں نے کہا: ''ہاں یہ رائے بالکل درست ہے''۔

معاویہ نے اس کے متعلق حکم دیا کہ اسے زندان سے نکال کر اس کے سامنے پیش کیا جائے۔

جب وہ معاویہ کے پاس آیا تو معاویہ نے کہا: ''محمد! کیا ابھی تک وہ وقت نہیں آیا کہ تو علیؑ کی حمایت سے دست بردار ہو جائے اور اس گمراہی سے چھٹکارا پا جائے، کیا تجھے معلوم نہیں ہے کہ عثمان مظلوم ہو کر مارا گیا اور طلحہ و زبیر اور ام المومنینؓ نے اس کے انتقام کیلئے جنگ لڑی۔

علیؑ خفیہ طور پر عثمان کے خلاف لوگوں کو بھڑکاتا تھا اور ہم خون عثمان کا انتقام لینا چاہتے ہیں؟''۔

محمد ابن ابو حذیفہ نے کہا: ''معاویہ! تو جانتا ہے کہ میں تیرا سب سے قریبی رشتہ دار ہوں اور لوگوں سے زیادہ تجھے جانتا

---

[1] پند تاریخ ۵/۸۹۔ بحار الانوار ۷۳/۱۱ طبع قدیم۔

ہوں، کیا یہ بات غلط ہے؟"

معاویہ نے کہا: "نہیں یہ بات درست ہے"۔

محمد بن ابو حذیفہ نے معاویہ سے خطاب کر کے کہا: "میں سمجھتا ہوں کہ عثمان کے قاتل تو اور تیرے جیسے دوسرے لوگ ہیں، جنہیں دور عثمانی میں بڑے بڑے مناصب پر فائز کیا گیا، تم لوگوں نے ملت اسلامیہ کے مقدر کو تاریک کر دیا تھا، مہاجرین و انصار عثمانؓ کو بار بار کہتے تھے کہ وہ تجھ جیسے تمام افراد کو معزول کر دے اور طلحہ و زبیر اور ام المومنینؓ بھی مخالفین عثمان میں سے تھے اور ان کے قتل میں ان کا ایک کردار ہے۔

معاویہ! میں خدا کو گواہ کر کے کہتا ہوں کہ تجھے زمانہ جاہلیت اور زمانہ اسلام سے جانتا ہوں، تیری ہر دور میں ایک ہی طبیعت رہی ہے اسلام کی وجہ سے اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی اور اس کی علامت یہ ہے کہ تو مجھے علیؑ کی محبت پر ملامت کر رہا ہے۔

معاویہ! یاد رکھ، علی کے ساتھ "صائم النهار" اور "قائم الليل" اور مہاجرین و انصار شامل تھے اور تیرے اطراف میں بیٹھنے والے دوغلے لوگ ہیں، تو نے ان سے دین چھینا، انہوں نے تجھ سے دنیا چھینی، تو نے اب تک جو کچھ کیا ہے دل میں اسے بخوبی جانتا ہے اور تیرے ساتھی بھی اپنے کارناموں سے اچھی طرح واقف ہیں اور میں جب تک زندہ رہوں گا خدا اور رسولؐ کی رضامندی کے لئے علیؑ سے محبت کرتا رہوں گا اور تجھ سے اللہ اور رسولؐ کی رضا کے حصول کے لئے نفرت کرتا رہوں گا۔

معاویہ نے حکم دیا کہ اسے دوبارہ قید کر دیا جائے، چنانچہ اسے قید کر دیا گیا اور اس کی شہادت بھی قید خانے میں ہی ہوئی۔ [1]

۴۔ پستان ولایت سے دودھ پینے والا:

ایک دفعہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام اپنے گھر سے باہر تشریف لائے تو وہاں پر آپ کو لوگوں کا ایک گروہ دکھائی دیا تو آپؑ نے اُن سے پوچھا کہ تم کون لوگ ہو؟۔

انہوں نے عرض کی: "مولا! ہم آپؑ کے شیعہ ہیں"۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: "تمہارے اندر مجھے میرے شیعوں کی ایک علامت بھی نظر نہیں آتی"۔

اُن میں سے ایک شخص نے امیر المومنین علیہ السلام سے پوچھا کہ مولا! آپؑ کے شیعوں کی کیا علامات ہیں۔

امام نے کچھ بھی نہ کہا بلکہ خاموش رہے۔

بعد میں ایک عابد انسان جس کا نام ہمام بن عبادہ تھا وہ کھڑا ہوا اور اس نے امیر المومنین علیہ السلام کو قسم دے کر کہا کہ مولا! مہربانی کر کے اپنے شیعوں کی علامات بیان کریں۔

نہج البلاغہ میں متقین کی علامات پر مبنی ایک خطبہ موجود ہے اور مجموعی طور پر آپ نے اس خطبہ میں متقین کی باون (۵۲)

---

[1] پیغمبر و یاران ۱/۲۳۱۔ ۵ قاموس الرجال ۵۰۰/۷۔

علامات بیان کیں۔

جب ہمام بن عبادہ نے زیادہ اصرار کیا تو آپؑ نے صرف اُسے اتنا کہا کہ ہمام تم تقویٰ اختیار کرو اور نیکی کرو۔

لیکن ہمام نے اس جواب پر قناعت اختیار نہ کی اور امام علیہ السلام کو قسم دے کر کہا کہ آپؑ پوری تفصیل سے متقین کی علامات بیان کریں۔

امام علیہ السلام نے متقین کی علامات بتانے کے لئے خطبہ دیا، ابھی خطبہ امام علیہ السلام کی تقریر جاری تھی کہ اس کی چیخ بلند ہوئی اور اس کی روح پرواز کرگئی۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: ''مجھے اس کے متعلق یہی خوف تھا ہمیشہ بلیغ قسم کا وعظ اہل افراد پر اثر کرتا ہے جیسے اس پر اثر ہوا''۔[1]

۵۔ شاہ ولایت کو دیکھنے والا:

ہارون الرشید عباسی خلیفہ کے بہت سے بیٹے تھے ان میں سے ایک بیٹے کا نام قاسم موتمن تھا، اسے دنیا کی رنگینیوں سے کوئی سروکار نہ تھا، وہ اکثر اوقات نماز اور تلاوت قرآن میں مصروف رہتا تھا، اور نہایت سادہ لباس پہنتا تھا۔

ہارون کے وزیر جعفر برمکی نے اسے اس حال میں دیکھا تو ہنسنے لگا۔

ہارون نے اس کے ہنسنے کی وجہ پوچھی تو اس نے کہا آپ کا یہ بیٹا اس طرح کا کم قیمت لباس پہن کر لوگوں میں جاتا ہے اور یہ آپ کی بدنامی کا موجب ہے۔

ہارون نے کہا نہیں اصل بات یہ ہے کہ ہم نے ابھی تک کسی علاقے کی ولایت اس کے سپرد نہیں کی جب بھی ہم اسے کسی علاقہ کا والی مقرر کریں گے تو یہ سلاطین کا سا لباس زیب تن کرے گا۔

ہارون نے قاسم کو بلا کر کہا: ''فرزند! میں تمہیں کسی علاقے کا والی بنانا چاہتا ہوں اور وہاں جا کر شاہی رعب اور دبدبہ سے رہو اور خدا کی عبادت بھی کرو۔

قاسم نے کہا: ''ابا جان! میرے علاوہ آپ کے بہت سے فرزند ہیں آپ اس خدمت سے مجھے معاف رکھیں اور دوستان خدا کے سامنے مجھے شرمندہ نہ کریں''۔

لیکن ہارون نے بیٹے کی ایک نہ سنی اور حکومت مصر کی ولایت اس نے نام لکھ دی اور حکم دیا کہ کل صبح تم نے مصر جانا ہے۔

قاسم راتوں رات بغداد سے بصرہ فرار ہو گیا۔

عبداللہ بصری کہتا ہے کہ میرے مکان کی دیوار خراب ہو چکی تھی اور مجھے ایک مزدور کی ضرورت تھی میں مزدور لینے

---

[1] اوصاف پارسایان ص ۳۵۔

کے لئے بازار آیا، میں نے مسجد کے ایک کونے میں ایک جوان کو دیکھا جو قرآن مجید کی تلاوت کر رہا تھا اور اس کے سامنے چھینی اور بیلچہ رکھا ہوا تھا۔

میں نے پوچھا کام کرو گے؟

اس نے کہا کیوں نہیں اللہ نے ہمیں کام کے لئے پیدا کیا ہے کہ محنت کر کے رزق حلال کھائیں۔

میں نے کہا پھر آؤ اور میرا کام کردو، اس نے کہا: کام کرنے سے پہلے آپ میری اجرت کا تعین کر دیں، میں نے ایک درہم مزدوری بتائی اور اسے لیکر اپنے گھر آ گیا، شام ہونے تک اس نے دو مزدوروں جتنا کام کیا۔

میں نے شام کے وقت اسے دو درہم دیئے لیکن اس نے صرف ایک درہم لیا اور دوسرا درہم مجھے واپس کر دیا، اور کہا کہ میں طے شدہ مزدوری سے زیادہ رقم نہیں لوں گا۔

میں دوسرے دن اسے لینے کے لئے گیا تو وہ وہاں پر موجود نہیں تھا، میں نے ایک شخص سے اس کے متعلق پوچھا تو اس نے بتایا کہ وہ صرف ہفتہ کے دن مزدوری کرتا ہے اور باقی ایام میں اللہ کی عبادت کرتا ہے، میں نے پورا ہفتہ صبر کیا پھر ہفتہ کے دن وہاں گیا تو اسے موجود پایا، پھر اسے اپنے کام کے لئے لے آیا، شام کے وقت اس نے مجھ سے اپنی اجرت لی اور چلا گیا۔

میری دیوار کا کام ابھی نامکمل تھا تیسرے ہفتہ میں پھر اسے لینے گیا تو پتہ چلا کہ وہ تین دن سے بیمار ہے میں نے اس کے گھر کا پتہ پوچھا تو بتایا گیا کہ وہ فلاں کھنڈر نما ویران گھر میں رہتا ہے۔

میں اس کے پاس گیا، بخار سے اس کی حالت غیر ہو رہی تھی اور اس کا پورا وجود شدت بخار سے کانپ رہا تھا۔

میں نے اس کے سر کو اپنی گود میں رکھا، اس نے آنکھ کھول کر پوچھا کہ کون ہو تم؟۔

میں نے کہا کہ میں وہی عبداللہ بصری ہوں جس کے پاس تم نے دو دن کام کیا تھا۔

یہ سن کر اس نے کہا کہ ہاں اب میں نے تجھے پہچان لیا ہے، اور کہا: ''تو مجھے پہچانتا ہے؟۔

میں نے کہا: ''نہیں''۔

اس نے کہا: ''کیا تم مجھے پہچاننا پسند کرو گے؟۔

میں نے کہا: ''کیوں نہیں''

اس نے کہا تو پھر سنو ''میں ہارون الرشید کا بیٹا ہوں اور میرا نام قاسم ہے'' یہ سن کر میرے بدن پر لرزہ طاری ہو گیا اور سوچنے لگا اگر ہارون کو پتہ چل گیا کہ میں نے اس کے بیٹے سے مزدوری کرائی ہے تو نہ جانے وہ میرے ساتھ کیا سلوک کریگا، قاسم سمجھ گیا کہ میں ڈر گیا ہوں۔

اس نے کہا: ''مت گھبراؤ اس شہر میں ابھی تک کسی نے مجھے نہیں پہچانا، اور اگر اس وقت میری موت کا وقت قریب نہ ہوتا تو میں تجھے بھی اپنے متعلق کچھ نہ بتاتا، میری ایک خواہش ہے کہ میرے مرنے کے بعد میرا بیلچہ اور چھینی کسی مزدور کو دینا وہ اس سے میری

قبر بنائے گا اور قبر بنانے کی اجرت میں یہ سامان اُسے دے دینا۔

میرے پاس قرآن مجید ہے میں اس سے بڑا مانوس تھا میرے مرنے کے بعد کسی ایسے شخص کو یہ قرآن دینا جو اس سے عشق رکھتا ہو، پھر اس نے اپنی انگلی سے انگشتری اتار کر مجھے دی اور کہا: تم یہ لیکر بغداد چلے جانا وہاں میرا والد ہر پیر کے دن کھلی کچہری لگاتا ہے تم بلا خوف وخطر چلے جانا اور میرے والد کو یہ انگشتری دینا وہ فوراً پہچان لے گا کیوں کہ اس نے خود یہ انگشتری مجھے دی تھی، اور اس سے کہنا کہ تمہارا اپنا قسم بصرہ میں فوت ہو گیا ہے اور مجھے وصیت کر کے مرا ہے کہ یہ انگوٹھی میں تمہارے پاس لے جاؤں کیونکہ تمہیں ہمیشہ مال و دولت جمع کرنے کی حرص رہتی ہے، اور اس انگوٹھی کو بھی اپنے مال میں جمع کر لینا تا کہ تمہارے مال میں اضافہ ہو جائے، میں قیامت کے دن اس انگوٹھی کے حساب دینے سے ڈرتا ہوں۔

وصیت مکمل کرنے کے بعد اس نے اچانک اٹھنا چاہا لیکن کمزوری کی وجہ سے اٹھ نہ سکا پھر اس نے دوبارہ اٹھنا چاہا لیکن اس مرتبہ بھی نہ اُٹھ سکا پھر اس نے مجھے کہا کہ مجھے اپنے بازو کا سہارا دے کر کھڑا کر: میرے مولا علی بن ابو طالب آ گئے ہیں۔

میں نے اُسے سہارا دیا، اس کے بعد اس کی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ [1]

---

[1] جامع النورین ص ۳۱۷۔ ابواب الجنان۔

باب نمبر 95

وسواس

قرآن مجید میں ارشادہ باری تعالیٰ ہوتا ہے:

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِي يُوَسْوِسُ فِي صُدُورِ النَّاسِ ۝ [1]

میں شیطانی وسواس کے اثر سے پناہ چاہتا ہوں جو نام خدا سن کے پیچھے ہٹ جاتا ہے، جو لوگوں کے سینوں میں وسوسے پیدا کرتا ہے۔

کسی نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے وسواس کے متعلق سوال کیا تو آپ نے فرمایا:

"سالت ابا عبداللہ عن الوسوسه وان کثرت فقال لا شئی فیها تقول لا اله الا الله" [2]

راوی کا بیان ہے کہ امام علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ جب وسوسہ حد سے زیادہ ہو جائیں تو انسان کو کیا کرنا چاہیے، امام علیہ السلام نے فرمایا کوئی حرج نہیں جب بھی تمہارے دل میں وسوسہ پیدا ہو تو "لا اله الا الله" کا زیادہ ورد کیا کرو۔

مختصر تشریح:

شیطان ہمیشہ وسوسہ کے ذریعہ انسان پر مسلط ہوتا ہے اور اسے وسوسہ کا موقعہ اس وقت ملتا ہے جب انسان یاد خدا سے غافل ہو اور فرمان خداوندی کو پس پشت ڈال دے تو شیطان اس کے ذہن میں وسوسہ ڈالتا ہے۔

وسوسہ ایک ایسی چیز ہے جو دل میں ڈال دی جاتی ہے اور جب وسوسہ دل میں گھر کرنے لگے تو اس وقت وسوسہ میں مبتلا شخص گمراہ ہو جاتا ہے اور آسانی سے شیطان کے فریب میں پھنس جاتا ہے۔

لہٰذا انسان کو کبھی بھی ابلیسی فریب سے مطمئن نہیں ہونا چاہیے، اور ہر وقت اپنے ذہن اور قلب کی کیفیت پر نگاہ رکھنی چاہیے انسان کو خدا پر مکمل بھروسہ رکھنا چاہیے اور ذہن میں یہ تصور رہے کہ خدا اس کے تمام اعمال وافکار سے واقف ہے، جو کچھ ظاہر ہے خدا

---

[1] سورہ الناس آیت ۴۔۵

[2] اصول کافی ۲/۳۱۰۔

اُسے بھی جانتا ہے اور جو کچھ دل میں چھپا ہوا ہے خدا اُسے بھی جانتا ہے۔

جب انسان اپنے ذہن میں خداوند تعالیٰ کے علم اور قدرت کو لائے گا تو اللہ پاک اُسے ہر ابلیسی وسوسہ سے محفوظ رکھے گا۔ [1]

ا۔ ارادت:

ایک شخص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ یا رسول اللہ! مجھے لگتا ہے کہ میں منافق ہو گیا ہوں۔

آپ نے فرمایا: ''خدا کی قسم تو منافق نہیں ہوا، اگر تو منافق ہوتا تو میرے پاس آتا ہی نہ اور نہ ہی مجھے اپنے نفاق سے آگاہ کرتا، تجھے کسی چیز نے شک میں ڈالا ہے؟''

پھر رسول اللہ نے خود ہی فرمایا: ''میں سمجھتا ہوں کہ اس دشمن نے تیرے دل میں وسواس ڈالا ہے کہ تجھے کس نے پیدا کیا ہے؟ تو نے اپنے ذہن ہی ذہن میں جواب دیا کہ مجھے خدا نے پیدا کیا ہے، پھر تیرے ذہن میں یہ وسوسہ پیدا ہوا کہ بھلا خدا کو کس نے پیدا کیا ہے؟۔

جیسے رسول پاکؐ نے اس کو اس کی اس ذہنی کیفیت کی متعلق بتایا تو اس مسلمان نے کہا: ''مجھے اس ذات کی قسم جس نے آپ کو مبعوث برحق کیا ہے میں نے بالکل یہی سوچا تھا اور اس سوچ کی وجہ سے آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا''۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ شیطان عملی طور پر تمہارے سامنے نہیں آتا اور نہ ہی وہ عمل کر کے تم کو گمراہ کرتا ہے بلکہ وہ تمہارے ذہنوں میں وسوسہ ڈالتا ہے تا کہ وہ اس طریقے سے تمہیں گمراہی کی وادی میں دھکیل دے، یاد رکھنا جب کوئی ایسا وسوسہ ذہن میں آئے تو خدا کی توحید کو زیادہ سے زیادہ یاد کرو تا کہ شیطانی خیالات تمہارے ذہن سے دور ہو جائیں۔ [2]

۲۔ شیطان کو وسوسہ کا موقع ہی نہ دینا:

ایک دفعہ کچھ دین دار تاجر حرم امام حسینؑ کے صحن میں بیٹھے ہوئے تھے اور آپس میں محو گفتگو تھے اسی اثنا میں وہاں ایک شخص آیا تو اس نے اُن کو بتایا کہ فلاں تاجر اس دنیا سے رخصت ہو چکا ہے۔

اس بزم میں ایک تاجر نے کھڑے ہو کر حاضرین سے کہا کہ ساتھیو! گواہ رہنا میں نے اس مرنے والے تاجر کا اتنا اتنا قرض دینا ہے۔

حاضرین نے کہا: ''تمہیں اس وقت یہ بات کہنے کی ضرورت کیا تھی؟''

---

[1] تذکرۃ الحقائق ص ۴۰۔

[2] اصول کافی جلد ۲ باب الوسوسہ وحدیث النفس ح ۵۔

اس تاجر نے کہا: ''بات یہ ہے کہ میں نے اس مرحوم تاجر سے کچھ رقم ادھار لی تھی لیکن نہ تو اس نے مجھ سے کوئی سند لکھوائی تھی اور نہ ہی اس کے پاس تحریر موجود تھی اس کے قرض کے متعلق خبر خود اسے تھی یا مجھے تھی، اور جیسے ہی میں نے اس کی موت کی یہاں خبر سنی تو مجھے خوف ہوا کہ کہیں شیطان مجھے اپنے وسواس میں مبتلا کر کے میرے ذہن میں یہ تصور پیدا نہ کر دے کہ اس رقم سے اس کے علاوہ کوئی دوسرا مطلع نہیں ہے لہذا تم اس کی رقم ہضم کر جاؤ، اسی لئے میں نے تم سب لوگوں کو گواہ بنا کر یہ بات کہہ دی ہے کہ میں اس شخص کی اتنی رقم کا مقروض ہوں، میں نہیں چاہتا کہ ابلیس میرے ذہن پر قبضہ کر کے مجھے اپنے نقش قدم پر چلائے۔ [1]

۳۔ وسوسہ اور اس کے اثرات:

ایک شخص بخارا میں لوگوں کے گھروں میں سقائی کا کام کرتا تھا اور وہ یہ کام عرصہ تیس سال سے سرانجام دے رہا تھا۔

ایک زرگر کے گھر میں وہ تیس سال سے پانی فراہم کر رہا تھا اور اس نے کبھی بھی زرگر کے اہل خانہ کو بری نگاہ سے نہیں دیکھا تھا۔

ایک دن وہی سقا زرگر کے گھر گیا اور اس کی نگاہ زرگر کی بیوی کے ہاتھ پر پڑی اس کے ذہن میں وسوسہ آیا آگے بڑھا اور اس کے ہاتھوں کا بوسہ لیا اور اس ذریعے سے اس نے لذت حاصل کی۔

دوپہر کے وقت وہ زرگر اپنے گھر آیا تو اس کی بیوی نے اس سے کہا کہ سچ سچ بتانا کہ آج تم نے اپنی دوکان میں کونسا برا کام کیا ہے؟

اس زرگر نے کہا کہ میں نے کوئی برائی نہیں کی۔

جب اس کی بیوی نے بار بار اصرار کیا تو اس زرگر نے اقرار کیا کہ ہاں مجھ سے ایک غلطی سرزد ہوئی ہے اور کہا کہ ایک عورت دست بند خریدنے کے لئے میری دکان پر آئی مجھے وہ اچھی لگی میرے دل میں وسواس پیدا ہوا میں نے اس کے ہاتھ کو پکڑا اور اس کے ہاتھ کو بوسا دیا۔

بیوی نے کہا: ''اللہ اکبر''

زرگر نے بیوی سے کہا: اس میں تکبیر بلند کرنے کی ضرورت ہے'' اس کی بیوی نے کہا'' ہمارے گھر میں جو سقا پانی پہنچاتا ہے عرصہ تیس سال سے وہ ہماری خدمت کر رہا ہے کبھی بھی اس نے میرے اوپر بری نگاہ نہیں ڈالی تھی، آج جیسے ہی تو نے وہاں یہ غلط کام کیا تو سقا آگے بڑھا اور اس نے میرے ہاتھوں کا بوسہ لیا، اگر تو یہ غلطی نہ کرتا تو اس سے بھی یہ غلطی سرزد نہ ہوتی''۔ [2]

---

[1] داستانہای شنیدنی ۳/۱۶۵۔ الی حکم الاسلام ص ۸۷۔
[2] منتخب التواریخ ص ۳/۱۸۔ انوار نعمانیہ۔

۴۔شیطان تین حال میں:

حاجی جب بھی حج کرتے ہیں تو مناسک حج میں ایک عمل ہے جسے "رمی الجمرات" کہا جاتا ہے، یعنی شیطان کو پتھر مارے جاتے ہیں وہاں تین شیاطین موجود ہیں اور وہاں حاجی جا کر کنکر مارتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ان کے بیٹے اسماعیل علیہ السلام کے ذبح کرنے کا حکم دیا تو ابراہیم علیہ السلام نے اپنے فرزند اسماعیلؑ سے کہا: "پیارے فرزند میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں، اب بتاؤ تمہاری رائے کیا ہے؟

فرزند اتنا باادب تھا کہ اس نے کہا: "ابا جان! جو کچھ خدا نے آپ کو حکم دیا ہے آپ اس کی تعمیل کریں انشاء اللہ آپؑ مجھے صابرین میں سے پائیں گے۔

بہر نوع باپ بیٹا دونوں گھر سے اس مقصد سے روانہ ہوئے تو راستے میں ایک بوڑھا شخص حضرت ابراہیم علیہ السلام کے سامنے آیا اور کہا کہ آپ کیا کرنا چاہتے ہیں؟ آپؑ نے فرمایا کہ میں اپنے خداوند تعالیٰ کے حکم کی تعمیل کرنے جا رہا ہوں، اس نے کہا کہ کس چیز کی تعمیل کرنے جا رہے ہو؟ آپؑ نے فرمایا کہ مجھے خواب میں حکم ملا کہ میں اپنے فرزند کو راہ خدا میں ذبح کروں، ابلیس نے کہا کہ تجھے یہ کیسے معلوم ہوا؟ کہ یہ خواب میں حکم دینے والا خدا تھا یا شیطان تھا۔

ابراہیم علیہ السلام نے اس کو پہچان لیا اور اسے پتھر مار کر اپنے سے دور کر دیا۔

اس کے بعد ابلیس لعین حضرت اسماعیل علیہ السلام کے پاس آیا اور کہا کہ تیرا باپ تجھے قتل کرنا چاہتا ہے آخر تجھے کیا پڑی ہے تو نے اپنے آپ کو ذبح ہونے کے لئے پیش کرے؟

حضرت اسماعیل علیہ السلام نے کہا: "میرے والد اللہ کے نبی ہیں اور جو کچھ انہوں نے خواب میں دیکھا ہے وہ امر خداوندی پر مبنی ہے"۔

اس نے کہا: "وہ اب بوڑھے ہو گئے ہیں اور اُن میں ہوش باقی نہیں رہی اس لئے وہ آپ کو ذبح کرنا چاہتے ہیں"۔

حضرت اسماعیل نے بھی اسے پہچان لیا اور پتھر مار کر اپنے سے دور کر دیا۔

اس کے بعد یہ لعین حضرت حاجرہ کے پاس گیا اور بی بی سے کہا کہ آپ کا شوہر آپ کے بیٹے کو ذبح کرنا چاہتا ہے، بی بی ہاجرہ نے کہا کہ میں مان ہی نہیں سکتی کہ ابراہیم جیسا باپ اسماعیل جیسے فرزند کو قتل کرے۔

اس لعین نے کہا کہ اسے اللہ نے حکم دیا ہے کہ وہ اپنے فرزند کو ذبح کرے۔

بی بی حاجرہ نے جواب دیا: "اگر خدا کا حکم ہے تو ہم خدا کے سامنے گردن جھکا دیتے ہیں"۔

بی بی حاجرہ نے بھی اُسے پہچان لیا تھا اس لعین کو بھگا دیا۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ابلیس کو تین مرتبہ پتھر مارے تھے یہی وجہ ہے آج تک مناسک حج میں یہ عمل شامل ہے اور

تمام حاجی ہر سال ان تین شیاطین کو پتھر مارا کرتے ہیں۔ [1]

۵۔ وضو میں وسوسہ:

ایک مسلمان ہمیشہ وضو کرتے ہوئے وسوسہ میں مبتلا رہتا تھا کئی بار ایک ہاتھ دھوتا تھا پھر دوبارہ دھونا شروع کر دیتا تھا اس کا دل ایک بات پر قائم ہی نہیں رہتا تھا۔

عبداللہ بن سنان بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام جعفر صادق سے اس مسلمان کی کیفیت بیان کرتے ہوئے آپؑ سے کہا: "مولا! ایک عقلمند شخص ہے لیکن وہ وضو کرتے ہوئے ہمیشہ وسوسہ کا شکار رہتا ہے"۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: "تم یہ کیا کہہ رہے ہو؟ تم نے اُسے عقل مند کہا اور اس میں عقل کی کیا بات ہے؟ اور وہ شخص کیسے عقل مند بن سکتا ہے جو ابلیس کی پیروی کر رہا ہو۔

میں نے عرض کی: "مولا! وہ ابلیس کی پیروی کیسے کر رہا ہے؟"

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: "تم خود جا کر اس شخص سے پوچھنا کہ اُسے وضو میں جو اتنے وسوسہ آتے ہیں جس کی وجہ سے وہ بار بار وضو کرتا ہے اور توڑ دیتا ہے یہ تمام وسوسے اُس کے ذہن میں کون ڈال رہا ہے؟"

وہ خود ہی بتائے گا کہ یہ وسوسے اس کے ذہن میں ابلیس ہی ڈال رہا ہے۔ [2]

---

[1] تاریخ انبیاء ۱/۶۹۔

[2] ابلیس نامہ ۱/۹۶۔ بحار الانوار ۲/۳۳۶۔

باب نمبر 96

ہدایت

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

وَيَزِيدُ اللّٰهُ الَّذِينَ اهْتَدَوْا هُدًى ۔[1]

اللہ ہدایت قبول کرنے والوں کی ہدایت میں اضافہ کرتا ہے۔

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا:

"(یا علی) لئن یھدی اللہ علی یدیک رجلا خیر لک مما طلعت علیہ الشمس۔"[2]

''اے علی!'' اگر تیرے ذریعے سے خدا ایک بھی انسان کو ہدایت دے دے تو وہ تیرے لئے تمام کائنات کی نعمات سے بہتر ہے۔

مختصر تشریح:

جب اللہ نے اس عالم کو خلق کیا اور اس میں بنی آدم کو رہائش دی، اللہ تعالیٰ نے بنی آدم کی ہدایت کا بھی اہتمام کیا، اس ہدایت کے لئے اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام کو آسمانی کتب کے ساتھ بنی آدم میں بھیجا۔

کچھ ہدایتیں براہ راست ہوتی ہیں مثلاً پیغمبر اکرم اور اولیاء کرام کی خالص ہدایت اور کچھ ہدایتیں والدین کی تربیت، اچھی کتاب کے پڑھنے یا کچھ اچھے واقعات کی وجہ سے انسان کو حاصل ہوتی ہیں۔

یاد رکھیں ہر بیان کرنے والا شخص ہدایت یافتہ نہیں ہوتا اور ہر نفس ہدایت کی قابلیت بھی نہیں رکھتا، سعادت کے راستے تو کھلے ہوئے ہیں لیکن اُن کے چاہنے والے، بہت کم ہیں، اُن کے عزم وارادے سیدھے راستے پر آ کر متزلزل ہوجاتے ہیں۔

ا۔ ایک جھوٹا انسان جسے ہدایت ملی:

خوات ابن جُبیر بیان کرتا ہے کہ میں مکہ کے راستے میں بنی کعب کی کچھ عورتوں کے پاس بیٹھا ہوا تھا اُن سے محو گفتگو تھا اور

---

[1] سورۂ مریم آیت ۷۶۔

[2] سفینۃ البحار ۷۰۰/۲۔

33-A

اتفاقاً وہاں سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گزر ہوا اور مجھ سے فرمایا کہ تم عورتوں کے پاس کیوں بیٹھے ہو؟

اس وقت میں نے جھوٹ کا سہارا لیا اور میں نے کہا یا رسول اللہ میرا اونٹ سرکش ہے اور مسلسل بھاگ جاتا ہے اور میں اس لئے ان عورتوں کے پاس آیا ہوں تاکہ وہ مجھے اُس کے لئے مضبوط رسی بٹ دیں، تاکہ اپنے اونٹ کو اس کے ساتھ باندھ کر اطمینان حاصل کرسکوں، پیغمبر اکرمؐ نے میرے جملے سنے اور بغیر کچھ کہے وہاں سے چلے گئے۔

اپنا کام کرنے کے بعد آپؐ واپس آئے تو میں اب بھی اُن عورتوں کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس وقت میری طرف دیکھ کر کہا کہ کیا اب تک تیرے سرکش اونٹ کو آرام نہیں آیا؟

خوات کا بیان ہے مجھے اس وقت انتہائی شرمندگی ہوئی، میں آپؐ کے سامنے ایک جملہ تک نہ کہہ سکا، اس کے بعد میں وہاں سے اُٹھا اور بھاگ کھڑا ہوگیا، اس کے بعد ہمیشہ میری یہ کوشش رہی کہ میں آپؐ کے سامنے تک نہ آؤں، ورنہ مجھے زیادہ سے زیادہ شرمندگی ہوگی۔

ایک دن میں مسجد میں نماز ادا کررہا تھا کہ رسول اللہ میرے نزدیک آکر تشریف فرما ہوگئے میں نے جان بوجھ کر نماز کو طویل کردیا، آپؐ نے مجھ سے فرمایا کہ نماز کو طویل نہ کرو میں تمہارے انتظار میں بیٹھا ہوں، جب میں نماز سے فارغ ہوا تو آپؐ نے فرمایا کہ سناؤ! تمہارا سرکش اونٹ رام ہوا یا ابھی تک بھاگ جاتا ہے، جیسے ہی رسول اللہ نے جملے کہے تو میں انتہائی شرمندہ ہوا اور میں چاہتا تھا کہ زمین پھٹ جائے اور میں اس کے اندر چلا جاؤں۔

پھر ایک اور دفعہ رسول خدا گدھے پر سوار تھے اور ایک گلی سے گزر رہے تھے، میں بھی گھوڑے پر سوار قریب آپہنچا تو رسولؐ خدا نے فرمایا کہ تمہارے اونٹ کا کیا بنا؟ کیا بھاگ جاتا ہے اور کیا تو نے اُسے رسی کے ساتھ باندھا ہے؟ یہ شخص کہتا ہے کہ مجھے انتہائی شرمندگی محسوس ہوئی اور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس گیا اور میں نے کہا کہ یا رسول اللہ! اس وقت میں نے جھوٹ بولا تھا اور اب میں جھوٹ سے توبہ کرتا ہوں۔

اس وقت رسول اللہؐ نے فرمایا: ''اللہ اکبر، اللہ اکبر اور فرمایا کہ خدایا! خوات کو ہدایت فرما'' اس دعا کا یہ نتیجہ نکلا کہ وہ شخص آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سچا اور کھرا صحابی ثابت ہوا۔ [1]

۲۔ علم کتنا قیمتی ہے؟

ایک شخص امام حسن علیہ السلام کے لئے ہدیہ لے کر آیا۔

امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام نے اس کا ہدیہ قبول کیا اور فرمایا: ''اگر پسند کرو تو اس کے بدلے میں بیس گناہ زیادہ دوں اور بیس ہزار درہم تمہیں عطا کروں یا پھر تمہارے لئے علم کا ایک دروازہ کھول دوں اور اس کے وسیلے سے ہمارے خاندان کے فلاں ناصبی

---

[1] شنید نیہای تاریخ ص ۱۸۸۔ جنۃ الیفاء ۵/۲۳۵۔

دشمن پر فتح پاسکو اور اس علاقے کے ضعیف الاعتقاد شیعوں کو اس کے چنگل سے نجات دے سکو۔

اگر تم نے بہتر چیز کا انتخاب کیا تو میں دونوں ہدیے تمہیں عطا کروں گا اور اگر تمہارا انتخاب درست نہ ہوا تو میں تمہیں ایک چیز دے دوں گا"۔

اس نے عرض کیا: "مولا! یہ بتائیں کہ اگر میں اس ناصبی کو مغلوب کرلوں اور کمزور شیعوں کو اس کے ہاتھ سے نجات دلا دوں تو کیا اس کا ثواب بیس ہزار درہم کے برابر ہوگا؟

آپؑ نے فرمایا: "اس کا ثواب پوری دنیا سے بیس ہزار گنا بہتر ہے"۔

اس نے عرض کی: "مولا! تو میں پھر بہتر کو چھوڑ کر کمتر چیز کا انتخاب کیسے کر سکتا ہوں، میں علم کا دروازہ کھولنے کو پسند کرتا ہوں"۔

امام حسن علیہ السلام نے فرمایا: "تم نے صحیح چیز کا انتخاب کیا"۔

آپؑ نے اس کے لئے علم کا ایک دروازہ کھولا اور اسے بیس ہزار درہم بھی عطا کئے۔

وہ شخص آپؑ کی خدمت سے روانہ ہو کر اپنے گاؤں گیا وہاں اس نے اس ناصبی سے بحث کی اور اُسے شکست فاش دی، امام حسنؑ کو اس مباحثہ کی اطلاع ملی۔

پھر چند دنوں کے بعد وہی شخص امام عالی مقام کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا: "دنیا میں کسی شخص نے تیری طرح کبھی نفع حاصل نہیں کیا کیونکہ تو درجہ اول میں خدا کا دوست ہے اور دوسرے درجے میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی علیہ السلام کا دوست اور تیسرے درجے میں تو اہلبیت اور ائمہ ہدیٰ کا دوست ہے اور چوتھے درجے میں تو ملائکہ کا دوست ہے اور پانچویں درجے میں تو تمام مومنین کا دوست ہے اور روئے زمین پر بسنے والے تمام مومن و کافر کی تعداد سے ہزار گنا بہتر تجھے اللہ ثواب دے گا۔

تجھے وہ ثواب مبارک ہو۔[1]

۳۔ سید حمیری:

سید اسماعیل حمیری جن کی کنیت ابو ہاشم تھی وہ عُمان میں پیدا ہوئے اور بصرہ میں انہوں نے پرورش پائی اور ۱۷۹ھ یا ۱۷۳ھ میں اُن کی وفات ہوئی۔

اسماعیل کے والد اور والدہ دونوں ہی انتہائی درجے کے دشمنان آل محمد تھے اُن کا اُصول یہ تھا کہ وہ روزانہ نماز فجر کے بعد بیٹھ کر حضرت علی علیہ السلام کو برا بھلا کہتے تھے، اسماعیل اگرچہ بچہ تھا لیکن اپنے والدین کی اس حرکت کو انتہائی ناپسندیدگی کی نظر سے

---

[1] داستانہا و پندہا ۱۹۱/۳۔ احتجاج طبرسی ص ۶۔

دیکھتا تھا، کئی مرتبہ وہ رات کو کچھ کھائے پئے بغیر مسجد میں جا کر بیٹھتا تھا اور یہ چاہتا تھا کہ بھوکا سو جانا بہتر ہے لیکن والدین کی یہ نازیبا گفتگو سننا مناسب نہیں ہے، پھر جب اُسے بھوک زیادہ ستاتی تو اپنے گھر میں آتا اور روٹی کھا کر پھر گھر سے باہر چلا جاتا تھا۔

جوانی کے ایام میں اس نے اپنے والدین کی ہدایت کے لئے کچھ اشعار لکھ کر اُن کے پاس بھیجے لیکن والدین کو اس کے اشعار ناپسند گزرے اور انہوں نے اُسے قتل کرنے کا ارادہ کر لیا۔

سید اسماعیل حمیری نے سب سے پہلے مذہب کیسانیہ اختیار کیا، اس مذہب کے لوگ حضرت محمد بن حنفیہ فرزند امیر المومنین کی امامت کے قائل ہیں اور اُن کا عقیدہ ہے کہ محمد بن حنفیہ کی وفات نہیں ہوئی وہ آج بھی زندہ ہیں اور کوہ رضویٰ میں زندگی بسر کر رہے ہیں، جنگلی درندے شیر اور چیتے اُن کی حفاظت کرتے ہیں اور اُن کے سامنے دودھ اور شہد کی نہریں بہہ رہی ہیں اور جب وقت مقرر آئے گا تو وہ خروج کریں گے اور پوری دنیا کو عدل وانصاف سے بھر دیں گے۔

ابو بصیر عبداللہ بن نجاشی سے سید حمیری سے مباحثہ کیا اور وہ اُسے ہدایت دینے میں ناکام ہوئے تو پھر ایک دن وہ سید حمیری کو ساتھ لیکر حضرت امام جعفر صادق علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

سید حمیری نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے کہا کہ میں نے آپ کے خاندان کی محبت کی وجہ سے پوری دنیا سے دشمنی مول لی ہے، اور آپ کے دشمنوں سے بیزار ہوں لیکن اس کے باوجود آپ میرے متعلق کہتے ہیں کہ میں منحرف ہوں اور صحیح راستے پر نہیں ہوں۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ''حضرت محمدؐ، حضرت علیؑ، حضرت امام حسنؑ اور حضرت امام حسینؑ یہ بزرگوار افراد حضرت محمد حنفیہ سے بہتر تھے لیکن انہوں نے بھی موت کا ذائقہ چکھا ہے تو پھر تم محمد حنفیہ کی موت کے قائل کیوں نہیں ہو؟۔

سید حمیری نے کہا کہ کیا آپ مجھے محمد حنفیہ کی موت کا کوئی ثبوت دے سکتے ہیں؟

امام علیہ السلام نے سید حمیری کے ہاتھ سے پکڑا اور جنت البقیع لے آئے اور آپ اُسے محمد بن حنفیہ کی قبر پر لے آئے اور آپ نے اس قبر پر ہاتھ رکھا اور ایک دعا پڑھی، آپؑ کی دعا کا یہ اثر ہوا کہ سید اسماعیل کی خدا تعالیٰ نے برزخی آنکھ کھول دی اور انہوں نے دیکھا کہ اُسے قبر کے اندر سفید ریش بزرگ دکھائی دیا، اس بزرگ نے اُسے سے ہ یام سے جانتے ہو؟ اس نے کہا کہ نہیں، اس بزرگ نے کہا کہ تمہیں جان لینا چاہیے کہ میں محمد بن حنفیہ ہوں اور تمہیں اس سے آگاہی ہونی چاہیے کہ امام حسین علیہ السلام کی شہادت کے بعد علی بن الحسینؑ امام ہیں اور اُن کے بعد محمد باقر علیہ السلام امام ہیں اور اُن کے بعد جو تیرے ساتھ آئے ہیں یہ آقا امام ہیں۔

جب سید حمیری نے یہ مکاشفہ دیکھا تو اُن کو ہدایت مل گئی اور وہ مکمل شیعہ بن گئے، انہوں نے اس بات کا اظہار اپنے اشعار میں کیا تھا۔

کہ خدا کا نام لے کر میں نے دین جعفر کو قبول کر لیا ہے اور خدا نے مجھے ہدایت دے دی ہے اور اگر ہدایت چاہتے ہو تو

جعفری بن جاؤ ورنہ ہر راستے میں گمراہی ہی گمراہی ہے۔ [1]

۴۔ یاقوت:

شیخ علی رشتی لارستان کے علاقہ کے عالم دین تھے جو کہ شیخ مرتضی انصاری کے شاگردوں میں سے تھے، اُن کا بیان ہے کہ ایک دفعہ ہم زیارت قبر امام حسینؑ سے فارغ ہوئے تو فرات کے راستے ہم نجف کے لئے کشتی میں سوار ہوئے، کشتی میں چند نوجوان سوار تھے جو لہو ولعب میں اور ایک دوسرے کے ساتھ مذاق کرنے میں محو تھے، البتہ کشتی سواروں میں ایک شخص ایسا بھی تھا جو انتہائی پروقار تھا، اور وہ جوان اس شخص کو اپنی مذاق کا نشانہ بنا رہے تھے۔

ایک جگہ کشتی رکی جہاں پانی کم تھا اور ہم نے کشتی سے نیچے اتر کر وہ پانی عبور کیا، میں نے اس جوان سے اس کے حالات دریافت کیا تو اس نے بتایا کہ میرے والد اہلسنت میں سے ہیں اور میری والدہ کا تعلق اہل ایمان سے ہے اور میرا نام یاقوت ہے، اور میرا پیشہ حلہ میں روغن فروشی ہے، میرے شیعہ ہونے کی وجہ سے یہ ہی کہ ایک دن میں روغن خریدنے کے لئے حلہ سے باہر دیہاتوں میں گیا اور واپسی پر دوران سفر مجھے نیند آگئی اور جب میں بیدار ہوا تو دیکھا کہ میرے ساتھی مجھے اکیلا چھوڑ کر چلے گئے ہیں اور وہاں مجھے خوف سا محسوس ہونے لگا کیونکہ وہ انتہائی ویران جگہ تھی۔

میں نے اللہ تعالیٰ کو اپنے بزرگ خلفاء کے واسطے دیے تو میرے لئے کوئی آسانی نہ ہوئی اس وقت مجھے میری ماں کا فرمان یاد آیا وہ مجھے کہا کرتی تھی کہ بیٹا جب بھی کبھی کسی مشکل میں پھنس جاؤ تو اپنے زندہ امام کو ابوصالح المھدی کے نام سے پکارو وہ آ کر تمہاری مدد کریں گے چنانچہ میں نے یا رباصالح المھدی اور کئی اور کئی کا ورد کیا تو میں نے دیکھا کہ ایک بزرگ تشریف لائے انہوں نے سبز رنگ کا عمامہ پہنا ہوا تھا اور انہوں نے مجھے راستہ دکھایا اور مجھ سے کہا کہ اپنی ماں کے مذہب کو اختیار کرو اس میں نجات ہے۔

پھر مجھے ساتھ لیکر آئے اور کہا کہ سامنے ایک گاؤں آنے والا ہے اور اس گاؤں کے تمام لوگ شیعہ ہیں، یاقوت بیان کرتا ہے کہ میں نے اُن سے عرض کی کہ آپ میرے ساتھ نہیں جائیں گے انہوں نے فرمایا کہ مجبوری ہے کہ دنیا کے ہزاروں افراد مجھ سے استغاثہ کر رہے ہیں اور مجھے اُن کی مدد کرنے کو بھی جانا ہے۔

یاقوت بیان کرتا ہے کہ میں تھوڑی دیر تک چلا تو آگے ایک گاؤں آگیا جس کے تمام لوگ تشیع مکتب فکر سے وابستہ تھے میرے اسی مذہب کی وجہ سے کشتی میں بیٹھے ہوئے افراد مذاق اڑا رہے تھے کیونکہ یہ لوگ میرے رشتہ دار ہیں اور مجھے جانتے ہیں اس لئے وہ میرے مذہب کی وجہ سے مجھے اذیتیں پہنچاتے ہیں۔ [2]

---

[1] شاگردان مکتب آئمہ ۱/۱۸۲۔ اعیان الشیعہ ۳/۳۰۹۔

۵۔ عمیر بن وہب:

عمیر بن وہب کا تعلق خاندان قریش سے تھا وہ جنگ کرنے کا ایک عادی انسان تھا اور یہ جنگ بدر میں کفار مکہ کے ساتھ تھا، جنگ بدر میں خود تو بچ گیا تھا لیکن اس کا بیٹا وہب مسلمانوں کے ہاتھوں اسیر ہوا تھا۔

ایک دن عمیر نے اپنے ابن عم صفوان بن اُمیہ سے خانہ کعبہ کے قریب کھڑے ہو کر کہا تھا کہ اگر میں مقروض نہ ہوتا اور غریب نہ ہوتا تو میں مدینہ جاتا اور اپنی تلوار سے محمدؐ کا کام تمام کر دیتا اور میں نے سنا ہے کہ محمدؐ کے پاس کوئی نگہبان بھی نہیں ہوتا۔

صفوان نے کہا کہ تجھے فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے میں تمہارا سارا قرض ادا کروں گا اور تمہارے خاندان کی میں دیکھ بھال کروں گا، چنانچہ عمیر نے تلوار اٹھائی اور مدینہ کی طرف چل پڑا۔

بظاہر اس کے پاس یہ بہانہ تھا کہ وہ اپنے بیٹے وہب کی رہائی کے لئے جا رہا ہے جب کہ دراصل وہ پیغمبر اکرمؐ کے قتل کا منصوبہ بنا کر گیا تھا۔

جب وہ مدینہ طیبہ پہنچا تو اس نے مسجد نبوی کے سامنے اپنے اونٹ کو بٹھایا اور اپنا ہدف حاصل کرنے کے لئے وہ آگے بڑھا، حضرت عمرؓ نے لوگوں کو آواز دی کہ اسے کتے کو پکڑلو، لوگوں نے اسے گرفتار کر لیا اور اس سے اس کی تلوار چھین لی اور لوگ اسے پکڑ کر پیغمبر اکرمؐ کے پاس لے گئے، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں سے کہا کہ اس کے ہاتھ آزاد کردو، اس کے بعد پیغمبر اکرمؐ نے اس سے پوچھا کہ تو مدینہ کس لئے آیا ہے، اُس نے کہا کہ میرا بیٹا ''وہب'' آپ کی قید میں ہے اور میں اس کی رہائی کے لئے یہاں آیا ہوں۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے فرمایا کہ یہ بتا کیا تو نے خانہ کعبہ کے کنارے کھڑے ہو کر صفوان سے یہ وعدہ نہیں کیا تھا کہ میں مدینہ میں جاؤں گا اور جا کر محمدؐ کو قتل کروں گا؟ اور اس نے تجھ سے وعدہ کیا تھا کہ وہ تیرا سارا قرض ادا کرے گا اور تیرے خاندان کی نگہبانی کرے گا، سن میرے خدا نے مجھے تیرے شر سے محفوظ رکھا ہے اور تو مجھے قتل نہیں کر سکتا۔

جب رسول خدا نے اس کے سامنے اس کے پوشیدہ راز کو بیان کیا تو اس نے بے ساختہ کلمہ شہادتین پڑھا اور مسلمان ہو گیا، کہنے لگا کہ اب تک مجھے یقین نہیں آتا تھا کہ آپؐ پر وحی نازل ہوتی ہے اور آپ کا تعلق عالم غیب سے ہے جب کہ آپ نے مجھے اس راز سے آگاہ کیا تو مجھے یقین ہو گیا کہ آپ بھی سچے ہیں اور آپ جس خدا کی دعوت دیتے ہیں وہ بھی سچا ہے اور میں خدا کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اس نے مجھے اس ذریعے سے دین حق کی ہدایت کی۔ [1]

باب نمبر 97

ہمسایہ

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہے:

وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبَىٰ وَالْجَارِ الْجُنُبِ [1]

رشتہ دار ہمسایہ اور پہلو میں رہنے والے ہمسایہ کا خیال رکھو۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"احسن مجاورة من جاورك تكن مومنا۔" [2]

اپنے ہمسایہ سے نیک سلوک کرو تا کہ تم مومن بن جاؤ۔

مختصر تشریح:

حقوق کی بحث میں ایک خصوصی بحث حق ہمسائگی کی بھی ہے حدیث میں ہے ہمسائے تین طرح کے ہیں، پہلا ہمسایہ وہ ہے جس کے تم پر تین حق ہیں، اسلام کا حق، ہمسائیگی کا حق اور رشتہ داری کا حق اور دوسرا ہمسایہ وہ ہے جس کے دو حق ہیں، اسلام کا حق اور ہمسائیگی کا حق، اور تیسرا ہمسایہ وہ ہے جس کا ایک حق ہے اور وہ ہے ہمسائیگی کا حق اور یہ حق کافر کا بھی ہے، جو شخص اپنے ہمسایہ کے حق کا خیال نہ رکھے حتی کہ کافر ہمسائے کے حق کا بھی خیال نہ کرے اور اپنے ہمسائے کو اذیت دے تو اس کا ایمان مشکلات میں گھر جاتا ہے۔

حدیث پاک میں ہے کہ ہمسایہ اتنا محترم ہے جتنا کہ انسان کی ماں اس کے لئے قابل احترام ہوتی ہے۔

ہمسایوں کے ساتھ نیکی کرنی چاہیے اور اُن کے حقوق کا خیال رکھنا چاہیے اس سے اللہ تعالیٰ عمر میں اضافہ کرتا ہے اور اس سے شہر آباد و شاد رہتے ہیں۔

اگر کوئی ہمسایہ بھوکا ہو اور یا اس کے پاس پوشاک نہ ہو یا اسے کسی چیز کی ضرورت ہو تو دوسرے ہمسائے کا ایمانی فرض ہے کہ وہ اس کی مدد کرے، اگر کسی ہمسائے سے کوئی غلطی یا کوتاہی ہو جائے تو اس کے مدمقابل ویسی غلطی اور کوتاہی نہیں کرنی چاہیے بلکہ

---

[1] سورۃ نساء آیت نمبر ۳۶۔

[2] جامع السعادات ۲/۲۶۷۔

شفقت اور نرمی سے اس کوتاہی کا ازالہ کرنا چاہیے۔[1]

۱۔ حق ہمسائیگی کے ساتھ مکان کی فروخت:

محمد ابن جھم نے اپنے مکان کو فروخت کرنے کا اعلان کیا تو لوگوں نے اس کے مکان کو خریدنے کے لئے قیمت لگائی اور قیمت بڑھتے بڑھتے پچاس ہزار درہم تک جا پہنچی۔

خریدار جمع ہوئے اور اس سے کہا کہ تو اپنا گھر کتنی قیمت میں فروخت کرنا چاہتا ہے اس نے کہا کہ میں گھر کی جو بھی قیمت لے رہا ہوں اس کے ساتھ میں گھر کے خریدار کو یہ بھی ہدایت کروں گا کہ میرے ہمسایہ سعید بن عاص کا خصوصی خیال رکھے گا۔

خریداری کے لئے آنے والے لوگوں نے کہا کہ کیا مکان کی خرید وفروخت کے لئے حقوق ہمسائیگی بھی شامل ہوتے ہیں، اس نے کہا کہ دیکھو جو مجھ سے مکان خریدے گا تو اس کے ساتھ حقوق ہمسائیگی کا بھی پابند ہوگا ورنہ میں اس کے ہاتھ اپنا گھر فروخت نہیں کروں گا۔

یہ خبر سعید بن عاص تک پہنچی تو اُسے یہ بات پسند آئی اور اس نے محمد بن جھم کی طرف ایک لاکھ درہم بھیجے اور کہا اس سے اپنی ضروریات پوری کرو اور مکان فروخت نہ کرو۔[2]

۲۔ کافر اور مومن ہمسایہ:

علی بن یقطین بیان کرتے ہیں کہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا کہ بنی اسرائیل میں ایک مومن تھا جس کا ہمسایہ ایک کافر انسان تھا، اور وہ کافر بظاہر ایک اچھا انسان تھا اور وہ اپنے مومن ہمسائے سے ہمیشہ نیکی کیا کرتا اور اس کے ساتھ نیک سلوک کرتا تھا اور جب کافر کی موت ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے اس کافر کو جہنم میں مقام برزخ عطا کیا جہاں اُسے جہنم کی آگ جلا نہیں سکتی اور جب کافر کو اس مقام پر لے جایا گیا تو ملائکہ نے اسے آواز دے کر کہا کہ تیرا مقام حقیقی طور پر تو جہنم تھا لیکن تو نے اپنے ایک مومن ہمسائے سے نیک سلوک روا رکھا تھا اسی لئے اللہ تعالیٰ نے تجھے جہنم میں جلانا پسند نہیں کیا۔[3]

۳۔ ہمسائے کے ستم سے کیسے بچایا؟

ایک شخص نے رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنے ہمسائے کی ایذا رسانی کی شکایت کی۔

آپؐ نے اسے صبر کرنے کا حکم دیا، کچھ دنوں بعد وہ دوبارہ آپؐ کی پاس ہمسائے کی شکایت لیکر آیا آپؐ نے پھر اسے صبر کر

---

[1] احیاء القلوب ص ۱۳۳۔

[2] نمونہ معارف ۳/۱۳۳۶، ثمرات الاوراق ۲/۳۶۔

[3] الکافی الاخبار ۳/۱۶۔

حکم دیا۔

تیسری مرتبہ آپ نے فرمایا کہ تم جمعہ کے دن نماز جمعہ سے پہلے گھر کا تمام اسباب نکال کر گلی میں رکھ دو، جب لوگ تم سے پوچھیں کہ تم نے گھر کا اثاثہ باہر کیوں نکالا؟ تو انہیں کہنا کہ فلاں شخص کی مسلسل ایذا رسانی سے مجبور ہو کر میں نے سامان نکالا ہے۔

اس شخص نے آپ کے فرمان پر عمل کیا جب لوگوں نے اس کے سامان کو گھر سے باہر نکلا ہوا دیکھا تو اس کی وجہ دریافت کی تو اس نے بتایا کہ میں نے اپنے ہمسائے کی ایذا رسانی سے تنگ آ کر اپنا سامان نکالا ہے اب میں یہ مکان چھوڑ کر کہیں اور مکان تلاش کروں گا۔

تھوڑی دیر گزری تھی کہ اذیت دینے والا ہمسایہ آیا اور اپنے ہمسایہ کو منت کر کے کہا: ''تمہیں خدا کا واسطہ اپنا سامان اندر رکھو، مجھے مزید شرمندہ نہ کرو میں خدا کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ اب تمہیں مجھ سے دوبارہ شکایت کا موقع نہیں ملے گا۔ [1]

۴۔ حدود ہمسائیگی:

عمرو بن عکرمہ بیان کرتا ہے کہ ایک دفعہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: ''یا ابن رسول اللہ! میرا ہمسایہ مجھے اذیت دیتا ہے، امام علیہ السلام نے فرمایا: ''کہ جاؤ اس سے نیک سلوک کرو'' میں نے کہا کہ خدا اُسے کبھی معاف نہ کرے۔

امام علیہ نے مجھ سے منہ موڑ لیا اور میں نہیں چاہتا کہ میں اس حال میں باہر جاؤں، میں نے عرض کیا: ''مولاؑ! وہ شخص مجھے مختلف طریقے سے اذیتیں دیتا ہے۔

آپؑ نے فرمایا: ''یعنی تم یہ خیال کرتے ہو کہ تم بھی ظاہری طور پر اس سے دشمنی رکھو اور اس سے اس ذریعہ سے انتقام حاصل کرو''؟

میں نے کہا: ''جی ہاں اگر میں کرنا بھی چاہوں تو ایسا کر سکتا ہوں''۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: ''وہ شخص تیرا ہمسایہ ہے اور اللہ تعالیٰ نے ہمسائے کے حقوق رکھے ہیں اور منجملہ یہ ہے ہمسائے سے حسد نہیں کرنا چاہیے اور اگر ہمسائے کو کوئی نعمت ملے تو اس پر جلنا نہیں چاہیے، اگر ہمسائے کے پاس خدمت گزار نہ ہو تو اپنے خدمت گزار کو اس کے گھر روانہ کرو تاکہ اس کی ضروریات بھی سرانجام دی جاسکیں۔

آپ نے فرمایا: ''ایک انصاری جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: ''میں نے فلاں محلہ میں مکان خریدا ہے میرا قریبی ہمسایہ ایسا ہے کہ مجھے اس سے خیر کی توقع نہیں اور اس کے شر سے میں محفوظ نہیں ہوں''۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ، سلمانؓ، ابوذرؓ اور مقدادؓ کو حکم دیا کہ وہ مسجد میں باآواز بلند اعلان کریں''

---

[1] سفینۃ البحار ۱/۱۹۲۔

ولا ایمان لمن لا یأمن جوارہ بوائقہ ''جس کے شر سے ہمسایہ محفوظ نہ ہو وہ ایماندار نہیں ہے۔

پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''حدود ہمسائیگی چالیس گھروں تک ہے یعنی چالیس گھر سامنے، چالیس گھر پیچھے، چالیس گھر دائیں اور چالیس گھر بائیں تک ہمسائیگی کا دائرہ کار وسیع ہے۔ [1]

۵۔ چنگیز خان کا قانون:

چنگیز خان نے اپنے دور حکومت میں قانون بنا دیا تھا کہ کوئی شخص سر عام جانور کو چھری سے ذبح نہ کرے اور جسے گوشت کھانا ہو تو وہ جانور کا گلا گھونٹے یہاں تک کہ جانور مر جائے، اس قانون سے مسلمان بڑے پریشان ہوئے کیونکہ اسلام میں ایسا گوشت کھانا حرام ہے۔

ایک منگول کا گھر مسلمان کے گھر سے متصل تھا وہ منگول اس سے شدید نفرت کرتا تھا، ایک دن منگول نے اپنے مکان کی چھت سے دیکھا کہ اس کا مسلمان ہمسایہ اپنے گھر کے صحن میں بیٹھ کر گوسفند ذبح کر رہا ہے، اس نے موقع کو غنیمت سمجھا اور اپنے قبیلہ کے چند افراد کو لیکر مسلمان کے گھر داخل ہو گیا اور اسے ذبح شدہ گوسفند اور چھری سمیت پکڑ کر چنگیز خان کے پاس لے گیا، اور چنگیز خان سے کہا کہ اس شخص نے آپ کے قانون کی مخالفت کی ہے لہٰذا اسے سزا ملنی چاہیے۔

چنگیز خان نے پوچھا کہ تم نے اسے کہاں ذبح کرتے ہوئے دیکھا؟

اس نے کہا کہ ہم نے اسے اپنے گھر میں ذبح کرتے ہوئے دیکھا۔

چنگیز خان نے کہا: ''جب یہ اپنے گھر میں گوسفند کو ذبح کر رہا تھا تو کیا تم اس وقت اس کے گھر میں بیٹھے تھے۔

انہوں نے کہا: ''نہیں میں نے اپنی چھت سے اسے گوسفند ذبح کرتے ہوئے دیکھا تو اسے پکڑ کر تمہارے پاس لے آئے''۔

چنگیز خان نے کہا کہ دو مرتبہ اپنے اس فقرے کو دہراؤ، اس نے دو مرتبہ اپنے فقرے کو دہرایا۔

چنگیز خان نے کہا کہ اس نے میرے حکم کی مکمل تعمیل کی ہے کیونکہ میں نے حکم دیا تھا کہ سر عام کوئی شخص ایسا نہ کرے اور اس شخص نے سر عام گوسفند ذبح نہیں کیا اور میرا کوئی قانون خدا کے قانون سے بالاتر نہیں ہے۔

پھر چنگیز خان نے جلاد کو حکم دیا کہ اس کا سر تن سے جدا کر دیا جائے تا کہ اس کے بعد کسی کو دوسروں کے گھروں میں تانک جھانک کرنے کی جرات نہ ہو۔ [2]

---

[1] اصول کافی، جلد دوم باب حق الجوار ح ۷۔

[2] خزینۃ الجواہر ۶۳۲۔

باب نمبر 98

ہم نشین

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ [1]

اور جب تم سے کہا جائے کہ مجالس میں وسعت پیدا کرو تو وسعت پیدا کرو خدا تمہارے لئے وسعت پیدا کردے گا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا:

"لا ینبغی للمومن ان یجلس مجلسا یعصی الله فیه ولا یقدر علی تغیره۔" [2]

ایسی محفل میں نہیں بیٹھنا چاہیے جس میں خدا کی نافرمانی ہو رہی ہو اور انسان اس محفل کو تبدیل نہ کرسکتا ہو۔

مختصر تشریح:

ہم نشینی کے انسان پر بہت سے اثرات مرتب ہوتے ہیں، مومن کو چاہیے کہ وہ جس محفل میں بیٹھے تو رو بہ قبلہ ہو کر بیٹھے، اور اگر اس محفل میں کسی کی راز کی بات سنے تو اسے فاش نہیں کرنا چاہیے۔

انسان کو کسی ایسے شخص کی محفل میں بیٹھنا چاہیے جس کے دیکھنے سے انسان کو خدا یاد آتا ہو، انسان کو چاہیے کہ پست، جاہل اور دولت پرست انسانوں کی صحبت سے دوری اختیار کرے، البتہ فقراء اور غرباء کی صحبت سے دوری اختیار نہیں کرنی چاہیے۔

انسان کو چاہیے کہ علم حاصل کرنے کے لئے علماء کی محفل میں بیٹھے تاکہ علمی مجالس کی وجہ سے نصیحت حاصل کرسکے اور ایسے شخص کے ساتھ ہم نشینی کا انتخاب کرے جس کے برے اثرات اس پر مرتب ہونے کا اندیشہ نہ ہو۔

۱۔ ناتجربہ کار ساتھی:

شیخ سعدی بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ بلخ اور ہرات کے درمیان تنگ گھاٹی میں مجھے سفر کرنے کا اتفاق ہوا، راستے محفوظ نہیں تھے، خونخوار رہزن مسافروں کی گھات میں رہتے تھے میں نے ایک نوجوان کو اپنا نگہبان مقرر کیا، یہ نوجوان بظاہر طاقتور اور

---

[1] سورہ مجادلہ آیت نمبر ۱۱۔

[2] اصول کافی ۷

درشت ہیکل تھا، دفاع کے لئے اس کے پاس سپر بھی موجود تھی اور تیر اندازی میں بھی مکمل ماہر تھا، وہ تیر اندازی میں دس پہلوانوں کا مقابلہ کرتا تھا، لیکن اس میں ایک عیب یہ تھا کہ وہ ناز ونعم کا پلا ہوا تھا، اور اس نے پہلے کبھی سفر نہیں کیا تھا، وہ آسائشات میں پلا ہوا تھا اور آج تک اس نے دلیروں کی طبل جنگ کی آوازیں نہیں سنی تھیں اور شمشیر بکف لوگوں کی چمکتیں تلواروں سے اس کا سامنا نہیں ہوا تھا۔

اتفاقاً میں اور یہ جوان اکٹھے سفر کرتے رہے اور راستے میں جو بھی رکاوٹ آتی وہ دور کرتا رہا، اچانک دو رہزن ایک پتھر کے پیچھے سے اُٹھ کھڑے ہوئے وہ ہمارے سامنے آئے اور انہوں نے ہم سے جنگ کرنے کا ارادہ کیا، ایک کے ہاتھ میں ڈنڈا تھا اور دوسرے کے پاس کمان تھا۔

میں نے جوان سے کہا کہ بھائی کس چیز کا انتظار کر رہے ہو زور آزمائی کا وقت ہے ان سے ٹکرا جاؤ لیکن میں نے دیکھا کہ اس جوان کے ہاتھ سے تیر اور کمان گر گئی اور اس کے جسم پر لرزا طاری ہو گیا۔

معاملہ یہاں تک پہنچا کہ ہمیں اپنی تمام اشیاء اُن ڈاکوں کے حوالے کرنی پڑیں اور بصد مشکل ہم اپنی جان بچا کر وہاں سے نکلے۔ [1]

۲۔ ساتھی کا اثر:

نپولین بوناپارٹ (متوفی ۱۸۲۱ء) فرانس کا بادشاہ تھا، ایک دفعہ وہ پاگل کانے کے دورے پر گیا، وہاں اُس نے دیکھا کہ ایک پاگل شخص کو زنجیروں میں جکڑ کر دیوار کے ساتھ باندھا گیا تھا اُسے اس دیوانے کے اوپر بہت ترس آیا۔

اس نے اس پاگل خانے کے ڈاکٹر سے کہا کہ تم نے اس شخص کو کیوں باندھ رکھا ہے؟

اس ڈاکٹر نے جواب دیا کہ جناب یہ کہتا ہے کہ میں نپولین بوناپارٹ ہوں اس لئے میں نے اسے باندھا ہوا ہے، نپولین ہنسنے لگا اور نپولین نے کہا کہ خیر ہے کوئی بات نہیں اگر یہ پاگل کہہ بھی دے کہ یہ نپولین ہے تو میری شان میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔

اس ڈاکٹر نے کہا کہ نہیں جناب میں اسے یہ بات نہیں کہنے دوں گا وہ اس لئے نپولین بوناپارٹ تو میں ہوں یہ کیوں ایسا دعویٰ کرتا ہے۔

نپولین اس کی یہ بات سن کر بہت زیادہ ہنسا کیونکہ وہ سمجھ گیا تھا کہ پاگلوں کے ساتھ رہتے رہتے یہ ڈاکٹر بھی اب پاگل ہو گیا ہے۔ [2]

۳۔ کند ہم جنس با ہم جنس پرواز:

---

[1] حکایتہای گلستان ص ۲۵۵۔

[2] حکایتہای شنیدنی ۳/۵۵۔

مکہ کی ایک عورت بڑی شوخ طبیعت تھی وہ بہت زیادہ لطیفہ گوئی کرتی تھی اور لوگوں کو ہنسایا کرتی تھی، انہی خصوصیات کی حامل ایک عورت مدینہ میں بھی رہتی تھی۔

مکہ کی عورت مدینہ آئی اور اپنی ہم مزاج عورت کے ہاں مہمان ہوئی پھر وہ مکی عورت مدینہ کے قیام کے دوران بی بی عائشہؓ کے پاس گئی اور لطیفے سنا کرانہیں ہنسایا، بی بی عائشہ نے اس سے پوچھا کہ تم مدینہ میں کس کے پاس ٹھہری ہوئی ہو؟ اس عورت نے کہا کہ فلاں عورت کے پاس۔

بی بی عائشہ نے کہا کہ بے شک خدا اور اس کے رسول نے سچ فرمایا ہے میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا تھا وہ فرمایا کرتے تھے کہ انسانوں کے ارواح لشکر ہیں جو کہ ایک دوسرے کے ساتھ رہتے ہیں۔ [1]

۴۔ فرعون اور ہامان:

ایک دفعہ فرعون اور ہامان مشاورت کے لئے بیٹھے، فرعون نے ہامان سے کہا کہ موسیٰ مجھ سے بڑے بڑے وعدے کرتا ہے اور کہتا ہے کہ اگر میں ایمان لے آیا تو میری حکومت بھی باقی رہے گی، میری دنیا بھی [illegible] ہو جائے گی اور میری آخرت بھی سنور جائے گی، میں تم سے مشورہ لینا چاہتا ہوں کہ ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

جیسے ہی ہامان نے فرعون کے منہ سے یہ باتیں سنیں تو زور زور سے رونے لگا اور اپنے دونوں ہاتوں سے اپنے چہرے کو پیٹنے لگا، اور اس نے کہا اے بزرگی رکھنے والے بادشاہ ایسی باتیں تیرے ذہن میں کیسے آگئیں مجھے تو تجھ پر تعجب ہے کہ ایسے غلط خیالات تمہارے ذہن میں کیسے آگئے، جب کہ اس وقت تمام دنیا تمہارے سامنے سرنگوں ہے مشرق و مغرب کے تمام رئیس آپ کی خدمت میں جزیہ پیش کرتے ہیں اور جہان کے بادشاہ آپ کی خاک پا پر اپنا منہ رکھتے ہیں وہ آپ کو اپنا معبود اور مقصود سمجھتے ہیں۔

اور اگر انہیں کوئی تکلیف ہوتی ہے تو وہ آپ سے رجوع کرتے ہیں، اگر آپ کو ہزار مرتبہ آگ میں جلایا جائے تو موسیٰ کی غلامی سے آپ کا جلنا بہتر ہے۔

اور اگر آپ نے موسیٰ کی غلامی اختیار کر لی تو غلام لوگ تیرے بادشاہ بن جائیں گے اور تیرے دشمنوں کی آنکھوں میں ٹھنڈک آجائے گی، جب فرعون نے اپنے ساتھی ہامان کے منہ سے یہ مشورہ سنا تو وہ اپنے موقف پر قائم رہا۔

اور اس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کسی بھی فرمان پر توجہ نہ دی اور نتیجہ یہ نکلا کہ عذاب خداوندی میں مبتلا ہوا۔ [2]

---

[1] اشنید نھای تاریخ ص ۶۲۔ محجۃ البیضاء ۳/۲۹۳۔

[2] داستانھای مثنوی ۳/۸۴۔

۵۔ بدعقیدہ لوگوں سے میل جول نہ رکھیں:

ابو ہاشم جعفری کہتے ہیں کہ امام علی نقی علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: ''تو عبدالرحمن بن یعقوب کے ساتھ کیوں بیٹھتا ہے؟ میں نے تجھے اس کے ساتھ بیٹھے ہوئے دیکھا ہے''۔

میں نے جواب دیا: ''وہ میرا رشتہ دار ہے اور وہ رشتے میں میرا ماموں لگتا ہے''۔

آپؑ نے فرمایا: ''یہ سچ ہے کہ وہ تمہارا ماموں ہے لیکن وہ اللہ جل شانہ کو صفت جسمانیت کے ساتھ متصف کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی ایسی صفات بیان کرتا ہے جو اس کے مقام عظمت کے لائق نہیں ہیں تو یا تو اس کی صحبت چھوڑ دے یا پھر ہماری صحبت چھوڑ دے۔

ابو ہاشم نے کہا: ''آقا میں اس کا ہم عقیدہ و ہم نوا نہیں ہوں، کیا اس کے باوجود بھی میں گناہگار تصور ہوں گا؟''

آپؑ نے فرمایا: تم بھلا یہ سوچو کہ اگر اس کی بدعقیدگی کی وجہ سے کسی وقت اللہ کا عذاب آئے اور تو بھی اس کے ساتھ بیٹھا ہوا ہو تو کیا وہ عذاب تمہیں اپنی لپیٹ میں نہیں لے گا؟ یقیناً اس صورت میں تو بھی عذاب کی لپیٹ میں آجائے گا''۔

پھر آپؑ نے فرمایا: ''موسیٰ علیہ السلام کے ایک صحابی کا باپ فرعون کے ساتھ رہتا تھا، جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے رات کے وقت ہجرت فرمائی تو وہ صحابی بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہمراہ تھا فرعون نے ان کا تعاقب کیا، دریائے قلزم نے باذن خدا حضرت موسیٰ علیہ السلام کو راستہ دیا، آپ بخیر و عافیت وہاں سے گزر گئے۔

آپؑ کے صحابی نے دل میں سوچا کہ اب بھی وقت ہے میں اپنے باپ پر تمام حجت کروں، یہ سوچ کر وہ آل فرعون کے لشکر میں آیا اور اپنے باپ سے کہنے لگا کہ ابا جان اب بھی وقت ہے ظالمین کی صحبت سے باز آجائیں اور موسیٰ و ہارون پر ایمان لے آؤ، باپ بیٹا بحث کررہے تھے اللہ تعالیٰ کا عذاب آپہنچا، تمام لوگ پانی میں غرق ہوگئے''، ایک مرتبہ حضرت موسیٰ نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ احدیت میں عرض کی: ''خدایا! میرے فلاں صحابی کا کیا بنا؟

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وہ میری رحمت میں ہے لیکن چونکہ عذاب کے وقت وہ ظالموں کے ساتھ تھا اسی لئے جب میرا عذاب آیا تو وہ بھی اس کی لپیٹ میں آگیا۔ [1]

---

[1] اصول کافی جلد ۲ باب مجالسۃ اہل المعاصی جلد ۲۔

باب نمبر 99

یتیم

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝ [1]

یتیم کو مت جھڑکو۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"من كفل يتيما و كفل لفقته كنت انا وهو فی الجنة۔" [2]

جو شخص یتیم کی کفالت کرے اور اس کے نان ونفقہ کا خیال کرے تو وہ شخص جنت میں میرے ساتھ ہو گا۔

مختصر تشریح:

ماں باپ سے محروم بچہ بندگان خدا کی محبت کا حقدار ہوتا ہے، یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرنا، اسے کھانا کھلانا، اسے لباس دینا، اور اسے خوش کرنا یہ سب ایسے اسباب ہیں جن سے مومنین یتیم کی پرورش کر سکتے ہیں۔

جنت میں ایک جگہ ایسی بھی ہے جس کا نام خوشحالی کا گھر ہے اور اس خوشحالی کے گھر میں وہی داخل ہوگا جس نے مومنین کے یتیموں کو خوشی دی ہو گی، اور جہنم میں خداوند تعالیٰ نے ایک ایسی جگہ مقرر کی ہے جہاں اہل دوزخ کی دبر سے آگ نکل رہی ہو گی اور یہ وہ لوگ ہوں گے جنہوں نے دنیا میں یتیموں کا مال غصب کر کے کھایا ہو گا۔ [3]

ا۔ یتیم پروری کا ثمر:

بیان کیا جاتا ہے کہ بصرہ کے اطراف میں ایک شخص فوت ہو گیا، وہ معصیت خداوندی کی شہرت رکھتا تھا، اور وہ اپنے

---

[1] سورۃ الضحیٰ آیت نمبر ۹۔

[2] سفینۃ البحار ۲/۷۳۱۔

[3] تفسیر معین ص ۱۲۔

گناہوں کی وجہ سے اتنا بدنام ہوا تھا کہ اس کے جنازے کو بھی کوئی کندھا دینے کے تیار نہ ہوا۔

اس کی بیوی نے مجبوراً چار مزدور مقرر کئے تا کہ اس کا جنازہ لیکر جنازہ گاہ لے جائیں، لیکن کسی نے وہاں اس کی نماز جنازہ تک نہ پڑھی اس کے جسم کو دفن کرنے کے لئے وہ شہر سے باہر لے گئے۔

اس علاقے میں ایک عابد و زاہد شخص رہتا تھا اور علاقے کے تمام لوگ اس کے صدق اور نیک نیتی کے قائل تھے۔

لوگوں نے دیکھا کہ زاہد اس کے جنازے کا منتظر ہے میت کو جیسے ہی زمین پر رکھا گیا وہ زاہد آیا اور کہا کہ جنازہ کے لئے تیار ہو جاؤ، وہاں تو کوئی موجود ہی نہیں تھا، لہٰذا اس زاہد نے اس کی تنہا نماز جنازہ ادا کی۔

زاہد کو دیکھ کر لوگ فوج در فوج آ کر اس کی نماز جنازہ پڑھنے لگے۔

زاہد سے پوچھا گیا کہ یہ شخص مشہور بدکار تھا، پورے شہر میں سے کسی نے اس کی نماز جنازہ ادا نہیں کی آپ کو اس کی کیا ضرورت تھی؟

زاہد نے جواب دیا: "مجھے خواب میں حکم ملا تھا کہ تم فلاں مقام پر جاؤ وہاں ایک جنازہ آئے گا اور اس کے ساتھ صرف ایک عورت ہوگی، اس کا جا کر نماز جنازہ پڑھو، اس کے گناہ رب العزت نے معاف کر دیئے ہیں"۔

زاہد نے اس شخص کی بیوی سے پوچھا: "اس نے کونسا ایسا عمل کیا جو اس کی بخشش کا سبب بنا؟"

عورت نے کہا میرے شوہر کا زیادہ وقت برائی اور شراب نوشی میں صرف ہوتا تھا۔

زاہد نے پوچھا: تو کیا وہ کبھی نیک کام بھی کرتا تھا؟

عورت نے کہا: "رات کو جب وہ ہوش و حواس میں آتا روتا تھا اور رو رو کر کہتا تھا یا الٰہا! تو مجھے دوزخ کے کونسے حصے میں ڈالے گا، جیسے ہی صبح ہوتی وہ اٹھ کر غسل کرتا، صاف لباس پہن کر نماز فجر ادا کرتا تھا، اور اس کا گھر دو یا تین یتیموں سے خالی نہ ہوتا تھا وہ اپنے بچوں سے بھی زیادہ یتیموں پر شفقت کرتا تھا"۔ [1]

۲۔ اسفندیار کیوں مغلوب ہوا؟

بیان کیا جاتا ہے کہ رستم بن زال جو کہ مشہور پہلوان تھا اس کی بادشاہ اسفندیار سے جنگ ہوئی تھی، رستم اگرچہ بہادر تھا لیکن اس کے باوجود وہ اسفندیار کو مغلوب نہ کر سکا۔

کئی دفعہ انہوں نے ایک دوسرے پر حملے کئے اور ہر مرتبہ رستم کو ہی شکست ہوئی، اسفندیار انتہائی قوی ہیکل شخص تھا اور رستم کے حملے اس پر کارگر نہیں ہوئے تھے۔

رستم نے اپنے والد زال سے اسفندیار کے متعلق مشورہ کیا، زال نے کہا کہ تم ایسا تیر بناؤ جس کے دوسرے ہوں اور اس

---

[1] پند تاریخ ۱/۱۵۵ _ شجرہ طوبی ۱/۲۷۸۔

سے اسفندیار کی آنکھوں کا نشانہ لوتا کہ وہ نابینا ہو جائے، تو پھر تمہیں اس پر کامیابی ہوگی۔

رستم نے ایک درخت سے لکڑی کاٹی اور اس سے ایسا تیر تیار کیا جس کے دو سرے تھے، چنانچہ جیسے ہی رستم، اسفندیار کے مقابلے میں گیا تو اس نے اس تیر سے اس کی آنکھوں کا نشانہ لیا جس کی وجہ سے اسفندیار نابینا ہو گیا اور رستم کو فتح ہوئی۔

مورخین نے اس کے پس منظر میں یہ واقعہ نقل کیا کہ ایک دفعہ اسفندیار کو ایک یتیم بچے پر غصہ آیا اس نے اُسی درخت سے ایک لکڑی کاٹی اور اس لکڑی سے بچے کے سر پر اتنے وار کئے وہ بچہ نابینا ہو گیا، اللہ تعالیٰ نے اس کا انتقام اس طریقے سے لیا کہ رستم نے اُسی درخت کی لکڑی سے تیر بنایا اور اُسی تیر کے ساتھ اسفندیار کو اندھا کر دیا، تو جیسا کوئی کرے گا تو اس کا انجام بھی اُسے ویسا ہی بھرنا ہوگا۔[1]

۳۔ یتیم نوازی کی طرف توجہ:

ایک دفعہ ایک یتیم بچہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا: ''یا رسول اللہؐ میرا باپ دنیا سے رخصت ہو چکا ہے میری چھوٹی بہنیں اور بے آسرا ماں بھی ہے اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو جو کچھ عطا کیا ہے اس میں سے کچھ ہمیں بھی عطا کریں۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت بلالؓ سے فرمایا کہ میرے تمام گھروں میں جاؤ اور تجھے وہاں سے جو غذا بھی ملے تو لے آؤ۔

حضرت بلالؓ رسول اللہ کی ہر زوجہ کے پاس گئے اور بڑی مشکل سے وہ اکیس دانے خرما کے لیکر آئے۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ اکیس دانے اس بچے کو دیئے اور فرمایا کہ اس میں سے سات دانے تم خود کھانا، سات دانے اپنی ماں کو دینا اور باقی سات دانے اپنی بہنوں کو دینا۔ اسی اثناء میں رسول خداؐ کا ایک صحابی حضرت معاذؓ وہاں پر آیا اور اس نے بڑی شفقت سے اس بچے کے سر پر ہاتھ پھیرا اور کہا کہ اللہ تعالیٰ تجھے یتیمی سے نجات دے گا اور تجھے تیرے باپ کا جانشین مقرر کرے گا۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت معاذؓ سے فرمایا: ''میں نے دیکھا ہے کہ تو نے اس یتیم بچے پر شفقت کی ہے یاد رکھو! جو بھی شخص شفقت سے یتیم بچے کے سر پر ہاتھ پھیرتا ہے تو اس کے ہاتھ کے نیچے جتنے بھی بال آئیں گے اللہ اس کے اتنے ہی گناہ معاف کر دیتا ہے، اور اُسے نیک جزا دیتا ہے اور اللہ یتیم پرور انسان کے مقام کو بلند کرتا ہے''۔[2]

۴۔ پھوپھیوں کے متعلق سفارش:

راویت میں بیان کیا جاتا ہے کہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے اٹھارہ بیٹے اور انیس بیٹیاں تھیں آپ کی شہادت کے وقت آپ کی

---

[1] منتخب التواریخ ص ۸۱۵۔ روح البیان

[2] داستانھا و پندھا ۱۶۰/۳۔ مجمع البیان ۵۰۴/۱۔

بیٹیاں کافی کم سن تھیں، اسی لئے بہت سی بچیوں کی شادیاں بھی نہیں ہوئی تھیں، لہٰذا انہیں مدد کی سخت ضرورت تھی۔ جب امام علی رضا علیہ السلام ایران تشریف لائے تو آپ نے اپنے فرزند حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کو خط لکھا اور فرمایا: "اے ابو جعفر (امام محمد تقی کی کنیت) مجھے معلوم ہے کہ جب تم سوار ہوتے ہو تو غلام تجھے گھر کے چھوٹے دروازہ سے لے جاتے ہیں، یاد رکھنا! یہ چیز بخل میں شمار ہوتی ہے، آئندہ تم کو چھوٹے دروازے سے نہیں گزرنا چاہیے اور جو میں تجھ پر حق رکھتا ہوں تو اس حق کے تحت میں تجھے حکم دیتا ہوں کہ جب بھی گھر سے باہر نکلو تو گھر کے بڑے دروازے سے نکلو اور جب بھی گھر میں داخل ہو تو بڑے دروازے سے گھر میں داخل ہونا، اور جب گھر سے باہر نکلنا چاہو تو اپنے ساتھ سونے چاندی کے سکے رکھو، اور تجھ سے کوئی بھی مدد کی درخواست کرے تو اُس کی ضرور مدد کرنا، اگر تمہارے چچاؤں میں سے کوئی تجھ سے مدد کی درخواست کرے تو اُن کے ساتھ بھلائی کرنا اور انہیں کم از کم پچاس دینار ضرور دینا، اس کے علاوہ اپنی پھوپھیوں کا خیال ضرور کرنا اگر وہ تجھ سے مدد کی درخواست کریں تو اُن کو پچیس درہم سے کم ہرگز نہ دینا، میں یہ چاہتا ہوں کہ اس بخشش اور صلہ رحمی کی وجہ سے خدا تمہاری شان بلند کرے لہٰذا اللہ کی راہ میں خرچ کرتے رہو اور تنگدستی سے تمہیں خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے"۔ [1]

۵۔ شہید کے یتیم:

۸ھ میں جنگ موتہ ہوئی تھی اور اس جنگ میں امیر المومنین علیہ السلام کے بھائی حضرت جعفر طیار شہید ہوئے تھے۔

حضرت جعفر کے فرزند جناب عبداللہ بیان کرتے ہیں پیغمبر اکرمؐ ہمارے گھر تشریف لے آئے اور میری والدہ حضرت اسماء بنت عمیس کو میرے والد کی شہادت کی خبر دی۔ جناب عبداللہ بیان کرتے ہیں کہ مجھے وہ موقعہ اچھی طرح سے یاد ہے جب رسول خداؐ نے کس طرح سے میرے اور بھائی کے سر پر شفقت کا ہاتھ پھیرا تھا، آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے اور آپ اتنا روئے کہ آپ کی ریش اطہر آنسوؤں سے تر ہو گئی، اور مسلسل فرما رہے تھے اور دعا کر رہے تھے کہ خدایا جعفر کو بہترین ثواب عطا فرما۔ اور اس کے گھر والوں کی حفاظت فرما، اس کے بعد آپؐ نے شفقت سے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے اپنے ساتھ مسجد لے گئے، آپ منبر پر تشریف فرما ہوئے اور مجھے ایک سیڑھی نیچے بٹھایا اور آپ کے چہرہ اطہر سے غم واندوہ ٹپک رہا تھا، پھر آپؐ مجھے اپنے ساتھ اپنے گھر لے گئے۔ اس کے بعد گھر میں آپ نے حکم دیا کہ ہمارے لئے کھانا تیار کیا جائے، اور آپؐ نے میرے چھوٹے بھائی کو بھی وہاں طلب فرمایا، آپؐ نے مجھے اور میرے بھائی کو پاکیزہ غذا کھلائی، اس کے بعد آپؐ نے اپنی کنیز سلمٰی کو حکم دیا کہ کچھ جو کا آٹا تیار کرو، اس کے ساتھ روغن زیتون اور مرچوں کا سالن بنایا گیا، تین دن تک میری والدہ میرے والد کے غم میں مصروف رہیں اور ہم تین دن تک رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر سے کھانا کھاتے رہے، تین دن گزرنے کے بعد ہم اپنے گھر واپس آ گئے۔ [2]

---

[1] نمونہ معارف ۷۰۲/۳۰ کافی ۴۴/۴۳۔

[2] پیغمبر و یاران ۸/۱۷۸۔ اعیان الشیعہ ۴۴/۱۶۔

باب نمبر 100

یقین

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہے:

وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَأْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿٩٩﴾ [1]

آپ اپنے رب کی عبادت کریں یہاں تک کہ آپ کو یقین (موت) آجائے۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"اقل ما اوتیتم الیقین وعزیمة الصبر" [2]

تمہیں یقین اور قوت صبر بہت قلیل ترین مقدار میں دی گئی ہے۔

مختصر تشریح:

انبیاء کرام کے درجات مختلف ہیں اور اُن درجات کے اختلاف کی وجہ مراتب یقین کا اختلاف ہے، جتنا جس کے یقین کا مرتبہ زیادہ تھا خداوند تعالیٰ نے اُس کو اتنا زیادہ درجات عطا کئے۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا گیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پانی پر چلا کرتے تھے آپؐ نے فرمایا اگر حضرت عیسیٰ کا یقین اس سے بھی زیادہ ہوتا تو وہ ہواؤں میں پرواز کرتے۔

اہل ایمان بھی یقین کے حوالے سے ایک دوسرے سے مختلف ہیں، جس کا یقین زیادہ ہوگا اس میں اتنا زیادہ ہی صبر کی قوت ہوگی، اور ظاہر و باطن میں اطاعت خداوندی بجالائے گا اور جس کے یقین میں جتنی کمی ہوگی وہ اتنا ہی خداوند کی نافرمانی میں مشغول ہوتا جائے گا اور وہ لوگ جن میں یقین کی کمی ہوتی ہے اُن کے دل ہمیشہ اسباب دنیا سے وابستہ رہتے ہیں، اگر وہ کبھی عبادت بھی کریں تو اس میں بھی کوئی اثر نہیں ہوتا اور ایسے لوگ ہمیشہ زر و دولت اور منصب حاصل کرنے کے پیچھے بھاگتے رہتے ہیں۔ [3]

---

[1] سورہ حجر آیت ۹۹۔

[2] جامع السعادات ۱/۱۱۹۔

[3] تذکرۃ الحقائق ص ۸۷۔

۱۔ ایک موٹے شخص کے موٹاپے کا علاج:

بیان کیا جاتا ہے کہ ایک عادل بادشاہ بیمار ہوا اور اس بیماری کی وجہ سے اس کے موٹاپے میں اضافہ ہو گیا اور آخر کار وہ اتنا موٹا ہو گیا چلنے کے قابل بھی نہ رہا، اس کے وزیر اور مشیر ڈاکٹروں کو اس کے علاج کے لئے لائے، ڈاکٹروں اور طبیبوں نے اس کا بہت زیادہ علاج کیا لیکن اس کا موٹاپا ویسے کا ویسا ہی رہا۔

ایک دانا شخص کی نگاہ بادشاہ پر پڑی اور اس نے اس کی نبض ہاتھ میں پکڑی اور کہا کہ میں اس کا علاج کر سکتا ہوں، تمام وزیر مشیر خوش ہوئے اور کہا کہ بہتر ہے کہ اگر تم اس کا علاج کر سکتے ہو تو ضرور کرو، اس شخص نے دوبارہ بادشاہ کی نبض پکڑی اور کچھ دیر کے بعد کہا کہ مجھے دکھائی دیتا ہے کہ یہ سلطان چالیس دن تک مر جائے گا، پہلے میں اس کا علاج نہیں کرتا کیونکہ مجھے نوے فیصد یقین ہے کہ یہ مر جائے گا اور اگر بالفرض بادشاہ چالیس دنوں کے بعد زندہ رہا تو میں ضرور اس کا علاج کروں گا، سلطان نے جیسے ہی طبیب کی یہ بات سنی تو اس کے پورے وجود پر لرزا طاری ہو گیا اور موت کے خوف کی وجہ سے آہستہ آہستہ اس کے وزن میں کمی ہوتی رہی یہاں تک کہ چالیس دن بھی مکمل ہوئے تو اس کا جسم بھی عام انسانوں کی طرح سے ہو چکا تھا۔

اس طبیب کو لایا گیا اور اس سے کہا گیا کہ دیکھو بادشاہ سلامت زندہ ہیں اور تم نے یہ غلط پیشن گوئی کیوں کی تھی؟

اس نے کہا کہ بادشاہ کا علاج اور کسی بھی طریقے سے ممکن نہیں تھا اور جب میں نے انہیں موت سے خوفزدہ کیا جس کی وجہ بادشاہ کا موٹاپا خود بخود ختم ہو گیا اور آج بادشاہ بالکل صحیح وسلامت ہیں۔

جیسے ہی بادشاہ نے اس دانا شخص کی بات سنی تو اُسے بہت سا انعام دے کر رخصت کیا۔[1]

۲۔ محمد بن بشیر حضری کا یقین:

شب عاشور بی بی زینب سلام اللہ علیہا نے حضرت امام حسین علیہ السلام سے عرض کی: ''بھائی جان! کیا آپؑ کے اصحاب آپ کو تنہا تو نہیں چھوڑیں گے''۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: ''نہیں'' خدا کی قسم میں اُن کا امتحان لے چکا ہوں وہ شہادت کے خواہش مند ہیں اور اُن کو موت سے اتنی محبت ہے جتنی کہ ایک شیر خوار بچے کو ماں کے پستانوں سے ہوتی ہے۔

شب عاشور حضرت امام حسین علیہ السلام نے اپنے اصحاب کو خطبہ دیا اور ہر ایک صحابی سے فرمایا کہ تم میں سے جو کوئی بھی جانا چاہے تو جا سکتا ہے، لیکن آپ کے صحابہ نے جانے سے انکار کر دیا، اس کے بعد امام علیہ السلام نے اپنے صحابہ کو جنت میں اُن کے مقامات دکھائے جس کی وجہ سے اُن کے یقین میں اتنا اضافہ ہوا کہ یوم عاشور انہیں نیزہ اور شمشیر کی وجہ سے انہیں درد کا احساس تک نہ ہوا۔

---

[1] سرمایہ سعادت ص ۲۳۔

شب عاشورہ ہی کا واقعہ ہے کہ امام علیہ السلام کے ایک ساتھی محمد بن بشیر حضرمی کو اطلاع ملی کہ اس کا بیٹا گرفتار ہو چکا ہے تو امام حسین علیہ السلام نے جیسے ہی یہ خبر سنی تو آپ نے اُسے بلایا اور فرمایا کہ محمد ابن بشیر! تمہارا بیٹا سرحدی علاقوں میں گرفتار ہو چکا ہے لہٰذا تمہاری گردن سے میں اپنی بیعت کا قلادہ اتارتا ہوں اور تم کربلا سے چلے جاؤ اور اپنے بیٹے کی رہائی کا انتظام کرو۔

جب محمد بن بشیر نے امام عالی مقام کا یہ کلام سنا تو کہنے لگا: "خدا آپ پر رحمت کرے میں اپنی بیعت کبھی ختم نہیں کروں گا، میں اگر آپ کو چھوڑ کر جاؤں تو خدا کرے کہ جنگل کے درندے مجھے کھا جائیں، میں آپؑ سے دور جانا کبھی بھی پسند نہیں کرونگا۔

اس کے بعد امام علیہ السلام نے پانچ قیمتی جوڑے اس کے حوالے کئے اور فرمایا کہ ٹھیک ہے اگر تم نہیں جانا چاہتے تو نہ جاؤ لیکن اپنے دوسرے بیٹے کو یہ جوڑے دے کر روانہ کر دتا کہ وہ انہیں فروخت کر کے اپنے بھائی کی رہائی کا بندوبست کرے۔

مورخین لکھتے ہیں کہ ان میں سے ایک جوڑے کی قیمت ایک ہزار دینار تھی۔

یہ محمد بن بشیر حملہ اولیٰ میں شہید ہو گیا۔ [1]

۳۔ فردوسی متوفی (۴۱۱)

ابوالقاسم ایران کے مشہور رزمیہ شاعر گزرے ہیں، اُن کی مشہور کتاب شاہنامہ فارسی ادب کا عظیم شاہکار شمار ہوتا ہے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ طوس کے حاکم نے اس پر اتنے ظلم ڈھائے کہ وہ مجبور ہو کر غزنی چلے گئے، محمود غزنوی کے دربار میں جا کر شکایت کی لیکن اس کا کوئی اثر نہ ہوا۔

انہی دنوں اتفاقاً فردوسی، عنصری شاعر کی مجلس میں چلے گئے وہاں انہوں نے کچھ اشعار کہے اُن کو پسند آئے اور عنصری نے محمود غزنوی کے دربار میں اس کا تعارف کرایا اور محمود غزنوی نے کہا کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ تم ملوک عجم کی تاریخ کو اشعار کی صورت میں قلم بند کرو، خواجہ حسین میمندی سے کہا کہ فردوسی کو ہر ہزار اشعار پر ایک ہزار مثقال سونا دیا جائے۔

چنانچہ فردوسی نے شاہنامہ مرتب کیا اور شاہنامہ سلطان کی خدمت میں لایا گیا تو اُسے شاہنامہ کا انداز بہت پسند آیا۔

سلطان نے اپنے وزراء سے مشورہ کیا کہ اب فردوسی کو کتنا انعام دیا جانا چاہیے، بعض نے کہا کہ اُسے آپ پچاس ہزار درہم دے دیں، لیکن بعض وزراء نے کہا کہ شیعہ اور رافضی ہے یہ رقم اس کے لئے بہت زیادہ ہے اور اس نے بعض ایسے اشعار بھی شاہنامہ میں لکھے ہیں جن سے اس کا تشیع ظاہر ہوتا ہے مثلاً

منم بندہ اهل بیت نبی
ستیندہ خاک پای وصی

چنانچہ سلطان نے حکم دیا کہ اسے ایک بیت کے عوض ایک درہم دیا جائے، ساٹھ ہزار بیت تھے لہٰذا اُسے ساٹھ ہزار درہم

[1] منتہی الآمال ۱/۳۴۰۔

دیئے جائیں۔

جب فردوسی نے اتنا قلیل ترین انعام سنا تو اسے سخت غصہ آیا کہ اس نے دیکھا کہ اس کے تمام حقوق اس لئے ضائع ہو رہے کہ اس کا عقیدہ بادشاہ کے عقیدہ سے مختلف ہے اور اُسے شاہِ ولایت سے محبت کی سزا دی گئی ہے، اُس نے پھر شاہنامہ میں یہ اشعار بھی ملحق کئے:

ایا شاه محمود کشور گشای
زمین گر نترسی بترس از خدای
نترسم که دارم زروشن دلی
بسل مهر آل نبی و ولی
براین زادم و هر براین بگذرم
اگر شه کند ریز ریز

(محمود بادشاہ! اگر تو مجھ سے نہیں ڈرتا تو خدا سے تو ڈر، آل نبیؐ اور ولی کی محبت پر مجھے کوئی خوف نہیں ہے، میں یہی عقیدہ لے کر پیدا ہوا تھا کہ میں مرتے دم تک رسول پاکؐ اور حیدر علیہ السلام کی ثنا خوانی کرتا رہوں گا، اگرچہ بادشاہ میرے جسم کے ٹکڑے ٹکڑے کردے تو میں پھر بھی رسول خدا اور علی کا غلام ہی رہوں گا)

بیان کیا جاتا ہے کہ جب فردوسی کی وفات ہوئی تو اس وقت کے شیخ ابوالقاسم گورکانی نے فردوسی کے جنازے میں شرکت نہیں کی تھی، اور کہا تھا کہ میں اس لئے اس کے جنازے میں شریک نہیں ہوا تھا کہ اس نے اپنے شاہنامہ میں مجوسی حکمرانوں کی مدح میں اشعار کہے ہیں۔

جیسے ہی فردوسی دفن ہوئے تو اسی رات شیخ ابوالقاسم گورکافی نے خواب میں دیکھا کہ فردوسی جنت کے اعلیٰ درجہ پر فائز ہیں، انہوں نے فردوسی سے پوچھا کہ تم نے تمام عمر ایران کے غیر مسلم حکمرانوں کی مدح وثناء کی تھی تمہیں یہ رتبہ کیسے مل گیا، فردوسی نے جواب دیا کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ میں نے توحید الٰہی کے متعلق ایک شعر کہا تھا جس کی وجہ سے خدا نے میرے تمام گناہ معاف کردیئے اور مجھے جنت میں اعلیٰ رتبہ بھی عطا کیا۔ وہ شعر یہ ہے:

جهان را بلندی و پستی توئی
ندا نم چه ای هر چه هستی توئی

(پروردگار! اس جہاں کی بلندی بھی تو ہے اور پستی بھی تو ہے اور میں نہیں جانتا کہ تو ہے تو کیا ہے۔) [1]

[1] منتخب التواریخ ص ۱۰۳۔

۴۔ زیادہ یقین کا تقاضا:

عباسی خلیفہ مامون الرشید نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ اگر انبیاء معصوم ہیں تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہ کیوں کہا تھا "رب ارنی کیف تحیی الموتی" (سورۃ البقرہ ۲۶۰) پروردگار! مجھے دکھا کہ تو مردے کیسے زندہ کرتا ہے؟

حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: "حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہ سنا تھا کہ جو بھی خدا کا خلیل ہوگا تو اللہ تعالیٰ اس کی ہر دعا سنے گا، حضرت ابراہیم چاہتے تھے کہ انہیں مقام خلت نصیب ہو، اپنے مقام خلت کو آزمانے کے لئے آپؑ نے پروردگار سے درخواست کی کہ خدایا! تو مجھے دکھا تو سہی کہ تو مردوں کو کیسے زندہ کرتا ہے؟ خدا نے فرمایا کہ کیا تو ایمان نہیں رکھتا؟ ابراہیم علیہ السلام نے عرض کی: کیوں نہیں میں ایمان تو رکھتا ہوں لیکن چاہتا ہوں کہ میرا دل مطمئن ہو جائے۔

خدا نے فرمایا کہ چار پرندے لو اُن کو ذبح کرو، گوشت کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے مخلوط کردو اور وہ مخلوط شدہ گوشت کے ٹکڑے پہاڑوں پر رکھ دو اور پھر انہیں اپنے پاس بلاؤ تو وہ تیزی کے ساتھ دوڑتے ہوئے تیرے پاس آجائیں گے۔

ابراہیم علیہ السلام نے گدھ، مرغابی، مور اور مرغ کو ذبح کیا اور اس کے گوشت کو ریزہ ریزہ کیا اور تمام گوشت کو آپس میں ملا دیا، اور آپؑ نے دس پہاڑوں پر اس گوشت کے حصے کر کے رکھ دیئے، اور اُن کی چونچیں اپنے ہاتھ میں رکھ لیں پھر ایک ایک کو آواز دیتے، جیسے ہی آپ کسی کو آواز دیتے تو اس پرندے کے گوشت کے ٹکڑے دوسرے پرندوں کے گوشت سے امر خداوندی کے تحت جدا ہوتے، اور آکر اپنے سر سے مل جاتے اور اس کے بعد پرواز کرتے اور آب و دانہ کھاتے، حضرت ابراہیم علیہ السلام خداوند سے یہ مطالبہ اپنے یقین میں اضافہ کے لئے کیا تھا، اللہ تعالیٰ نے اُن کے علم کو شہود میں تبدیل کر دیا تھا۔ [1]

۵۔ حارثہ بن نعمان:

حارثہ بن نعمان کا تعلق انصار کے قبیلہ بنی خزرج سے تھا اور یہ پوری زندگی صاحب یقین رہے اور ان کا یقین کبھی بھی متزلزل نہیں ہوا، انہوں نے غزوہ بدر، احد اور دیگر غزوات کے علاوہ جنگ حنین میں بھی شرکت کی تھی اور جب دوسرے صحابہ میدان جنگ سے بھاگ گئے تھے تو حارثہ اپنی جگہ پر قائم رہے تھے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد وہ حضرت علی علیہ السلام کے ساتھ جنگوں میں شریک ہوئے تھے۔

جیسا کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا تھا "یقین کی چار شاخیں ہیں، روشن نگاہی، حقیقت رسی، عبرت اندوزی اور اگلوں طور طریقہ، چنانچہ جو دانش و آگہی حاصل کرے گا اس کے سامنے علم و عمل کی راہیں واضح ہو جائیں گے، جس کے لئے علم و عمل آشکار ہو جائے تو اسے عبرت سے آشنائی حاصل ہوگی اور جو عبرت سے آشنا ہوا تو وہ ایسا ہے کہ جیسے وہ پہلے لوگوں میں موجود رہا ہو" حضرت حارثہ

[1] حیوۃ القلوب ۱/۱۳۰۔

بن نعمان بھی یقین کے اس درجے پر فائز تھے۔ [1]

جب حضرت امیر المومنین علیہ السلام کی شادی حضرت فاطمہ الزہرا سلام اللہ علیہا کے ساتھ ہوئی تھی تو اس وقت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ سے فرمایا کہ جاؤ اپنے لئے کوئی مکان تلاش کرو اور بعد میں فاطمہ سلام اللہ علیہا کو لے جانا۔

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: ''یا رسول اللہ! حارثہ بن نعمان کے مکان کے علاوہ تو مجھے کوئی اور مکان دکھائی نہیں دیتا''۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! یہ بات درست ہے مگر ہم حارثہ سے شرمندہ ہیں وہ اس لئے کہ انہوں نے ہمیں پہلے ہی بہت سے گھر رہنے کو دیئے ہوئے ہیں۔

جب یہ بات حارثہ بن نعمان تک پہنچی تو رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: ''یا رسول اللہ! میں اور میرا تمام ترکہ خدا اور رسول کی ملکیت ہے، خدا کی قسم آپ مجھ سے جو کچھ بھی طلب کریں گے تو مجھے بہت اچھا لگے گا، بہتر یہی ہے کہ آپ مجھ سے علیؑ اور بتولؑ کے لئے ایک گھر حاصل کریں''۔

چنانچہ انہوں نے ایک مکان دیا جس میں حضرت علیؑ و بتول علیہما السلام نے زندگی کی کچھ دن بسر کئے تھے۔

یہی حارثہ بن نعمان زندگی کے آخری ایام میں بینائی سے محروم ہو گئے تھے، انہوں نے اپنے گھر اور مسجد کے درمیان ایک رسی باندھی اور روزانہ وہ رسی کے سہارے نماز ادا کرنے کے لئے مسجد جاتے اور جا کر نماز ادا کرتے تھے، وہ گھر میں جس جگہ بھی ہوتے تھے تو اُن کے پاس کھجوروں کا ایک ٹوکرا موجود رہتا تھا اور جیسے ہی کوئی فقیر آ کر صدا دیتا تھا تو وہ رسی کا سہارا لیکر دروازہ پر جا کر اس فقیر کو کچھ کھجوریں عطا کیا کرتے تھے۔

گھر والوں نے اُن سے کہا کہ خدا آپؓ کی مغفرت کرے، آپ کیوں زحمت کرتے ہیں یہ کام ہم کر دیا کریں گے۔

انہوں نے اس کے جواب میں کہا کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا تھا انہوں نے فرمایا تھا: ''جو انسان اپنے ہاتھ کے ساتھ فقیر کو کچھ دے گا تو خداوند کریم اُسے بری موت سے نجات دے گا''۔ [2]

"اللھم صل علی محمد وآل محمد۔ تمت بالخیر"

[1] نہج البلاغہ فیض الاسلام ص ۱۰۹۹۔

[2] پیغمبر و یاران ۲/۲۰۴۔ الاصابہ ۱/۲۹۸۔